برصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگزشت

تحریک سید احمد شہیدؒ

جلد چہارم

المعروف بہ ''سرگزشتِ مجاہدین''

تالیف

حضرت مولانا غلام رسول مہر رحمۃ اللہ علیہ

حسب ایماء

حضرت مولانا شمس الحق صاحب قاسمی، ممبئی

مکتبہ الحق

ماڈرن ڈیری، جوگیشوری، ممبئی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جملہ حقوق کتابت بحق ناشر محفوظ ہیں

تصریحات

نام کتاب	تحریک سید احمد شہیدؒ جلد چہارم
مؤلف	مولانا غلام رسول مہر صاحبؒ
تصحیح	مولانا محمد عمران قاسمی بگیانوی
تعداد صفحات	۸۱۶
باہتمام	شمشیر احمد قاسمی (دیوبند)
کتابت	عمران کمپیوٹرس مظفر نگر (PH: 09219417735)
سن اشاعت	جنوری 2008

ملنے کے پتے

- ❖ دارالکتاب دیوبند
- ❖ کتب خانہ نعیمیہ دیوبند
- ❖ سنابل کتاب گھر دیوبند
- ❖ مدینہ بک اسٹال بھنڈی بازار ممبئی
- ❖ مسعود پبلشنگ ہاؤس دیوبند
- ❖ دارالاشاعت دیوبند
- ❖ دکن ٹریڈرس مغل پورہ حیدرآباد
- ❖ توحید بک ڈپو پھول پور اعظم گڑھ
- ❖ مولانا عبدالسلام خاں قاسمی 179 کتاب مارکیٹ، بھنڈی بازار ممبئی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقامِ بندگی دیگر، مقامِ عشق دیگر
زنوری سجدہ می خواہی، زخاکی بیش ازاں خواہی

چناں خود را نگہ داری کہ باایں بے نیازی ہا
شہادت بر وجودِ خود ز خونِ دوستاں خواہی

(اقبالؒ)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فہرست عنوانات

عنوان	صفحہ
سطورِ اولین	۲۹
عرضِ ناشر	۳۲
نذرِ شہیدانِ بالاکوٹ	۳۴
مقدمہ	۳۵
حصہ اول	
(شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین)	
پہلا باب	
شہادتِ امام اور تجدیدِ نظام	
شہادتِ امام	۴۳
مختلف راستے	۴۳
غربت کی پہلی منزل	۴۴
گوجروں کا پیغام	۴۵
دشوار گذار سفر	۴۶
میاں کلئی	۴۷
بنسیر	۴۷
جماعت کی پریشاں حالی	۴۸
شیخ ولی محمد کی کیفیت	۴۹
صحیح مشورہ	۴۹
ایک بھولا ہوا واقعہ	۵۰

عنوان	صفحہ
بیعتِ امارت	۵۱
اہل نندھیاڑ کی شرکت	۵۱
دوسرا باب	
نندھیاڑ میں قیام کا انتظام	۵۳
صاحبزادہ محمد نصیر	۵۳
بنسیر سے ست بہار	۵۴
صاحبزادے کے انتظامات	۵۴
جماعت کے دو حصے	۵۵
شیخ ولی محمد کے ہمراہی	۵۶
دونوں گروہوں کے مقاصد	۵۷
صاحبزادہ محمد نصیر کا ذورہ	۵۷
دعوت و تبلیغ	۵۹
تیسرا باب	
نندھیاڑ کی سرگزشت	۶۰
احوال و ظروف	۶۰
پہلا اقدام	۶۰
بقصہ پرشبخون	۶۱
نتیجہ	۶۲
مجاہدین کے خلاف سازباز	۶۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
✿ افشائے راز	۶۴
✿ صاحبزادے سے گفتگو	۶۴
✿ صاف گوئی	۶۵
✿ محمد قاسم اور خیر الدین کو پیغام	۶۵
✿ صاحبزادے کا اعتراف	۶۶
✿ نندھیاڑ سے روانگی	۶۷
چوتھا باب	
✿ شیخ ولی محمد کا سفر سوات و بونیر	۶۸
✿ پیش نظر مقصد	۶۸
✿ مشقت خیز سفر	۶۹
✿ تختہ بند اور ناواگئی میں پیغام	۶۹
✿ شیخ ولی محمد کو بلانے کا فیصلہ	۷۰
✿ خونہ سے تختہ بند	۷۰
✿ تختہ بند اور ناواگئی	۷۱
✿ فتح خاں پنجتاری	۷۱
✿ بحالیٔ اقتدار کی کوشش	۷۲
✿ شیخ کا تأمل اور آخری فیصلہ	۷۳
✿ ناواگئی سے پنجتار	۷۳
✿ قیام کا انتظام	۷۵
پانچواں باب	
✿ مجاہدین پنجتار میں (۱)	۷۶
✿ پریشان حالی کی وجہ	۷۶
✿ ہری سنگھ نلوہ کا خط	۷۷

عنوان	صفحہ
✿ مقابلے کی تیاری	۷۷
✿ خواص خاں سے گفتگو	۷۸
✿ نجم الدین کی گرفتاری	۷۸
✿ فتح خاں اپنے اصلی رنگ میں	۷۹
✿ مصالحت کی تجویز	۸۰
چھٹا باب	
✿ مجاہدین پنجتار میں (۲)	۸۱
✿ ''جھنڈا بوکا'' کا قضیہ	۸۱
✿ فیض اللہ کے پاس پیغام	۸۱
✿ چڑھائی اور مصالحت	۸۲
✿ باجا بام خیل کا معاملہ	۸۲
✿ یورش	۸۳
✿ جنگ	۸۳
✿ خانی کی رہائی	۸۴
✿ زیدہ کی سرداری کا مسئلہ	۸۴
✿ چندلئی پر فوج کشی	۸۵
✿ خانی کا قتل	۸۶
✿ سید میاں اور سید رسول کو اطلاع	۸۷
✿ ارسالِ وفد	۸۷
✿ پائندہ خاں کا عہد نامہ	۸۸
ساتواں باب	
✿ پائندہ خاں کی دعوت اور قیامِ اگرور	۸۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
پائندہ خاں اور مجاہدین	۸۹
مجاہدین کی آمد	۹۰
آغازِ جہاد کی تجاویز	۹۱
شبخون	۹۲
چھاپے کے اثرات ونتائج	۹۳
مجاہدین کا اقدام	۹۳
سکھوں سے چپقلش	۹۴
مولوی صاحب کی مراجعت	۹۴
خوانین کی دُوں ہمتی	۹۵
آٹھواں باب	
پائندہ خاں اور فتح خاں پنجتاری	۹۶
فتح خاں کی چیرہ دستیاں	۹۶
مولوی صاحب کی طلبی	۹۷
جسی کوٹ سے روانگی	۹۷
پائندہ خاں اور سادات ستھانہ کا معاملہ	۹۸
مصالحت کی کوشش	۹۹
مولوی صاحب اور فتح خاں کی گفتگو	۹۹
رفعِ فساد کا خداداد سامان	۱۰۰
ایک واقعہ	۱۰۰
نواں باب	
سکھوں پر یورش	۱۰۱
پائندہ خاں اور دوسرے خوانین میں فرق	۱۰۱
مولوی صاحب کی روانگی	۱۰۱
پیر کھنڈ پر یورش	۱۰۲
مجاہدین کی ترکتاز	۱۰۳
ملک پور میں لڑائی	۱۰۴
مراجعت	۱۰۵
دسواں باب	
مقامی گروہوں کی فتنہ انگیزیاں	۱۰۶
سکھوں پر شبخون کی تیاری	۱۰۶
دیشیوں کا لشکر	۱۰۶
اقدام کا فیصلہ	۱۰۷
دیشیوں کا فرار	۱۰۸
گجوڑی پر شبخون	۱۰۸
مصالحت کی درخواست	۱۰۹
انتظامات کی کیفیت	۱۰۹
نئی رکاوٹ	۱۱۰
پیغامِ مصالحت	۱۱۱
مجاہدین کی یورش	۱۱۱
کامیاب تعاقب	۱۱۲
مصالحت کی مزید کوششیں	۱۱۳
مجاہدین کی مراجعت	۱۱۴
دیہات کا دورہ	۱۱۵
گیارہواں باب	
پکھلی پر شبخون	۱۱۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
بٹلوں پر چھاپا	۱۱۶
بارک خاں کا قتل	۱۱۷
پیش قدمی	۱۱۷
بٹلوں میں قلعے کی تجویز	۱۱۸
پکھلی پر شبخون	۱۱۹
سکھوں سے لڑائی	۱۱۹
بارہواں باب	
دیشیوں کی خوفناک سازش	۱۲۱
نئی سازش	۱۲۱
متفرق مجاہدین پر حملے	۱۲۱
دفاعی تدابیر	۱۲۲
مھندا کی تدبیر جنگ	۱۲۳
دیشیوں کی پسپائی	۱۲۳
سامانِ رسد پر چھاپہ	۱۲۳
بلندکوٹ پر شبخون	۱۲۴
گجبوڑی پر دھاوا	۱۲۴
اقرارِ اطاعت	۱۲۵
تیرھواں باب	
مجاہدین کے چھاپے	۱۲۶
جنڈ پر پیش قدمی	۱۲۶
کامیاب حملہ	۱۲۷
چھلے پر چھاپہ	۱۲۷

عنوان	صفحہ
چھلے میں داخلہ	۱۲۸
سکھوں کی آمد	۱۲۸
بٹلوں میں سکھوں کا قلعہ	۱۲۹
کوٹ میں اقامت	۱۲۹
شبخون کے متعلق رائے	۱۲۹
چور پہرے	۱۳۰
سکھوں کی یورش	۱۳۰
چودھواں باب	
خوانین اگرور کا انجام	۱۳۲
پس منظر	۱۳۲
خوانین کی توقعات اور دوزخی	۱۳۳
خفیہ خط وکتابت	۱۳۳
خیر خواہوں کا اصرار	۱۳۴
سکھوں کو پیچھے ہٹانے کی تدبیر	۱۳۵
خوانین اگرور کے خلاف جرگہ	۱۳۶
عبدالغفور خاں کا قتل	۱۳۶
کمال خاں کا خاتمہ	۱۳۷
انتظامات	۱۳۷
پائندہ خاں کی آرزو	۱۳۸
پندرہواں باب	
بٹلوں میں خونریز جنگ	۱۴۰
بٹلوں پر حملے کی تیاری	۱۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
✿ کوٹ سے روانگی	۱۴۱
✿ ابتدائی حملہ	۱۴۱
✿ مجاہدین کی پریشانی	۱۴۲
✿ ملا لعل محمد کی شہادت	۱۴۳
✿ قطب شاہ کی مردانگی	۱۴۴
✿ مولوی صاحب کا عزمِ اقدام	۱۴۴
✿ مجاہدین کی ایک تدبیر	۱۴۵
✿ مجاہدین کی مراجعت	۱۴۵
✿ نقصان کی تفصیلات	۱۴۶
✿ لڑائی کا نتیجہ	۱۴۶
سولہواں باب	
✿ پائندہ خاں کی عہد شکنی	۱۴۸
✿ پائندہ خاں اور خواتینِ اگرور	۱۴۸
✿ الائی پر چھاپے	۱۴۹
✿ مقیم خاں کی شہادت	۱۴۹
✿ دوسرا بڑا نقصان	۱۵۰
✿ مولوی صاحب کا عزمِ امب	۱۵۰
✿ امب میں داخلہ	۱۵۱
✿ ملاقات میں تذبذب	۱۵۲
✿ گفت وشنید	۱۵۲
✿ شیخ ولی محمد کو پیغام	۱۵۳
✿ سید اکبر شاہ سے نامہ وپیام	۱۵۳
✿ ستھانہ کی جانب روانگی	۱۵۴

عنوان	صفحہ
سترہواں باب	
✿ قیامِ ستھانہ کے حالات	۱۵۵
✿ پائندہ خاں کی پریشاں حالی	۱۵۵
✿ شیخ ولی محمد کا سفرِ تختہ بند	۱۵۶
✿ خوانین وشرفاء کا جرگہ	۱۵۶
✿ بی بی صاحبہ کی تشریف آوری	۱۵۷
✿ مولوی نصیر الدین صاحب دہلوی کا مکتوب	۱۵۷
✿ مولوی صاحب اور شیخ صاحب کا جواب	۱۵۸
✿ ستھانہ میں جرگہ	۱۵۹
✿ سکھوں کا پیغام	۱۵۹
اٹھارہواں باب	
✿ مولوی نصیر الدین منگلوری کی شہادت	۱۶۱
✿ ضروری گزارش	۱۶۱
✿ ستھانہ میں مدتِ قیام	۱۶۱
✿ ماحول کی سرسری کیفیت	۱۶۲
✿ مجاہدین پر ظلم وتعدی	۱۶۴
✿ تادیبی اقدام	۱۶۴
✿ جنگ ٹوپی	۱۶۵
✿ شدید نقصان	۱۶۶
✿ مولوی نصیر الدین شہید	۱۶۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
جماعت کی کیفیت	۱۶۷
﴿ضمیمہ حصہ اول﴾	
محمد امیر خاں قصوری	۱۶۹
مسلمانوں کا جوشِ حمیت	۱۶۹
بچے کا عزمِ جہاد	۱۷۰
محمد امیر خاں کا فرار	۱۷۱
سرحدی زندگی	۱۷۱
بعد کی زندگی	۱۷۲
حصہ دوم	
(مولوی سید نصیر الدین)	
پہلا باب	
مولوی سید نصیر الدین دہلوی	۱۷۵
تمہید	۱۷۵
مولوی صاحب کے حالات	۱۷۶
دعوت و تبلیغ	۱۷۶
دوست محمد خاں سے نامہ و پیام کی تجویز	۱۷۷
عزمِ ہجرت	۱۷۸
والدہ سے اجازت	۱۷۹
سامانِ سفر	۱۸۰
دوسرا باب	
سفر ہجرت	۱۸۲
راستے کا مسئلہ	۱۸۲

عنوان	صفحہ
ہجرت	۱۸۲
نماز عید اضحیٰ	۱۸۳
جے پور	۱۸۴
ٹونک	۱۸۵
مہمان داری اور تحائف	۱۸۶
اوکنلے کا بیان	۱۸۷
تیسرا باب	
مقامِ جہاد کا فیصلہ	۱۸۸
مولوی صاحب کا عزم	۱۸۸
ٹونک میں مشورے	۱۸۹
مولوی صاحب کا بیان	۱۹۰
سندھ کی ترجیح کے وجوہ	۱۹۰
زراعت و تجارت کے امکانات	۱۹۱
فیصلے کی حیثیت	۱۹۳
چوتھا باب	
ٹونک سے سندھ	۱۹۵
اجمیر و جودھ پور	۱۹۵
جودھ پور میں مشکلات	۱۹۵
اطمینان کی صورت	۱۹۶
جیسلمیر	۱۹۶
منشی امام علی	۱۹۸
باربرداری کی دقت	۱۹۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
❁ خدا ساز سامان	۱۹۹
❁ سرحدِ سندھ	۱۹۹
❁ جماعت اور اس کا سروسامان	۲۰۰
پانچواں باب	
❁ سندھ میں سرگرمیاں	۲۰۲
❁ پیر کوٹ	۲۰۲
❁ حرّوں کا نظام	۲۰۲
❁ سیّد احمد شہید کے اہل وعیال	۲۰۳
❁ پیر علی گوہر شاہ	۲۰۳
❁ نادر الوجود کتب خانہ	۲۰۴
❁ مولوی صاحب کی سرگرمیاں	۲۰۵
❁ مخدوم عبدالخالق	۲۰۵
❁ سیّد ابرہیم شاہ	۲۰۶
❁ امر بالمعروف	۲۰۷
❁ سیّد جعفر علی اور میاں عثمان	۲۰۸
❁ ساداتِ شاہ کوٹ	۲۰۸
❁ وقت کے اکابر	۲۰۹
چھٹا باب	
❁ حیدر آباد کا سفر	۲۱۱
❁ سید عبدالرحمٰن کا مکتوب	۲۱۱
❁ قیامِ حیدر آباد اور ملاقات	۲۱۱
❁ حیدر آباد سے مٹاری	۲۱۳
❁ ہالہ	۲۱۳

عنوان	صفحہ
❁ مرقعِ عبرت	۲۱۴
❁ کوٹ تاج محمد اور نوشہرو	۲۱۵
❁ مزید ملاقاتیں	۲۱۵
❁ خوش گوار توقعات	۲۱۶
ساتواں باب	
❁ دعوتِ عام کا اہتمام	۲۱۸
❁ سید صاحب کے اکابر رفقاء	۲۱۸
❁ مجاہدین کے قافلے	۲۱۸
❁ قابلِ توجہ نکتہ	۲۱۹
❁ مولوی صاحب کے مخاطب	۲۲۰
❁ سید صاحب کی اہلیہ کا جذبۂ ایثار	۲۲۳
❁ اعلام نامہ	۲۲۴
❁ حالات کی سازگاری	۲۲۵
❁ سید عبدالرحمٰن اور دوسرے اصحاب	۲۲۶
آٹھواں باب	
❁ دکن میں دعوت وتبلیغ	۲۲۷
❁ سید محمد علی اور مولوی ولایت علی	۲۲۷
❁ دعوت کے خاص مراکز	۲۲۷
❁ مبارز الدولہ کی عزیمت	۲۲۹
❁ مولوی نصیر الدین کا اعلام نامہ	۲۳۰
❁ حیدر آباد دکن سے حیدر آباد سندھ	۲۳۰
❁ مبارز الدولہ کا انجام	۲۳۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
نواں باب	
آغازِ جہاد کا پس منظر	۲۳۲
مزاریوں کی سرگزشت	۲۳۲
انگریز	۲۳۳
رنجیت سنگھ	۲۳۴
حاکمانِ سندھ	۲۳۵
افغانستان	۲۳۵
عمومی کیفیت	۲۳۶
مزاریوں اور سکھوں کی کشمکش	۲۳۶
میر بہرام خاں	۲۳۸
دسواں باب	
روجھان اور کن کی لڑائیاں	۲۳۹
مزاریوں میں قیام کی تجویز	۲۳۹
مولوی صاحب کے تاثرات	۲۴۰
قابلِ غور نکتہ	۲۴۱
مزاریوں سے عہد و پیمان	۲۴۱
روجھان کا محاصرہ	۲۴۲
مزاریوں کی مراجعت	۲۴۳
مجاہدین کی پریشانی	۲۴۴
کن میں لڑائی	۲۴۴
''باغ و بہار'' کا بیان	۲۴۵

عنوان	صفحہ
گیارہواں باب	
نئی قیام گاہ اور نئی تدبیریں	۲۴۶
کشمور اور بھمک	۲۴۶
سکھوں پر شبخون	۲۴۶
مالی مشکلات	۲۴۷
نواب بہاول خاں کی سراسیمگی	۲۴۸
نئی قیام گاہ کی تجویز	۲۴۹
اہل سندھ اور حاکمانِ سندھ	۲۴۹
بلوچستان سے تعلقات	۲۵۰
سکھوں اور مزاریوں کی مصالحت	۲۵۱
بارہواں باب	
انگریزوں سے جنگ اور قیامِ ستھانہ	۲۵۲
معلومات کا فقدان	۲۵۲
افغانستان میں خانہ جنگی	۲۵۳
روسی مداخلت کا اضطراب	۲۵۴
دوست محمد خاں کا موقف	۲۵۵
سہ گانہ معاہدہ	۲۵۵
مولوی صاحب کی اولوالعزمی	۲۵۶
غزنی کی لڑائی	۲۵۶
ولیم ہنٹر کا بیان	۲۵۷
او کنلے کا بیان	۲۵۸
مولوی صاحب ستھانہ میں	۲۵۸
انگریزی اقدام کا انجام	۲۵۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
ایک اور روایت	۲۵۹
تیرھواں باب	
مولوی نصیر الدین کی شخصیت	۲۶۰
وفات	۲۶۰
آخری وقت کی حالت	۲۶۰
ممتاز ترین کارنامہ	۲۶۱
نمایاں ترین خصوصیت	۲۶۲
اہل وعیال	۲۶۳
ایک نظم	۲۶۳
سید عبدالرحیم کی امارت	۲۶۴
ایک غیر معلوم شخصیت	۲۶۵
مولوی محمد قاسم	۲۶۶
چودھواں باب	
فرائضی تحریک اور تیتو میاں	۲۶۸
اندرونِ ملک کی کیفیت	۲۶۸
مولوی شریعت اللہ	۲۶۸
اصلاح کا آغاز	۲۶۹
دودو میاں	۲۶۹
الارض للہ	۲۷۰
فرائضی تحریک	۲۷۰
میر نثار علی عرف تیتو میاں	۲۷۱
تحریکِ اصلاح	۲۷۱

عنوان	صفحہ
کشن رائے کی دراز دستیاں	۲۷۲
پیچیدگی میں اضافہ	۲۷۳
حق وانصاف کے لئے جنگ	۲۷۴
ناکام انسدادی اقدامات	۲۷۵
شہادت زار	۲۷۶
مقدمہ اور سزائیں	۲۷۶
حصہ اول	
(شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین)	
حصہ سوم	
(مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی)	
پہلا باب	
مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی	۲۸۱
تمہید	۲۸۱
مولانا ولایت علی	۲۸۱
شانِ للّٰہیت	۲۸۲
وعظ وتبلیغ	۲۸۳
دینی خدمات	۲۸۳
مولانا کی کیفیت	۲۸۵
تعلیم اور اشاعتِ کتب	۲۸۵
خداداد تاثیر	۲۸۶
سفر حج	۲۸۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
❁ مولانا عنایت علی	۲۸۷
دوسرا باب	
❁ ہزارہ میں جہادِ آزادی	۲۸۹
❁ سکھوں کی حکومت میں ابتری	۲۸۹
❁ فساد در فساد	۲۸۹
❁ سرحدی علاقوں میں ہنگامے	۲۹۰
❁ لنڈی مسلمانی	۲۹۲
❁ طلب امداد	۲۹۲
❁ مجاہدین کے کارنامے	۲۹۴
❁ گلاب سنگھ ڈوگرہ	۲۹۵
تیسرا باب	
❁ مولانا عنایت علی کے مجاہدانہ کارنامے	۲۹۶
❁ ماخذ	۲۹۶
❁ گڑھی پر حملہ اور فتوحات	۲۹۷
❁ مظفر آباد پر یورش	۲۹۸
❁ فتح گڑھ میں مقابلہ	۲۹۸
❁ جنگ کی کیفیت	۲۹۹
❁ فرار اور قتل	۳۰۰
❁ اوکنلے کا بیان	۳۰۱
❁ مقامی رؤسا	۳۰۲
چوتھا باب	
❁ اسلامی حکومت کی تاسیس	۳۰۵

عنوان	صفحہ
❁ مقبوضات کی کیفیت	۳۰۵
❁ سپاہ کا انتظام	۳۰۵
❁ نظم و نسق کی تفصیل	۳۰۶
❁ انتساب و حدود	۳۰۸
❁ مرکز کی کیفیت	۳۰۸
❁ خراج کی تفصیلات	۳۰۹
پانچواں باب	
❁ مولانا ولایت علی کی تشریف آوری	۳۱۱
❁ مولانا ولایت علی کی آمد	۳۱۱
❁ رفقاء اور مال و اسباب	۳۱۲
❁ مانسہرہ میں ورود	۳۱۳
❁ بھائیوں کی ملاقات	۳۱۴
❁ اسلام گڑھ میں جلوہ افروزی	۳۱۵
❁ ضروری گزارش	۳۱۶
چھٹا باب	
❁ درۂ دُبّ کی جنگ	۳۱۷
❁ صورتِ حال	۳۱۷
❁ زرّیں موقع	۳۱۸
❁ انقلابِ احوال	۳۱۹
❁ درّۂ دُبّ	۳۱۹
❁ ہزارہ گزیٹیر کا بیان	۳۲۱
❁ اوکنلے کا بیان	۳۲۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
● بیلیو کا بیان	۳۲۲
● مقامی روایات	۳۲۲
● لمسڈن کا بیان	۳۲۳
● کیفیت عبور و جنگ	۳۲۵
● ''تذکرۂ صادقہ'' کی روایات	۳۲۷
● مولانا صاحبان کی مراجعت	۳۲۸
● بالائی ہزارہ کا تبادلہ	۳۲۹
ساتواں باب	
● پابندی کی زندگی اور ہجرت	۳۳۰
● پابندی کی زندگی	۳۳۰
● مولانا عنایت علی کا کام	۳۳۱
● مستقل ہجرت	۳۳۲
● منازلِ سفر	۳۳۳
● قیامِ دہلی	۳۳۳
● مولانا ستھانہ میں	۳۳۵
آٹھواں باب	
● مولانا ولایت علی کی وفات	۳۳۷
● سرحدی زندگی	۳۳۷
● مقصود نصب العین	۳۳۷
● بھائیوں میں اختلاف	۳۳۸
● وجہِ اختلاف	۳۳۹
● نازک صورتِ حال	۳۴۰
● اوکنلے کا بیان	۳۴۱

عنوان	صفحہ
● مجاہدین کا مرکز	۳۴۲
● مولانا کی وفات	۳۴۳
● حلیہ	۳۴۴
● اہل وعیال	۳۴۴
● تصانیف	۳۴۵
نواں باب	
● مولانا عنایت علی کا عہدِ امارت	۳۴۷
● ابتدائی حالات اور امارت	۳۴۷
● انگریز پنجاب و سرحد میں	۳۴۸
● دو انگریزوں کا قتل	۳۴۸
● کوہ سیاہ کی پہلی مہم	۳۵۰
● جنگ	۳۵۱
● مجاہدین کے اقدامات	۳۵۱
● حافظ عبدالمجید کا بیان	۳۵۳
● مولانا کی سرگرمیاں	۳۵۴
● دعوت و تنظیم	۳۵۵
● نیا مرکز اور نیا دائرۂ عمل	۳۵۶
● انگریزوں کی دعوتِ مصالحت	۳۵۷
دسواں باب	
● ۱۸۵۷ء کا ہنگامۂ آزادی	۳۵۸
● انگریزی فوجوں میں دعوتِ جہاد	۳۵۸
● ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ	۳۵۹
● ۵۵ پیادہ فوج	۳۶۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
❁ اخوند صوات کا سلوک	۳۶۰
❁ سادات کا خان کی بدعہدی	۳۶۱
❁ مزید ہندوستانی مجاہد	۳۶۳
گیارہواں باب	
❁ نارنجی کی جنگ	۳۶۴
❁ سمہ پر شبخون	۳۶۴
❁ انگریزوں کے اقدامات	۳۶۵
❁ دوسرا حملہ	۳۶۶
❁ بیلیو کا بیان	۳۶۷
❁ مولانا عنایت علی کی سرگزشت	۳۶۸
❁ سرحدی رؤساء کی منافقت و عداوت	۳۶۸
❁ مالی مشکلات کا ہجوم	۳۶۹
❁ ادائے واجبات	۳۷۰
❁ مصیبت در مصیبت	۳۷۱
بارہواں باب	
❁ مولانا کی وفات اور مرکزوں کی تباہی	۳۷۲
❁ اللہ سے عہد کا ایفاء	۳۷۲
❁ مولانا کی شخصیت	۳۷۳
❁ مولانا کی ایک تصنیف	۳۷۴
❁ صورتِ حال	۳۷۴
❁ ازدواج و اولاد	۳۷۵
❁ انتظامِ امارت	۳۷۶

عنوان	صفحہ
❁ ایک اور شبخون	۳۷۶
❁ پنجتار اور چنگئی کی تباہی	۳۷۷
❁ عبدالحق آروی کا بیان	۳۷۸
❁ منگل تھانہ کی بربادی	۳۷۹
تیرہواں باب	
❁ ستھانہ کی بربادی	۳۸۰
❁ سادات ستھانہ	۳۸۰
❁ اتمان زئیوں سے تعلقات	۳۸۱
❁ اتمان زئیوں کی سرکشی	۳۸۲
❁ سید عمر کی شہادت	۳۸۳
❁ عبدالحق آروی کا بیان	۳۸۴
❁ انگریزی یورش	۳۸۴
❁ ستھانہ کی تباہی	۳۸۵
حصہ چہارم	
مولانا عبداللہ	
(از ابتداءِ امارت تا جنگِ امبیلہ)	
پہلا باب	
❁ ملکا اور سادات ستھانہ	۳۸۹
❁ مرکز ملکا	۳۸۹
❁ بدنظمی کا دور	۳۹۰
❁ سادات ستھانہ کی سرگزشت	۳۹۱
❁ سید محمود شاہ کی ملازمت	۳۹۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
شہزادے کی تدبیر	۳۹۳
سری میں برُج	۳۹۴
ہزارہ پر ترکتاز	۳۹۴
سرگندخاں کا قتل	۳۹۵
شہزادہ مبارک اور سید محمود	۳۹۶
ملکا کی کیفیت	۳۹۷
دوسرا باب	
آبادیٔ ستھانہ	۳۹۸
جنگِ امبیلہ کے اسباب	۳۹۸
اتمان زئیوں سے خط وکتابت	۳۹۸
کیا، کھنبل پر پیش قدمی	۳۹۹
انگریزوں کے پاس شکایتیں	۴۰۰
انگریزی موقف کی حیثیت	۴۰۱
ستھانہ میں قلعے کی تعمیر	۴۰۲
انگریزوں کی غلط بیانیاں	۴۰۲
ایک اور بیان	۴۰۴
تیسرا باب	
جماعت مجاہدین اور اخوند صاحب سوات	۴۰۶
ڈاکٹر بیلیو کی رپورٹ	۴۰۶
عمومی کیفیت	۴۰۶
دس جماعتیں	۴۰۷
تبصرہ	۴۰۸
بیلیو کی غلط بیانیاں	۴۰۹
اخوند صاحب سوات	۴۱۰
امیر دوست محمد خاں کی امداد	۴۱۱
چوتھا باب	
جنگِ امبیلہ کے مقدمات	۴۱۲
یورش کا فیصلہ	۴۱۲
ستھانہ سے ملکا	۴۱۳
اقدام کی پہلی تجویز	۴۱۳
شہزادے کے دفاعی انتظامات	۴۱۴
خوانین کی مجبوری	۴۱۵
اقدام کی دوسری تجویز	۴۱۵
اقدام کی تیسری تجویز	۴۱۶
اہل بونیر سے بات چیت	۴۱۷
خوانین کا لشکر	۴۱۸
مجاہدین کا اعلانِ جہاد	۴۱۹
اخوند صاحب کے نام خط	۴۲۰
پانچواں باب	
جنگِ امبیلہ (۱)	۴۲۲
وادیٔ چملہ	۴۲۲
انگریزوں کی پیش قدمی	۴۲۳
جنگی اسکیم اور مشکلات	۴۲۴
نئے راستے کی تجویز	۴۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
❁ مجاہدین وسادات کے انتظامات	۴۲۵
❁ حفاظتی مورچے اور لڑائیاں	۴۲۶
❁ انگریزی سیاست کی کامیابی	۴۲۷
❁ صلح	۴۲۷
❁ مزید تفصیلات	۴۲۸
چھٹا باب	
❁ جنگ اسمیلہ (۲)	۴۳۰
❁ مقامی بیان	۴۳۰
❁ بارہ جوانوں کی مردانگی	۴۳۰
❁ پہلی باقاعدہ لڑائی	۴۳۱
❁ کمشنر کی تدبیریں	۴۳۲
❁ شہزادہ اور مجاہدین کے انتظامات	۴۳۳
❁ دوسری لڑائی	۴۳۳
❁ اخوند صاحب سوات کی طلبی	۴۳۴
❁ تیسری لڑائی	۴۳۵
❁ اخوند صاحب کی تشریف آوری	۴۳۶
ساتواں باب	
❁ جنگ اسمیلہ (۳)	۴۳۷
❁ عزم شبخون	۴۳۷
❁ چوتھی لڑائی	۴۳۸
❁ ایک ہراس انگیز آواز	۴۳۸
❁ خانِ دیر اور انگریز	۴۳۹

عنوان	صفحہ
❁ مختلف لڑائیاں	۴۴۰
❁ اصل مصیبت	۴۴۱
آٹھواں باب	
❁ مجاہدین کی شانِ جانبازی	۴۴۳
❁ انتشار کی کیفیت	۴۴۳
❁ امیر المجاہدین کا فیصلہ	۴۴۳
❁ تقریر اور دعاء	۴۴۴
❁ حشر آفریں منظر	۴۴۵
❁ انگریزوں سے بات چیت	۴۴۷
❁ ملکا کا جلایا جانا	۴۴۷
❁ مجاہدین کا انتظام	۴۴۷
❁ گنج شہیداں	۴۴۸
❁ لشکروں کا معاملہ	۴۴۹
حصہ پنجم	
ہندوستان کے اندر	
مقدمے اور قیدیں	
پہلا باب	
❁ عظیم آباد کے تین خاندان	۴۵۳
❁ تین خاندان	۴۵۳
❁ انسانوں کے بھیس میں فرشتے	۴۵۴
❁ بے مثال اخلاص	۴۵۵
❁ مولانا احمد اللہ	۴۵۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
مولانا فیاض علی	۴۵۶
مولانا یحییٰ علی	۴۵۷
متفرق اصحاب	۴۵۷
دوسرا باب	
مقدمۂ انبالہ (۱)	۴۶۰
دعوت وتبلیغ	۴۶۰
عزن خاں	۴۶۱
عزن کا کینہ	۴۶۲
مولوی محمد جعفر کا بیان	۴۶۳
تلاشی	۴۶۴
اہل عظیم آباد کا سراغ	۴۶۵
مولوی جعفر کا فرار اور گرفتاری	۴۶۶
مزید گرفتاریاں	۴۶۷
حسینی تھانیسری کی گرفتاری	۴۶۸
اسیروں کے مصائب اور استقامت	۴۶۸
خوفناک سزائیں	۴۶۹
تیسرا باب	
مقدمہ انبالہ (۲)	۴۷۱
ملزمین	۴۷۱
ابتدائی کارروائی اور خوفناک مصائب	۴۷۲
ملزموں کی یکجائی	۴۷۴

عنوان	صفحہ
قانونی امداد	۴۷۵
پلاؤڈن صاحب کے اعتراضات	۴۷۶
چوتھا باب	
مقدمہ انبالہ (۳)	۴۷۷
استغاثے کی شہادتیں	۴۷۷
شہادتوں کا نقشہ	۴۷۸
مقدمے کی عمومی کیفیت	۴۷۹
فیصلہ	۴۷۹
جوڈیشل کمشنر کے پاس اپیل	۴۸۱
پانچواں باب	
قید اور کالا پانی	۴۸۳
ذمہ دار افسروں کا زورِ تعصب	۴۸۳
راہِ خدا کے جانباز	۴۸۴
جیل والوں کی پیشکش	۴۸۴
ابتلاء بالائے ابتلاء	۴۸۵
مشقت اور اس میں تخفیف	۴۸۶
مجیب الدین تحصیل دار	۴۸۷
اہل عظیم آباد کو ترغیب	۴۸۷
یحییٰ علی، عبدالغفار اور جعفر	۴۸۸
مولانا عبدالرحیم	۴۸۸
سرکاری گواہوں کی حالت	۴۹۰
شیخ الکل میاں نذیر حسینؒ	۴۹۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
چھٹا باب	
❁ عظیم آباد کا پہلا مقدمہ	۴۹۳
❁ مولانا احمد اللہ	۴۹۳
❁ مقدمے کی کیفیت	۴۹۴
❁ مولانا کا صبر واستقامت	۴۹۵
❁ جائیداد کی ضبطی	۴۹۶
❁ اہل وعیال کی بے بسی	۴۹۸
ساتواں باب	
❁ مالدہ اور راج محل کے مقدمے	۵۰۱
❁ مرکز عظیم آباد	۵۰۱
❁ ہنٹر کا بیان	۵۰۲
❁ مرکز مالدہ	۵۰۲
❁ مولوی امیر الدین	۵۰۳
❁ فراہمی زر کے طریقے	۵۰۴
❁ مقدمہ مالدہ	۵۰۵
❁ مقدمہ راج محل	۵۰۵
آٹھواں باب	
❁ عظیم آباد کا دوسرا مقدمہ (۱)	۵۰۷
❁ آخری بڑا مقدمہ	۵۰۷
❁ حشمت داد خاں اور امیر خاں	۵۰۸
❁ کلکتہ میں مرکز تجارت	۵۰۸
❁ داستان ابتلاء	۵۰۹
❁ امیر خاں کی پریشانی	۵۱۰
نواں باب	
❁ عظیم آباد کا دوسرا مقدمہ (۲)	۵۱۱
❁ نیپس کارپس کی درخواست	۵۱۱
❁ مسٹر انگرام کی تقریر	۵۱۲
❁ فیصلہ اور دوسری درخواست	۵۱۳
❁ آخری فیصلہ	۵۱۴
❁ امیر خاں اور مبارک خاں	۵۱۴
❁ امیر خاں کی وفات	۵۱۵
❁ تاریخ وفات	۵۱۵
❁ حشمت داد خاں کی وفات	۵۱۶
❁ نارمن پر حملہ	۵۱۷
دسواں باب	
❁ سرگزشت انڈمان (۱)	۵۱۸
❁ تمہید	۵۱۸
❁ جزائر انڈمان	۵۱۸
❁ آبادی کا دوسرا دور	۵۱۹
❁ قید میں امتیاز	۵۲۰
❁ مولانا احمد اللہ	۵۲۲
❁ آخری دور اور وفات	۵۲۳
❁ تکفین وتدفین	۵۲۴
❁ تاریخ وفات	۵۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
مولانا یحییٰ علی	۵۲۶
وفات	۵۲۷
تکفین وتدفین	۵۲۷
کمالِ استقامت	۵۲۸
گیارہواں باب	
سرگزشت انڈمان (۲)	۵۳۰
مولانا عبدالرحیم	۵۳۰
کاروبار کی اجازت	۵۳۱
رہائی	۵۳۲
باقی حالات	۵۳۳
مولوی محمد جعفر	۵۳۴
انڈمان کی زندگی	۶۳۵
رہائی	۵۳۶
بعد کے حالات	۵۳۷
تصانیف	۵۳۸
باقی اصحاب	۵۳۹
گورنر جنرل کا حکم	۵۴۰
تاریخ	۵۴۱
بارہواں باب	
لارڈ میو کا قتل	۵۴۲
لارڈ میو	۵۴۳
جزیرے کا دورہ	۵۴۳
قیدیوں کی خوشی	۵۴۴

عنوان	صفحہ
ماؤنٹ ہیریٹ کا معائنہ	۵۴۵
قاتلانہ حملہ	۵۴۵
وائسرائے کی وفات	۵۴۶
شیر علی قاتل	۵۴۷
جرم کی تفتیش	۵۴۸
پھانسی کی سزا	۵۴۸
تیرہواں باب	
نظامِ عمل اور اصطلاحات	۵۵۰
غلط فہمی اور غلط بیانی	۵۵۰
حوصلہ سوز تغیر	۵۵۱
ایک مثال	۵۵۲
نظامِ دعوت	۵۵۳
''قافلہ''	۵۵۵
اصطلاحات	۵۵۶
اسمائے رجال	۵۵۷
امکنہ واشیاء	۵۵۸
حصہ ششم	
مولانا عبداللہ	
(جنگِ امبیلہ سے آخر تک)	
پہلا باب	
مجاہدین پر قبائلیوں کی یورش	۵۶۱
مجاہدین اور ساداتِ ستھانہ	۵۶۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
کرنل وائلی کا بیان	۵۶۲
حقیقت حال	۵۶۳
فتنے کا آغاز	۵۶۴
ملا صاحب پر یورش	۵۶۵
اہل حق کی بے بسی اور عزیمت	۵۶۶
مجاہدین کے خلاف اقدام	۵۶۷
سیّد عبدالجبار شاہ کا بیان	۵۶۷
ذمہ داری کا مسئلہ	۵۶۸
ضروری تصریحات	۵۶۹
مجاہدین کا نقلِ مکان	۵۶۹
ضمیمہ	۵۷۱
دوسرا باب	
کوہ سیاہ کی مہمیں	۵۷۳
اگرور میں فوجی چوکی	۵۷۳
کوہ سیاہ کی دوسری مہم	۵۷۴
کشمکش کا امتداد	۵۷۵
فساد در فساد	۵۷۶
دو انگریز افسروں کا قتل	۵۷۶
کوہ سیاہ کی تیسری مہم	۵۷۷
تور و اور کوٹ کئی کی لڑائی	۵۷۸
جانی نقصان	۵۸۰
بعد کے حالات	۵۸۱
چوتھی مہم	۵۸۲

عنوان	صفحہ
صلح	۵۸۴
ساداتِ ستھانہ	۵۸۴
تیسرا باب	
مولانا عبداللہ کا آخری دور	۵۸۶
انگریزوں کا جوشِ انتقام	۵۸۶
نئے مرکز کی تلاش	۵۸۷
مبارک خیلوں سے درخواست	۵۸۷
بارگاہِ الٰہی میں دعاء	۵۸۸
ٹیلوائی کا فیصلہ	۵۸۸
سرحد ڈیورینڈ	۵۹۰
۹۸-۱۸۹۷ء کی جنگ	۵۹۱
درۂ خیبر کی سرگزشت	۵۹۲
وفات	۵۹۳
ازواج و اولاد	۵۹۴
ساداتِ ستھانہ کے حالات	۵۹۴
چوتھا باب	
مولانا عبدالکریم	۵۹۶
ابتدائی زندگی	۵۹۶
اسمست	۵۹۷
آبادی کی کیفیت	۵۹۷
مجاہدین کی عام کیفیت	۵۹۹
عہدِ امارت	۶۰۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
روابط کی توسیع	۶۰۱
ہندوستانی لیڈروں سے تعلقات	۶۰۲
وفات	۶۰۲
اولاد اور خاندان	۶۰۳
پانچواں باب	
امیر نعمت اللہ	۶۰۴
مسلک میں تبدیلی	۶۰۴
صلح کی سرگزشت	۶۰۵
سیّد عبدالجبار شاہ کا مکتوب	۶۰۶
صحیح صورتِ حال	۶۰۷
مرکز چمرکنڈ	۶۰۸
مختلف لڑائیاں	۶۰۹
امیر کی شہادت	۶۱۱
مولانا محمد بشیر کے متعلق شبہات	۶۱۳
امیر صاحب کے شمائل و خصائل	۶۱۴
اولاد	۶۱۵
چھٹا باب	
کابل میں ترکی اور جرمن وفد	۶۱۶
جرمنوں کی امیدیں	۶۱۶
ہندوستان میں ہنگامے کی تدبیریں	۶۱۷
بنگال میں اسلحہ پہنچانے کی کوشش	۶۱۷
تبصرہ	۶۱۸

عنوان	صفحہ
ترکی اور جرمن مشن	۶۱۸
افغانستان کی فضا	۶۲۰
اقدام کی شرط	۶۲۱
حکومتِ موقتہ کا قیام	۶۲۲
منصوبہ ختم	۶۲۳
مولانا عبیداللہ کا بیان	۶۲۴
اعلاناتِ جہاد	۶۲۶
ضروری تصریحات	۶۲۶
ضمیمہ (۱)	
اعلانِ مقدّس دینی بہ اہالیٔ پٹھانستان	۶۲۸
استقلال کی دعوت	۶۲۸
جنگ اور انگریزوں کی پریشانیاں	۶۲۹
حصولِ مرام کا بہترین وقت	۶۳۰
ترکوں کی شیر دلی	۶۳۱
خیری بے پر حملہ	۶۳۲
قبائل عرب اور قبائل سرحد	۶۳۴
عربوں کی کایا پلٹ	۶۳۶
دعوتِ کار	۶۳۷
راہِ عمل	۶۳۷
نواب دیر اور خان جندول	۶۳۹
علماء اور ملاؤں سے اپیل	۶۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
ضمیمہ (۲)	
راجا مہندر پرتاپ کا بیان	۶۴۳
ساتواں باب	
امیر رحمت اللہ	۶۴۵
نیا امیر	۶۴۵
تلقب کا مسئلہ	۶۴۵
اس عہد کا کام	۶۴۷
''المحرض'' اور ''المجاھد''	۶۴۸
امیر کی سیرت	۶۴۹
جہادِ کشمیر	۶۵۰
موجودہ صورتِ حال	۶۵۰
حرفِ آرزو	۶۵۱
آٹھواں باب	
جماعتِ مجاہدین اور بزرگانِ یاغستان	۶۵۳
روشنی کی کرنیں	۶۵۳
ملا صاحب ہڈہ	۳۵۳
ملا صاحب بابڑہ	۶۵۴
ملا صاحب سنڈاکے	۶۵۵
حاجی صاحب ترنگ زئی	۶۵۵
جنگِ رستم	۶۵۶
صوات میں صورتِ حالات	۶۵۷

عنوان	صفحہ
دیر و صوات کی کشمکش	۶۵۸
سید عبدالجبار شاہ ستھانوی	۶۵۹
مشکلاتِ کار	۶۵۹
ملا صاحب سنڈاکے کا اقدام	۶۶۱
دفاعی تدبیریں	۶۶۱
نواب دیر اور انگریزوں کیلئے سراسیمگی	۶۶۲
بقیہ حالات	۶۶۳
نواں باب	
شیخ الہندؒ کی تحریکِ آزادی	۶۶۴
ایک اہم تحریک	۶۶۴
ابتدائی طریقِ کار	۶۶۴
اسلامی درسگاہوں کی تحریک	۶۶۵
صحیح تربیت	۶۶۶
حوادث کا ہجوم و تواتر	۶۶۷
فوری کام کی ضرورت	۶۶۸
مولانا عبیداللہ سندھی	۶۶۹
ریشمی خطوط	۶۷۰
حضرت شیخ الہندؒ	۶۷۱
انور پاشا اور جمال پاشا سے ملاقات	۶۷۲
''غالب نامہ'' کا ارسال	۶۷۳
حضرت شیخ الہندؒ کی اسیری اور رہائی	۶۷۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
چند گذارشیں	۶۷۴
ایک تعجب انگیز امر	۶۷۵
دسواں باب	
مولانا محمد بشیر شہیدؒ	۶۷۷
ایک عظیم المرتبت شخصیت	۶۷۷
خاندان	۶۷۸
مولانا کی ابتدائی تعلیم	۶۷۹
ہجرت	۶۷۹
پابندیٔ عہد	۶۸۰
سرحد آزاد میں سرگرمیاں	۶۸۱
کابل میں اثر ورسوخ	۶۸۲
یاغستان کے لئے وکیل امیر	۶۸۳
مولانا کے معاون	۶۸۳
گیارہواں باب	
شہادت کا حادثۂ الیمہ	۶۸۵
مرکز چرکنڈ	۶۸۵
ہمہ گیر شہرت	۶۸۶
شہادت کا قبل از وقت احساس	۶۸۷
وصیت نامۂ مجمل	۶۸۸
مفصل وصیت نامہ	۶۸۹
شہادت	۶۹۱
قاتل کی سرگزشت	۶۹۲
بعض غور طلب امور	۶۹۳
بادشاہ گل اور دوسرے اصحاب کی آمد	۶۹۴
شہادت کی ذمہ داری	۶۹۵
بارہواں باب	
مولانا محمد بشیر کی شخصیت	۶۹۷
قتل کی ذمہ داری	۶۹۷
مولانا کی شخصیت	۶۹۸
محمد علی قصوری کا بیان	۶۹۹
ایک قابل غور نکتہ	۷۰۰
﴿ضمیمہ﴾	
کابل میں ایک دعوت	۷۰۲
راجا صاحب کی تقریر	۷۰۲
مولانا محمد بشیر کے ارشادات	۷۰۳
ضروری امور	۷۰۴
تیرہواں باب	
مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی	۷۰۵
ابتدائی کام	۷۰۵
گرفتاری اور اسیری	۷۰۶
ہجرت	۷۰۷
سید صاحب کے متعلق عقیدہ	۷۰۸
مولوی صاحب کی مراجعت	۷۰۹
وفات	۷۱۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
چودھواں باب	
❁ مولوی محمد علی قصوری	۷۱۲
❁ خاندان	۷۱۲
❁ ابتدائی زندگی	۷۱۳
❁ کابل میں سرگرمیاں	۷۱۴
❁ کابل سے یاغستان	۷۱۵
❁ یاغستان میں کام	۷۱۶
❁ امیر حبیب اللہ کی بے ہمتی	۷۱۷
❁ آخری دور	۷۱۸
❁ بقیہ زندگی	۷۱۹
❁ شخصیت	۷۲۰
پندرہواں باب	
❁ ایک گمنام مجاہد	۷۲۲
❁ محمد حسین	۷۲۲
❁ فیصلۂ ہجرت	۷۲۳
❁ جماعت کا کام	۷۲۴
❁ شانِ عزیمت	۷۲۵
❁ گرفتاری اور اسیری	۷۲۶
❁ مصیبت بالائے مصیبت	۷۲۷
❁ ہمت و استقامت	۷۲۷
❁ آخری دور	۸۲۸
❁ شہیدوں کی یاد	۷۳۰

عنوان	صفحہ
حصہ ہفتم	
اندرونِ ملک (آخری دور)	
پہلا باب	
❁ جماعت کی اعانت اور طریقِ کار	۷۳۳
❁ اسلامی حمیت کا بے پناہ سمندر	۷۳۳
❁ کارکنوں کے لشکر	۷۳۴
❁ جمع زر کا نظام	۷۳۵
❁ روپے کی مصارف	۷۳۷
❁ دیانت و امانت	۷۳۸
❁ رازداری	۷۳۹
❁ قاصد	۷۴۰
❁ عبدالقادر	۷۴۱
دوسرا باب	
❁ قاضی کوٹ کا مقدمہ	۷۴۲
❁ تمہید	۷۴۲
❁ مقدمے کی کیفیت	۷۴۳
❁ بعض تعجب انگیز امور	۷۴۵
❁ میرا اندازہ	۷۴۶
❁ پیشیاں اور سزائیں	۷۴۷
❁ قاضی عبدالرؤف کا بیان	۷۴۹
❁ ایک اہم معاملہ	۷۵۰
❁ خاندان قاضیاں کا شجرۂ نسب	۷۵۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
تیسرا باب	
مولانا عبدالقادر قصوری	۷۵۲
مولانا عبدالقادر قصوری	۷۵۲
وکالت	۷۵۳
بدیشی اشیاء سے احتراز	۷۵۴
یگانۂ استقامت	۷۵۵
بے مثال دیانت	۷۵۵
وزارت کی پیشکش	۷۵۶
اعانت مجاہدین	۷۵۷
پیکر محاسن	۷۵۸
وفات	۷۵۹
مولوی محی الدین احمد	۷۵۹
اخبار نویسی اور نظر بندی	۷۶۰
قومی خدمات	۷۶۱
چوتھا باب	
مولوی ولی محمد	۷۶۳
ابتدائی حالات	۷۶۳
انتہائی سادگی	۷۶۳
خداداد تاثیر	۷۶۴
طریق وعظ وتذکیر	۷۶۵
ایک عجیب واقعہ	۷۶۵
جماعت مجاہدین سے تعلق	۷۶۶
ملک کے اندر کام	۷۶۶
ہجرت	۷۶۷
مولوی محمد علی قصوری کا بیان	۷۶۷
جماعت سے علیحدگی	۷۶۸
واپسی	۷۶۹
ضروری گزارش	۷۷۰
پانچواں باب	
اسلامیت کے جواہر پارے (۱)	۷۷۲
حافظ عنایت اللہ اثری	۷۷۲
مستری ابراہیم	۷۷۳
تاج محمد	۷۷۴
اللہ دتا عرف عبدالحکیم	۷۷۵
چودھری الٰہ داد	۷۷۶
مولوی عبدالرزاق	۷۷۷
جماعتی فرائض	۷۷۸
مستقل ہجرت	۷۷۹
مولوی عبدالواسع	۷۷۹
ڈپٹی برکت علی	۷۸۰
مولانا محمد علی لکھوی	۷۸۱
صوفی عبداللہ	۷۸۳
مشکلات کار	۷۸۴
دینی درسگاہ کا قیام	۷۸۵
جماعت کے اساتین	۷۸۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ
چھٹا باب	
اسلامیت کے جواہر پارے (۲)	۷۸۶
مولوی سلطان محمد	۷۸۶
مولوی صاحب کا منصوبہ	۷۸۷
مولوی عبداللہ پشاوری	۷۸۸
مولوی صاحب اور اوڈوائر	۷۸۹
مولوی کرم الٰہی	۷۹۰
حاجی نور محمد صراف	۷۹۲
میاں غلام حسین	۷۹۲
صوفی جلال الدین	۷۹۳
معاونین جماعت	۷۹۳
متفرق اصحاب	۷۹۴
ساتواں باب	
اسلامیت کے جواہر پارے (۳)	۷۹۵
تمہید	۷۹۵
کیفیت سفر	۷۹۵
مرکز مجاہدین	۷۹۶
جلال آباد	۷۹۷
کابل	۷۹۸
ڈاکٹر رحمت علی	۷۹۹
قوموں کے لئے سرمایۂ فخر	۸۰۰
عبدالرشید	۸۰۱

عنوان	صفحہ
محمد حسن	۸۰۲
عبداللہ اور عبدالرحمٰن	۸۰۲
مولوی عبدالباری اور ڈاکٹر شجاع اللہ	۸۰۳
عبدالقادر آزر	۸۰۴
شیخ محمد ابراہیم	۸۰۵
آٹھواں باب	
اسلامیت کے جواہر پارے (۴)	۸۰۶
سردار عبدالمجید خاں	۸۰۶
میر ظفر حسین	۸۰۶
قابل فخر کام	۸۰۷
افغانستان سے ترکی	۸۰۸
کابل میں ایک صحبت	۸۰۹
سردار اللہ نواز خاں	۸۱۱
ریشمی خط	۸۱۱
ڈاکٹر خوشی محمد	۸۱۲
روس میں کام	۸۱۲
بعد کے حالات	۸۱۳
﴿ضمیمہ﴾	
خواجہ اللہ دتا اور خواجہ عبدالعزیز	۸۱۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سطورِ اولین

بسم اللّٰہ وحدہٗ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہٗ وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ الیٰ یوم القیامۃ.

مجاہد کبیر حضرت مولانا ومقتدانا سید احمد شہید رحمہ اللہ ہندوستان کی اسلامی تاریخ کا وہ آفتابِ نیم روز اور مینارۂ نور ہیں جن کی مثال گذشتہ کئی صدیوں میں نہیں ملتی۔ اسلامی ہند کی عظمتِ رفتہ کی بازیابی اور پرچم اسلام کی بلندی کے لئے آپ کی خدمات روزِ روشن کی طرح عیاں اور مشعلِ راہ ہیں۔

مجھے آپ کی زندگی کے قیمتی لمحات اور مجاہدات پر روشنی ڈالنا مقصد نہیں، کہ یہ کام ضخیم مجلدات کا متقاضی ہے اور الحمد للہ اب تک ہزاروں صفحات اس حکایتِ لذیذ اور روح پرور داستان میں مرقوم ہوکر تاریخ کا روشن باب بن چکے ہیں۔ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کی مرتب کردہ دو ضخیم جلدیں ''سیرت سید احمد شہید'' گذشتہ تقریباً نصف صدی سے اہل علم وفدا کارانِ اسلامیت سے خراجِ تحسین حاصل کر رہی ہیں۔

زیرِ نظر کتاب ''سید احمد شہید'' حضرت مولانا غلام رسول مہر کے اعجاز رقم قلم کا شاہکار ہے۔ یہ دراصل مولانا مہر کے اس ''زریں سلسلہ'' کی پہلی کڑی ہے جو انھوں نے حضرت سید احمد شہید، ان کی تحریک اور ان کے رفقاء کے حالات ومجاہدانہ کارناموں کے بیان میں مرتب کی ہے۔

حضرت مولانا غلام رسول مہر کی تحریر فرمودہ کتابوں (سید احمد شہید اول-دوم، جماعتِ مجاہدین اور سرگزشت مجاہدین) تقریباً ایک صدی کی تاریخ ہے جو مجاہد کبیر، ان کی تحریک اور ان کے جانباز رفقاء کے حالات ومجاہدات اور خدمات کو منظر عام پر لانے میں نمایاں اور منفرد مقام رکھتی ہیں۔ یہ ایسی تاریخ ہے جس میں تاریخ نویس خود اس تاریخ کا ایک حصہ اور مشاہد محسوس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوتا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ مولانا مہرؔ نے ان کتابوں کو صرف داستان برائے داستان اور حکایات وروایات اور کتابوں کی مدد سے مرتب نہیں کیا بلکہ بذاتِ خود ان تمام مواضعات، متعلقہ منازل، مقاماتِ جنگ و جہاد، مشاہد اور رہ گذروں کا مشاہدہ کیا، برسوں ان علاقوں کی دشت نوردی اور پیما سرائی کی جہاں ان مبارک نفوس کے قدم پڑے، جہاں انھوں نے اس بلند مقصد کے لئے لیل ونہار گزارے، جہاں انھوں نے جہادِ آزادی اور سربلندیٔ اسلام کے لئے اپنی ذہنی، روحانی اور جسمانی تمام صلاحیتیں صرف کیں اور حد یہ ہے کہ بیشتر نے اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کی، یعنی جامِ شہادت نوش کر کے اُس حیاتِ جاودانی سے سرفراز ہوئے جو عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ کے پروانۂ خاص کا حقدار بناتی ہے۔

مولانا مہرؔ کا اسلوب وبیان ادبیت ودلکشی اور جاذبیت ومحویت سے ایسا پُر ہے جس سے مطالعہ کنندہ نہ صرف اپنے آپ کو ان مقامات میں موجود محسوس کرتا ہے بلکہ اپنے اندر اعلائے کلمۃ اللہ اور سربلندیٔ اسلام کیلئے ایک جذبہ جوش مارتا ہوا پاتا ہے۔ انھوں نے اس تاریخ کو برسہابرس کی محنت سے لکھا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ سید احمد شہید کے اس مشن اور تحریک میں خود ڈوب کر اور اس میں خود کو محو کر کے لکھا ہے۔ کتاب پڑھتے ہوئے آپ دیکھیں گے کہ جگہ جگہ وہ ان فدایانِ اسلام کی خدماتِ عالیہ اور جذبۂ مقدس کو سلامِ عقیدت پیش کرتے نظر آتے ہیں۔

یہ کتابیں (سید احمد شہید، جماعتِ مجاہدین، سرگزشتِ مجاہدین) پچھلے کافی عرصہ سے ہندوستان میں نایاب ہو چکی تھیں، میری ایک عرصہ سے خواہش تھی یہ سیریز شائع ہو کر اہلِ علم اور شائقین حضرات کے لئے دستیاب ہونی چاہئے۔ کیونکہ بقول مولانا غلام رسول مہر، اگر اس عظیم تحریک کو تاریخ ہند سے نکال دیا جائے تو پھر اسلامی جدوجہد کے حوالہ سے باقی ہی کیا رہ جاتا ہے؟ ہمیں اپنے اسلافِ کرام کے ان مجاہدانہ کارناموں کی سرگزشت کو ہمیشہ اپنے سینوں سے لگا کر رکھنے اور مواقع وحالات کے مطابق ان کی تحریک کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔

مجھے خوشی ہے کہ عزیز محترم مولانا شمشیر احمد قاسمی نے میری خواہش واصرار پر اس کام کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بیڑا اٹھایا۔ پرانے ایڈیشنوں میں اغلاط بھی تھیں، ساتھ ہی کتابت میں یکسانیت اور جاذبیت بھی نہ تھی، اس لئے بہتر یہ معلوم ہوا کہ از سرنو کتابت کرا کر اس سیریز کو نئی آب و تاب کے ساتھ ہدیۂ قارئین کیا جائے۔

یہاں اس بات کا اظہار بھی ضروری ہے کہ اب اس سیریز کو ایک نیا نام دیا گیا ہے یعنی ''تحریک سید احمد شہیدؒ'' جو چار جلدوں پر مشتمل ہوگی، ٹائٹل اور اندر صفحات کے بالائی حصہ پر اس نئے نام کے ساتھ ساتھ پرانے ناموں کو بھی باقی رکھا گیا ہے۔

میں جناب مولانا شمشیر احمد قاسمی کو مبارک باد دیتا ہوں اور ساتھ میں مولانا محمد عمران قاسمی بگیانوی کی تصحیح کی خدمت کو سراہتے ہوئے دعا گو ہوں کہ ربِ کریم ہمیں بھی ان پاک نفوس کے جذبۂ اسلامیت اور عشقِ الٰہی کا کوئی حبہ اور حصہ نصیب عطا کر کے اپنی راہِ رضا پر چلنے توفیق ارزانی کرے اور اس فرشتہ صفت جماعت کی معیت نصیب فرمائے، آمین

الراقم
شمس الحق قاسمی
مکتبہ الحق (ممبئی)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عرضِ ناشر

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وعلیٰ آلہ الطیبین الطاھرین وصحبہ اجمعین.

مقامِ مسرت ہے کہ حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ کے حالات وخدمات، ان کی تحریک اور ان کے رفقاء کی سرگزشت پر مشتمل یہ عظیم سیریز کتب (سید احمد شہید ہر دو جلد، جماعت مجاہدین، سرگزشت مجاہدین) جدید عنوان ''تحریک سید احمد شہید'' کے ساتھ شائع کرنے کی مجھے ایسے موقع پر سعادت حاصل ہو رہی ہے جب کہ ملک میں جدوجہد آزادئ ہند کی ڈیڑھ سو سالہ سالگرہ حکومتی سطح پر بڑے جوش وخروش سے منائی جا رہی ہے۔ لیکن اس میں ہمارے اسلافِ کرام کی قربانیوں کو جس طرح نظر انداز کیا جا رہا ہے وہ نہ صرف افسوسناک اور قابل مذمت ہے بلکہ ملت کے رہنماؤں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے لئے ایک تازیانہ بھی ہے۔ جو زمانہ کے جدید تقاضوں کی تفہیم، ان سے حصولِ مقصد کے امکانات اور مقابل ومخالف طاقتوں کے خلاف صف آرا اور متحد ہونے کی دعوت دے رہا ہے۔ یہ انھیں بتا رہا ہے ؎

اٹھ کہ اب بزمِ جہاں کا اور ہی انداز ہے

حقیقت تو یہ ہے ہمیں پیش قدمی کرتے ہوئے خود اپنے اسلافِ کرام کی خدمات اور قربانیوں کو منظر عام لانے کیلئے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اجتماعات منعقد کرنے چاہئیں اور اپنے اسٹیج سے ان لوگوں کو اپنے بزرگوں کی مدح سرائی کے لئے مجبور کرنا چاہئے تھا، جن کے تغافل کا ہم آج رونا رو رہے ہیں۔

آزادئ ملک وملت اور سربلندئ اسلام کے لئے سروفروشانہ جدوجہد اور اہالیانِ اسلام کی عظمتِ رفتہ کی بازیابی کی کوشش میں حضرت سید احمد شہید اور ان کے جانباز رفقاء کا جو حصہ ہے، ان کی جو روشن خدمات ہیں، یہی اس سیریز کا موضوع ہے۔

اس سیریز کی چار ضخیم جلدیں جو تقریباً ڈھائی ہزار صفحات پر مشتمل ہیں، ان کی کمپیوٹر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کتابت میں ایک اہم مسئلہ تصحیح کا تھا، چونکہ کمپیوٹر کتابت میں اغلاط رہ جاتی ہیں اور بعض مرتبہ وہ عجیب وغریب شکل اور الفاظ کا جامہ پہن لیتی ہیں۔

اس مشکل کا حل رب کریم نے اس طرح نکالا کہ جناب مولانا محمد عمران قاسمی بگیانوی نے اس اہم اور تاریخی سلسلہ کی کتابت وتصحیح کی ذمہ داری لے کر ایک طرح سے ہمارے لئے اس اہم مرحلہ کو آسان بنادیا۔ مولانا موصوف تصنیف تالیف اور تصحیح وترجمہ میں اپنی ایک شناخت قائم کر چکے ہیں، فرید بک ڈپو دہلی سے ان کی تصحیح کردہ وترتیب دادہ متعدد کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ گذشتہ سال حکیم الاسلام عالمی سیمینار کے موقع پر حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ کی تالیفات ومضامین کا حسین مرقع سات جلدوں میں ان کا مرتب کردہ شائع ہوکر اہل علم وقدرداں حضرات سے خراجِ تحسین حاصل کر چکا ہے، ان کتابوں کا اجراء مقتدر علمائے کرام کے ہاتھوں مذکورہ سیمینار میں ہوا تھا۔

ایک قابل لحاظ کام یہ کیا گیا ہے کہ سابق ایڈیشنوں میں فہرست نامکمل تھی، صرف ابواب کے صفحات کی نشاندہی کی گئی تھی، موجودہ ایڈیشن میں تفصیلی فہرست مرتب کی گئی ہے، یہ یقیناً بڑی محنت کا کام ہے۔ جس سے ایک ہی نظر میں کتاب کے تمام مندرجات پوری طرح سامنے آجاتے ہیں۔

بہر حال مولانا محمد عمران قاسمی بگیانوی نے اس سلسلہ کتب کی کتابت وتصحیح کی خدمت انجام دے کر ہمارے لئے اس سلسلہ کی اشاعت کو کافی حد تک آسان بنادیا۔

اس کتاب کو مولانا غلام رسول مہر نے جس جانفشانی سے مرتب کیا تصنیف وتالیف کی دنیا میں وہ کسی عجوبہ سے کم نہیں۔ اللہ رب العزت کا شکر واحسان ہے کہ اس نے ہمیں ایسی اہم کتابوں کی سیریز کی اشاعت کی توفیق سے نوازا۔ وماتوفیقی الا باللہ

شمشیر احمد قاسمی
سنابل کتاب گھر دیوبند

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نذرِ شہیدانِ بالاکوٹ

یہ نظم جناب فضل احمد کریم صاحب فضلی سکریٹری (حکومتِ پاکستان) نے زیارتِ بالاکوٹ کے وقت کہی تھی، جسے جماعتِ مجاہدین میں شامل ہونا چاہئے تھا، یہ کہیں کاغذات میں گم ہوگئی، اب بطور یادگار یہاں شائع کی جاتی ہے:

مجاہدانِ صف شکن بڑھے جو نذرِ جاں لئے
تو موت باادب بڑھی حیاتِ جاوداں لئے

یہ وہ ہیں جن کے عمر بھر قدم نہ ڈگمگا سکے
مصیبتوں نے بارہا ہزار امتحاں لیے

یہ سخت کوش و سخت جاں عجب پیام دے گئے
کہ زندگی ہے بامزہ اگر ہے تلخیاں لیے

جلال بھی جمال بھی، عجیب ان کی شان ہے
نظر میں بجلیاں لیے، نفس میں گلستاں لیے

جہاں بھی سر جھکا دیا وہیں پر عرش آ گیا
یہ سجدۂ شہید ہے جبیں میں آستاں لیے

یہ سید شہید یہ مجاہدانِ ہمسفر
کہ جیسے ماہتاب ہو جلو میں کہکشاں لیے

مجاہدانِ باصفا کی پیشوائی کے لیے
ملائکہ اتر رہے ہیں مژدۂ جناں لیے

عقیدت و خلوص کے یہ چند پھول نذر ہیں
کھڑا ہے فضلیؔ حزیں حقیر ارمغاں لیے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

چگونہ ے بہ میاں آورم دریں مجلس
کہ بادہ حوصلہ سوز است وجملہ بدمست اند

سید احمد شہید کے سلسلہ کی یہ تیسری اور آخری کتاب ہے۔ اس پر وہ سفر اختتام کو پہنچا جس کے لئے سروسامان اور تگ وتاز میں میری زندگی کے کم وبیش بیس سال صرف ہوئے:

درشمار ارچہ نیاورد کسے حالی را
شکر کاں محنت بے حد وشمار آخر شد

اسلامی ہند کی تاریخ کا یہ باب آج تک کسی بھی شکل اور کسی بھی زبان میں نظم وترتیب نہ پاسکا۔ بیشک اس کے متفرق پہلو مختلف صورتوں میں وقتاً فوقتاً پیش ہوتے رہے، لیکن ان کی حیثیت ایسی تھی جیسے کسی طویل اور مسلسل داستان میں سے کوئی ورق کہیں سے اُٹھالیا اور کوئی کہیں سے۔ نہ پیش کرنے والے کو یہ اندازہ تھا کہ اس کا سیاق وسباق کیا ہے، نہ پڑھنے والے پر یہ حقیقت واضح ہوسکتی تھی کہ یہ ایک منظم ومحکم سلسلۂ مجاہدات کی کڑیاں تھیں، جن کی وضع وساخت میں فداکارانِ اسلامیت وآزادی کا بیش بہا خونِ حیات پوری ایک صدی تک بے دریغ صرف ہوتا رہا۔ ایسے ہی مجاہدات قوموں اور ملکوں کے لئے سربلندی کا سرمایہ، ارجمندی کا زینہ اور زندگی کا حاصل تسلیم کئے جاتے ہیں۔

رہِ غیرت خطرناک است پہنا لیش تماشا کن
درآں وادی کہ عشق اوست تن یا سرنمی سازد

اس حیات افروز داستان کے اوراق ایک سوسال کی مدت میں اس درجہ منتشر ہوچکے تھے کہ ان کی فراہمی اور شیرازہ بندی اہل قلم کے ایک بڑے گروہ کی اجتماعی سعی وہمت کے بغیر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بروئے کار نہ آسکتی تھی، چہ جائیکہ مجھ ایسا فروما یہ علم وعمل اتنے بڑے کام کے سرانجام کا ذمہ تنہا اُٹھالیتا۔ سید صاحب اور ان کی جماعت کو جن ناسازگار حالات سے سابقہ پڑا، ان کی تفصیل بڑی ہی دردناک اور الم انگیز ہے۔

ایک طرف سکھ اور انگریز تھے، جن کے سیاسی مقاصد کا تقاضہ یہ ہوا کہ اس حقانی جماعت کے اصلی کارنامے منظرِ عام پر نہ آنے دیں یا ان کے گرد وپیش غلط بیانیوں کے سیاہ اور دبیز پردے اس پیمانے پر تان دیں کہ کسی کو حقیقت تک پہنچنے کا خیال ہی نہ آسکے۔ دوسری طرف مقامی رؤساء وخوانین تھے، جن کی انفرادی غرض مندیاں اور کام جوئیاں ان پاک نفس مجاہدین کو زیادہ سے زیادہ رسوا کرنے میں سرگرمِ عمل رہیں۔ سب سے آخر میں مدعیانِ شریعت و طریقت کا مقدس گروہ تھا، جو مذہبی نقطہ نگاہ سے اس جماعت پر مسلسل عتاب وغضب کی بجلیاں گراتا رہا۔ ان میں سے بعض اصحاب نیک نیت بھی ہوں گے، تاہم وہ غلط فہمی کا شکار ہوئے اور ان کی دانش وبصیرت نے پے در پے ٹھوکریں کھائیں۔ بعض کی تمام مخالفانہ سرگرمیوں میں اغیار کی تحریک وانگیخت کے شواہد یکسر آشکارا نظر آتے ہیں۔

خود سید صاحب کے ارادت مندوں نے زیادہ سے زیادہ حالات قلم بند کر لینے کا پورا اہتمام کیا، لیکن انہیں چھپائے رکھنے کے اہتمام میں بھی کوئی دقیقہ سعی اُٹھا نہ رکھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کچھ مدت گذر جانے کے بعد وہ قلمی دفاتر یک جا محفوظ نہ رہ سکے اور کسی کو یہ بھی خبر نہیں رہی کہ بکھر بکھر کر کہاں کہاں پہنچے۔ معاملہ کا ایک اور یہ بھی ہے کہ حالات جس انداز میں لکھے گئے تھے، وہ پرانا تھا اور ہمارے زمانے کیلئے اسے کسی بھی درجہ میں سازگار نہ سمجھا جاسکتا تھا۔

غرض ہماری ملی غیرت اور اسلامی حمیت کی اس سب سے زیادہ پر تاثیر داستان کے گم ہو جانے میں کوئی بھی کسر باقی نہ رہی تھی، تاہم اسے سید صاحب اور انکی جماعت کے خلوص کا زندہ اعجاز سمجھنا چاہئے کہ اس عاجز کو یہ داستان تفصیلاً مرتب کر دینے کی توفیق ارزانی ہوئی۔ کیا عجب ہے کہ یہی ناچیز خدمت محاسبۂ اعمال کے وقت مغفرت کا وسیلہ اور عفو وکرم کی دستاویز بن جائے:

امید ہست کہ بیگانگی عرفی را بہ دوستی سخن ہائے آشنا بخشند

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس طویل سلسلے سے جواب تقریباً دو ہزار صفحات پر پھیل گیا ہے، محض داستان سرائی مقصود نہ تھی بلکہ چند نہایت اہم حقائق و مقاصد پیش نظر تھے، جن کا اجمالی نقشہ یہ ہے:

۱۔ ہم جس عہد کو دورِ زوال سے تعبیر کرتے ہیں، وہ تاریکیوں اور مایوسیوں کی شب تاریک ہی نہ تھی، اس میں سربلندی کیلئے جانبازی اور ارجمندی کیلئے سرفروشی کی درخشاں کرنیں بھی جلوہ گر ہوتی رہیں، جن کی ضیا گستری عہدِ عروج کی شوکت آرائیوں کو بھی پیغامِ فجالت دے رہی تھی، افسوس کہ جو آنکھیں تاریکی کی شدت میں بصیرت کی دولت ضائع کر چکی تھیں، وہ روشنی کی ان کرنوں سے بہرہ اندوز نہ ہو سکیں، ان میں بلند ترین درجہ سید احمد شہید کی تحریک کو حاصل تھا جو خالص اسلامی مقاصد کے لئے خالص اسلامی بنیادوں پر اپنی نوعیت کی ایک ہی تحریک تھی۔ ضروری تھا کہ اس تحریک کی سرگزشت مرتب ہو جاتی۔ اس کے بغیر ہماری تاریخ مکمل نہ سمجھی جا سکتی تھی۔

۲۔ عام تاثر یہ ہے کہ ہم نے حکم و فرمانروائی سے محرومی کے بعد اس سرزمین کی آزادی اور یہاں اسلامیت کی بحالی کیلئے کچھ بھی نہ کیا۔ برادرانِ وطن نے گزشتہ دس بیس سال میں جہادِ آزادی کے متعلق جو کتابیں مرتب کیں ان میں عموماً غیر مسلم اکثریت ہی کی سرگرمیوں کو نمایاں کیا گیا۔ اس وجہ سے یہ خیال تقویت پکڑ گیا کہ مسلمان ایک مرتبہ پستی میں گرے تو پھر نہ اُٹھ سکے، حکمرانی کے ساتھ ہمت و غیرت کی متاع بھی کھو بیٹھے۔

واقعہ یہ ہے کہ اس وسیع ملک کی آزادی کیلئے جو سرفروشانہ کارنامے مسلمانوں نے انجام دیے، ان کی نظیر کوئی دوسری قوم پیش نہیں کر سکتی اور مسلمانوں کی قربانیوں کے مقابلے میں دوسری قوموں کی قربانیاں سمندر میں چند چلوؤں سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں، لیکن اسے کیا کیا جائے کہ اسلامی قربانیوں کی سرگزشت معرضِ ترتیب ہی میں نہ آسکی اور جہادِ آزادیٔ وطن کا یہ پورا باب گم ہو کر رہ گیا۔

میں نے یہ باب مستند تاریخی شواہد کی بنا پر مرتب کر دیا ہے تاکہ مسلمانوں کا درجہ ایثار و سرفروشی سب پر آشکارا ہو جائے۔ مقصود مقابلہ نہیں، یہ ہے کہ اس طویل جہاد کا گوشہ گوشہ سامنے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آجائے ورنہ ظاہر ہے کہ اعلیٰ مقاصد کیلئے قربانیاں مشترکہ دولت ہوتی ہیں، خواہ ان کا مصدر ومنشا کوئی گروہ اور کوئی قوم ہو، اور ان پر سب کو یکساں فخر ومباہات کا حق حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ پھر سید صاحب کی تحریک کے سلسلہ میں دو اور پہلو بھی غور طلب تھے: اول یہ کہ مسلمانوں کی اس جماعت نے اسلامیت وآزادی کیلئے جہاد اس وقت شروع کیا، جب یہاں کے اکثر گروہوں پر فی الجملہ افسردگی وبے حسی طاری تھی۔ ان کے درمیان حکمرانوں کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے ہنگامہ مسابقت بپا تھا، یہاں تک کہ جہاد کی عزت وحرمت کے اندازہ شناس بھی بہت کم لوگ تھے۔ اکثر اس کے نام ہی سے ہراساں وگریزاں تھے۔ دوم اس جماعت کا مقصد ومدعا حصولِ آزادی کے سوا کچھ نہ تھا اور وہ اس کیلئے کسی مادی معاوضے یا دنیوی منفعت کے کبھی طلب گار نہ ہوئے۔ وہ پورے سوا سو سال تک بے پروایانہ اور بے دریغ اپنی جانیں اور مال اس راہ میں قربان کرتے رہے اور ان کے دل ایک کلمۂ تحسین کی آرزو سے بھی کبھی ملوث نہ ہوئے۔ ان کی قربانیوں کے مقابلہ میں وہ اعمال وحرکات کیونکر لائے جاسکتے ہیں جن کے ساتھ اخباروں کے نفس پرور مقالے، پھولوں کے ہار، جلسوں اور جلوسوں کی ہمہمے، شہرت طلبی کے ولولے اور گوناگوں مادی معاوضوں کے ہنگامے وابستہ تھے۔ بے نفسی اور للّٰہیت کی یہ داستان ان لوگوں کی بلند اسلامیت کا کرشمہ تھی اور اس میں ہم سب کیلئے بصیرت وموعظت کا نہایت قیمتی سرمایہ موجود ہے۔

۴۔ اس داستان کی اہمیت کا ایک پہلو یہ بھی تھا کہ اسے ہمارے حالات سے خاص مناسبت تھی۔ سید شہید نے جب دعوتِ اصلاح وجہاد کا علم بلند کیا تھا تو ملک کی عام کیفیت بعد کے دور سے یقیناً قدرے متفاوت تھی، تاہم ان کی بے سروسامانی ہماری بے سروسامانی سے مختلف نہ تھی۔ بہ ایں ہمہ وہ اللہ کا نام لے کر اُٹھے اور عزیمت واستقامت کے اعجاز سے وہ تحریک پیدا کردی، جس کی آگ کے شعلوں نے پچیس سال تک سکھوں کو اور ایک سو سال تک برطانیہ جیسی قاہر قوت کو مسلسل آتش زیر پا رکھا۔

ہمارے لئے اس سرگزشت سے استفادہ کی صورت بجز اس کے کیا تھی کہ یہ مرتب صورت

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں ہمارے سامنے آجاتی۔ یہ مقدس بزرگ پاک و ہند کے ایک دور افتادہ گوشے میں اپنے خونِ حیات سے مراد کے نقش بٹھاتے اور روشن مستقبل کے خط و خال سنوارتے رہے۔ آج کون اندازہ کرسکتا ہے کہ ان کے دلوں میں کیسے کیسے ولولے موجزن تھے اور دماغوں میں کیا کیا انتظامی نقشے بسے ہوئے تھے۔ جن کی زندگیوں کا ہر سانس ادائے فرض اور رضائے حق کے لئے وقف رہا، ان کی عظمت کا اندازہ ہم لوگ نہیں کرسکتے، جو فرض اور رضا کے صحیح مفہوم سے بھی یکسر ناآشنا ہیں۔ وہ پیشِ نظر مقاصد کے لئے جانفشانیوں کی شیفتگی میں اس دنیا سے رخصت ہوگئے:

مشتِ خاشاکِ نظیری شعلہ کرد و نشست
بادِ شمعِ انجمن را تا بہ پایاں زیستن

کیا ہمارا داعیۂ حق شناسی اس امر کا بھی متحمل نہیں ہوسکتا کہ ان کی یاد بہ طرزِ شایاں تازہ رکھی جائے؟

میں نے اس اہم کام کا ذمہ اُٹھایا تھا تو خواب و خیال بھی نہ تھا کہ اس کے سرانجام میں مہلتِ حیات کی اتنی لمبی مدت صرف ہو جائے گی۔ اب دیکھتا ہوں تو قلب کی یہ کیفیت ہے، گویا کل رختِ سفر باندھا تھا اور آج منزلِ مقصود پر پہنچ گیا۔ بے شک محنت بڑی ہی دلگیر اور مشقت بہ درجہ غایت صبر آزما تھی، تاہم اس کی حلاوت و دل پذیری کا یہ عالم تھا کہ ذوق و وجدان اب تک اسی لذت و سرور کی موجوں میں ڈوبے ہوئے ہیں:

رفتیم بسرزود دریں محفلِ رنداں
ساقی مئے تندے بہ ایاغِ دلِ ماریخت

جو کچھ میں نے لکھا ہے مجھے پورا احساس ہے کہ یہ حرفِ آخر نہیں اور انسان کی کونسی کوشش کسی کام میں حرفِ آخر سمجھی جاسکتی ہے؟ ابتدائی ادوار کی سرگزشت میں بھی بعض خلا محسوس ہوتے ہیں، جنہیں میں پُر نہ کرسکا اور آخری دور کے تو سینکڑوں افراد و رجال ہیں جن میں سے اکثر کے نام بھی معلوم نہ ہوسکے اور بعض کے نام معلوم ہوئے تو حالات نہ مل سکے۔ تاہم ایک خاکہ تیار ہوگیا ہے جس کا ہر حصہ تاریخی شواہد پر مبنی ہے۔ یہ خاکہ اربابِ ذوق کے لئے مزید

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تحقیق میں مشعلِ راہ کا کام دے گا۔ جن اصحاب سے امداد ملتی رہی، ان کے اسمائے گرامی حواشیٔ کتاب میں جا بجا درج ہیں۔ خاص شکریے کے مستحق مولانا محمد اسمٰعیل (جماعت اہل حدیث کے ناظم اعلیٰ) ہیں جن کی محبانہ اعانت آخری دور کے سوانح کی ترتیب میں برابر شامل رہی۔

خود کتاب کے متعلق کچھ کہنا میرے لئے زیبا نہیں، البتہ یہ عرض کر سکتا ہوں کہ نہ صرف اردو میں بلکہ ہر زبان میں اپنے موضوع پر یہ پہلی کتاب ہے۔ میں نے اس کے لئے کہاں کہاں سے مواد فراہم کئے، پھر کن کن کاوشوں سے انہیں ایک مستند دستاویز کی حیثیت میں مرتب کیا، ان سوالات کا کسی قدر جواب آپ کو ملاحظہ کتاب سے مل سکے گا۔ بہر حال خدا کا شکر ہے کہ سالہا سال کی تگ و دو کے بعد جگہ جگہ سے پھول چن کر ایک گلدستہ تیار کر سکا ہوں۔ شہیدانِ راہِ حق کی بارگاہ میں اس سے بہتر تحفہ پیش کرنے کی استطاعت مجھ میں نہ تھی۔

باخونِ صد شہید مقابل نہادہ اند
عمرے کہ مابہ آتشِ افسانہ سوختیم

غلام رسول مہر
مسلم ٹاؤن۔ لاہور
۲ ستمبر ۱۹۵۶ء

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تحریک سید احمد شہید کے سلسلے کی چوتھی اور آخری کتاب

(۱۸۳۱ء سے زمانہ حال تک)


سرگزشتِ مجاہدین

حضرت سید احمد شہیدؒ کی جماعتِ مجاہدین نے ایک سو سال میں
اسلام کے احیاء، اسلامی حکومت کی بحالی اور ملک کی آزادی کے لئے
جو جہاد کیے ان کی مفصل سرگزشت

مولانا غلام رسول مہر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برِصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگذشت



حصہ اول

(شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین منگلوری)

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

شہادتِ امام اور تجدیدِ نظام

شہادتِ امام

سید صاحب نے ۲۴ ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ (۶ مئی ۱۸۳۱ء) کو بروز جمعہ ۱۱-۱۲ بجے کے درمیان بالاکوٹ میں شہادت پائی۔ ہم بتا چکے ہیں کہ آپ کی شہادت نہیں بلکہ گمشدگی کی خبر پھیل گئی تھی۔ جس کسی کے کان میں یہ خبر پہنچی اُس نے لڑائی سے ہاتھ کھینچ لیا اور سیماب وار آپ کی تلاش میں سرگرداں پھرنے لگا۔ بہت سے مجاہدین اسی سرگردانی کی حالت میں شہید ہوئے۔ اس اثناء میں سکھوں کا دباؤ بڑھتا گیا اور مجاہدین پیچھے ہٹتے ہٹتے اُس پہاڑ کے دامن میں پہنچ گئے جو حلقۂ بالاکوٹ کی شمالی سمت میں واقع ہے۔ عین اس موقع پر یہ آواز بلند ہوئی کہ گوجر سید صاحب کو لڑائی کے کھیت سے اٹھا کر باہر لے گئے، لہٰذا مجاہدین کو بھی میدان سے نکل آنا چاہیے۔ اگر یہ آواز نہ سنی جاتی تو یقیناً مجاہدین بالاکوٹ ہی میں جانیں دے دیتے اور کوئی بھی ہٹنے پر آمادہ نہ ہوتا۔ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ گوجروں نے یہ تدبیر بقیۃ السیف مجاہدین کو بچا لینے کی غرض سے اختیار کی تھی یا سکھوں کے ایماء پر اُن کا مقصد یہ تھا کہ مقابلہ ختم ہو جائے اور مزید کشمکش باقی نہ رہے۔ اس حقیقت میں شبہ نہیں کہ مجاہدین کو بالاکوٹ کے میدان سے ہٹانے کیلئے اور کوئی صورت کارگر نہ ہو سکتی تھی۔

مختلف راستے

بالاکوٹ سے شمالی سمت جانے کے مختلف راستے تھے۔ مثلاً ست بنے کا نالا، برنا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کا تالا، ست بنے کے ٹیلے اور برنا کے ٹیلے پر چڑھنے کی پگڈنڈیاں۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ تر مجاہدین نے نالوں کے راستے اختیار کیے۔ ممکن ہے کہ بعض اصحاب پگڈنڈیوں کے راستے اوپر چڑھ گئے ہوں۔ اوپر پہنچ جانے کے بعد اکثر اصحاب ایک چشمہ پر جمع ہوئے۔ اس وقت مولوی خیر الدین شیر کوٹی کی جماعت کے بھی چند آدمی پہنچ گئے، جو اپنے ساتھیوں سے آگے آگے تیز دوڑے چلے آ رہے تھے تاکہ جلد سے جلد جنگ میں شریک ہو جائیں۔ انھیں شکست کا علم ہوا تو دم بخود رہ گئے۔ سب کو انتہائی قلق اس بات کا تھا کہ سید صاحب کے متعلق کوئی یقینی اور قطعی خبر نہ تھی۔ راویوں نے لکھا ہے کہ آپ کے غمِ فراق میں مجاہدین اس درجہ پراگندہ خاطر اور حواس باختہ تھے جیسے مجنوں اور سودائی ہوتے ہیں۔ کوئی کسی کا پرسانِ حال نہ تھا۔

غربت کی پہلی منزل

بالاکوٹ کے میدان میں سکھوں کی فوج پھیلی ہوئی تھی۔ پہاڑ پر ٹھہرے رہنے میں کوئی فائدہ نہ تھا۔ وہاں سے اڑھائی تین کوس کے فاصلے پر انگرائی نام ایک گاؤں ہے، جو ناصر خاں بھٹ گرامی کی ملکیت تھا۔ خان موصوف کی رہنمائی میں مجاہدین نے اسی گاؤں کا رخ کر لیا اور مغرب تک وہ انگرائی میں پہنچ گئے۔ مولوی خیر الدین شیر کوٹی کے ہمراہی بھی آ گئے۔ ان سے معلوم ہوا کہ مولوی صاحب بہت بیمار ہیں، دو اڑھائی کوس پر درہ کاغان میں ایک مقام پر ٹھہر گئے ہیں۔ وہ خود چل نہیں سکتے۔ ساتھی انہیں چارپائی پر اٹھا کر آہستہ آہستہ لائیں گے۔

سب مجاہدین دن بھر کے بھوکے تھے، تن کے کپڑوں کے سوا کسی کے پاس کچھ نہ تھا، صرف شیخ ولی محمد کی جیب میں ایک روپیہ تھا جس کی مکئی خریدی گئی۔ وہی مٹھی مٹھی بھر مجاہدین میں تقسیم ہوئی۔ بھوک، تکان، شکست کے رنج اور سید صاحب کے غمِ فراق نے ان پر خستگی اور افسردہ خاطری کی جو کیفیت طاری کر رکھی تھی، اس کا صحیح اندازہ کون کر سکتا ہے؟ جہاں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کسی کو جگہ ملی، بے خبرانہ لیٹ گیا۔ یہاں تک کہ ان میں سے کسی کو ہتھیار سنبھالنے کا بھی ہوش نہ تھا۔ ناصر خاں نے اپنے آدمی حفاظت کیلئے مقرر کر دیے۔ دِل برداشتگی اور حواس باختگی کی اس حالتِ زار میں بھی جراحوں نے اپنا فرض فراموش نہ کیا، چنانچہ جان محمد جراح رام پوری اور عبدالرحیم جراح جانسٹھی نے نمازِ عشاء کے بعد تمام زخمیوں کی مرہم پٹی کی۔

گوجروں کا پیغام

رات کے وقت دو گوجر انگرائی آئے اور بتایا کہ سید صاحب تھوڑی دور آگے (۱) پہاڑ کے درے میں زندہ سلامت موجود ہیں۔ آپ لوگ چلیں تو ہم انکے پاس پہنچا دیں۔ یہ خوش خبری سن کر سب لوگ بھوک اور تکان بھول گئے لیکن ناصر خاں نے رات کے وقت جانا خلافِ مصلحت قرار دیا اور کہا:

اگر سید بادشاہ کو اللہ تعالیٰ نے زندہ رکھا ہے، وہ کہیں ہوں، ہرگز نہیں چھپنے کے۔ تم کل سویرے آنا، ہم سب تمہارے ساتھ چلیں گے۔ (۲)

مجاہدین کو ناصر خاں نے سمجھایا کہ اگر امیر المومنین خدا کے فضل سے زندہ ہیں تو کل یا پرسوں ان سے ملاقات ہو جائے گی۔ آپ حضرات کیلئے لازم ہے کہ جلد سے جلد بی بی صاحبہ کے پاس پہنچ کر اُنکی حفاظت کا انتظام کریں۔ اگر سکھوں نے اس طرف پیش قدمی کی اور خدانخواستہ بی بی صاحبہ کو گرفتار کر لیا تو یہ بڑی شرم اور قباحت کی بات ہوگی۔ یہ رائے سب کو پسند آئی اور سیدھے بی بی صاحبہ کے پاس پہنچنے کا فیصلہ ہو گیا۔

انگرائی میں صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد دو تین گھڑی دن چڑھے تک ان گوجروں کا انتظار کیا گیا جو رات کے وقت سید صاحب کی سلامتی کا پیغام لے کر آئے تھے، لیکن اُن میں سے کوئی نہ آیا۔ شیخ ولی محمد خاں نے یہ تجویز پیش کی کہ مقامی آدمیوں میں سے ایک دو

(۱) مطلب یہ ہے کہ انگرائی سے آگے اس طرف جدھر مجاہدین جا رہے تھے۔

(۲) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۲۵۶۔ باقی تفصیلات بھی ''وقائع'' ہی کی روایات سے ماخوذ ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کو بالاکوٹ بھیج دینا چاہئے تاکہ وہ امیر المومنین کے متعلق صحیح حالات دریافت کر آئیں۔ اللہ دین ساکن پکھلی اور خضر خاں قندھاری یہ کام انجام دینے کیلئے تیار ہو گئے۔ انہوں نے بالاکوٹ کا راستہ لیا اور باقی مجاہدین نے نندھیاڑ کا رخ کر لیا۔

دشوار گذار سفر

انگرائی سے آگے پہاڑ کی چڑھائی تھی۔ آدھی چڑھائی پر پہنچے تو ناصر خاں نے بائیں جانب اشارہ کرتے ہوئے بتایا کہ رات کو گوجروں نے سید بادشاہ کے قیام کی جو جگہ بتائی تھی، وہ اُس درے میں ہے۔ وہاں کوئی سراغ نہ مل سکا تو آگے بڑھے۔ انتہائی مشقت کے بعد پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے، جہاں سے خطرناک اترائی شروع ہوئی۔ مقامی لوگ تو بآسانی اترنے لگے لیکن مجاہدین کو بڑی مشکلات پیش آئیں کیونکہ وہ ایسے پہاڑی سفروں کے عادی نہ تھے۔ روایت میں بتایا گیا ہے کہ مجاہدین میں سے:

> کوئی تو لاٹھی ٹیک کر اترنے لگا اور کوئی بندوق ٹیک کر۔ اس میں ایک جگہ کسی صاحب کا پاؤں پھسلا اور گرا۔ بیس پچیس آدمی اُس کے آگے تھے۔ اس کے دھکے سے وہ سب گرے اور لوٹتے پوٹتے پہاڑ کے نیچے جا رہے۔ کسی کی تلوار ٹوٹ گئی، کسی کی خم ہو گئی اور کسی کی بندوق کا کندا ٹوٹ گیا، مگر وہ سب لوگ سلامت رہے، کوئی زخمی نہ ہوا۔ (۱)

نشیب میں نور عالم (ثعلب مصری) کے بہت سے پودے تھے۔ مجاہدین بھوک کے مارے ان کی جڑیں کھود کھود کر گاجروں کی طرح کھاتے رہے۔ وہاں برف کا ایک موٹا تختہ ملا، جو میل ڈیڑھ میل لمبا ہوگا۔ اُس پر چلنے لگے تو نیچے سے پانی بہنے کی آواز آئی۔ مقامی لوگوں نے سب کو روک دیا۔ ایک جگہ سے برف پگھل کر غار سا بن گیا تھا۔ جھانک کر دیکھا تو کوئی سوڈیڑھ سو فٹ نیچے پانی نظر آیا۔ مقامی لوگ خود آگے آگے چلنے لگے

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۲۵۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تا کہ برف کی پختگی کا اندازہ کرتے جائیں، مبادا مجاہدین میں سے کوئی ناواقفی کے باعث ایسی جگہ قدم رکھ دے جہاں برف کی تہہ زیادہ موٹی نہ ہو اور نیچے جا گرے۔ اس طرح آہستہ آہستہ نشیبی حصے سے گذرے۔

میاں کلئی

دوسری منزل میاں کلئی میں ہوئی جو درۂ پنجول میں سیدوں کی ایک مشہور بستی ہے۔ ناصر خاں بھٹ گرامی نے پیغام بھیج دیا تھا کہ مجاہدین آرہے ہیں اور ان کی مہمانی کا سامان تیار رکھا جائے۔ عصر کے وقت وہاں پہنچے۔ سیدوں نے پہلے بھنی ہوئی مکئی پیش کی، پھر گاؤں کے تمام لوگ اپنے اپنے گھروں سے کھانا لے آئے۔ کوئی کڑھی روٹی، کوئی دہی روٹی، کوئی دودھ روٹی اور کوئی دال روٹی۔ زخمیوں کیلئے حلوا تیار کیا گیا۔ بالاکوٹ کے بعد یہ پہلا کھانا تھا جو راہِ حق کے ان جانبازوں نے سیر ہو کر کھایا۔

بنسیر

اس اثناء میں گوجروں سے معلوم ہو چکا تھا کہ بی بی صاحبہ شملئی سے بنسیر آ گئی ہیں۔ دونوں مقاموں کے درمیان فاصلہ زیادہ نہیں۔ مجاہدین میاں کلئی سے روانہ ہو کر عصر کے وقت بنسیر پہنچے۔ وہ گاؤں حبیب اللہ خاں رئیس گڑھی کے بڑے بھائی بہرام خاں کی ملکیت میں تھا، اس نے بڑی خاطر داری سے سب کو مختلف مکانوں میں اتارا اور مہانداری میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

۲۴ ذی قعدہ کی رات انگرائی میں بسر کی تھی اور ۲۵ کی رات میاں کلئی میں۔ ۲۶ کو منزل مقصود پہنچ گئے، وہیں اللہ دین اور خضر خاں بھی آ گئے۔ انہوں نے ایک رات بالاکوٹ میں بسر کرنے کے بعد جو حالات معلوم کئے ان کا خلاصہ یہ تھا کہ جن مجاہدین کو سکھوں نے زندہ گرفتار کیا تھا اُن سے کنور شیر سنگھ نے سید صاحب کی نعش تلاش کرائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انھوں نے ایک سر کٹی لاش کے متعلق کہا کہ پوشاک کی بنا پر یہ سید صاحب کی معلوم ہوتی ہے۔ پھر اس کا سر بھی تلاش کرایا۔ جب تصدیق ہوگئی کہ سید صاحب کی نعش یہی ہے تو اس پر دوشالہ ڈلوادیا۔ خاصے کے دو تھان اور پچیس روپے نقد دے کر کہا کہ اسلامی دستور کے مطابق اسے دفن کر دیا جائے۔ بعد میں نہنگ اکالیوں نے اس نعش کو قبر سے نکال کر دریائے کنھار میں ڈال دیا۔

بہر حال نظر بہ ظاہر سید صاحب کی شہادت میں کوئی شک وشبہ باقی نہ رہا تھا، تاہم بعض اصحاب کو یہ امید لگی رہی کہ سید صاحب زندہ ہیں، اس امید کو تقویت اس امر سے ہوئی کہ آپ کو بہ حالتِ شہادت دیکھنے کی کوئی یقینی اور قطعی روایت موجود نہ تھی۔

جماعت کی پریشاں حالی

جنگ بالاکوٹ کے وقت مجاہدین کی بڑی جماعت سید صاحب کے ہمراہ تھی۔ اس کے علاوہ مختلف گروہ جگہ جگہ بکھرے ہوئے تھے۔ مثلاً ایک جیش مولوی خیر الدین شیر کوٹی کی سرکردگی میں مظفر آباد گیا ہوا تھا۔ یہ لوگ سرگرم تگ ودو کے باوجود جنگ کے موقع پر بالاکوٹ نہ پہنچ سکے۔ تیس بتیس مجاہدین مولوی نصیر الدین منگلوری کی سالاری میں درہ بھوگڑ منگ کی حفاظت پر مامور تھے۔ ایک جماعت کو سید صاحب نے پنجوں میں بٹھا دیا تھا، ان میں وہ لوگ بھی شامل ہوگئے تھے جو جنگ مظفر آباد میں زخمی ہوئے اور مولوی خیر الدین نے انہیں علاج کی غرض سے پنجوں بھیج دیا تھا۔ کچھ لوگ بی بی صاحبہ اور دوسری خواتین کی حفاظت وخدمت کیلئے انکے پاس موجود تھے۔ جنگ بالاکوٹ کے بعد یہ سب یکجا ہوئے تو سات سو کے قریب ہوگئے۔ سب پر سراسیمگی اور پریشاں حالی کی کیفیت طاری تھی، اسلئے کہ بے سردار تھے۔ اکثر کے پاس تن پوشی کا بھی کوئی سامان نہ تھا، کیونکہ سارا سامان بالاکوٹ میں لٹ چکا تھا۔ بی بی صاحبہ کے پاس جو جاجمیں، خیمے اور قناتیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھیں، شیخ ولی محمد نے کٹوا کر مجاہدین میں تقسیم کر دیں۔ انہوں نے انگرکھے، پاجامے، دوپٹے، عمامے اور بستر بنوا لیے۔ ممدوحہ کے پاس کل سولہ روپے تھے، وہ بھی دیدیئے اور اُن سے غلہ خرید کر مجاہدین میں تقسیم کر دیا گیا۔

شیخ ولی محمد کی کیفیت

اب سب سے اہم مسئلہ یہ تھا کہ جماعتی تنظیم کیونکر بحال رکھی جائے۔ ہر ایک کی نگاہ بار بار شیخ ولی محمد پھلتی پر پڑتی تھی۔ اسلئے کہ سید صاحب کے رفقائے خاص میں سے جو لوگ زندہ رہ گئے تھے، ان میں سے شیخ صاحب ہی افضل تھے۔ لیکن ان کی حالت یہ تھی جیسے کوئی دیوانہ یا حواس باختہ ہو۔ سید صاحب کے غم میں ہوش بجانہ تھے۔ جب ان سے کہا جاتا کہ لوگ پریشان حال ہیں، کوئی ایسا بندوبست کیجئے کہ بے اطمینانی دور ہو، تو وہ جواب دیتے کہ مجھ سے کچھ کام نہیں، جو چاہے رہے، جو چاہے چلا جائے۔ میں تو بی بی صاحبہ کا خدمت گزار ہوں۔ میرا پہلا کام یہ ہے کہ وہ جہاں جانا چاہیں، بہ حفاظت انہیں وہاں پہنچا دیا جائے۔ یہ حال دیکھ کر مختلف لوگوں نے واپسی کا ارادہ کر لیا اور بعض روانہ بھی ہو گئے۔

شیخ صاحب نے بی بی صاحبہ سے پوچھا کہ آیا وہ اپنے والدین کے پاس چترال جانا چاہتی ہیں یا امیر المومنین کی ازواج کے پاس سندھ جانے کی خواہاں ہیں؟ بی بی صاحبہ نے سندھ جانے کا فیصلہ کیا اور شیخ صاحب اسی سوچ بچار میں لگ گئے کہ کسی طرح انہیں محفوظ راستے سے سندھ پہنچا دیں۔

صحیح مشورہ

اکابر مجاہدین میں سے تین بزرگ ایسے تھے جو جنگ بالاکوٹ میں شریک نہ تھے: ایک شیخ حسن علی، دوسرے مولوی محمد قاسم پانی پتی، تیسرے مولوی نصیر الدین منگلوری۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بالاکوٹ کی شکست اور سید صاحب کے فراق کا غم انہیں بھی سب کے برابر تھا، لیکن ان پر حواس باختگی کی وہ کیفیت طاری نہ تھی جس سے دوسرے مجاہدین بے طرح متاثر تھے۔ انہوں نے شیخ ولی محمد کو سمجھایا کہ جماعتی نظام سے بے پروائی اور بے تعلقی کا اظہار سراسر خلافِ مصلحت ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سب لوگ گھروں کی راہ لیں گے اور ہم چند آدمی رہ جائیں گے، جن کیلئے نہ یہاں قیام کا کوئی اطمینان بخش بندوبست ہو سکے گا اور نہ بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کا انتظام کر سکیں گے۔ صحیح طریق کار یہ ہے کہ تمام مجاہدین کو تسلی دیجئے اور امارت قبول کر لیجئے تاکہ جماعتی نظام قائم رہے۔ امیر المومنین کے زندہ ہونے کی خبریں مل رہی ہیں، آپ کی تشریف آوری تک جماعت کو انتشار سے بچائے رکھنا بہر حال لازم ہے۔

شیخ ولی محمد نے اس مشورے کی معقولیت کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ مولوی نصیر الدین امیر بن جائیں، وہ امارت کے اہل ہونے کے علاوہ نسباً سید ہیں۔ لیکن جماعت کی بہت بڑی اکثریت چونکہ شیخ صاحب پر متفق تھی اسلئے تینوں مشیروں کے اصرار پر موصوف نے امیر بننا قبول کر لیا۔

ایک بھولا ہوا واقعہ

اس اثناء میں انہیں ایک واقعہ یاد آ گیا جس سے آخری فیصلہ پر پہنچنے میں خاص مدد ملی۔ واقعہ یہ تھا کہ ایک مرتبہ پنجتار میں نمازِ فجر کے بعد سید صاحب نے مولانا شاہ اسماعیل، مولوی ضیاء الدین پھلتی اور شیخ ولی محمد کو بلوایا۔ دیر تک جہاد کے فضائل بیان فرماتے رہے، پھر یکایک شیخ ولی محمد سے مخاطب ہو کر کہا:

> شیخ بھائی ممکن ہے میں کبھی آپ لوگوں میں نہ رہوں۔ آپ کو تاکید کی جاتی ہے کہ جہاد کے کارِ خیر سے دست کش نہ ہونا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کام میں بڑی خوبیاں اور برکتیں رکھی ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شیخ ولی محمد نے سوچا کہ عجب نہیں وہ ارشاد اسی وقت کیلئے ہو، ورنہ مولانا (شاہ اسماعیل) کے ہوتے ہوئے مجھے کیوں مخاطب فرمایا؟ جب کہ مولانا کے سامنے میں کسی گنتی اور شمار میں نہ تھا۔

بیعتِ امارت

شیخ ولی محمد امارت کی گراں قدر ذمہ داریاں اٹھانے کیلئے تیار ہو گئے تو سرکردہ اصحاب کے مشورے اور اتفاق سے باقاعدہ بیعت کا انتظام کیا گیا۔ ان اصحاب میں سے خاص طور پر قابلِ ذکر افراد یہ ہیں: مولوی نصیر الدین منگلوری، مولوی محمد قاسم پانی پتی، ملا لعل محمد قندھاری، ملا بازار قندھاری، ملا دوست محمد قندھاری، ملا عزت قندھاری، خضر خاں قندھاری، جعفر خاں ترین ہزاروی، حسین خاں ترین ہزاروی، بابر شاہ ننگرہاری، سید اللہ نور شاہ ساکن مینئی، مولوی امام الدین ساکن ٹوپی، اخوند گل پشاوری، محمد مبین خیبری، قاضی محمد پشاوری، اخوند فیض محمد غزنوی، شیخ وزیر پھلتی، شیخ خواہش علی عظیم آبادی، پیر مبارک علی تھنجھانوی، حافظ وجیہ الدین باغپتی، فتح محمد آدم پوری، مولوی عبد الحکیم بڈھانوی، مستقیم خاں بیسلی خیلی۔

اس سلسلے میں مولوی خیر الدین شیر کوٹی کا نام روایتوں میں بالکل نہیں آیا، حالانکہ وہ مجاہدین میں ممتاز حیثیت پر فائز تھے۔ سمجھنا چاہئے کہ یا تو وہ علالت کے باعث بیعت کے وقت بنسیر پہنچے ہی نہ تھے، یا شدتِ علالت کی وجہ سے شوریٰ اور بیعت میں بروقت شریک نہ ہو سکے۔

اہل نندھیاڑ کی شرکت

بیعت کے بعد قرار پایا کہ علاقۂ نندھیاڑ کے رؤساء وخوانین کو بھی اس انتظام میں شریک کر لینا چاہئے۔ چنانچہ اخوند گل پشاوری اور ملا فیض محمد غزنوی نے سب کو جمع کر کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شیخ ولی محمد کی امارت پر اتفاق کے حالات بتائے۔ ان لوگوں نے انتظام کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں شرکت میں عذر نہیں، لیکن اپنے پیر و مرشد صاحبزادہ محمد نصیر سے پوچھے بغیر کوئی قدم اٹھا نہیں سکتے۔ جماعتِ مجاہدین کی طرف سے اسی وقت صاحبزادہ موصوف کے نام ایک خط ست بہار بھیجا گیا، جس میں شیخ ولی محمد سے بیعت کے پورے حالات درج تھے۔ آخر میں ان سے درخواست کی گئی تھی کہ آپ کو اس ملک میں پیشوا و مقتدا کی حیثیت حاصل ہے، آپ بھی للہ فی اللہ اس کارِ خیر میں شریک ہو جائیں۔ دنیا میں نیک نامی ہوگی اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کے ہاں سے جزا پائیں گے۔ صاحبزادے نے جواب میں لکھا کہ آپ حضرات میرے پاس ست بہار چلے آئیں، انشاء اللہ میں آپ کا ساتھ دوں گا اور حتی المقدور خدمت میں کوتاہی نہ کروں گا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

نندھیاڑ میں قیام کا انتظام

صاحبزادہ محمد نصیر

صاحبزادہ محمد نصیر علاقۂ نندھیاڑ کے سب سے بڑے پیر تھے اور اس علاقے کے اکثر لوگ انہیں کے معتقد تھے۔ وہ خود ست بہار میں رہتے تھے اور ان کے دو چھوٹے بھائی محمد نذیر اور محمد بشیر کوہانہ میں مقیم تھے۔ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ اہلِ نندھیاڑ کا تعاون صاحبزادہ محمد نصیر کی رضامندی اور اتفاق پر موقوف تھا، اسی لئے ان کی خدمت میں مکتوب بھیجا گیا تھا۔

بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سید صاحب نے جہاں دوسرے علماء، خوانین، پیرزادوں اور عوام کو جہاد میں تعاون کیلئے دعوت دی تھی، وہاں صاحبزادہ محمد نصیر کو بھی خطوط بھیجے تھے۔ لیکن موصوف کی طرف سے جنگ بالاکوٹ تک تعاون کا کوئی اقدام نہ ہوا، اس وجہ سے اکثر مجاہدین کو صاحبزادے کے متعلق چنداں حسنِ ظن نہ تھا، البتہ مولوی محمد قاسم پانی پتی صاحبزادے کے سرگرم مؤید تھے۔ وہ کہتے تھے کہ جب صاحبزادہ اعانت کیلئے مستعد ہے تو کیوں اس سے فائدہ نہ اٹھایا جائے؟ معاملے کی صورت یہ تھی کہ علاقۂ نندھیاڑ میں مجاہدین کے قیام کا بندوبست اس وقت تک ممکن نہ تھا جب تک صاحبزادہ اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر کھانے پینے کا سروسامان نہ کر دیتا۔ وہ اس کام کیلئے تیار ہو گیا تو جماعتِ مجاہدین کیلئے اسکی اعانت سے فائدہ اٹھانے میں تامل کی کوئی وجہ باقی نہ رہی۔ سابق میں اس کا تعاون کیلئے آگے نہ بڑھنا موجودہ عزمِ خیر کے عدمِ قبول کی دلیل نہ بن سکتا تھا۔ چنانچہ صاحبزادے کی دعوت قبول کر لی گئی۔ اگرچہ یہ تعاون

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زیادہ دیر تک جاری نہ رہ سکا، جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔

بنسیر سے ست بہار

چنانچہ صاحبزادے کی دعوت پر مجاہدین بنسیر سے ست بہار روانہ ہوگئے۔ پہلی منزل بھٹ گرام میں ہوئی جو ناصر خاں کا وطن تھا۔ خان موصوف سید صاحب کے مخلص معتقد تھے اور بالاکوٹ کی جنگ میں بھی شریک رہے تھے۔ انہوں نے بڑی گرم جوشی سے جماعت کا استقبال کیا۔ دو راتیں اور ایک دن پوری جماعت کی مہمانداری کی۔ شیخ ولی محمد نے صاحبزادے کی دعوت کے متعلق تمام حالات بتائے تو ناصر خاں نے کہا کہ اس علاقے میں صاحبزادہ بہت معزز و ممتاز ہے۔ اسکے تعاون سے امید ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ کا اجراء از سر نو ہو جائے گا۔

ناصر خاں خود اس لئے ساتھ نہ جا سکا کہ بالاکوٹ کی جنگ میں زخمی ہو چکا تھا، تاہم اس نے یقین دلایا کہ تندرست ہوتے ہی ست بہار پہنچ جاؤں گا۔

بھٹ گرام سے تیسرے دن روانہ ہو کر مجاہدین موضع پیال میں ٹھہرے۔ اگلے روز بھنکول پہنچ گئے، جو اخوند محمد ارم کا وطن تھا۔ یہ بھی بڑے پیرزادے اور سید صاحب کے مخلص عقیدت مند تھے۔ انہوں نے بھی مہمانداری میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ بھنکول سے ست بہار صرف ایک کوس تھا۔ بی بی صاحبہ اور تقریباً ایک سو مجاہدین اسی روز ست بہار چلے گئے، باقی اصحاب بھنکول ہی میں ٹھہرے رہے۔

صاحبزادے کے انتظامات

صاحبزادہ محمد نصیر نے ایک الگ تھلگ مکان بی بی صاحبہ اور مجاہدین کی دوسری خواتین کے لئے خالی کرا دیا۔ باقی اصحاب کے قیام کا بھی مناسب بندوبست کر دیا۔ سب کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ سید بادشاہ کی سلامتی کی خبریں مل رہی ہیں، خدا کرے وہ جلد آجائیں۔ آپ لوگوں کی طرح میری مراد بھی یہی ہے۔ تاہم جب تک وہ نہیں آتے میں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آپ کے ساتھ ہو کر جہاد میں پورا حصہ لوں گا اور کھانے کپڑے کا انتظام کرتا رہوں گا۔

چند روز کے بعد صاحبزادے نے علاقے کے رؤساء وخوانین کو جمع کیا اور کہا کہ یہ مجاہد بھائی سید بادشاہ کے ہمراہ جہاد فی سبیل اللہ کی غرض سے آئے تھے۔ آپ کے نہ ہونے کی وجہ سے کاروبار جہاد درہم برہم ہو رہا ہے۔ ان کی غمخواری ودلجوئی ہم سب پر لازم ہے۔ ان کے کھانے پینے کا انتظام دو چار آدمیوں کے بس کا نہیں، مناسب تدبیر یہ ہے کہ تمام رؤساء وخوانین اپنی اپنی بستیوں میں عشر کا انتظام کر دیں اور خود عشر جمع کر کے مقررہ مقامات پر پہنچا دیا کریں۔ ان بھائیوں میں سے کوئی تحصیل کیلئے کہیں نہ جائے گا۔ حاضرین نے یہ تجویز قبول کر لی اور پختہ اقرار کے بعد وہ واپس چلے گئے۔

قیاس یہ ہے کہ انتظام ہو جانے پر وہ مجاہدین بھی ست بہار چلے آئے جو بھٹکول میں مقیم تھے۔ اگرچہ کسی روایت میں اس کی تصریح نظر سے نہیں گذری، اگر وہ جائے قیام کی سہولت کے پیش نظر بھٹکول ہی میں مقیم رہے تو ان کے کھانے پینے کی چیزیں ست بہار سے پہنچنے لگیں۔

عید قرباں (۱۰ ذی الحجہ ۱۲۴۶ھ، ۲۲ مئی ۱۸۳۱ء) ست بہار ہی میں گذری۔ صاحبزادے نے قربانی کیلئے ایک بیل شیخ ولی محمد کے پاس بھیج دیا تھا، جسکا گوشت مجاہدین میں تقسیم ہوا۔ اس وقت تک سید صاحب کی شہادت پر سولہ دن گذر چکے تھے۔

جماعت کے دو حصے

نندھیاڑ کی تمام بستیوں سے عشر کا غلہ ایک مقام پر جمع کرنا بہت مشکل تھا۔ لہٰذا صاحبزادے نے مناسب سمجھا کہ جماعت مجاہدین کو دو حصوں پر تقسیم کر دیا جائے۔ چنانچہ اس نے شیخ ولی محمد امیر جماعت، مولوی نصیر الدین منگلوری اور مولوی محمد قاسم پانی پتی کو بلا کر کہا کہ بی بی صاحبہ، دوسری خواتین اور ساٹھ ستر مجاہدین ست بہار میں رہیں، ان کے گزارے کا بندوبست آس پاس کی بستیوں کے عشر سے ہوتا رہے گا، باقی مجاہدین میرے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بھائیوں کے ساتھ کوہانہ چلے جائیں، وہاں کی بستیوں کے عشر کا انتظام میرے بھائی کرلیں گے، اور چند روز بعد میں خود بھی وہاں آؤں گا، تاکہ پورے علاقے کا دورہ کر کے مجاہدین کیلئے قیام کی تمام سہولتیں مہیا کردوں۔ شیخ صاحب اور ان کے مشیروں نے صاحبزادے کی اس تجویز سے اتفاق کیا۔ چنانچہ ساٹھ ستر مجاہدین ست بہار میں ٹھہر گئے اور باقی اصحاب کوہانہ روانہ ہوگئے۔ شیخ ولی محمد نے مولوی محمد قاسم پانی پتی کو کوہانہ والی جماعت کا امیر بنادیا، یہی جماعت تھی جسے جہاد کا آغاز کرنا تھا۔ شیخ نے جو آدمی اپنے ساتھ رکھے تھے اُن کا مقصد دوسرا تھا۔

شیخ ولی محمد کے ہمراہی

جو لوگ شیخ صاحب کے ساتھ ست بہار میں رہے، اُن میں بی بی صاحبہ، دس گیارہ دوسری خواتین اور بارہ تیرہ بچوں کے علاوہ صرف مندرجہ ذیل اصحاب کے نام روایت میں مذکور ہیں: مولوی نصیر الدین منگلوری، سید حامد علی جھنجھانوی، حفیظ اللہ دیوبندی، اخوند فیض محمد غزنوی، محمد خیاط لکھنوی، اللہ بخش خیاط لکھنوی، مولوی عبدالحلیم بردوانی، خیر الدین ہزاروی، حاجی عبداللہ گورکھپوری، شیخ احمد حسین صادق پوری، محمود بنارسی، شیخ رمضانی بنارسی، ابراہیم نگرامی، عبداللہ گجراتی، عبدالاحد پھلتی، گلاب خاں (ساکن میان دوآب) حاجی فاضل پشاوری، ابراہیم خاں خیر آبادی، محمد حسین سہارنپوری، کریم بخش سہارنپوری، شاہ ولی سہارنپوری، عبدالرحیم جراح جالندھی، کریم بخش (ہمراہی مولوی نصیر الدین)، فتح محمد آدم پوری، حسن خاں عظیم آبادی، امان اللہ گڑھ مکتیشری، امان اللہ خاں لکھنوی، اخوند زعفران قندھاری، خضر خاں قندھاری، اشرف ولایتی، عبدالحمید سندھی، گل شیر خاں کالاباغ، نور کالاباغ، شہباز کالاباغ، احمد عیسیٰ خیل، اخوند محمد عظیم (کالو خاں)، غلام مولا (چملہ)، محمد زمان (چملہ)، حسین علی بڈھانوی، رحیم بخش بنارسی، امان اللہ خاں کنج پوری، میاں عبدالقیوم داروغہ، شیخ لکھمیر اور پیر محمد قاصد۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دونوں گروہوں کے مقاصد

طبعاً سوال پیدا ہوتا ہے کہ شیخ ولی محمد نے اپنے پاس کیوں تھوڑے آدمی رکھے اور بڑی جماعت کو کس غرض سے کوہانہ بھیج دیا؟ مجاہدین کا اصل کام یہ تھا کہ جلد سے جلد جہاد کا آغاز کر دیں اور اس نصب العین کے حصول کیلئے جانیں لڑا دیں جو انہیں اور سید صاحب کو وطنوں سے نکال کر سرحد لایا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ شیخ صاحب سب سے پہلے بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچا دینے کے آرزو مند تھے تا کہ ان کی حفاظت کے انتظامات سے فارغ ہو جائیں، پھر بہ اطمینانِ تمام جہاد کر سکیں۔ چنانچہ انہوں نے وہی آدمی معیت کیلئے چنے تھے جو بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کے کام میں مدد دے سکتے تھے۔ چونکہ یہاں سے دونوں گروہوں کے دائرہ ہائے کار عارضی طور پر مختلف ہو گئے تھے، اسلئے ان کی سرگرمیوں کے حالات الگ الگ بیان کرنے کے سوا چارہ نہیں۔ سب سے پہلے مجاہدین کی بڑی جماعت کے قیام کوہانہ کی کیفیت بیان کی جاتی ہے، اس کے بعد بتایا جائے گا کہ شیخ ولی محمد نے اپنے پیشِ نظر مقصد کے لئے کیا کچھ کیا۔

صاحبزادہ محمد نصیر کا دورہ

مجاہدین کی بڑی جماعت مولوی محمد قاسم پانی پتی کی سرکردگی میں کوہانہ پہنچی۔ بعد میں مولوی خیر الدین شیر کوٹی بھی کوہانہ چلے گئے۔ بعض اصحاب کو مسجد میں اُتارا گیا، بعض کے قیام کیلئے ایک احاطہ تجویز ہوا جو مسجد کے قریب واقع تھا اور اس میں صاحبزادہ محمد نصیر کے بزرگوں کی قبریں تھیں۔ عیال دار مجاہدوں کیلئے مکان خالی کرا دیے گئے۔ تین روز تک صاحبزادے کے بھائیوں کی طرف سے کھانے پینے کا انتظام ہوتا رہا، پھر انکے ذخیرے سے غلہ تقسیم ہونے لگا۔ تھوڑی دیر کے بعد صاحبزادہ محمد نصیر آ گئے، انہوں نے مجاہدین کو ساتھ لے کر گردونواح کی بستیوں کا دورہ کیا، جس کی اجمالی کیفیت ذیل میں درج ہے۔

(۱) کوہانہ سے بھٹ گرام گئے، جو کوس سوا کوس ہوگا۔ ناصر خاں نے سب کو دو روز

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اپنے پاس ٹھہرایا اور پرتکلف دعوتیں کیں۔ خود بھی صاحبزادہ اور مجاہدین کے ساتھ ہو گیا۔

(۲) تیسرے دن سب اصحاب حاجی میرا گئے۔ پہنچنے کے دن بھی بستی والوں نے دعوت کی، اگلے روز بھی کھانا کھلا کر رخصت کیا۔

(۳) حاجی میرا سے گنج بوڑی گئے۔ وہاں بھی شام اور صبح کو بستی والوں کی طرف سے دعوت کا انتظام ہوا۔

(۴) گنج بوڑی سے کوس سوا کوس سائی خاں کی گڑھی تھی، وہاں بھی ایک رات قیام کیا اور دونوں وقت کا کھانا بستی والوں نے کھلایا۔

(۵) پھر چھپر گرام گئے، جہاں ملاّ مقام نام درویش رہتا تھا۔ وہ ناصر خاں کا پیر اور سید صاحب کا مخلص تھا۔ اس نے خان موصوف کو تاکید کی کہ یہ مجاہدین خدا کی راہ میں جہاد کیلئے آئے ہیں اور ان کی خدمت سب پر لازم ہے۔ چھپر گرام میں دو مقام ہوئے۔

(۶) چھپر گرام سے جسول گئے۔ ایک روز دونوں وقت کا کھانا جسول کے رئیس شیخانے کھلایا، دوسرے روز بستی والوں نے دعوت کی۔

جسول سے سب لوگ کوہانہ واپس آ گئے۔ دورے میں ہر مقام سے دو چار اکابر ساتھ ہو جاتے تھے تاکہ عشر کے انتظام میں امداد دیں۔ کوہانہ سے میل ڈیڑھ میل پر بٹنگی نام ایک موضع تھا، وہ عشر کے غلے کا مرکز قرار پایا۔ تمام مجاہدین کو وہاں سے غلہ ملتا تھا۔ جو بستیاں کوس ڈیڑھ کوس پر تھیں، وہاں سے مجاہدین خود عشر لے آتے تھے۔ دور والی بستیوں سے صاحبزادہ محمد نصیر گدھے یا خچر بھیج کر منگوا لیتے تھے۔ بعض مجاہدین کو صاحبزادے نے مختلف بستیوں میں بٹھا دیا تھا۔ (۱)

---

(۱) یہ تمام تفصیلات ''وقائع'' سے ماخوذ ہیں۔ یہاں یہ بھی بتا دینا چاہئے کہ ہزارہ گزیٹیر اردو (مطبوعہ ۱۸۷۸ء) میں مرقوم ہے کہ بالاکوٹ کے بعد شیخ ولی محمد اور مولوی محمد قاسم براہ قندھار و کابل و شکار پور ہندوستان چلے گئے۔ ایک سال کے بعد ایک اور صاحب مولوی نصیر الدین کو لے کر شیخ ولی محمد پھر آئے اور اگرور، الئی، نندھیاڑ وغیرہ کے علاقوں میں رہے۔ ص: ۷۳۳۔ یہ ساری داستان سراسر غلط اور بے بنیاد ہے۔ اغلب ہے کہ نندھیاڑ سے سوات، بونیر اور خدوخیل کے قیام کو ہندوستان جانے سے تعبیر کر لیا گیا ہو۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دعوت وتبلیغ

مجاہدین کو مختلف بستیوں میں متعین کر دینے سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ دینِ حق کی دعوت وتبلیغ کا اچھا انتظام ہو گیا۔ عام لوگ اہم دینی مسائل سے ناواقف تھے، عام ملّا یا پیر جو کچھ انہیں بتا دیتے تھے، اسی پر عمل کرتے تھے۔ اگرچہ تمام مجاہدین کو علماء کا درجہ حاصل نہ تھا، تاہم وہ ضروری مسائل سے بخوبی آگاہ تھے۔ مولوی نجم الدین شکارپوری کو موضع تمائی میں متعین کیا گیا تھا۔ ان کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کی ایک مسجد میں رات کے وقت کوئی نہ رہتا تھا۔ اسلئے کہ عام تصور کے مطابق اُس میں جن مقیم تھا۔ وہی مسجد مولوی صاحب کے قیام کیلئے تجویز ہوئی۔ وہ بے تکلف وہاں رہنے لگے اور اس وجہ سے لوگ ان کے بہت معتقد ہو گئے کہ جن نے انہیں کوئی آزار نہ پہنچایا۔

ایک ملّا صاحب فصل کٹنے کے وقت پکھلی سے آکر غلہ وصول کرتے تھے۔ مولوی نجم الدین نے بات چیت کر کے انہیں اس بات پر آمادہ کر لیا کہ پکھلی کو چھوڑ کر آزاد علاقے میں آجائیں۔ اس لئے کہ پکھلی میں سکھوں کی حکومت تھی اور اس کی حیثیت دارالحرب کی ہو گئی تھی۔ مولوی صاحب کی گفتگو سن کر ملّا کو خیال ہوا کہ وہ بہت بڑے عالم ہوں گے، مگر یہ معلوم کر کے وہ حیران رہ گیا کہ مولوی نجم الدین نے کوئی کتاب نہ پڑھی تھی، صرف مولانا عبدالحئی اور شاہ اسماعیل سے مسائل سن کر دین کے متعلق ایسی معلومات حاصل کر لی تھیں جو خاصے پڑھے لکھے مولویوں کو بھی نصیب نہ تھیں۔ اس امر سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جماعتِ مجاہدین کی دینی فضا کی کیا کیفیت تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

نندھیاڑ کی سرگزشت

احوال وظروف

کوہانہ میں مجاہدین تقریباً دس مہینے مقیم رہے۔ میرا اندازہ ہے کہ جون ۱۸۳۱ء سے مارچ ۱۸۳۲ء تک۔ اس مدت میں نہ وہ آرزو کے مطابق جہاد کے لئے ابتدائی تدبیریں اختیار کر سکے اور نہ انہوں نے کوئی نمایاں کارنامہ انجام دیا۔ اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہاں انہیں مستقل حیثیت حاصل نہ تھی۔ وہ ہر اقدام کیلئے صاحبزادہ محمد نصیر، ان کے بھائیوں اور مقامی روساء وخوانین کی امداد ورہنمائی کے محتاج تھے۔ بطور خود نہ کوئی محاذ قائم کر سکتے تھے، نہ سکھوں کے کسی علاقے پر حملہ ویورش کے مجاز ومختار تھے۔ ہر قدم مقامی لوگوں کے اتفاق ورضامندی سے اٹھایا جا سکتا تھا اور انہیں متفق ورضامند کر لینا صاحبزادہ محمد نصیر یا اُن کے بھائیوں کی مصلحت اندیشی پر موقوف تھا۔ اگر وہ اپنی خواہش کے مطابق رزم وپیکار کا سلسلہ جاری کر دیتے تو شدید اندیشہ تھا کہ مقامی لوگ اُسے ناپسندیدہ قرار دے کر بگڑ جاتے اور مجاہدین کیلئے قیام کی بھی کوئی صورت باقی نہ رہتی۔

افسوس کہ اس احتیاط اور مقامی مصلحتوں کی انتہائی نگہداشت کے باوجود نندھیاڑ کی فضا مجاہدین کے لئے متواتر ناسازگار بنتی گئی، یہاں تک کہ انجامِ کار انہیں وہاں سے نکل کر نئے مامن کا رُخ کرنا پڑا۔

پہلا اقدام

قیامِ کوہانہ کے زمانہ میں سکھوں کے خلاف پہلے اقدام کی کیفیت یہ ہے کہ ایک روز

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھپر گرام کے چند آدمی صاحبزادہ محمد بشیر اور صاحبزادہ محمد نذیر کے پاس دوڑے آئے اور بتایا کہ سکھوں کا لشکر درہ کونش میں پہنچ گیا ہے۔ مجاہدین کی ایک جماعت کو ہمارے ہمراہ بھیج دیجئے تا کہ سکھوں پر واضح ہو جائے، ہم مقابلے کیلئے تیار بیٹھے ہیں۔ مولوی محمد قاسم پانی پتی امیر جماعت نے دس آدمی ان کے ساتھ کر دیے: شیر محمد خاں رام پوری، مستقیم، ابراہیم خاں، محمد یار خاں، شاہین مشوانی، نیک محمد لوہار، شہباز، امان خاں، شیخ وزیر پھلتی اور نجم الدین شکار پوری۔ انکے بھیجنے کا مقصد یہ تھا کہ حالات کا پورا اندازہ ہو جائے، اس کے بعد مناسب اقدام کی تدبیر اختیار کر لی جائے۔

مجاہدین کی یہ چھوٹی سی جماعت چھپر گرام پہنچی تو اردگرد تہلکہ بپا ہو گیا کہ مجاہدین کا حملہ ہونے والا ہے۔ مجاہدین نے باہم فیصلہ کر رکھا تھا کہ سکھوں سے مقابلے کی نوبت آئے تو بندوقوں کی باڑ مارتے ہی آس پاس کے پہاڑوں پر چڑھ جائیں گے۔ پھر مناسب کمین گاہوں میں بیٹھ کر اُن پر گولیاں چلاتے رہیں گے۔ دس آدمیوں کی مختصر سی جماعت کیلئے اسکے سوا لڑائی کی کوئی صورت نہ تھی، لیکن مجاہدین کی آمد کے آوازے نے سکھوں پر ایسی ہیبت طاری کر دی کہ وہ درۂ کونش سے باہر نکل گئے اور مجاہدین کو ہانہ واپس چلے گئے۔

بفہ پر شبخون

بفہ میدانِ پکھلی کے شمالی حصے میں تحصیل مانسہرہ کا مشہور مقام ہے، جو سرن ندی کے دائیں کنارے واقع ہے۔ اسے پہلے بھی اہم حیثیت حاصل تھی۔ صاحبزادہ محمد بشیر اور صاحبزادہ محمد نصیر نے مقامی لوگوں سے مشورے کے بعد بفہ پر شبخون کا فیصلہ کیا، جس پر غالباً ستمبر ۱۸۳۱ء میں عمل ہوا۔ (۱)

(۱) روایت کے الفاظ ہیں "اخیر موسم برسات کا تھا" ظاہر ہے کہ یہ ستمبر ہی کا مہینہ ہو سکتا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صاحبزادہ محمد نصیر کے فرزند محمد حسن نے گردونواح کی بستیوں میں پھر کر دوسو کے قریب مقامی آدمی جمع کیے۔ پچاس ساٹھ مجاہدین ساتھ لے لئے، انہیں شبخون کی تجویز کے متعلق کچھ معلوم نہ تھا۔ محمد حسن انہیں لے کر گڑھی سائی خاں ہوتا ہوا سعادت خاں کے بھانڈے پہنچا۔ وہاں پہنچنے کے بعد شبخون کی تجویز بتائی اور اس کے متعلق تفصیلی مشورہ کیا۔ بھانڈے سے روانہ ہوئے تو ایک بستی میں ٹھہرے۔ پھر ایک پہاڑ پر جا بیٹھے، آس پاس سے جو شخص بفہ کی طرف جاتا ہوا ملتا، اُسے پکڑ کر اپنے پاس بٹھا لیتے تاکہ شبخون کے متعلق کوئی اطلاع قصبے میں نہ پہنچ سکے۔ ہزارہ کے ایک شخص کرم خاں کو دریافتِ حالات کی غرض سے آگے بھیج دیا۔ اس کے پیچھے خود روانہ ہوئے۔ بفہ کے قریب پہنچے تو کرم خاں نے بتایا کہ قصبے کے تمام لوگ بالکل مطمئن بیٹھے ہیں اور کسی کو حملے کا خیال تک نہیں۔ محمد حسن نے تمام ساتھیوں کو تین گروہوں میں تقسیم کیا۔ ایک گروہ کو راہِ مراجعت کی حفاظت کیلئے متعین کر دیا، دوسرے گروہ کے ذمہ یہ کام لگایا کہ جہاں لڑائی کی نوبت آئے، لڑے۔ تیسرے گروہ کو روپیہ اور مال واسباب اٹھانے کا کام سونپا۔ لڑنا مجاہدین کے ذمہ تھا۔ انہوں نے قصبے میں پہنچتے ہی گلی کوچوں کی حفاظت کا بندوبست کر لیا۔ تھوڑی دیر میں مقامی لوگ بہت سا مال واسباب اٹھا کر قصبے سے باہر نکل آئے۔ تقریباً پچاس آدمیوں کو بھی گرفتار کر لائے۔ اس اثناء میں بیر کنڈ کی چھاؤنی سے سکھوں کا جیش آ پہنچا، لڑائی ہوئی، لیکن مجاہدین کا کوئی نقصان نہ ہوا۔ نمازِ فجر تک تمام لوگ صحیح سلامت اس پہاڑ پر پہنچ گئے، جہاں سے شبخون کے لئے روانہ ہوئے تھے۔

نتیجہ

مقامی لوگوں نے جو نقد روپیہ یا مال واسباب اٹھایا تھا، اسے اپنے اپنے گھر لے گئے۔ چند روز کے بعد بفہ کے مہاجن، صاحبزادہ محمد نصیر کے پاس آئے اور پھگواڑہ پہنچ کر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جو کوہانہ سے اڑھائی تین کوس ہے، اسیروں کی رہائی کیلئے بات چیت کی۔ بارہ یا تیرہ ہزار روپے پر فیصلہ ہوا۔ صاحبزادے نے یہ رقم اپنے آدمیوں پر اور مجاہدین میں تقسیم کر دی۔

قیامِ نندھیاڑ کا یہ آخری واقعہ ہے۔ اس کے بعد ذخیرۂ روایات میں اور کسی اقدام کا ذکر نہیں ملتا۔ سردیوں کے موسم میں پہاڑی علاقے کے اندر نقل و حرکت ویسے ہی دشوار ہو جاتی ہے۔ اغلب ہے کہ یہ وقت کسی پیش قدمی کے بغیر ہی گذرا ہو۔

مجاہدین کے خلاف ساز باز

صاحبزادہ محمد نصیر نے اپنے اثر و رسوخ سے کام لیکر بستیوں میں عشر جاری کر دیا تھا کہ مجاہدین کا گزارہ ہوتا رہے، لیکن میرا خیال ہے کہ اہل سمہ کی طرح عشر اہل نندھیاڑ کے لئے بھی ایک ناقابلِ برداشت بوجھ بن گیا، حالانکہ انہوں نے ست بہار میں بہ طیب خاطر یہ ذمہ داری قبول کی تھی۔ اغلب ہے، انہوں نے آہستہ آہستہ صاحبزادہ محمد نصیر سے یہ کہنا شروع کر دیا ہو کہ اس بوجھ سے ہمیں نجات دلائی جائے۔ صاحبزادے کیلئے صاف اور واضح طریقِ عمل یہ تھا کہ وہ مجاہدین کو صورتِ حال سے آگاہ کر کے خوشی خوشی رخصت کر دیتا۔ اس کیلئے وہ تیار نہ ہوا۔ شاید اسے خیال ہو کہ مجاہدین کی جماعت خاصی بڑی ہے اور وہ لوگ جانباز ہیں، مبادا ناراض ہو جائیں اور کشمکش کی نوبت آ جائے۔ بہر حال اہل نندھیاڑ میں بے اطمینانی کی یہ کھچڑی اندر ہی اندر پکتی رہی۔ مجاہدین تفصیلات سے آگاہ نہ تھے، لیکن انہوں نے احتیاطاً اپنے چند آدمی صاحبزادہ کے ساتھ متعین کر دیے تھے تاکہ اہل نندھیاڑ اور صاحبزدہ کے باہم مشوروں سے بے خبر نہ رہیں۔

صاحبزادہ محمد نصیر بستیوں میں دورے کیلئے نکلا اور چھپر گرام میں پہنچا تو وہاں مختلف مقامی لوگوں نے جمع ہو کر اس سے کہا کہ مجاہدین سے ہتھیار لے لئے جائیں اور انہیں رخصت کر دیا جائے، یا پھر ان سے اہل سمہ کا سا سلوک کیا جائے۔ یعنی یہ کہ جہاں جہاں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وہ بیٹھے ہیں، بہ یک وقت اچانک حملہ کر کے انہیں ختم کر دیا جائے۔

افشائے راز

خدا بخش رام پوری چھپر گرام میں مقیم تھے، وہاں کے چار بڑے خوانین میں سے شاہزادہ خاں، خدا بخش کا عزیز دوست تھا۔ سب سے پہلے اس نے سازش کی کیفیت خدا بخش پر یوں آشکارا کی۔

میں نے اور تم نے ساتھ کھانا کھایا ہے، تم میرے دوست ہو۔ میں نہیں چاہتا کہ میرے جانتے ہوئے تم کو ایذا پہنچے۔ بات یہ ہے کہ تم اپنے بھائی الٰہی بخش کو لے کر کسی طرف چلے جاؤ، یہاں رات کو بستی کے ملکوں نے جرگہ کیا ہے اور صاحبزادے سے کہا ہے کہ ہم لوگ تمہارے ساتھ ہو کر سکھوں سے جہاد کریں گے۔ مگر کسی طور اِن ہندوستانیوں کو ہتھیار لے کر رخصت کرو اور جو اِن کا مقابلہ کرنے کا خوف ہو تو جا بجا اس ملک کے دروں پر آدمی دوڑا دو کہ راستے روک لیں، کوئی نکلنے نہ پائے۔ سمہ والوں کا سا معاملہ ان سے کرو۔ (۱)

صاحبزادے سے گفتگو

خدا بخش کیلئے یہ کیونکر ممکن تھا کہ جماعت کو معرضِ ہلاکت میں چھوڑ کر اپنے آپ کو اور اپنے بھائی کو بچا کر نکل جاتا؟ اس نے غور و فکر کے بعد خود صاحبزادے سے رُو در رُو گفتگو مناسب سمجھی اور اپنا مدعا پہلے ایک مثال کی صورت میں پیش کرتے ہوئے کہا:

ایک شخص بادشاہ عالی جاہ کا مصاحب ہے۔ اس نے واسطے خوشنودیٔ بادشاہ کے ایک باغ لگایا اور اس میں درخت ہر طرح کے میووں اور پھلوں کے عمدہ عمدہ ہر ایک شہر اور بستی سے لا کر لگائے کہ اس کے میووں اور پھولوں کی ڈالی بادشاہ کی نذر کرے۔ سو اس باغ کی تازگی اور بہار دیکھ کر چند مفسد حاسدوں کو

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۳۱۸-۳۱۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رشک اور حسد آیا، یہاں تک کہ باغ کاٹ کر تباہ کر دیا اور الزام رسوائی دارین کا لیا۔(۱)

اس مثال کی تشریح کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امیر المومنین ہر شہر اور بستی سے مجاہدین کا لشکر جمع کر کے خدا کی رضا کیلئے جہاد کی غرض سے آئے تھے۔ اہل سمہ نے انہیں امام بنایا، پھر نفس کی شامت اور شیطان کے اغوا سے ایسا کام کیا کہ ان کے دامن سے بدنامی کا داغ قیامت تک نہ مٹے گا۔

صاف گوئی

پھر کہا کہ جنگِ بالاکوٹ کے بعد مجاہدین آپکے پاس آئے۔ آپنے ان کی خدمت گزاری سے نیک نامی حاصل کی۔ اب مفسد اور حاسد اسے برداشت نہ کر سکے اور بظاہر آپ کے دوست بن کر بدخواہی کے درپے ہو گئے۔ بستی والوں نے رات آپ سے جو مشورہ کیا ہے میں اس کا حال سن چکا ہوں۔

یہ سنتے ہی صاحبزادے پر گھبراہٹ طاری ہوگئی۔ آبدیدہ ہو کر بولا کہ مشورہ ضرور ہوا لیکن مجھے بتاؤ کہ میں کیا تدبیر اختیار کروں؟ خدا بخش نے جواب دیا کہ مولوی محمد قاسم پانی پتی اور مولوی خیر الدین شیر کوٹی (۲) کو کوہانہ سے بلایئے اور مجاہدین کو خوشی خوشی رخصت کر دیجئے، آپ الزام سے بچ جائیں گے اور ہم لوگ اس ملک سے سلامت نکل جائیں گے۔ صاحبزادے نے اس سے اتفاق کیا۔

محمد قاسم اور خیر الدین کو پیغام

خدا بخش نے معاً اپنے ایک ساتھی کو پورے حالات بتا کر مولوی محمد قاسم پانی پتی اور

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص:۳۲۱

(۲) اس سے واضح ہوتا ہے کہ تندرست ہونے کے بعد مولوی خیر الدین بھی ستہ بہار سے کوہانہ پہنچ گئے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی خیر الدین شیر کوٹی کے پاس کوہانہ بھیج دیا۔ انھوں نے حسن تدبیر سے کام لیتے ہوئے صاحبزادے کے بھائیوں اور بیٹے کو بلا کر کہا کہ کل ہم سب کو اسی وقت چھپر گرام بلایا ہے، شاید سکھوں پر چھاپہ مارنے کا ارادہ ہے۔ چنانچہ وہ سب تیار ہو گئے۔ چھپر گرام سے باہر ایک چشمے پر صاحبزادہ محمد نصیر سے بات چیت ہوئی۔ مولوی خیر الدین نے صاف صاف کہہ دیا کہ صاحبزادہ صاحب! پہلے آپ صرف پیر تھے۔ یہ لوگ آپ کی ضیافت کر کے یا مرغا مرغی نذر دے کر پیچھا چھڑا لیتے تھے۔ اب ہماری وجہ سے آپ ان کے حاکم بن گئے ہیں اور ان پر عشر مقرر کیا ہے۔ یہ لوگ حیلہ سازی سے آپ کی حکومت ختم کرنا چاہتے ہیں۔ یاد رکھئے ہمارے جانے کے بعد یہ آپ کو چھوڑ دیں گے اور عجب نہیں کہ بستی سے بھی نکال دیں۔

صاحبزادے کا اعتراف

صاحبزادے نے پھر آبدیدہ ہو کر اعتراف کیا کہ یہ سب سچ ہے، میری نیت یہ تھی کہ:

سید بادشاہ کے زمانے میں مجھ سے کچھ انکی رفاقت اور خدمت نہ ہو سکی۔ اس بات سے میں اپنے دل میں بہت نادم ہوا۔ جب آپ لوگ بالاکوٹ سے یہاں تشریف لائے تو میں نے چاہا کہ آپ کو اپنے پاس رکھوں اور کافروں سے جہاد کروں، شاید اسی کام سے اللہ تعالیٰ میری عاقبت بہ خیر کرے۔ سو حقیقت میں یہاں کے مفسدوں نے مجھے دھوکا دیا، اب وہ کسی طور پر میرے قابو میں نہیں رہے جو انہیں سمجھا بجھا کر راہِ راست پر لاؤں۔ آپ کو رخصت کرنے پر دل راضی نہیں ہوتا، مگر ناچار اور بے بس ہوں۔ خیر میں نے آپکو رخصت کیا اور خدا کو سونپا، جہاں رہو، میرے دوست ہو اور میں آپ کا خیر خواہ ہوں۔ (۱)

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۳۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نندھیاڑ سے روانگی

یوں دس مہینے کے بعد مجاہدین کو نندھیاڑ سے رخصت ہونا پڑا۔ شیخ ولی محمد اس سے پیشتر پنجتار تشریف لے گئے تھے، جسکے حالات آئندہ بیان ہوں گے۔ کوہانہ کے مجاہدین نے بھی پنجتار ہی کا رخ کرلیا۔ وہ کوہانہ سے بھٹ گرام پہنچے، جہاں ناصر خاں نے دونوں وقت پرتکلف کھانا کھلایا، دوروز دیشیوں کے علاقے میں رہے، پھر چار پانچ مقام بھٹکول میں کئے۔ مجاہدین کی روانگی کے بعد صاحبزادہ محمد نصیر کو حد درجہ افسوس ہوا اور اس نے انہیں روکنے کی غرض سے بھٹکول کے گھاٹ سے جالے بھی ست بہار منگوالئے تھے۔ مولوی خیرالدین شیرکوٹی نے دوبارہ صاحبزدے سے مل کر اسے مجاہدین کے چلے جانے پر راضی کرلیا اور جالے لے کر آئے۔ مجاہدین عبورِ دریا کے بعد سنڈاکئی پہنچے۔ ایک اور بستی میں ٹھہرتے ہوئے کابل گرام گئے، جہاں فتح خاں پنجتاری کا بھائی احمد خاں پیشوائی کیلئے ٹھہرا ہوا تھا۔ وہاں سے کرنا، برڈھیری، منگل تھانہ اور دکھاڑا ہوتے ہوئے پنجتار پہنچ گئے۔

مولوی محمد قاسم پانی پتی اور مولوی خیرالدین شیرکوٹی بھٹکول ہی میں رہے۔ انہوں نے مولوی عبدالحلیم بردوانی کو مجاہدین کا امیر بنادیا تھا۔ مولوی محمد قاسم کا عذر یہ تھا کہ پنجتار سے سید صاحب ہجرت کر کے آئے تھے، میں وہاں نہ جاؤں گا، نیز سید صاحب کے زندہ ہونے کی خبریں مل رہی ہیں، میں انہیں تلاش کروں گا۔ مولوی خیرالدین صرف سید صاحب کی تلاش کے خواہاں تھے۔ ضلع مظفرآباد کے تین نومسلم بھائی عبداللہ، عبدالکریم اور عبدالرحیم مولوی صاحب موصوف کے ساتھ رہے۔ جیسا کہ جماعتِ مجاہدین میں بتایا جاچکا ہے کہ مولوی خیرالدین بعد ازاں سرحد سے وطن چلے آئے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

شیخ ولی محمد کا سفرِ سوات و بونیر

پیش نظر مقصد

ہم بتا چکے ہیں کہ شیخ ولی محمد مجاہدین کی بڑی جماعت کو کوہانہ بھیجنے کے بعد خود اس غرض سے ست بہار ٹھہر گئے تھے کہ بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کیلئے کوئی مناسب تدبیر اختیار کر سکیں۔ صاحبزادہ محمد نصیر انتظامِ عشر کیلئے کوہانہ جانے لگے تو شیخ نے ان سے اجازت لے لی تھی کہ ہم لوگ تختہ بند (بونیر) سید میاں کے پاس جانا چاہتے ہیں، اسلئے کہ انہیں کے ذریعہ سے بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کا بندوبست کرایا جا سکتا ہے۔ صاحبزادے کو گئے ہوئے ایک مہینہ گذرا تو شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے باہم مشورہ کر کے اخوند محمد ارم کو بھٹکول سے بلایا اور کہا کہ تختہ بند پہنچنے کی کوئی مناسب تدبیر کر دیجئے۔ اخوند موصوف کی رائے پہلے ہی سے یہ تھی کہ صاحبزادہ محمد نصیر اور مجاہدین میں موافقت زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتی، لہٰذا بی بی صاحبہ کو یہاں سے نکال لے جانا ہی مناسب تھا، چنانچہ اخوند نے سنڈاکئی میں اپنی برادری کے لوگوں سے مشورہ کر کے ایک پروگرام بنالیا۔ براہِ راست تختہ بند جانے میں اندیشہ تھا کہ مختلف مقامات پر رکاوٹوں سے سابقہ پڑے، لہٰذا قرار پایا کہ کوہستانی علاقے سے سوات پہنچیں اور وہاں سے پلٹ کر بونیر آئیں۔ یہ راستہ یقیناً بے حد لمبا اور دشوار گزار تھا، لیکن اسے اختیار کئے بغیر محفوظ طریق پر تختہ بند پہنچنا ممکن نہ تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مشقت خیز سفر

روانگی کا فیصلہ ہو گیا تو شیخ ولی محمد نے کوہانہ میں مولوی محمد قاسم پانی پتی کو بھیجا کہ ہم بی بی صاحبہ کے ساتھ تختہ بند جا رہے ہیں۔ وہاں پہنچ کر جو کچھ لکھیں اسکے مطابق عمل پیرا ہونا۔ چنانچہ شیخ صاحب ست بہار سے بھٹکول پہنچے، وہاں سے عبورِ دریا کے بعد چار پانچ مقام سنڈاکئی میں کیے۔ اخوند محمد ارم اور ان کی برادری ہی کے لوگوں نے سوات اطلاع بھیج دی تھی، وہاں سے تین آدمی پیشوائی کے لئے سنڈاکئی آ گئے۔ ان میں سے خاص طور پر قابلِ ذکر خونہ کا صاحبزادہ تھا، جو سوات بالا میں درشخیلہ کے قریب ایک مشہور مقام ہے۔ سنڈاکئی سے بڑے بڑے پہاڑوں پر چڑھتے اترتے آٹھویں یا نویں روز مع الخیر خونہ پہنچے، صاحبزادے نے بی بی صاحبہ اور تمام مجاہدین کو اپنے پاس ٹھہرایا اور اردگرد کی بستیوں سے عشر کا غلہ لانے کا بندوبست کر دیا۔

تختہ بند اور ناواگئی میں پیغام

خونہ میں پہنچے ہوئے ایک مہینہ گذر گیا تو شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے باہم مشورہ کر کے مندرجہ ذیل اصحاب کو سید میاں کے پاس تختہ بند بھیجا: حاجی محمد فاضل پشاوری، ابراہیم خاں خیر آبادی، محمد حسین سہارنپوری، داروغہ عبد القیوم اور اخوند محمد عظیم (ساکن کالوخاں)، تاکہ سید موصوف سے بات چیت کر کے بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کا راستہ تجویز کرالیں۔

یہ لوگ تختہ بند پہنچے تو سید میاں نے بالاکوٹ کی جنگ کے پورے حالات سنے، پھر انہیں اپنے چچیرے بھائی سید رسول کے پاس ناواگئی (چملہ) بھیج دیا تاکہ ان کی رائے بھی لے لی جائے۔ سید صاحب پنجتار سے ہجرت کر کے راج دواری گئے تھے تو اپنی بہت سی فالتو چیزیں ناواگئی میں سید رسول کے پاس چھوڑ گئے تھے۔ مثلاً مسی ظروف، دو قیمتی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زر ہیں، تین خیمے، دو قالین وغیرہ، شیخ ولی محمد نے آدمیوں سے کہہ دیا تھا کہ اس سامان کی فروخت کا بندوبست ہو سکے تو فروخت کر دینا۔ سید رسول نے بھی بالاکوٹ کی جنگ کی تفصیلات پوچھیں۔

شیخ ولی محمد کو بلانے کا فیصلہ

پہلے قاصد تین مہینے تک واپس نہ ہوئے تو شیخ ولی محمد نے اخوند فیض محمد غزنوی کو بھیجا۔ اس اثناء میں سید میاں نے بونیر کے خوانین اور سید رسول نے چملہ کے خوانین کا جرگہ کیا، معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانے میں فتح خاں پنجتاری بھی سید میاں اور سید رسول کے پاس بار بار پیغام بھیجتا رہا کہ شیخ ولی محمد اور ان کے ساتھیوں کو میرے پاس لے آیئے، میں سید صاحب کا پرانا نیاز مند ہوں، ان بھائیوں کی خدمت میں کوتاہی نہ کروں گا۔ چنانچہ جرگوں اور طویل مشورہ کے بعد پورا اطمینان کر کے سید میاں اور سید رسول نے فیصلہ کیا کہ بی بی صاحبہ، شیخ ولی محمد اور مجاہدین کو خونہ سے اپنے پاس لے آئیں، پھر ان سے بات چیت کر کے جو کچھ قرار پائے، اس کے مطابق عمل کریں۔

خونہ سے تختہ بند

اس فیصلے کے بعد تختہ بند سے سید میاں اور ناواگئی سے سید رسول کے بھائی سید حسین شیخ ولی محمد کے قاصدوں کے ہمراہ خونہ گئے تا کہ مجاہدین کو ساتھ لے آئیں۔ کچھ معلوم نہیں کہ وہاں کیا بات چیت ہوئی، روایتوں میں صرف یہ بتایا گیا ہے کہ شیخ صاحب خونہ سے روانگی کے لئے تیار ہو گئے۔ جس صاحبزادے کے ہاں ٹھہرے ہوئے تھے، اس نے روانگی کے وقت پر تکلف دعوت کی۔ وہاں سے چلے تو چار باغ میں مقام کیا۔ سوات میں سید صاحب کے ایک مخلص عقیدت مند سید عبد القیوم تھے، وہ مجاہدین کے ساتھ رہے۔ چار باغ کے پیرزادے بھی ہمراہ ہو گئے۔ دو روز منگورہ میں قیام کیا۔ ایک ایک

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دن بری کوٹ، جوڑ اور ایلئی میں ٹھہرے۔ ہر مقام کے لوگوں نے مہانداری میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ تختہ بند پہنچے تو سید صاحب نے بی بی صاحبہ کے لئے الگ مکان خالی کرا دیا، باقی مجاہدین کے قیام کا بھی بہت عمدہ بندوبست کر دیا۔

تختہ بند اور ناواگئی

تختہ بند میں سیدوں کے چار گھر تھے۔ ایک سید میاں کا، دوسرا سید اعظم کا، تیسرا سید قاسم کا اور چوتھا سید سلیمان کا۔ ان چاروں نے ایک ایک دن مجاہدین کی دعوت کی۔ پھر باہم مشورے سے قرار پایا کہ بی بی صاحبہ تختہ بند میں ٹھہریں اور باقی مجاہدین کو شیخ ولی محمد کے ہمراہ ناواگئی بھیج دیا جائے۔ مندرجہ ذیل اصحاب بی بی صاحبہ کی خدمت کے لئے مقرر کر دیے گئے:

سید حامد علی جھنجھانوی، اخوند فیض محمد غزنوی، حفیظ اللہ دیوبندی، ابراہیم خاں خیرآبادی، اللہ بخش خیاط لکھنوی، شیخ گلاب ساکن میان دوآب، شیخ لکھمیر اور داروغہ عبدالقیوم۔

سید میاں اپنے دل میں طے کر چکے تھے کہ شیخ ولی محمد مجاہدین کے ہمراہ پنجتار چلے جائیں۔ تفصیلات آگے آئیں گی، لیکن جماعت میں سے کسی کو اس بارے میں کوئی علم نہ تھا، یہ راز ناواگئی پہنچنے پر منکشف ہوا۔

فتح خاں پنجتاری

فتح خاں ان خوانین میں سے تھا، جنہوں نے سید صاحب کے ورودِ سرحد کے ساتھ ہی آپ سے رشتۂ عقیدت استوار کیا تھا۔ اس کا وطن پنجتار کم وبیش چار سال سید صاحب کا مرکز رہا، اس اثناء میں اس سے کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہوئی جو جہاد فی سبیل اللہ میں اعانت کے منافی ہوتی، البتہ جب پشاوری سرداروں اور خوانین سمہ نے سید صاحب اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجاہدین کے خلاف کشت وخون کی خوفناک سازش کی تو فتح خاں کی حیثیت مشتبہ ہوگئی۔ وہ بظاہر سید صاحب سے عقیدت کا اظہار کر رہا تھا، لیکن صاف معلوم ہوتا تھا کہ سازشی خوانین سے بھی اس کا دوستانہ تعلق قائم ہے۔ اسکی یہی دورنگی پنجتار سے ہجرت کی فیصلہ کن محرک تھی، تاہم سید صاحب نے روانگی کے وقت اس کی برادری کے لوگوں کو یہ تلقین فرمائی تھی کہ فتح خاں کے فرمانبردار رہنا اور جو عشر ہمیں دیتے رہے ہو، وہ آئندہ فتح خاں کو دینا۔

بحالیٔ اقتدار کی کوشش

اس صورتِ حال پر وہ طبعاً پشیمان ہوا اور بحالیٔ اقتدار کی تدبیریں سوچنے لگا۔ جب اسے اطلاع ملی کہ شیخ ولی محمد مجاہدین کی ایک جماعت کے ساتھ سوات پہنچ گئے ہیں، اور سید میاں ساکن تختہ بند کے ساتھ نامہ وپیام جاری ہے تو اس نے بھی سید رسول ساکن ناواگئی اور سید میاں کے پاس پیغام بھیجے کہ میں بھی سید بادشاہ کا مرید اور خلیفہ ہوں، ایسی تدبیر کیجئے کہ شیخ ولی محمد میرے پاس تشریف لے آئیں، میں انکے کھانے پہننے کی ذمہ داری قبول کرتا ہوں، تمام مجاہدین کی خدمت کرتا رہوں گا اور ان کے ساتھ ہوکر سکھوں سے جہاد کروں گا۔

یہ پیغامات بار بار آئے تو سید میاں نے بونیر کے خوانین اور سید رسول نے چملہ کے خوانین کا اجتماع منعقد کیا، تمام حالات انہیں بتائے، ساتھ ہی کہا کہ اگر مجاہدین کو پنجتار بھیج دیا جائے اور فتح خاں کسی موقع پر ان سے دغا کرے تو ہماری بدنامی ہوگی۔ دنیا کہے گی کہ ان سیدوں نے مجاہدین کو خونہ سے بلا کر فریب کیا۔ آپ لوگ بتائیں کہ آپ اس کام میں ہمارے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہیں کہ نہیں؟ انہوں نے غور وفکر کے بعد جواب دیا کہ ہم بہرحال آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ مجاہدین کو بھیج دیجئے، فتح خاں کی مجال نہیں کہ آپ کو بیچ میں ڈال کر بدعہدی کرے۔ اگر خدانخواستہ اس نے کوئی نامناسب حرکت کی تو ہم سمجھ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لیں گے۔ اس دلجمعی کے بعد سید میاں مجاہدین کو خونہ سے تختہ بند لائے اور انہیں ناواگئی بھیج دیا جہاں سید رسول نے پہلی مرتبہ انہیں بتایا کہ آپ حضرات کو پنجتار بھیجنا منظور ہے۔

شیخ کا تأمل اور آخری فیصلہ

شیخ ولی محمد پر یہ حقیقت منکشف ہوئی تو انہوں نے پنجتار جانے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ فتح خاں دنیا دار آدمی ہے، اس کے پاس ہمارا گذارہ نہ ہوگا۔ اندیشہ ہے کہ وہ ہم سے دغا کرے۔ اس وقت سید رسول نے خوانین چملہ و بونیر کے جرگوں کی مفصل کیفیت بتادی اور کہا کہ ہم آپ کو ان خوانین کے اتفاق سے پنجتار بھیج رہے ہیں۔ فتح خاں میں یہ جرأت نہیں کہ چملہ و بونیر کے خوانین کی متفقہ رائے کے خلاف کوئی قدم اٹھائے۔ اس اثناء میں ہم پوری کوشش کریں گے کہ بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کی کوئی صورت پیدا کرلیں۔ دوسرے سید بادشاہ کے زندہ ہونے کی خبریں مل رہی ہیں، خدا کرے کہ اس اثناء میں وہ ظاہر ہو جائیں۔ اگر پنجتار کا قیام آپ کی رائے اور مرضی کے مطابق نہ ہوگا تو واپس چلے آنا، ہم آپ کو بھی سندھ پہنچادیں گے۔

تمام حالات سن کر شیخ ولی محمد نے یہ مشورہ قبول کرلیا۔

ناواگئی سے پنجتار

شیخ صاحب اور مجاہدین کو ناواگئی پہنچے ہوئے چھ سات روز گذرے تھے کہ فتح خاں کی طرف سے تین معتبر آدمی مجاہدین کو ساتھ لے جانے کیلئے ناواگئی آگئے۔ ان میں سے ایک تو تالی کا خان تھا، جس کا نام روایتوں میں سرکارئی بتایا گیا ہے۔ وہ فتح خاں کا خاص مصاحب اور رفیق تھا، دوسرا قاسم خیل کا قاضی تھا، تیسرا کوئی اور عالم۔

ناواگئی سے پنجتار کا سیدھا اور قریبی راستہ چندلئی (چنگلئی) میں سے تھا، وہاں کے لوگ فتح خاں کے دشمن تھے۔ انہوں نے شیخ ولی محمد کے پاس پیغام بھیج دیا کہ اگر چندلئی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں قیام منظور ہے تو بے تکلف تشریف لائیے، ہم سب خادم اور فرمانبردار ہیں، لیکن اگر فتح خاں کے پاس پنجتار جانا مقصود ہے تو چندلئی ہرگز نہ آیئے اور کوئی دوسرا راستہ اختیار کیجئے۔ اس وجہ سے لمبا اور پُرپیچ راستہ اختیار کرنا پڑا۔

سید رسول نے اپنے چھوٹے بھائی سید اعظم کو جماعتِ مجاہدین کے ہمراہ کر دیا وہ ناواگئی سے روانہ ہو کر مختر نئی (۱) میں ٹھہرے، جہاں سید رسول کی سسرال تھی۔ سید موصوف کے خسر نواب خاں نے نصف مجاہدین کی دعوت کی باقی لوگوں کو بستی والوں نے کھانا کھلایا۔ اگلے روز منگل تھانہ پہنچے جو سید میاں کے بھائی بندوں کی بستی تھی۔ شاہ رنداں وہاں کا رئیس تھا۔ کابل اخوندزادے کا گھر بھی وہیں تھا۔ تیسرے دن دکھاڑہ ہوتے ہوئے پنجتار کا رخ کیا۔ اہل دکھاڑہ نے بہ اصرار روکنا چاہا، شیخ صاحب نے معذرت کی، پنجتار سے ایک کوس کے فاصلے پر فتح خاں پیشوائی کیلئے موجود تھا۔

یوں تقریباً ایک سال (۲) کے بعد مجاہدین پھر پنجتار میں وارد ہوئے، جسکی سرزمین کا چپہ چپہ چار سال تک ان کی مجاہدانہ سرگرمیوں کا مرکز رہا تھا۔ لیکن اب ان کی حالت وہ نہ تھی، جس میں وہ پنجتار سے رخصت ہوئے تھے۔ سید صاحب، مولانا شاہ اسماعیل اور دوسرے، بہت سے اکابر راہِ حق میں شہادت پا چکے تھے۔ اگرچہ ان کے بلند مقاصد اور ان کی خاطر پہلی سی فداکاری میں کوئی فرق نہ آیا تھا، تاہم ان کی سابقہ شان باقی نہ رہی تھی۔

---

(۱) یہ خدوخیلوں کا گاؤں ہے، جو فتح خاں کے ہم قوم تھے۔ رواجوں میں اسے مکہڑنی لکھا گیا ہے۔ صحیح تلفظ مختر نئی ہے۔

(۲) سید صاحب نے وسطِ رجب ۱۲۴۶ھ میں پنجتار سے ہجرت کی تھی۔ ۲۴ ذی قعدہ کو بالاکوٹ کی لڑائی ہوئی۔ عید الاضحیٰ تک مجاہدین ست بہار پہنچ چکے تھے۔ شیخ ولی محمد نے پونے دو مہینے وہاں بسر کیے، گویا محرم ۱۲۴۷ھ کا مہینہ ست بہار ہی میں گزارا۔ بی بی صاحبہ کے ساتھ روانہ ہو کر تقریباً پندرہ دن میں (بہ شمول قیام وسفر) خونہ پہنچے، ایک مہینے کے بعد قاصد تختہ بند بھیجے، تین مہینے مشوروں میں گذر گئے، پھر کچھ وقت خونہ سے تختہ بند و ناواگئی اور پنجتار پہنچنے میں لگا، لہٰذا میرا اندازہ ہے کہ جمادی الاخریٰ یا رجب میں وہ پنجتار پہنچے ہوں گے۔ یوں ایک سال کی مدت بن گئی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قیام کا انتظام

یاد ہوگا کہ سید صاحب نے پنجتار میں مجاہدین کیلئے مکان بنوا کر ایک مستقل آبادی کا انتظام کرلیا تھا۔ فتح خاں نے وہ تمام مکان مجاہدین کے حوالے کردیے اور شیخ ولی محمد امیر جماعت کو اس برج میں ٹھہرایا، جس میں سید صاحب رہتے تھے۔ دو روز تک فتح خاں کے ہاں سے کھانا آتا رہا، پھر غلے کا وہ ذخیرہ ان کیلئے کھول دیا گیا جو سید صاحب کے زمانے سے محفوظ چلا آتا تھا اور معمول کے مطابق غلہ تقسیم ہونے لگا۔

مولوی محمد قاسم اور مولوی خیر الدین شیر کوٹی مجاہدین کی بڑی جماعت کے ساتھ کوہانہ ہی میں مقیم تھے۔ شیخ ولی محمد نے پنجتار پہنچتے ہی آدمی بھیج دیئے کہ سرکاری اونٹ پنجتار لے آئیں۔ اسلئے کہ نندھیاڑ میں سردی زیادہ تھی جو اونٹوں کیلئے سازگار نہ تھی۔ جنگ زیدہ کے بعد اونٹوں کی تعداد اسّی کے قریب پہنچ گئی تھی، پھر مرتے مرتے دس بارہ رہ گئے۔ مولوی محمد قاسم اور مولوی خیر الدین نے اونٹوں کے ساتھ احمد یار خاں، کریم اللہ خاں، عبدالحمید خاں، نور سندھی، اخوند خیر الدین، حاجی عبداللہ گورکھپوری اور حاجی یوسف کشمیری کو بھیج دیا۔ محمد قاسم ساکن امروہہ کو ان کا امیر بنا دیا۔ یہ لوگ سگی پہنچے، جہاں سے دریا عبور کرنا تھا۔ چھ سات روز تک عبور کا کوئی انتظام نہ ہوسکا، اس لئے کہ کشتیوں والے ایک روپیہ فی اونٹ مانگتے تھے، پھر اتفاق سے وہاں سخت زلزلہ آیا، لوگوں نے سمجھا کہ زلزلہ سید صاحب کے اونٹ پار نہ اُتارنے کی سزا ہے۔ چنانچہ انہوں نے بلا اجرت اونٹ پار اتار دیئے۔ چھ سات دن میں یہ لوگ پنجتار پہنچ گئے، اس سے تقریباً تین مہینے بعد کوہانہ کے مجاہدین بھی پنجتار آ گئے۔ ان کی آمد کے حالات پیشتر بیان کئے جا چکے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

مجاہدین پنجتار میں

(۱)

پریشان حالی کی وجہ

ممکن ہے آپکے دل میں سوال پیدا ہو کہ مجاہدین کیوں ایک مقام پر جم کر نہ ٹھہر سکے اور کس وجہ سے انہیں پے در پے اپنی قیام گاہیں چھوڑنی پڑیں؟ وہ پہلے نندھیاڑ میں ٹھہرے تھے، لیکن ہم بتا چکے ہیں کہ دس مہینے کے بعد انہیں وہاں سے مجبوراً نکلنا پڑا۔ پنجتار میں بھی ان کیلئے مستقل قیام غیر ممکن ہو گیا جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔ اس کے بعد پایندہ خاں تنولی ان کا رفیق بن گیا، لیکن اس سے بھی نبھ نہ سکی۔ آخر انہیں ستھانہ میں اقامت اختیار کرنی پڑی۔ اس پریشان حالی کا سبب یہ ہے کہ ساداتِ ستھانہ کے سوا سرحد کے اکثر خوانین اور پیرزادے صرف نمود و نمائش کے پرستار تھے۔ جہاد فی سبیل اللہ کے لئے ان کے دلوں میں کوئی مخلصانہ جذبہ موجزن نہ تھا۔ مجاہدین کی قوت و جانبازی سے دنیوی اغراض میں فائدہ اٹھانے کیلئے وہ تیار ہو جاتے تھے، لیکن نہ وہ للّٰہیت کی روح سے آشنا تھے اور نہ مجاہدین کے گزارے کا معمولی انتظام انھیں قابل برداشت معلوم ہوتا تھا۔ مجاہدین للّٰہی مقاصد کی خاطر ہر پیشکش کو قبول کر لینے پر آمادہ ہو جاتے تھے، لیکن جب حقیقی مقاصد کیلئے مخلصانہ کام میں اعانت سے کامل مایوسی ہو جاتی تھی تو انہیں اس کے سوا چارہ نہ رہتا تھا کہ کوئی دوسرا مامن تلاش کریں۔ صرف ستھانہ، چملہ اور بونیر کے حضرات کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دامن غرض پرستی کے لوث سے پاک رہا، یہی وجہ ہے کہ ان کے سوا مجاہدین کی حقیقی اعانت ورفاقت کا حق کوئی ادا نہ کرسکا۔

ہری سنگھ نلوہ کا خط

مجاہدین کو پنجتار پہنچے ہوئے تھوڑی ہی مدت گذری تھی کہ ہری سنگھ نلوہ سرحد پہنچا اوراس نے خواص خاں خٹک رئیس اکوڑہ کو وکیل بنا کر تمام خوانین سمہ کے پاس بھیجا کہ خراج ادا کریں۔ ایک خط فتح خاں پنجتاری کے نام بھی آیا کہ تمہارے پاس سید صاحب کی توپیں محفوظ ہیں، وہ حوالے کردو، ورنہ لڑائی کیلئے تیار ہوجاؤ۔ فتح خاں نے اس کا جو جواب دیا اس کا خلاصہ یہ ہے:

(۱) مجھے سید بادشاہ کی توپوں کے متعلق کچھ علم نہیں، مجاہدین کو ان کا پتہ ہوگا اور وہ میرے قابو میں نہیں۔

(۲) اگر تم یورش کرو گے تو جب تک لڑسکوں گا لڑوں گا۔ دباؤ بڑھے گا تو اپنے لوگوں کو لے کر پہاڑ پر چڑھ جاؤں گا۔

(۳) زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ تم لوگ میری بستیوں کو برباد کرڈالو گے، لیکن تمہاری واپسی کے بعد پھر آکر انہیں آباد کرلوں گا۔

مقابلے کی تیاری

چونکہ سکھوں کی یورش کا شدید خطرہ لاحق تھا، اس لئے فتح خاں نے اپنے ہم قوموں کے علاوہ چملہ اور بونیر کے تمام خوانین ورؤسا کے پاس پیغامات بھیج دیے کہ سکھ پنجتار پر پیش قدمی کرنیوالے ہیں، اگر چملہ وبونیر کا یہ دروازہ ان کے قبضے میں آگیا تو تم لوگوں کی آبادی بھی محفوظ نہ رہ سکے گی، لہٰذا پنجتار کو بچانے کی غرض سے جو کچھ کرسکتے ہو اُسکے لئے تیار ہوجاؤ۔ چنانچہ تھوڑے ہی دنوں میں تین ہزار تین سو پچاس جانباز پنجتار میں جمع ہوگئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سید صاحب کے زمانہ قیام میں بھی سکھوں نے پنجتار پر حملے کی تیاری کی تھی اور سید صاحب کے حکم سے مناسب مقامات پر دفاعی مورچے بنالئے تھے۔ وہ مورچے محفوظ تھے، اور ان میں آدمی بٹھا دیے گئے، رات کے وقت فتح خاں کے سوار درے کے دہانے پر پہرہ داری کے لئے پہنچ جاتے تھے، اس طرح پنجتار کی حفاظت ہوتی رہی۔

خواص خاں سے گفتگو

اس اثناء میں ہری سنگھ کی طرف سے خواص خاں پہنچ گیا اور پیغام بھیجا کہ فتح خاں جہاں چاہے، گفتگو کر لے۔

چنانچہ سلیم خاں کا میدان گفتگو کیلئے تجویز ہوا، قرار پایا کہ فتح خاں اور خواص خاں بیس بیس پچیس پچیس سوار اور اتنے ہی پیادے لیکر اس میدان پہنچ جائیں۔ مجاہدین میں سے کوئی شخص فتح خاں کے ساتھ نہ گیا، البتہ شیخ نجم الدین رامپوری بطور خود ساتھ ہو گئے۔

گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ خواص خاں نے سید صاحب کی توپوں کا مطالبہ کیا۔ فتح خاں نے وہی جواب دیا جو اس سے پیشتر خط میں لکھ چکا تھا۔ خواص خاں نے کہا کہ خیر اس معاملے کو جانے دو، مگر دوسرے خوانین کی طرح گھوڑا اور باز دے کر ہری سنگھ سے پیچھا چھڑاؤ۔ فتح خاں نے کہا کہ گھوڑے کی جگہ گدھا اور باز کی جگہ چڑیا بھی نہیں دے سکتا۔ خواص خاں اس پر ناراض ہو کر چلا گیا اور فتح خاں واپس آ گیا۔ دفاعی انتظامات بدستور قائم رہے۔ جب تیسرے چوتھے روز معلوم ہوا کہ سکھوں کی فوج دریا عبور کر کے واپس چلی گئی ہے تو فتح خاں نے اپنی برادری اور چملہ و بونیر کے لشکروں کو پنجتار سے رخصت کر دیا۔

نجم الدین کی گرفتاری

ہم بتا چکے ہیں کہ نجم الدین رام پوری بطور خود فتح خاں کے آدمیوں کے ساتھ چلے گئے تھے۔ سلیم خاں کے میدان میں پہنچ کر وہ سکھوں کی فوج کے مسلمانوں میں تبلیغ حق

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کرتے رہے، اس بنا پر گرفتار ہو گئے۔ انہوں نے خود اس ابتلاء کے حالات یوں بیان کئے کہ میں دو دفعہ سکھوں کے لشکر میں گیا اور مسلمانوں کو وعظ و نصیحت سے راہ پر لایا۔ وہ سکھوں کی نوکری چھوڑ کر ہمارے پاس آنے کو تیار تھے، اس اثناء میں مجھے گرفتار کر کے لاہور بھیج دیا گیا۔ یہ خبر رنجیت سنگھ تک پہنچی تو مجھے دربار میں بلایا گیا۔ مہاراجہ نے دیکھتے ہی میری زنجیریں اتروادیں اور کہا کہ میں نے خلیفہ صاحب (۱) کے مجاہدوں کی بھرماری کے متعلق بہت کچھ سنا ہے، ذرا مجھے بھی اس کا نمونہ دکھاؤ۔ چنانچہ میں نے بھرماری کے کئی فائر کئے۔ رنجیت سنگھ بہت خوش ہوا اور کہا ہماری نوکری کرلو، میں نے جواب دیا کہ ہم جہاد کیلئے یہاں آئے ہیں، کسی کی نوکری نہیں کر سکتے۔

غرض مہاراجہ نے نجم الدین کو ایک تیلیا گھوڑا، دو بنارسی دوپٹے اور پچاس روپے نقد دے کر اپنے آدمیوں کو تاکید کر دی کہ یہ جہاں جانا چاہے، بہ حفاظت پہنچا دو۔ چنانچہ نجم الدین کو اٹک پہنچا دیا گیا، وہاں سے وہ پنجتار آ گئے۔ گھوڑا، دوپٹے اور روپے شیخ ولی محمد کی خدمت میں پیش کر دیے کہ یہ چیزیں خدا کا مال ہیں اور انہیں بیت المال میں داخل کرلیا جائے۔

فتح خاں اپنے اصلی رنگ میں

سکھوں کی طرف سے اطمینان ہو گیا تو فتح خاں نے یہ تجویز پیش کر دی کہ میری قوم کی بستیاں مجھ سے باغی ہیں۔ اب ضروری ہے کہ انہیں میری اطاعت پر مجبور کر کے عشر کا انتظام کیا جائے تاکہ مجاہدین کے گزارے کا بندوبست ہو سکے۔ میں تنہا اتنے بڑے لشکر کے خرچ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ مجاہدین کو پنجتار لانے میں اس کی اصل غرض یہی تھی، مجاہدین کی امداد کے بغیر وہ کسی بستی کو اپنے تابع نہ لا سکتا تھا۔

(۱) ''سیرت سید احمد شہید'' میں بتایا جا چکا ہے کہ سکھ سید صاحب کو ''خلیفہ صاحب'' کہتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شیخ ولی محمد نے مجلس شوریٰ منعقد کی، جس میں مندرجہ ذیل اصحاب شریک تھے:
مولوی نصیر الدین منگلوری، محمد سعید خاں جہان آبادی (متصل رائے بریلی)، پیر مبارک علی جھنجھانوی، ملاّ علی خاں کنڈوہی، اخوند گل پشاوری، اللہ نور شاہ ساکن ٹوپی، بابر شاہ ننگرہاری، جعفر خاں ترین ہزاروی، منشی محی الدین کشمیری، خوش باش امازئی، ملاّ لعل محمد قندھاری، ملاّ نور محمد قندھاری، ملا لعل میر قندھاری، خضر خاں قندھاری، عبد الصمد خاں خیبری، ملا گلزاری محمد خیبری۔ اس مجلس میں قندھاری اور ہندوستانی مجاہدوں کے علاوہ دوسرے اصحاب کو بھی شامل کرلیا گیا۔

مصالحت کی تجویز

فتح خاں کی تجویز سنتے ہی سب بول اٹھے کہ وہ اپنے اصل رنگ میں ظاہر ہو رہا ہے۔ دنیادار آدمی ہے، اپنی سرداری اور ناموری چاہتا ہے، دین سے اسے کچھ غرض نہیں۔ ہم لوگ حجتِ شرعی کے بغیر مسلمانوں پر فوج کشی نہیں کر سکتے۔ چنانچہ غور ومشورہ کے بعد مجاہدین نے فتح خاں سے کہہ دیا کہ تمام بستیوں کو مصالحت کا پیغام بھیجو، اگر قبول کرلیں تو معاملہ ختم ہو جائیگا، قبول نہ کریں اور مقابلے کیلئے تیار ہوں تو پھر سوچا جائے گا کہ اس سلسلے میں مناسب راہِ عمل کیا ہونی چاہئے۔

چنانچہ پنجتار کی چار بستیوں قاسم خیل، غورغشی، سنگ بٹی اور خلی کلئی (۱) کے باشندوں نے مصالحت کا پیغام ملتے ہی کہلا بھیجا کہ ہم ہر خدمت کیلئے حاضر ہیں اور ہمارے لئے جو کچھ تجویز کیا جائے وہ ہمیں بے تکلف منظور ہے۔ اس طرح پنجتار کے گرد ونواح کا معاملہ خوش اسلوبی سے طے ہو گیا، البتہ باقی بستیاں مصالحت کیلئے تیار نہ ہوئیں اور ان کے متعلق جو تدبیریں اختیار کرنی پڑیں وہ تفصیلاً آئندہ باب میں بیان کی جائیں گی۔

(۱) ''وقائع'' کی اس روایت سے معلوم ہوا کہ جس مقام کو آج کل پنجتار کہتے ہیں، اس کا اصل نام سیدو تھا اور ابتدا میں پانچوں بستیوں کے لئے پنجتار کا نام استعمال کیا جاتا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

مجاہدین پنجتار میں
(۲)

''جھنڈا بوکا'' کا قضیہ

آس پاس کی بستیوں کا فیصلہ مصالحت سے ہوگیا تو فتح خاں نے جھنڈا بوکا کے خان فیض اللہ خاں پر لشکر کشی کا ارادہ کرلیا اور شیخ ولی محمد سے اعانت کا طلب گار ہوا۔ شیخ نے جواب دیا کہ بلاشبہ آپ ہمارے معاون ہیں، ہمیں اپنے ہاں ٹھہرنے کیلئے جگہ دی ہے، لیکن ہم صرف امیر المومنین کے انتظار میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔ اگر آپ کو غیر مسلموں سے جہاد درپیش ہو تو ہم جانیں دینے کیلئے تیار ہیں، مسلمانوں سے نہیں لڑ سکتے۔ ہمیں مہلت دیجئے۔ فیض اللہ خاں کے پاس اپنے آدمی بھیجیں گے اور مصالحت کی کوئی صورت نکالیں گے۔

فیض اللہ کے پاس پیغام

چنانچہ شیخ صاحب نے شیخ فتح علی عظیم آبادی کو تقریباً بیس مجاہدین کے ساتھ فیض اللہ خاں کے پاس بھیج دیا۔ خان موصوف نے کہا میں سید بادشاہ کا مطیع و فرمانبردار رہا، اب شیخ ولی محمد کا اطاعت گزار ہوں۔ اگر وہ اپنا ایک آدمی بھیج دیں کہ جھنڈا بوکا خالی کر کے باہر چلے جاؤ تو ہرگز پس و پیش نہ کروں گا۔ فتح خاں مجھ پر زیادتی کرتا ہے، اس کی کوئی بات

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نہیں مان سکتا۔ اسے میری طرف قدم اٹھانے کا حوصلہ نہیں ہوسکتا، صرف آپ لوگوں کے بل پر چڑھائی کا ارادہ کئے بیٹھا ہے۔

شیخ فتح علی بات چیت کے بعد فیض اللہ خاں سے کہہ آئے کہ اس قضیے کو ختم کرنے کیلئے اگر شیخ ولی محمد جھنڈا بوکا خالی کرنے کا پیغام بھیج دیں تو اسے ضرور قبول کر لینا، مقصود صرف یہ ہوگا کہ فتنہ بڑھنے نہ پائے اور حسنِ تدبیر سے امن کی صورت پیدا ہو جائے۔

چڑھائی اور مصالحت

فتح خاں کو فیض اللہ خاں سے قلبی عداوت تھی، لہٰذا اس نے انتظار کئے بغیر چڑھائی کر دی۔ شیخ صاحب نے کوئی ایک سو کے قریب مجاہدین اس غرض سے ساتھ روانہ کئے کہ جس طور بھی ممکن ہو صورتِ حال کو سنبھالیں۔ ملا نعمت قندھاری، بابر شاہ ننگرہاری اور سید اللہ نور شاہ ساکن ٹوپی ان مجاہدین کے افسر قرار پائے۔ فیض اللہ خاں کو الگ پیغام بھیج دیا کہ آپ مقابلہ ہرگز نہ کریں اور دو چار روز کیلئے باہر چلے جائیں۔ مال و اسباب کی حفاظت کے ذمہ دار ہم ہیں۔ فتح خاں کے آدمیوں اور اپنے مجاہدوں کو تاکید کر دی کہ فیض اللہ خاں جھنڈا بوکا سے چلا جائے تو اس کے مال و اسباب پر ہرگز دست اندازی نہ کی جائے۔ فیض اللہ خاں نے شیخ صاحب کے مشورے کے مطابق عمل کیا۔ اس کا مال و اسباب کا ملا محفوظ رہا اور تمام لوگ ایک رات جھنڈا بوکا میں گزار کر پنجتار واپس آ گئے۔ یہ قضیہ یوں خوش اسلوبی سے ختم ہو گیا۔

باجا بام خیل کا معاملہ

جھنڈا بوکا کے بعد فتح خاں نے باجا بام خیل کا معاملہ پیش کر دیا، جہاں تین بھائی سرداری کے منصب پر فائز تھے۔ ایک خانی، دوسرا محب اللہ خاں، تیسرے کا نام معلوم نہ ہو سکا۔ شیخ ولی محمد نے اس معاملہ کو بھی مصالحت سے ختم کر دینے کی انتہائی کوشش کی، لیکن

www.BestUrduBooks.wordpress.com

محب اللہ خاں مفسد اور ضدی آدمی تھا، اس نے کوئی تدبیر کارگر نہ ہونے دی، بلکہ فتح خاں کو کہلا بھیجا کہ تم ہندوستانی مجاہدوں کے بل پر مجھے دبانا چاہتے ہو، میں ہرگز نہ دبوں گا۔ اپنے بھائی بندوں سے مشورہ کروں گا، اگر انہوں نے صلح کی رائے دی تو صلح کرلوں گا، ورنہ تمہارے مقابلے پر جما رہوں گا۔

واضح رہے کہ یہ شخص مجاہدین کے خلاف اہلِ سمنہ کی سازشِ قتل میں پیش پیش تھا اور میلئی کے مقام پر مجاہدین کی ایک بڑی جماعت کو شہید کرانے میں اسکی انگیخت بھی شامل تھی۔

یورش

فتح خاں، محب اللہ خاں کا پیغام سن کر یورش کیلئے تیار ہوگیا تو شیخ ولی محمد نے بھی یہی مناسب سمجھا کہ اپنے مجاہدین کو تیاری کا حکم دیدیں۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ حتی الامکان مصالحت کی صورت پیدا کریں یا کم از کم باہمی کشمکش اور خونریزی کو بڑھنے اور پھیلنے نہ دیں۔ اگرچہ وہ اُن دِنوں بیمار تھے، تاہم خود مجاہدین کے ساتھ جانے کیلئے تیار ہوگئے۔ نمازِ عشاء کے بعد فتح خاں کے لشکر اور مجاہدین پنجتار سے روانہ ہوئے۔ بام خیل سے نصف کوس پر درختوں کا ایک جھنڈ تھا، وہاں ٹھہر کر تین آدمی اس غرض سے بھیجے گئے کہ دیکھیں صلح کا کوئی امکان ہے یا نہیں، جب معلوم ہوا کہ مقابلے کیلئے باقاعدہ مورچہ بندی کرلی گئی ہے تو لڑائی ناگزیر ہوگئی۔

جنگ

چنانچہ پورے لشکر کے دو حصے کرلئے گئے۔ مولوی نصیرالدین اور فتح خاں ایک حصے کو لے کر مشرقی جانب سے بستی میں داخل ہوئے۔ شیخ ولی محمد نے دوسرے حصے کے ساتھ شمالی جانب سے پیش قدمی کی۔ اس طرح مقابلہ کرنے والے دونوں لشکروں کے درمیان گھر گئے۔ بستی سے باہر نکلنے کا اور کوئی راستہ نہ تھا۔ شیخ صاحب کے ساتھ تھوڑے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آدمی تھے، اس لئے مدمقابل نے ادھر کا رخ کیا۔ شاہباز ساکن بنوں، شیر محمد خاں رام پوری اور محمد امیر خاں قصوری نے قرابینیں چلائیں، بستی کے تین سرداروں میں سے دو وہیں گر گئے، تیسرا جس کا نام خانی تھا، گرفتار ہوگیا۔ مولوی نصیر الدین نے فوراً امن کا اعلان کر دیا۔ لڑائی روک دی اور سب کو تاکید فرمادی کہ کسی کے مال پر ہاتھ نہ ڈالا جائے۔

اس لڑائی میں تین مجاہد شہید ہوئے: ایک حبیب خاں ساکن بونیر، دوسرا خدا بخش ساکن امروہہ، تیسرا قوم کا مشوانی تھا اور اس کا نام معلوم نہ ہوسکا۔ مقامی ملاؤں کو اجازت دے دی گئی کہ مقتول خوانین کو دفن کر دیں۔

خانی کی رہائی

فتح خاں چاہتا تھا کہ خانی کو قتل کرادے اور تینوں خوانین کے اہل وعیال گرفتار کر کے پنجتار لے جائے۔ شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے روک دیا، فرمایا کہ مقابلے میں جو مارا گیا، مارا گیا۔ اب کسی کی جان مال یا آبرو پر ہاتھ نہیں ڈالا جاسکتا۔ مقامی ملاؤں اور عالموں نے خانی کی رہائی کا مطالبہ کیا، شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے یہ اقرار لے کر اسے رہا کرادیا کہ وہ آئندہ فتنہ وفساد سے محترز رہے گا۔ فتح خاں دل سے اس امر پر راضی نہ تھا، لیکن شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین کی رائے اسے ماننی پڑی۔ باجا بام خیل سے وہ اپنا لشکر مرغز اور..... لے گیا۔

زیدہ کی سرداری کا مسئلہ

سیرت سید احمد شہید میں تفصیلاً بتایا جاچکا ہے کہ زیدہ کے خان اشرف خاں کی وفات پر اس کا بڑا بیٹا مقرب خاں سردار بنا تھا۔ اگرچہ خود اشرف خاں اپنے منجھلے بیٹے فتح خاں کو سردار بنانا چاہتا تھا۔ کچھ مدت کے بعد مقرب خاں زیدہ چھوڑ کر چلا گیا اور سید صاحب نے فتح خاں کو وہاں کا سردار بنادیا۔ سید صاحب پنجتار سے ہجرت کر کے راج دواری چلے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گئے تو سکھوں نے اس بنا پر فتح خاں اور اس کے بھائی ارسلان خاں کو زیدہ سے نکال دیا کہ وہ سید صاحب کے مخلص عقیدت مند تھے اور سرداری کی مسند پر اشرف خاں کے بھائی لطف اللہ کو بٹھا دیا۔ مجاہدین دوبارہ پنجتار آ گئے تو فتح خاں اور ارسلان خاں نے اپنا موروثی منصب واپس دلانے کی درخواست کی۔ شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے لطف اللہ خاں کو ایک خط بھیجا، جس میں اسے مشورہ دیا کہ سرداری کا منصب بھتیجوں کے حوالے کر دے اور خود اسی طرح زیدہ میں رہے جس طرح اشرف خاں کے زمانے میں رہتا تھا۔ اس نے جواب دیا کہ فتح خاں سکھوں کے خوف سے زیدہ چھوڑ گیا تھا، میری قسمت نے یاوری کی اور سکھوں نے مجھے سردار بنا دیا۔ اب میں اس منصب کو چھوڑ نہیں سکتا۔ مجاہدین نے فتح خاں اور ارسلان خاں کی حق رسی کیلئے زیدہ کے محاصرے کی تیاری کر لی، عین اس موقع پر اخوند زعفران قندھاری نے یہ خبر پہنچائی کہ میں حضرت امیر المومنین کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آیا ہوں، ان کے حکم کے بغیر تمہیں لڑنے بھڑنے کا کوئی حق نہیں۔

راوی کا بیان ہے:

> یہ نہیں معلوم کہ لڑائی موقوف کرانے کو اخوند صاحب نے یہ خبر کہی یا اس میں کچھ اور مصلحت تھی، واللہ اعلم، مگر لوگوں نے یہ خبر سنتے ہی لڑائی موقوف کی۔(۱)

رات کے وقت لشکر زیدہ سے اٹھ کر پنج پیر پہنچا اور وہاں سے پنجتار چلا گیا۔

چندلئی پر فوج کشی

پنجتار کے شمال میں فتح خاں کے ہم قوموں کا ایک بڑا گاؤں چندلئی تھا، وہ لوگ بھی فتح

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۳۶۰-۳۶۱۔

ہمیں بہر حال یہی سمجھنا چاہئے کہ اصل خبر بالکل بے بنیاد تھی۔ اخوند زعفران کے متعلق اجمالی حسن ظن کی بناء پر سمجھ سکتے ہیں کہ انہیں دھوکا لگا۔ چونکہ مجاہدین کے ایک گروہ کو اس وقت تک سید صاحب کی شہادت کا یقین نہ ہوا تھا اس لئے انہوں نے بے تکلف خبر کو درست مان لیا، لیکن ظاہر ہے کہ یہ خیال سراسر غلط تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاں سے سرکشی اختیار کئے بیٹھے تھے۔ یاد ہوگا کہ جب شیخ ولی محمد نے پنجتار آنے کا قصد کیا تھا تو ان لوگوں نے شیخ کو پیغام بھیجا تھا کہ یہاں آ کر رہنا چاہیں تو شوق سے آئیں ہم خدمت میں کوتاہی نہ کریں گے۔ اگر پنجتار جانا منظور ہو تو چندلئی کا راستہ ہرگز اختیار نہ کریں۔

فتح خاں نے اب انہیں بھی زیر کر لینا چاہا اور شیخ ولی محمد سے بھی امداد مانگی۔ شیخ نے صاف کہہ دیا کہ ہندوستانی مجاہدوں میں سے ہم کسی کو نہ بھیجیں گے، اور لوگ جانا چاہیں تو چلے جائیں ہم خود نہ جانے کا حکم دیں گے، نہ کسی کو روکیں گے۔ فتح خاں نے چندلئی پر یورش کی، پہر ڈیڑھ پہر لڑائی ہوئی، اہل چندلئی مقابلہ نہ کر سکے اور گاؤں چھوڑ کر چملہ کے علاقے میں چلے گئے۔

غرض پنجتار میں مجاہدین کے مختصر سے قیام کا نتیجہ یہ ہوا کہ فتح خاں کے تمام ہم قوم ازسرِنو اس کے مطیع و فرمانبردار بن گئے۔

خانی کا قتل

چندلئی کی تسخیر سے بیس پچیس روز بعد کا واقعہ ہے کہ ایک دن فتح خاں کا بیٹا مقرب خاں پنجتار سے باجا بام خیل گیا۔ اس نے وہاں کے سردار خانی کو مشورے کیلئے باہر بلایا اور ایک الگ مقام پر لے گیا۔ وہاں اس غریب کو بے دردی سے قتل کر ڈالا۔ یہ خبر شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے سنی تو حیران رہ گئے۔ انہوں نے فتح خاں کو بلوایا اور کہا کہ پختہ عہد و پیمان کے باوجود اس رنج افزا حرکت کیلئے کون سی وجہ جواز موجود تھی؟ اس نے جواب دیا کہ مقرب خاں نے مجھ سے پوچھے بغیر اس حرکت کا ارتکاب کیا، میں بالکل بری الذمہ ہوں۔ یہ سراسر فریب تھا مقرب خاں بطور خود کوئی ایسا قدم نہ اٹھا سکتا تھا۔ مجاہدین اس غرض سے پنجتار آئے تھے کہ جہاد فی سبیل اللہ کے لئے مناسب تدبیر اختیار کریں۔ ان کا مقصد یہ نہ تھا کہ فتح خاں کی سرداری کو تقویت پہنچانے کیلئے مسلمانوں میں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کشت وخون کا ہنگامہ بپا کردیں، خصوصاً خانی کا قتل تو سراسر ناحق تھا۔ اس واقعہ ہائلہ کے بعد مجاہدین کے لئے پنجتار میں قیام کی کوئی صورت باقی نہ رہی۔

سید میاں اور سید رسول کو اطلاع

شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے اسی وقت فتح خاں سے قطع تعلق کرلیا۔ سید رسول کو ناواگئی اور سید میاں کو تختہ بند میں خط ارسال کردیے کہ فتح خاں کے پاس رہنا غیر ممکن ہوگیا ہے، ہم آپ کے مشورے کے مطابق یہاں آئے تھے، اب فرمایئے کہ کیا کریں۔ چند روز کے بعد ان کا پیغام آگیا کہ ناواگئی چلے آیئے، ہم خدمت گزاری میں کوتاہی نہ کریں گے۔

اس زمانے میں پایندہ خاں تنولی والیٔ امب کی طرف سے بھی ایک پیغام آیا تھا کہ میں سید بادشاہ کے وقت میں شامتِ نفس کے باعث خدمت گزاری کی سعادت سے محروم رہا، اب آپ لوگ پنجتار سے اٹھ کر امب چلے آئیں۔ شاید آپ کی خدمت گزاری کی برکت سے اللہ تعالیٰ میری سابقہ خطائیں معاف کردے۔

ارسالِ وفد

ناواگئی روانہ ہونے سے پیشتر شیخ ولی محمد نے چار آدمیوں کا ایک وفد امب روانہ کردیا تھا کہ وہاں کے حالات تفصیلاً معلوم کرلیں، پھر جو کچھ مناسب ہو اس پر عمل کیا جائے۔ یہ وفد محمد امیر خاں قصوری، اللہ نور شاہ ساکن ٹوپی، بابر شاہ ننگرہاری اور اللہ بخش پر مشتمل تھا۔ یہ اصحاب کم وبیش دو ہفتے پایندہ خاں کے پاس رہے۔ اس نے گڑھی کے دروازے پر ان کیلئے خیمہ نصب کرادیا، اپنے ساتھ کھانا کھلاتا رہا اور رخصت کے وقت باصرار کہا کہ شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین آجائیں تو میں اگرور کا علاقہ ان کے حوالے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کردوں گا، اور جسی کوٹ کا قلعہ رہنے کے لئے دے دوں گا۔

پائندہ خاں کا عہد نامہ

شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین مجاہدین کو لے کر ناواگئی پہنچے وفد امب سے واپس آیا تو پائندہ خاں نے اپنا وکیل بھیج دیا، جس نے اگرور اور جسی کوٹ کی حوالگی کا وعدہ دہرایا۔ شیخ نے مولوی نصیر الدین کو تین مجاہدوں کے ساتھ وکیل کے ہمراہ امب روانہ کر دیا۔ پائندہ خاں نے مولوی صاحب کے ہاتھ پر باقاعدہ بیعت توبہ کی اور فسق و فجور سے تائب ہو کر اطاعتِ شریعت کا اقرار کیا، نیز اگرور اور جسی کوٹ کی حوالگی کا عہد نامہ لکھ کر دے دیا۔ پندرہ روز کے بعد مولوی صاحب یہ عہد نامہ لے کر ناواگئی پہنچے تو سید رسول اور سید میاں سے اس کے متعلق رائے پوچھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ شیخ صاحب فی الحال ناواگئی ہی میں رہیں البتہ مولوی نصیر الدین کو امب بھیج دیں۔ پھر جیسے حالات پیش آئیں ان کے مطابق عمل کیا جائے۔ چنانچہ شیخ نے دس گیارہ مجاہد اپنے ساتھ رکھ لئے باقی جماعت کو مولوی نصیر الدین کی سرکردگی میں امب بھیج دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

پائندہ خاں کی دعوت اور قیامِ اگرور

پائندہ خاں اور مجاہدین

یہاں اس امر پر بھی غور کر لینا چاہئے کہ پائندہ خاں کیوں اگرور کا علاقہ مجاہدین کے حوالے کر دینے پر آمادہ ہوا، اور کیوں اس نے بہ اصرار انہیں اپنے پاس بلایا۔ کیا ہمیں یہ سمجھنا چاہئے کہ اس کا ادّعائے رفاقت خلوص پر مبنی تھا؟ ابتدا میں بظاہر یہی معلوم ہوتا تھا کہ اس کی دعوت اخلاص پر مبنی ہے، لیکن آگے چل کر پتہ چلا کہ اس کے نہاں خانۂ قلب میں بھی ایک خاص غرض پوشیدہ تھی۔ وہ غرض پوری ہوگئی تو مجاہدین کے متعلق اس کی رَوش یک قلم بدل گئی، یہاں تک کہ مجاہدین کیلئے اس کے پاس ٹھہرنے کی کوئی بھی صورت باقی نہ رہی۔ یہ بات تھوڑی سی تفصیل کی متقاضی ہے۔

پائندہ خاں کی ہمشیر عبد الغفور خاں رئیس اگرور سے منسوب تھی۔ پھر دونوں کے تعلقات میں اتنا تکدر پیدا ہوگیا کہ شادی توقف میں پڑ گئی۔ جب پائندہ خاں سید صاحب کے مقابلے میں شکست کھا کر بہ حالتِ سراسیمگی بھاگا تو مال واسباب اور اہل وعیال کو پیچھے چھوڑ گیا۔ مولانا شاہ اسمٰعیل نے عبد الغفور خاں رئیس اگرور کے بھائی کمال خاں سے کہہ دیا کہ پائندہ خاں کے متعلقین اور اس کی تمام چیزیں بحفاظت موصوف کے پاس پہنچادی جائیں۔ اس حکم کی تعمیل ہوئی، لیکن خان اگرور نے موقع سے فائدہ اٹھا کر منسوبہ سے بطور خود شادی کر لی۔ پائندہ خاں کی رضامندی اور شرکت کا انتظار نہ کیا۔ یہ حرکت عام حالات میں بھی نازیبا تھی، پریشان حالی کے خاص حالات نے اسے پائندہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاں کے لئے حد درجہ رنج افزا بنا دیا۔ یہ داغ اس کے دل سے مدت العمر نہ مٹا۔

یوں پائندہ خاں اور خوانینِ اگرور کے درمیان مستقل عداوت کی آگ بھڑک اٹھی۔ مجاہدین کو جسی کوٹ میں بٹھانے اور اگرور اُن کے حوالے کر دینے کی غرض یہی تھی کہ خوانینِ اگرور کو اپنے علاقے میں استقلال کا موقع نہ ملے۔ ہزارہ گزیٹیر میں تو صاف صاف مرقوم ہے کہ پائندہ خاں نے ہندوستانی مجاہدین کو آلۂ کار بنا کر خان اگرور کو اس کے علاقے سے نکلوایا۔ (۱)

پائندہ خاں کی دور اندیشی اور دقیقہ سنجی قابلِ ستائش ہے کہ اپنے حقیقی مقصد کے متعلق مجاہدین سے کبھی کچھ نہ کہا اور اس کی تکمیل حالات کی طبعی رفتار پر چھوڑ دی۔ ابتدا میں رئیس اگرور اور اس کا بھائی مجاہدین کے معاون بنے رہے تاہم پائندہ خاں نے اس پر بھی کوئی اعتراض نہ کیا۔ معلوم ہوتا ہے اسے یقین تھا کہ یہ تعاون زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکے گا، چنانچہ خوانینِ اگرور کی دورخی کا آشکارا ہوگئی اور مجاہدین کو ان کے خلاف آخری اقدام کے سوا چارہ نہ رہا۔ یوں پائندہ خاں کا مقصد پورا ہوگیا، ساتھ ہی اس نے ایسے طریقے اختیار کر لئے کہ مجاہدین اگرور سے اٹھ کر ستھانہ جانے پر مجبور ہوگئے۔

مجاہدین کی آمد

مفصل حالات تو آگے چل کر بیان ہوں گے، یہاں یہ بات بیان کرنا مقصود ہے کہ پائندہ خاں سے اگرور میں قیام اور جسی کوٹ کی سرمت کے متعلق عہد و پیمان ہو جانے کے بعد مولوی نصیر الدین مجاہدین کو لے کر امب روانہ ہوگئے۔ سید میاں اور سید رسول کے مشورے کے مطابق شیخ ولی محمد ناواگئی ہی میں رہے۔ چملہ سے امب جانے کا راستہ بھیٹ گلی میں سے تھا جو امب کے عین سر پر مغربی جانب واقع ہے۔ پائندہ خاں نے دوسو

(۱) "ہزارہ گزیٹیر" مطبوعہ ۸۴-۱۸۸۳ء، ص: ۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سواروں اور پیادوں کے ساتھ بھیٹ گلی میں مولوی صاحب کا استقبال کیا اور بڑے اعزاز سے انہیں امب لایا۔ مولوی صاحب کو امب کی مسجد میں اتارا۔ مجاہدین کے لئے متعدد مکان خالی کرادیے۔ کم وبیش دو ہفتے مولوی صاحب اور مجاہدین امب میں ٹھہرے رہے۔ اس اثناء میں پائندہ خاں نے بڑے اہتمام سے مہمانداری کا فرض انجام دیا۔ بظاہر معلوم ہورہا تھا کہ اس کی روش اور افکار وخیالات میں نمایاں خوش گوار تغیر پیدا ہو چکا ہے۔ جسی کوٹ کی گڑھی کے جو حصے مرمت طلب تھے، ان کی درستی کا انتظام شروع ہوگیا۔ مرمت کی تکمیل کیلئے پائندہ خاں نے کچھ روپے مولوی صاحب کی خدمت میں پیش کردیے۔ صاحب موصوف نے مجاہدین کو لے کر نکلہ پانی اور کلکی ہوتے ہوئے جسی کوٹ پہنچ گئے جو کلکی سے دو اڑھائی میل پر تھا۔

آغازِ جہاد کی تجاویز

قیام کے لئے مناسب مقام مل گیا تو مولوی صاحب آغازِ جہاد کی تدبیریں سوچنے لگے۔ ''بیلہ داروں'' (۱) کی مجلس شوریٰ منعقد کی تو میاں خاں سواتی نے جبوڑی پر چھاپے کی تجویز پیش کی، جو بالاکوٹ کے قریب ہے، اور وہاں سکھوں کا ایک تھانہ تھا۔ اس تجویز پر عمل درآمد کا ایک واضح فائدہ یہ تھا کہ جبوڑی تک کا پورا علاقہ جس میں درہ کونش شامل تھا، مجاہدین کے زیر اثر آجاتا اور سکھوں کیلئے مدافعت کا کوئی موقع باقی نہ رہتا۔ اس تجویز سے سب نے اتفاق کیا۔ چنانچہ مجاہدین کی مختلف جماعتوں سے تقریباً ایک سو افراد کو تیاری کا حکم دے دیا گیا۔ غلہ پاس نہ تھا، مولوی صاحب نے دو گائیں خریدیں اور انہیں ذبح کرا کے گوشت مجاہدین میں تقسیم کردیا کہ پکا کر ساتھ لے لیں، یہی دو روز کے لئے ان کا زادِ راہ تھا۔ جو مجاہدین اس چھاپے میں شریک ہوئے ان میں سے مندرجہ ذیل

(۱) ہم جماعت مجاہدین میں بتا چکے ہیں کہ جماعت کی اصطلاح میں ''بیلہ'' فوج کے اس ٹکڑے کو کہتے تھے جو بیس آدمیوں پر مشتمل ہوتا تھا۔ اس ٹکڑے کا افسر ''بیلہ دار'' کہلاتا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے نام روایتوں میں آئے ہیں: شیخ وزیر پھلتی، مستقیم جہان آبادی (متصل رائے بریلی)، ابراہیم پوربی، مقیم ساکن کالا باغ، محمد عمر سندھی، عبدالحمید سندھی، نور سندھی، ملا لقمان سندھی، جعفر خاں ترین ہزاروی، کرم خاں اور ان کے دو بھائی، ملا عزت قندھاری، ملا لعل محمد قندھاری، احمد خاں کاشکاری (چترالی)، شاہین مشوانی۔

شبخون

مجاہدین کی یہ چھوٹی سی جماعت نمازِ فجر کے بعد جسی کوٹ سے روانہ ہوئی۔ جبوڑی کا عام راستہ بھی پہاڑی ہونے کے باعث خاص دشوار گزار تھا۔ ان لوگوں کو بنظرِ احتیاط عام راستے کے بجائے جنگل جنگل جانا پڑا تا کہ منزلِ مقصود کے متعلق کسی کو علم نہ ہو، اور راز فاش ہو جانے کے باعث اصل مقصد کو نقصان نہ پہنچے۔ اسلئے بڑی مشقت اٹھانی پڑی۔ ظہر کے وقت ایک مقام پر پہنچ کر تھوڑی دیر کیلئے آرام کیا۔ شام کے وقت پھر روانہ ہوئے، رات بھر چلتے رہے، فجر کے وقت ایک جنگل میں ٹھہر گئے۔ ظہر کے وقت وہاں سے چلے تو عشاء سے پہلے پہلے میاں خاں سواتی نے مجاہدین کو اس پہاڑ پر پہنچا دیا جس کے دامن میں جبوڑی کی بستی تھی۔

رات کے پچھلے پہر اٹھ کر جبوڑی کے تھانے کی طرف بڑھے۔ پہریدار سکھ نے آہٹ پا کر بندوق چلائی، گولی کسی کے نہ لگی۔ مجاہدین ایک دم ہلہ کر کے تھانے میں داخل ہو گئے۔ تھانے کے کچھ سپاہی مارے گئے، باقی بھاگ کر بستی کے گھروں میں جا چھپے۔ مجاہدین نے کچھ مال و اسباب اٹھایا ایک مرد اور تین عورتوں کو گرفتار کیا اور فجر کی اذان کے وقت بستی سے نکل کر پہاڑ پر چڑھنے لگے۔ سکھوں نے جمع ہو کر گولیاں چلانی شروع کیں، لیکن مجاہدین کو خدا کے فضل سے کوئی نقصان نہ پہنچا۔ دوسرے روز وہ جسی کوٹ پہنچ گئے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ جبوڑی کے مقتولوں میں ناصر خاں بھٹ گرامی کا بھتیجا بھی شامل تھا، جس نے تھانے کے سپاہیوں میں ملازمت اختیار کر رکھی تھی۔ اسیروں میں سے مردوں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے بہ طیب خاطر اسلام قبول کرلیا، عورتوں کو تین سو روپے دے کر چھڑا لیا گیا۔

چھاپے کے اثرات ونتائج

جیسا کہ خیال تھا، چھاپے کے اثرات ونتائج بہت اچھے رہے۔ پورے علاقے میں مجاہدین کی دھاک بیٹھ گئی۔ بارک خاں اور محمد خاں درۂ کونش کے بڑے خان تھے، انہوں نے مولوی نصیر الدین کے پاس خط بھیج کر اطاعت قبول کی اور عشر دینے کا اقرار کرلیا، مولوی صاحب نے انہیں تسلی دی کہ آپ لوگ ہمارے بھائی ہیں ہماری طرف سے کچھ اندیشہ نہ کریں، ہم حتی الامکان آپ کی حفاظت کرتے رہیں گے۔

سکھوں کیلئے یہ صورتِ حال کیونکر گوارا ہوسکتی تھی؟ انہیں یہ بھی شبہ ہوا کہ مجاہدین کا چھاپا راستے کے مقامی لوگوں کی اعانت کے سبب کامیاب ہوا، اور اس پر بھی غصہ آیا کہ درۂ کونش کے لوگ مجاہدین کو عشر دینے پر راضی ہوگئے ہیں۔ گویا سکھوں کی حکومت سے نکل کر مجاہدین کے دائرۂ اثر میں چلے گئے ہیں۔ چنانچہ وہ ایک لشکر لے کر آپہنچے۔ بارک خاں اور محمد خاں کو خوب دھمکایا کہ اگر مجاہدین کو عشر دیا تو تمہیں تباہ کرڈالیں گے۔

مجاہدین کا اِقدام

بارک خاں اور محمد خاں نے ان حالات کی اطلاع مولوی صاحب کو دے دی تو انہوں نے اپنے مشیروں کو بلا کر پوچھا کہ کیا کرنا چاہئے؟ خود فرمایا کہ جو لوگ ہماری اعانت کا اقرار کرچکے ہیں انہیں ضرورت کے وقت ہر ممکن مدد دینا ہم پر لازم ہے، نیز یہاں بیٹھے بیٹھے سکھوں کا انتظار کیوں کریں؟ بہتر یہ ہے کہ خود درۂ کونش میں جائیں اور دیکھیں کہ کون ہمارے معاونین کو دھمکاتا ہے؟ اس اقدام سے سکھوں پر دباؤ پڑے گا اور ہمارے معاونین کیلئے اطمینان ودلجمعی کا سامان ہوگا۔ چنانچہ جسی کوٹ سے درۂ کونش میں جانے کی تیاری کرلی۔ تھوڑے سے مجاہدین گڑھی کی حفاظت کیلئے چھوڑ دیے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سکھوں سے چپقلش

مولوی صاحب نے جسی کوٹ سے روانہ ہو کر ایک رات موضع اُمل میں گذاری۔ بستی والوں نے بڑے اہتمام سے مہمان داری کا انتظام کیا۔ دوسرے روز کھانا کھا کر وہاں سے روانہ ہوئے اور بٹلوں پہنچے جو بارک خاں اور محمد خاں کا مرکز تھا۔ بٹلوں سے چار کوس پر موضع بالی منگ تھا، مولوی صاحب وہاں وارد ہوئے تو معلوم ہوا کہ تقریباً چار کوس پر سات سو سکھوں کا لشکر موجود ہے۔ بیچ میں پہاڑ کی گھاٹی تھی، سکھوں نے گھاٹی روک لی تا کہ مولوی صاحب آگے نہ بڑھ سکیں۔ پانچ چھ گھڑی فریقین میں لڑائی ہوتی رہی، پھر مولوی صاحب نے پُرزور حملہ کیا اور سکھ گھاٹی چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ سچوں سے انہوں نے کھانے پینے کی جنس جبراً وصول کی لیکن مجاہدین کے خوف سے وہاں ٹھہر نہ سکے اور شکیاری چلے گئے جو درۂ بھوگڑ منگ کے دہانے پر واقع ہے اور وہاں سکھوں نے ایک مستحکم گڑھی بنا رکھی تھی۔

مولوی صاحب کی مراجعت

سکھوں کے فرار کے بعد مولوی صاحب لوٹے اور کودروں کی بستی میں ٹھہرے، جو مقامِ جنگ سے دو اڑھائی میل تھی۔ وہیں اِردگرد کی بستیوں کے لوگ عشر لے کر آئے، جس میں غلہ، نقد رقم، کمل وغیرہ شامل تھے۔ سکھوں کے بہت سے جانور بھی ہاتھ لگے تھے: مثلاً بھینسیں، گھوڑے، ٹٹو، خچر۔ کودروں سے مولوی صاحب بالی منگ ہوتے ہوئے بٹلوں گئے۔ بارک خاں اور محمد خاں نے معمول کے مطابق مولوی صاحب کی دعوت کی۔ اس سے پیشتر ایک مخلص عقیدت مند نے یہ اطلاع پہنچائی کہ دونوں خان دورُخی چال چل رہے ہیں۔ اندیشہ ہے کہ دعوت میں بلا کر آپ کو نقصان نہ پہنچائیں۔ مولوی صاحب کھانا کھانے کیلئے گئے تو چھ سات قزلباش ساتھ لے گئے۔ یہ حالت دیکھ کر بارک خاں اور محمد

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاں کو مخالفانہ اقدام کا حوصلہ نہ ہوا۔ مولوی صاحب عشر جسی کوٹ پہنچانے کی تاکید کرتے ہوئے واپس چلے گئے۔

خوانین کی دُوں ہمتی

بارک خاں، محمد خاں اور دوسرے خوانین کے متعلق ابتدا میں خیال تھا کہ سکھوں کے خطرے کی روک تھام کے بعد وہ خلوص سے کاروبارِ جہاد میں معاون بن جائیں گے، یا کم از کم مخالف قوتوں کو تقویت پہنچانے سے باز رہیں گے۔ افسوس کہ یہ خیال درست ثابت نہ ہوا۔ ان لوگوں کی بے عزمی اور دُوں ہمتی واضح طور پر آشکارا ہوگئی۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کے سامنے کوئی بلند نصب العین نہ تھا، وہ صرف اپنی جائدادیں بچائے رکھنے کے لئے مضطرب تھے۔ مجاہدین کا دباؤ بڑھتا دیکھا تو بظاہر ان کی خیر خواہی کا دم بھرنے لگے، لیکن خفیہ خفیہ سکھوں کو بھی اپنی اطاعت کا یقین دلاتے رہے۔ یہ صورتِ حال پیہم اور متواتر مجاہدین کیلئے گوناگوں تشویشات کا باعث بنی رہی۔ وہ رَزم و پیکار کی تمام ذمہ داریاں خود اٹھانے کیلئے تیار تھے۔ صرف اتنا چاہتے تھے کہ خوانین دورُخی سے ان کے اقدامات میں خلل نہ ڈالیں۔ لیکن یہ خواہش دراصل کسی بھی دور میں پوری نہ ہوسکی، اور مقامی لوگوں کی بے عزمی ہر نازک ساعت میں آفات کا موجب بنتی رہی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ نہ کسی موقع پر مستقل محاذِ جہاد قائم ہوسکا اور نہ دورُخی چالیں چلنے والے خوانین پاداش کے تازیانے کی ضرب سے محفوظ رہ سکے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

پائندہ خاں اور فتح خاں پنجتاری

فتح خاں کی چیرہ دستیاں

پنجتار سے ہجرت کے وقت سید صاحب نے فتح خاں کے ہم قوموں سے فرمایا تھا کہ جس طرح ہمیں عشر دیتے رہے ہو اسی طرح آئندہ فتح خاں کو عشر دیتے رہنا۔ مقصد یہ تھا کہ قوم میں اجتماع واتحاد کا جو انتظام ہو چکا تھا، اس میں خلل نہ آئے اور پہلے کی طرح تفرقہ پیدا ہو جانے سے اجتماعی قوت کو نقصان نہ پہنچے۔ فتح خاں نے سید صاحب کے اس ارشاد کو اپنی سرداری اور حکمرانی کی دستاویز بنالیا اور زور وقوت سے تمام ہم قوموں کو فرمانبردار بنائے رکھنے پر تل گیا۔ اس کی غلط روش کے باعث ہم قوموں کی مختلف بستیوں نے سرتابی اختیار کر لی۔ شیخ ولی محمد کو بہ منت والتجا پنجتار بلانے میں اس کی غرض صرف یہ تھی کہ مجاہدین کی امداد سے تمام بستیوں پر اپنا تسلط از سرِ نو مستحکم کر لے۔ شیخ صاحب نے اثر ورسوخ سے کام لے کر بعض بستیوں کو مصالحت پر آمادہ کر لیا۔ صرف باجا بام خیل سے لڑائی کی نوبت آئی اور اس کا دائرہ بھی بہت محدود رہا۔ فتح خاں نے بدعہدی کر کے باجا بام خیل کے رئیس خانی کو بے دردانہ قتل کرا دیا تو شیخ صاحب نے فتح خاں سے قطع تعلق کر لیا اور وہ پنجتار کو چھوڑ کر ناواگئی چلے گئے۔

فتح خاں اس کے بعد بھی گردونواح کی بستیوں پر ظلم وتعدی کرتا رہا۔ آخر ٹوپی، میئنی، کھلابٹ منارہ، بنج پیر اور مرغز کے خوانین نے تنگ آ کر پائندہ خاں والیٔ امب سے امداد کی التجا کی۔ وہ بے تامل امداد کے لئے تیار ہو گیا۔ اس لئے کہ اس میں اور فتح خاں میں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مدت سے قلبی عداوت چلی آتی تھی۔ جب پائندہ خاں نے لشکر کے ساتھ ستہ کی طرف جانے کا فیصلہ کرلیا تو مولوی نصیر الدین کو بھی بلوالیا۔

مولوی صاحب کی طلبی

مولوی صاحب کو درۂ کونش سے واپس ہوئے بیس بائیس روز گذر چکے تھے کہ پائندہ خاں کی طرف سے ایک خط آیا جس میں مرقوم تھا:

ہمارا ارادہ ٹوپی، مینئی کی طرف جانے کا ہے۔ آپ بھی ہمارے لشکر کے ساتھ تشریف لے چلیں، آپ کے سبب سے ہمیں زیادہ قوت ہوگی۔ (۱)

مولوی صاحب موصوف اس اقدام کے اصل مقصد سے ناواقف نہ تھے۔ مجاہدین سے فتح خاں کا نامناسب سلوک بھی ان کے سامنے تھا، تاہم اس خیال سے روانگی کیلئے تیار ہوگئے کہ دو مسلمان گروہوں میں رزم و پیکار کو روکنے کی کوئی صورت ہو تو اس سے فائدہ اٹھائیں اور ان میں مصالحت کرادیں۔ انہیں کی وجہ سے لڑائی رُکی، جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا، ورنہ خوفناک خونریزی کے آغاز میں کوئی شبہ باقی نہ رہا تھا۔

جسی کوٹ سے روانگی

مولوی صاحب نے بتیس مجاہدوں کو جسی کوٹ میں چھوڑا، جن کے نام یہ ہیں:

محمد حسین سہارن پوری، نظام الدین خاں شاہ جہاں پوری، نجم الدین شکار پوری، احمد حسین صادق پوری، سید عبداللہ عظیم آبادی، محسن جون پوری، رمضانی کاشی پوری، حافظ واقف علی ساکن میان دوآب، دوست محمد رام پوری، محمود بنارسی، شیخ رمضان الٰہ آبادی، شیخ حسن علی، شیخ عبدالرحمٰن، شیخ عبدالعزیز اور شیخ عبدالقادر ساکنانِ کیما، احمد سندھی، الٰہی بخش پانی پتی، گامن خاں سندھی، ہدایت اللہ ہزاروی، حبیب الرحمٰن الٰہ آبادی، شیخ گلاب ساکن

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۳۷۶-۳۷۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میاں دوآب، نور خاں ہزاروی، محمد علی ہزاروی، دین محمد اور اللہ بخش ساکنانِ میانِ دوآب، اشرف خاں پشاوری، عبدالقادر ساکن امروہہ، نور محمد اور ان کے بھانجے جن کا نام معلوم نہ ہوسکا، محمد قائم ساکن امروہہ۔

آخر الذکر کو اس جماعت کا امیر بنایا۔ بارک خاں اور محمد خاں رئیسانِ کونش کو تاکیدی خط لکھ دیا کہ ہم پایندہ خاں کے بلانے پر امب جارہے ہیں، معلوم نہیں وہاں سے کب لوٹیں، آپ لوگوں کے پاس عشر کا جو غلہ جمع ہوا اُسے جسی کوٹ پہنچادیں۔

تقریباً اڑھائی سو مجاہدوں کے ساتھ مولوی صاحب نکّہ پانی ٹھہرتے ہوئے امب پہنچ گئے۔

پایندہ خاں اور ساداتِ ستھانہ کا معاملہ

آپ دو روز امب میں ٹھہر کر عشرہ چلے گئے۔ تین روز بعد پایندہ خاں تین سو سوار اور چار سو پیادے لے کر عشرہ پہنچا۔ وہاں سے خان، اس کا لشکر اور مجاہدین موضع کیا میں جا کر ٹھہرے۔ پایندہ خاں اور ساداتِ ستھانہ کے درمیان مدت سے کشمکش چلی آتی تھی، کیا میں مولوی صاحب نے گردونواح کے خوانین کا جرگہ بلایا اور کوشش کی کہ خان اور سادات میں مصالحت ہوجائے۔ سید اکبر شاہ ساداتِ ستھانہ کے سرخیل تھے۔ انہیں پیغام بھیجا گیا، وہ خود نہ آئے اور اپنے تین چھوٹے بھائیوں سید عمر، سید اصغر اور سید عمران کو گفتگو کے لئے بھیج دیا۔ جرگے میں فریقین کے گلے شکوے نے ایسی صورت اختیار کرلی کہ باہم لڑائی کا اندیشہ پیدا ہوگیا۔ مولوی نصیر الدین نے بات چیت روک دی اور فرمایا:

ہم تو مصالحت کے خواہاں تھے، یہاں لڑائی کا رنگ پیدا ہوگیا۔ سب باتیں چھوڑیئے اور مصافحہ کرلیجئے۔

اس طرح یہ معاملہ ختم ہوا۔ کیا سے لشکر کھنبل گیا، جہاں تقریباً ایک ہفتہ مقیم رہا۔ وہاں سے ایک منزل پر کھلابٹ میں فتح خاں پنجتاری لشکر لئے بیٹھا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مصالحت کی کوشش

نظر بہ ظاہر پائندہ خاں اور فتح خاں میں خونریز جنگ بالکل یقینی ہوگئی تھی۔ مولوی نصیرالدین صرف اس غرض سے ساتھ آئے تھے کہ دونوں فریقوں میں صلح کرادیں۔ چنانچہ وہ اسی کوشش میں لگ گئے۔ انہوں نے پہلے پائندہ خاں اور اس کے ساتھیوں کو مصالحت پر راضی کیا، پھر فتح خاں کو خط لکھا جس کا مضمون یہ تھا:

> اس نواح کے خوانین وغیرہ لوگوں نے آپ سے تنگ ہوکر پائندہ خاں کو بلایا ہے کہ آپ کا مقابلہ کرے۔ ہم لوگ بھی پائندہ خاں کے ہمراہ آئے ہیں۔ سو ہم کو مسلمانوں سے جنگ وجدل کسی صورت منظور نہیں، خصوصاً آپ سے کہ ہمارے جناب امیرالمؤمنین سید صاحب کے خلیفہ اور انصار ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ آپ اور یہ دونوں نفسانیت اور عداوتِ قدیمی کو چھوڑ کر للہ فی اللہ آپس میں مل جائیں اور متفق ہوکر کچھ کام خدا کا بنائیں کہ دنیا اور آخرت میں نیک نامی اور ثواب پائیں۔ ہم پر جو حق اخوتِ اسلام کا تھا وہ ہم نے ادا کردیا، اب آگے آپ مختار ہیں۔ (۱)

مولوی صاحب اور فتح خاں کی گفتگو

فتح خاں نے اس خط کے جواب میں لکھا کہ آپ کا ارشاد منظور ہے، لیکن ضروری ہے کہ آپ پہلے علیحدگی میں میری باتیں سن لیں۔

یوں مصالحت کے امکانات بڑھ گئے۔ مولوی صاحب اور پائندہ خاں کھنبل سے باڑا اور وہاں سے کوٹھا گئے، جہاں سے کھلابٹ صرف ڈیڑھ کوس تھا۔ فتح خاں کو خط بھیجا کہ کل آپ تشریف لائیں میں بھی آٹھ دس مجاہدین کے ساتھ آجاؤں گا اور بات چیت ہوجائے گی۔ چنانچہ دونوں میں حسبِ قرارداد ملاقات ہوئی، لیکن کسی بات پر اتفاق نہ

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۳۸۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوسکا۔ فتح خاں کا اصرار تھا کہ گردونواح کے تمام خوانین میرے فرمانبردار رہیں اور مجھے عشر دینا قبول کریں۔ مولوی صاحب فرماتے تھے کہ آپ اپنے ہم قوموں یعنی خدوخیلوں کے مالک ومختار ہیں، انہیں کے تعلق میں آپ کو خلیفہ بنایا گیا تھا۔ جو لوگ آپ کے ہم قوم نہیں ان پر کیوں جبر کرتے ہیں؟ وہ جس دستور پر پہلے سے آرہے ہیں، اسی پر انہیں قائم رہنے دیں۔ فتح خاں ناراض ہوکر واپس چلا گیا۔

رفعِ فساد کا خداداد سامان

اِدھر پائندہ خاں مصر تھا کہ جلد سے جلد لڑائی شروع کردے۔ مولوی صاحب نے وعظ ونصیحت سے اسے روکے رکھا۔ کوٹھا سے دو کوس پر موضع مینئی ہے۔ ایک روز وہاں کے لوگ پائندہ خاں کو اپنے ہاں لے گئے اور پُرتکلف دعوت دی۔ دوسرے روز جھنڈا بوکا کی طرف سے دعوت آگئی۔ پنجتار جھنڈا بوکا سے صرف تین چار کوس ہے۔ فتح خاں کے دل میں وسوسہ پیدا ہوگیا کہ ممکن ہے، میں کھلابٹ میں بیٹھا رہوں اور پائندہ خاں کا لشکر پنجتار پر حملہ آور ہوجائے، اس وسوسے کی بنا پر وہ کھلابٹ کو چھوڑ کر پنجتار چلا گیا۔ اس طرح لڑائی کے انسداد کا خداداد سامان ہوگیا۔

ایک واقعہ

ایک روز پہاڑ کی طرف سے بندوقیں چلنے کی آواز آئی۔ جھنڈا بوکا میں شور مچ گیا کہ فتح خاں کے سوار آپہنچے۔ پائندہ خاں کی آرزو بھی یہ تھی کہ کوئی بہانہ ملے تو فتح خاں سے لڑوں۔ وہ فوراً گھوڑے پر سوار ہوا اور نیزہ ہاتھ میں لے کر اُدھر چل پڑا، جدھر سے بندوقوں کی آواز آئی تھی۔ اس کے سوار بھی ساتھ دوڑ پڑے۔ دامن کوہ میں ہر چند تلاش کیا، لیکن بندوقیں چلانے والوں کا پتہ نہ ملا۔

فتح خاں سے لڑائی کا خرخشہ بالکل مٹ گیا تو پائندہ خاں اور مولوی صاحب واپس آگئے۔ مولوی صاحب دو تین روز امب میں ٹھہرے، پھر جسی کوٹ پہنچ گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواں باب:

سکھوں پر یورش

پائندہ خاں اور دوسرے خوانین میں فرق

ہم بتا چکے ہیں کہ مجاہدین کو اگرور میں بٹھانے کا فیصلہ کرتے وقت پائندہ خاں کے پیش نظر ایک بڑا مقصد یہ تھا کہ خوانینِ اگرور کے لئے اپنی ریاست میں مستقل قیام کی کوئی صورت پیدا نہ ہو، لیکن اس حقیقت کا اعتراف کرنا چاہئے کہ وہ سکھوں سے بھی لڑنے کا خواہاں تھا اور جب تک گردوپیش کی مصلحتیں اس کے مخصوص تصوراتِ حکومت میں حائل نہ ہوئیں، وہ سکھوں کے خلاف بھی وقتاً فوقتاً قدم اٹھاتا رہا۔ دوسرے خوانین مثلاً فتح خاں کی حیثیت پائندہ خاں سے مختلف تھی۔ وہ صرف اپنی سرداری کو مستحکم کرنے کے درپے تھے، حالانکہ مجاہدین بلادِ اسلامیہ کو غیر مسلموں کے تسلط سے نجات دلانے کیلئے مضطرب تھے، اور ان کے نزدیک جہاد کا مقصد و مدعا محض یہ تھا۔ پائندہ خاں اپنے مقاصد کی تکمیل کے علاوہ مجاہدین کے مقاصد میں بھی تعاون کیلئے تیار تھا، چنانچہ سمہ سے مراجعت کے چند روز بعد وہ لشکر لے کر شیر گڑھ آ گیا اور مولوی نصیر الدین کو جسی کوٹ پیغام بھیجا کہ ہم پکھلی میں سکھوں پر حملہ کرنا چاہتے ہیں، آپ بھی ہمارے ساتھ تشریف لے چلیں۔

مولوی صاحب کی روانگی

یہ پیغام ملتے ہی مولوی نصیر الدین تخمیناً ڈیڑھ سو ہندوستانی اور ولایتی (۱) مجاہدوں

(۱) روایتوں میں یہی لفظ استعمال ہوا ہے۔ چونکہ ہمارے زمانے میں "ولایتی" کا ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے ساتھ پائندہ خاں کے پاس شیر گڑھ پہنچ گئے۔ وہاں سے دونوں نے پکھلی کی طرف کوچ کیا۔ پہلی منزل بھوج درہ (۱) میں ہوئی جو شیر گڑھ سے بہ سمت جنوب مائل بہ شرق تقریباً پانچ کوس پر واقع ہے۔ چھ روز اس مقام پر ٹھہرے رہے، یہ وقت سکھوں کے مختلف تھانوں اور چوکیوں کے حالات کی چھان بین میں گذرا۔ جن کا جال پورے علاقے میں پھیلا ہوا تھا۔ اس لئے کہ تھانوں اور چوکیوں کے بغیر سکھ ایک دن کے لئے بھی کسی حصے پر حکومت نہ کر سکتے تھے۔ ساتویں روز قدم آگے بڑھایا اور نیلور میں جا ٹھہرے جو بھوج درہ سے بہ سمت مشرق مائل بہ جنوب اڑھائی کوس تھا۔ اس حصے میں سکھوں کی عملداری کا یہ پہلا مقام تھا، وہاں چند سید بھی رہتے تھے، وہ پائندہ خاں اور مجاہدین کی پیش قدمی کے ساتھ ہی گھر بار چھوڑ کر نکوٹ چلے گئے۔ اس لئے کہ مخالفت کر نہ سکتے تھے اور غالباً کرنا بھی نہ چاہتے تھے۔ اگر ٹھہرے رہتے تو بعد ازاں سکھوں کے عتاب کا ہدف بنتے۔

بیر کھنڈ پر یورش

پائندہ خاں اور مجاہدین تین دن نیلور میں ٹھہرے رہے۔ روزانہ سواروں کو آس پاس کے دیہات میں سیر وگشت کے لئے بھیج دیا جاتا، ان میں سے خاص طور پر قابل ذکر مقام کینیا ہے جو نیلور کے قریب عین مشرق میں واقع ہے۔ وہاں سے بہ سمت شمال بیر کھنڈ میں سکھوں نے ایک مضبوط قلعہ بنا رکھا تھا، غور ومشورہ کے بعد اس پر حملے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ خان اور مجاہدین کے سوار اور پیادے تقریباً اڑھائی ہزار تھے۔ نمازِ ظہر ادا کر کے کینیا سے بیر کھنڈ پر یورش کی گئی۔ سکھ مسلح ہو کر مقابلے کیلئے نکلے۔ ان کی جمعیت چار ہزار کے قریب

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... مفہوم کچھ اور ہو گیا اس لئے غلط فہمی کے ازالے کی غرض سے یہ واضح کر دینا مناسب ہے کہ مجاہدین کی روایت میں ''ولایتی'' سے مقصود وہ لوگ ہیں جو قندھار، بنگش ہاریاسرحد وغیرہ سے تعلق رکھتے تھے۔

(۱) مجاہدین کی روایتوں میں اسے ''بزدرہ'' لکھا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ اس زمانے میں یہی تلفظ ہو۔ میں نے موجودہ تلفظ پیش نظر رکھا ہے تا کہ قارئین کو غلط فہمی نہ ہو۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھی جن میں سوار کم تھے اور پیادے زیادہ۔ بیچ میں سرن ندی تھی۔ خان اور مجاہدین کے لشکر بے تکلف اس میں اتر گئے۔ کمر تک پانی تھا، اس اثناء میں سکھ پے در پے بندوقیں سر کرتے رہے لیکن یورش کنندوں میں سے بفضل خدا کسی کو نقصان نہ پہنچا۔ ندی سے گذرتے ہی قلعے میں چلے گئے۔ پیادے صفیں باندھے ہوئے بیر کھنڈ کے بائیں جانب جا ٹھہرے۔ قلعے سے گولیاں برسنے لگیں تو پائندہ خاں پورے لشکر کو گولیوں کی زد سے باہر لے گیا اور قدم جما کر کھڑا ہو گیا۔

مجاہدین کی ترکتاز

اب خان نے مولوی صاحب سے کہا کہ ذرا اپنے مجاہدین کی یورش کا بھی نظارہ دکھا دیجئے۔ مولوی صاحب نے فرمایا:

> خان بھائی! یہ ہمارے مجاہدین خدا کے عاجز بندے ہیں۔ ان کا لڑنا بھڑنا صرف خدا کے واسطے ہے، اپنی ناموری اور بہادری جتانے کو نہیں۔ مگر خیر جو آپ نے اس امر کی درخواست کی تو ان کا بھی تماشا دیکھئے۔ (۱)

یہ فرماتے ہی مولوی صاحب مجاہدین کو لے کر سکھوں کی جانب روانہ ہوئے۔ بیر کھنڈ کے قریب پہنچے تو سکھوں کی فوج میں بگل بجا اور ان کی جو فوج بستی کے بائیں جانب ٹھہری ہوئی تھی، اس کی دو صفیں بن گئیں۔ ایک صف اپنے مقام پر جمی رہی، دوسری صف بستی کی آڑ میں جا ٹھہری اور سوار قلعے سے نکل کر اس آخری صف کی پشت پر جا کھڑے ہوئے۔ منصوبہ یہ تھا کہ مجاہدین سامنے کی صف پر حملہ کریں تو دوسری صف موقع کی مناسبت کے لحاظ سے حملہ آوروں کے عقب میں پہنچ جائے اور ان کی واپسی کا راستہ منقطع کر دے۔ سوار اس جنگی چال کو کامیاب بنانے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھیں۔

مولوی صاحب نے یہ صورت دیکھی تو اپنی فوج میں سے پچاس جانبازوں کو مقیم

(۱) "وقائع" جلد سوم ص: ۳۸۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاں ساکن کالا باغ کی سالاری میں شمالی جانب بھیج دیا کہ سکھوں کے عقب سے حملہ کریں۔ خود ملا لعل محمد قندھاری اور باقی مجاہدین کے ساتھ بستی میں سے ہو کر آگے بڑھے۔ سکھوں نے مولوی صاحب کو دیکھتے ہی بندوقیں سر کیں۔ اس اثناء میں مقیم خاں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور اپنے مجاہدین کو لے کر پُر زور حملہ کر دیا۔ ادھر سے مولوی صاحب اور ملا لعل محمد بجلی کی تیزی سے ان پر جا پڑے۔ تھوڑی ہی دیر میں سکھ میدان چھوڑ کر بھاگنے لگے۔ کچھ کانٹوں کی اس باڑ میں اٹک گئے جو قلعے کے اِردگرد حفاظت کیلئے لگا رکھی تھی اور وہ وہیں مارے گئے۔ باقی قلعے میں داخل ہو گئے اور اندر سے بندوقیں سر کرنے لگے۔ مجاہدین باڑ کے دروازے پر پہنچ گئے، ڈیڑھ دو گھڑی دن رہے پائندہ خاں نے اپنے دو مشہور سالاروں شاما اور مندا کو بھیج کر مولوی صاحب اور مجاہدین کو واپس بلا لیا اور کشادہ دِلی سے اعتراف کیا کہ مجاہدین کی بہادری و جوانمردی کے متعلق جو کچھ سنا تھا، اس سے زیادہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔ اس لڑائی میں مجاہدین کا کوئی آدمی زخمی تک نہ ہوا اور دونوں حملوں میں سکھوں کے پچاس ساٹھ آدمی مارے گئے۔ زخمیوں کا حال معلوم نہ ہو سکا۔ مغرب کی نماز سرن ندی کے کنارے ادا کی گئی۔ پانچ چھ گھڑی رات گئے خان اور مجاہدین کا لشکر کینیا پہنچ گیا۔

ملک پور میں لڑائی

دوسرے روز مراجعت کی تیاری ہوئی۔ پائندہ خاں نے مولوی صاحب سے کہا کہ آپ بھوج درہ میں ٹھہریں، میں ملک پور سے ہوتا ہوا شام تک آپکے پاس پہنچ جاؤں گا۔ ملک پور وہاں سے دو اڑھائی کوس پر واقع تھا۔ مولوی صاحب نے چالیس پچاس مجاہدین امان اللہ خاں لکھنوی کی سرکردگی میں پائندہ خاں کے ہمراہ کر دیے۔ تھوڑی دور چل کر پائندہ خاں نے امان اللہ خاں سے کہا کہ آپ سرن ندی کے ساتھ ساتھ سیدھے ملک پور چلیں، میں اوپر کے راستے سے موضع برال ہوتا ہوا آپ سے آملوں گا۔ اپنے بھی دو سو

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آدمی امان اللہ خاں کے ساتھ کر دیے۔

ملک پور میں دو گڑھیاں تھیں اور دونوں میں سکھوں کی طرف سے تھوڑے تھوڑے مسلمان سپاہی متعین تھے۔ امان اللہ خاں ندی کے نشیب میں سے ہوتے ہوئے دونوں گڑھیوں کے درمیان جا کھڑا ہوا۔ مسلمان سپاہیوں نے بہ ظاہر مجاہدین کا خیر مقدم کیا۔ مکئی کے بھٹے منگوا دیے کہ بھون بھون کر کھائیں۔ چنانچہ سب نے تسلی سے ظہر کی نماز ادا کی، لیکن خفیہ خفیہ ان سپاہیوں نے چادر ہلا ہلا کر بیر کھنڈ میں سکھوں کو پیغام بھیج دیا کہ جس قدر جلد ہو سکے آؤ اور ان مجاہدوں کو ختم کر دو۔ چنانچہ تھوڑی ہی دیر میں سکھ آ گئے۔ اُن کی طرف سے بندوقیں سر ہوئیں تو دونوں گڑھیوں کے مسلمان سپاہیوں نے مجاہدین پر کنکروں، پتھروں اور گولیوں کی بارش شروع کر دی۔ یوں وہ اچانک تین طرف سے گھر گئے۔ امان اللہ خاں نے یہ حال دیکھتے ہی نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ اڑھائی سو مجاہد تلواریں لے کر سکھوں پر ٹوٹ پڑے اور انہیں بھگا دیا۔

اس کشمکش میں میاں خاں سواتی گڑھی والوں کی گولیوں سے شہید ہو گیا۔ امان اللہ خاں سکھوں کی پسپائی کے بعد شمشیر علم کر کے گڑھیوں کے سامنے جا ٹھہرا اور کہا کہ ہم اپنے بھائی کے خون کا بدلہ لیں گے، اور گڑھیوں کے تمام سپاہیوں کو قتل کریں گے۔ اسلئے کہ انہوں نے دغابازی سے کام لیا۔ ان لوگوں نے ایک سید کو واسطہ بنا کر خطا معاف کرائی اور کہا کہ اگر ہم سکھوں کو اطلاع نہ دیتے تو وہ سمجھتے کہ ہم پایندہ خاں اور مجاہدین سے ملے ہوئے ہیں، اسلئے ہمیں تباہ کر ڈالتے۔ بحث و گفتگو کے بعد اُن کا قصور معاف ہوا۔

مراجعت

امان اللہ خاں نے میاں خاں کی میت چارپائی پر اٹھوائی اور شام کے وقت مع لشکر نیلور پہنچ گیا۔ وہیں میاں خاں شہید کو دفن کیا۔ پایندہ خاں بھی شام تک آ گیا، پھر وہ شیر گڑھ ہوتا ہوا امب چلا گیا اور مولوی صاحب اپنے مرکز جسی کوٹ میں تشریف لے گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دسواں باب:

مقامی گروہوں کی فتنہ انگیزیاں

سکھوں پر شبخون کی تیاری

مجاہدین کیلئے اپنے مقاصد کے مطابق سعی و جہد کی فضا سازگار ہو رہی تھی اور مولوی صاحب سکھوں پر شبخون کی تیاری کر رہے تھے، جہاں دو ہزار سکھ فصل خریف کا مالیہ وصول کرنے کیلئے آئے ہوئے تھے۔ غالباً اسی وجہ سے بارک خاں اور محمد خاں ساکنانِ بٹلوں نے عشر بھی نہ بھیجا تھا۔ مولوی صاحب چاہتے تھے کہ ان علاقوں کے باشندوں پر سے سکھوں کا دباؤ اُٹھا دیں اور ان کی حفاظت کا مکمل بندوبست کر دیں۔ اس کے بغیر ان سے عشر وصول کرنے کا کوئی حق بھی نہ تھا۔ چنانچہ وہ سکھوں پر شبخون کا سروسامان کر رہے تھے۔ اس اثناء میں اچانک معلوم ہوا کہ ایک مقامی فتنے نے سر اٹھایا ہے اور ایک نئی رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے، جس کا ازالہ بغیر سکھوں کے خلاف کوئی قابلِ ذکر تدبیر اختیار نہ کی جا سکتی تھی۔

دیشیوں کا لشکر

نیا فتنہ یہ تھا کہ علاقہ دیشی (۱) کے لوگ چار ہزار لشکر جمع کر کے مجاہدین سے جنگ کیلئے چری بنگ پہنچ گئے تھے جو جسی کوٹ سے تین کوس پر ہے۔ چری بنگ، نندھیاڑ اور ٹیکری کے لوگ بھی ان سے مل گئے تھے اور انھوں نے تمام درے بند کر دیے تھے۔

(۱) یہ علاقہ نندھیاڑ کے مغرب اور اگرور کے شمال میں واقع ہے۔ کوہ سیاہ (کالا ڈھاکا) کی شرقی ڈھلانوں کا ایک حصہ اس میں شامل ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجاہدین کیلئے یہ بہت بڑی آفت تھی۔ اگر وہ سکھوں کی طرف بڑھتے تو یہ لوگ بے تکلف جسی کوٹ پر قابض ہو جاتے اور مجاہدین کو اپنے مرکز سے محروم ہونا پڑتا۔ غور و مشورہ کے بعد یہی مناسب معلوم ہوا کہ پہلے اس فتنے کا انسداد کیا جائے پھر بہ اطمینان دوسری جانب قدم اٹھایا جائے۔

عجیب بات یہ ہے کہ دیشیوں کے اس اقدام کی کوئی بھی وجہ موجود نہ تھی۔ مجاہدین نے نہ ان کے کسی حق سے تعرض کیا تھا اور نہ انھیں کوئی نقصان پہنچایا تھا۔ ان کی غرض صرف یہ تھی کہ مقامی لوگ کاروبارِ جہاد میں حتی الامکان تعاون کریں، بہ درجۂ آخر عشر دیتے رہیں تاکہ انہیں سکھوں کے تسلط سے نجات دلانے کا بندوبست ہو سکے۔ لیکن ان لوگوں کی حالت یہ تھی کہ جو مجاہدین ان کی خیر خواہی میں جانیں لڑا رہے تھے، انہیں پر جتھے بنا کر حملے کیلئے تیار ہو جاتے تھے۔ سکھ اگرچہ ان کی جان، مال اور آبرو تینوں کے احترام سے سراسر بے پروا تھے تاہم ان کے خلاف کوئی قدم اٹھانے کیلئے تیار نہ ہوتے تھے۔ اس رنج افزا صورتِ حال پر کونسا دردمند مسلمان خون کے آنسو نہ بہائے گا۔

اقدام کا فیصلہ

غرض سچوں پر شبخون کو معرضِ التوا میں ڈال کر دیشیوں کی طرف توجہ ناگزیر ہو گئی۔ مولوی صاحب نے مجاہدین کے تمام سالاروں کو جمع کر کے مشورہ کیا اور آخری فیصلہ یہ ہوا کہ جسی کوٹ میں حملے کا انتظار کرنے کے بجائے خود پیش قدمی کی جائے۔ اگر انتظار کیا جاتا تو اندیشہ تھا کہ وہ لوگ آہستہ آہستہ مزید آدمی جمع کر لیں گے۔ پھر مجاہدین کیلئے مقابلہ بالکل ناممکن ہو جائے گا۔ چنانچہ مولوی صاحب نے موضع گہنیا سے جو ایک کوس جانب شمال واقع تھا، چھ روپے کا غلہ منگوایا اور مجاہدین میں تقسیم کر دیا تاکہ سب کھانا پکا لیں اور تیار ہو جائیں۔ معمول کے مطابق انتہائی عجز و انکساری سے بارگاہِ الٰہی میں دعاء کی اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجاہدین کو لے کر اس درے کی طرف روانہ ہو گئے جسے دیشیوں نے بند کر رکھا تھا۔ یہ جسی کوٹ سے تقریباً دو کوس تھا۔ دیشیوں نے آس پاس کے پہاڑوں پر مورچے بنا لئے تھے اور وہ مقابلے کے لئے تیار بیٹھے تھے۔

دیشیوں کا فرار

مولوی صاحب نے موقع کا معائینہ کر کے مجاہدین کو درے کے دونوں جانب کے پہاڑوں پر چڑھائی کا حکم دے دیا اور وہ تھوڑی ہی دیر میں دیشیوں کے مورچوں سے اوپر پہنچ گئے۔ مجاہدین نے ان پر ایک باڑ ماری۔ انھوں نے بھی جواب دیا، لیکن جلد مورچے چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ مجاہدین تعاقب کرتے ہوئے چری بنگ پہنچ گئے۔ وہاں پھر معمولی سی جھڑپ ہوئی اور دیشیوں نے دوبارہ راہِ فرار اختیار کی۔ مجاہدین آگے بڑھ کر موضع ترن میں جا ٹھہرے۔ وہاں سے ایک گولی کی زد پر شائی خاں کا قلعہ تھا۔ مولوی صاحب نے اس کے محاصرے کا حکم دے دیا۔ شام سے پہلے پہلے مجاہدین اس پر بھی قابض ہو گئے۔ یہ جسی کوٹ سے بہ درجہا زیادہ مستحکم مقام تھا، لہٰذا اسی کو مجاہدین نے اپنا بڑا مرکز قرار دیدیا۔

گجبوڑی پر شبخون

قلعہ شائی خاں میں رہتے ہوئے تقریباً ڈیڑھ مہینہ گذر گیا تو خبر ملی کہ دیشیوں اور نندھیاڑیوں نے گجبوڑی میں نو دس ہزار کا لشکر جمع کر لیا ہے۔ یہ مقام شائی خاں سے تقریباً دو میل تھا اور مولوی صاحب نے پھر یہی فیصلہ کیا کہ ان کی یورش کا انتظار کرنے کے بجائے خود حملہ کیا جائے، چنانچہ حملے کا ساز و سامان تیار کر کے رات کے پچھلے پہر شائی خاں سے نکلے۔ مجاہدین کی تعداد دو سو کے قریب تھی۔ ایک نالے پر وضو کر کے اول وقت نمازِ فجر ادا کی پھر لشکر کو تین گروہوں میں تقسیم کیا: ایک گروہ کو مقیم خاں کی سرکردگی میں گجبوڑی کے بائیں جانب بھیجا، دوسرے کو لعل محمد خاں قندھاری کی سالاری میں دائیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جانب روانہ کیا، خود تیسرے گروہ کو لے کر بستی کے سامنے سے حملہ آور ہوئے۔ بستی کے قریب پہنچتے ہی شور مچ گیا کہ مجاہدین آ گئے۔ دیشی اور نندھیاڑی بدحواس ہو کر بھاگے اور پاس کے پہاڑ پر جمع ہوئے۔ مجاہدین بھی تیزی سے تعاقب کرتے ہوئے قریب جا پہنچے، وہ لوگ دوبارہ بھاگے، پھر آٹھ کوس تک کہیں مقابلہ نہ کر سکے اور پراگندہ ہو گئے۔ مجاہدین کوٹلہ پہنچ گئے، جو دیشیوں کی سرحد پر واقع تھا۔

مصالحت کی درخواست

کوٹلہ میں مجاہدین کو بہت سا غلہ، شہد اور گھی ملا۔ مولوی صاحب نے یہ تمام جنسیں اٹھوا کر سنگلی پہنچا دیں، جو کوٹلہ سے چار کوس جنوب میں واقع تھا۔ اس اثناء میں دیشیوں اور نندھیاڑیوں نے ایک وفد کے ذریعے سے مصالحت کی درخواست کی جو عبدالغفور خاں اگروری، کمال خاں اگروری، مظفر خاں بن ناصر خاں بھٹ گرامی، حبیب خاں ساکن راج دواری، سعادت خاں ساکن ٹیکری اور بعض مقامی علماء پر مشتمل تھا۔ مولوی صاحب نے ان کی درخواست منظور کر لی چنانچہ ان کے جتنے جانور پکڑے گئے تھے، سب واپس کر دیے، انہوں نے احکامِ شریعت مان کر عشر دینا قبول کر لیا۔ ان میں دو نامور سردار تھے: ایک کچکول خاں، دوسرا نقیب اللہ خاں۔ مولوی صاحب نے اپنے ہاتھ سے انھیں سرداری کی دستاریں پہنائیں، جا بجا قاضی مقرر کر دیے تاکہ شریعت کے مطابق ان کے مقدموں کا فیصلہ کرتے رہیں اور خود قلعہ شائی خاں میں رہنے لگے۔

انتظامات کی کیفیت

اب جو علاقہ مجاہدین کے زیر اثر آ چکا تھا، اور اس میں شرعی نظام جاری ہو چکا تھا، اسے انتظامی لحاظ سے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا: ایک درہ ٹیکری (۱) دوسرا درہ نندھیاڑ،

(۱) وادیٔ ٹیکری نندھیاڑ اور اگرور کے درمیان واقع ہے۔ یہ تقریباً آٹھ میل لمبی اور چار میل چوڑی ہے۔ اس کی سطح ساڑھے چار ہزار فٹ بلند ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا دیشیوں کا علاقہ، چوتھا درہ کونش۔ چند روز کے بعد مولوی صاحب نے ان علاقوں میں تحصیل عشر کے لئے حسب ذیل اصحاب کو متعین کر دیا:

۱- نندھیاڑ	پیر مبارک علی جھنجھانوی
۲- کونش	اخوندزادہ فیض محمد شارکولی
۳- دیشیوں کا علاقہ	اخوندزادہ کاتب

چوتھے حصے یعنی درہ نیکری میں خود مولوی صاحب موجود تھے۔ وہ جہاں جسے چاہتے تھے، بوقت ضرورت بھیج دیتے تھے۔ اس انتظام کے ماتحت عشر باقاعدہ وصول ہونے لگا۔ مولوی صاحب نے تاکیدی ہدایات جاری کر دیں کہ کسی بستی کی کوئی زمین جس میں کاشت ممکن ہو، غیر مزروعہ نہ رہے۔ اس طرح ان علاقوں کی پیداوار بھی بڑھ گئی۔

نئی رکاوٹ

مجاہدین کی آرزو صرف یہ تھی کہ اپنی پوری قوتیں محاذِ جہاد کے استحکام و استواری میں صرف کر دیں، لیکن مقامی گروہوں کی فتنہ انگیزیاں قدم قدم پر ان کے ارادوں میں حائل ہو جاتی تھیں۔ دیشیوں کی جانب سے مطمئن ہو کر مولوی صاحب نے فیصلہ کیا کہ سچوں پر شبخون ماریں، جہاں تین ہزار سکھ آ پہنچے تھے، اور اپنا عمل دخل مستحکم کرنے میں لگے ہوئے تھے۔ شائی خاں سے سچوں تک دو روز کی مسافت تھی۔ مسافت کا تو چنداں خیال نہ تھا، تردّد کا خاص سبب یہ تھا کہ بیچ میں سرن ندی پڑتی تھی اور اس پر صرف ایک جگہ چوبی پُل بنا ہوا تھا، جس سے گذرنا آسان نہ تھا۔

اس مشکل کے باوجود فیصلہ کر لیا گیا کہ شبخون ضرور مارا جائے۔ چنانچہ تیاریاں شروع ہو گئیں۔ اس اثناء میں موضع جسول سے ایک آدمی یہ خبر لایا کہ علاقہ الائی (۱) کے

(۱) اس علاقے کے شمال و مشرق میں کوہستان ہے۔ جنوب میں بھوگڑ منگ، ..... بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھ نو ہزار آدمی کوہانہ سے ڈیڑھ کوس پر پہاڑ کے اوپر ایک میدان میں اترے ہوئے ہیں اور قلعہ شائی خاں پر حملے کا عزم کیے بیٹھے ہیں۔ یہ خبر سنتے ہی سکھوں پر شبخون کا ارادہ پھر مجبوراً ملتوی کرنا پڑا۔

پیغامِ مصالحت

مولوی نصیر الدین نے دیشیوں کے سردار نقیب اللہ خاں کو بلوایا اور چار پانچ ذی علم اصحاب کے ہمراہ ان لوگوں کے پاس بھیجا کہ انہیں سمجھاؤ اور یقین دلاؤ:

ہم سے اور تم سے کسی طور کا علاقہ نہیں۔ تمہارا ملک جدا، ہمارا ملک جدا۔ جو ہم لوگوں پر چڑھ کر آئے ہو، یہ سراسر تمہاری زیادتی ہے۔ اس ملک میں ہمارا مقابلہ سکھوں سے ہے اور تم مسلمان بھائی ہو، تم کو لازم تھا کہ ہمارے ساتھ شریک ہو کر سکھوں سے لڑتے اور جو اتنی حمیت دین کی نہ تھی تو اپنے ملک میں خاموش بیٹھے رہتے۔ ناحق ہم پر نہ آتے۔ سو اب مناسب یہی ہے کہ اس طرف آگے نہ بڑھو، اپنے ملک کو چلے جاؤ۔ (۱)

مجاہدین کی یورش

ان افسوس ناک حالات پر مولوی نصیر الدین اور مجاہدین کا دل خون ہوتا تھا لیکن وہ مجبور تھے۔ حملے کی روک تھام کے سوا ان کیلئے کوئی چارۂ کار ہی نہ تھا۔ مجاہدین میں سامانِ جنگ تقسیم ہو گیا۔ دو دو روز کی روٹیاں سب نے تیار کر لیں، نمازِ عصر کے بعد چار سو کے

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... نندھیاڑ اور دیشی۔ اس کی مغربی حد دریائے سندھ ہے۔ یہ پہاڑوں کی دو بڑی دیواروں کے درمیان واقع ہے۔ کوہستان کی سمت کا پہاڑ پندرہ ہزار فٹ بلند ہے، نندھیاڑ اور دیشی کی سمت کا پہاڑ بھی خاصا اونچا ہے، اور تاکوٹ کے شمال میں دریائے سندھ پر ختم ہوتا ہے۔ وادیٔ الائی تقریباً بارہ میل لمبی ہے، اور اس کا رقبہ دو سو مربع میل سے کم نہ ہوگا۔

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۴۱۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قریب مجاہدین مولوی نصیر الدین کی سرکردگی میں قلعہ شائی خاں سے روانہ ہوئے، مولوی صاحب نے روانگی سے پیشتر معمول کے مطابق بارگاہِ الٰہی میں دیر تک گریہ وزاری کی۔ شائی خان سے دو اڑھائی کوس پر نمازِ مغرب پڑھی، وہاں سے کوس سوا کوس پر الائی والوں کا لشکر تھا۔ جب مجاہدین گولی کی زد میں پہنچے تو الائی والوں نے باڑ ماری۔ مجاہدین کے چھ آدمی زخمی ہوئے، جن میں ملا لعل محمد قندھاری بھی تھے۔ ان کی کلائی پر گولی لگی تھی۔ کسی کی زبان سے بے اختیار نکل گیا کہ ملا لعل محمد زخمی ہو گئے۔ یہ سنتے ہی ملا صاحب نے اس کے منہ پر طمانچہ مارا اور فرمایا:

چپ رہو، ایسی بات نہ کہو جو لوگوں میں ہراس پیدا کرے۔

غرض مجاہدین بے باکانہ آگے بڑھتے گئے۔ اگرچہ ان کی اور الائی والوں کی تعداد میں ایک اور بیس کا فرق تھا، تاہم الائی والوں پر ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ مال واسباب اور ہتھیار چھوڑ کر بھاگ گئے۔ مولوی نصیر الدین نے تاکیدی حکم جاری کر دیا کہ کوئی بھائی کسی چیز کو ہاتھ نہ لگائے اور بھاگنے والوں کا تعاقب جاری رکھا جائے۔

کامیاب تعاقب

آگے راستہ اتنا تنگ تھا کہ صرف ایک ایک آدمی گذر سکتا تھا۔ الائی والے پہاڑ کے چپے چپے سے واقف تھے۔ وہ مختلف سمتوں میں منتشر ہو گئے مگر مجاہدین نے تعاقب نہ چھوڑا، یہاں تک کہ وہ ایسے مقام پر پہنچ گئے جہاں حدِ نظر تک برف جمی ہوئی تھی۔ الائی والوں کے جو گروہ دور نظر آئے، وہ بھی مجاہدین کو دیکھتے ہی بھاگ نکلے۔ سفر اور چڑھائی میں مجاہدین کو بہت مشقت اٹھانی پڑی تھی، اور بھوک کے غلبے نے پریشان کر رکھا تھا۔ ان کی روٹیاں مولوی فتح علی عظیم آبادی اور عبداللہ پوربی کے پاس تھیں، جو بہت پیچھے رہ گئے تھے۔ ملا نور محمد قندھاری کے پاس مکئی کا تھوڑا سا آٹا تھا، مولوی نصیر الدین نے وہی چٹکی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چٹکی مجاہدین میں بانٹ دیا۔ خود مولوی صاحب نے بھی ایک چٹکی آٹا پھانکا۔ چونکہ ان کے منہ میں دانت نہ تھے اس لئے آٹا منہ کے اندر نہ جا سکا اور اڑ گیا۔

برف سے گذر کر آگے بڑھے تو جگہ جگہ گوجروں کے چند گھر ملے۔ وہ اپنی بھیڑ بکریاں لے کر بھاگ گئے تھے، اور ان کے بچے پیچھے چھوڑ گئے تھے۔ مولوی صاحب نے حکم دے دیا کہ ان بچوں کو کوئی ہاتھ نہ لگائے۔ دو گھڑی دن رہے مجاہدین موضع بہاری میں پہنچ گئے۔ وہاں کے لوگ بھی بستی چھوڑ کر بھاگ چکے تھے۔ مولوی صاحب نے مجاہدین میں اعلان کرا دیا کہ کوئی بھائی کسی کے مال و اسباب کو ہاتھ نہ لگائے، جنکے پاس کھانے کو کچھ نہ ہو، وہ ہمیں اطلاع دیدے، ہم جنس تول کر دیدیں گے، تاکہ اس کا حساب رہے اور وہ لوگ واپس آئیں تو انہیں خرچ کی ہوئی جنس کی قیمت دیدی جائے۔

مصالحت کی مزید کوششیں

مولوی نصیر الدین نے یورش کے سلسلے میں انتہائی احتیاط سے کام لیا تھا۔ ان کی خواہش یہ تھی کہ لڑائی طول نہ پکڑے اور جلد سے جلد مفاہمت ہو جائے۔ چنانچہ انہوں نے مقامی ملاؤں کو دوبارہ ان لوگوں کے پاس بھیجا کہ تمہاری پیش دستی کے باعث ہمیں یورش کرنی پڑی، اب بھی کچھ نہیں بگڑا، آرام و اطمینان سے بیٹھ جاؤ، فساد چھوڑ دو، اپنا مال و اسباب لے کر امن سے رہو۔ یہ فہمائش بھی بے نتیجہ رہی۔ اس اثناء میں معلوم ہوا کہ ان لوگوں نے پٹن اور پالس (۱) سے کمک طلب کی ہے تاکہ از سر نو مجاہدین سے لڑیں۔ بہاری سے تین کوس پر سیدوں کی ایک بستی تھی، مولوی صاحب وہاں گئے اور سیدوں سے کہا کہ ان لوگوں کو سمجھایئے۔ ہم ان سے تعرض کے خواہاں نہیں، وہ کیوں ہم سے لڑنے کیلئے مضطرب ہیں؟

(۱) یہ مقامات علاقہ کوہستان میں واقع ہیں۔ پٹن دریائے سندھ کے دائیں کنارے اور پالس بائیں کنارے ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی صاحب بہاری میں نور وز ٹھہرے رہے۔ وہاں سے پاؤ کوس پر نوگانواں ایک مقام ہے، وہاں الائی والوں نے نو دس ہزار کی جمعیت فراہم کر لی۔ چار روز تک فریقین کی طرف سے بندوقیں چلتی رہیں، چونکہ بیچ میں ندی حائل تھی، اسلئے ایک دوسرے پر حملے اور دست بدست لڑائی کی نوبت نہ آئی۔

مجاہدین کی مراجعت

اس اثناء میں ناصر خاں بھٹ گرامی کے فرزند مظفر خاں نے کمال خاں اگروری کے ذریعے سے پیغام بھیجا کہ آس پاس کے تمام لوگوں نے سکھوں سے ساز باز کر لی ہے اور خطرہ ہے کہ وہ مجاہدین کو نرغے میں لے کر یہیں ختم کر دیں گے۔ لہٰذا بچاؤ کی کوئی مناسب تدبیر اختیار کر لیجئے۔

مولوی صاحب نے مجروح اور معذور مجاہدوں کو شملئی بھیج دیا۔(۱) خود جنگل سے درخت کٹوانے شروع کئے اور اعلان کر دیا کہ ہم ندی عبور کرنے کیلئے پل بنوانا چاہتے ہیں تا کہ ایک دم حملہ کر کے لڑائی کا فیصلہ کر دیں۔ یہ دراصل مخالفوں کو مرعوب کرنے کی ایک تدبیر تھی۔ پھر حکم دیدیا کہ زور و شور سے بندوقیں اور شاہینیں سر کی جائیں تا کہ مخالفوں پر ظاہر ہو کہ مجاہدین پار اترنے والے ہیں۔ رات ہوئی تو مجاہدین کو مراجعت کا حکم دے دیا۔ خود تیس چالیس آدمیوں کے ساتھ محاذِ جنگ پر ٹھہرے رہے۔ تھوڑی دیر بعد خود روانہ ہوئے اور ملا لعل محمد قندھاری سے فرمایا کہ ہم گولی کی زد پر پہنچ جائیں تو آپ ہمارے پیچھے پیچھے آئیں۔ اگلے روز ڈیڑھ پہر دن چڑھے شملئی پہنچ گئے۔

(۱) روایت میں بتایا گیا ہے کہ دو قندھاری زخمی تھے۔ ان کے علاوہ لعل محمد جگدیش پوری، محمد قائم ساکن اگروالہ، گلشیر ساکن کالا باغ، شاہ ولی نتولی اور برکات مظفر آبادی تپ ولرزہ میں مبتلا تھے۔ یہ شملئی چلے گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دیہات کا دورہ

شملئی سے مولوی صاحب نے دیہات کا دورہ شروع کر دیا۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل دیہات کے نام آئے ہیں: بٹن بوڑی، کاکڑ سنگ، بھٹ گرام، چھتر گرام، حاجی میرا، پھگوڑا، چوہن، دھڑیاں، بہانیاں، تیاں، ٹیکری اور پورا۔ جس مقام پر جاتے، پوچھتے کہ آیا لوگوں نے ہماری مخالفت میں دشمنوں سے ساز باز کی ہے؟ وہ براءت کا اظہار کرتے۔ تمام مقامات پر مجاہدین کی مہمانداری ہوئی۔ پھگوڑا کے ایک سینھ کی دکان پر مولوی صاحب کی ہنڈیاں آتی تھیں۔ وہ ملاقات کیلئے آیا تو نذر کیلئے شیرینی لایا۔ یوں دورہ کرتے ہوئے مولوی صاحب قلعہ شائی خاں پہنچ گئے۔ انکی غیر حاضری میں شیخ ولی محمد بھی ناواگئی سے شائی خاں آ گئے تھے۔ ان سے ملاقات کی خوشی میں قرابینیں اور شاہینیں سر کی گئیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گیارہواں باب:

پکھلی پر شبخون

بٹلوں پر چھاپا

پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ سکھوں کا خاصا بڑا لشکر شکیاری سے اٹھ کر پیچوں میں جمع ہوگیا تھا تاکہ آس پاس کے علاقوں سے خراج وصول کرے۔ مولوی نصیرالدین اسی لشکر پر چھاپہ مارنے کا ارادہ کئے بیٹھے تھے۔ جب الائی والوں کی بے وجہ یورش اس ارادے کی تکمیل میں حائل ہوگئی، اس اثناء میں سکھوں نے اپنا اثر ورسوخ مستحکم کرلیا اور بٹلوں کے رئیس بارک خاں اور محمد خاں بھی ان سے مل گئے تھے۔ الائی والوں سے فارغ ہوکر مولوی صاحب پھر سکھوں کی طرف متوجہ ہوئے اور تقریباً سوا سو مجاہدوں کو لے کر قلعہ شائی خاں سے نکلے۔ کچھ مقامی لوگ بھی ساتھ ہوگئے تھے۔ شائی خاں سے پانچ چھ کوس کے فاصلے پر چھتر نام ایک وسیع میدان ہے، جس میں دوسری بستیوں کے علاوہ سیدوں کی ایک بستی لاچھی بنگ واقع ہے۔ مولوی صاحب وہاں ٹھہر گئے اور چالیس پچاس مجاہدوں کو اس غرض سے بٹلوں بھیج دیا کہ بارک خاں کو ساتھ لے آئیں۔

غالباً مولوی صاحب کا مقصد یہ تھا کہ اس سے گفتگو کر کے پیچوں پر یورش کی تدابیر اختیار کریں۔ بٹلوں لاچھی بنگ سے صرف دو کوس بہ جانب مشرق واقع تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ مجاہدین کی آمد کے متعلق عام افواہ پھیل گئی اور بارک خاں اپنے دس آدمیوں کے ساتھ بستی چھوڑ کر اس پہاڑ کی طرف بھاگا جہاں سے سکھوں کا لشکر قریب تھا۔ مجاہدین نے اس کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تعاقب کیا اور گرفتار کر کے لاچھی بنگ لے آئے۔

بارک خاں کا قتل

مولوی صاحب جس مقام پر ٹھہرے ہوئے تھے وہ بستی سے ایک میل باہر تھا۔ ''ولایتی'' مجاہدین بارک خاں سے باتیں کرتے جا رہے تھے۔ انہوں نے کہا خان صاحب! آپ بڑے دانا ہیں۔ خدا نے آپکو سرداری کا منصب دیا ہے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ آپ مسلمانوں کا ساتھ چھوڑ کر سکھوں سے مل گئے ہیں۔ اس نے جواب دیا:

> سبب یہ ہے کہ سکھوں کا پایہ بھاری ہے۔ وہ صاحب ملک اور صاحب حکومت ہیں اور تم لوگوں کو میں اس قدر صاحب شوکت و سلطنت نہیں دیکھتا، آج یہاں ہو، کل اور کہیں چلے جاؤ گے۔ اگر صاف صاف تمہارا شریک ہو جاؤں تو کہاں رہوں؟

اس بیان سے ظاہر ہے کہ بارک خاں کے پیش نظر کوئی دینی یا قومی مقصد نہ تھا، وہ اس کا ساتھ دینا چاہتا تھا جس سے اس کی دنیوی اغراض بہ سہولت پوری ہوتی رہیں، خواہ وہ کوئی ہو، اور خواہ اس تعاون سے دینی اور قومی اغراض کو کتنا ہی نقصان پہنچے۔

یہ بات سنتے ہی سید میر کے ایک ہمراہی سپاہی کو اتنا غصہ آیا کہ بے تامل بھری ہوئی قرابین چلا دی اور بارک خاں وہیں ڈھیر ہو گیا۔ سپاہی اسی وقت بھاگ گیا۔ مولوی صاحب کو یہ اطلاع ملی تو حد درجہ ناخوش ہوئے۔ ملا گلزار خاں جمعدار سے فرمایا کہ اپنے آدمی لے جایئے اور بارک خاں کی میت کو لاچھی بنگ میں دفن کر دیجئے۔ چنانچہ اس ارشاد کے مطابق عمل ہوا۔

پیش قدمی

لاچھی بنگ سے اٹھ کر مولوی صاحب رچھاڑی پہنچے جو درۂ سچوں میں واقع ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وہاں سے پچوں دو کوس تھا۔ سکھوں کو اطلاع مل گئی، رچھاڑی اور پچوں کے درمیان سرن ندی بہتی تھی۔ دونوں لشکر ندی کے دونوں کناروں پر کھڑے گولیاں چلاتے رہے۔ یورش اور دست بدست لڑائی کی نوبت نہ آئی۔

تین دن اسی طرح گذر گئے، چوتھے دن مولوی صاحب نے مقیم خاں ساکن کالا باغ کو مجاہدین کی ایک جماعت کے ساتھ پنجول بھیج دیا۔ راستے میں یکے بعد دیگرے دو ندیاں پڑتی تھیں۔ مقیم خاں انہیں عبور کر کے پنجول پہنچا اور وہاں دو دن سکھوں سے لڑتا رہا، آخر انہیں شکست دے کر مال و اسباب لے آیا۔ دونوں ندیوں کے درمیان سکھوں نے پھر حملہ کیا اور پہر سوا پہر تک لڑائی جاری رہی۔ مجاہدین میں سے دو شہید اور دو زخمی ہوئے۔ سکھ پھر شکست کھا کر لوٹ گئے اور مقیم خاں کامیاب و بامراد مولوی صاحب کے پاس پہنچ گیا۔

بٹلوں میں قلعے کی تجویز

پھر مولوی صاحب بٹلوں پہنچ گئے اور فیصلہ کیا کہ اس مقام پر ایک قلعہ بنا کر سو پچاس مجاہدین بٹھا دینے چاہئیں تا کہ سکھوں کیلئے آس پاس کے علاقے پر تسلط کا کوئی امکان باقی نہ رہے، اور لوگ مطمئن ہو کر کاروبار جاری رکھ سکیں۔ بٹلوں سے باہر ایک چھوٹا سا ٹیلا تھا اسی کو قلعے کیلئے منتخب فرمایا۔ اس اثناء میں دو ہندوستانی مجاہد ناراض ہو کر راہیٔ وطن ہوئے۔ مولوی صاحب نے نظام الدین خاں شاہ جہاں پوری، مستقیم خان جہان آبادی، ابراہیم نگرامی اور رحیم بخش سہارنپوری کو ان کے پیچھے بھیجا کہ سمجھا بجھا کر واپس لے آئیں۔ افسوس کہ یہ فہمائش سودمند نہ ہوئی۔ مولوی صاحب کے قلبِ صافی پر اس واقعہ کا ایسا ناخوش گوار اثر پڑا کہ وہ تعمیر قلعہ کی تجویز معلق چھوڑ کر شائی خاں واپس چلے گئے۔ اس معاملے میں تاخیر و توقف کا نتیجہ یہ ہوا کہ سکھوں نے بٹلوں میں مولوی صاحب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے تجویز کردہ مقام پر قلعہ بنالیا اور وہاں خاصی بڑی جمعیت بٹھا دی۔ اس وجہ سے مجاہدین کو جو نقصان اٹھانا پڑا اُس کی کیفیت آگے چل کر بیان ہوگی۔

پکھلی پر شبخون

کچھ دیر بعد مقیم خاں ساکن کالا باغ نے مولوی نصیر لدین سے عرض کیا کہ پکھلی میں سکھوں پر شبخون کی اجازت دی جائے۔ مولوی صاحب موصوف نے فرمایا کہ فاصلہ زیادہ ہے، اسلئے چست وچالاک مجاہدین چن کر لے جایئے۔ چنانچہ مقیم خاں ڈیڑھ سو مجاہدوں کے ہمراہ شائی خاں سے روانہ ہوا، اور پہلی منزل سنگل کوٹ میں کی جو درہ کونش میں پیر خیلوں کی بستی ہے اور سید قمر علی شاہ اُن کا رئیس تھا۔ مجاہدین وہاں سے چلے تو اُہل میں جا ٹھہرے۔ تین جاسوس پہلے سے مختلف سمتوں میں بھیج رکھے تھے کہ معلوم کر آئیں، کہاں کہاں سکھوں کی جمعیت ہے اور شبخون کیلئے کون کون سے مقامات موزوں ہوں گے۔ خود مقیم خاں اُہل سے نکلا تو کوٹلیاں میں جا ٹھہرا جو پکھلی کی سرحد پر واقع ہے۔ تین جاسوسوں میں سے دو واپس آ گئے اور اطلاع دی کہ شبخون کیلئے کوئی موزوں جگہ نظر نہیں آتی، اسلئے کہ سکھوں نے جا بجا قلعے اور چوکیاں بنا رکھی ہیں۔ ہر جگہ خاصی فوج متعین ہے اور عام افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ مجاہدین کا حملہ ہونے والا ہے۔ اس وجہ سے سب لوگ چوکس ہیں اور انہوں نے پہریداری کے پورے انتظامات کر رکھے ہیں۔

سکھوں سے لڑائی

مقیم خاں کو شبخون کی جانب سے مایوسی ہوگئی تو فیصلہ کر لیا کہ سرن ندی کے کنارے کنارے گشت کرتے ہوئے چلیں اور درہ بھوگڑ منگ میں سے ہوتے ہوئے شائی خاں پہنچ جائیں۔ چنانچہ وہ روانہ ہوا۔ اچھڑیاں نام بستی میں ایک چشمے کے کنارے مجاہدین کھانا کھانے لگے، شنکیاری وہاں سے دو کوس ہوگا، جہاں سکھوں کی فوج کا بڑا مرکز تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کھانا کھاتے ہوئے ایک مجاہد نے اٹھ کر شنکیاری کی طرف دیکھا تو معلوم ہوا کہ کچھ آدمی چلے آرہے ہیں۔ چنانچہ تمام مجاہدین ہتھیار سنبھال کر کھڑے ہو گئے۔ تھوڑی دیر میں سکھوں کی ایک جمعیت نمودار ہوئی، یہ لوگ نوسو کے قریب تھے، سوار کم پیادے زیادہ۔

بیچ میں ندی حائل تھی۔ مجاہدین کنارے کنارے ندی کے اوپر کی طرف روانہ ہوئے تاکہ کسی موزوں مقام سے پار اتر کر لڑیں۔ سکھوں نے سمجھا کہ مجاہدین قلتِ تعداد کے باعث مقابلے سے پہلوتہی کر رہے ہیں۔ اس اثناء میں فریقین کی طرف سے گولیاں بھی چل رہی تھیں۔ ایک مقام پر عبدالغفار خاں جمعدار ساکن پکھلی نے مجاہدین کو پکارا کہ بھائیو! دیکھتے کیا ہو؟ آؤ ان پر دھاوا بول دیں۔ یہ کہتے ہی عبدالغفار خاں ندی میں کود پڑا۔ کمر سے اوپر پانی تھا تاہم وہ گولیوں کی بارش میں پار اتر گیا، باقی مجاہدین نے بھی اس کا ساتھ دیا اور تلواریں کھینچ کر بجلی کی تیزی سے سکھوں پر جا پڑے۔ بیس پچیس سکھ وہیں مارے گئے، باقی بدحواس ہو کر بھاگے۔ مجاہدین نے دہڑیال نام بستی تک ان کا تعاقب کیا، جو تقریباً اڑھائی کوس پر تھی۔ وہاں تک ستر اسی سکھ ہلاک ہوئے، مجاہدین میں سے کسی کے خراش تک نہ آئی۔ مقتول سکھوں کے ہتھیار لے کر مجاہدین لائی بنگ اور سنگل کوٹ میں ٹھہرتے ہوئے شائی خاں پہنچ گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بارہواں باب:

دیشیوں کی خوفناک سازش

نئی سازش

مجاہدین پھر اطمینان سے اپنے اصل کام میں مصروف ہو گئے تھے کہ یکا یک دیشیوں نے ان کے خلاف دوبارہ سازش کر لی جسے کامیاب بنانے کیلئے اتفاقاً ایک اچھا موقع پیدا ہو گیا۔ وہ اس طرح کہ بابندہ خاں والیٔ امب نے مولوی نصیر الدین کے پاس پیغام بھیجا:

آپ مجاہدین کو لے کر شیر گڑھ آ جائیں، وہاں سے پکھلی پہنچ کر سکھوں پر حملہ کریں گے۔

مولوی صاحب موصوف تین سو مجاہدوں کے ساتھ شیر گڑھ پہنچے۔ وہاں سے پایندہ خاں کے ہمراہ بیر کھنڈ کا رُخ کر لیا اور بھوج درہ میں مقام کیا۔ شیخ ولی محمد کے پاس شائی خاں میں صرف پچاس ساٹھ مجاہدین رہ گئے تھے۔ اس دوران میں دیشیوں نے ایکا کر کے مجاہدین کو ختم کرنے کی ٹھان لی۔ ان کی تجویز یہ تھی کہ پہلے ان مجاہدین کو شہید کریں جو دیہات میں جا بجا بکھرے ہوئے تھے۔ پھر شائی خاں پر چڑھائی کر کے باقی مجاہدین کو موت کے گھاٹ اُتار دیں۔

متفرق مجاہدین پر حملے

چنانچہ مولوی صاحب کے جاتے ہی دیشیوں نے اپنے منصوبے کے مطابق عمل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شروع کر دیا۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے:

۱- شیخ ولی محمد کے بھیلے کا ایک مجاہد خدا بخش بلند کوٹ میں شہید کر ڈالا گیا۔

۲- ملاّ لعل محمد قندھاری کے بھیلے کا ایک آدمی فیض محمد موضع اتھل میں متعین تھا، وہ موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

۳- شیخ لکھمیر کو بھی بلند کوٹ ہی میں متعین کیا گیا تھا اور اس نے مسجد کے حجرے میں اقامت اختیار کر رکھی تھی، رات کے وقت اس پر بھی حملہ ہوا لیکن وہ شمشیر زنی کے کمالات سے کام لیتے ہوئے چار آدمیوں کو زخمی کر کے بھاگ نکلا اور صحیح سلامت شائی خاں پہنچ گیا۔

۴- دیشیوں کو سب سے زیادہ دشمنی ملاّ کاتب اخوندزادہ سے تھی، جو ان کے علاقے میں تحصیل کا حاکم اعلیٰ تھا۔ موصوف کو بروقت اطلاع مل گئی اور وہ رات کو ننگے بدن بھاگ کر شائی خاں پہنچ گیا۔

باقی مجاہدین کے متعلق سخت تشویش تھی، لیکن وہ سب بخیر و عافیت دوسرے یا تیسرے دن شائی خاں میں داخل ہو گئے۔ گویا دیشیوں کا یہ منصوبہ ناکام رہا، البتہ جیسا کہ اوپر بتایا جا چکا ہے، دو مجاہد سراسر ناحق مارے گئے۔

دِفاعی تدابیر

اس اثناء میں دیشی گجوڑی کے مقام پر جمع ہونے لگے۔ شیخ ولی محمد نے قلعے پر پہرے کا پختہ بندوبست کر لیا۔ قلعے سے ساٹھ ستر قدم پر ایک چشمہ تھا، جس سے پانی لیا جاتا تھا، اس پر برج بنا کر دو پہرے لگا دیے تاکہ پانی کی رسد محفوظ رہے اور مولوی نصیر الدین کو بھوج درہ پر پیغام بھیج دیا کہ جلد سے جلد واپس آ جائیے۔

پائندہ خاں نے سکھوں پر پیش قدمی کی تجویز ملتوی کر دی۔ خود امب واپس چلا گیا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ور اپنے دو اڑھائی سو لشکری مھندا جمعدار کی سرکردگی میں مولوی صاحب کے ساتھ شائی غاں بھیج دیے۔ یہ سب پندرہ بیس روز حملے کا انتظار کرتے رہے۔

مھندا کی تدبیر جنگ

جب دیشیوں کی طرف سے کوئی اقدام نہ ہوا تو مھندا جمعدار نے شیخ صاحب اور مولوی صاحب کی اجازت سے خود لڑائی چھیڑنے کی ایک معقول تدبیر اختیار کی۔ اس نے پچاس ساٹھ تنولیوں کو حکم دیا کہ کمرہ پر ہوتے ہوئے دیشیوں کی طرف جائیں، انھیں دیکھتے ہی بندوقیں سر کریں۔ جب وہ مقابلے پر نکلیں تو کوٹ پڑیں۔ اس تدبیر کا مقصد یہ تھا کہ دیشی قیام گاہ سے اٹھ کر شائی خاں کے قریب آ جائیں تا کہ ان سے لڑائی کا اچھا موقع نکل آئے۔

دیشیوں کی پسپائی

اس تدبیر پر عمل ہوا اور دیشی تنولیوں کا تعاقب کرتے ہوئے ہزاروں کی تعداد میں شائی خاں پر بڑھے۔ ادھر سے مولوی صاحب اور مھندا جمعدار اُنکے مقابلے کیلئے نکلے۔ اج دواری کا سردار بلند خاں سب سے آگے بڑھ کر تنہا ان پر حملہ آور ہوا اور تھوڑی ہی دیر ں اس نے چار پانچ دیشیوں کو زخمی کر دیا، پھر باقی لوگ ان پر ٹوٹ پڑے۔ دیشی جواس ہو کر بھاگے، ڈیڑھ کوس تک ان کا تعاقب کیا گیا اور تیس چالیس آدمی موت کے لھاٹ اتار دیے گئے۔ مجاہدین میں سے دو نے شہادت پائی۔ چونکہ شام ہوگئی تھی اس لئے سب لوگ تعاقب چھوڑ کر واپس آ گئے۔

سامانِ رسد پر چھاپہ

اس اثناء میں معلوم ہوا کہ سکھوں کی طرف سے گولی بارود کا بہت بڑا ذخیرہ دیشیوں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے لئے بھیجا جارہا ہے اور صرف پچاس ساٹھ آدمی اس ذخیرے کی حفاظت پر متعین ہیں۔ عبدالغفار خاں ساکن پکھلی نے نیلی شنگ اور پھگوڑا کے درمیان ان لوگوں پر چھاپہ مارا اور سارا سامان لوٹ کر لے آیا۔

اس واقعے سے یہ حقیقت بھی واضح ہوگئی کہ دیشیوں نے سکھوں سے ساز باز کے بعد مخالفانہ قدم اٹھایا تھا ورنہ سکھوں کی طرف سے سامانِ جنگ انہیں کیوں بھیجا جاتا؟ یقین ہے کہ اس ساز باز میں سب سے بڑا حصہ اُن رئیسوں اور سرداروں نے لیا ہوگا جو اپنی جاگیروں کی حفاظت کے جنون میں اسلامی مقاصد سے بالکل بے پروا تھے، اور مسلمانوں کی جانوں سے بے تکلف کھیل رہے تھے۔

بلندکوٹ پر شبخون

دیشی پسپا ہوکر گجوڑی میں جا بیٹھے تو مولوی نصیرالدین نے پچاس ساٹھ مجاہدین کی ایک جماعت کو مقیم خاں کی سرکردگی میں بلندکوٹ پر بھیج دیا اور فرمایا کہ تمہاری کمک کے لئے اگرور سے بھی آدمی آئیں گے اور نمازِ فجر کے بعد ہم بھی پہنچ جائیں گے۔ مقیم خاں اپنی جماعت کو لے کر عشاء کے وقت شائی کوٹ سے روانہ ہوا۔ چری بنگ میں ایک چشمے پر سب نے وضو کیا، وہاں سے ایک کوس پہاڑ پر بلندکوٹ تھا۔ اس پہاڑ پر چڑھے تو صبح صادق نمودار ہورہی تھی، مجاہدین نے نماز پڑھی۔ اُدھر بستی میں شور مچ گیا کہ مجاہدین آگئے اور سب لوگ بستی چھوڑ کر بھاگ گئے۔ کچھ دیر بعد اگرور سے بھی کمک پہنچ گئی اور مولوی صاحب بھی تشریف لے آئے۔ چری بنگ میں قاضی عصمت اللہ نے مجاہدین کی مہمانداری کی۔

گجوڑی پر دھاوا

مزید چار روز گذر گئے۔ پانچویں رات کو مولوی صاحب نے گجوڑی پر دھاوے کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فیصلہ کیا اور فرمایا کہ پچاس ساٹھ مجاہدین راتوں رات اس پہاڑ پر جا چھپیں جو گجبوڑی کے اوپر واقع ہے۔ ہم صبح کو حملہ کریں گے، تو اس وقت یہ مجاہدین کمین گاہ سے نکل کر گجبوڑی کی طرف آئیں۔ چنانچہ سید میر خاں کو پچاس ساٹھ مجاہدین کے ساتھ گجبوڑی کی طرف روانہ کر دیا گیا، سب لوگ گھروں سے نکل کر پہاڑ پر جمع ہو گئے اور وہاں سے بندوقیں چلانے لگے، لیکن کسی مجاہد کو گزند نہ پہنچا۔ سید میر خاں نے خود آگے بڑھ کر حملہ کر دیا۔ یہ لوگ وہاں بھی نہ ٹھہر سکے اور دوسری طرف پہاڑ کے نیچے اتر گئے۔ پہاڑ کے نشیب میں شنگلیاں اور شنگھالیاں نام دو بستیاں تھیں۔ ان کے درمیان اہل وعیال کو چھوڑ کر دو ہزار کے قریب دیشی مجاہدین کے مقابلے پر نکلے۔ ادھر سے قرابینیں سر ہوئیں تو دیشی پھر بھاگ نکلے۔ کوس سوا کوس پر موضع کوٹ گلہ تھا، وہاں تک تعاقب کیا گیا، اس اثناء میں مولوی نصیر الدین بھی تشریف لے آئے۔

اقرارِ اطاعت

اب دیشیوں نے بے بس ہو کر اپنے ملاؤں کو عذرداری کے لئے بھیج دیا۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ ہم شنگلی میں قیام کریں گے، وہیں آخری فیصلہ ہوگا۔ چنانچہ وہاں پہنچ کر دیشیوں نے اطاعت کا اقرار کر لیا۔ ان کی خطا معاف کر دی گئی، تمام بستیوں سے عشر کا غلہ گدھوں اور خچروں پر بار ہو ہو کر شائی خاں پہنچنے لگا۔ مولوی صاحب قلعے میں واپس چلے گئے۔ اس کے بعد مجاہدین جب تک شائی خاں میں مقیم رہے، دیشیوں نے سرکشی اور تمرد کی کوئی حرکت نہ کی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیرھواں باب:

مجاہدین کے چھاپے

جنبڑ پر پیش قدمی

دیشیوں کی طرف سے اطمینان ہوگیا تو مقیم خاں ساکن کالا باغ نے مولوی نصیرالدین سے عرض کیا کہ اجازت ہو تو میں درۂ سچوں میں جا کر جنبڑ پر چھاپہ مارنا چاہتا ہوں، جو سکھوں کی عملداری میں واقع ہے۔ مولوی صاحب نے اجازت دیدی اور مقیم خاں دوسو مجاہدوں کے ساتھ نمازِ ظہر کے بعد شائی خاں سے روانہ ہوا۔ رات اچھی بنگ کے پاس فقیروں کے تکیے میں گزاری۔ صبح یہ لوگ موضع بالی منگ میں پہنچے، وہاں کھانے کا انتظام تو نہ ہوسکا البتہ مقامی لوگوں نے ہر مجاہد کی خدمت میں مکئی کے آٹھ آٹھ بھٹے پیش کردیے۔ وہاں سے پہاڑ پر چڑھائی شروع ہوگئی۔ سارا دن سفر میں گذرا، نمازِ مغرب کے وقت پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے۔

وہاں سے اترنے لگے تو گھاس میں سے گذرنا پڑا جو اتنی لمبی تھی کہ سینے تک آتی تھی۔ سوئے اتفاق سے وہاں برکات مظفر آبادی کی تلوار میان سے نکل کر گر پڑی اور اندھیرے میں تلاش کے باوجود نہ مل سکی۔ ملا لعل محمد قندھاری نے اپنے بھیلے کا ایک آدمی برکات کے ساتھ کردیا اور فرمایا کہ رات بھر یہاں ٹھہرے رہو، صبح کو اجالا ہوگا تو تلوار ڈھونڈ لینا، باقی مجاہدین علی الصباح دامنِ کوہ کی ایک ویران بستی میں پہنچ گئے، جہاں سے جنبڑ ایک میل ہوگا، وہیں صبح کی نماز ادا کی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کامیاب حملہ

اسی مقام سے جبڑ پر حملہ کیا۔ مجاہدین بجلی کی تیزی سے بستی میں جا پہنچے۔ جس قدر مال واسباب ہاتھ لگا، پہاڑ کے اوپر پہنچادیا۔ جبڑ سے نصف میل پر ایک اور بستی تھی کچھ مجاہدین وہاں بھی جا پہنچے۔ اس وقت معلوم ہوا کہ پیچوں سے سکھوں کا لشکر مقابلے کے لئے آپہنچا ہے، ان کی گولیاں مجاہدین پر برسنے لگیں۔ ملا لعل محمد قندھاری اور مقیم خاں نے یہ دیکھتے ہی تلواریں سونت کر ان پر حملہ کردیا۔ پہلے ہی ہلّے میں پچیس تیس سکھ مارے گئے اور باقی بھاگ گئے۔ مجاہدین مالِ غنیمت لے کر اطمینان سے پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے اور وہاں نمازِ ظہر ادا کی۔ جس بستی میں رات ہوئی، وہاں کھانے کو کوئی چیز نہ مل سکی، مجبوراً صرف گوشت پر گزارہ کیا گیا۔ اگلے دن وہاں سے چل کر شام کو شملئی پہنچے۔ بعض مجاہدین نرا گوشت کھانے کے باعث بیمار ہوگئے، پھر بھٹ گرام ٹھہرتے ہوئے شائی خاں چلے گئے۔

چہلے پر چھاپہ

چند روز بعد اطلاع ملی کہ شنکیاری کے سکھوں نے درہ بھوگڑ منگ کی ایک بستی چہلے میں بہت سا مال واسباب جمع کر رکھا ہے۔ چنانچہ مولوی نصیرالدین نے اس مقام پر چھاپے کا فیصلہ کرلیا اور اڑھائی سو آدمی لے کر اُدھر روانہ ہوئے۔ رات درہ کونش کی ایک بستی ملکانام میں گزاری۔ صبح کو روانہ ہوئے تو عصر کے وقت سرن ندی کے کنارے پہنچے۔ ندی کے دوسرے کنارے پر سکھ موجود تھے۔ مجاہدین کو دیکھتے ہی وہ بندوقیں چلانے لگے۔ ندی عبور کرنے کا کوئی سامان نہ تھا، لہٰذا مجاہدین اس کے کنارے کنارے روانہ ہوئے۔ سکھ بھوگڑ منگ کی طرف لوٹ گئے۔ نظر بہ ظاہر اُن کا مقصد یہ تھا کہ بڑا لشکر لاکر مجاہدین کا مقابلہ کریں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چہلے میں داخلہ

کوئی دو کوس کی مسافت طے کرنے کے بعد لکڑی کا ایک پل ملا، جس بستی پر مجاہدین چھاپہ مارنا چاہتے تھے، وہ پل کے قریب واقع تھی۔ بستی والے مجاہدین کا حال سن کر پل گرانے کیلئے دوڑے لیکن مجاہدین نے ان کے پہنچنے سے پہلے ہی پل پر قبضہ کرلیا۔ ملا لعل محمد قندھاری نے ایک جماعت پل کی حفاظت کیلئے متعین کردی، باقی مجاہدین کو لے کر بستی میں پہنچ گئے۔ وہاں کے لوگ پہلے ہی گھر بار چھوڑ کر پہاڑ پر چڑھ گئے تھے، انہوں نے مجاہدین پر گولیاں چلانی شروع کیں، لیکن بستی میں داخل ہوجانے کے بعد مجاہدین بالکل محفوظ ہوگئے۔ سکھوں نے گھی، شہد، غلہ وغیرہ بہ کثرت جمع کر رکھا تھا، اس پر قبضہ کرلیا۔ چھ روز بہ اطمینان وہاں بیٹھے رہے۔ مولوی صاحب کے پاس شائی خاں میں پیغام ارسال کردیا کہ کچھ خچر بھیج دیں تاکہ ان پر سامان بار کیا جاسکے۔

سکھوں کی آمد

چھٹے روز خبر ملی کہ تقریباً چھ سو سکھ شنکیاری سے آرہے ہیں۔ ملا لعل محمد نے مقیم خاں سے کہا کہ اندیشہ ہے، وہ لوگ پل پر قابض نہ ہوجائیں۔ اگر ایسا ہوا تو ہمارے لئے واپسی کوئی راستہ باقی نہ رہے گا۔ لہٰذا یا تو آپ بستی میں ٹھہریں اور میں پچاس ساٹھ مجاہدین کے ساتھ پل کی حفاظت کیلئے چلا جاتا ہوں، یا آپ وہاں جائیں اور میں یہاں ٹھہرتا ہوں۔ مقیم خاں فوراً روانہ ہوگئے۔ اس اثناء میں اطلاع ملی کہ مانسہرہ سے مزید دو تین سو سکھ قریب آپہنچے ہیں۔ اتفاق یہ کہ مولوی کی طرف سے بار برداری کا کوئی جانور نہ پہنچا اور ملا لعل محمد نے ساتویں روز مراجعت کا فیصلہ کرلیا۔ مختلف مجاہدین جتنا سامان خود اٹھا سکے اٹھالیا، باقی چھوڑ دیا۔ پل سے گذرتے وقت پانچ چھ سو سکھ پاس کی ایک پہاڑی پر نمودار ہوئے، انہوں نے گولیاں بھی چلائیں، جن سے دو تین آدمی زخمی ہوئے، لیکن وہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آگے نہ بڑھے اور مجاہدین لاچھی بنگ ٹھہرتے ہوئے شائی خاں پہنچ گئے۔

بٹلوں میں سکھوں کا قلعہ

ہم بتا چکے ہیں کہ مولوی نصیر الدین بٹلوں میں ایک قلعہ بنانا چاہتے تھے کہ آس پاس کے علاقے کی حفاظت کا انتظام بہتر طریق پر ہو سکے، لیکن بعض مجاہدین کی ناراضی کے باعث یہ تجویز التوا میں پڑ گئی۔ سکھوں کو موقع ملا تو انہوں نے بٹلوں میں ایک مضبوط قلعہ بنایا اور اس میں تین چار ہزار جنگجو بٹھا دیے۔ اس طرح آس پاس کے علاقے پر ان کا تسلط مستحکم ہو گیا۔ مجاہدین کیلئے اس کے سوا چارہ نہ رہا کہ انتظار کریں اور جب مناسب موقع پیدا ہو یورش کر کے اُس قلعے کو مسخر کر لیں۔

اس سلسلے میں یہ خطرہ بھی خاصی اہمیت اختیار کر چکا تھا کہ ممکن ہے کہ سکھ کسی وقت بٹلوں کے قلعے سے اٹھ کر شائی خاں پر ہلہ بول دیں، لہٰذا درمیانی علاقے میں حفظ و دفاع کے ضروری انتظامات کر لئے گئے۔

کوٹ میں اقامت

بٹلوں سے شائی خاں کی جانب دو کوس پر موضع کوٹ تھا۔ مولوی نصیر الدین نے مقیم خاں کو حکم دیا کہ ایک سو بیس آدمی لے جاؤ اور کوٹ میں ٹھہرو۔ مقیم خاں شائی خاں سے چلا تو سیدھا کوٹ کو نہ گیا بلکہ شارکول ہوتے ہوئے کوٹ سے کوئی ایک میل آگے لاچھی بنگ جا پہنچا، وہاں مشیروں سے پوچھا کہ میں سکھوں پر شبخون مارنا چاہتا ہوں، آپ کا مشورہ کیا ہے۔

شبخون کے متعلق رائے

مشیروں نے جواب دیا کہ ہم سب آپ کے ساتھ مرنے مارنے کو تیار ہیں، لیکن یہ سوچ لیجئے کہ سکھوں کی جمعیت ہزاروں پر مشتمل ہے اور ہم پورے سوا سو بھی نہیں کہ انجام

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پر خوب غور کر لینا چاہئے۔ ہوسکتا ہے ہم اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوں اور سکھ ہمارے تعاقب میں نکل پڑیں، پھر نہ ہم کوٹ میں ٹھہر سکیں گے اور نہ شائی خاں میں۔ اگر آپ شبخون ہی پر تلے بیٹھے ہیں تو کم از کم مولوی نصیر الدین سے مشورہ کئے بغیر کوئی قدم نہ اٹھانا چاہئے۔

چور پہرے

چار ہزار کے قلعہ نشین لشکر پر سوا سو آدمیوں کے ساتھ شبخون مارنے کا عزم مقیم خاں کے غیر معمولی جوشِ شجاعت کا ایک کرشمہ تھا۔ مشیروں نے جن خطرات کا اظہار کیا تھا، ان کے پیش نظر مقیم خاں کیلئے التواء کے سوا چارہ نہ رہا۔ چنانچہ وہ کوٹ میں مقیم ہو گیا اور بٹلوں کی سمت میں تین چور پہروں کا انتظام کر دیا: ایک لاچھی بنگ میں، دوسرا باغلہ میں اور تیسرا اروڑی میں۔ شام کو چند مجاہدین ان مقامات پر جا بیٹھتے، رات وہاں گزارتے اور صبح کی نماز کے بعد کوٹ چلے آتے۔ ان چور پہروں کا مقصد یہ تھا کہ سکھوں کی طرف سے معمولی سا بھی مخالفانہ اقدام ہو تو اس کی اطلاع کوٹ کے مجاہدین کو فوراً ہو جائے۔

سکھوں کی یورش

مقیم خاں کو کوٹ میں پہنچے ہوئے بارہ تیرہ دن گذرے تھے کہ ایک رات کو اروڑی کے چور پہرے والوں میں سے ایک نے دُور سیکڑوں توڑے چمکتے دیکھے اور سمجھ لیا کہ سکھ چھاپہ مارنے کو آ رہے ہیں۔ اس نے فوراً بندوق داغی اور ساتھی پہرے داروں کو لے کر پہاڑ پر چڑھ گیا۔ باقی چور پہرے والے اور کوٹ کے مجاہدین ہوشیار ہو گئے۔ صبح کی نماز پڑھ کر وہ بھی پہاڑ کی چوٹی پر جا پہنچے۔ سکھ ان سے پچاس ساٹھ قدم نیچے رہ گئے، ان سکھوں میں گڑھی کا خان، حبیب اللہ خاں بھی شامل تھا، جو سکھوں کو بٹلوں میں لانے کا ذمہ دار تھا۔ مقیم خاں نے سید میر خاں جمعدار کو حکم دیا کہ چالیس مجاہدین کے ساتھ پہاڑ کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوٹی پر جمے رہو اور خود اس نے اسّی مجاہدین کو لے کر سکھوں پر حملہ کر دیا۔ اس اثناء میں سکھوں کی ایک گولی مدد خاں قندھاری کے سینے پر لگی اور وہ یہ کہتے ہوئے جان بحق ہو گیا کہ بھائیو! میرا کام تمام ہو چکا۔ میرے پاس ٹھہرنے سے کچھ فائدہ نہیں۔ سب آگے بڑھ کر دشمن کو مارو۔ مقیم خاں نے پے در پے تین ہلّے کیے۔ ہر ہلے میں پندرہ بیس سکھ مارے جاتے تھے۔ آخر سکھ پسپا ہو گئے۔ مجاہدین میں سید میر نام ایک نوجوان گوجر بھی شامل تھا، وہ پہاڑ کی چوٹی پر دوڑا دوڑا پھرتا تھا اور بہ آوازِ بلند کہتا تھا:

''شاباش بھائیو! شاباش! دشمنوں کو خوب مارو۔ مولوی صاحب بھی کمک لے کر آ رہے ہیں۔''

ایک جگہ جھاڑی میں کچھ سکھ چھپے بیٹھے تھے، ان کی گولی سے سید میر شہید ہو گیا۔ بالآخر سکھ ناکام واپس چلے گئے، مجاہدین میں سے دو شہید (مدد خاں اور سید میر) اور چھ زخمی ہوئے۔ ملا الہام الدین کے کلّے پر زخم آیا، نور محمد خاں قندھاری کی کلائی زخمی ہوئی، فتح خاں ولایتی کے سینے میں اور اکبر علی خاں سواتی کی ران میں گولی لگی۔ دو ولایتی مجروحوں کے نام معلوم نہ ہو سکے۔

اس واقعہ کے بعد مولوی نصیر الدین نے حکم دیدیا کہ کوٹ کے پاس پہاڑ کی چوٹی پر ایک بُرج بنالیا جائے، جس میں پچاس مجاہد رہ سکیں۔ ہر مہینے ان مجاہدوں کی تبدیلی ہوتی رہتی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چودھواں باب:

خوانینِ اگرور کا انجام

پس منظر

ہم قبل ازیں پایندہ خاں تنولی اور خوانینِ اگرور کی عداوت کا ذکر کر چکے ہیں۔ پایندہ خاں کی یورشوں نے عبدالغفور خاں اور کمال خاں کو اگرور سے نکال دیا تھا اور وہ وادیٔ ٹیکری کے ایک مقام چوہان میں مقیم تھے۔ لیکن پایندہ خاں کے مقبوضات میں وقتاً فوقتاً لوٹ مار کرتے رہتے تھے۔ یہ بھی لکھ چکے ہیں کہ ممکن ہے، پایندہ خاں کے سامنے دوسرے مقاصد بھی ہوں، تاہم مجاہدین کو حسی کوٹ میں ٹھہرانے کا ایک بہت بڑا مقصد یہ بھی تھا کہ خوانینِ اگرور کی قزاقانہ دست بُرد کا سلسلہ ختم ہو جائے۔ چنانچہ اس مقصد میں غیر معمولی کامیابی حاصل ہوئی۔ مجاہدین کی وجہ سے خوانینِ اگرور کے چھاپے نہ صرف رُک گئے بلکہ وہ لوگ نظریہ ظاہر مجاہدین کے معاون بن گئے۔

تاہم عجیب بات یہ ہے کہ سرحدی خوانین میں سے کسی کی بھی نظریں ذاتی مقاصد سے بلند تر نہ تھیں۔ ہر شخص اسی وقت تک مجاہدین کا ساتھ دیتا رہتا جب تک اُسے کار برآری کی تھوڑی بہت امید لگی رہتی۔ اس امید کے پورا ہوتے یا ٹوٹتے ہی وہ مجاہدین سے الگ ہو جاتا بلکہ معاندانہ پیش دستی میں بھی تامل نہ کرتا۔ خوانینِ اگرور بھی اس عام سطح سے بلند نہ رہ سکے اور نتیجہ ایک خونچکاں المیہ کی صورت میں ظاہر ہوا، جس کی تفصیل اس باب کا موضوع ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خوانین کی توقعات اور دورُخی

عبدالغفور خاں اور کمال خاں اس توقع پر مجاہدین کے معاون بنے تھے کہ اگرور میں ازسرنو ریاست قائم کرنے کا بندوبست ہو جائے گا۔ بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مجاہدین کو عشر دینے پر بھی آمادہ تھے، لیکن مجاہدین پاینده خاں کے تعاون کی بنا پر جسی کوٹ پہنچے تھے۔ گردوپیش کے خوانین میں پاینده خاں بہ لحاظ قوت ومردانگی سب سے بڑھا ہوا تھا اور اس کا تعاون مقاصدِ جہاد کیلئے زیادہ سے زیادہ تقویت کا باعث ہوسکتا تھا۔ لہٰذا مجاہدین کیلئے کوئی ایسا قدم اٹھانا سراسر خلافِ مصلحت تھا جو پاینده خاں کے لئے خفگی کا باعث ہوتا۔ چنانچہ وہ عبدالغفور خاں اور کمال خاں کو اگرور میں آباد کرنے پر آمادہ نہ ہوئے، البتہ جب وادیٔ ٹیکری میں انہیں عمل دخل کا موقع ملا تو عبدالغفور خاں سے خاص مراعات کا برتاؤ کیا، یعنی اُسے عشر سے مستثنیٰ رکھا اور یہ بھی کہہ دیا کہ جب آپ کے آدمی جہاد میں امداد کیلئے ہمارے پاس آئیں گے تو انھیں دوسرے مجاہدین کی طرح باقاعدہ رسد ملا کرے گی۔ عبدالغفور خاں نے بہ ظاہر تو ان انتظامات کو خوش دِلی سے قبول کرلیا لیکن اس کا دل مجاہدین سے پھر گیا اور اسی وقت سے اس نے خفیہ خفیہ سکھوں کے ساتھ ساز باز کے انتظامات شروع کردیے۔

گڑھی کا خان حبیب اللہ خاں، عبدالغفور خاں کا حقیقی ماموں تھا اور وہ کھلم کھلا سکھوں سے ملا ہوا تھا۔ عبدالغفور خاں اب اسے برانگیختہ کرنے لگا کہ سکھوں کا لشکر لے کر مجاہدین کو ختم کردو تاکہ اگرور خالی ہو جائے اور میں (عبدالغفور) سکھوں کی سرپرستی میں اس پر قبضہ کرلوں۔

خفیہ خط وکتابت

جب سکھ بٹلوں میں قلعہ بنا کر بیٹھ گئے اور مجاہدین نے ان کے مقابلے کیلئے کوٹ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے اوپر بُرج بنالیا تو عبدالغفور خاں کا ایک خط حبیب اللہ خاں کے نام پکڑا گیا جس کا مضمون یہ تھا:

تم چار پانچ ہزار سکھوں کی جمعیت رکھتے ہو اور سو سوا سو مجاہدین تم سے دو کوس پر کوٹ میں پڑے ہیں۔ اگر ان پر شبخون لاؤ اور ان کو مار لو تو قلعہ شائی خاں تک تمہارا عمل دخل ہو جائے اور جو تمہارے مقابلے سے بھاگ کر ادھر آئیں گے اُن کو میں سمجھ لوں گا اور وہاں قلعہ شائی خاں میں تمہارا مقابلہ کوئی نہ کرے گا۔(۱)

موضع قبولہ کا قاضی احمد مجاہدین کا خیر خواہ تھا، وہ پہلے بھی مولوی نصیر الدین کو بتا چکا تھا کہ عبدالغفور خاں کی روش ٹھیک نہیں۔ اس خط سے قاضی موصوف کے بیان کی تصدیق ہوگئی، تاہم مولوی صاحب نے صبر و تحمل سے کام لیا۔ یہی مناسب سمجھا کہ انتظار کریں اور دیکھیں حالات کیا صورت اختیار کرتے ہیں۔

سکھوں کے جس چھاپے کا ذکر ہم گزشتہ باب میں کر چکے ہیں، اس سے چند روز بعد پھر کوٹ میں عبدالغفور خاں کا ایک قاصد پکڑا گیا، اس کے پاس سے جو خط برآمد ہوا وہ اس امر کا مزید ثبوت تھا کہ عبدالغفور خاں معاندانہ حرکتوں میں بدستور سرگرم ہے۔ چنانچہ یہ خط لے کر ملا لعل محمد قندھاری، اخوند گل پشاوری اور قاضی احمد، مولوی صاحب کے پاس گئے اور کہا کہ اس کا تدارک ہونا چاہئے، تساہل ہرگز مناسب نہیں۔

خیر خواہوں کا اصرار

روایت مظہر ہے:

قاضی احمد نے بہت غصے ہو کر مولوی صاحب سے کہا، آپ اس مفسد کا تدارک نہیں کرتے بلکہ اس کے بھائی (کمال خاں) کو اپنا رفیق سمجھتے ہیں، یہ

(۱) "وقائع" جلد سوم ص:۴۶۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بات خوب نہیں۔ اگر آپ ان کے مارنے کی تدبیر نہیں کرتے تو سمجھ لیجئے ہم سب ولایتی آپ کے دشمن جانی ہیں، کیونکہ یہ مفسد ہماری بیخ کنی کے درپے ہیں اور آپ اس کو ایک سہل سا معاملہ سمجھتے ہیں۔ مولوی صاحب نے کہا کہ غفور خاں تو البتہ مفسد ہے اور اس کے خطوط بھی پکڑے گئے ہیں مگر کمال خاں نے تو آج تک کوئی فن فریب ہمارے ساتھ نہیں کیا، اگر باطن میں کچھ شرارت کرتا ہو تو وہ جانے، ہم کو خبر نہیں۔ (۱)

غرض مولوی صاحب کسی تادیبی کارروائی کیلئے تیار نہ تھے، خصوصاً کمال خاں کو وہ عبدالغفور کی طرح مجرم ماننے پر بھی آمادہ نہ تھے، لیکن مقامی خیر خواہوں اور ولایتی مجاہدوں نے حد درجہ معقول دلائل اور محکم شواہد کی بنا پر ایسی روش اختیار کر لی کہ مجاہدین کا قیام بھی معرضِ خطر میں پڑ گیا، چنانچہ مولوی صاحب مجبوراً خود اس معاملے سے بے تعلق ہو گئے۔ مقامی آدمیوں اور ولایتی مجاہدوں نے بطور خود عبدالغفور خاں اور کمال خاں کو ختم کرنے کی اسکیم بنالی۔

سکھوں کو پیچھے ہٹانے کی تدبیر

بٹلوں میں قلعہ بنا لینے سے سکھوں کا خطرہ بہت بڑھ گیا تھا۔ پائندہ خاں نے اس خطرے کو ختم کرنے کی تدبیر یہ سوچی کہ بیر کھنڈ پر حملہ کر دیا جائے۔ خیال یہ تھا کہ ادھر دباؤ پڑے گا تو سکھ بٹلوں کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ جائیں گے۔ چنانچہ پائندہ خاں اور مولوی صاحب شیر گڑھ سے بھوج درہ ہوتے ہوئے کینیا گئے، جو بیر کھنڈ سے صرف دو کوس تھا۔ وہاں چھ سات دن ٹھہرے رہے، لیکن بٹلوں میں سکھوں کی جمعیت پر کوئی اثر نہ پڑا۔ پائندہ خاں کا اندازہ صحیح ثابت نہ ہوا، لہٰذا وہ اور مولوی صاحب کینیا سے مراجعت پر مجبور ہو گئے۔

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص:۴۷۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خوانینِ اگرور کے خلاف جرگہ

خوانینِ اگرور کو قتل کرنے کا منصوبہ جن اصحاب نے تیار کیا اور اسے پایۂ تکمیل پر پہنچایا، ان میں سے نمایاں اور ممتاز یہ ہیں:

۱- قاضی احمد ساکن قبولہ ۲- اخوند گل پشاوری ۳- ملا لعل محمد قندھاری
۴- ملا گلزار خیری ۵- نور محمد خرد جلال آبادی ۶- مقیم خاں ساکن کالا باغ۔ ان کے علاوہ بھی متعدد لوگ شریک تھے، لیکن وہ سب مقامی یا ولایتی تھے، ہندوستانی کوئی نہ تھا۔

عبدالغفور خاں اپنے مرکز چوہان میں مقیم تھا۔ کمال خاں پچاس ساٹھ آدمیوں کے ساتھ کوٹ آیا ہوا تھا۔ قتل کا منصوبہ یہ قرار پایا کہ کچھ آدمی چوہان جا کر عبدالغفور خاں کو موت کے گھاٹ اتاریں، بندوقچی درمیانی پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھے رہیں، وہ چوہان میں بندوقیں چلنے کی آواز سنتے ہی خود بندوقیں سر کر دیں تاکہ کوٹ والے آگاہ ہو جائیں اور فی الفور کمال خاں پر حملہ کر کے اسے ختم کر ڈالیں۔ چنانچہ گلزار خیبری، نور محمد خرد جلال آبادی اور اخوند گل پشاوری پچاس ساٹھ آدمیوں کے ساتھ عبدالغفور کے قتل کیلئے چوہان گئے۔ ملا لعل محمد قندھاری اور مقیم خاں ساکن کالا باغ، کمال خاں کو ٹھکانے لگانے کی غرض سے کوٹ میں رہے۔

عبدالغفور خاں کا قتل

جو لوگ چوہان گئے تھے، وہ مسجد میں جا ٹھہرے۔ وہاں سے ایک گولی کی زد پر عبدالغفور خاں کی گڑھی تھی، جس کے اِرد گرد تین طرف نالا بہتا تھا۔ مسجد کی سمت ہموار میدان تھا۔ عبدالغفور خاں دو خدمت گاروں کے ساتھ مسجد میں آیا، معلوم ہوتا ہے کہ وہ حقیقت حال کو بھانپ گیا تھا، تھوڑی دیر وہاں بیٹھا، پھر یہ کہتے ہوئے اٹھا کہ میں گڑھی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں جا کر آپ لوگوں کیلئے کھانے پینے کا بندوبست کرتا ہوں۔ نور محمد خرد قرابین لے کر ساتھ ہو گیا، اخوند گل پشاوری نے ساتھیوں سے کہا دیکھتے کیا ہو، ہلہ بولو، سب لوگ تلواریں کھینچ کر دوڑے۔ عبدالغفور خاں نالے کی طرف بھاگا، نور محمد نے قرابین ماری اور وہ نشیب میں گر کر جاں بحق ہو گیا۔

کمال خاں کا خاتمہ

قرابین کی آواز سنتے ہی ان لوگوں نے بندوقیں داغ دیں جو درمیانی پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھے تھے۔ اس طرح کوٹ میں عبدالغفور خاں کے مارے جانے کی خبر پہنچ گئی۔ ملا لعل محمد اور مقیم خاں مشورے کی غرض سے کمال خاں کو چھت پر لے گئے، اس کے ہاتھ میں تلوار تھی جسے دیکھنے کے بہانے ملا لعل محمد نے لے لیا۔ مقیم خاں نے قرابین ماری۔ کمال خاں گرتے ہی ختم ہو گیا اور صرف یہ الفاظ اس کے منہ سے نکلے:

''مقیم خاں! تم نے دغا کی۔''

انتظامات

اس المیے کی اطلاع شائی خاں میں شیخ ولی محمد کے پاس پہنچی تو موصوف اور مجاہدین بے حد متالم ہوئے۔ اسی وقت شیخ صاحب نے حسن خاں عظیم آبادی (۱)، کریم اللہ خاں میواتی (۲)، کریم بخش سہارنپوری (۳) اور ملا الہام الدین (۴) کو چوہان بھیج دیا کہ عبدالغفور خاں کی تجہیز و تکفین کا انتظام کریں۔ اس کے اہل وعیال اور مال واسباب کو

(۱) یہ صاحب کچھ مدت بعد ٹونک چلے آئے تھے، نواب وزیرالدولہ نے انہیں اسلحہ خانے کا داروغہ بنالیا تھا۔

(۲) یہ بھی ٹونک میں ملازم ہو گئے تھے۔

(۳) یہ ٹونک ہوتے ہوئے مکہ معظمہ چلے گئے تھے، وہیں مقیم رہے اور وفات پائی۔

(۴) یہ بھی ٹونک آ گئے تھے اور نواب وزیرالدولہ نے انہیں رسالداری کا عہدہ دے دیا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حفاظت میں لے لیں۔ چنانچہ یہ لوگ چوہان پہنچے۔ عبدالغفور خاں کے بیٹے کو مستورات نے لٹا کے پاس بستی میں بھیج دیا تھا۔ کمال خاں کا بیٹا جس کی عمر سات برس کی ہوگی، گڑھی سے آکر حسن خاں کی گود میں بیٹھ گیا اور بولا:

> میرا باپ جب کوٹ میں جانے لگا تو وصیت کر گیا تھا کہ بیٹا! اگر میں مارا جاؤں تو تم اپنی ماں کو لے کر قلعہ شائی خاں میں مولوی صاحب کے پاس چلے جانا، وہ تمہاری معاش کے لئے کچھ مقرر کر دیں گے۔ یہاں تمہارا چچا (عبدالغفور خاں) تمہیں روٹی نہ دے گا۔

بچے کی یہ باتیں سن کر حسن خاں اور ان کے ساتھی آب دیدہ ہو گئے۔ عبدالغفور خاں کو دفن کر دیا۔ گڑھی میں اس کے اہل وعیال اور دوسرے متعلقین کیلئے کھانا پکوا کر بھجوایا۔ چار وقت تک کھانے کا انتظام مجاہدین کی طرف سے ہوتا رہا، بعد ازاں عبدالغفور خاں اور کمال خاں کے بال بچوں کو بستی میں بھجوا دیا۔ ان کے دو بھتیجوں اللہ داد خاں اور جمعہ خاں سے بھی کہہ دیا کہ اطمینان سے رہو، تم سے کوئی تعرض نہ ہوگا۔ گڑھی میں اپنے پہرے مقرر کر دیے۔

پائندہ خاں کی آرزو

یوں مدتِ مدید کے بعد پائندہ خاں کی آرزوئے انتقام پوری ہوگئی۔ وہ خود خوانینِ اگرور کو ٹھکانے نہ لگا سکا تھا، قدرت ہی کی جانب سے اس امر کا انتظام ہو گیا۔ جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں، پائندہ خاں کے تدبر کا کمال یہ ہے کہ اس نے مجاہدین کو جسی کوٹ میں بٹھاتے وقت اشارۃً بھی اس مقصد کا ذکر نہ کیا تھا، اور اس کی تکمیل حالات کی طبعی رفتار پر چھوڑ دی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسے پختہ یقین تھا کہ مجاہدین کو جسی کوٹ میں بٹھا دینے ہی سے اصل مقصد پورا ہو جائے گا، اگرچہ یہ اندازہ نہ ہو کہ کیونکر پورا ہوگا۔ مجاہدین کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خواب وخیال میں بھی یہ بات نہ تھی کہ اگروریوں سے کسی نوع کی کشمکش پیدا ہوگی، عبدالغفور خاں کی دورُخی نے معاملات آخری منزل پر پہنچادیے۔

دونوں بھائیوں میں سے کمال خاں کا قتل اس لئے حد درجہ دردناک ہے کہ اس سے مجاہدین کے خلاف عناد کی کوئی حرکت سرزد نہ ہوئی تھی، جیسا کہ مولوی نصیرالدین خود اعتراف فرما چکے تھے۔ لیکن مقامی لوگوں اور ولایتیوں نے اسے غالباً اس وجہ سے قتل کیا کہ ممکن ہے، کمال خاں بعدازاں بھائی کے خون کا بدلہ لینے کے لئے ہنگامہ بپا کرے۔ یہ بہرحال نظر بہ ظاہر اس کے مظلوم مارے جانے سے کسی کو اختلاف نہیں ہوسکتا۔ (۱)

(۱) ''وقائع'' کی ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ سید صاحب پنجتار سے ہجرت کرکے بکھلی کی طرف گئے تھے تو کمال خاں کی خواہش تھی، آپ کو اگرور میں دعوت دے۔ عبدالغفور خاں کی پس وپیش کے باعث اس پر عمل نہ ہوسکا۔ جلد سوم ص: ۴۶۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پندرہواں باب:

بٹلوں میں خونریز جنگ

بٹلوں پر حملے کی تیاری

بٹلوں سے سکھوں کو نکالنے کے لئے پائندہ خاں اور مولوی نصیرالدین نے بیر کھنڈ کی جانب پیش قدمی کی تھی، جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔ لیکن اس سے کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ بعدازاں اس کے سوا چارہ نہ رہا کہ براہِ راست بٹلوں پر حملہ کیا جائے، کوٹ میں مجاہدین نے جو مورچے بنائے تھے ان کی غرض بھی یہی تھی، چنانچہ مولوی نصیرالدین نے حملے کے لئے تیاری شروع کر دی۔

بٹلوں میں سکھوں نے دفاعی استحکامات کمال پر پہنچا رکھے تھے، مثلاً کوٹ کی طرف بٹلوں کے عین سامنے ایک نالا تھا، بٹلوں کی حفاظت کا ایک قدرتی سامان تھا۔ خود بٹلوں ایک میدان میں واقع تھا اور اُسکی پشت پر پہاڑ کے دامن میں قلعہ تھا، قلعے کے آگے ایک اونچی جگہ تھی، جس کے اِردگرد جنگلی سیوتی اور عناب کے کانٹوں کی باڑ لگا کر مضبوط سنگر بنا لیا تھا۔ اس باڑ کے بیرونی حصے میں تختے نصب کر دیے گئے تھے۔ باڑ اتنی اونچی تھی کہ اندر آدمی کھڑا ہو جائے تو باہر سے محض سر نظر آ سکتا تھا۔ اس میں صرف ایک دروازہ تھا جو مشرقی جانب واقع تھا، گویا یہ اونچی جگہ بھی ایک مضبوط گڑھی بن گئی تھی۔ سکھوں کی جمعیت چار پانچ ہزار سے کم نہ تھی، اتنی بڑی جمعیت اور اعلیٰ استحکامات کے ہوتے ہوئے حملہ سہل نہ تھا، تاہم مولوی صاحب نے ضروری سامان تیار کر لینے کا حکم دے دیا، چنانچہ سید قطب شاہ حیدرآبادی دکنی نے بہت سے سینگ اور بھینسوں کی آنتیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بارود سے بھر لیں تا کہ حملے سے پیشتر انہیں آگ دے کر سکھوں پر پھینک سکیں۔ متعدد ٹٹیاں بھی بنالیں تا کہ حملے کے وقت انہیں بار کے ساتھ لگا کر سنگر کے اندر پہنچ سکیں۔

کوٹ سے روانگی

تیاریاں مکمل ہوگئیں تو مولوی صاحب نے مجاہدین میں گولی بارود تقسیم کردی، وہ سب چار سو کے لگ بھگ تھے۔ کوٹ میں جو چیزیں اور جنسیں موجود تھیں، وہ سب پیر مبارک علی جھنجھانوی اور فتح محمد سہارنپوری کے حوالے کردیں کہ شائی خاں لے جائیں۔ گویا مولوی صاحب ایک فیصلہ کن حملے کا ارادہ کر چکے تھے، جس میں اندیشہ تھا کہ ممکن ہے، سکھوں کے جوابی حملے کی وجہ سے کوٹ خطرے میں پڑ جائے۔ عصر، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں سربرہنہ ہو کر دعاء کی کہ جس کام کیلئے جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ اسے پورا کرنے کی توفیق دے اور استقامت نصیب کرے۔ مجاہدین کو تاکید کی کہ گناہوں سے تائب ہو کر مغفرت کی دعائیں مانگو، عشاء کے بعد کمر بندی کا حکم دیا۔ چلنے لگے تو فرمایا:

بھائیو! اب کوئی فضول بات زبان سے نہ نکالو، صرف سورۂ قریش کا وِرد جاری رکھو۔

خود مولوی صاحب خچر پر سوار ہوئے، مجاہدین پیادہ تھے۔

ابتدائی حملہ

چلتے چلتے نالے پر پہنچے، جس میں کمر تک پانی تھا۔ وہاں سے تقریباً نصف کوس سنگر تھا۔ اسے بائیں جانب چھوڑ کر پہاڑ پر چڑھنے لگے تا کہ اوپر سے اُتر کر حملہ کریں۔ جب مجاہدین چڑھتے چڑھتے سنگر کے محاذ میں پہنچ گئے تو سب نے اول وقت نماز ادا کی۔ آگے بڑھے تو پچاس ساٹھ سکھ نظر آئے، جو سنگر سے نکل کر آرہے تھے، مگر اندھیرے میں نہ سکھوں نے مجاہدین کو پہچانا، نہ مجاہدین نے سکھوں کو۔ ایک سکھ نے پنجابی میں پوچھا:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تم کس کے ڈیرے سے آئے ہو؟

ایک ہندوستانی نے جواب دیا:

تو کیا کہتا ہے؟

یہ سن کر سب سکھ ''مجاہدین آ گئے، مجاہدین آ گئے'' پکارتے ہوئے سنگر کی طرف بھاگے۔ مجاہدین بلند آواز سے تکبیر کہہ کر حملہ آور ہوئے۔ سنگر وہاں سے کوئی نصف میل تھا سکھ بندوقیں لے کر تیار ہو گئے اور گولیاں برسانے لگے، لیکن مجاہدین ایک لمحے کے لئے بھی نہ رکے۔ ملا لعل محمد قندھاری کے نشان بردار لال میر قندھاری نے گولیوں کی بارش میں اپنا نشان سنگر کی باڑ پر جا کر گاڑا، باقی چار نشان برداروں نے بھی یکے بعد دیگرے اپنے نشان وہیں پہنچا دیے۔ اس حملے میں پندرہ سولہ مجاہدین شہادت پا گئے۔

مجاہدین کی پریشانی

اس موقع پر مجاہدین کو اس وجہ سے سخت پریشانی لاحق ہوئی کہ وہ باڑ سے کود کر سنگر کے اندر نہ جا سکتے تھے۔ اس مقصد کیلئے قطب شاہ حیدر آبادی نے جو سامان تیار کیا تھا یعنی بارود سے بھرے ہوئے سینگ، بارود سے بھری ہوئی بھینسوں کی آنتیں اور ٹٹیاں، وہ سب پہاڑ ہی پر رہ گئی تھیں۔ حملہ اس طرح اچانک اور آناً فاناً ہوا کہ عجلت میں یہ سامان ساتھ نہ لیا جا سکا۔ سکھ سنگر کے اندر بیٹھ گئے اور مجاہدین کی گولیوں سے بڑی حد تک محفوظ ہو گئے، لیکن خود مجاہدین ہر سمت سے گولیوں کا ہدف بنے ہوئے تھے اور ان کے گرد و پیش کوئی اوٹ نہ تھی۔ پہاڑ پر سے ٹٹیاں یا دوسرا سامان لانا اس وقت غیر ممکن تھا، قطب شاہ نے بانکا (۱) اٹھایا اور ایک مقام سے باڑ کاٹنے لگے، مگر ظاہر ہے کہ اس قسم کی کوئی تدبیر چنداں مؤثر نہ ہو سکتی تھی۔ خود مولوی صاحب مجاہدین سے پیچھے، پہاڑ کی اونچائی پر کھڑے لڑائی کا حال

(۱) بانکا بانس یا شاخیں یا باڑ کاٹنے کا چھرا ہوتا ہے، جسے رواجوں میں کٹا (بہ کاف مفتوح) بتایا گیا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دیکھ رہے تھے۔ عبداللہ خرد اور شیخ فتح علی عظیم آبادی ان کے پاس تھے۔

ملا لعل محمد کی شہادت

مجاہدین کی خاصی بڑی تعداد شہید ہو چکی تھی۔ سکھوں کی گولیاں مینہ کی طرح برس رہی تھیں۔ یہ حال دیکھ کر ایک جماعت سنگر سے تھوڑے فاصلے پر ٹھٹک کر رہ گئی۔ ملا لعل محمد قندھاری نے لاٹھی اٹھائی اور ان لوگوں کو سنگر پر حملے کا حکم دینے کے لئے پلٹے، عین اس حالت میں ان کے قلب پر گولی لگی اور شہید ہو گئے۔ (۱)

مولوی نصیر الدین کے ہمراہیوں میں ملا لعل محمد قندھاری کو وہی بلند درجہ حاصل تھا جس پر سید صاحب کے رفقاء میں سے مولانا شاہ اسماعیل فائز تھے۔ جماعتِ مجاہدین کے لئے یہ بہت بڑا نقصان تھا۔ ملائے موصوف نے اس زمانے میں سید صاحب کی رفاقت اختیار کی تھی جب آپ بہ قصدِ جہاد قندھار سے کابل کی طرف روانہ ہوئے تھے۔ کم و بیش سات سال جماعتِ مجاہدین کے روحِ رواں بنے رہے۔ اکثر لڑائیوں میں انہیں سبقت کا شرف حاصل ہوا۔ بہت جوانمرد اور صالح بزرگ تھے۔ جنگ مردان کے بعد مولانا شاہ اسماعیل نے دو مجاہدوں کے کارناموں کو بے حد قابل قدر قرار دیا تھا: ایک مولوی مظہر علی عظیم آبادی کہ آغازِ جنگ ہی میں گولی کا ہدف بنے، لیکن یہ واقعہ کسی پر ظاہر نہ ہونے دیا، گولی کھا کر زمین پر اس انداز میں بیٹھ گئے کہ معلوم ہوا پاؤں میں کانٹا چبھ گیا ہے۔ تمام رفیقوں کو پکار پکار کر فرما رہے تھے: ''تم چلو میں ابھی آتا ہوں''۔ دوسرے مجاہد ملا لعل محمد قندھاری تھے، مردان کے ایک برج سے برابر گولیوں کی بارش ہو رہی تھی، ملا لعل محمد اس کے پاس پہنچ گئے اور ساتھیوں کو پشتو میں حکم دیا: ''اندر پائی راوڑا، اندر پائی رواڑا'' یعنی

(۱) روایت مظہر ہے کہ گولی ملا لعل محمد کے جانب چپ پہلو میں لگی۔ چونکہ ان کی موت آناً فاناً واقع ہوئی اس لئے میرا خیال ہے کہ موصوف کا قلب صافی گولی کا نشانہ بنا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سیڑھی لاؤ، سیڑھی لاؤ۔ حالانکہ وہاں کوئی سیڑھی نہ تھی۔ برج والوں نے سمجھا کہ مجاہدین اوپر چڑھتے ہی ان کا خاتمہ کر دیں گے لہٰذا اُنہوں نے ہتھیار نیچے پھینک دیے اور اپنے آپ کو حوالے کر دیا۔

اس کتاب کے دسویں باب میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ علاقہ الائی کے لوگوں سے جنگ پیش آئی تھی تو ملا لعل محمد کے بھی کلائی پر گولی لگی تھی۔ کسی مجاہد نے کہا کہ ملا صاحب زخمی ہو گئے تو موصوف نے اس کے تھپڑ مارتے ہوئے کہا ایسی بات کیوں کہتا ہے جس سے رفیقوں میں ہراس پیدا ہو۔ ملائے موصوف نے سید صاحب کی رفاقت اختیار کرنے کے بعد زندگی کا ایک ایک لمحہ جہاد فی سبیل اللہ میں گزارا اور وطن مالوف سے ہزاروں میل دور عالم غربت میں شہادت پائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

قطب شاہ کی مردانگی

ملا لعل محمد کی شہادت کے ساتھ ہی قطب شاہ کے شانے پر گولہ لگا اور تلوار کا سا زخم ہو گیا۔ نیچے کا گوشت نیچے لٹک پڑا اوپر کا گوشت اوپر چڑھ گیا۔ انہوں نے پانی مانگا، ملا الہام الدین جنہوں نے قطب شاہ سے قرابین کی بھرماری سیکھی تھی، پاس کھڑے تھے لیکن نہ پانی نزدیک تھا، نہ ساتھ کوئی برتن تھا۔ وہ گولیوں کی بارش میں نالے کی طرف دوڑے، اپنی چادر پانی میں بھگولائے اور نچوڑ کر پانی قطب شاہ کے منہ میں ٹپکایا۔ دو گھونٹ حلق سے اترتے ہی قطب شاہ شدید زخم کے باوجود اٹھے اور اپنا بانکا ہاتھ میں لئے مولوی نصیر الدین کے پاس پہنچ گئے۔

مولوی صاحب کا عزمِ اقدام

اُس وقت تک پچاس سے اوپر مجاہدین شہادت پا چکے تھے اور کوئی ستر زخمی ہو چکے تھے۔ مولوی صاحب نے یہ نقشہ دیکھا تو شمشیر و علم لے کر چلے کہ اب تنہا ہمارا جینا بالکل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بے لطف ہے، جہاں ہمارے بھائی شہید ہوئے، وہیں ہم بھی شہید ہوں گے۔ شیخ فتح علی اور عبداللہ دونوں روکنے کیلئے ان سے لپٹ گئے مگر مولوی صاحب نہ رکے۔ شیخ وزیر پھلتی نے دور سے انہیں آتے دیکھا تو قرابین کندھے پر ڈال کر دوڑے۔ مولوی صاحب کا راستہ روک لیا اور کہا: آپ کہاں جاتے ہیں؟ آپ ہی کے دم سے یہ انتظام قائم ہے۔ ہم لوگ کتنی ہی تعداد میں شہید ہو جائیں، کچھ حرج نہیں۔ آپ کے نہ ہونے سے جہاد کا پورا کاروبار درہم برہم ہو جائے گا۔ غرض شیخ موصوف بہ زور نہیں پھیر کر پیچھے لے گئے۔

مجاہدین کی ایک تدبیر

روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سکھ گولے گولیاں پھینکتے پھینکتے تھک چکے تھے اور ہانڈیاں، گھڑے، پتھر، لکڑیاں جو کچھ ان کے ہاتھ آتا، مجاہدین پر پھینکتے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ اب سنگر کے اندر پہنچنا مشکل ہے۔ مناسب یہ ہے کہ ہم لوگ پیچھے ہٹیں، سکھ ہمیں پسپا ہوتے دیکھ کر تعاقب میں نکلیں گے۔ جب وہ خاصی تعداد میں باہر آ جائیں تو ایک دم پلٹ کر ان پر حملہ کر دیا جائے۔ اس منصوبے پر عمل ہوا۔ جب سکھ سو سوا سو قدم سنگر سے باہر آ گئے تو مولوی صاحب نے بلند آواز سے تکبیر کہتے ہوئے حکم دیا کہ بھائیو! اب ہلہ کر کے انہیں ختم کر ڈالو۔ چنانچہ مجاہدین اللہ اکبر کے نعرے لگاتے ہوئے تلواریں سونت کر ان پر جا پڑے۔ اس ہلّے میں بھی بہت سے سکھ مارے گئے۔ باقی پھر بھاگ کر سنگر میں داخل ہو گئے۔ جو گڑھی کے قریب تھے، وہ گڑھی میں چلے گئے۔

مجاہدین کی مراجعت

اس آخری ہلے کے بعد مولوی صاحب نے مراجعت کا حکم دے دیا، چنانچہ وہ بٹلوں سے چلے اور بالی منگ کے گورستان میں پہنچ کر ظہر کی نماز ادا کی۔ عصر کے وقت اپنے مرکز کوٹ میں داخل ہو گئے۔ جنگ کے متعلق مفصل اطلاعات شیخ ولی محمد امیر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جماعت کے پاس شائی خاں بھیج دی تھیں، اگلے روز وہاں سے رسد کا سامان آ گیا۔ مولوی صاحب نے برج کی مرمت کرادی اور پچاس مجاہدین کی جماعت اس میں متعین کر دی۔

تیسرے روز بٹلوں کی طرف سے دھوئیں کے بادل اٹھتے ہوئے نظر آئے۔ مولوی صاحب نے پچاس مجاہدین کو تفتیش احوال کے لئے بھیجا تو معلوم ہوا کہ سکھوں نے سنگر کو آگ لگادی اور خود قلعہ چھوڑ کر شنکیاری چلے گئے۔

نقصان کی تفصیلات

ابتدا میں اندازہ تھا کہ لڑائی میں کم وبیش سات سو سکھ مارے گئے، بعد میں قرب وجوار کے مقامی لوگوں کی زبانی معلوم ہوا کہ مقتولین کی تعداد چار سو سے زیادہ نہ تھی۔ عبداللہ نام ایک نومسلم سکھ نے بھی اس تعداد کی تصدیق کی۔ وہ اسلام لانے سے پیشتر مجاہدین کے خلاف رہا تھا، مسلمان ہو کر شیخ ولی محمد کے قافلے کے ساتھ سندھ پہنچا۔ سید عبدالرحمٰن (خواہرزادہ سید صاحب) نے اس کیلئے سفرِ حج کا انتظام کر دیا، باقی عمر اس نے حرمین شریفین ہی میں گزاری۔

لڑائی کا نتیجہ

ہم بتا چکے ہیں کہ مجاہد شہیدوں کی تعداد پچاس سے کچھ اوپر تھی۔ ان میں سے مندرجہ ذیل کے سوا کسی کا نام معلوم نہ ہو سکا:

ملا لعل محمد قندھاری، برکات مظفر آبادی، عبدالستار پشاوری، شاہین خاں مشوانی ساکن علاقہ گنگر نزد تربیلہ، رحیم بخش ساکن ہانسی، میر مردان علی میرٹھی۔

بعد میں معلوم ہوا کہ سکھوں نے گڑھی اور سنگر کے درمیان ایک لمبی سی قبر کھود کر تمام شہیدوں کو اس میں دفن کرادیا۔ سکھوں کے ہمراہی مسلمانوں نے بتایا کہ یہی مجاہدوں کا گنج شہیداں ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملا لعل محمد قندھاری کے بھیلے میں تینتیس آدمی تھے۔ ان میں سے اکتیس بٹلوں ہی میں شہید ہوئے، صرف لال میر خاں نشان بردار اور نور محمد کلاں کو ہاٹی زندہ بچے۔ تقریباً ستر مجاہد زخمی ہوئے تھے، وہ بفضل خدا چند روز میں اچھے ہو گئے۔

دیشی اور اگرور کے قیام میں مجاہدین نے جو لڑائیاں کیں، ان میں سے بٹلوں کی لڑائی سب سے زیادہ خونریز تھی۔ مجاہدین کا مقصد یہ تھا کہ سکھ بٹلوں سے نکل جائیں۔ لڑائی سے یہ مقصد پورا ہو گیا اگرچہ اس سلسلے میں مجاہدین کو سخت نقصان اٹھانا پڑا۔ سید صاحب کی ترتیباتِ جہاد کا موقع، محل اور وقت ایسا تھا کہ اس میں تدبیر سے کہیں زیادہ شجاعت و مردانگی ضروری تھی۔ بٹلوں کی لڑائی میں اگرچہ تدبیر نظر انداز نہ ہوئی تاہم یہ مجاہدین کی شجاعت ہی کا ایک قابلِ فخر کارنامہ تھی، اگر انہیں پائندہ خاں کی بدعہدی سے سابقہ نہ پڑتا تو یقین تھا کہ وہ بہت جلد ضلع ہزارہ میں ایک مستحکم محاذِ جہاد قائم کر لیتے۔ چند سال بعد رنجیت سنگھ کی وفات پر سکھوں کی حکومت میں خوفناک ابتری پیدا ہو گئی۔ اگر اس موقع پر مجاہدین کا محاذ موجود ہوتا تو اغلب تھا کہ وہ پورے سرحدی علاقے کو قبضے میں لے آتے اور اس حصے کی چند سالہ سرگزشت کا اسلوب و نہج بالکل مختلف ہوتا، لیکن اب اس کے سوا کیا کہا جا سکتا ہے کہ:

یک کاشکے بود کہ بہ صد جا نوشتہ ایم!

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سولھواں باب:

پائندہ خاں کی عہد شکنی

پائندہ خاں اور خوانینِ اگرور

ہم بتا چکے ہیں کہ پائندہ خاں اور خوانینِ اگرور کے درمیان سخت دشمنی تھی۔ کشمکش میں خوانین اپنے وطن سے نکل کر علاقۂ کوہستان میں مقیم ہو گئے تھے، تاہم ان کی طرف سے پے در پے یورش اور چھاپوں کا شدید خطرہ تھا۔ پائندہ خاں مجاہدین کو زیادہ تر اس خیال سے جسی کوٹ لایا تھا کہ ان کے ہوتے ہوئے خوانینِ اگرور چھاپے نہ مار سکیں گے۔ اس مقصد میں اسے پوری کامیابی حاصل ہوئی۔ عبدالغفور خاں نے اس لئے مجاہدین کا ساتھ دیا تھا کہ ان کی وساطت سے اگرور میں دوبارہ آباد ہو جانے کی امید تھی۔ مجاہدین پائندہ خاں کی شدید دشمنی کے پیشِ نظر بہ طورِ خود عبدالغفور خاں کو اگرور نہ لا سکتے تھے، اسے مایوسی ہو گئی تو خفیہ خفیہ اپنے ماموں حبیب اللہ خاں کے ذریعے سے سکھوں کے ساتھ ساز باز کر لی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اور اس کا بھائی کمال خاں مارے گئے اور اس خطرے کا استیصال ہو گیا جو مجاہدین کو جسی کوٹ میں لانے کا موجب بنا تھا۔ ساتھ ہی پائندہ خاں کی روش بھی بدل گئی اور وہ حیلوں بہانوں سے مجاہدین کو نکالنے کی تدبیریں کرنے لگا۔

بعض بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ مختلف مقامی رئیسوں نے پائندہ خاں کو اس امر کی طرف متوجہ کیا تھا، وہ کہتے تھے کہ ہم آپ کے فرمانبردار رہیں گے، باقاعدہ خراج ادا کریں گے، لیکن شرط یہ ہے کہ مجاہدین کو نکال دیجئے۔ وجوہ کچھ ہوں، پائندہ خاں اپنے عہد پر قائم نہ رہا اور مجاہدین کو مسلسل خبریں ملنے لگیں کہ وہ اپنی عادت کے مطابق پُر پیچ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چالیس اختیار کرنے کے درپے ہے۔

الائی پر چھاپے

اگرچہ الائی کے لوگ مجاہدین کی فرمانبرداری کا اقرار کر چکے تھے، تاہم وہ سکھوں کی انگیخت اور امداد کی بنا پر مخالفانہ سرگرمیوں میں مصروف رہے۔ بٹلوں کی لڑائی سے دو اڑھائی مہینے بعد مقیم خاں نے مولوی نصیر الدین سے اجازت لے کر ان پر ایک چھاپہ مارا اور بہت سے جانور پکڑ کر لے آیا۔ تقریباً دو ہفتے کے بعد معلوم ہوا کہ الائی والے سکھوں کی اعانت سے مجاہدین پر شبخون مارنا چاہتے ہیں۔ مقیم خاں چھتیس مجاہدوں کے ساتھ دوبارہ ان کی گوشمالی کیلئے روانہ ہوا۔ ایک رات بٹن بوڑی میں گزاری، دوسرے روز الائی کے جنوبی پہاڑ کی چڑھائی شروع ہوئی۔ موضع بہاری کے نالے پر مجاہدین نے صبح کی نماز ادا کی۔ اس مرتبہ بھی بہت سے جانور پکڑ لیے، لیکن الائی والوں نے بڑی تعداد میں جمع ہو کر تعاقب کیا اور تھوڑا سا چکر کاٹ کر ایسی جگہ قدم جما کر بیٹھ گئے، جہاں سے مجاہدین کو واپس جانا تھا۔ وہ چھ سات سو سے کم نہ تھے۔ بہادر مقیم خاں نے ایک جگہ پہلے تعاقب کرنے والوں پر حملہ کیا اور ان کے سات آٹھ آدمی قتل کر دیے، وہ پسپا ہو کر بھاگے۔ پھر ان لوگوں پر دھاوا بول دیا، جنہوں نے راستہ روک رکھا تھا۔ تین چار آدمی ان کے بھی زخمی ہوئے، وہ راستہ چھوڑ کر آس پاس کے پہاڑوں میں منتشر ہو گئے۔

مقیم خاں کی شہادت

مجاہدین دو تین میل آگے بڑھ کر ایسے مقام پر پہنچے جہاں دو ٹیلوں کے درمیان نشیب تھا۔ دفعۃً دونوں ٹیلوں سے ان پر گولیاں برسنے لگیں۔ مقیم خاں کے پاس قرابین تھی، اس نے تین چار بار قرابین چلائی، مگر نہ چلی۔ اس اثناء میں ایک آدمی قریب پہنچ گیا۔ مقیم خاں نے قرابین اٹھا کر اس کے سر پر دے ماری اور اس کا سر پھٹ گیا، لیکن اوپر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے ایک آدمی نے بھاری پتھر مقیم خاں کی طرف لڑھکا دیا جو موصوف کی گردن میں لگا۔ وہ بے تاب ہو کر گرا۔ دوسرے لوگوں نے تلواروں سے اسے شہید کر ڈالا۔ مقیم خاں کے علاوہ پانچ اور مجاہد شہید ہو گئے اور دو زخمی ہوئے۔ مخالفوں کے پندرہ سولہ آدمی مارے گئے۔ مجاہدین ان کے مقابلے میں بہت کم تھے لہٰذا جانور چھوڑ کر چلے آئے اور کاکڑ شنگ ٹھہرتے ہوئے شائی خاں پہنچ گئے۔

دوسرا بڑا نقصان

ملا لعل محمد قندھاری کی شہادت کے بعد مقیم خاں کی شہادت جماعت مجاہدین کے لئے دوسرا بڑا نقصان تھی۔ یہ جوانمرد مجاہد کالاباغ کا اعوان تھا۔ کچھ معلوم نہیں کہ کس زمانے میں مجاہدین کے ساتھ شریک ہوا، ہم صرف اتنا جانتے ہیں کہ سید صاحب کے عہد میں اس کا ذکر نہ سنا گیا۔ جب مجاہدین جسی کوٹ اور شائی خاں میں آئے تو مختلف مہموں میں مقیم خاں نے نمایاں خدمات انجام دیں، اسی بنا پر اسے ایک جماعت کا سالار بنا دیا گیا تھا۔ مجاہدین کی اصطلاح میں اسے جمعداری کا عہدہ کہا جاتا تھا۔ اس پہاڑ کے کسی حصے میں شہادت پائی جو الائی کے علاقے کو نندھیاڑ وغیرہ سے جدا کرتا ہے۔ یہ معلوم نہیں کہ اسے کہاں دفن کیا گیا۔ مولوی نصیر الدین اور شیخ ولی محمد کو مقیم خاں کی شہادت کا حال معلوم ہوا تو انہوں نے بہت افسوس کیا۔

مولوی صاحب کا عزمِ امب

پائندہ خاں نے اپنے ذہن میں ایک منصوبہ پختہ کر کے مولوی نصیر الدین کو امب بلایا۔ موصوف سن چکے تھے کہ خان مخالفانہ تدبیروں میں مشغول ہے، لہٰذا دعوت کو ٹال گئے اور کوئی جواب نہ دیا۔ خان نے دوبارہ تاکیداً بلایا تو مولوی صاحب نے مجاہدین میں سے بیس آدمی چن لئے، جن میں سے بیس پچیس قرابین دار تھے اور باقی بندوقچی۔ قلعہ شائی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاں سے روانہ ہو کر دو روز جسی کوٹ میں رہے۔ آگے بڑھے تو ہری گاہ نالے پر شملی کے قاضی صاحب ملے جو پائندہ خاں کے چھوٹے بھائی مدد خاں کے قاضی تھے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ پائندہ خاں کے پاس جانا مناسب نہیں، اسلئے کہ وہ فریب کار ہے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ ہم خدا کے اعتماد پر جاتے ہیں، وہی ہماری حفاظت کرے گا۔

ایک رات نکہ پانی میں گزاری۔ دریائے سندھ کو عبور کر کے چھتر بائی پہنچے۔ مولوی صاحب کا دستور تھا کہ مجاہدین کے ساتھ دریا عبور کرتے تو ملاحوں کو پچاس روپے یا پچیس روپے اور ایک بیل دیتے۔ ظہر کی نماز بلوچوں کی گڑھی (۱) میں ادا کی۔

امب میں داخلہ

بلوچوں کی گڑھی سے مولوی صاحب خچر پر سوار ہوئے۔ قرابین دار آگے تھے اور بندوقچی پیچھے۔ وہ عموماً امب کی جامع مسجد میں ٹھہرا کرتے تھے، لیکن اس موقع پر بستی کو دائیں جانب چھوڑتے ہوئے کھیتوں میں سے قلعے کی طرف بڑھے۔ راستے میں مھندا جمعدار ملا جو پائندہ خاں کا مختارِ کار تھا۔ اس نے مولوی صاحب کو دیکھا تو کہا: آج آپ اس ٹھاٹ سے آئے ہیں کہ پہلے یہ ٹھاٹ ہم نے کبھی نہ دیکھا تھا۔ قلعے کے دروازے پر پائندہ خاں کا دوسرا معتمد جمعدار شاما ملا۔ مولوی صاحب نے اسے کہا: خان کو سلام پہنچاؤ اور پوچھو کہ جہاں اجازت ہو، ہم ٹھہر جائیں۔ پائندہ خاں نے جواب میں سلام اور مزاج پرسی کے بعد کہلوایا کہ جہاں آپ ہمیشہ ٹھہرا کرتے ہیں، وہیں ٹھہریں۔

(۱) اس مقام کو آج کل امب جدید کہتے ہیں۔ ۱۸۴۱ء کی طغیانی میں چھتر بائی، بلوچوں کی گڑھی، امب قدیم، ستھانہ وغیرہ تمام مقامات تباہ ہو گئے تھے۔ پائندہ خاں نے نیا امب بلوچوں کی گڑھی کی جگہ تعمیر کرایا۔ یہی آج کل امب کہلاتا ہے۔ امب قدیم کے مقام پر بھی ایک چھوٹا سا موضع آباد ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملاقات میں تذبذب

اگلے دن جمعہ تھا، پائندہ خاں نمازِ جمعہ کیلئے نہ آیا۔ عصر کے وقت دو اڑھائی سو آدمی ساتھ لے کر مسجد میں پہنچا، جن میں سے چالیس پچاس ننگی تلواریں لئے ہوئے تھے۔ تھوڑی دیر بیٹھا۔ مولوی صاحب قبلہ رو تھے، پائندہ خاں ان کے مقابل تھا۔ زیادہ بات چیت نہ ہوئی اور یہ کہہ کر لوٹ گیا کہ کل آپ کو قلعے میں بلایا جائے گا۔

صبح کو پیغام بھیجا کہ مولوی صاحب پانچ چھ آدمی لے کر قلعے میں آجائیں۔ موصوف نے ساتھیوں میں سے پانچ چھ کو حکم دے دیا کہ تیار ہو جاؤ۔ شیخ وزیر پھلتی نے اپنے رفیقوں سے کہا: بھائیو! آپ خوب جانتے ہیں کہ پائندہ خاں بڑا فریبی اور مفسد ہے۔ اگر خدانخواستہ مولوی صاحب کو اس نے کوئی گزند پہنچایا تو ہم سے کچھ بھی نہ بن پڑے گا، مناسب یہ ہے کہ ہم لوگ مولوی صاحب کے پیچھے چلیں اور ان کا ساتھ نہ چھوڑیں۔ چنانچہ مولوی صاحب روانہ ہوئے تو باقی مجاہدین بھی ان کے پیچھے پیچھے چل پڑے۔ صرف تین آدمی اسباب کی حفاظت کیلئے ڈیرے پر رہ گئے۔ قلعے کا دروازہ کھلا اور پانچ چھ آدمی جو مولوی صاحب کے ساتھ تھے، اندر داخل ہو گئے۔ دربان دروازہ بند کرنا چاہتا تھا کہ باقی مجاہدین میں سے دو چار نے دھکا لگایا اور آناً فاناً سب اندر داخل ہو گئے۔ یہ کیفیت دیکھتے ہی پائندہ خاں پر ہراس طاری ہو گیا۔ معمولی مزاج پرسی کے بعد اس نے مولوی صاحب کو بٹھایا بھی نہیں، خود کھڑا ہو گیا اور کہا کہ آپ ڈیرے پر تشریف لے چلیں، میں کل وہیں حاضر ہو جاؤں گا۔ چنانچہ مولوی صاحب پھر بات چیت کئے بغیر واپس ہو گئے۔

گفت وشنید

اس کے بعد مولوی صاحب تقریباً ایک مہینہ امب میں مقیم رہے، لیکن نہ پائندہ خاں ملاقات کے لئے خود آیا، نہ مولوی صاحب کو اپنے پاس بلایا۔ البتہ شاما جمعدار کے ذریعے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے اس نے نامہ و پیام کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس کا مطالبہ یہ تھا کہ مجاہدین قلعہ شائی خاں خالی کر دیں اور جسی کوٹ میں رہیں۔ مولوی صاحب نے اس کا جو جواب دیا وہ انہیں کے الفاظ میں یہ ہے:

ہم تو پاینده خاں کے بلانے سے اس ملک میں آ[illegible]ہیں اور انہیں کی مرضی سے رہتے ہیں۔ اگر رہیں گے تو قلعہ شائی خاں میں رہیں گے، ورنہ نہ وہاں رہیں گے، نہ اگرور میں۔ ہم لوگ اپنے وطنوں سے صرف خدا کی رضامندی کی خاطر یہاں آئے ہیں، دنیا کمانے کو نہیں آئے۔ اگر طالب دنیا ہوتے تو کیا ہمارے وطن میں مال دنیا کم تھا؟(۱)

پاینده خاں اپنے مطالبہ پر مصر رہا اور مولوی صاحب اپنے جواب پر قائم رہے۔

شیخ ولی محمد کو پیغام

جب مولوی صاحب کو یقین ہو گیا کہ پاینده خاں سے مفاہمت کی کوئی امید نہیں رہی تو شیخ ولی محمد کو پورے حالات لکھ بھیجے۔ ساتھ ہی کہا کہ آپ اہل و عیال جسی کوٹ بھیج دیں اور خود تیار رہیں، ہم جسی کوٹ پہنچ کر آپ کو اطلاع دیں گے تو قلعہ شائی خاں پاینده خاں کے آدمیوں کو سونپ کر جسی کوٹ آ جانا۔ شیخ صاحب نے اپنے اہل و عیال کو عبدالقیوم اور اپنے برادر نسبتی عبداللہ کے ہمراہ ستھانہ بھیج دیا، کچھ دن بعد باقی مجاہدین کے اہل و عیال بھی ستھانہ روانہ کر دیے۔ قلعہ شائی خاں پاینده خاں کے حوالے ہو گیا اور شیخ صاحب جسی کوٹ پہنچ گئے، جہاں چند روز بعد مولوی صاحب بھی ان سے جا ملے۔

سید اکبر شاہ سے نامہ و پیام

پاینده خاں سے موافقت کا رشتہ منقطع ہو جانے کے بعد جسی کوٹ میں ٹھہرنا ممکن نہ

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۵۰۴-۵۰۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھا۔ خاص طور پر اسلئے کہ جس پائندہ خاں نے بے وجہ انہیں شائی خاں سے اٹھایا تھا، کیا وہ کچھ دیر کے بعد جسی کوٹ سے بھی نہ اٹھا دیتا؟ یہ بھی ظاہر ہے کہ تذبذب کی حالت میں مجاہدین اپنے اصل مقصد کیلئے کوئی قابلِ ذکر کوشش نہ کر سکتے تھے، لہٰذا ان حالات کے متعلق سید اکبر شاہ ستھانوی کو اطلاع بھیج دی گئی، اسلئے کہ اس حصہ سرحد میں صرف وہی ایک شخصیت تھی جس کے اخلاص اور مستقل اعانت پر بھروسا کیا جا سکتا تھا۔ سید ممدوح نے جواب میں کہلا بھیجا:

آپ یہاں ستھانہ چلے آئیں، یہ آپکا گھر ہے۔ جب تک چاہیں رہیں، جو کچھ ہم سے ہو سکے گا خدمت گزاری میں حتی المقدور قصور نہ کریں گے۔ (۱)

ستھانہ کی جانب روانگی

شیخ صاحب اور مولوی صاحب آگے پیچھے جسی کوٹ سے روانہ ہوئے۔ امب سے باہر آم کا ایک بھاری پیڑ تھا، وہاں ٹھہر کر پیر مبارک علی تھنجھانوی کو پائندہ خاں کے پاس بھیجا کہ جی چاہے تو ہم سے آخری ملاقات کر لی جائے۔ خان موصوف نے کہلا بھیجا کہ آپ عشرہ (۲) چل کر ٹھہریں، میں وہیں ملاقات کیلئے آؤں گا۔ مجاہدین عشرہ میں ٹھہرے رہے، پائندہ خاں گھوڑے پر سوار ہو کر امب سے نکلا، لیکن تھوڑی دیر کے بعد قلعے میں چلا گیا۔ جب یقین ہو گیا کہ وہ نہ آئیگا تو شیخ صاحب اور مولوی صاحب مجاہدین کو لیکر ستھانہ کی طرف روانہ ہوئے۔ سید اکبر شاہ بستی سے میل ڈیڑھ میل باہر استقبال کیلئے موجود تھے۔ انہوں نے عیالدار مجاہدین کیلئے ستھانہ میں مکان خالی کرا رکھے تھے، باقی مجاہدین میں سے بعض کیلئے ستھانہ اور بعض کیلئے منڈی (۳) میں قیام کا انتظام کر دیا۔

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۵۱۱

(۲) امب سے تقریباً تین میل بجانب ستھانہ واقع ہے۔

(۳) ستھانہ سے پاؤ میل اسی سے متعلق ایک بستی ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ستر ہواں باب:

قیامِ ستھانہ کے حالات

پائندہ خاں کی پریشاں حالی

میرا اندازہ ہے کہ مجاہدین ۱۸۳۴ء یا ۱۸۳۵ء تک جسی کوٹ شائی خاں میں رہے۔(۱) پائندہ خاں نے انہیں اس خیال سے اٹھایا تھا کہ اب کوئی خزشہ باقی نہیں رہا۔ نہ صرف اگرور بلکہ دیشی، ٹیکری، نندھیاڑ، کونش اور الائی کے علاقے بھی فرمانبردار رہیں گے، لیکن وہ سب لوگ سکھوں سے ملے ہوئے تھے جو پائندہ خاں کے سخت دشمن تھے۔ اس سیل کے مقابلے میں صرف مجاہدین ایک مستحکم بند کا کام دے رہے تھے۔ وہ اٹھے تو دیشیوں نے جمع ہو کر قلعہ شائی خاں پر حملہ کر دیا اور پائندہ خاں کے لوگوں کو وہاں سے نکال دیا، بلکہ ایک ضرب توپ بھی چھین لی۔ ۱۸۳۶ء میں سکھوں نے اگرور پر حملہ کر دیا اور یہ علاقہ بھی پائندہ خاں سے چھن گیا۔ اس کے بعد دریا کے بائیں کنارے پر دور دور تک سکھوں کا عمل دخل ہو گیا، پائندہ خاں کے قبضے میں دریا کے دائیں کنارے پر تھوڑا سا علاقہ رہ گیا۔ جس وسیع ریاست کے وہ خواب دیکھ رہا تھا، مجاہدین کے نکلتے ہی وہ درہم برہم ہو گئی۔ تاہم وہ سکھوں سے لڑتا رہا اور ۱۸۴۱ء میں اس نے وفات پائی۔ یقین ہے کہ زندگی کے آخری دور میں اسے اپنی غلط اندیشی پر پشیمانی ہوئی ہو گی، لیکن تیر کمان سے نکل چکا تھا اور پشیمانی اس کے بگڑے ہوئے کارخانے کو درست نہ کر سکتی تھی۔

(۱) ہزارہ گزیٹیر اردو میں تیس برس کی مدت بتائی گئی ہے۔ (ص:۷۲۳)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شیخ ولی محمد کا سفرِ تختہ بند

ستھانہ میں اطمینان سے ٹھہرنے کا بندوبست ہوگیا تو شیخ ولی محمد بیس بائیس مجاہدوں کے ساتھ اس غرض سے تختہ بند چلے گئے کہ بی بی صاحبہ کو ستھانہ لے آئیں اور سندھ پہنچانے کا کوئی انتظام کریں۔ ان کے ہمراہیوں میں سے مندرجہ ذیل اصحاب کے نام روایت میں مذکور ہیں: شیخ وزیر پھلتی، سید قطب شاہ حیدر آبادی، شیر محمد خاں رام پوری، مستقیم جہان آبادی، ابراہیم خاں نگرامی، امان خاں کنج پوری، محمد یار خاں کشمیری اور عبدالقیوم خادمِ سید صاحب۔

شیخ صاحب نے ایک مقام موضع گبائی میں مولوی محتشم کے مکان پر کیا، دوسرے روز موضع ملکا میں ٹھہرے، تیسرا مقام موضع مخترنئی میں کیا، چوتھی منزل ناواگئی میں ہوئی، جہاں سید رسول نے انہیں تین دن ٹھہرائے رکھا۔ تمام مقامات میں مہمانداری کا پُر تکلف انتظام ہوا۔ ناواگئی سے شیخ صاحب تختہ بند چلے گئے۔

خوانین وشرفاء کا جرگہ

سید میاں رئیس تختہ بند نے دو [illegible] شیخ صاحب کو اپنے پاس رکھا، اس اثناء میں گردونواح کے خوانین وشرفاء کو بلایا اور کہا کہ شیخ صاحب بی بی صاحبہ کو لینے آئے ہیں، آپ لوگوں کی کیا رائے ہے؟ ان سب نے بالاتفاق کہا کہ ہم آپکے بھی خادم ہیں، بی بی صاحبہ کے بھی فرمانبردار ہیں۔ اگر ممدوحہ کو یہاں رہنے میں کوئی تکلیف ہو تو ہمیں فرمائیں۔ کھانے، پہننے اور ضروری خرچ کا انتظام ابھی کئے دیتے ہیں۔ شیخ ولی محمد نے کہا:

> بھائیو! یہ سب آپ کا سلوک اور احسان ہے۔ بی بی صاحبہ کو یہاں رہنے میں سوائے آرام کے کوئی تکلیف نہیں..... ہم چاہتے ہیں کہ جہاں حضرت امیر المومنین علیہ الرحمۃ کی اور دو بیبیاں ملک سندھ میں ہیں، وہیں ان بی بی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صاحبہ کو پہنچا دیں۔ پھر ہم سب بے فکر اور فارغ البال ہو کر جہاد فی سبیل اللہ میں جو کچھ ہو سکے، کوشش کریں۔(۱)

اہل جرگہ نے جواب دیا کہ اس صورت میں آپ کو اختیار ہے، ہمیں جس خدمت کے لئے ارشاد ہوگا اسے بسر و چشم انجام دیں گے۔ خواہ آپ یہاں فرمائیں یا ستھانہ پہنچ کر۔

بی بی صاحبہ کی تشریف آوری

غرض شیخ صاحب، سید میاں اور خوانین و شرفائے بونیر کی رضامندی سے بی بی صاحبہ کو لے کر روانہ ہوئے۔ دو روز ناواگئی میں سید رسول کے پاس ٹھہرے، تیسرا مقام منگل تھانہ میں اور چوتھا چنئی میں کیا۔ وہاں سے ستھانہ پیغام بھیج دیا تھا۔ سید اکبر شاہ اور مولوی نصیر الدین مجاہدین کے ہمراہ استقبال کے لئے آئے ہوئے تھے۔ سید اکبر شاہ نے بی بی صاحبہ کے لئے ایک محفوظ مکان خالی کرا رکھا تھا، وہاں انہیں اُتارا، دو وقت اپنے ہاں سے کھانا پیش کیا۔

شیخ صاحب، مولوی صاحب اور سید اکبر شاہ بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے کی مختلف تجویزیں سوچتے رہے، لیکن تقریباً ایک سال تک کوئی مناسب اور محفوظ تدبیر بروئے کار نہ آسکی۔

مولوی نصیر الدین صاحب دہلوی کا مکتوب

اس اثناء میں مولوی نصیر الدین دہلوی مجاہدین کا ایک قافلہ لیکر سندھ پہنچ چکے تھے۔ ان کے حالات تفصیلاً آئندہ ابواب میں بیان ہوں گے۔ انہوں نے اسماعیل اور احمد اللہ نام دو قاصدوں کے ہاتھ ایک خط ستھانہ میں بھیجا، جس کا مضمون یہ تھا کہ ہم تین سو ہندوستانیوں کے ہمراہ سندھ میں آگئے ہیں اور پھلیجی کے رئیسوں بجار خاں اور

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۵۱۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مداری خاں کے پاس مقیم ہیں۔ آپ لوگوں کے متعلق معلوم ہوا کہ پائندہ خاں سے اَن بَن ہوگئی ہے اور آپ قلعہ شائی خاں سے ستھانہ آ گئے ہیں۔ اگر یہاں تشریف لے آئیں تو ہم سب مل کر جہاد فی سبیل اللہ کا بندوبست کریں، شاید اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے کامیابی عطا فرمائے۔

مولوی صاحب اور شیخ صاحب کا جواب

شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نے غور و مشورہ کے بعد لکھا کہ آپ کے سندھ پہنچنے کی خبر سن کر دل کو خوشی اور تقویت حاصل ہوئی، باقی رہی آپ کی دعوت تو ہماری رائے یہ ہے:

ظاہراً آپ کے ہاں اس کام کے اجرا کی کوئی معقول صورت نظر نہیں آتی، کیونکہ وہ ملک میدانی ہے اور یہاں پر جو ہم لوگ پڑے ہیں، سبب اس کا یہ ہے کہ اول اس کام کے واسطے حضرت امیر المومنین علیہ الرحمۃ نے یہی ملک کوہستان کا پسند اور لوگوں کو متفق کرنے میں بہت کوشش اور جانفشانی کی۔ جو خلوصِ دل سے ملے ان کا بھی حال ظاہر ہو گیا اور جو منافقانہ ملے ان کا بھی حال کھل گیا۔ دوسرے یہ کہ ابھی ہم لوگ اپنی جگہ قائم ہیں۔ ایک جگہ نہ ہوئی، دوسری جگہ سہی۔ اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ یہاں ٹھہرنے میں شاید کوئی صورت فلاحیت کی نکل آوے۔ سو اگر آپ بھی سب آدمیوں کو لیکر یہاں تشریف لے آویں تو بہت مناسب ہے تاکہ ہم اور آپ ملکر اس کارِ خیر میں کوشش کریں۔ (۱)

---

(۱) ''وقائع'' جلد سوم ص: ۵۱۸-۵۲۰۔ عجیب امر یہ ہے کہ خود مولوی سید نصیر الدین دہلوی کے مکتوب سے اس جواب کی تصدیق نہیں ہوتی۔ سید نصیر الدین صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے سندھ پہنچنے کے بعد دو آدمی ان مجاہدوں کی طرف بھیج دیے تھے جو حضرت امیر المومنین کے رفیقوں میں سے باقی تھے۔ شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین ان کے سردار تھے۔

در اوائل ذی قعدہ فرستادگان اخلاص نشان مع جواب خط واپس آمدند چوں برادران غازیان ارادۂ روانگی خود در اوائل شوال و درخواست رہبرے کہ واقف راہِ راست باشد وطلب خرچ نوشتہ بودند، ..... بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ستھانہ میں جرگہ

مجاہدین کچھ مدت تک اپنے وسائل کی بناء پر وقت گزارتے رہے، پھر سید اکبر شاہ نے مناسب سمجھا کہ معاش کا مستقل انتظام ہو جائے، چنانچہ اس غرض سے منڈی، کیا، کھنبل برگ، گیارہ باڑا وغیرہ گردونواح کی بستیوں کے خوانین اور ملکوں کا جرگہ منعقد کیا اور ان لوگوں کو بتایا کہ یہ مجاہدین جو ہمارے ہاں اترے ہیں، اللہ کی رضا کے طالب ہیں، ملک و مالِ دنیا سے انہیں کوئی غرض نہیں۔ انکے سبب سے ہم سب کو اطمینان حاصل ہے۔ ہم سکھوں کے شر و فساد سے امن میں ہیں۔ مناسب یہ ہے کہ ان کے کھانے پینے کا بندوبست کر دیا جائے۔ ان لوگوں نے بالاتفاق کہا کہ ہم اپنی پیداوار سے بیسواں حصہ انہیں بالالتزام پہنچاتے رہیں گے۔ اس طرح مجاہدین کے لئے گزارے کا اطمینان بخش انتظام ہو گیا۔

سکھوں کا پیغام

انھیں دنوں ہزارہ کے سکھ گورنر ہری سنگھ نلوہ نے سید حسن شاہ کو اپنی طرف سے وکیل بنا کر شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین کے پاس بھیجا، اس نے بتایا کہ ہری سنگھ پندرہ ہزار

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... بہ سرعت تمام دو کس از واقف کارانِ راہ مع خرچ مطلوبہ روانہ کردہ ام۔ انشاء اللہ تعالیٰ در کالا باغ حسب نوشتہ برداران غازیان منتظر خواہند نشست۔

ترجمہ: اوائل ذی قعدہ میں میرے بھیجے ہوئے آدمی خط کا جواب لے کر آ گئے۔ غازی بھائیوں نے اوائل شوال میں روانگی کا ارادہ ظاہر کیا تھا، نیز لکھا تھا کہ ایک رہبر بھیج دیا جائے جو سیدھے راستے سے واقف ہو، نیز خرچ ارسال کیا جائے۔ میں نے ان کی تحریر کے مطابق دو آدمیوں کو جلد سے جلد خرچ دے کر بھیج دیا، وہ راستے سے واقف ہیں اور غازی بھائیوں کے ارشاد کے مطابق کالا باغ میں انتظار کریں گے۔

ممکن ہے یہ پہلے نہیں، دوسرے خط کا جواب ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کچھ مدت بعد شیخ ولی محمد نے بی بی صاحبہ کو لے کر جانے کا فیصلہ کر لیا ہو اور اس سلسلے میں رہبر وغیرہ کے لئے لکھا ہو۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

روپے سالانہ کی تحصیل کا علاقہ مجاہدین کو ہزارہ میں دینے کیلئے تیار ہے، پندرہ ہزار روپے نقد پیش کرتا ہے، اسکے علاوہ کہتا ہے کہ مجاہدین دریائے سندھ کی دائیں جانب جتنا پہاڑی علاقہ اپنے قبضے میں لے لیں گے، وہ انہیں کی ملکیت سمجھا جائے گا۔ شرط صرف یہ ہے کہ وہ اُدھر سے پایندہ خاں پر فوج کشی کریں، اِدھر سے ہم چڑھائی کریں گے تاکہ اسے ختم کر دیا جائے، وہ بڑا بدعہد اور مکار ہے۔ اس نے مجاہدین سے کوئی اچھا سلوک نہیں کیا۔

شیخ صاحب اور مولوی صاحب نے بالاتفاق جواب دیا کہ ہم سکھوں کی جماعت میں کسی مسلمان پر فوج کشی نہیں کر سکتے۔ خواہ وہ کیسا ہی مکار و غدار ہو۔ ہری سنگھ کو ہم سے ایسی امید ہرگز نہ رکھنی چاہئے خواہ وہ کتنی ہی جاگیریں اور نقد روپیہ پیش کرے۔ سید حسن شاہ سے یہ بھی کہہ دیا کہ آئندہ ہمارے پاس اس قسم کا کوئی پیغام نہ لانا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اٹھارہواں باب:

مولوی نصیر الدین منگلوری کی شہادت

ضروری گزارش

سید صاحب کی شہادت کے بعد جماعت کے حالات ومجاہدات کی جو کیفیت اب تک بیان ہوئی وہ ''وقائع'' کے ذخیرۂ روایات پر مبنی تھی۔ ستھانہ پہنچنے کے تھوڑی دیر بعد روایات کا یہ سلسلہ منقطع ہوگیا۔ ''وقائع'' کا جو نسخہ میرے پاس ہے، اس میں بعد کے متعلق صرف ایک ورق موجود ہے، جتنے نسخے دیکھے وہ ناقص تھے، اور اکثر نسخوں میں روایات اس سے پیشتر ہی ختم ہو چکی تھیں۔ ممکن ہے ''وقائع'' کا کوئی مکمل تر نسخہ بھی کہیں موجود ہو، مجھے اس کا علم نہ ہو سکا، لہٰذا اسکے سوا چارہ نہیں کہ دوسرے ذرائع سے جو معلومات حاصل کی جا سکیں اُنہیں پیشِ نظر رکھ کر قرائن کی بنا پر حالات کا نقشہ تیار کیا جائے۔ میں اپنی تحقیق وکاوش کے مطابق خاکہ مرتب کر رہا ہوں، اگر کسی خوش نصیب کو ''وقائع'' کا کوئی زیادہ مکمل نسخہ مل سکے تو اغلب ہے کہ زیادہ مفصل ومستند نقشہ سامنے آجائے۔

ستھانہ میں مدتِ قیام

ڈاکٹر بیلیو کے بیان کے مطابق مجاہدین تین سال تک بہ اطمینان ستھانہ میں مقیم رہے۔(۱)

(۱) اے جنرل رپورٹ آن دی یوسف زئی۔ A General Report on The Usuf zai by H. W. Bellew مطبوعہ گورنمنٹ پریس لاہور ۱۸۶۴ء (ص:۹۵)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس کا مطلب یہ ہوا کہ تقریباً ۱۸۳۸ء تک مجاہدین کی سالاریٔ عامہ کا منصب مولوی نصیرالدین منگلوری کو حاصل رہا۔ مجاہدین کے امیر شیخ ولی محمد پھلتی تھے، لیکن وہ مجاہدات میں زیادہ سرگرم حصہ نہ لے سکے، جیسا کہ گذشتہ واقعات سے آشکارا ہے۔ ان کی تمام تر توجہ بی بی صاحبہ کو سندھ پہنچانے پر جمی ہوئی تھی۔ معلوم نہ ہوسکا کہ وہ کس ذریعے اور کس راستے سندھ پہنچے، نہ یہ بتایا جاسکتا ہے کہ ان کے ساتھ کون کون سے مجاہدین سندھ آئے یا یہ سفر بالتعیین کس زمانے میں ہوا۔ میرا اندازہ کہ یہ ۱۸۳۶ء یا ۱۸۳۷ء کا واقعہ ہوگا۔ اسلئے کہ مولوی سید نصیرالدین دہلوی کی طرف سے ۱۲۵۴ء (۱۸۳۸ء) میں جو اعلامات جابجا بھیجے گئے ان پر دوسرے اصحاب کے علاوہ شیخ ولی محمد کے بھی دستخط ہیں۔ یہ اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ ۱۲۵۴ھ سے پیشتر شیخ موصوف بی بی صاحبہ کو لے کر سندھ پہنچ گئے تھے اور مجاہدینِ ستھانہ کی امارت وسالاری کا بارِ گراں مولوی نصیرالدین منگلوری کے دوشِ ہمت پر رہا۔ (۱)

ماحول کی سرسری کیفیت

اب ہمیں اس ماحول کی سرسری کیفیت سامنے رکھ لینی چاہئے جس میں مجاہدین ستھانہ کام کرتے رہے۔ ستھانہ کے مغرب میں تھوڑے فاصلے پر خدوخیل کا علاقہ واقع تھا جہاں فتح خاں پنجتاری ایک مستقل ریاست کی تاسیس میں لگا ہوا تھا۔ وہ ان خوانین میں

(۱) مولوی سید نصیرالدین دہلوی کے ایک مکتوب میں بتایا گیا ہے کہ شیخ ولی محمد ۲۹ر جمادی الاخریٰ ۱۲۵۳ھ ۳۰ر اکتوبر ۱۸۳۷ء کو بی بی صاحبہ کے ساتھ مولوی سید نصیرالدین کے پاس بلوچستان پہنچے تھے۔ موصوف فرماتے ہیں کہ بی بی صاحبہ اور شیخ صاحب کے رفقاء مرد اور عورتیں کوئی دوسو ہوں گے اور ان کے ساتھ تین شاہنیں تھیں۔ ۵ر رجب (۵ر اکتوبر) کو شیخ صاحب پچاس عالموں کے ساتھ بی بی صاحبہ کو پیر کوٹ پہنچانے کیلئے روانہ ہوئے۔ سید محمد اسماعیل (برادرزادہ سید احمد شہید) اور قاضی محمد شکارپوری نے شکارپور سے آگے نکل کر ان کا استقبال کیا۔
(مکتوبات کا مخطوطہ ص: ۴۰)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے تھا جنہوں نے سرحد میں سید صاحب کی دعوتِ جہاد پر سب سے پہلے لبیک کہی تھی۔ اس کا مقام پنجتار کم وبیش چار سال تک سید صاحب کا مرکز بنا رہا۔ اہل سمنہ کی سازش کے وقت فتح خاں کا اخلاص معرضِ اشتباہ میں آیا اور سید صاحب کو یہی مناسب معلوم ہوا کہ پنجتار کو چھوڑ کر کسی دوسرے مرکز میں ڈیرے ڈالیں۔ مجاہدین نندھیاڑ سے واپس ہوئے تھے تو فتح خاں نے سید میاں ساکن تختہ بند (بونیر) اور سید رسول ساکن ناواگئی (چملہ) کی وساطت سے انہیں پنجتار آنے کی دعوت دی اور ہر ممکن ذریعے سے مخلصانہ خدمت گزاری کا یقین دلایا۔ دس مہینے کے بعد آشکارا ہو گیا کہ اسکے پیشِ نظر ذاتی اغراض کے سوا کچھ نہیں اور وہ مقاصدِ جہاد میں معاون نہیں بن سکتا، لہٰذا مجاہدین کو دوبارہ پنجتار چھوڑنا پڑا۔

اس کے بعد پائندہ خاں تنولی والیٔ امب سرگرم دعاویٔ اخلاص کے ساتھ مجاہدین کو اگرور لے گیا جہاں وہ تقریباً تین سال رہے، لیکن خوانینِ اگرور کے خاتمے کے بعد وہ بھی عہدِ موافقت پر ثابت قدم نہ رہا اور مجاہدین کو اس سے بھی کنارہ کشی کے سوا چارہ نظر نہ آیا۔

سمنہ یعنی میدانی علاقہ کے لوگ ۱۸۳۰ء کی خوفناک سازش کے وقت سے مجاہدین کے مخالف چلے آتے تھے اور مجاہدین کی جانب سے عفو و درگذر کے باوجود ان لوگوں کے دل مطمئن نہ ہو سکتے تھے۔ اگرور، دیشی، نیکری، الائی وغیرہ کے لوگ بھی مجاہدین کی خیر خواہی کا دم نہ بھر سکتے تھے، سکھوں کی مخالفت مجاہدین کا نصب العین تھی اور ان کی طرف سے مصالحت کی بہ ظاہر ایک خوش گوار تجویز کو شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین نفرت سے ٹھکرا چکے تھے۔ گویا سرحد کے پورے علاقے میں ساداتِ ستھانہ، ساداتِ ناواگئی اور ساداتِ تختہ بند یا اُن سادات کے بعض متفرق گھرانوں کے سوا مجاہدین کو بے غرض اور پُر اخلاص تعاون کی امید کسی سے نہ ہو سکتی تھی۔ بونیر اور چملہ کے خوانین کا حسنِ سلوک تختہ بند اور ناواگئی کے سادات کی رفاقت کا نتیجہ تھا، نواحیٔ ستھانہ کی بستیوں نے مجاہدین کیلئے گزارے کا جو انتظام کر دیا تھا وہ سید اکبر شاہ ستھانوی کے اثر و رسوخ کا کرشمہ تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بلاشبہ مجاہدین مدتِ مدید تک ستھانہ میں باطمینان مقیم رہے لیکن ان کے گردوپیش ہر جانب دشمنی کی آگ سلگ رہی تھی اور مخالفانہ ہوا کا خفیف سا بھی جھونکا اسے کسی وقت مشتعل کرسکتا تھا۔

مجاہدین پر ظلم وتعدّی

معلوم ہوتا ہے کہ فتح خاں پنجتاری مجاہدین کی مخالفت میں سب پر سبقت لے جانا چاہتا تھا، شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ اس کے نزدیک مجاہدین کو ختم کئے بغیر ریاست کی بنیادیں استوار نہ کی جاسکتی تھیں۔ وہ اس ذریعے سے اہل ستہ میں ہر دلعزیزی حاصل کر لینے کا خواہاں تھا۔ غرض اس نے گردوپیش کی بستیوں میں ایسی فضا پیدا کردی تھی کہ مجاہدین میں سے جہاں کسی کو کوئی آتا جاتا مل جاتا اسے لوٹ لینے اور بدسلوکی کا ہدف بنانے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا جاتا۔ مجاہدین کی چھوٹی چھوٹی ٹولیاں درویشوں کے بھیس میں ہندوستان سے ستھانہ پہنچتی رہتی تھیں، فتح خاں کے زیر اثر بستوں میں ان سے پے در پے بدسلوکیاں ہوتی رہیں، اس رنج افزا سلسلے کا ایک اہم واقعہ منارہ میں پیش آیا جو دریائے سندھ کے کنارے واقع تھا اور ۱۸۴۱ء کی طغیانی میں بے نشان ہوگیا۔

بیلیو لکھتا ہے کہ نووارد مجاہدین کی ایک چھوٹی سی جماعت ہندوستان سے آرہی تھی، وہ لوگ منارہ پہنچے تو وہاں کے باشندوں نے ان کا سارا سامان لوٹ لیا اور ان سے انتہائی بدسلوکیاں کیں۔(۱)

تادیبی اِقدام

پے در پے پیش دستیوں کے بعد مجاہدین کیلئے زبردست تادیبی اقدام کے سوا چارہ نہ رہا، چنانچہ مولوی نصیرالدین منگلوری نے مجاہدین کی ایک جماعت لے کر منارہ پر شبخون

(۱) اے جنرل رپوٹ آن دی یوسف زئی (انگریزی) ص:۹۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مارا۔ بیلیو کے بیان کے مطابق اس شبخون میں گاؤں کے بہت سے آدمی مارے گئے اور گھروں کو لوٹا گیا۔ (۱)

فتح خاں پنجتاری اس وقت سے مجاہدین کو اپنے دشمن سمجھنے لگا تھا جب سے وہ ساداتِ ستھانہ کے پاس مقیم ہوئے تھے۔ وہ اب مخالفت میں بہت سرگرم ہو گیا۔ اس نے بہت جلد ایک لشکر جمع کر لیا، مجاہدین کو اپنے ہاں کی پہاڑیوں سے باہر نکال دیا اور ان کے امیر نصیر الدین کو قتل کر ڈالا۔ (۲)

جنگِ ٹوپی

بیلیو کے بیان سے لڑائی کی صحیح کیفیت واضح نہیں ہوتی۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ منارہ پر شبخون کے بعد مجاہدین نے ٹوپی پر حملہ کیا۔ اسلئے کہ وہاں کے لوگ بھی مجاہدین کی مخالفت میں بہت پیش پیش تھے۔ مجاہدین ٹوپی ہی میں تھے کہ وہاں کے باشندوں نے چھتوں پر سے چادریں ہلا ہلا کر فتح خاں پنجتاری کے لشکر کو اندر بلا لیا۔ اس طرح مجاہدین بستی میں محصور ہو گئے۔ مولوی نصیر الدین نے یہ حالت دیکھی تو ساتھیوں سے فرمایا کہ بستی کے پاس جو پہاڑ ہے، اس پر چڑھ کر مقابلہ کرنا چاہئے، لیکن اُدھر جانے کا راستہ نہ مل سکا، مجبور ہو کر حکم دیدیا کہ مجاہدین جہاں جہاں موجود ہیں وہیں مورچے قائم کر کے بہادرانہ جنگ کریں، مخالفین میں سے جو ذرا فاصلے پر تھے، ان پر گولیوں کی بارش ہوتی رہی اور جو قریب آتے گئے وہ تلواروں سے موت کے گھاٹ اترتے رہے۔ اس اثناء میں مولوی نصیر الدین کے سینے پر ایک گولی لگی، وہ ڈھال تلوار لئے ہوئے بیٹھ گئے۔ لڑائی بدستور جاری رہی، پھر ایک اور گولی لگی جس سے مولوی صاحب موصوف شہادت پا گئے۔ (۳)

(۱) اے جنرل رپوٹ آن دی یوسف زئی (انگریزی) ص: ۹۴

(۲) اے جنرل رپوٹ آن دی یوسف زئی (انگریزی) ص: ۹۵

(۳) ہزارہ گزیٹیر میں بعض امور غلط طریق پر پیش کئے گئے ہیں۔ مثلاً یہ کہ مولوی ..... بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شدید نقصان

اس جنگ میں مجاہدین کو شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ مولوی صاحب کے علاوہ جماعت کے بہت سے اصحاب شہید ہوئے جن میں سے صرف مندرجہ ذیل ممتاز حضرات کے نام معلوم ہو سکے:

شیخ وزیر پھلتی، نظام الدین خاں شاہ جہاں پوری، عبد اللہ بنارسی، کریم بخش سہارنپوری، شیر محمد عظیم آبادی، شمس الدین ہریانوی، الٰہی بخش ہریانوی، قادر بخش ساکن امروہہ، مستقیم ساکن گوتنی، ابراہیم پوربی اور حاجی فاضل ساکن جسی کوٹ۔

مجروحین کی تعداد بھی خاص بڑی تھی مثلاً:

۱۔ شیخ ولی محمد کے برادرِ نسبتی شیخ عبداللہ کے جسم پر تلوار کے گیارہ زخم تھے۔

۲۔ حاجی امان اللہ کے بائیں بازو میں گولی لگی۔

۳۔ شیر محمد رام پوری کا دایاں کندھا زخمی ہوا۔

۴۔ جلال الدین گوجر کے سر، کندھے اور پیٹ پر تلوار کے زخم آئے۔

انکے علاوہ ملا نور محمد گوجر کا بھانجا عبداللہ مظفر آبادی، ملا الہام الدین، انکے ساڑھو نادر اور اسماعیل سہارنپوری گولیوں سے زخمی ہوئے۔ باقی مجروحین کے نام معلوم نہ ہو سکے۔

مولوی نصیر الدین شہید

مولوی نصیر الدین کی شہادت سے علاقہ سرحد میں مجاہدین کا کاروبارِ جہاد عملاً درہم

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... نصیر الدین ارسلان خاں زیدے والے کی امداد کے لئے ٹوپی آئے تھے، جو سکھوں کا معاون تھا اور فتح خاں پنجتاری کا مخالف۔ نہ مولوی صاحب سکھوں کے کسی طرفدار کی امداد کے لئے تیار ہو سکتے تھے، اور نہ ٹوپی جانے کی غرض وہ تھی جو بیان کی گئی۔ ٹوپی پر حملے کی اصل وجہ یہی تھی کہ وہاں کے لوگ خواہ مخواہ مجاہدین کو ایذا دیتے تھے، اس میں شبہ نہیں کہ فتح خاں نے عین چھاپے کے موقع پر دھاوا بولا اور مجاہدین کو نرغے میں لے لیا، لیکن ہزارہ گزیٹیر کا یہ بیان صحیح نہیں کہ فتح خاں پنجتاری نے مولوی صاحب کے علاوہ تمام مجاہدین کو شہید کر ڈالا۔ (ص: ۳۳۷)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برہم ہوگیا، اگرچہ جماعت اس کے بعد بھی باقی رہی، لیکن اس کی مجاہدانہ سرگرمیاں بڑی حد تک افسردہ ہوگئیں۔ مولوی صاحب موصوف منگلور ضلع سہارنپور کے باشندے تھے۔ بالکل ابتدائی دور سے سید صاحب کے ساتھ رہے اور آپ کی شہادت کے بعد جماعت کی مجاہدانہ سرگرمیوں کو اعلیٰ پیمانے پر قائم رکھنے کا سہرا انہیں کے سر تھا۔ موصوف شاہ اسماعیل، مولوی خیر الدین، شیخ بلند بخت وغیرہ کی طرح شجاعت اور حسن تدبیر کا پیکر تھے۔ عمر کا کوئی صحیح اندازہ نہ ہوسکا۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ خاصے سن رسیدہ تھے، اس لئے کہ ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ منہ میں کوئی دانت نہ تھا۔ جہاد فی سبیل اللہ کیلئے سید صاحب کے دستِ مبارک پر بیعت کرتے وقت جو عہد و پیمان کیا تھا اس پر زندگی کے آخری سانس تک چٹان کی طرح قائم رہے اور انجام کار خونِ شہادت سے اس پر تصدیق کی آخری مہر ثبت کردی۔ انسانیت کے ان گراں مایہ گوہروں میں سے تھے جن کا وجود قوموں اور ملکوں کیلئے انتہائی فخر و عزت کا باعث ہوتا ہے۔

وہ سید صاحب کی تربیت اور مردم گری کا ایک نہایت عمدہ نمونہ تھے۔ للّٰہیت کی شان ملاحظہ ہو کہ اگرچہ علم و فضل، قیادتِ عساکر اور انتظام و سیاست کے یگانہ جوہروں سے مزین تھے اور کسی بھی ریاست و مملکت میں بلند ترین عہدوں کے فرائض بطریق احسن انجام دے سکتے تھے، تاہم کسی دنیوی غرض سے ان کے فکر و خیال کا دامن کبھی آلودہ نہ ہوا، اور اہل ملک و ملت کی تحسین و صلہ سے بالکل بے نیاز ہوکر اپنی بیش بہا زندگی بے دریغ راہِ حق میں قربان کردی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

جماعت کی کیفیت

یہاں پہنچ کر جماعتِ مجاہدین کی سرگزشت کا پہلا دور ختم ہوگیا۔ جو لوگ باقی بچے وہ بدستور ستھانہ میں مقیم رہے۔ میر اولاد علی کو انہوں نے امیر بنالیا۔ مولوی محمد قاسم پانی پتی نہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پنجتار گئے، نہ شیخ ولی محمد اور مولوی نصیر الدین کے ساتھ دیشی یا اگرور میں رہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کوائی (درہ کاغان) میں اقامت اختیار کر لی تھی، موقع پر ان کا ذکر آئیگا۔

سرگزشت کا دوسرا دور مولوی سید نصیر الدین دہلوی کی اقامت جہاد سے شروع ہوتا ہے جنکے حالات آئندہ ابواب میں بیان ہوں گے۔ لیکن یہاں یہ بتا دینا چاہئے کہ مولوی نصیر الدین کی شہادت کے بعد کم وبیش آٹھ نو سال تک سرحد میں کوئی قابل ذکر سلسلۂ جہاد شروع نہ ہو سکا۔ اگر چہ سید صاحب کی جاری کردہ تحریک کا چراغ بدستور روشن رہا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

﴿ضمیمہ حصہ اول﴾

محمد امیر خاں قصوری

مسلمانوں کا جوشِ حمیت

سید صاحب کی تحریکِ جہاد نے مسلمانوں میں اسلامی حمیت کی ایک خاص حرارت پیدا کر دی تھی جس کا ایک نہایت اچھا نمونہ محمد امیر خاں قصوری تھے۔ ان کا نام ''سیرت سید احمد شہید'' اور ''سرگزشت مجاہدین'' میں بارہا آچکا ہے۔ یہ عنفوانِ شباب ہی میں سید صاحب کے پاس پہنچ گئے تھے۔ ایک مرتبہ خود سید صاحب کے استفسار پر انہوں نے اپنے حالات بتائے جن کا خلاصہ ذیل میں درج ہے۔

یہ قصور کا باشندہ تھا۔ اغلب ہے پٹھان ہو۔ اس کا والد ریاست نابھہ میں ملازم تھا اور املوہ کے قلعے کے حفاظت اس کے ذمے تھی۔ ساتھ ساتھ پیری مریدی کا سلسلہ بھی جاری تھا اور جگہ جگہ اسکے مرید موجود تھے۔ محمد امیر خاں کے چچا کی عمر سیاحی میں گذری۔ دہلی، کلکتہ، بمبئی، حیدر آباد، سندھ سے بھی فیض یاب ہو چکا تھا۔ چوں کہ بغداد میں دیر تک مقیم رہا تھا، اسلئے عام لوگوں میں بغدادی مشہور تھا۔ اس نے دہلی میں سید صاحب کو دیکھا تھا۔ جب نواب امیر خاں سے الگ ہو کر سید موصوف نے اجرائے جہاد کیلئے مستقل تحریک کا آغاز کیا تھا۔ محمد امیر خاں کا چچا اکثر کہا کرتا تھا کہ ایسا صاحبِ اخلاق، عالی ہمت، بلند ارادہ اور صاحبِ تاثیر بزرگ میں نے زندگی بھر میں نہیں دیکھا۔ جب سید صاحب حج سے واپس آکر بمبئی میں ٹھہرے تو محمد امیر خاں کے چچا نے بھی ان سے بیعت

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کی اور خلافت کا منصب پایا۔ وہ اکثر محمد امیر خاں سے ذکر کرتا رہتا تھا کہ سید صاحب جہاد کے لئے نکلیں گے تو میں بھی ان کی معیت اختیار کروں گا اور تمہیں بھی ساتھ لے جاؤں گا، لیکن سید صاحب کی روانگی سے پیشتر اس کا انتقال ہو گیا۔

بچے کا عزمِ جہاد

محمد امیر خاں کی عمر اس وقت گیارہ بارہ برس سے زیادہ نہ تھی لیکن چچا کے ارشادات دل میں اس طرح پیوست ہو گئے تھے کہ اسی دور میں جہاد کیلئے سید صاحب کے پاس پہنچنے کا پختہ ارادہ کر لیا۔ چودہ پندرہ برس کی عمر ہوئی تو رائے بریلی کا ایک برہمن املوہ میں ملا جس نے سید صاحب کے پاس سرحد پہنچنے کا ارادہ کر رکھا تھا۔ پٹیالہ کا ایک مسلمان راجپوت بھی اس کے ساتھ ہو گیا۔ ان دو شخصوں کا عزم محمد امیر خاں کے سمندِ شوق کے لئے تازیانہ بن گیا۔ والد سے گھر جانے کی اجازت مانگی۔ اس نے کچھ روپوں کے علاوہ سواری کے لئے ایک یابو دے دیا۔ یوں محمد امیر خاں برہمن اور راجپوت کی معیت میں بظاہر وطن کی طرف اور حقیقتاً سید صاحب کی جانب روانہ ہوا۔ املوہ سے چوتھے دن یہ لوگ امرتسر پہنچے، وہاں دسہرے کی تقریب میں بھاری اجتماع تھا۔ محمد امیر خاں اور اس کے ساتھی دسہرہ دیکھنے کیلئے ٹھہر گئے۔ اس اثناء میں محمد امیر خاں کی ملاقات کپتان سلطان محمود سے ہو گئی جو اس کے والد کا مرید تھا۔ اس نے پوچھا کیسے آئے؟ تو محمد امیر خاں نے ظاہر کیا کہ والد کے ساتھ آیا ہوں لیکن تھوڑی ہی دیر میں راز فاش ہو گیا اور پتہ چل گیا کہ والد سے اجازت لئے بغیر بھاگ آیا ہے۔ اس کے بعد کپتان سلطان محمود آگے جانے کی اجازت نہ دے سکتا تھا۔

کپتان کی معیت میں محمد امیر خاں کو ایک مرتبہ رنجیت سنگھ کے دربار میں جانے کا بھی موقع ملا۔ اس موقع پر حکیم عزیز الدین انصاری نے سید صاحب کا آیا ہوا ایک مکتوب سنایا، جس کا مضمون یہ تھا کہ ہم لوگ نہ تیرے ملک و مال کے طالب ہیں نہ تیری

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جان اور عزت کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، نہ لڑنے کے خواہاں ہیں، صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا ساتھ دے اور ہمارا رفیق بن جا۔ دشمنوں کے خلاف جہاد کر کے ہم ملک تیرے حوالے کر دیں گے۔ اگر یہ دعوت منظور نہ کی تو لڑائی کے سوا چارہ نہ رہے گا۔ یہ خط سن کر رنجیت سنگھ نے کہا کہ ایسا صاحب ارادہ اور صاحب ہمت و جرأت ہم نے اپنے زمانہ میں نہ کسی کو دیکھا، نہ سنا۔

محمد امیر خاں کا فرار

اس اثناء میں کپتان سلطان محمود کو کہیں جانے کا حکم ہوا۔ محمد امیر خاں نے اس مہلت سے فائدہ اٹھایا۔ چوکیدار سے سیر کی اجازت لی۔ سواری اسی کے پاس چھوڑ دی اور اپنے ساتھیوں کو لے کر لاہور کی طرف نکل پڑا۔ پہلے دن پندرہ کوس کا فاصلہ طے کر کے یہ لوگ ایک مندر میں اترے، پھر منزل بہ منزل لاہور اور راولپنڈی ہوتے ہوئے حضرو کے قریب ایک بستی میں پہنچے جہاں کے حاکم نے پوچھا کہاں جا رہے ہو؟ محمد امیر خاں نے کہا کہ میرا بھائی اٹک میں ملازم ہے، اس سے ملنے جا رہا ہوں۔ اس بیان کی غلطی بھی بہت جلد واضح ہوگئی، لیکن جب حاکم کو معلوم ہوا کہ محمد امیر خاں سید صاحب کے پاس جا رہا ہے تو اس نے امداد میں تامل نہ کیا۔ محمد امیر خاں کے کانوں میں چھوٹی چھوٹی سنہری بالیاں تھیں، انہیں چالیس روپے میں بیچا۔ کچھ کپڑے بنوا دیے، دو روپے بھنا کر خرچ کے لئے دے دیے، باقی نقد حوالے کر دیے۔ پھر ایک آدمی ساتھ دیکر محمد امیر خاں کو دریا کے کنارے کی ایک بستی میں پہنچا دیا۔ وہاں کے خان کو تاکید کر دی کہ اس نوجوان کو بحفاظت دریا کے پاس پہنچا دیا جائے۔ اس طرح محمد امیر خاں سید صاحب کی خدمت میں پہنچا۔

سرحدی زندگی

محمد امیر خاں نے کچھ مدت پنجتار میں سید صاحب کے ساتھ گزاری۔ انھیں کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتھ نندھیاڑ پہنچا۔ بالاکوٹ کی جنگ میں سید صاحب کی شہادت کے بعد شیخ ولی محمد اور مولانا نصیر الدین منگلوری کے ساتھ صاحبزادہ محمد نصیر کے پاس رہا۔ پھر مجاہدین فتح خاں کی دعوت پر پنجتار آئے تو محمد امیر خاں بھی ان میں شامل تھا۔ جب فتح خاں سے تعلقات کا انقطاع ہوا تو یہ مجاہدین کے ساتھ قلعہ شائی خاں میں چلا گیا اور مولوی نصیر الدین منگلوری کی مختلف مہموں میں شریک رہا۔ پھر مولوی صاحب سے اجازت لے کر امان اللہ خاں لکھنوی اور ابراہیم خاں خیر آبادی کے ہمراہ وطن چلا آیا۔

بعد کی زندگی


اس کا اپنا بیان ہے کہ ہم لوگ سرحد سے روانہ ہو کر امیر المؤمنین کی ازواج کے پاس پیر کوٹ (سندھ) پہنچے۔ امان اللہ خاں اور ابراہیم خاں تو وہیں ٹھہر گئے، میں نے چند روز کے بعد رخصت چاہی۔ بڑی بی صاحبہ نے مجھے راستے کیلئے معقول خرچ دیا اور اجمیر تک کرائے کے ایک اونٹ کا انتظام فرما دیا۔ چنانچہ میں اجمیر میں مولوی سراج الدین کے مکان پر اترا جو حضرت امیر المؤمنین کے مخلص مرید اور خلیفہ تھے۔ موصوف نے بڑی عزت و توقیر سے میری مہمانداری کی، وہیں معلوم ہوا کہ نواب امیر الدولہ بہادر والیٔ ٹونک نے وفات پائی اور نواب وزیر الدولہ بہادر جانشین ہوئے۔

چنانچہ محمد امیر خاں ایک گاڑی کرائے پر لے کر ٹونک پہنچا۔ نواب وزیر الدولہ نے تین مہینے اپنے پاس ٹھہرائے رکھا۔ دونوں وقت اپنے ساتھ کھانا کھلاتے تھے۔ پھر معقول زادِ راہ دے کر رخصت فرمایا۔ محمد امیر خاں وطن پہنچا تو اسکے جو اقرباء ریاست میں ملازم تھے انہوں نے اسکی ملازمت کا بھی انتظام کرا دیا۔ اس کے پانچ گھوڑے بھی نوکر تھے۔ ہر چھٹے مہینے تین سو من غلہ اور ڈیڑھ سو روپے نقد محمد امیر خاں کو ملتے تھے اور تین سو من غلہ سو روپے نقد گھوڑوں کیلئے مقرر تھے۔ کم و بیش دس سال یہ سلسلۂ ملازمت جاری رہا۔ (۱)

(۱) یہ حالات "وقائع احمدی" سے ماخوذ ہیں۔ نواب امیر الدولہ کا انتقال ۱۸۳۴ء میں ہوا، لہٰذا سمجھنا چاہئے کہ محمد امیر خاں اسی سال سرحد سے واپس آیا۔ اٹاوہ کھنہ کے پاس ایک معروف مقام ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برِصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگذشت



حصہ دوم

(مولوی سید نصیر الدین دہلوی)

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

مولوی سید نصیر الدین دہلوی

تمہید

ہم بتا چکے ہیں کہ ستھانہ پہنچنے کے بعد مجاہدین کی حالت خاصی کمزور ہوگئی تھی۔ ان کی کارکردگی کا دائرہ بہت محدود ہو چکا تھا۔ وہ اس عظیم الشان جماعت کا محض ایک نشان رہ گئے تھے جو سید صاحب کی سرکردگی میں ہندوستان کی تطہیر کیلئے اٹھی تھی، اور جس کی مجاہدانہ سرگرمیوں نے چار سال تک پنجاب کی طاقتور سکھ حکومت کو سراسیمگی کا ہدف بنائے رکھا تھا۔ اگرچہ جاں نثارانِ حق کے چھوٹے چھوٹے گروہ وقتاً فوقتاً سرحد پہنچتے رہتے تھے، تاہم عام مسلمانوں کے جوشِ جہاد میں افسردگی پیدا ہو رہی تھی، اس لئے کہ سرحد میں کوئی نمایاں کارنامہ انجام پانے کا موقع باقی نہ رہا تھا۔ لہٰذا سید صاحب کی تحریکِ جہاد کے کارفرماؤں کو ضرورت محسوس ہوئی کہ دوبارہ ایک بڑی جماعت تیار کر کے آزاد علاقے میں بھیج دی جائے، جس سے سید صاحب کے شروع کئے ہوئے کام میں جوش و خروش کی نئی روح پیدا ہو جائے۔ اس اہم فرض کی بجا آوری کا شرف روزِ ازل سے مولوی سید نصیر الدین دہلوی کیلئے مقدر ہو چکا تھا، جنہوں نے سید صاحب کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے ملک کے مختلف حصوں کا دورہ کیا، دعوتِ جہاد سے ایک جماعت تیار کی اور سید صاحب کی طرح وطن، مالوف سے ہجرت کر کے کاروبارِ جہاد کی تجدید کا انتظام فرمایا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی صاحب کے حالات

مولوی سید نصیر الدین دہلوی حضرت سید ناصر الدین تھانیسری (۱) کی اولاد میں سے تھے اور شاہ رفیع الدین محدث دہلوی کے نواسے تھے۔ (۲) ننھالی رشتے کی وجہ سے دہلی ہی میں تربیت پائی لیکن ابتداء میں تحصیل علم کی طرف چنداں توجہ نہ تھی۔ خود فرماتے ہیں کہ شاہ اسحٰق (۳) کی صاحبزادی سے نکاح کیلئے والدہ نے درخواست کی مگر علوم سے بے التفاتی کے باعث درخواست منظور نہ ہوئی۔ اس واقعے نے مولوی سید نصیر الدین کے دل میں خاص جوش پیدا کر دیا اور اس ذوق وشوق سے پڑھنے لگے کہ تھوڑی ہی مدت میں ممتاز عالم بن گئے۔ شاہ اسحٰق نے یہ دیکھتے ہی صاحبزادی کا نکاح ان سے کر دیا۔ مولوی صاحب نے تکمیل علوم کیلئے پورب کا سفر کیا اور کلکتہ میں بھی خاصی دیر ٹھہرے رہے۔ جس زمانے میں سید صاحب ایک بڑے قافلے کے ساتھ بقصد حج کلکتہ پہنچے تھے، مولوی سید نصیر الدین وہیں مقیم تھے۔ ۱۲۴۰ھ میں شاہ اسحٰق وعظ فرماتے تھے تو مولوی نصیر الدین مدرسے کے دروازے پر فراہمی زر اعانت میں مصروف رہتے تھے۔ آخر آپ نے خود جہاد کا عزم کر لیا۔

دعوت وتبلیغ

حاجی سید عبدالرحیم سورتی ، مولوی بہاؤالدین چیناپٹنی (۴)، احمد سادہ کار، امام الدین سوزن ساز وغیرہ رفیقانِ خاص سے مشورہ کیا اور کہا کہ اپنے میں سے کسی ایک

(۱) بعض اصحاب نے انہیں سونی پتی لکھا ہے۔ دونوں مقاموں میں فصل خاصا ہے۔ اغلب ہے کہ وہ پہلے تھانیسر میں رہتے ہوں بعد ازاں سونی پت میں توطن اختیار کر لیا ہو۔

(۲) شاہ رفیع الدین کے پانچ بیٹے تھے اور ایک بیٹی۔ بیٹی کا نام امۃ اللہ تھا، مولوی سید نصیر الدین اسی کے بطن سے تھے۔

(۳) شاہ اسحٰق محمد افضل کے فرزند اور شاہ عبدالعزیز محدث (برادر شاہ رفیع الدین) کے نواسے تھے۔

(۴) چیناپٹن مدراس کا پرانا نام ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کو امیر بنالو۔ سب رفیقوں نے خود مولوی صاحب ہی کی امارت پر اتفاق کیا۔ اس کے بعد آپ نے ٹونک، اجمیر، میرٹھ، امروہہ، رام پور اور اطراف دہلی میں دعوت و تبلیغ کی غرض سے دورے کئے تاکہ مجاہدین کی ایک جماعت فراہم ہوجائے۔ اس سلسلے میں احیائے دین اور ردّ بدعات کا کام بھی انجام دیتے رہے۔ چھوٹے چھوٹے معاملات کے متعلق اختلافات مٹانے اور مسلمانوں کو اصل و اساساتِ دین پر متحد کرنے کا خاص اہتمام تھا۔ ایک موقع پر کسی نے کہا کہ مذہبی معاملات میں اختلاف نیا نہیں، یہ صحابہؓ کے زمانے میں بھی موجود تھا۔ سید نصیر الدین نے فرمایا کہ ہم اکابر کی لغزشوں کے اتباع پر مامور نہیں۔ بیشک صحابہؓ میں بہ اقتضائے بشریت اختلاف کی مثالیں بھی ملتی ہیں، لیکن ہمیں ان کے مکارم کی پیروی کرنی چاہئے۔

دوست محمد خاں سے نامہ و پیام کی تجویز

مولوی سید نصیر الدین کے مقاصد نہایت بلند، نظر دور رس اور طبیعت بہت سلجھی ہوئی تھی۔ وہ پرانے جھگڑوں میں الجھ کر وقت کے احوال و ظروف سے چشم پوشی نہ کر سکتے تھے۔ انہیں معلوم تھا کہ سید صاحب کے زمانے میں پشاور کے بارک زئی سرداروں کی پے در پے معاندت کے باعث ایک افسوسناک کشمکش پیدا ہوگئی تھی، جو حد درجہ رنج و افزا نتائج کا سرچشمہ بن گئی اور اس وجہ سے دوست خاں والیٔ کابل بھی جماعتِ مجاہدین کا حامی یا خیر خواہ نہ رہا۔ تاہم خود مولوی صاحب موصوف کے زمانے میں دوست محمد خاں ایک طرف سکھوں سے مصروف پیکار تھا، دوسری طرف انگریزوں کے اقدامات کی روک تھام میں قابل ستائش استقامت دکھا رہا تھا۔ لہٰذا انہیں دوست محمد خاں سے حلیفانہ تعلقات پیدا کرنے میں ایک لمحے کیلئے بھی تامل نہ ہوا۔ وہ زیادہ تر وقت دہلی کی اکبر آبادی مسجد میں گزارتے تھے، جہاں شاہ عبدالقادر محدث اور شاہ رفیع الدین محدث

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یکے بعد دیگرے درس دیتے رہے تھے، اور خود سید صاحب نے بھی تنظیم جہاد کا کاروبار اسی مسجد میں بیٹھ کر شروع کیا تھا۔

آسماں سجدہ کند بر سرِ خاکے کہ برو یک دو تن یک دو نفس بہر خدا بنشیند

چنانچہ مولوی سید نصیر الدین نے اسی مسجد میں رفیقوں سے مشورے کے بعد دوست محمد خاں کے پاس سفارت بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ اس کیلئے انتظامات بھی مکمل کر لئے۔ ابو احمد علی اور سید ابراہیم سورتی اس سفارت کیلئے تجویز ہوئے، لیکن اچانک سید عبد الرحیم سورتی اور سید عبد الرحیم بنگالی کے درمیان کسی معمولی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ بنگالی نے سورتی کا ہاتھ دانتوں سے دبا لیا۔ سورتی نے ہاتھ زور سے کھینچا تو بنگالی کا ایک دانت اکھڑ گیا اور بہت خون نکلا۔ (۱)

اس ناخوش گوار واقعے کی وجہ سے ارسالِ سفارت کی تجویز معرضِ التواء میں پڑ گئی، تاہم مولوی سید نصیر الدین میدانِ جہاد میں اتر آنے کے بعد امیر دوست محمد خاں کی جانب سے دفاعی کوششوں میں برابر معاون و مددگار رہے، جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔

عزمِ ہجرت

بہر حال مولوی صاحب جہاد کی نیت سے ہجرت کیلئے تیار ہو گئے۔ ان کی خواہش یہ تھی کہ ہجرت سے پیشتر ملک کے مختلف حصوں میں دورہ کریں اور زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کو معیت کیلئے تیار کر لیں۔ سید صاحب کے مقرر فرمائے ہوئے نقیب جا بجا دعوت و تبلیغ میں مصروف تھے۔ مثلاً مولانا ولایت علی عظیم آبادی، پہلے حیدر آباد میں کام کر رہے تھے، سید صاحب کی شہادت کے بعد اپنے وطن پہنچ گئے۔ ان کے بھائی مولانا

(۱) یہ حالات ابو احمد علی کے اس رسالے سے ماخوذ ہیں جو انھوں نے مولوی سید نصیر الدین کی مجاہدانہ سرگرمیوں کے متعلق مرتب کیا تھا، اور جس کا صرف ایک ناقص نسخہ مجھے مل سکا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عنایت علی مشرقی بنگال میں سرگرم عمل تھے۔ مولوی سید محمد علی رام پوری مدراس میں وعظ و نصیحت کے مراکز قائم کرنے کے بعد ملک کے دوسرے حصوں میں مشغول تھے۔ مولانا سید اولاد حسن قنوجی اپنے گرد و پیش یہی کام انجام دے رہے تھے۔ مولوی سید نصیر الدین غالباً چاہتے تھے کہ دعوت و تبلیغ کی ان مساعی میں تنظیم پیدا کر کے اندازہ فرمالیں کہ کل کتنی جمعیت کا انتظام ہو سکے گا اور آئندہ کیلئے مجاہدین کی آمد کا سلسلہ کس پیمانے پر جاری رہ سکے گا۔ نیز انکی خواہش تھی کہ جن حصوں میں منظم دعوت و تبلیغ کا انتظام نہیں ہوا، ان میں بھی گھوم پھر کر اجرائے کار کا بندوبست کر دیں۔ جب سوچا کہ اس طرح آغازِ جہاد میں بہت تاخیر ہو جائے گی تو یہی فیصلہ کیا کہ زیادہ تاخیر نہ روا رکھی جائے اور ظاہر ہے کہ جواں مردانہ میدانِ جہاد میں اتر آنا بجائے خود دعوت و تبلیغ کا ایک مؤثر پیغام تھا۔ اس سلسلے میں جو کچھ پہلے ہو چکا تھا اور ہو رہا تھا، اس میں لازماً زیادہ جوش و سرگرمی پیدا ہو جانے کے قوی امکانات موجود تھے۔

والدہ سے اجازت

مولوی صاحب کی والدہ ماجدہ زندہ تھیں، ان سے اجازت لینے کا مرحلہ طے نہ ہوا تھا۔ والدہ کی ایک تمنا یہ تھی کہ ماہ رمضان کے اندر جامع شاہ جہانی میں نماز ادا کریں۔ مولوی صاحب نے رمضان ۱۲۵۰ھ (جنوری ۱۸۳۵ء) میں ایک رات نمازِ تراویح کے بعد والدہ کی یہ تمنا پوری کر دی، اپنے ساتھ مسجد میں لے گئے اور انہوں نے باطمینان جتنی دیر تک نماز پڑھنی چاہی پڑھتی رہیں۔ اس خدمت سے وہ بہت خوش ہوئیں، اس وقت مولوی صاحب نے عرض کیا۔ قرآن مجید کا ارشاد ہے:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۝

ترجمہ: تم ہرگز حقیقی نیکی کو نہ پہنچو گے جب تک ان چیزوں میں سے خرچ نہ کرو،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جن سے تم کو پیار ہے۔

یہ آیت پڑھ کر کہا کہ آپکو مجھ سے بہت محبت ہے، میں خدا کی راہ میں جہاد کا آرزومند ہوں، آپ اس کارِ خیر کیلئے مجھے اجازت دیں اور مفارقت پر صبر وشکیب سے کام لیں۔ یہ سنتے ہی والدہ نے بخوشی اجازت دیدی۔ اس طرح مولوی صاحب کے راستے کی آخری رکاوٹ بھی دور ہوگئی اور وہ پورے اطمینان سے ہجرت کی تیاری میں مصروف ہوگئے۔

سامانِ سفر

مولوی صاحب نے بہت تھوڑی مدت میں سفر کا سامان تیار کرلیا، جس کی تفصیل ہمیں معلوم نہیں۔ صرف اتنا جانتے ہیں کہ موصوف کی اہلیہ نے فرش اور ظروف کے علاوہ اپنے کپڑوں کی ایک جوڑی پیش کی، نیز مندرجہ ذیل کتابیں ساتھ لیں: قرآن مجید، تفسیر جلالین، مشکوٰۃ، سنن ابی داؤد، حبل المتین، حجۃ اللہ البالغہ میں سے کتاب الاحسان۔

بعض رفیقوں نے عرض کیا کہ تفسیر بیضاوی بھی ساتھ لے لیجئے۔ فرمایا: ہم جس مقصد کے لئے یہ سفر اختیار کر رہے ہیں اس میں کتابوں کے مطالعے کی نوبت نہ آئیگی۔

۳ رذی الحجہ ۱۲۵۰ھ (۲ راپریل ۱۸۳۵ء) کو گھر بار، اہل وعیال اور اعزہ واحباب سے مفارقت اختیار کر کے عرب سرائے میں جا ٹھہرے، جو دہلی سے تقریباً چار میل پر ہے۔ مجاہدین کی مختصر سی جماعت ساتھ تھی۔

ہمارے ہاں لوگ عیدین کے موقع پر باہر سے گھروں میں آتے ہیں تاکہ شادمانی کی یہ تقریبیں عزیزوں اور دوستوں میں ادا کریں، لیکن جو حق پرست بزرگ اپنی زندگیاں اہم دینی کاموں کیلئے وقف کر چکے ہوں انہیں صرف ان کاموں سے پیار ہوتا ہے اور دنیا کی کوئی خوشی انہیں اپنی طرف متوجہ نہیں کرسکتی۔ مولوی سید نصیر الدین مزید چند روز کے لئے توقف فرما کر عید کی نماز وطن میں ادا کرسکتے تھے لیکن انہوں نے جس اہم فرض کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بجا آوری میں اپنی جان تک دیدینے کا عزم فرمالیا تھا، ان کے نزدیک زندگی کی ہر خوشی صرف اسی کی تکمیل پر موقوف رہ گئی تھی۔ چنانچہ وہ بے تکلف اٹھے اور قربِ عید چند روز کیلئے بھی ان کا عناں گیر نہ ہوسکا۔ راہِ رضا سہل نہیں، بہت کٹھن ہے لیکن مردانِ حق نے مشکلات کو یک قلم نظر انداز کرتے ہوئے ہمیشہ اسے بے پروایانہ طے کیا ہے، اور جب تک دنیا باقی ہے مردانِ حق کے اس شیوے میں فرق نہیں آسکتا۔ ان کے سازِ وجود کا ہر تار اس ترانے کے لئے وقف تھا۔

زندانیٔ غم باش کہ در شرعِ محبت صیدے کہ نہ شد کشتہ دریں بند حرام است

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

سفر ہجرت

راستے کا مسئلہ

ابو حمد کا بیان ہے کہ مولوی سید نصیر الدین لدھیانہ کے راستے سرحد پہنچنا چاہتے تھے، جہاں سید صاحب کے بقیۃ السیف رفقاء موجود تھے۔ گویا وہ دہلی سے پانی پت، کرنال، انبالہ، لدھیانہ، بہاول پور اور ڈیرہ غازی خاں کا راستہ اختیار کرنا چاہتے تھے(۱) لیکن تبلیغی دورے کے سلسلے میں ٹونک گئے تھے تو نواب وزیر الدولہ نے مولوی صاحب سے عہد لے لیا تھا کہ سرحد جاتے ہوئے ٹونک سے ہو کر جائیں، لہٰذا مجوزہ راستہ چھوڑ کر ٹونک، اجمیر اور راجپوتانہ کا راستہ اختیار کیا گیا۔

ہجرت

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے، مولوی صاحب ۳ ذی الحجہ ۱۲۵۰ھ کو گھر سے نکل کر عرب سرائے میں ٹھہر گئے تھے، جو اُنکے سفر ہجرت کی پہلی منزل تھی، اور وہاں تین دن مقیم رہے۔ یقینی طور پر معلوم نہیں کہ انکے ساتھ کتنے ارباب عزیمت تیار ہوئے، لیکن خیال ہے کہ انکی تعداد زیادہ نہ ہوگی۔ ہمیں صرف مندرجہ ذیل اصحاب کے نام معلوم ہو سکے:

شیخ محمد تقی الٰہ آبادی، حاجی سید عبد الرحیم سورتی، شیخ عبد الکریم شاہ جہان آبادی

(۱) رسالے میں مذکور ہے کہ مولوی سید نصیر الدین لدھیانہ اور لاہور کا راستہ اختیار کرنا چاہتے تھے۔ یہ راستہ اسی صورت میں اختیار کیا جا سکتا تھا کہ جماعت چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں بٹ جاتی اور تمام لوگ درویشیوں کے لباس میں سکھوں کی حکومت سے گذرتے۔ بصورت دیگر وہی راستہ اختیار کیا جا سکتا تھا جس کا ذکر میں نے متن میں کیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

(مؤذن جماعت)، سید عبد الرحیم بنگالی، شیخ رمضانی، شیخ عبد الکریم غازی پوری، شیخ عبداللہ گورکھپوری، شیخ عبداللہ خرد، انباز خاں ناگپوری، شیخ اللہ بخش الہ آبادی، شیخ کرم علی، شیخ واحد علی، سیّد واحد حسین، شیخ رجب علی، شیخ کریم بخش، سیّد وزیر علی (یہ چھ اصحاب حوالیٔ عظیم آباد کے باشندے تھے)، شیخ امجد علی بنگالی، رستم خاں شاہ جہان آبادی، شیخ قادر بخش صباغ شاہجہان پوری، سید محمد علی شاہ افغانستانی، سید افضل شاہ کاشمیری، محمد اسمٰعیل بھٹی، نور محمد پنجابی، مولوی ابراہیم اورنگ آبادی، کریم خاں بریلوی (یہ دونوں بزرگ بہت بوڑھے تھے)، شریعت اللہ سہارنپوری، محمد بنگالی، سید نوازش علی (از اولاد شیخ آدم بنوری)، میرزا احمد بیگ دکنی، شیخ حبیب اللہ پنجابی، شہباز خاں ساکن حوالیٔ دہلی، شمس الدین قصاب، سید ابو احمد علی، سید محمد اسحٰق (برادر کلاں ابو احمد علی)، میرزا شہاب الدین فرزند میرزا محمد حسن تیموری۔ مؤخر الذکر شہزادگانِ دہلی میں سے تھے اور انھوں نے چند آدمی اپنے ساتھ لے لئے تھے۔

نمازِ عیدِ اضحیٰ

۶ رذی الحجہ کو مولوی صاحب عرب سرائے سے روانہ ہوئے اور قطب صاحب میں حوضِ شمسی (۱) کے کنارے مسجد اولیاء کے متصل قیام کیا۔ ۷ رذی الحجہ کو چلے تو اسی دن یا ایک دن راستے میں قیام کرتے ہوئے ریواڑی پہنچ گئے، جہاں ایک باغ میں ٹھہرے۔

(۱) یہ حوض قطب صاحب کے قریب تھا اور سلطان شمس الدین التمش نے بنوایا تھا۔ اب اس کا صرف نشان باقی ہے۔ ابن بطوطہ کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دو میل چوڑا اور ایک میل لمبا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس حوض سے قطب صاحب کے جھرنے میں پانی جاتا تھا اور تغلقوں کے زمانے میں اس کا پانی تغلق آباد کی خندق میں پہنچتا تھا۔ مسجد اولیاء اس حوض کے مشرقی کنارے پر تھی، نشان اب بھی موجود ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ اور بعض دوسرے بزرگوں نے خود ٹوکریاں ڈھو ڈھو کر یہ مسجد بنائی تھی، نیز خواجہ صاحب اور حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ نے اس میں چلہ کشی کی تھی۔ اس وجہ سے مسجد اولیاء یا اولیاء مسجد کے نام سے مشہور ہوگئی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عیدِ اضحیٰ کی نماز اسی مقام پر ادا کی۔

ہم بتا چکے ہیں کہ بعض اوقات راہِ حق میں قدم رکھتے ہی شدید امتحانوں سے سابقہ پڑ جاتا ہے۔ اہل حق کیلئے یہ امتحان ازدیادِ ایمان واستقامت کا باعث ہوتے ہیں۔ گویا قدرت خود ایسا انتظام کر دیتی ہے کہ وہ لوگ سخت تر مشکلات کو صبر وسکون سے برداشت کر لینے کے اہل بن جائیں۔ مولوی صاحب کو بھی ابتدائی منازل ہی میں شدید امتحان سے دوچار ہونا پڑا، یعنی راستے کے خرچ کیلئے جو رقم ایک تھیلی میں محفوظ کر رکھی تھی، وہ گم ہو گئی۔

جے پور

ریواڑی سے ۱۵ ذی الحجہ کو روانہ ہوئے۔ گرمی کا موسم شروع ہو چکا تھا۔ پھر راجپوتانہ کا سفر، بڑی تکلیفیں پیش آئیں۔ جے پور پہنچ کر حکیم واصل خاں کے باغ میں ٹھہرے۔ رفیقوں میں سے سیّد ابو احمد علی کے بھائی سیّد محمد اسحٰق خاصے کمزور تھے اور کئی مزمن بیماریوں میں مبتلا چلے آتے تھے۔ ریگزار میں پیدل چلنے سے کمزوری بڑھ گئی۔ اس اثناء میں لو لگی۔ میرزا شہاب الدین کے ساتھ گاڑی تھی۔ انھوں نے اپنے پاس بٹھا لیا، لیکن جے پور پہنچنے کے دن سید صاحب فوت ہو گئے۔ جہاد کی نیت سے ہجرت اختیار کی تھی۔ اگرچہ میدانِ جہاد میں نہ پہنچ سکے، لیکن ہجرت اور جہاد دونوں کے ثواب سے شرف یاب ہوئے۔

جے پور میں باہر سے میت لانا ممنوع تھا۔ میرزا شہاب الدین حسن تدبیر سے ان کی میت واصل خاں کے باغ میں لے گئے۔ وہاں مرحوم کی تجہیز وتکفین ہوئی۔ مولوی سید نصیر الدین نے اس موقع پر نہایت پر تاثیر خطبہ دیا، جس میں فرمایا کہ سیّد اسحٰق نے خدا سے جو عہد کیا تھا، اسے پورا کر دکھایا۔ دعاء ہے کہ ہم سب کو اپنے عہد پورے کرنے کی توفیق ارزانی ہو۔ سیّد ابو احمد علی نے اپنے بھائی سیّد امیر الدین اور دوسرے احباب واعزہ کو جو خط بھیجا، اس میں لکھا:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بعد از سلام مسنون محبت مقرون واضح آنکہ بعد از ہجرت ازاں دار الحرب پراز کرب درجے پور رسید ودر آنجا واقعۂ ناگزیر اخی الاعظم مغفور ومرحوم پیش آمد۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔(۱)

ترجمہ: محبت بھرے سلام مسنون کے بعد واضح ہو کہ میں تکلیفوں سے لبریز دارالحرب کو ترک کر کے جے پور پہنچا اور وہاں بڑے بھائی مغفور و مرحوم کی وفات کا واقعہ پیش آیا۔ تحقیق ہم سب اللہ کے لئے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

ٹونک

جے پور سے آگے صرف ایک منزل کا نام معلوم ہے، یعنی نوائی، جو ٹونک کی سرحد کے قریب واقع ہے۔ مولوی سیّد نصیر الدین، سیّد وزیر علی، سید واحد حسین اور شیخ شریعت اللہ جے پور ہی میں بیمار ہو گئے تھے۔ سید ابو احمد علی ان سب کی تیمارداری کرتے رہے۔ غالباً بیماری ہی کے باعث وہاں ایک ہفتہ ٹھہرے رہے۔ نواب وزیر الدولہ کو پیغام بھیج دیا تھا۔ مولوی صاحب کی بیماری کا سن کر نواب ممدوح نے آپ کیلئے میانہ ارسال کر دیا اور راستے میں جگہ جگہ آدمی مقرر فرما دیے، جو مولوی صاحب کے متعلق پے در پے خبریں ٹونک پہنچاتے رہے۔ خود بناس ندی پر مولوی صاحب کا استقبال کیا۔ مصافحہ ومعانقہ کے بعد زین پوش بچھا کر دعائے صحت کی۔ مولوی سید نصیر الدین کی طرح نواب وزیر الدولہ بھی کثیر الدعاء اور کثیر البکاء تھے۔ ان کا مقررہ دستور یہ تھا کہ ہر کام کے آغاز اور انجام پر دعاء کرتے۔ بعض اوقات دربار میں بیٹھے بیٹھے کلاہ سر سے اتار کر دعاء کے لئے قبلہ رخ کھڑے ہو جاتے۔ درباریوں کو تاکید فرما رکھی تھی کہ ایسے موقع پر بہ اطمینان بیٹھے رہیں اور اعزاز کی غرض سے ہرگز کھڑے نہ ہوں۔ خاص طور پر قابل ذکر امر یہ ہے کہ زندگی میں کبھی دشمن کے لئے بھی دعائے بد نہ کی۔

(۱) ''اخبار مولوی سیّد نصیر الدین'' خلیفہ سیّد احمد صاحب۔ مخطوطہ ص:۲۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی صاحب نے پہلے روز عید گاہ کے باغ میں قیام کیا، دوسرے دن ان کے لئے منور خاں کا بنگلہ اور احاطہ تجویز ہوا، جہاں نواب ممدوح کے بھائی صاحبزادہ حافظ محمد جمال رہتے تھے۔

مہمان داری اور تحائف

نواب وزیر الدولہ نے مولوی سید نصیر الدین اور ان کے رفیقوں کی مہمان داری بڑے اعلیٰ پیمانے پر کی۔ ایک روز نظر باغ میں دعوت کا انتظام کیا، جس میں تمام صاحبزادے، اکابر ریاست، سید حمید الدین رائے بریلوی اور دوسرے اصحاب شریک تھے۔ سب نے دو صفیں باندھ لیں اور مولوی سید نصیر الدین سے باقاعدہ بیعت کی۔ اس موقع پر نواب وزیر الدولہ نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین ٹونک تشریف لائے تھے تو میں تحصیل علوم سے فارغ نہ ہوا تھا۔ آپ تشریف لے گئے۔ مجھے ہوش آیا تو اپنی محرومی پر حد درجہ افسوس ہوا۔ میں نے بہت سے درویشوں کو دیکھا، جو فیض سید صاحب سے پایا، وہ کسی دوسری جگہ سے حاصل نہ ہوا۔ مولوی سید نصیر الدین میں اسی فیض کا پرتو نظر آتا ہے۔

نواب صاحب نے اسلحہ مثلاً تلواروں، بندوقوں کے علاوہ اونٹ اور گھوڑے مولوی صاحب کی خدمت میں پیش کیے۔ ایک گھوڑا اتنا عمدہ تھا کہ ویسا کسی رئیس کے پاس نہ تھا۔ ایک گھوڑے کا نام ''خوش خرام'' تھا۔ تیسرا گھوڑا کمیت تھا جس کا نام ''پری'' تھا۔ دو گھوڑے سرنگ تھے۔ ایک سرخ، ایک مشکی اور ایک سبزہ رنگ۔ نواب کے رفیقوں میں سے محمد اکبر خاں نے ایک گھوڑا دیا۔ صالح محمد خاں نے دعوت کی تو ایک گھوڑا، ایک اونٹ، ایک یابو اور ایک تلوار پیش کی۔ ان کے ایک خدمت گار غلام جیلانی نے ایک یابو نذر کیا، نیز فرش، خیمے، بڑی جانمازیں، گھڑیال، ایک بڑی دیگ اور دوسرا سامان توشہ خانہ ریاست سے ملا۔ نواب نے تمام مجاہدوں کے لئے دستاروں، انگرکھوں، پاجاموں، کمربندوں اور پاپوشوں کا انتظام کر دیا، نیز کھانڈ اور املی کی بڑی مقدار ساتھ کر دی کہ کسی کو

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صفراوی بخار ہو تو دورانِ سفر میں اس کا علاج کیا جا سکے۔

یہ تفصیلات سید ابو احمد علی کے رسالے سے ماخوذ ہیں۔ وہ ایک خط میں لکھتے ہیں:

نواب معلّی القاب دین پرور، نیکو سیر، حامیٔ دینِ متینِ محمدیؐ، محی صراط مستقیمِ احمدیؐ نصر اللہ تعالیٰ بہ انواع تائیدات وتکریمات جماعت مہاجرین معامل شدو با سلاح وچار پایان سواری وبار برداری بہ وجہ نیکو دلجوئی وخدمت گزاری ایں جماعت باکرامت کردند۔ (۱)

ترجمہ: بلند لقب والے نواب نے جو دین کے خدمت گزار، نیک سیرت، دین محمدیؐ کے حامی، صراطِ مستقیم احمدیؐ کے زندہ کرنے والے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کا ناصر ہو، مختلف طریقوں سے جماعتِ مہاجرین کی تائید وتکریم فرمائی۔ ہتھیار دیے، سواری اور باربرداری کے لئے جانور مہیا کیے اور اس جماعت کی خدمت گزاری ودلجوئی احسن طریق پر فرمائی۔

اوکنلے کا بیان

اوکنلے کا ذریعۂ معلومات خدا جانے کیا تھا، وہ اپنے مقالے ''وہابی ہندوستان میں'' لکھتا ہے کہ مولوی نصیر الدین دہلی سے روانہ ہوئے تھے تو ان کے ساتھ تھوڑے سے آدمی تھے۔ ٹونک میں انھیں مجاہدین کی بڑی تعداد مل گئی۔ وہاں سے روپیہ بھی بہت ملا اور ہتھیار بھی۔ پھر وہ شکارپور چلے گئے۔ ان کا فیصلہ یہ تھا کہ مجاہدین خاصی تعداد میں جمع ہو جائیں تو سکھوں سے لڑیں۔ (۲)

یہ صحیح نہیں کہ مولوی سید نصیر الدین ابتدا ہی میں شکارپور چلے گئے تھے۔ اس مقالے میں بعض اور بھی غلط باتیں درج ہیں، تاہم اس میں شبہ نہیں کہ دہلی سے ان کی روانگی اور ٹونک سے امداد کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے، وہ فی الجملہ درست معلوم ہوتا ہے۔

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین، مخطوطہ ص: ۲۰ (۲) کلکتہ ریویو، بابت جولائی ۱۸۷۰ء، ص: ۱۸۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

مقامِ جہاد کا فیصلہ

مولوی صاحب کا عزم

مولوی سیّد نصیر الدین نے راہِ ہجرت میں قدم رکھا تھا تو ان کی خواہش یہ تھی کہ سید صاحب کے ان بقیۃ السیف رفقاء سے تعلق پیدا کریں جو سرحد آزاد میں مقیم تھے۔ اس سلسلے میں وہ امیر دوست محمد خاں کی حکومت کا تعاون بھی چاہتے تھے۔ اس وقت متعدد مقامات مختلف حیثیتوں سے موزوں نظر آتے تھے۔ مثلاً:

۱۔ مزاری اور لغاری بلوچوں کا وطن، جو سکھوں سے لڑ رہے تھے۔

۲۔ امیر دوست محمد خاں کا دائرۂ حکمرانی، جو ایک طرف سکھوں سے اور دوسری طرف انگریزوں سے برسرِ پیکار تھا۔

۳۔ سندھ، جہاں کے امیر اگرچہ انگریزوں سے معاہدہ کر چکے تھے، تاہم امکان تھا کہ انھیں تقویت پہنچا کر حقیقی دینی مقاصد پورے کرانے کا انتظام کیا جائے۔

لیکن ان مقامات پر معاملہ جہاد منحصر نہ تھا۔ مولوی صاحب کا فیصلہ یہ تھا کہ جہاں بھی ٹھہرنے کا بندوبست ہو جائے، وہ اپنی زندگی کلمۂ حق کی سربلندی میں قربان کر دیں۔ چنانچہ ایک خط میں لکھتے ہیں:

ہر چند مصمم و مضمر آں بود کہ از راہِ بہاول پور اوّلاً بہ جلال آباد و کابل متوجہ شود۔ اگر در آنجا مقرے و مستقرے برائے مہاجرین بدست آید فبہا و الّا ما کنّا نبغ و الّا الم تکن ارض اللّٰہ واسعۃ مطمحِ نظر ساختہ بہ محروسۂ از محروسات

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مسلماناں، بخارا باشد یا سمرقند، غزنی باشد یا نہاوند، کوہستان مزاریاں بود خواہ دیارِ پنجاتاریاں، جبالِ سندھیاں باشد یا کوہ ہائے لغاریاں، رسیدہ ومقرے برائے جماعت مہاجرین بدست آوردہ بہ توفیقات الٰہی وتائیدات لامتناہی تاجاں درتن وسر بر بدن باقیست، بہ ہمگی ہمت وجملگی نہمت مصروف ومبذول اعلاءِ کلمۃ اللہ العلیا شود۔(۱)

ترجمہ: اگر چہ ارادہ یہ تھا کہ بہاول پور کے راستے جلال آباد اور کابل جاؤں۔ اگر وہاں مہاجرین کے قیام کا انتظام ہو جائے تو یہی ہماری خواہش ہے، ورنہ ''کیا خدا کی زمین وسیع نہیں؟'' کو نصب العین بنا کر مسلمانوں کی کسی حکومت میں پہنچ جاؤں۔ بخارا ہو یا سمرقند، غزنی ہو یا نہاوند، مزاریوں کا کوہستان ہو یا پنجتاریوں کا علاقہ، سندھیوں کے پہاڑ ہوں یا لغاریوں کے، مہاجرین کے لئے جگہ کا بندوبست کرلوں۔ پھر خدا کی توفیق اور اس کی بے انتہا تائید سے جب تک تن میں جان اور بدن پر سر ہے، پوری ہمت اور کامل ارادے سے کلمۃ اللہ کی سربلندی میں مشغول رہوں۔

ٹونک میں مشورے

مولوی صاحب موصوف ٹونک پہنچے اور جائے قیام کے متعلق مشورے شروع ہوئے تو نواب وزیرالدولہ، سید حمید الدین (خواہرزادۂ سید صاحب) اور بعض دوسرے اکابر نے یہ رائے دی کہ سندھ کو مرکز جہاد بنانا چاہئے۔ سید حمید الدین سفر ہجرت میں سید صاحب کے ساتھ رہے تھے اور انھیں سندھ، بلوچستان، افغانستان اور سرحد کے حالات سے براہِ راست آگاہی حاصل ہو چکی تھی۔ انھوں نے یقیناً معاملے کے تمام پہلوؤں کا موازنہ کرتے ہوئے سندھ کے انتخاب پر زور دیا ہوگا اور ان کے دلائل کو پیش

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ، ص:۶۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نظر رکھتے ہوئے مولوی سید نصیر الدین نے یہی فیصلہ کیا کہ سندھ میں قیام کیا جائے۔ پھر غور وفکر کے بعد جہاں سے مناسب ہو، جہاد شروع کر دیا جائے۔

مولوی صاحب کا بیان

چنانچہ مولوی صاحب اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں:

بعد ردّ و بدل بسیار و تامّل و تدبّر بے شمار چناں مقرر شد کہ دیار سندھ منزل مقصودِ مہاجرین ثبت اللّٰہ اقدامھم گردد، و بعد رسیدنِ آنجا اگر اہلِ آں دیر دادِ انصاریت دادند..... وجائے برائے ثبات اقدام ایں جماعتِ فقراء مقرر کردند فھو المراد و لا ملکِ خدا تنگ نیست و پائے شمالنگ نیست۔ (۱)

ترجمہ: خاصے ردّ و بدل اور غور وفکر کے بعد فیصلہ ہوا کہ ولایت سندھ کو مہاجرین کی منزلِ مقصود قرار دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ انکے قدموں کو ثبات بخشے۔ وہاں پہنچنے کے بعد اگر اہل ملک نے تائید ونصرت کا حق ادا کیا اور فقیروں کی اس جماعت کے لئے کوئی جگہ مقرر کر دی تو یہی ہماری مراد ہے، ورنہ خدا کا ملک تنگ نہیں اور چلنے والا لنگڑا نہیں۔

سندھ کی ترجیح کے وجوہ

مشیروں نے سندھ کی ترجیح کے کئی پہلو پیش کیے۔ مثلاً یہ کہ وہاں پہنچنا آسان ہے۔ وہاں کے لوگ قول وقرار کے سچے ہیں۔ انھیں سیّد احمد شہید کے رفیقوں اور نیاز مندوں سے محبت ہے۔ مولوی صاحب نے اپنے ایک مکتوب میں ترجیح کی پانچ وجہیں بیان کی ہیں۔ فرماتے ہیں:

آنچہ در ترجیح وایثار ایں دیار بر کابل وجلال آباد و جبالِ یوسف زئیاں ومقام مہاجرین سابقین بیان کردند، از آں جملہ اوّل آسانیٔ راہ است و رسیدن

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ، ص: ۳۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قوافل ہندوستان بہ راحت و آرام، دوم درست پیمانیٔ اہل آں دیار، سوم محبت و اخلاص مسلمانانِ آنجا بہ اہل اللہ خصوصاً بہ منتسبان حضرت سیّد احمد صاحب.....
چہارم مخالفت وعدم ملایمت پنجا تاریاں و یوسف زئیاں و برادرانِ امیر دوست محمد خان غازی واتباع ایشاں با حضرت ایشاں۔ اگر چہ امیر ممدوح فی نفسہٖ و بہ ذاتِ خود از مخلصین و محبّین است۔ پنجم صعوبتِ راہ وشدائد گذرگاہ کابل وجلال آباد و جبالِ افاغنہ بہ سبب کریوہ ومغاک وراہزنیٔ دُزدان باک وحملداریٔ سکھانِ ناپاک۔(۱)

ترجمہ: کابل، جلال آباد، یوسف زئیوں کے پہاڑی علاقوں اور پہلے مہاجرین کے مقام پر سندھ کی ترجیح کے جو پہلو بیان کیے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ راستہ آسان ہے اور ہندوستان کے قافلے راحت و آرام سے یہاں پہنچ سکتے ہیں۔ دوم یہ کہ سندھ کے باشندے عہد و پیمان کے سچے ہیں، سوم یہ کہ یہاں کے مسلمانوں کو اللہ والوں سے محبت و اخلاص ہے، خصوصاً مسلمانوں کے سردار اور مجاہدوں کے امام حضرت سید احمد کے ساتھ تعلق رکھنے والوں سے۔ چہارم پنجتاری، یوسف زئی، امیر دوست محمد خاں کے بھائی اور ان کے ساتھی سید صاحب کے مخالف ہیں، اگر چہ خود امیر موصوف بڑے مخلص اور محب ہیں۔ پنجم کابل، جلال آباد اور افغانی کوہستان کے راستے ٹیلوں اور غاروں کے سبب سے بہت دشوار گزار ہیں۔ ان ریاستوں میں ڈاکوؤں کا بھی خطرہ ہے، سکھوں کی عملداری کے باعث ان سے گذرنا خالی از خوف نہیں۔

زراعت وتجارت کے امکانات

مولوی صاحب نے مختلف خطوں میں سندھ کی ترجیح کے چند اور پہلو بھی بیان کیے ہیں۔ مثلاً یہ کہ سندھ کی زمین کھیتی باڑی کیلئے بہت موزوں ہے اور بہت زیادہ ہے۔ اس

(۱) اخبار مولوی سیّد نصیر الدین مخطوطہ، ص:۶۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے مقابلے میں آبادی بہت کم ہے، نیز یہاں تجارت کیلئے بڑی گنجائش ہے اور اہل سندھ کو تجارت سے کوئی دلچسپی نہیں۔ سندھ کے باشندے نرم طبیعت کے ہیں اور ان کے مزاج میں درشتی بالکل نہیں۔ چنانچہ ایک خط میں فرماتے ہیں:

ایں ملک مسلمانان برائے ہجرت خوب است، خصوصاً کسانے کہ شوقِ زراعت دارند۔ زیرا کہ زمین ایں ملک ریگستان است، نہ سنگستان وزمین بسیار است ومرد ماں کم..... بہ خلاف ہندوستان کہ جائے تنگ است ومرد ماں بسیار۔(۱)

ترجمہ: مسلمانوں کا یہ ملک ہجرت کیلئے بہت موزوں ہے۔ خصوصاً ان لوگوں کیلئے جنھیں کھیتی باڑی کا شوق ہو، کیونکہ اس ملک کی سطح ریتلی ہے، پتھریلی نہیں۔ زمین بہت ہے اور آبادی کم۔ اس کے خلاف ہندوستان میں جگہ تنگ ہے اور آدمی بہت زیادہ۔

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

برائے ہجرت ایں ملک خوب است، خصوصاً برائے اہل زراعت، زیرا کہ زمین ارزاں بہ دست می آید وآبیاری آں از دریا می شود۔ بہ بارش چندیں حاجت ندارد۔(۲)

ترجمہ: یہ ملک ہجرت کیلئے بہت موزوں ہے، خصوصاً کھیتی باڑی کرنے والوں کیلئے، کیونکہ زمین سستی مل جاتی ہے۔ اس کی آبیاری دریا سے ہوتی ہے۔ بارش کی چنداں حاجت نہیں۔

ایک اور خط مظہر ہے:

برائے مہاجرت بھائی یعقوب صاحب ملک سندھ بسیار خوب است و دریں جا در مہاجرت ہر کہ ومہ را بسیار فوائد است۔ اگر خدا تعالیٰ استقامت عطا

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۲۲ (۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۲۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فرمایدومردمانِ سندھ امر تجارت نمی دانند و در محنت کشی بسیار چست اند۔(۱)

ترجمہ: یہ ملک بھائی یعقوب کی ہجرت کیلئے بہت اچھا ہے۔ یہاں چھوٹا بڑا جو بھی ہجرت کر کے آئے گا، بہت فائدے حاصل کرے گا۔ خدا تعالیٰ استقامت عطا کرے۔ سندھ کے لوگ تجارت کرنا نہیں جانتے، ویسے بڑے محنتی ہیں۔

ایک مکتوب میں اہل سندھ کے متعلق لکھتے ہیں:

مسلمانانِ سندھ لین الطّبع و مبرّا از خشونت مزاجی اند۔(۲)

ترجمہ: سندھ کے مسلمان طبیعت کے نرم ہیں اور ان کے مزاج درشتی سے بالکل پاک ہیں۔

سندھ میں قیام کیلئے کشش کا ایک باعث یہ بھی ہوا کہ اس زمانے میں ڈیرہ غازی خاں کے مزاری بلوچ سکھوں کے علاقوں پر یورشیں کر رہے تھے اور مولوی نصیر الدین کو اجمیر و جودھ پور میں یہ خبر مل گئی تھی۔ چنانچہ اسی وقت سے وہ مزاریوں کی طرف راغب ہو گئے۔(۳)

فیصلے کی حیثیت

مولوی صاحب نے واقفِ حال مشیروں کی پیش کردہ معلومات کے مطابق جو فیصلہ کیا، اس کی درستی میں کسی کو کلام نہیں ہو سکتا، لیکن معلومات جس زمانے میں حاصل کی گئی تھیں، وہ اور تھا اور مولوی نصیر الدین جس وقت سندھ پہنچے، صورت حال میں بہت بڑی تبدیلی ہو چکی تھی۔ مثلاً:

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۳

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۲۴

(۳) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۲۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۔ والیانِ سندھ بڑی حد تک انگریزوں کے دستِ نگر ہو گئے تھے۔ رنجیت سنگھ سندھ کی جانب پیش قدمی کر رہا تھا اور والیانِ سندھ کو امید نہ رہی تھی کہ انگریزوں کے سوا کوئی اُنھیں سکھوں کی دست بُرد سے بچا سکتا ہے۔

۲۔ اہل سندھ یقیناً اللہ والوں کے معتقد تھے، لیکن جن پیروں کو وہ اہل اللہ مانے بیٹھے تھے، ان میں سے کوئی بھی کسی بڑے مجاہدانہ اقدام کیلئے تیار نہ تھا، الّا ماشاء اللہ۔

۳۔ مزاری بلوچ بلاشبہ سکھوں سے برسرِ پیکار تھے، لیکن انکی تنظیم بہت ناقص تھی اور تھوڑی ہی مدت میں وہ مقابلہ چھوڑ کر سکھوں سے جا ملے، جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔

۴۔ سندھ میں زمین حاصل کر کے کھیتی باڑی یا تجارت بے شک شروع کی جا سکتی تھی، لیکن اس طرح سندھ کو اُس تصرف کے خطرے سے محفوظ نہ کیا جا سکتا تھا، جس میں یہ کم نصیب ملک مبتلا ہو چکا تھا۔

مولوی سید نصیر الدین نے خاصی مدّت جد وجہد میں بسر کی، لیکن انھیں کوئی بڑا کارنامہ انجام دینے کا موقع نہ مل سکا۔ تفصیلات کیلئے آئندہ ابواب ملاحظہ فرمائیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

ٹونک سے سندھ

اجمیر و جودھ پور

ٹونک سے روانہ ہو کر مولوی صاحب نے اجمیر میں قیام کیا۔ وہاں سیّد احمد شہید کے نیاز مند موجود تھے۔ انھوں نے قافلۂ مجاہدین کی خاطر داری میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا ہوگا، لیکن حالات کا جو قلمی ذخیرہ ہمارے سامنے ہے، اس میں قیامِ اجمیر کی تفصیلات موجود نہیں۔ صرف یہ مرقوم ہے کہ ٹونک سے:

بہ صورتِ رسالہ از رسالہ جاتِ سواراں روانہ بہ دار الخیر اجمیر شد۔

ترجمہ: سواروں کے رسالے کی صورت میں دار الخیر اجمیر کی طرف روانہ ہوا۔

جودھ پور میں مشکلات

اجمیر میں چند روز ٹھہرنے کے بعد خیر پور سندھ کا قصد کر لیا۔ سیدھا راستہ جودھ پور سے ہو کر جاتا تھا، لہٰذا اس مقام پر بھی ٹھہرے۔ وہاں ابتدائے قیام میں بڑی مشکلات پیش آئیں۔ مثلاً:

۱۔ راجا نے دروازہ ہائے شہر کے پاسبانوں کو حکم دے دیا تھا کہ مجاہدین کے قافلے کا کوئی آدمی اندر نہ آنے پائے۔

۲۔ اس حکم کا نتیجہ محض یہی نہ نکلا کہ اہلِ قافلہ شہر میں داخلے سے محروم ہو گئے، بلکہ شہر کے مخلص مسلمان بھی اس خیال سے ملنے کیلئے نہ آ سکے کہ یہ امر راجا کی ناراضی کا باعث

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوگا۔

۳۔ تیسری اور سب سے بڑی مصیبت یہ پیش آئی کہ بعض ساتھیوں نے ہتھیار اور سامان لے کر بھاگ جانے کا فیصلہ کرلیا۔ مولوی سیّد نصیر الدین نے معمول کے مطابق دو رکعت نماز ادا کر کے عجز و زاری سے بارگاہِ باری تعالیٰ میں دعاء کی کہ میرا تو بھروسہ صرف تجھ پر ہے۔ تیرے فضل کے یقین پر، تیری رضا کیلئے گھر بار چھوڑا ہے کہ دین کی نصرت کا کام انجام پائے۔ میں گنہگار ہوں۔ میرے گناہوں سے درگذر کر۔ اپنی رحمت پر نظر رکھ۔ تیرے سوا کس کے آگے ہاتھ پھیلاؤں؟

اس دعاء کے بعد مخالفین کا فتنہ دب گیا اور وہ لوگ قافلے کو چھوڑ کر چلے گئے۔

اطمینان کی صورت

معلوم ہوتا ہے کہ چند روز کے بعد یہ مشکلات ختم ہوگئیں۔ اس سلسلے میں خواجہ الماس نام ایک شخص کی اعانت بہت مؤثر ثابت ہوئی۔ اسے دربارِ جودھ پور میں خاصا رسوخ حاصل تھا۔ مولوی سیّد نصیر الدین اسے ''مردِ سعادت مند'' و ''صلح دوست'' بتاتے ہیں۔ اس نے شہر میں داخلے کی بندش کا حکم منسوخ کرادیا۔ بعد ازاں اہل شہر سے میل جول کی صورت بھی پیدا ہوگئی۔ خود خواجہ الماس نے دو بیش قیمت، خوش شکل اور تیز رفتار اونٹ مولوی صاحب کی خدمت میں بہ طور نذر پیش کیے، نیز ایک قیمتی تلوار، بہت بڑی ڈھال اور دو سو روپے گزرانے۔ امید ہے کہ دوسرے مسلمانوں نے بھی حسبِ استطاعت نذریں پیش کی ہوں گی۔

جیسلمیر

جودھ پور کے بعد جیسلمیر میں قیام کا ذکر ہے، جہاں قافلہ دس روز کے قریب ٹھہرا رہا۔ وہاں کا راجا حسن سلوک سے پیش آیا۔ اس نے شہر کے اندر دو بڑی حویلیاں قافلے کیلئے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خالی کرادیں اور مہمانداری کے سامان میں بڑی سرگرمی دکھائی۔ مولوی صاحب لکھتے ہیں کہ جیسلمیر میں چار مسجدیں تھیں۔ ان میں سے صرف ایک مسجد میں اذان کہنے کی اجازت تھی، جو قندھاریوں کے محلے میں واقع تھی۔ باقی کسی مسجد میں اذان نہ ہوتی تھی، لیکن:

مردمانِ جماعت ہر جاہ کہ می خواستند، اذان می دادند و نماز می خواندند حتی کہ یک تالاب کلاں در جیسلمیر است کہ گردِ آں بت خانہ ہائے سنگین تعمیر شدہ یک مکان سنگین درمیان تالاب واقع است۔ مردمانِ جماعت بر آں اذان دادہ نماز می خواندند و تمام کافراں را بسیار شاق معلوم می شد، لیکن از ہیبتے دم نمی زدند بلکہ روزے راجا برائے سیر تالاب در معبدِ خود رفتہ رو بروئے او مردمانِ ایں جماعت اذان دادہ نماز خواندند۔ بسیار دید لیکن ہیچ نہ گفت۔ (۱)

ترجمہ: ہماری جماعت کے آدمی جس جگہ چاہتے، اذان دیتے اور نماز ادا کرتے۔ جیسلمیر میں ایک بڑا تالاب ہے، جس کے اردگرد پتھر کا ایک مکان تالاب کے عین درمیان واقع ہے۔ ہماری جماعت کے لوگ اس میں بھی اذان دے کر نماز پڑھتے۔ غیر مسلموں کو یہ امر بہت شاق گذرتا لیکن ہیبتِ حق کے باعث دم نہ مارتے۔ ایک روز راجا تالاب کی سیر کیلئے اپنے عبادت خانے میں آیا۔ اس کے روبرو بھی ہماری جماعت کے لوگوں نے اذان دے کر نماز پڑھی۔ وہ دیکھتا رہا اور کچھ نہ کہا۔

ایک اور خط میں ان تمام باتوں کا ذکر کر کے لکھتے ہیں کہ ہماری جماعت کے آدمی فجر سے عشاء تک ان بت خانوں میں رہتے اور سوتے جو تالاب کے اردگرد بنے ہوئے تھے۔ نماز کے وقت بلند آواز سے اذان کہتے تو بت خانوں میں گھنٹے بجنے لگتے۔ غیر مسلموں میں سے چند لوگ چند مجاہدوں کو لے کر ان بت خانوں کے بڑے برہمن کے پاس پہنچے۔ مجاہدوں نے کلماتِ اذان کے معنی بیان کیے تو اس نے کہا کہ یہ خدائے بزرگ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۵و۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کی تعظیم کے کلمے ہیں، ان کے اوقات میں گھنٹے نہ بجانے چاہئیں۔(۱)

منشی امام علی

اس نے زمانے میں منشی امام علی نام ایک صاحب حکومت انگلشیہ کی جانب سے جیسلمیر میں اخبار نویسی پر مامور تھے۔انھوں نے مجاہدوں کی خاطر کا خاص اہتمام کیا۔ راجے کے دل میں بھی منشی صاحب کی بڑی قدر ومنزلت تھی اور شہر کے لوگ بھی ان سے بہت ڈرتے تھے۔مجاہدین کو جیسلمیر میں جو سہولت وآسائش نصیب ہوئی، اس میں منشی صاحب کے اثر ورسوخ کو خاص دخل ہے۔

مولوی صاحب نے جیسلمیر سے روانگی کا قصد کیا تو کرایے کے اونٹ ملنے میں بڑی دقت پیش آئی۔انھیں خیال تھا کہ منشی صاحب کی سعی سے اونٹ میسّر آجائیں گے، لیکن یہ سعی بے نتیجہ رہی۔مولوی صاحب فرماتے ہیں:

> چونکہ ایں چنیں خیال از طرف غیر خدا کردہ بودم، ہر چند منشی موصوف در کرایہ کردن شتراں بسیار قصد کرد لیکن شترانِ کرایہ میسّر نہ شدند۔(۲)
>
> ترجمہ: منشی صاحب نے کرایے کے اونٹ حاصل کرنے میں بہت کوشش کی اور میں دوگنا کرایہ دینے کے لیے تیار ہوگیا، لیکن میرا یہ خیال چونکہ غیر خدا کی طرف تھا، لہٰذا کرایے کے اونٹ میسّر نہ آئے۔

باربرداری کی دِقت

مجبور ہوکر اپنے ہی اونٹوں پر سامان لاد لیا۔پھر ایک اونٹ والا خود بخود آگیا۔جتنا کرایہ میں اسے پہلے دیتا تھا، اس سے نصف لیکر راضی ہوگیا۔اس طرح جماعتِ مجاہدین نے جیسلمیر سے خیر پور کی طرف بیس کوس کا راستہ تین روز میں بہ ہزار خرابی طے کیا۔بوجھ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۴۲ (۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کی زیادتی کے باعث اونٹ زخمی ہو گئے۔ وہاں ایک شخص ملا، جو سیّد احمد شہید کے عقیدت مندوں میں سے تھا۔ اس نے کہا کہ میں خدمت کیلئے تیار ہوں اور کرایے کے پانچ اونٹوں کا بندوبست کر بھی دیا۔ پانچ روپے بیعانہ بھی لے گیا، لیکن روانگی کے وقت اونٹوں والوں نے انکار کر دیا اور بیعانہ واپس کر گئے۔

خدا ساز سامان

آخر مولوی صاحب نے خود اونٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ چنانچہ وہ چند آدمیوں کو ساتھ لے کر گھوڑے پر سوار ہوئے اور ایک گاؤں میں پہنچ گئے۔ آدمیوں کو تاکید کر دی کہ خبردار کوئی کسی سے کرایے کے اونٹوں کی بات نہ کرے۔ اس گاؤں کا چودھری بیمار تھا۔ لوگوں نے دودھ، چھاچھ اور پراٹھوں سے مولوی صاحب اور انکے ساتھیوں کی تواضع کی اور بیمار کے لئے تعویذ مانگا۔ مولوی صاحب نے قلم دوات لے کر تعویذ لکھ دیا اور بیمار کے بھتیجے کو ایک طرف لے جا کر کہا کہ شافیٔ مطلق بیمار کو شفا دیدے تو ہمیں کیا ملے گا؟ اس نے کہا، جو فرمائیں، حاضر کر دوں گا۔ مولوی صاحب نے کہا کہ میری دو شرطیں ہیں: ایک یہ کہ ایک تیز رفتار اونٹ مجھے دیا جائے۔ دوسری یہ کہ ہمیں فی الحال بار برداری کیلئے اونٹ درکار ہیں، جو کرایہ مناسب ہو، لے لیں اور اونٹوں کا انتظام کر دیں۔ خدا نے اپنی رحمت سے مریض کو شفا دی۔ اس طرح اونٹوں کے انتظام کی صورت بنی۔

سرحدِ سندھ

سفر کرتے ہوئے **مولوی صاحب** سرحدِ سندھ پر اس جگہ پہنچے، جہاں کٹھارو کا قلعہ واقع تھا۔ اہل قلعہ نے انھیں قزاقوں کی جماعت سمجھ لیا اور گولیاں چلانے لگے۔ جب انھیں حقیقتِ حال بتائی گئی تو بولے، پہلے اونٹوں اور گھوڑوں کا محصول دو، پھر داخلے کی اجازت دی جائے گی۔ اور اسی وقت پانی کنوئیں سے نکالنے کا حق حاصل ہوگا۔ آگے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خیر پور تک چوبیس کوس کی منزل تھی، جہاں کہیں پانی نہ ملتا تھا۔ محصول کا حساب پوچھا گیا تو انھوں نے بتایا کہ چالیس روپے سے کم نہ ہوگا۔

مولوی صاحب نے کہا کہ ہم تین آدمیوں کو میر رستم فرمانروائے خیر پور کے پاس معافیٔ راہ کا پروانہ حاصل کرنے کی غرض سے بھیج چکے ہیں۔ ہم سے محصول نہ لیجئے، البتہ ایک بندوق آپ کے پاس بہ طور امانت چھوڑ دیتے ہیں۔ اگر میر صاحب کی طرف سے معافی کا پروانہ آ گیا تو ہماری بندوق واپس بھیج دیجئے، ورنہ ہم رقم ادا کر کے بندوق لے جائیں گے۔ چنانچہ حاجی عبدالرحیم کو ایک بندوق دیکر قلعے میں بھیج دیا گیا۔ جماعت میں سے وہی سندھی زبان جانتے تھے۔ پھر قلعہ دار نے خود مولوی صاحب کو بلا لیا۔ بڑی عزت سے پیش آیا۔ بندوق واپس کر دی اور اپنے بیل لگا کر کنوئیں سے پانی نکلوایا۔ رخصت کے وقت مولوی صاحب کے جوتے سیدھے کیے۔ اس طرح مولوی صاحب منزل بہ منزل خیر پور ہوتے ہوئے پیر کوٹ پہنچ گئے۔ جہاں سیّد احمد شہید کے اہل وعیال مقیم تھے۔ اس وقت سیّد عبدالرحمٰن (خواہرزادۂ سیّد صاحب) حیدر آباد گئے ہوئے تھے۔ مردوں میں سے صرف سید اسماعیل (برادرزادۂ سیّد صاحب) موجود تھے۔

جماعت اور اس کا سروسامان

مولوی صاحب نے پیر کوٹ پہنچنے کے بعد جماعت اور سروسامان کی کیفیت ان لفظوں میں بیان کی ہے:

> فی الحال دہ راس اسپانِ کلاں کہ چہار از آں بیش قیمت و کم یاب است و دو راس یابونا نگھن صورت و دو راس یا بو متوسط الحال و یک مادیاں و سیزدہ راس اشتراں و یک ناقہ نزدایں جماعت موجود اند و دو کم پنجاہ تن از مہاجرین ہمدم و ہم قدم۔(۱)

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۳۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: اس وقت ہمارے پاس دس بڑے گھوڑے ہیں، جن میں سے چار بہت قیمتی اور کم یاب ہیں۔ دو چھوٹے قد کے ٹٹو، دو درمیانے قد کے ٹٹو، ایک گھوڑی، تیرہ اونٹ اور ایک سانڈنی ہے۔ اڑتالیس مہاجرین ساتھی اور رفیق۔

ظاہر ہے کہ جو عظیم الشان کام مولوی صاحب کے پیش نظر تھا، اسے انجام دینے کے لئے یہ سروسامان اور یہ رفیق کچھ حیثیت نہ رکھتے تھے، لیکن اس سلسلے میں دو حقیقتیں ہر لحظہ سامنے رہنی چاہئیں: اوّل یہ محض ہراول دستہ تھا۔ مولوی صاحب کو امید تھی کہ ہندوستان سے بھی لوگ کثیر تعداد میں پہنچیں گے اور سندھ سے بھی ہزاروں جانباز ساتھ ہو جائیں گے۔ دوم اصل معاملہ احساس ادائے فرض پر موقوف تھا۔ اگر باقی مسلمان اس احساس سے بہرہ مند نہ ہو سکے یا بہرہ مندی کا کوئی عملی ثبوت انھوں نے پیش نہ کیا تو نہ اس بنا پر مولوی صاحب یا ان کے رفیقوں کیلئے خاموش بیٹھے رہنا مناسب تھا اور نہ ادائے فرض کی یہ صورت تھی کہ جب تک بہت بڑا لشکر تیار نہ ہو جاتا، مولوی صاحب یا ان کے رفیق گھروں میں بیٹھے رہتے۔ اس پہلو پر ''سید احمد شہید'' میں مفصل بحث ہو چکی ہے، جس کے اعادے کی ضرورت نہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

سندھ میں سرگرمیاں

پیر کوٹ

پیر کوٹ جس کا سندھی نام "پیر جو گوٹھ" تھا۔ سادات کے اس خاندان کا مرکز چلا آتا ہے جو "پیر پگاڑو" کے لقب سے شہرت پذیر ہوا۔ یہ روہڑی سے پندرہ سولہ میل جنوب میں اور خیر پور سے کوئی آٹھ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ ہم "سیّد احمد شہید" میں بتا چکے ہیں کہ اصل پیر کوٹ دریا کی دست برد میں آ گیا۔ اس نام کا موجودہ مقام پہلے مقام سے تقریباً پانچ میل مشرق میں آباد کیا گیا۔

سیّد صاحب کے زمانے میں پیر صبغۃ اللہ شاہ مسند نشین ارشاد و ہدایت تھے۔ انھوں نے سیّد صاحب سے کامل تعاون کا عہد کیا تھا اور اس کے ایفاء میں برابر سرگرم رہے۔ سیّد صاحب کی شہادت سے چند سال بعد وفات پائی۔

حرُوں کا نظام

پیر صبغۃ اللہ شاہ ہی نے اپنے مریدوں میں جہاد کی تحریک جاری کی تھی۔ پیر صاحب گدّی پر بیٹھے تو ان کے بعض بھائیوں نے مخالفانہ سرگرمیاں شروع کر دیں اور اس سلسلے میں پیر صاحب پر قاتلانہ حملے بھی ہوئے۔ لہٰذا ان کے مریدوں نے حفاظت کیلئے ایک جماعت بنالی، جو حرُوں کے نام سے مشہور ہوئی۔ پیر صاحب نے ارادہ کر لیا کہ اس نظام کو وسعت دے کر سندھ کو اجنبیوں اور غیروں کی دست بُرد سے بچایا جائے اور ممکن ہو تو اس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نظام سے وسیع تر دائرے میں کام لیا جائے۔ اس موقع پر سید صاحب بہ عزمِ جہاد سرحد جاتے ہوئے سندھ پہنچے تو پیر صبغۃ اللہ شاہ نے اشتراکِ مقاصد کی بنا پر سیّد صاحب سے تعاون کا فیصلہ کر لیا۔ حرّوں کا نظام برابر قائم رہا اور اب تک قائم ہے۔

موجودہ پیر صاحب کے والدِ ماجد پیر صبغۃ اللہ شاہ ثانی نے بھی اس جماعت سے سیاسی کام لینے کی تیاریاں کی تھیں، لیکن ایسے حالات پیش آ گئے کی حکومتِ انگلشیہ نے انھیں گرفتار کر لیا۔ ان پر مقدّمہ چلایا اور موت کی سزا دیدی۔ پیر صاحب کے مرکز کی اینٹ سے اینٹ بجادی اور مسند ہی کو ختم کر دینے کا فیصلہ کر لیا۔ پاکستان بن جانے بعد مسند بحال ہوئی اور پیر صبغۃ اللہ شاہ ثانی کے فرزند ارجمند پیر سکندر شاہ، شاہ مردانِ ثانی کے لقب سے زینت آرائے مسند ہوئے۔

سیّد احمد شہید کے اہل وعیال

سیّد احمد شہید پیر صبغۃ اللہ شاہ اول کے جذبۂ اسلامیت سے اس درجہ متاثر ہوئے تھے کہ اپنے اہل وعیال کے قیام کیلئے پیر کوٹ ہی کا مقام تجویز کیا، حالانکہ نواب امیر خاں والیٔ ٹونک اور امیرانِ سندھ بھی انکے قیام کیلئے مناسب بندوبست کر دینے پر ہمہ تن آمادہ تھے اور نظر بہ ظاہر پیر صبغۃ اللہ شاہ کے مقابلے میں ان والیانِ ریاست کے وسائل بہت زیادہ تھے، لیکن سیّد صاحب نے جذبۂ اسلامیت کو فراوانیٔ وسائل پر ترجیح دی۔ چنانچہ آپکے اہل وعیال واقعۂ بالاکوٹ کے بعد بھی کئی سال تک پیر کوٹ ہی میں مقیم رہے۔ مولوی سید نصیر الدین نے اسی تعلق کی بنا پر سندھ میں پیر کوٹ کو اپنی پہلی منزل قرار دیا تھا۔

پیر علی گوہر شاہ

مولوی صاحب پیر کوٹ پہنچے تھے تو پیر صبغۃ اللہ شاہ اوّل کے فرزند پیر علی گوہر شاہ مسند نشین تھے، لیکن وہ اس زمانے میں کچھ کی طرف دورے پر گئے ہوئے تھے۔ چنانچہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی صاحب ابتدائی خطوں میں سے ایک میں لکھتے ہیں کہ:

پیر صاحب بہ طرف گجھ برائے دورہ سیر رفتہ اند۔(۱)

دوسرے میں فرماتے ہیں کہ وہ سورت واحمد آباد کی طرف گئے ہوئے ہیں۔ سندھ کے سب سے بڑے پیر یہی تھے۔ مولوی صاحب کو اُمید تھی کہ ان کے مریدوں میں سے جانبازوں کی بہت بڑی تعداد جہاد میں ہمراہی کے لئے تیار ہو جائیگی۔

نادرالوجود کتب خانہ

پیر کوٹ کا کتب خانہ ہر لحاظ سے نادر سمجھا جاتا تھا۔ خصوصاً مخطوطات کے ایسے بیش بہا ذخیرے کی مثالیں بہت کم ملتی ہیں۔ افسوس کہ یہ پیر صبغۃ اللہ شاہ ثانی کی گرفتاری کے بعد حکومت انگلشیہ کے ہاتھوں تباہ ہوا۔ مولوی صاحب کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتب خانے میں قرآن مجید کا ایک ایسا مترجم نسخہ موجود تھا جس کے حاشیے پر چار تفسیریں تمام وکمال درج تھیں۔ اول تفسیر نیشاپوری، دوم بیضاوی، سوم مدارک، چہارم کشاف۔ ان کے علاوہ تفسیر کشاف، تفسیر کبیر، تفسیر نیشاپوری، تفسیر مقدسی، تفسیر قرطبی، تفسیر قشیری، درّ منثور وغیرہ بہت سی تفسیریں الگ الگ موجود تھیں۔ حدیث میں صحاحِ ستہ کے علاوہ مشکوٰۃ، روضۃ الصالحین، سنن بیہقی۔ حدیث کی شرحوں میں عینی، فتح الباری، قسطلانی اور کرمانی۔ فقہ میں زیلعی تمام وکمال، بحر الرائق، فتح القدیر، حموی شرح اشباہ ونظائر۔

یہ صرف بعض مذہبی کتابوں کا ذکر ہے، لیکن معلوم ہے کہ اس کتب خانے میں شعر و ادب اور تاریخ کی کتابیں بھی بے شمار تھیں۔ بارہ چودہ سال پیشتر سیّد حمید الدین (خواہر زادۂ سید صاحب) نے یہ کتب خانہ دیکھا تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ صرف مشہور کتابوں کی پندرہ ہزار جلدیں اس میں ہیں۔ ان میں فارسی دیوانوں کے تقریباً ایک سو مطلا نسخے تھے

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۱۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اور پینسٹھ جلدیں تفسیروں کی تھیں۔ ''شاہنامہ'' کے پانچ نسخے نہایت عمدہ تصویروں سے مزین تھے۔ احیاء العلوم اور فتوحاتِ مکیہ کے کئی کئی نسخے موجود تھے۔

مولوی صاحب کی سرگرمیاں

مولوی صاحب نے سندھ پہنچتے ہی پیش نظر مقاصد کیلئے جدو جہد شروع کر دی۔ انھیں بعض اکابر کے حالات سیّد حمید الدین سے ٹونک میں معلوم ہو چکے تھے۔ بعض کے حالات انھوں نے سندھ پہنچ کر معلوم کر لیے اور یکے بعد دیگرے ان سب سے ملاقاتیں شروع کر دیں تا کہ آغازِ جہاد کے متعلق اپنی سوچی سمجھی ہوئی اسکیم انکے سامنے پیش کریں اور ان کی معلومات سے فائدہ اٹھا کر آخری اقدام کے باب میں فیصلہ کر لیں۔ اس سلسلے میں یہ بھی مطلوب تھا کہ دریافت کریں کہ ان اکابر سے کس قدر مالی یا جانی امداد کی توقع ہو سکتی ہے۔ چنانچہ انھوں نے سیّد صاحب کے برادر زادے سیّد اسمٰعیل کو ساتھ لے کر مختلف مقامات کے دورے شروع کر دیے۔

مخدوم عبدالخالق

مخدوم عبدالخالق ساکن کھڑہ کو خاص شہرت حاصل تھی۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں:

> در اتباعِ شریعت وحمیتِ اسلام مشہور بودہ اند..... در حکومت میر رستم فتوائے ایشاں جاریست وسید حمید الدین برائے ملاقات شاں در ٹونک وصیّت کردہ بودند واز آوازۂ دین داریٔ شاں ایں نیاز مند درگاہِ الٰہی بسیار برائے ملاقاتِ شاں مشتاق بود۔ (۱)

(۱) اخبار سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۱۰۔ مخدوم عبدالخالق ۱۲۳۲ھ (۱۸۱۷ء) میں سجادہ نشین ہوئے اور ۱۲۶۸ھ (۱۸۵۲ء) میں وفات پائی۔ یہ مخدوم محمد عاقل کے صاحبزادے تھے۔ ان کے بعد خاندان میں دستور مقرر ہو گیا کہ ایک سجادہ نشین کا نام محمد عاقل ہوگا تو دوسرے کا عبدالخالق۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: شریعت کی پابندی اور اسلامی حمیت میں بہت مشہور ہیں۔ میر رستم والیٔ خیر پور کی حکومت میں انھیں کا فتویٰ جاری ہے۔ سیّد حمید الدین نے ٹونک میں ان سے ملاقات کیلئے تاکید فرمائی تھی اور مخدوم کے دین داری کے شہرے کی وجہ سے میں ملاقات کا بے حد شائق تھا۔

کھڑہ پیر کوٹ سے دس بارہ کوس تھا۔ چنانچہ مولوی صاحب سیّد اسمٰعیل کے ساتھ وہاں گئے۔ مخدوم صاحب بڑی خاطر داری سے پیش آئے۔ جہاد میں شرکت کا اقرار کیا۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ ابتداءً اُن سے عربی میں باتیں ہوئیں، بعد ازاں فارسی میں۔ وہیں ان کے برادرِ نسبتی مولوی محمد شفیع مل گئے، جو کئی حج کر چکے تھے اور شیخ عبداللہ سراج کے تلامذہ میں شمار ہوتے تھے۔ وہ جہاد کیلئے مخدوم صاحب سے بھی زیادہ سرگرم معلوم ہوتے تھے۔ ابتدائی ملاقات ہی میں اس درجہ گھل مل گئے گویا مدّت مدید سے محبت واخلاص کے تعلقات جاری تھے۔

مخدوم صاحب کی ملاقات سے مولوی سیّد نصیر الدین نے یہ اثر قبول کیا کہ جہاد شروع ہوتے ہی موصوف اپنے ہزاروں مریدوں کو ساتھ لے کر شریک ہو جائیں گے۔

سیّد ابرہیم شاہ

کھڑہ سے تقریباً ایک سو کوس گمبٹ میں سیّد ابرہیم شاہ رہتے تھے، جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد میں سے تھے۔ انھیں بھی بہت شہرت حاصل تھی۔ چنانچہ مولوی صاحب گمبٹ بھی پہنچے، لیکن دِقت یہ پیش آئی کہ سید ابراہیم شاہ نہ فارسی جانتے تھے نہ ہندی اور نہ عربی، صرف سندھی میں بات چیت کر سکتے تھے اور سندھی سے مولوی صاحب ناواقف تھے۔ سید اسمٰعیل کو سندھی میں ایسی مہارت حاصل نہ تھی کہ پیش نظر مسائل کے سلسلے میں ترجمانی کا حق ادا کر سکتے، حسنِ اتفاق سے ایک مقامی عالم قاضی عبدالجلیل مل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گئے، جنھیں مولوی صاحب اپنے مطالب فارسی میں بتاتے اور وہ سندھی میں سید ابراہیم شاہ کو سمجھا دیتے۔ سید موصوف نے آخر میں فرمایا کہ جو کچھ آپ کہتے ہیں، اسکی بجا آوری میں تامل نہ ہوگا اور دو روپے بہ طور نذر مولوی صاحب کی خدمت میں پیش کیے۔(۱)

امر بالمعروف

مولوی سید نصیر الدین کی اس خصوصیت کا ذکر ضروری ہے کہ وہ جہاں کوئی بات خلافِ سنت پاتے، بے توقف دلائل کی بنا پر اس کی اصلاح میں کوشاں ہو جاتے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

۱۔ میں مخدوم عبدالخالق کے پاس پہنچا تو اہل سندھ کی عادت کے مطابق، نیز شغل و ذکر میں انہماک کے باعث نماز میں تاخیر کرتے تھے۔ میں نے ان کے سامنے ''مشکوٰۃ'' کی احادیث اور ''درّ مختار'' کی روایات پیش کیں۔ مخدوم صاحب نے میری بات مان لی اور نماز میں تاخیر ترک کر دی۔

۲۔ سید ابرہیم شاہ ختم قادریہ میں ایک تسبیح ''یا شیخ عبد القادر شیئاً للّٰہ'' کی بھی پڑھتے تھے۔ میں نے انکے خلیفوں کو جو خاصے عالم تھے، ایسے طریق پر سمجھا دیا کہ انھوں نے اسکے ممنوع ہونے کا اقرار کر لیا۔ انھیں بھی نماز اول وقت میں ادا کرنے کی نصیحت کی۔

امر بالمعروف میں اس کامیابی کے پیش نظر مولوی صاحب لکھتے ہیں:

---

(۱) سید ابراہیم شاہ کے متعلق معلوم ہوا کہ بغداد سے دو بھائی پیر سید محمد شاہ اور پیر سید احمد شاہ، میاں غلام شاہ کلھوڑا کے عہد حکومت میں سندھ پہنچے تھے۔ خدا جانے کس بناء پر شبہ پیدا ہوا کہ وہ سلطنت عثمانیہ کے جاسوس ہیں۔ لہٰذا انھیں سندھ میں ٹھہرنے کی اجازت نہ ملی۔ میاں غلام شاہ کی وفات کے بعد یہ دوبارہ سندھ آئے۔ مخدوم صاحب کھڑہ نے ایک بھائی کو گمبٹ میں اور دوسرے کو رانی پور میں ٹھہرایا۔ پیر محمد شاہ کے صرف ایک بیٹا تھا، عبدالرزاق جو لاولد تھا۔ پیر احمد شاہ کے بڑے بیٹے پیر محمد صالح شاہ رانی پور شریف میں سجادہ نشین ہوئے اور دوسرے بیٹے پیر سید ابراہیم شاہ کو گمبٹ کی مسند ملی۔ موصوف کی وفات پر ان کے فرزند پیر شمس الدین گمبٹ میں سجادہ نشیں ہوئے اور رانی پور شریف میں پیر محمد صالح شاہ کے فرزند پیر غلام محی الدین تھے۔ یہ دونوں گدیاں آج تک قائم ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مردمانِ اینجا بسیار سلیم الطبع اند و ہرگز ہرگز مقابلۂ شریعت نمی کنند، گو کسے مخالف طبیعت ایشاں بگوید، مگر مردانِ حق گو اینجا نیستند و پیران اینجا را جز اہتمام گرفتن بیعت مطلبے دیگر نیست۔ بعضے از پیراں حمیتِ اسلامی ہم دارند، مگر اہتمام در امر بالمعروف نمی کنند۔

ترجمہ: یہاں کے لوگ بہت سلیم الطبع ہیں اور وہ شریعت کی مخالفت قطعاً نہیں کرتے، اگر چہ کوئی شخص ان کی مرضی کے خلاف بات کہے، البتہ یہاں حق گو آدمی نہیں۔ یہاں کے پیروں کو بیعت لینے کے سوا کوئی غرض نہیں۔ بیشک بعض پیروں میں حمیتِ اسلامی بھی ہے، مگر وہ امر بالمعروف کا اہتمام نہیں کرتے۔

سیّد جعفر علی اور میاں عثمان

اس وقت خیر پور کے سادات میں ایک سیّد جعفر علی تھے، جنھیں مولوی نصیر الدین نے ''سعادت دستگاہ''، ''ذی وجاہت'' اور ''ذی دیانت'' بتایا ہے۔ وہ مولوی صاحب کے عزم کا حال سن کر خیر پور سے پیر کوٹ پہنچے اور بات چیت کے بعد خود جہاد میں شرکت و رفاقت پر آمادگی ظاہر کی۔ (۲)

ایک صاحب میاں عثمان سندھی تھے، جن کی سکونت نوشہرہ میں تھی۔ کھڑہ میں مولوی محمد شفیع نے ان کا ذکر کیا تھا۔ مولوی صاحب ان سے مدینہ منورہ میں مل چکے تھے۔ ان سے بھی ملاقات کی، جس کا ذکر سفر حیدر آباد کے سلسلے میں آئے گا اور اسی سفر میں سندھ کے دوسرے اکابر سے بھی ملاقاتوں کی تفصیل بیان ہوگی۔

ساداتِ شاہ کوٹ

مولوی صاحب کے ایک مکتوب میں سادات و مشائخ شاہ کوٹ کا ذکر ہے۔ فرماتے

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۱۱ (۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۲۶ و ۳۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہیں کہ یہ لوگ بہت بڑے پیروں میں سے ہیں۔ سید حسن شاہ، سید محمد عطا شاہ، سید یٰسین شاہ اور دوسرے بزرگوں نے اپنی مہریں میرے جاری کردہ دعوت نامہ جہاد پر ثبت فرمادیں۔ یقیناً ان کے سینوں میں دین احمدی کی حمیت موجزن ہے اور وہ ملتِ اسلامیہ کی ترقی کے آرزومند ہیں۔

ان کے علاوہ کوہستانی علاقے کے مشہور پیروں میں سے سید مومن شاہ اور سید امیر شاہ کا ذکر مولوی صاحب نے بہ طور خاص فرمایا ہے۔ حاجی شکر اللہ کو اعلام نامہ دے کر اس غرض سے حیدر آباد اور مدراس کی طرف بھیج دیا گیا کہ وہ ان علاقوں میں دعوتِ جہاد کا انتظام کریں۔ ان کا خط بھی آ گیا کہ جلد ہزاروں مسلمان جہاد کی غرض سے میدان میں پہنچ جائیں گے۔ (۱) تفصیلات جداگانہ باب میں بیان ہوں گی۔

وقت کے اکابر

حاکمانِ حیدر آباد کے بلند پایہ عہدہ داروں میں سے احمد خاں لغاری اور یوسف خاں کا ذکر آگے آئے گا۔ مولوی سید نصیر الدین نے ریاست خیر پور کے وزیر فتح محمد خاں غوری کی بہت تعریف فرمائی ہے۔ لکھتے ہیں:

> ریاست پناہ، رفعت جایگہ، معدنِ حمیت اسلامیہ، مخزن غیرتِ ایمانیہ سردار فتح محمد غوری کہ مختار رتق وفتق ونظامِ ملک داری ولشکر کشی میر صاحبانِ خیر پور بہ قبضہ اقتدار آں دین دار است، بہ کمالِ اخلاصِ دلی وخلوصِ قلبی دمِ نصرت می زند۔ چوں در بعض معاملات کہ بہ آں دین دار اتفاق افتادہ مخلصانہ پیش آمد، غالب کہ دمِ او باقدم باشد۔ (۲)
>
> ترجمہ: سردار فتح محمد غوری اسلامی حمیت کی کان اور ایمانی غیرت کا خزانہ ہیں۔ وہی ریاست خیر پور کے انتظامات کے مختار ہیں۔ لشکر کشی بھی انھیں

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۴۴ (۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۸۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے حکم سے ہوتی ہے۔ وہ دلی خلوص سے میری حمایت کا دم بھر رہے ہیں۔ بعض معاملات میں سابقہ پڑا تو انھوں نے اخلاص کا ثبوت دیا۔ اغلب ہے، وہ اپنے وعدۂ امداد کا عملی ثبوت پیش کریں۔

اس زمانے میں حکومتِ قلات کی وزارت پر مختار الدولہ میر محمد حسن (۱) مامور تھے۔ مولوی صاحب نے ان سے بھی خط و کتابت شروع کر دی تھی۔ ان کے بھی دو خط اس مجموعے میں موجود ہیں، جس کے حوالے بار بار دیے جا رہے ہیں۔ ان سے واضح ہوتا ہے کہ وزیر موصوف بھی جہاد میں ہر ممکن اعانت کیلئے تیار تھے اور انھوں نے میر محراب خاں والیٔ قلات کے مشورے سے یہ خط لکھے تھے۔

(۱) یہ محمد حسن اخوند فتح محمد کا بیٹا تھا، جو سید صاحب کے سفرِ ہجرت کے وقت قلات کا وزیرِ اعظم تھا۔ ایک سو بیس برس کی عمر ہو چکی تھی، لیکن قویٰ ضعف و انحطاط سے محفوظ تھے۔ سید حمید الدین خواہرزادۂ سید صاحب نے اخوند کے متعلق لکھا تھا کہ عمر و اقبال اور دیانت و تقویٰ کی یاوری کے ایسے نمونے بہت کم دیکھے گئے، جیسا کہ اخوند فتح محمد تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

حیدر آباد کا سفر

سید عبدالرحمٰن کا مکتوب

ہم بتا چکے ہیں کہ مولوی سید نصیر الدین پیر کوٹ پہنچے تھے تو سید عبدالرحمٰن (خواہر زادۂ سید صاحب) حیدر آباد گئے ہوئے تھے۔ مولوی صاحب نے خیر پور سے ایک خط ان کے نام ارسال کر دیا تھا۔ انھوں نے جواب میں لکھا کہ حیدر آباد میں دو نیک دل سردار ہیں: ایک احمد خاں لغاری، دوسرا یوسف خاں۔ ان سے بات چیت ہوئی تو جواب دیا کہ مولوی صاحب پیر کوٹ میں ٹھہرے رہیں ہم مناسب موقع پر حاکمانِ سندھ کے سامنے یہ معاملہ پیش کریں گے تاکہ موصوف کو بہ طریق احسن حیدر آباد بلایا جائے۔ سید عبدالرحمٰن نے یہ بھی لکھا تھا کہ جب بلایا جائے تو دس مسلح سوار لے کر خشکی کے راستے سے آئیں۔ مولوی صاحب یہ خط پہنچنے سے قبل کشتی کے ذریعے سے حیدر آباد جانے کا انتظام کر چکے تھے اور کشتی والے کو بیعانہ بھی دے چکے تھے۔ (۱)

قیامِ حیدر آباد اور ملاقات

افسوس کہ مولوی صاحب کے حیدر آباد جانے اور حاکمانِ سندھ سے ملاقات کرنے کی تفصیل اس مکتوب ذخیرے میں نہ مل سکی جو اَب تک دستیاب ہو سکا، لیکن قرائن یہی ہیں کہ وہ کشتی کے ذریعے سے حیدر آباد گئے۔ وہاں کچھ مدت مقیم رہے۔ اغلب ہے،

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حاکمانِ سندھ نے کچھ تحائف اور روپے پیش کیے ہوں، تاہم جہاد میں سرگرم اعانت کی امید پوری نہ ہوئی۔ اگر وہ لوگ اعانت کے لئے تیار ہو جاتے تو یقیناً اس کا کوئی عملی ثبوت سامنے آجاتا۔ ایک خط میں صرف اتنا مرقوم ہے:

الحال کہ از ملاقات میر صاحبانِ حیدر آباد فراغ دست دادہ۔ اگر فضل الٰہی سبحانہٗ شامل حال است، فردا یا پس فردا از حیدر آباد بہ راہِ خشکی بہ طرف پیر کوٹ روانہ خواہم شد۔(۱)

ترجمہ: اب سندھ کے میروں سے ملاقات ہو چکی، میں خدا کے فضل سے کل یا پرسوں خشکی کے راستے حیدر آباد سے روانہ ہو کر پیر کوٹ پہنچ جاؤں گا۔

جس زمانے میں سید صاحب حیدر آباد سے گذر رہے تھے، حاکمانِ سندھ کے لئے حالات بدر جہا سازگار تھے، لیکن وہ اس زمانے میں بھی ہمت و عزیمت کا تقاضا پورا نہ کر سکے۔ آٹھ دس سال گذر جانے کے بعد حالات خاصے ناسازگار ہو چکے تھے۔ اس وقت ان سے جانبازی کے کسی کارنامے کی کیا توقع ہو سکتی تھی؟ انگریزوں نے انھیں معاہدوں کی زنجیروں میں بے طرح جکڑ لیا تھا۔ رنجیت سنگھ آہستہ آہستہ سندھ کی طرف بڑھا چلا آرہا تھا۔ اگر حاکمانِ سندھ جنگ کیلئے تیار ہو جاتے تو یقین تھا کہ سندھ کے پیر بھی ان کا ساتھ دیتے اور مجاہدین کی اعانت سے کم از کم سکھوں کو شکست دینا مشکل نہ تھا۔ اس کے بعد انگریزی اقتدار کی زنجیریں بھی ڈھیلی ہو جاتیں، لیکن یہ جانبازی اور جانفشانی کا کام تھا اور حاکمانِ سندھ عزت مندانہ زندگی کے اس جوہر سے بالکل بے حس تھے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ مزید چند سال میں ان کی حکومت کا نقش حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا گیا اور ہندوستان کے مسلمان حاکموں کی بے عزمی کے باعث اسلامی اقتدار کی شکست و ریخت کا جو اَلم نامہ تیار ہو رہا تھا، اس میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو گیا۔

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۷۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غرض ملاقات کی تفصیلات تو پیش نظر نہیں، لیکن مولوی صاحب نے حیدرآباد سے واپسی کے سفر کی مختصر سی سرگزشت ایک مکتوب میں بیان فرمادی ہے، اُسے ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

حیدرآباد سے مٹاری

مولوی صاحب حیدرآباد سے چلے تو پہلی منزل مٹاری میں ہوئی، جو سندھ میں سادات کی ایک مشہور مسند ہدایت وارشاد ہے۔ مولوی سید عبدالکریم مسند پر فائز تھے، جنھیں تمام سادات خاص عزت وتکریم کا مستحق سمجھتے تھے۔ مولوی سید نصیرالدین نے جمعہ کی نماز مسجد میں ادا کی۔ وہیں میاں لطف اللہ سندھی سے ملاقات ہوگئی، جو مدینہ منورہ کے راستے میں مولوی صاحب سے مل چکے تھے۔ انھوں نے فوراً میٹھے چاول تیار کرالئے۔ مولوی صاحب اوران کے بارہ ساتھیوں نے میاں لطف اللہ ہی کے ہاں دوپہر کا کھانا کھایا۔ شام کی دعوت مولوی سید عبدالکریم کے ہاں تھی۔ کھانے سے فارغ ہوکر اصل مقصد کے متعلق بات چیت کی۔ مولوی سید عبدالکریم اور میاں لطف اللہ دونوں نے کہا کہ مزاریوں کے علاقے میں بیٹھنا بہت مناسب ہے:

> اگر امسال جمعیت گرد نشاشد، ایں جانباں مع اتباع خویش حاضر خواہیم شد۔ سال آئندہ ارادۂ مدینہ منورہ داریم۔ (۱)
>
> ترجمہ: اگر اس سال آپ کے پاس معقول جمعیت فراہم ہوگئی تو ہم بھی اپنے مریدوں کو لے کر حاضر ہو جائیں گے۔ اگلے سال ہم مدینہ منورہ جانے کا ارادہ کئے بیٹھے ہیں۔

ہالہ

مٹاری سے روانہ ہوکر مولوی صاحب ہالہ پہنچے، جو مخدوم نوحؒ کی درگاہ کے باعث

(۱) اخبار مولوی سید نصیرالدین مخطوطہ ص: ۳۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سندھ میں بہت مقدس مقام مانا جاتا تھا۔ مولوی سید نصیر الدین نے درگاہ کے متولی مخدوم سے بھی ملاقات کی اور کہا کہ آپ کو بھی جہاد میں شریک ہونا چاہئے۔ انھوں نے فرمایا:

اگر پیرانِ سندھ ہمراہِ شما خواہند رفت ما نیز حاضر ہستیم۔(۱)

ترجمہ: اگر سندھ کے پیر آپ کا ساتھ دینے کیلئے تیار ہو گئے تو ہمیں بھی حاضری میں تامل نہ ہوگا۔

مرقعِ عبرت

دیکھئے عزت کی زندگی کے متعلق مسلمانوں کی بے پروائی بلکہ بے حسی کس درجہ افسوس ناک صورت اختیار کر چکی تھی۔ یہ لوگ بڑی بڑی گدیوں کے مالک تھے اور وہ گدیاں صرف خدمت حق کی برکت سے بنی تھیں۔ خدمت حق ہی ان کا اصل وظیفہ تھا، تاہم یہ لوگ بھی فریضۂ جہاد کو اسی صورت میں ادا کرنے پر آمادہ تھے کہ دوسرے آمادہ ہو جائیں۔ مولوی سید عبدالکریم اور میاں لطف اللہ نے بھی اپنی حاضری کو معقول جماعت کی فراہمی سے مشروط کیا۔ یہی شرط مخدوم ہالہ نے پیش کی۔ گویا جمعیت کی فراہمی تنہا مولوی سید نصیر الدین کے ذمے تھی اور ان لوگوں کا کام صرف یہ تھا کہ ہزاروں آدمی میدانِ جنگ میں کھڑے دیکھیں تو یہ بھی جا کھڑے ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان سبقت وعزیمت کی روح سے محروم ہو چکے تھے۔ یہی ان کے زوال کا پیش خیمہ تھا۔ افسوس کہ اس عبرت انگیز صورتِ حال پر آنسو بہانے والی آنکھیں بھی بہت ہی کم تھیں۔ متاعِ عزت کا لٹنا یقیناً رنج افزا تھا، لیکن اس سے بدرجہا زیادہ رنج یہ تھا کہ لٹنے والوں کے دل سے نقصان کا احساس زائل ہو گیا۔ اقبالؔ کیا خوب کہہ گئے ہیں، رحمہ اللہ تعالیٰ:

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۳۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کوٹ تاج محمد اور نوشہرو

مولوی صاحب نے ہالہ کے بعد کوٹ تاج محمد اور نوشہرو کا ذکر کیا ہے۔ بیچ میں یقیناً بعض منزلیں چھوڑ دیں، غالباً اس لئے کہ وہاں کوئی قابل ذکر واقعہ پیش نہ آیا۔ کوٹ تاج محمد میں مولوی جان محمد احمد نے رفاقت کا عہد کیا۔ نوشہرو میں وہ پیر شہاب الدین کی گدی کے سجادہ نشیں صاحب سے ملے، جن کا نام عبدالحیٔ اور لقب امیر عمر تھا۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ صاحب بڑے عابد، زاہد اور عالم ہیں۔ میری آمد کا سن کر استقبال کیلئے ایک کوس باہر نکل آئے، لیکن میں دوسرے راستے سے ان کے مکان پر جا پہنچا۔ انھوں نے ہمارے ٹھہرانے کا انتظام بخوبی کر رکھا تھا۔ بڑے حسنِ اخلاق سے پیش آئے۔

سوئے اتفاق سے مولوی صاحب کے چند ساتھی سفر کی تکان اور اختلاف آب وہوا کے باعث بیمار ہو گئے۔ ابو احمد علی اونٹ سے گر گئے تھے اور ان کا شانہ اتر گیا اور جوڑوں میں درد ہونے لگا۔ مولوی صاحب تین روز نوشہرو میں ٹھہرے۔ وہ بیمار قدرے روبہ صحت ہوئے تو میاں عبدالحق سجادہ نشین نے انکی سواری کیلئے کجاوے والے اونٹ کا بندوبست کر دیا۔ میاں ابو احمد علی اور میاں عبدالرحیم کو تا صحت نوشہرو ہی میں چھوڑنا پڑا۔ میر نوازش علی کو ان کی تیمارداری کے لئے مقرر کر دیا گیا۔

مزید ملاقاتیں

مولوی صاحب نوشہرو سے روانہ ہوئے تو میاں عثمان سندھی سے جا ملے۔ انھوں نے ایک صاحب سید محمد نواز کا پتہ دیا اور کہا کہ ان سے ضرور ملنا چاہئے۔ چنانچہ میاں عثمان کو ساتھ لیکر مولوی صاحب آٹھ کوس کا چکر کاٹتے ہوئے سید محمد نواز سے ملے۔ پھر ہنگورجہ پہنچے اور سید ناصر علی سے ملاقات کی، جو سندھ کے بلند پایہ مشائخ میں سے تھے۔ وہیں پیرزادہ دراز والا سے ملاقات ہوئی اور کھڑہ میں مخدوم عبدالخالق کے پاس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جا ٹھہرے۔ سید محمد نواز، سید ناصر علی اور پیر زادہ دراز والا کی ملاقاتوں کا مفصل حال مرقوم نہیں۔ مولوی صاحب نے صرف اتنا لکھا ہے:

حاصل آنکہ زبانی ہمہ مشائخ وعلماء اقرارِ شمول درامر معلوم کردند۔(۱)

ترجمہ: غرض سندھ کے تمام علماء اور مشائخ نے امر معلوم یعنی جہاد میں شامل ہونے کا زبانی اقرار کیا۔

خوش گوار توقعات

اس سفر میں ہنگورجہ پہنچ کر مولوی صاحب خود بھی بیمار ہو گئے۔ پیر کوٹ پہنچے تو بیماری بڑھ گئی۔ ناچار مسہل لینا پڑا۔

اپنے کچھ ساتھیوں کو گھوڑے اور اونٹ دے کر شکارپور بھیج دیا تھا، غالباً اس لئے کہ وہاں جانوروں کی چرائی کا انتظام اچھا تھا۔

ایک مکتوب میں اپنی سرگرم کوششوں کے نتائج کا خلاصہ بتاتے ہوئے لکھتے ہیں:

بہ فضل ایزدی جمیع علماء ومشائخ ملک سندھ درامر ما نحن فیہ شریک فقیر اند وعہدہا کردہ واقرار نامہ ہا نوشتہ دادہ اند۔ عوام وخواص ایں ملک چہ علما ومشائخ وچہ دیگراں قبول تسلیم بسیاری دارند..... انشاء اللہ تعالیٰ درعرصۂ چند روز ہمہ ہا تابعِ حکم غازیاں خواہند شد وسلسلۂ تحصیل صدقات ہم از دستِ ایشاں دریں ملک کنانیدہ می شود، ووعظ ونصائح ودعوتِ ہجرت وجہاد بہ زبانِ سندھی از وشاں حتی الامکان کنانیدہ می شود۔ آئندہ باید دید کہ تقدیر ایزدی چہ ظہوری فرماید۔(۲)

ترجمہ: سندھ کے عالم اور پیر جہاد کے باب میں میرے شریک ہیں۔ انھوں نے اقرار نامے لکھ کر دے دیے ہیں۔ ملک کے عوام وخواص علماء ومشائخ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۳۸

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۴۷، ۱۴۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوں خواہ دوسرے لوگ، قبولِ دعوت کا اظہار بڑی سرگرمی سے کر رہے ہیں۔ خدا نے چاہا تو چند روز میں وہ سب غازیوں کے ساتھ ہو جائیں گے۔ اس ملک میں صدقات وصول کرنے کا کام بھی انھیں کے ہاتھوں میں انجام پا رہا ہے۔ سندھی زبان میں وعظ و نصیحت اور دعوتِ ہجرت و جہاد کا انتظام بھی جس حد تک ممکن ہے وہی کر رہے ہیں۔ آئندہ دیکھئے، خدا کی تقدیر کس رنگ میں ظاہر ہوتی ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

دعوتِ عام کا اہتمام

سید صاحب کے اکابر رفقاء

مولوی سید نصیر الدین ایک طرف سندھ میں بیٹھے ہوئے مختلف اصحاب کو اعانت کیلئے تیار کر رہے تھے، دوسری طرف ہندوستان میں پے در پے دعوتِ جہاد کیلئے اعلام نامے بھیج رہے تھے۔ سید صاحب نے اپنی زندگی میں جا بجا دعوتِ عام کا جو انتظام فرما دیا تھا، وہ بھی بدستور جاری تھا۔ خصوصاً مولانا سید محمد علی رام پوری اور مولانا ولایت علی عظیم آبادی ادائے فرائض میں بڑی سرگرمی دکھا رہے تھے۔ یقین ہے کہ یہی کیفیت سید صاحب کے مقرر فرمائے ہوئے دوسرے داعیوں کی ہوگی، اگرچہ ان کی سرگرمیوں کے تفصیلی حالات معلوم نہ ہو سکے اور مولوی سید نصیر الدین نے اپنے خطوں میں صرف مولانا سید محمد علی اور مولانا ولایت علی کا ذکر کیا ہے۔

مجاہدین کے قافلے

ایک خط میں فرماتے ہیں: سید الفت حسین، مولانا محمد علی اور مولانا ولایت علی سے رخصت ہو کر کلکتہ سے آخر ذی قعدہ میں یہاں پہنچ گئے۔ ان کے ساتھ تقریباً بیس آدمی ہیں۔ وہ ہتھیار اور گھوڑے بھی ساتھ لائے ہیں۔ (۱)

ایک اور مکتوب میں فرماتے ہیں:

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۹۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی عبدالرحمٰن صاحب با پنجاہ کس مجاہدین ونقدی وسلاح بہ موجب ارشاد مولوی ولایت علی صاحب از بنگالہ وارد شدند..... ومولوی محمود علی صاحب نیز بہ جماعۃ کثیر شامل لشکر گردیدند۔ علیٰ ہذا القیاس قوافل بسیار بہ موجب ارشاد مولوی سید محمد علی صاحب حاضر حضور مجاہداں می شود۔(۱)

ترجمہ: مولوی عبدالرحمٰن صاحب پچاس مجاہدوں کے ساتھ نقدی اور ہتھیار لے کر مولوی ولایت علی کے ارشاد کے مطابق بنگال سے آ گئے اور مولوی محمود علی صاحب بھی بڑی جماعت کے ساتھ لشکر میں شامل ہو گئے۔ اسی طرح مولوی سید محمد علی کے ارشاد کے مطابق بہت سے قافلے مجاہدین کے پاس پہنچ رہے ہیں۔

ایک مکتوب سے ظاہر ہوتا ہے کہ مولوی عبدالرحمٰن اور مولوی محمود علی کے علاوہ ایک صاحب مولوی عبداللہ بھی مجاہدین میں شریک تھے۔ شاہ اسحٰق نے اطلاع دی کہ مولوی سید احمد شاہ کرنال وسہارنپور سے پچاس مجاہدین کو لے کر دہلی پہنچے تھے اور سندھ روانہ ہو گئے۔(۲) جرنل ایشیاٹک سوسائٹی بمبئی، کے ایک مقالے سے واضح ہوتا ہے کہ مولوی صاحب کے پاس زیادہ تر مجاہدین بنگال اور ہندوستان یعنی بہار اور یوپی سے پہنچے۔(۳)

قابل توجہ نکتہ

سید صاحب کی جاری کی ہوئی تحریک کے سلسلے میں یہ نکتہ خاص طور پر قابل توجہ ہے کہ اس وقت ہندوستان کی وسیع سرزمین میں احیائے اسلام واسلامیت کیلئے جانبازی وجانفشانی صرف اسی گروہ میں محدود رہ گئی تھی، جو سید صاحب کی آغوشِ فیض میں تربیت

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۱۲۳

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۱۴۵

(۳) جلد چہاردہم ص ۳۵۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پا چکا تھا۔ ہندوستان میں اس وقت بھی کروڑوں مسلمان موجود تھے، ملکوں اور ریاستوں کے والی بھی، بڑے بڑے امیر اور جاگیردار بھی، علماء و مشائخ بھی، لیکن اسلامی حمیت کے سلسلے میں ایثار و قربانی کی تڑپ صرف سید صاحب کے رفقاء میں موجزن تھی۔ وہ جہاں بھی تھے اور جس حال میں بھی تھے، صرف اس نصب العین کے حصول کو تقویت پہنچانے کے لئے وقف تھے، جس کا علم سید صاحب نے بلند کیا تھا۔ سوال یہ نہیں کہ ان اصحاب کی قربانیوں کا نتیجہ حسبِ مراد نکلا یا نہ نکلا، سوال صرف یہ ہے کہ جس مقصد کو وہ حق سمجھتے تھے، جو نصب العین ان کے نزدیک اسلامیت کی روح اور غیرتِ ایمانی کی جان تھا، اس کیلئے جو کچھ ان کے امکان میں تھا، وہ انھوں نے کیا، یا نہ کیا۔ تاریخ کی شہادت اس بارے میں ایک اور صرف ایک ہے۔ وہ سخت سے سخت اور نازک سے نازک حالات میں بھی پے در پے احیائے اسلامیت کیلئے قربانیاں کرتے رہے اور اس امر سے کوئی سروکار نہ رکھا کہ کسی اسلامی حلقے کی زبان پر تحسین کا کوئی کلمہ جاری ہوتا ہے یا نہیں، کیونکہ وہ اپنی ان قربانیوں کیلئے صرف خدائے بزرگ و برتر سے اجر کے آرزومند تھے۔ ان کے سازِ وجود کا ترانہ صرف ایک تھا یعنی اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ۔ ہماری اسلامیت کا شیوہ ان کے تعلق میں کیا رہا؟ یہ کہ کبھی ان پر فسادِ عقائد کے الزامات عائد کر دیے اور کبھی ان کے اسلام ہی کو محلِ نظر قرار دے دیا۔ ہم گزشتہ سو سال میں جن بدبختیوں کا شکار رہے، کیا وہ ہمارے انھیں افسوس ناک اعمال کا طبعی نتیجہ نہ تھیں؟

مولوی صاحب کے مخاطب

مولوی صاحب نے جو اعلام نامے بھیجے، وہ تمام مسلمانوں کے نام تھے، لیکن ایک مکتوب میں انھوں نے اپنے خاص مخاطبین کے نام بھی درج کر دیے ہیں، جو اس غرض سے یہاں پیش کیے جاتے ہیں کہ اول مولوی صاحب کے دائرۂ دعوت کی وسعت کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اندازہ ہو جائے، دوسرے یہ معلوم ہو جائے کہ اس تاریک دور میں کون کون سے اصحاب دعوت حق کے خیر مقدم میں پیش پیش تھے:

۱۔ مولوی محمد سراج الدین اور دوسرے مخلص دیندار ساکنانِ اجمیر۔

۲۔ مولوی خلیل الرحمٰن، انکے فرزند اور بھائی، مولوی بہادر علی، سید حمید الدین (خوہر زادہ سید صاحب)، سید محمد یعقوب (برادر زادہ سید صاحب)، سید زین العابدین، سید ابوالقاسم (ابناء سید احمد علی خواہر زادۂ سید صاحب) اور دوسرے دین دار ساکنانِ ٹونک۔

۳۔ مولانا شاہ اسحٰق، مولانا یعقوب، مولوی کرامت علی، مولوی محبوب علی (۱)، مولوی نصیر الدین، مولوی مظفر حسین، مولوی شیخ محمد، حاجی محمد، حاجی مزمل، مولوی حافظ محمد حسین، مولوی کرم اللہ، مولوی الٰہی بخش، مولوی جمال الدین، حافظ عبدالرحمٰن، مولوی محمد وزیر علی، منشی ایزد بخش، امیر الدین، امین الدین، حافظ عبدالرزاق، مولوی عبداللہ، مولوی علی محمد، مولوی بہاء الدین، مولوی عبدالخالق، مولوی امام علی، حافظ اکرام الدین، مولوی شاہ علی، مولوی عبداللہ خاں علوی (۲)، بشارت خاں، مولوی عبدالمجید، قاری احمد زماں، حافظ چھجو بیگ، حافظ احمد خاں، عظیم اللہ خاں، میرزا ایوب بیگ، میاں نجابت علی، قاضی عبدالرحمٰن عرب سرائے والے، میاں غلام محی الدین، حافظ ولی محمد، میاں رکن الدین، میاں الٰہی بخش آئینہ ساز، مولوی امداد علی، مولوی نذیر حسین (۳) نیز دوسرے علماء طلبہ اور صلحاء ساکنانِ دہلی ونواح۔

۴۔ مولوی بزرگ علی (۴)، مولوی عنایت احمد (۵) مولوی محمد متقی اور دوسرے

(۱) یہ وہی مولوی محبوب علی ہیں جو سید صاحب کے زمانے میں سرحد پہنچ کر بعض وساوس کی بنا پر واپس آ گئے تھے۔

(۲) دہلی کے آخری دور کے مشہور عالم، طبیب اور شاعر۔ اصل وطن غالباً خورجہ تھا۔ زندگی کا بڑا حصہ دہلی میں گزارا۔ پھر شمس آباد میں ایک رئیس کے پاس ملازم ہو گئے تھے۔ وہیں ۱۲۶۲ھ (۱۸۴۶ء) میں فوت ہوئے۔

(۳) شیخ الکل میاں سید نذیر حسین مرحوم محدث دہلوی۔

(۴) علی گڑھ کی جامع مسجد کے مدرسے کے استاد، معقول کے بہت بڑے عالم تھے۔

(۵) مولانا مفتی عنایت احمد کاکوروی، جنھوں نے شاہ اسحٰق سے حدیث کی ..... بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

علماء وصلحاء ساکنانِ علی گڑھ۔

۵۔ قاضی حیات بخش (۱)، مولوی مردان علی، شیخ محمد تقی، داروغہ راحم ساکنانِ میرٹھ۔

۶۔ مولوی وحید الدین، مولوی خدا بخش، مولوی تہور علی، مولوی خیر الدین (۲)، مولوی منیر الدین ساکنانِ بھلت، نگینہ وغیرہ۔

۷۔ مولوی رمضان علی، مولوی امانت علی، مولوی کریم اللہ، شیخ رحمان بخش، صوفی صاحب، شاہ غلام علی، میر ہدیٰ اور دوسرے اکابر ساکنانِ امروہہ۔

۸۔ حافظ عبدالرحیم، میاں عثمان، میاں جی خلیفہ ساکنانِ مراد آباد۔

۹۔ حاجی صبغت اللہ، شیخ محمد حسین اور دوسرے دیندار ساکنانِ گڑھ مکتیشر۔

۱۰۔ مولوی حیدر علی، مولوی نور الاسلام، اخوند زعفران، اکبر علی خاں، شاہ دل خاں، حافظ احمد علی، مرتضیٰ خاں، اخوند امام الدین، قاری صاحب اور دوسرے اصحاب ساکنانِ رام پور۔

۱۱۔ میرزا حسن علی (۳)، مولوی خرم علی (۴)، مولوی الٰہی بخش، سید اولاد حسن (۵)، مولوی مکارم خان، مولوی سخاوت علی (۶)، مولوی کرامت علی (۷) ساکنانِ کان پور، فرخ آباد، باندہ، بریلی، قنوج، جون پور وغیرہ۔

گذشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ..... سندیلی پھر مولوی بزرگ علی سے فیض حاصل کیا اور انھیں کے مدرسے میں ملازم ہو گئے تھے۔ آخر کار آگرہ میں صدر اعلیٰ بن گئے تھے۔ غدر کے سلسلے میں ان پر مقدمہ چلا اور حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور کی سزا ملی۔ وہیں انھوں نے تاریخ حبیب الٰہ لکھی تھی۔ قید سے رہا ہو کر آئے اور حج کے لئے روانہ ہوئے۔ راستے میں جہاز چٹان سے ٹکرا کر غرق ہو گیا اور مولانا سمندر کی نذر ہوئے۔ تاریخ وفات ۷ر شوال ۱۲۷۱ھ (۷ر اپریل ۱۸۶۳ء) ہے۔

(۱) قاضی احمد اللہ میرٹھی شہید بالاکوٹ کے والد۔

(۲) ان سے غالباً مولوی خیر الدین شیر کوٹی مراد ہیں۔

(۳) میرزا حسن علی محدث۔ (۴) مولوی خرم علی بلہوری۔

(۵) سید اولاد حسن قنوجی (نواب صدیق حسن خانؒ کے والد) (۶) مولوی سخاوت علی جون پوری۔

(۷) مولوی کرامت علی جون پوری۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۲۔ مولوی احمد اللہ، مولوی رحمت اللہ، حافظ صدیق اور دوسرے علماء وصلحاء ساکنانِ بنارس۔

۱۳۔ شیخ فرزند علی، مولوی محمد فصیح اور دوسرے علماء ساکنانِ غازی پور، سہسرام، آرہ ومنیر۔

۱۴۔ شاہ محمد حسین، مولوی ولایت علی، مولوی الٰہی بخش اور دوسرے خلفاء سید صاحب ساکنانِ عظیم آباد، مظفر پور، چھپرہ، مونگیر وغیرہ۔

۱۵۔ مولوی محمد علی، مولوی امام الدین، مولوی مراد، قاضی عبدالباری، صوفی نور محمد، منشی غلام رحمٰن، مولوی حراست اللہ، مولوی عبداللہ، مستری رجب علی اور دوسرے علماء وصلحاء کلکتہ ونواح۔

یہ کل ایک سو چھ اصحاب ہیں۔ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ سید صاحب کے زمانے سے دعوت کا کتنا عمدہ انتظام ہوگیا تھا۔

سید صاحب کی اہلیہ کا جذبۂ ایثار

سیدہ ام اسمٰعیل (اہلیہ سید صاحب) سید صاحب کے زمانے میں بھی جماعتِ مجاہدین کی ہر ممکن خدمت انجام دیتی رہیں۔ ایک موقع پر انھوں نے دس ہزار کی رقم سید صاحب کے پاس بھیج دی تھی، حالانکہ خود اُن کے گذارے کا کوئی مستقل انتظام نہ تھا۔ مولوی سید نصیر الدین لکھتے ہیں کہ ہم لوگ پیر کوٹ پہنچے تو سیدۂ محترمہ نے ہماری خبر گیری میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا۔

ایک موقع پر مولوی صاحب سے فرمایا:

آنچہ از ماست، برائے ایں کار است وبخشتہ اطوار، سعادت دثارِ محمد اسمٰعیل معاضد ومساعدِ تست وتمامی اتباع خود را روبروئے ایں نیازمند درگاہ الٰہی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سبحانہ کردند کہ ایں جماعۃ مخلصین کہ محض حسبۃ للہ از وقت امام ہمام بہ رفاقت واطاعت مالبودہ اند واز رفقاء اصفیاء تواند۔ بہ ہر چہ گوئی، سمیع اند، و بہ ہر چہ فرمائی، مطیع۔(۱)

ترجمہ: ہمارے پاس جو کچھ ہے، جہاد کے کار خیر کیلئے وقف ہے۔ محمد اسمٰعیل (سیدہ کا فرزند ارجمند) آپ کا حامی اور مددگار ہوگا۔ پھر اپنے تمام خادموں کو میرے سامنے بلا کر فرمایا: یہ مخلص لوگ سید صاحب کے زمانے سے محض خدا کیلئے ہمارے ساتھ چلے آتے ہیں، یہ سب آپ کے ساتھی ہیں۔ جو کچھ فرمائیں گے، اسے سنیں گے، جو حکم دیں گے، اس کی تعمیل کریں گے۔

اعلام نامہ

پھر سیدہ نے عام مسلمانوں کیلئے ایک مفصل اعلام نامہ مرتب کیا، جس کا مضمون یہ تھا کہ واقعۂ بالاکوٹ کے بعد کاروبارِ جہاد پہلی صورت میں قائم نہ رہا۔ مولوی سید نصیر الدین نے عالی ہمتی سے کام لے کر پھر اس کا بیڑا اٹھایا ہے۔ میں عورت ذات ہوں اور یہ کام انجام نہیں دے سکتی۔ میرا بچہ محمد اسمٰعیل کمسن ہے اور اس بارِ گراں کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ ہم لوگ صرف دعاء کر سکتے ہیں۔ مسلمانوں کا فرض ہے کہ میدانِ عمل میں آئیں۔ جن کے پاس زادِ راہ، سواری اور ضرورت کی دوسری چیزیں موجود ہوں، وہ جلد پہنچیں۔ جو خود نہ آسکیں، وہ دوسروں کی امداد کریں۔ افسوس کہ مسلمان تن آسانی کے باعث اپنی عمریں اس سرزمین میں ضائع کر رہے ہیں، جس پر غیر مسلم مسلط ہیں اور باہم اتحاد و اتفاق سے وہ قدم نہیں اٹھاتے، جس پر مسلمانوں کی شوکت کا انحصار ہے:

اگر ایمان داران ہندوستان توفیق یافتہ بہ قدر طاقت واستطاعتِ خود از یک فلوس تا لک روپیہ امدادِ غازیاں کنند، بعید از اخلاص مندی وحمیت اسلامیٔ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۷۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایشاں نہ خواہد بود و بہ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ کار فرمودہ غریب بہ امیر دغنی بہ فقیر وزن بہ شوہر و شوہر بہ زن و ہمسایہ بہ ہمسایہ و دوست بہ دوست ترغیب ایں امداد و نصرت دین کنند، از غیرتِ ایمانی ایناں دور نہ خواہد بود۔ (۱)

ترجمہ: اگر ہند وستان کے ایمان داروں کو خدا توفیق دے اور وہ استطاعت کے مطابق ایک پیسے سے ایک لاکھ تک ان غازیوں کی امداد کریں تو یہ امر اُن کے اخلاص اور اسلامی حمیت سے بعید نہ ہوگا۔ خدا فرماتا ہے: ایمان دار لوگ وہ ہیں، جنھوں نے اچھے کام کیے اور ایک دوسرے کو راستی اور صبر کی تاکید کی۔ اس فرمان کے مطابق غریب امیر کو، غنی فقیر کو، بیوی شوہر کو، شوہر بیوی کو، پڑوسی پڑوسی کو، دوست دوست کو اس امداد کی ترغیب دے اور دین کی نصرت کرے تو یہ امر ایمانی غیرت سے دور نہ ہوگا۔

حالات کی سازگاری

اس وقت علاقہ سرحد میں سکھوں کی حکومت کے خلاف خاصا ہنگامہ بپا تھا۔ ایک طرف امیر دوست محمد خاں پشاور کی بازیافت کیلئے سرگرم کوششیں کر رہا تھا، دوسری طرف خوانینِ سرحد میں سے مختلف اصحاب امیر موصوف کی ہر ممکن امداد کیلئے میدان میں آچکے تھے، جن میں سے فتح خاں پنجتاری بہ طور خاص قابل ذکر ہے۔ سیدہ اُمِ اسمٰعیل اپنے اعلام نامہ میں ان واقعات کا ذکر کر کے فرماتی ہیں:

کفار سکھ بہ آں سو مشغول و مصروف۔ اگر خواستہ حضرت قادر توانا جل جلالہٗ است، دریں وقت کارے خواہد شد۔ (۲)

ترجمہ: سکھ پشاور کی طرف مشغول و مصروف ہیں (دوسری طرف بھاری

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۹۸-۱۰۷

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۰۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لشکر نہیں لا سکتے) اگر خدائے قادر و توانا کا فضل شامل حال ہو تو اس موقع پر کچھ کام ہو سکے گا۔

سید عبدالرحمٰن اور دوسرے اصحاب

سید عبدالرحمٰن کاروبارِ جہاد میں ہمہ تن شریک تھے۔ متعدد اعلام ناموں پر اُن کے اور سید اسمٰعیل کے دستخط ثبت ہیں۔ ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ شیخ ولی محمد پھلتی بھی سید صاحب کی چترالی اہلیہ کو لے کر سندھ پہنچ گئے تھے۔ وہ بھی تمام سرگرمیوں میں شریک رہے۔ بعض دعوت ناموں اور خطوں پر وہ بھی دستخط فرماتے رہے۔

غرض ان خدامست اصحاب نے جہاد کو کامیاب بنانے کیلئے سعی و کوشش کا کوئی پہلو اٹھا نہ رکھا اور جو کچھ ان کی استطاعت میں تھا، اسے دلی خلوص اور تڑپ سے پورا کر دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

دکن میں دعوت وتبلیغ

سید محمد علی اور مولوی ولایت علی

ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ سید صاحب نے ابتدا میں سید محمد علی رام پوری کو دعوت وتبلیغ کی غرض سے حیدر آباد بھیجا تھا۔ پھر مولوی ولایت علی وہاں متعین ہو گئے اور مولوی محمد علی کو مدراس جانے کا حکم مل گیا۔ مولوی ولایت علی حیدر آباد سے روانہ ہوئے تو دس ہزار کے قریب مسلمان ان کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو چکے تھے۔ ان میں بہت سے اکابر بھی شامل تھے۔ مثلاً:

۱۔ مولوی محمد آصف جو مولوی محمد رفیع الدین مغفور کے داماد تھے۔ ان کی کوششوں سے بعد ازاں ایک لاکھ کے قریب مسلمان داخل بیعت ہوئے۔ ان میں امیر کبیر نواب شمس الامراء بھی شامل تھے۔

۲۔ سید محمد عباس، یہ مولوی محمد آصف کے بھانجے اور ناصر الدولہ نظام کے بھائی مبارز الدولہ کے استاد زادے تھے۔

۳۔ میر فضل اللہ جو خود ناصر الدولہ کے استاد تھے۔

ان کے علاوہ مولوی سید محمد مغربی، مولوی محمد عباس، مولوی پیر محمد اور مولوی سید قاسم کے نام بھی مذکور ہیں۔

دعوت کے خاص مراکز

حلقۂ ارادت کی توسیع کے ساتھ جا بجا مراکز قائم ہو گئے تھے، جن کا انتظام مختلف

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بزرگوں نے سنبھال لیا تھا۔ مثلاً:

۱۔ مولوی محمد ولی الدین۔ یہ صاحب مسٹر پامر انگریز تاجر کے بچوں کو پڑھاتے تھے۔ ان کا مکان عیسیٰ میاں کے بازار میں تھا۔

۲۔ مولوی محمد سلیم جو مبارز الدولہ کی سرکار میں ملازم تھے۔ ان کا مکان کوٹلہ علی جاہ میں تھا۔

۳۔ مولوی محمد کرامت علی، یہ راجا چندو لعل کی سرکار میں ملازم تھے اور ان کا مکان صفدر نواز جنگ کی مسجد کے قریب شکر گنج میں تھا۔

۴۔ مولوی محمد عماد الدین، یہ مولوی محمد آصف کے فرزند تھے۔ مبارز الدولہ کی سرکار میں ملازمت اختیار کر لی تھی، ان کا مکان بازار سلیمان جاہ میں تھا۔

۵۔ مولوی محمد فرید الدین، یہ بھی مبارز الدولہ کی سرکار میں ملازم تھے اور ان کا مکان کوٹلہ عالی جاہ میں سید محمد عباس کے مکان سے متصل تھا۔

۶۔ مولوی عبدالہادی ملازم سرکار مبارز الدولہ، ان کا مکان کوٹلہ عالی جاہ میں تھا۔

۷۔ مولوی محمد جعفر ملازم سرکار نواب شمس الدولہ، انکا مکان بازار سلیمان جاہ میں تھا۔

۸۔ سید عبدالواحد عرف واحد علی، یہ سید قاسم کے چھوٹے بھائی اور دولت آصفیہ میں ملازم تھے۔ ان کا مکان مولوی محمد جعفر کے مکان سے قریب تھا۔

۹۔ مولوی حسن محمد ملازم سرکار شمس الامراء، ان کا مکان فتح دروازہ کے پاس تھا۔

۱۰۔ حافظ عبدالسمیع ملازم سرکار مبارز الدولہ، ان کا مکان بیگم بازار میں تھا۔

۱۱۔ میاں محمد شرف الدین ملازم سرکار مبارز الدولہ، ان کا مکان مسجد نصیحت المسلمین کے پاس تھا۔

۱۲ حافظ حسن خاں رام پوری ملازم سرکار مبارز الدولہ، ان کا مکان مولوی محمد جعفر کے مکان کے پاس بازار سلیمان جاہ میں تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۳۔ مولوی عبدالرزاق، ان کا مکان کوٹلہ عالی جاہ میں تھا۔

۱۴۔ سید جلال الدین، یہ سنگار ریڈی پیٹ رہتے تھے اور وعظ فرمایا کرتے تھے۔ سید عبداللہ ان کے معاون و رفیق تھے۔

قیام گاہوں کی تفصیل بیان کرنے کا مدعا یہ ہے کہ یہ مقامات تعلیم و تدریس، وعظ و نصیحت اور اصلاح و درستی کے خاص مرکز تھے۔ گرد و پیش کے مسلمان انھیں مقامات پر وقتاً فوقتاً جمع ہو جاتے تھے۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ سید صاحب کے رفقاء و خلفاء احیائے اسلامیت اور اصلاحِ عقائد و اعمال کا کام کس اہتمام و تنظیم سے انجام دیتے تھے۔ یہ صرف ایک مقام کی سرسری تفصیلات ہیں۔ یقین ہے کہ انھوں نے ہر مقام پر اسی قسم کے انتظامات کر رکھے ہوں گے۔

مبارز الدولہ کی عزیمت

ناصر الدولہ کے بھائی نواب مبارز الدولہ نے اس تحریک اصلاح میں سبقت کا مقام حاصل کر لیا۔ انھوں نے سید صاحب کی کتاب ''صراطِ مستقیم'' اور شاہ اسمٰعیل کی کتاب ''تقویۃ الایمان'' پڑھیں تو شرک و بدعت اور منہیات کے تمام مراسم ترک کر دیے۔ وقت کے امراء کی طرح ان کے حرم میں بھی بہت سی عورتیں داخل تھیں۔ مبارز الدولہ نے صرف چار عورتیں رکھیں۔ باقی سب کو اجازت دے دی کہ نکاحِ ثانی کر لیں اور ہر ایک کو اس کی حیثیت کے مطابق روپیہ اور ضرورت کی دوسری چیزیں دے دیں۔ ان کے دربار میں آدابِ تسلیمات کے بجائے سلام مسنون جاری ہو گیا۔

غرض ان کے گھر، دربار اور جاگیر میں شریعت کے مطابق عمل ہونے لگا۔ بعض لوگوں نے مخالفت کا شور اٹھایا، لیکن مبارز الدولہ طریق حق پر عزم و جزم سے قائم ہو چکے تھے، لہٰذا ان پر کوئی اثر نہ پڑا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی نصیر الدین کا اعلام نامہ

مولوی نصیر الدین کا اعلام نامہ نواب مبارز الدولہ کے ملاحظے میں پیش ہوا تو نواب موصوف نے مولوی محمد آصف، مولوی سید عباس، مولوی سید قاسم، حافظ سید محمود اور مولوی پیر محمد کو بلا کر حکم دیا کہ آپ حضرات پچاس مجاہدین ساتھ لے کر سندھ چلے جائیں، تمام حالات خود ملاحظہ کریں۔ یہ دیکھیں کہ حاکمان سندھ کس حد تک حمایت کے لئے تیار ہیں، مجاہدین کی قیام گاہ کیسی ہے اور وہاں اخراجات ومصارف کا کیا حال ہے۔ یہ سب کچھ دریافت کر کے:

> وکیل معتمد را نزد ما فرستادہ اطلاع دہید، ما حتی الامکان بہ تائید مجاہداں خواہیم پرداخت ومال واسباب کثیر ومردم بسیار روانہ خواہیم نمود۔ (۱)
>
> ترجمہ: قابل اعتماد وکیل ہمارے پاس بھیج کر اطلاع دیجئے۔ ہم حتی الامکان مجاہدین کی تائید کریں گے۔ بہت سامال واسباب اور بہت سے آدمی بھیجیں گے۔

حیدر آباد دکن سے حیدر آباد سندھ

یہ تمام حضرات سید محمد علی رام پوری اور مولوی ولایت علی عظیم آبادی کے معتقد تھے۔ ان سے استصواب کی خاطر کلکتہ خطوط بھیجے۔ جب وہاں سے جواب باصواب آ گیا تو ۱۴ر شعبان ۱۲۵۳ھ (۳ر نومبر ۱۸۳۷ء) کو حیدر آباد سے روانہ ہوئے۔ شولا پور اور پونہ ہوتے ہوئے بمبئی سے جہاز کی سواری میں کراچی پہنچے۔ وہاں سے ایک ہفتے میں حیدر آباد چلے گئے۔ سید عبد الرحمٰن (خوہر زادۂ سید صاحب) نے ان کا خیر مقدم کیا، عزت سے ٹھہرایا اور پورے حالت ان کے گوش گزار کر دیے۔ وہاں سے اواخر ذی قعدہ میں یہ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۲۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لوگ کشتی پر سوار ہو کر مولوی سید نصیر الدین کے پاس گئے، جو اس وقت شکار پور میں تھے اور جو معلومات حاصل کرنے کی غرض سے وہ آئے تھے، ایک مفصل مکتوب کی صورت میں دو قاصدوں کے ذریعے سے حیدر آباد بھیج دیں۔

مبارز الدولہ کا انجام

افسوس کہ مبارز الدولہ کا یہ مبارک اقدام ان کے بھائیوں اور دوسرے امراء میں گوناگوں غلط فہمیوں کا باعث بن گیا۔ ناصر الدولہ نے یہ سمجھا کہ اس طرح مبارز الدولہ دولتِ آصفیہ کی حکومت حاصل کرنے کے خواہاں ہیں۔ جن مستورات کو حرم سے نکالا گیا تھا، انھوں نے شور مچایا تو مبارز الدولہ کے بھائیوں نے اس روش کو آباء واجداد کی رسم کے خلاف قرار دیتے ہوئے بدنامی کا باعث تصور کیا۔ چنانچہ اس نیک دل نواب کو حیدر آباد سے نکال کر گولکنڈہ کے قلعے میں نظر بند کر دیا گیا۔ کچھ مدت بعد انھوں نے وفات پائی۔ پھر ناصر الدولہ، ان کے بھائیوں، دوسرے امیروں، نیز پرانی وضع کے عالموں اور پیروں نے ان تمام اصحاب کو گوناگوں مصیبتوں کا ہدف بنا دیا جو تحریک اصلاحِ جہاد سے وابستہ تھے۔ اس طرح منظم اصلاحی تحریک کا شیرازہ درہم برہم ہو گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواں باب:

آغازِ جہاد کا پس منظر

مزاریوں کی سرگزشت

مولوی سید نصیر الدین نے تمام معاملات پر غور وفکر کے بعد مزاریوں کے علاقے میں اقامت اختیار کر لینے کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ علاقہ خیر پور کے حدود سے متصل موجودہ ضلع ڈیرہ غازی خاں کے جنوبی حصے پر مشتمل ہے۔ اس سلسلے میں تفصیلات کا رشتۂ بیان سنبھالنے سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اول خود مزاریوں کی سرسری سرگزشت پیش کر دی جائے۔ دوم گردوپیش کے سیاسی ماحول کی مجمل کیفیت بتا دی جائے۔

مزاری (۱) بلوچوں کی ایک بہت بڑی قوم ہے، جو غالباً سترھویں صدی عیسوی کے اواخر یا اٹھارہویں صدی کے اوائل میں اپنے پہلے مقام سے اٹھ کر نئی چراگاہوں کی تلاش میں نکلی۔ اس زمانے میں ناہر قوم دریائے سندھ کے کناروں پر قابض تھی۔ وہ دو فریقوں میں بٹی ہوئی تھی، جو آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ ایک کا صدر مقام کن تھا، دوسرے کا بھاکسر۔ ایک لڑائی میں مزاریوں نے ناہر قوم کے ایک رفیق کی مدد کر کے وہ علاقہ صلے

(۱) مولوی سید نصیر الدین اور سید صاحب کے تمام ارادات مند شرک و بدعت کے رسوم سے سخت بیزار تھے۔ مزاری کے نام سے ہندوستان کے اہل حق کو شبہ ہو سکتا تھا کہ یہ لوگ غالباً مزار پرست ہیں، لہٰذا مولوی صاحب نے اپنے ایک مکتوب میں تصریحاً لکھا کہ یہ قوم کا نام ہے۔ مزار پرستی سے اسے کوئی تعلق نہیں، البتہ وجہ تسمیہ کا پتہ نہیں چل سکا۔ یہ بالکل درست ہے۔ مزاریوں کی وجہ تسمیہ میں دو روایتیں ہیں: ایک یہ کہ ان کے بڑے کا نام مزار تھا۔ دوسری یہ کہ یہ قوم ابتدا میں ایک ندی پر آباد تھی، جس کا نام مزار تھا۔ اس لئے اس قوم کا نام مزاری مشہور ہو گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں لے لیا، جو ضلع ڈیرہ غازی خاں میں روجھان اور دریائے سندھ کے مابین واقع تھا اور وہ اس علاقے میں مستقل طور پر آباد ہو گئے۔

احمد شاہ ابدالی کو عروج حاصل ہوا تو اس نے داجل اور ہرنڈ کے علاقے قلات کے بروہی حکمران کو دیدیے، جو مزاریوں کے وطن سے شمال میں واقع تھے۔ انھوں نے کشمور میں قلعہ بنا کر مزاریوں سے لڑائیاں شروع کر دیں۔ ایک لڑائی میں مزاریوں کا سردار گل شیر خاں مارا گیا۔ اس کے بیٹے شاہ علی خاں نے کشمور پر حملہ کر کے بروہیوں کو وہاں سے نکال دیا۔ شاہ علی خاں کے بعد اس کا بھائی دوست علی خاں اور بھتیجا حمل خاں یکے بعد دیگرے قوم کے رئیس بنے۔ آخر الذکر نے میر رستم خاں والی خیر پور سے تعلقات پیدا کر لئے۔ ۱۸۰۱ء میں وہ فوت ہوا تو اس کا بیٹا میر بہرام خاں مزاری قوم کا سردار بن گیا۔ یہی شخص ہے، جس کی سرداری کے زمانے میں مولوی سید نصیر الدین مزاری علاقے میں پہنچے اور انھوں نے جہاد کا آغاز کیا۔

انگریز

اب سب سے پہلے سیاسی ماحول کا سرسری نقشہ سامنے رکھ لیجئے، ہم ایک ایک طاقت کا حال الگ الگ بیان کریں گے۔

ہندوستان پر انگریز قابض ہو چکے تھے اور وہ اپنا دائرۂ اقتدار آہستہ آہستہ بڑھا رہے تھے۔ حاکمانِ سندھ سے ان کا تعلق تجارت کے سلسلے میں ہوا اور ایک معاہدے کے ذریعے سے انھوں نے دریائے سندھ میں تجارت کی غرض سے کشتی رانی کا ٹھیکہ لے لیا۔ ساتھ ساتھ وہ حاکمانِ سندھ کی حفاظت کے بھی ذمہ دار بن گئے۔ اس زمانے میں انگریزوں کو ہندوستان کی طرف روسی پیش قدمی کا بہت خطرہ تھا، لہٰذا افغانستان پر بھی ان کی نظریں جمی ہوئی تھیں، جو روسیوں کے مقابلے میں ہندوستان کا پہلا مورچہ تھا۔ انھوں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے افغانستان کے دو حکمرانوں کو بھی اسی خیال سے اپنے ہاں پناہ دے دی تھی کہ جب ضرورت پڑے گی، ان سے اپنی مرضی کے مطابق کام لے لیں گے۔ ایک زمان شاہ درّانی، جسے اس کے بھائی محمود نے اندھا کر دیا تھا(۱)، دوسرا شاہ شجاع۔

رنجیت سنگھ

رنجیت سنگھ نے ۱۸۰۹ء میں انگریزوں سے معاہدہ کر کے دریائے ستلج کو اپنی عملداری کی جنوبی حد بنا لیا تھا اور وہ مسلسل شمالی و مغربی جانب پیش قدمی کرتا رہا۔ چنانچہ اس نے ہزارہ کے علاوہ پشاور تک سرحدی علاقہ لے لیا، نیز شکارپور کی طرف پیش قدمی شروع کر دی۔ انگریز اور سندھی اس پیش قدمی کو روکنے کے خواہاں تھے۔ رنجیت سنگھ کا دعویٰ یہ تھا کہ مٹھن کوٹ سے نیچے جو دریا ہے، اسے بھی دریائے ستلج سمجھنا چاہئے جو سکھوں اور انگریزوں کے درمیان حدِ فاصل قرار پا چکا تھا۔ گویا وہ اس دریا کے پار کی سرزمین کو ان علاقوں میں شمار کرتا تھا جن میں ۱۸۰۹ء کے معاہدے کے مطابق وہ حسبِ دلخواہ پیش قدمی کا مجاز تھا اور انگریز اسے روکنے یا پیش قدمی میں مداخلت کرنے کے حقدار نہ تھے۔ انگریز کہتے تھے کہ ۱۸۰۹ء کے معاہدے کی حد مٹھن کوٹ پر ختم ہو جاتی ہے، اس لئے کہ دریائے ستلج وہاں ختم ہو جاتا ہے۔ اس سے آگے دریائے سندھ ہے، جسے معاہدے سے کوئی علاقہ نہیں۔

رنجیت سنگھ نے میاں عبدالنبی کلھوڑہ کو بھی اپنی عملداری میں راجن پور کے مقام پر ایک جاگیر دے دی تھی۔ اسی سے ٹالپروں نے سندھ کی حکومت چھینی تھی۔ رنجیت سنگھ کا مقصد یہ تھا کہ ضرورت پیش آئے گی تو میاں عبدالنبی کو سندھ پر قبضے کیلئے ٹالپروں کے خلاف آلۂ کار کے طور پر استعمال کرے گا۔ یہ وہی پالیسی تھی جس پر انگریز افغانستان کے

(۱) زمان شاہ کو اسیری کے زمانے میں انگریزوں کی طرف سے دو ہزار روپے ماہوار بہ طور وظیفہ ملتے رہے۔ غالباً ۱۸۴۵ء میں شاہ موصوف نے وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تعلق میں کاربند تھے۔

حاکمانِ سندھ

حاکمانِ سندھ کی پوزیشن عجیب وغریب تھی۔ وہ انگریزوں سے بھی ہراساں تھے، رنجیت سنگھ سے بھی اور والیانِ افغانستان سے بھی۔ کبھی ایک کی پناہ لینے پر آمادہ ہو جاتے، کبھی دوسرے سے معاملے کی گفتگو شروع کر دیتے، کبھی تیسرے کی طرف مائل ہو جاتے۔ شکار پور درّانیوں کی حکومت کے زمانے میں سلطنت افغانستان کا جزو بن چکا تھا۔ ٹالپروں نے جب اس کا انتظام سنبھالا تو حکومتِ افغانستان کو خاص رقم بطور خراج دینے کا عہد کیا تھا۔ افغانستان میں درّانیوں اور بارک زئیوں کے درمیان خانہ جنگی شروع ہوگئی تو حاکمانِ سندھ نے خراج روک لیا، لیکن انھیں ہر وقت خطرہ لگا رہتا تھا کہ خدا جانے کب کوئی حکمراں شکار پور پر قبضہ کر لے۔

افغانستان

افغانستان پہلے سدوزئیوں کے قبضے میں تھا۔ ان میں خانہ جنگی شروع ہوئی تو پہلے زمان شاہ معزول ہوا، پھر شاہ شجاع باہر نکلا۔ آخر میں شاہ محمود کی حکومت زائل ہوئی اور بارک زئی افغانستان کے مختلف حصوں پر قابض ہو گئے۔ صرف ہرات سدوزئیوں کے قبضے میں رہ گیا۔ زمان شاہ اور شاہ شجاع لدھیانہ میں مقیم ہو گئے اور انگریزوں نے ان کے لئے وظیفے مقرر کر دیے۔ شاہ شجاع کھوئی ہوئی سلطنت حاصل کرنے کی سعی میں برابر لگا رہا۔ ایک موقع پر اس نے شکار پور اور پشاور دونوں رنجیت سنگھ کے حوالے کر کے مدد لینی چاہی، لیکن فیصلہ نہ ہو سکا۔ ۱۸۳۳ء میں وہ خود افغانستان کو فتح کرنے کیلئے نکلا۔ حاکمانِ سندھ نے یہی مناسب سمجھا کہ اسے گذر جانے دیں اور کوئی مزاحمت نہ کریں، مگر شاہ شجاع نے شکار پور پہنچ کر حاکمانِ سندھ سے بقایا خراج کا مطالبہ پیش کر دیا۔ بڑی مشکل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے اسے پانچ لاکھ روپے دے کر راضی کیا گیا۔ آگے بڑھا تو اس نے شکست کھائی۔ وہ لوٹا تو اندیشہ پیدا ہو گیا کہ ممکن ہے پھر شکارپور میں قدم جما کر بیٹھ جائے۔ اس خوف سے حاکمانِ سندھ شکارپور کو رنجیت سنگھ کے حوالے کرنے پر آمادہ ہو گئے تاکہ شاہ شجاع کی دست بُرد سے بچے رہیں۔

عمومی کیفیت

غرض مولوی سید نصیر الدین کے پہنچنے پر عمومی کیفیت یہ تھی:

۱۔ رنجیت سنگھ شکارپور کی جانب بڑھ رہا تھا اور سندھ کیلئے خطرہ پیدا ہو چکا تھا۔ وہ کہتا تھا کہ شکارپور سندھ کا حصہ نہیں بلکہ سلطنتِ افغانستان کا حصہ ہے اور اس پر قبضہ سے مجھے روکا نہیں جا سکتا۔

۲۔ انگریز اپنی مصلحتوں کے پیشِ نظر سندھ کو رنجیت سنگھ کی دست بُرد سے محفوظ رکھنے کے لئے کوشاں تھے۔ ساتھ ہی یہ بھی چاہتے تھے کہ رنجیت سنگھ کے ساتھ دوستانہ تعلقات میں فرق نہ آئے۔

۳۔ حاکمانِ سندھ کی دلی خواہش یہ تھی کہ جو گروہ رنجیت سنگھ کا مقابلہ کریں، انھیں ہر ممکن ذریعے سے خفیہ خفیہ مدد دیں، لیکن اس مدد کی ذمہ داری ان پر عائد نہ ہونے پائے۔

۴۔ مختلف گروہوں میں سے مزاری بلوچ سکھوں کی مخالفت میں پیش پیش تھے، لہٰذا سندھ کے تمام عناصر کی خواہش یہی تھی کہ انھیں تقویت پہنچائی جائے۔

مزاریوں اور سکھوں کی کشمکش

مزاری اپنے دستور کے مطابق سکھ علاقوں میں تاخت و تاراج کرتے رہتے تھے، اس وجہ سے سکھوں اور سندھیوں کے درمیان کشمکش شروع ہو جانے کا خطرہ موجود تھا۔ کننگھم لکھتا ہے کہ ۱۸۳۳ء میں دیوان ساون مل نے، جو سکھوں کی طرف سے ملتان

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کا ناظم تھا، مزاریوں کی شدید گوشمالی کی اور روجھان کے قلعے میں اپنی فوج بٹھا دینے کا ارادہ کرلیا۔ لیکن رنجیت سنگھ نے اجازت نہ دی۔ اسے یقیناً یہ خیال ہوگا کہ ممکن ہے، انگریزی حکومت حاکمانِ سندھ کی حمایت میں اس پر معترض ہو اور اس سے تعلقات بگڑ جائیں۔ ۱۸۳۵ء میں یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ مزاری والیٔ خیر پور کی انگجنت پر سکھوں کی چوکیوں کے خلاف ترکتازیاں کررہے ہیں۔ اس پر انگریزوں نے حاکمانِ سندھ کو متنبہ کیا کہ انگجنت کا یہ سلسلہ ختم ہوجانا چاہئے اور مزاریوں کو ترکتازیوں سے روکنا ضروری ہے تاکہ رنجیت سنگھ کو مداخلت کا بہانہ نہ مل سکے۔ لیکن مزاریوں کے حملے جاری رہے، یہاں تک کہ اگست ۱۸۳۶ء میں دیوان ساون مل نے روجھان پر قبضہ کرکے وہاں اپنی فوج بٹھا دی۔ (۱)

سید محمد لطیف فرماتے ہیں:

> اگست ۱۸۳۶ء میں دیوان ساون مل ناظم ملتان نے مہاراجا کے پاس عرضداشت بھیجی کہ مزاری بلوچ سکھوں کی چوکیوں پر مسلسل حملے کرتے رہتے تھے، لہٰذا میں نے روجھان پر قبضہ کرلیا ہے۔ آئندہ اکتوبر میں پھر مزاریوں اور سکھوں کے درمیان لڑائی ہوئی۔ مزاری بھاری نقصان اٹھا کر شکست کھا گئے اور فتح مند سکھوں نے ان کے قلعہ کن پر قبضہ کرلیا۔ اس اثناء میں کنور کھڑک سنگھ اور کنور نونہال سنگھ بہت بڑی فوجوں کے ساتھ دریائے سندھ کے کنارے پر موجود تھے۔ (۲)

یہ حالات تھے، جب مولوی سید نصیر الدین اور مزاریوں کے درمیان عہد و پیمان ہوا اور جماعتِ مجاہدین کو آغازِ جہاد کا موقع ملا۔

---

(۱) کننگھم کی تاریخ سکھاں (انگریزی) طبع اول ص: ۲۱۶

(۲) سید لطیف کی تاریخ پنجاب (انگریزی) مطبوعہ ۱۸۹۱ء ص: ۴۷۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میر بہرام خاں

موہن لال دہلوی نے مارچ ۱۸۳۶ء میں سرکار انگلشیہ کے ملازم کی حیثیت میں ان علاقوں کا دورہ کیا تھا اور اس سفر میں وہ میر بہرام خاں سے بھی ملا تھا۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ اِردگرد کے بلوچوں میں دانشمندی اور فہم وفراست کے لحاظ سے بہرام خاں کو خاص شہرت حاصل ہے:

> وہ دبلا پتلا آدمی ہے، قد درمیانہ، دیکھنے میں ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی شخص گہرے خیالات میں ڈوبا ہوا ہو۔ اس کی طبیعت میں وہ شرارت اور دنائت بھی نظر نہیں آتی، جو عام طور پر اس سے منسوب کی جاتی ہے۔ اس کے تین بیٹے ہیں اور چار بیٹیاں۔ وہ سرداروں کا سا لباس نہیں پہنتا، اگرچہ میں نے سنا ہے کہ اس کے پاس بہت روپیہ ہے۔ (۱)

موہن لال نے یہ بھی لکھا ہے کہ سکھوں نے میر بہرام کی خوش دامن جنت بی بی کو گرفتار کرلیا تھا اور اسے ملتان لے آئے تھے، جہاں میں نے بھی اس سے ملاقات کی تھی۔ میر بہرام خاں نے اس کے فدیے میں بیس اونٹوں کی پیش کش کی تھی لیکن سکھوں نے مزید پچیس اونٹوں کا مطالبہ پیش کردیا تھا۔ (۲)

(۱) موہن لال کا سفرنامہ (انگریزی) ص: ۳۲۵-۳۲۶

(۲) موہن لال کا سفرنامہ (انگریزی) ۳۸۸-۳۸۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دسواں باب:

روجھان اور کَن کی لڑائیاں

مزاریوں میں قیام کی تجویز

سندھ پہنچنے کے بعد مولوی سید نصیر الدین کو تقریباً ہر ذمہ دار آدمی نے یہی مشورہ دیا کہ مزاریوں کے علاقے میں قیام کرنا چاہئے۔ چنانچہ مولوی صاحب پیر کوٹ پہنچے تو سید عبدالرحمٰن (خواہر زادۂ سید صاحب) نے پہلے سے موصوف کیلئے یہی تجویز طے کر رکھی تھی۔ سید جعفر علی ساکن خیر پور سے اس بارے میں گفتگو ہوئی تو انھوں نے بھی اس تجویز پر پسندیدگی کا اظہار کیا۔

میرا خیال ہے، یہ مشورہ اس بنا پر دیا گیا کہ اس زمانے میں مزاری بلوچ سکھوں کے خلاف لڑ رہے تھے، لیکن اس معاملے کے مختلف پہلوؤں کا ٹھیک ٹھیک اندازہ نہ کیا گیا۔ مثلاً مزاریوں کا مقام ایسا تھا کہ وہاں زیادہ دیر تک جنگ جاری نہ رکھی جا سکتی تھی۔ اگر حاکمانِ خیر پور وحیدر آباد پر انگریزوں اور سکھوں کا دباؤ پڑتا تو وہ یقیناً الگ ہو جاتے بلکہ مزاریوں کو بھی مجاہدین کی اعانت سے روک دیتے۔ پھر وہ جانبازانِ راہِ حق اس علاقے کو چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے اور جہاد کے تمام انتظامات بے سود رہ جاتے، خاص طور پر قابل توجہ امر یہ ہے کہ مزاریوں کی نفری اگرچہ خاصی تھی، لیکن ان میں کوئی تنظیم نہ تھی۔ یاغستانی پٹھانوں کی طرح وہ لوٹ مار میں خاصی سرگرمی دکھا سکتے تھے، تاہم مدتِ مدید کی تربیت کے بغیر وہ منظم جنگ کیلئے زیادہ کارآمد نہ ہو سکتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی صاحب کے تاثرات

مولوی صاحب نے غالباً اس بنا پر یہ مشورہ بے تامل قبول کر لیا کہ گرد و پیش اور کوئی موزوں مقام نہ تھا، جہاں سے جہاد کا فوری آغاز ہو سکتا۔ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ پہلے سے ان کے دل پر مزاریوں کے متعلق اچھا اثر پیدا ہو چکا تھا، اگر چہ یہ تاثر محض شنید پر مبنی تھا، خود مولوی صاحب کو تجربے کی بنا پر اس کی توثیق کا موقع نہ ملا تھا۔ چنانچہ وہ ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

مزاریاں بہ شجاعت وشہامت ضرب المثل اند و نیز در اجمیر و جودھ پور بذریعۂ اخبار انگریزی معلوم شدہ بود کہ دریں ولا قوم مذکور بر بعض محروسہ و مقبوضہ سکھ اغارہ کردند و چارپائے ہا بسیار بہ غارت بردند۔ بہ طرف ایں قوم رغبتے می یافتم۔(۱)

ترجمہ: مزاری بہادری میں ضرب المثل ہیں، علاوہ بریں اجمیر اور جودھ پور میں انگریزوں کی بہم پہنچائی ہوئی خبروں سے معلوم ہو چکا تھا کہ اس زمانے میں مزاریوں نے سکھوں کے بعض علاقوں پر تر کتاز کی اور بہت سے مویشی لوٹ لئے گئے، لہٰذا اس قوم کی طرف میرے دل میں اک گونہ رغبت پیدا ہو گئی تھی۔

پھر فرماتے ہیں:

چوں میرانِ خیر پور زیر دستانِ فرنگیاں و آشتی دارانِ سکھاں اند، قرار خود در محروسہ ایشاں مقرون صلاح نمی بینم۔ اگر چہ متوقع چناں است کہ بفضلہٖ سبحانہٗ مسلمانانِ ایں دیار بسیارے از بسیار ہمراہ خواہند شد۔ بہ خلاف قومِ مزاری کہ نہ از سکھاں خوفے دارند، نہ فرنگیاں۔(۲)

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۲۹

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۳۰، ۳۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: والیانِ خیر پور چونکہ فرنگیوں کے زیر اثر ہیں اور سکھوں سے انھوں نے صلح کر رکھی ہے، لہٰذا ان کے علاقے میں قیام میرے نزدیک خلافِ مصلحت ہے۔ بایں ہمہ امید کی جاتی ہے کہ اس ملک کے مسلمان بہت زیادہ تعداد میں میرا ساتھ دیں گے۔ والیانِ خیر پور کے خلاف مزاری نہ سکھوں سے ڈرتے ہیں، نہ فرنگیوں سے۔

قابلِ غور نکتہ

آخری اقتباس سے واضح ہے کہ مولوی سید نصیر الدین نے دو وجہ سے خیر پور میں بیٹھنا مناسب نہ سمجھا۔ اول ریاست کا فرنگیوں کے زیر اثر ہونا، دوم سکھوں سے مصالحانہ تعلقات رکھنا۔ مولوی صاحب موصوف سید صاحب کی میراث کے حامل تھے۔ اگر انگریزوں کے متعلق سید صاحب کی رائے وہی ہوتی جو مولوی محمد جعفر تھانیسری کی تحریر کے مطابق بعض حضرات نے ایک صدی تک قبول کیے رکھی تو مولوی صاحب انگریزی اثر کو کیوں موجبِ قدح قرار دیتے؟ حقیقت یہی ہے کہ سید صاحب اور ان کے تمام رفقاء وخلفاء ہندستان کو ہر اُس تسلط سے پاک کرنا چاہتے تھے جو مسلمان حکمرانوں کی نااہلی کے باعث یہاں قدم جما چکا تھا۔ سکھ تھوڑے سے حصے پر قابض تھے۔ ملک کا بڑا حصہ انگریزوں کے قبضے میں تھا۔ پھر یہ بزرگ کس بنا پر انگریزی تسلط کو بہ اطمینانِ خاطر قبول کر سکتے تھے؟ آگے چل کر مولوی صاحب نے انگریزوں کے خلاف باقاعدہ جنگ کی اور معاملے کو وضاحت کی آخری منزل پر پہنچا دیا۔

مزاریوں سے عہد و پیمان

قطعی فیصلے کے ساتھ ہی مزاریوں سے باقاعدہ گفت وشنید شروع ہوگئی تاکہ طریق کار کے متعلق سب کچھ طے ہو جائے۔ مزاریوں میں سے مولوی صاحب نے زیادہ تر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تین آدمیوں کا ذکر کیا ہے: ایک حاجی خاں، دوسرا فتح خاں اور تیسرا کرم خاں۔(۱) ایک مقام پر بہرام خاں مزاری، کرم خاں مزاری، تبرک خاں بگٹی اور بجار خاں ڈومکی کا ذکر فرمایا ہے۔(۲) اول الذکر تینوں سردار میر رستم کے پاس خیر پور آئے ہوئے تھے۔ مولوی صاحب نے اپنے رفیق خاص ابو احمد علی کو ان کے پاس بھیج دیا کہ گفتگو ہو جائے۔(۳) ایک خط میں لکھتے ہیں کہ کرم خاں مزاری نے اقرار نامہ لکھ کر دے دیا ہے۔ ان بلوچوں کی کیفیت یہ ہے:

ہر کہ در خانۂ ایشاں برود تا جاں در تنِ ایشاں ہست، رفاقتِ اومی کنند وراسخ العہد وصادق المیثاق بودنِ ایشاں مشہور است۔ چنانچہ بعضے اقوامِ ایشاں درمیانِ خود دشمنی دارند و جنگ درمیانِ خود می کنند۔ ہرگاہ کہ وعدہ کنند کہ دو سال صلح ہست، ہرگز درمیانِ خود غدر نمی کنند۔(۴)

ترجمہ: جو شخص انکے گھر چلا جائے، جب تک جان بدن میں رہے، اس کا ساتھ دیتے رہیں اور ان کا وعدے پر قائم رہنا اور باوفا ہونا مشہور ہے۔ چنانچہ ان کے مختلف گروہوں میں دشمنی کی بنا پر لڑائیاں ہوتی رہتی ہیں، مگر جب وعدہ کر لیتے ہیں کہ مثلاً دو سال کیلئے صلح ہے تو اسکی خلاف ورزی نہیں کرتے۔

روجھان کا محاصرہ

ہم بتا چکے ہیں کہ روجھان پر سکھوں نے قبضہ جما لیا تھا۔ مولوی صاحب مزاریوں سے عہد و پیمان کے بعد پہلے پنجی میں ٹھہرے رہے۔ شعبان ۱۲۵۳ھ کے آخری عشرے

(۱) مثلاً ملاحظہ ہو اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۸، ۲۵

(۲) ملاحظہ ہو اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۸۲

(۳) ملاحظہ ہو اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۲۶، ۲۹

(۴) مثلاً ملاحظہ ہو اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

(نومبر ۱۸۳۷ء) میں روجھان پر پیش قدمی کی اور ۲۵ شعبان کو قلعے کا محاصرہ کرلیا۔ مجاہدین کے پاس چار شاہینیں تھیں، جنہیں مختلف مورچوں میں نصب کرلیا اور لڑائی شروع ہوگئی۔ اہل قلعہ نے دروازے بند کرلئے اور توپ لگا کر مجاہدین پر گولہ باری کرنے لگے۔ دو روز محاصرہ جاری رہا۔ آخر محصورین نے تنگ آکر دست بدست لڑائی کی ٹھانی۔ وہ دو چار مرتبہ قلعے سے باہر نکلے، جا بجا مورچے قائم کیے، لیکن مجاہدین کے مقابلے کی تاب نہ لا سکے اور قلعے میں جا بیٹھے۔ دو روز میں تقریباً بیس محصورین مارے گئے اور تین مجاہدین نے شہادت پائی۔

مہا سنگھ روجھان کا قلعہ دار تھا اور اس نے اپنی امداد کیلئے مٹھن کوٹ، عمر کوٹ (۱) اور ڈیرہ غازی خاں کے قلعہ داروں کو بھی بلا لیا تھا۔

مزاریوں کی مراجعت

مزاریوں میں سے ایک سردار سکھوں کے ہمراہ تھا۔ مولوی صاحب لکھتے ہیں:

دوست علی خاں پسر کلاں سردار بہرام خاں مزاری و جمال خاں ولشکر خاں پسرانِ کرم خاں مزاری باتمن ہائے خود..... از متعلقانِ آں بلوچ کہ در حکومت سکھاں می زیست، کشتند وگلہ ہائے گاواں وغیرہ بہ غارت بردند۔ (۲)

ترجمہ: بہرام خاں مزاری کے بڑے بیٹے دوست علی خاں نیز کرم خاں کے بیٹوں جمال خاں اور لشکر خاں نے اس بلوچ سردار کے سواروں اور پیادوں کو قتل کر دیا، جو سکھوں کی حکومت میں رہتا تھا اور مویشی وغیرہ کے بہت سے گلے قبضے میں لے لیے۔

اس بلوچ سردار نے سوچا کہ اگر روجھان فتح ہوگیا تو بہرام خاں اور کرم خاں کے

(۱) واضح رہے کہ یہ عمر کوٹ ضلع ڈیرہ غازی خاں میں روجھان اور راجن پور کے درمیان واقع ہے۔

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوط ص: ۴۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بیٹے مجھے زندہ نہ چھوڑیں گے۔ چنانچہ اس نے اپنے بچاؤ کے لئے یہ تدبیر اختیار کی کہ ایک بلوچ کو قرآن دے کر ان مزاریوں کے پاس بھیجا، جس نے بتایا کہ دیوان ساون مل ناظم ملتان بھاری لشکر لے کر قریب آپہنچا ہے۔ قرآن بہ طور حلف بھیجا گیا تھا کہ اس خبر کی صحت کے متعلق کوئی وسوسہ باقی نہ رہے۔

جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں، مزاری منظم جنگ کے اہل نہ تھے۔ یہ خبر سنتے ہی ان پر خوف طاری ہو گیا۔ وہ لوٹے ہوئے ریوڑ لے کر مولوی صاحب کو اطلاع دیے بغیر، روجھان سے چلے گئے اور چلتے وقت کہہ گئے کہ ہم جانوروں کیلئے چارہ لیکر واپس آجائیں گے۔

مجاہدین کی پریشانی

مجاہدین کی تعداد بھی زیادہ نہ تھی اور ان کے پاس رسد کا بھی کوئی ذخیرہ نہ تھا۔ سب کے لئے رسد کشمور سے جاتی تھی، جو روجھان سے دو منزل پر واقع تھا۔ اس بنا پر محاصرہ جاری رکھنے کی کوئی صورت باقی نہ رہی۔ اگر سکھوں کی بڑی فوج روجھان پہنچ جاتی تو مجاہدین اس کے مقابلے میں ٹھہر نہ سکتے تھے اور دو منزل سے روزانہ رسد منگوانے کا انتظام بہت مشکل تھا، لہٰذا مولوی صاحب نے فیصلہ کیا کہ فی الحال محاصرہ چھوڑ دیا جائے اور نئے سرے سے فوج مرتب کر کے دوبارہ اقدام کیا جائے۔ چنانچہ آپ نے روجھان کے مورچے چھوڑ کر نمازِ عشاء کے بعد کشمور کا راستہ لیا۔ (۱)

کن میں لڑائی

روجھان سے تقریباً چار کوس جنوب میں کن واقع ہے، جہاں سکھوں نے ایک فوجی چوکی قائم کر رکھی تھی۔ روجھان کے سکھوں کو جب معلوم ہوا کہ مجاہدین محاصرہ چھوڑ گئے

(۱) یہ تمام تفصیلات اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ سے ماخوذ ہیں۔ ملاحظہ ہوں صفحات ۴۴۵ تا ۴۴۸۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہیں تو وہ سب ان کے تعاقب میں نکل پڑے۔ کن کے قریب انھوں نے نقارے بجا کر مجاہدین پر حملہ کر دیا۔ مجاہدین نے اللہ اکبر کے نعروں سے ان کا مقابلہ کیا اور ایک ہی حملے میں سکھوں کو راہِ فرار اختیار کرنے پر مجبور کر دیا، لیکن اندیشہ تھا کہ وہ پلٹ کر حملہ کریں گے، لہٰذا مجاہدین دوپہر تک اسی جگہ انتظار میں بیٹھے رہے۔ چنانچہ سکھ دوبارہ نمودار ہوئے اور دوبارہ جنگ شروع ہوگئی۔ اتفاق سے مٹھن کوٹ کا قلعہ دار کرم سنگھ اور اس کا ایک ساتھی مجاہدین کے نرغے میں آ گئے۔ محمد شاہ، عبدالعظیم خاں، مہر خاں، عظیم اللہ خاں اور نور محمد نے انھیں موت کے گھاٹ اتار دیا اور دونوں کے سر کاٹ کر قلعہ کن کے دروازے پر لٹکا دیے۔ سکھ دوبارہ بھاگ نکلے۔ ان کے دس سوار مارے گئے اور بہت سے زخمی ہوئے۔ دوسرے روز مجاہدین کن سے روانہ ہو کر کشمور پہنچ گئے۔ (۱)

''باغ و بہار'' کا بیان

ان لڑائیوں کے حالات کسی کتاب میں درج نہیں ہوئے۔ ہتو رام نے ''باغ و بہار'' کے نام سے ضلع ڈیرہ غازی خاں کی تاریخ ۱۸۷۱ء میں شائع کی تھی جو اَب بہت کمیاب ہے۔ صرف اس میں روجھان پر سکھوں کے قبضے کا ذکر کرتے ہوئے لکھا گیا ہے:

> تھوڑا عرصہ بعد مولوی نصیر الدین غازی ہندوستانی علاقہ قندھار سے پھرتا ہوا بہ جمعیت ایک ہزار سوار و پیادہ وارد علاقہ سندھ ہوا۔ تمن دار مزاری نے مولوی مذکور کو حامیٔ خود بنا کر علاقہ روجھان کو تاخت و تاراج کرنا شروع کیا، مگر کاردار متعینہ قلعہ رُوجھان بہ سبب پناہ اُس قلعے کے بچ گیا۔ مردمانِ مزاری علاقہ روجھان کو مار تباہ کر کے واپس چلے گئے۔ (۲)

مولوی صاحب کے متعلق یہ کہنا کہ وہ علاقہ قندھار سے سندھ آئے، غلط فہمی پر مبنی ہے، تاہم یہ بیان فی الجملہ مولوی صاحب کے تحریر کردہ واقعات کا مُصدِّق ہے۔

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۴۷ تا ۵۰ (۲) ''باغ و بہار'' طبع اول ص: ۱۵۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گیارہواں باب:

نئی قیام گاہ اور نئی تدبیریں

کشمور اور بھمک

مجاہدین چند روز کشمور میں مقیم رہے۔ یہ مقام سکھوں کی عملداری سے بہت قریب تھا اور ہر لحظہ کشمکش کا اندیشہ لگا رہتا تھا۔ اتنی فرصت نہ ملتی تھی کہ مولوی صاحب مختلف مقامات کا دورہ کر کے لوگوں کو جہاد کیلئے تیار کر سکیں۔ اس سے بھی بڑی مصیبت یہ پیش آئی کہ کشمور کا حاکم خفیہ خفیہ ساون مل ناظم ملتان سے ساز باز رکھتا تھا، وہ مجاہدین کیلئے رسد کی بہم رسانی میں رکاوٹیں پیدا کرنے لگا۔ لہٰذا یہی مناسب معلوم ہوا کہ کشمور کے بجائے کسی دوسرے مقام کو مرکز بنایا جائے۔ چنانچہ مولوی صاحب مجاہدین کو لے کر ایک اور مقام پر جا ٹھہرے، جو روجھان سے آٹھ نو کوس دور تھا۔ (۱)

سکھوں پر شبخون

ایک روز خبر ملی کہ سکھ سواروں اور پیادوں کی ایک جماعت ایک بستی میں پہنچی ہوئی ہے، جو مجاہدین کی قیام گاہ سے تقریباً چار کوس تھی۔ یہ بھی سنا گیا کہ وہ لوگ دریا عبور کر کے مجاہدین پر حملہ کرنے والے ہیں۔ مولوی صاحب نے خود ان پر شبخون مارنے کا ارادہ کر لیا۔ چنانچہ ۲۷ رمضان ۱۲۵۳ھ (۲۵ دسمبر ۱۸۳۷ء) کو دو سو جانباز منتخب کر کے بھیج دیے، جنھوں نے کشتیوں پر دریا عبور کیا، لیکن بستی میں پہنچے تو معلوم ہوا، وہاں کوئی نہیں۔

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۰۹۔ اس مقام کا صحیح نام معلوم نہ ہو سکا، نظر بظاہر یہ بھمک یا بہمک معلوم ہوتا ہے، لیکن مجھے ایسے مقام کا پتہ نہ چل سکا۔ آغا عابد الدین رئیس یاسین گڑھی نے بھی چھان بین کرائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساون مل اس مقام سے تھوڑے فاصلے پر فوج لئے بیٹھا تھا، اس نے اپنے آدمیوں کو شبخون کے لئے تیار کرنا چاہا تو جواب ملا:

تو پیش مامی روی، ماہم ہمراہِ تو می رویم والاّ مجال نداریم کہ بر غازیاں شبخون زنیم۔(۱)

ترجمہ: تو ہمارے آگے چل۔ ہم تیرے ساتھ جانے کے لئے تیار ہیں، ورنہ ہمیں یہ حوصلہ نہیں کہ غازیوں پر شبخون ماریں۔

ساون مل نے ان مزاریوں کو شبخون پر ابھارنے کی کوشش کی جو اپنے ہم قوموں کا ساتھ چھوڑ کر سکھوں سے ملے ہوئے تھے۔ انھوں نے بھی انکار کر دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ساون مل وہاں سے ہٹ کر ملتان کی طرف چلا گیا اور روجھان کا نظم ونسق اس نے مزاریوں کے حوالے کر دیا۔ مولوی صاحب مجاہدین کو اس کے تعاقب میں بھیجنا چاہتے تھے لیکن خرچ کی کمی کے باعث یہ تدبیر بروئے کار نہ آسکی۔(۲)

مالی مشکلات

اگرچہ مختلف مقامات خصوصاً ٹونک سے وقتاً فوقتاً روپیہ آرہا تھا اور مجاہدین کے مختلف جیش بھی اپنے ساتھ رقمیں لاتے رہتے تھے، تاہم اس زمانے میں مالی مشکلات کچھ زیادہ ہی ہوگئی تھیں۔ مولوی صاحب ایک خط میں لکھتے ہیں:

دریں ولا عسرت وتنگی خرچ کہ مطابق مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَآءُ از امتحانات جہاد یہ است تنخواہ نوکراں بہ حد نہایت رسیدہ۔ بایں کہ زیورات اہل خانہ میاں ولی محمد صاحب ودیگر مستورات مجاہدین وجناب عصمت قباب بی بی صاحبہ مکرمہ معظمہ فروختہ بہ صرف مجاہدین وتنخواہ نوکراں درآمد، تاہم کفایت نہ کرد دو نوبت فاقہ یک دو روز ہم رسیدہ۔(۳)

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص:۱۰۹ (۲) ایضاً ص:۱۱۰ (۳) ایضاً ص:۱۰۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: ان دونوں مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ (انھیں سختی نے آ پکڑا) کے مطابق خرچ کی تنگی پیش آئی۔ یہ بھی جہاد کے امتحانات میں سے ہے۔ نوکروں کی تنخواہ بھی نہیں دی جاسکتی۔ میاں ولی محمد صاحب کے اہل خانہ، دوسرے مجاہدوں کی خواتین اور خود سید صاحب کی بی بی صاحبہ نے بھی اپنے زیورات بیچ کر رقمیں مجاہدین کے گزارے اور نوکروں کی تنخواہوں کیلئے دیدیں، جب بھی ضرورت پوری نہ ہوئی اور ایک دو دن فاقے کی نوبت بھی آ گئی۔

ایک اور خط میں فرماتے ہیں:

مخفی و محتجب مباد کہ دریں ولا دینداران ایں دیار و مسلمانانِ ہدایت شعار بہ قدرِ طاقتِ خود از مال وغیرہ تائید و اعانتِ مجاہدین نمودہ اند و اکثرے از برادرانِ مجاہدین مثل میاں ولی محمد صاحب و دیگر ہمراہیان ایشاں و میاں سید اسمٰعیل زیوراتِ مستوراتِ خود ہا فروختہ تجہیز ساز و سامان نمودہ اند۔ (۱)

ترجمہ: واضح رہے کہ ان دنوں اس علاقے کے دیندار اور ہدایت یافتہ مسلمان اپنی استطاعت کے مطابق مجاہدین کی مالی امداد کرتے رہے۔ مجاہد بھائیوں میں سے اکثر مثلاً شیخ ولی محمد، ان کے ساتھیوں اور سید اسمٰعیل نے مستورات کے زیور بیچ کر سروسامان کا انتظام کیا۔

نواب بہاول خاں کی سراسیمگی

مجاہدین جس مقام پر ٹھہرے ہوئے تھے، وہ اگرچہ حاکمانِ سندھ کی عملداری میں واقع تھا، تاہم ریاست بہاول پور کی سرحد سے قریب تھا۔ اس وجہ سے نواب بہاول خاں کے دل میں خواہ مخواہ سراسیمگی پیدا ہوگئی۔ اس نے سمجھا کہ ممکن ہے، مجاہدین خود اس کے علاقے میں دست اندزی شروع کر دیں حالانکہ مجاہدین کو اس سے کوئی کاوش نہ تھی۔ غرض وہ فوج کے ساتھ مجاہدین کی قیام گاہ سے دو تین کوس پر آ بیٹھا اور اپنا وکیل حاکمانِ سندھ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۳۰، ۱۳۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے پاس بھیج دیا کہ مجاہدین کو وہاں سے ہٹا لیا جائے۔(۱)

نئی قیام گاہ کی تجویز

حاکمانِ سندھ نے مولوی صاحب کو پیغام بھیج دیا کہ:

آں صاحب لشکر خود را برداشتہ در ملک مایاں بر مقام روپا کہ نام ضلعیست یا جائے دیگر بہ آں لب دریائے اباسین یعنی بہ طرف شکار پور ہر جائے کہ پسند خاطر افتد، چھاؤنی لشکر خود اندازند۔(۲)

ترجمہ: آپ اپنے لشکر کو ہٹا کر ہمارے ملک کے ضلع روپا میں آجائیں، جو دریائے سندھ کے اس طرف یعنی شکار پور کی جانب ہے یا کسی اور مقام پر ٹھہر جائیں جو آپ کو پسند ہو۔

چنانچہ مولوی صاحب نے لشکر اس بستی سے ہٹا لیا اور مہرو میں مقیم ہو گئے جو شکار پور سے ایک منزل پر واقع تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ جگہ بڑی دلکشا اور راحت افزا ہے۔ یہاں پانی، غلے، گھاس اور لکڑی کی کمی نہیں۔ گھوڑوں اور اونٹوں کیلئے اچھی چراگاہیں موجود ہیں۔(۳)

اہل سندھ اور حاکمانِ سندھ

مہرو میں قیام کے حالات بتاتے ہوئے مولوی صاحب لکھتے ہیں:

امیر سندھ در صورتِ اقامتِ مایاں دریں ملک و جنگ کردن با کفار

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۳۰، ۱۳۱

(۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۳۳

(۳) آغا بدر الدین رئیس اعظم گڑھی یاسین نے بتایا کہ شکار پور کے شمالی حصے اور جیکب آباد کے تھوڑے سے جنوبی حصے کو زمانہ قدیم سے روپاہ کہتے تھے، اگرچہ آج کل سرکاری نام یہ نہیں، لیکن عوام میں یہ خطہ آج بھی روپاہ ہی کے نام سے موسوم ہے۔ مولوی صاحب کے خط میں مقام کا نام مہرہ بتایا گیا، میری تحقیق کے مطابق صحیح نام مہرو ہے جو شکار پور سے بھی سولہ میل مشرق میں دریائے سندھ کے دائیں کنارے پر واقع ہے۔ اس سے متصل سندھ نام ایک نہر نکلتی ہے۔ اس کا پورا نام مہرو ماڑی ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سکھاں وفراہم آوردن مسلماناں بہ ہیچ وجہ مانع ومزاحم نیستند واز سکونت لشکر اسلام خواہ از روئے تجارت وزراعت باشد یا کسب دیگر، کسے ناخوش نیست زیرا کہ زمین سندھ صدہا کروہ ویران وغیر آباد افتادہ است۔ ہرقدر آبادی بہ عمل آید، خوشنودی رئیسانِ ایں نواح است۔(۱)

ترجمہ: سندھ کے امیر مجاہدین کے قیام، سکھوں سے جنگ اور لڑنے والے مسلمانوں کی فراہمی میں قطعاً مزاحمت نہیں کرتے۔ ہمارے لوگ یہاں رہ کر تجارت کریں یا کھیتی باڑی یا کوئی اور پیشہ اختیار کرلیں، کسی کو برا نہیں لگتا۔ کیونکہ سندھ میں سیکڑوں کوس زمین ویران اور غیر آباد پڑی ہے۔ یہاں جتنی آبادی ہوگی، رئیسوں کے نزدیک خوشنودی کا باعث سمجھی جائے گی۔

بلوچستان سے تعلقات

کچھ معلوم نہیں کہ مولوی صاحب کب تک مہر و میں مقیم رہے، لیکن جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے، وہ قلات کے وزیر اعظم مختار الدولہ محمد حسن سے بھی خط وکتابت شروع کر چکے تھے اور ان کی خواہش یہ تھی کہ موقع ملے تو بلوچستان چلے جائیں۔

مختار الدولہ محمد حسن ظاہراً مولوی صاحب کے خیر مقدم کیلئے ہمہ تن تیار تھا، جیسا کہ اس کے خطوط سے واضح ہوتا ہے۔ مثلاً ایک خط میں لکھتا ہے:

ایں فدوی خدامی داند کہ خود را غائبانہ یکے از غلامان ودامن گرفتگانِ خادمانِ عالی می داند۔(۲)

ترجمہ: خدا گواہ ہے کہ میں اپنے آپ کو آپ کے غلاموں اور متوسلوں میں شمار کرتا ہوں۔

دوسرے میں لکھتا ہے:

اصلاً خود را از مؤیدات ایں امر شریف دین نبویؐ حتی الامکان دریغ نہ

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۴۳ (۲) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۴۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خواہد داشت۔(۱)

ترجمہ: میں دین نبویؐ کے اس اہم حکم یعنی جہاد کی تائید وحمایت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھوں گا۔

تاہم محمد حسن عام تاریخی معلومات کے مطابق چالاک اور زمانہ ساز آدمی تھا۔(۲) وہ جو کچھ کہتا رہا اس پر توقع اور امید کے مطابق یقیناً عمل نہ کیا ہوگا، لیکن ہمیں مولوی صاحب کے حالات کے متعلق جو مکتوب ذخیرہ مل سکا، اس میں قیامِ مہرو کے بعد کی کوئی سرگزشت موجود نہیں۔ نہ اس خلا کو پورا کرنے کا اور کوئی ذریعہ میسر آسکا۔

سکھوں اور مزاریوں کی مصالحت

مولوی صاحب نے لکھا ہے کہ دیوان ساون مل مجاہدین سے مرعوب ہو کر روجھان مزاریوں کے حوالے کرنے پر آمادہ ہو گیا۔ مستند تاریخوں سے معلوم ہوتا ہے کہ دیوان مذکور مزاریوں کی یورشوں سے بہت پریشان ہو گیا تھا، جو مجاہدین کی اعانت کے باعث خاص خطرناک صورت اختیار کر گئی تھیں۔ لہٰذا یہی مناسب معلوم ہوا کہ ان سے مصالحت کی کوئی صورت پیدا کر کے کشمکش ختم کر دی جائے۔ چنانچہ رحیم خاں لغاری کے ذریعے سے گفت وشنید ہوئی۔ مزاریوں کے تمام سابقہ حقوق بحال کر دیے گئے اور انھوں نے یہ منظور کر لیا کہ اپنے آپ کو سکھوں کی رعایا سمجھیں گے۔ میر بہرام خاں مزاری کو پہلے ملتان بلایا گیا اور دیوان ساون مل نے اسے ایک ہزار روپے کا خلعت دیا۔ پھر اسے رنجیت سنگھ نے لاہور بلایا۔ میر بہرام خاں کو طلائی کڑوں کی ایک جوڑی، ایک ہزار روپیہ نقد اور خلعت نیز اس کے ساتھ جو پچاس مزاری سوار تھے، انھیں ریشمی کپڑے دیے۔(۳)

---

(۱) اخبار مولوی سید نصیر الدین مخطوطہ ص: ۱۳۸

(۲) جب انگریزوں نے شاہ شجاع کی حمایت میں افغانستان پر فوج کشی کی تھی تو محمد حسن ہی قلات کا وزیر اعظم تھا۔ انگریزوں نے ایک رنگ میں خط وکتابت کی۔ محراب خاں والیٔ قلات کو دوسرے رنگ میں مشورے دیے۔ یہاں تک کہ انگریزوں کے دل میں والیٔ قلات کے متعلق شدید غلط فہمیاں پیدا ہو گئیں اور وہ بے چارا ناحق مارا گیا۔

(۳) ''باغ وبہار'' ص: ۱۷۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بارھواں باب:

انگریزوں سے جنگ اور قیامِ ستھانہ

معلومات کا فقدان

جنگ روجھان کے بعد مولوی سید نصیر الدین کی سرگرمیوں کے متعلق مفصل معلومات حاصل کرنے کا کوئی بھی ذریعہ میسر نہ آسکا۔ اب تک جو کچھ لکھا گیا، وہ دو کتابوں سے ماخوذ تھا: ایک رسالہ جو موصوف کے حالات میں سید ابو احمد علی نے مرتب کیا تھا، دوسرا مجموعۂ مکاتیب جس کے حوالے ''اخبار مولوی نصیر الدین'' کے نام سے جا بجا دیے جا چکے ہیں۔ مکاتیب جنگ روجھان پر پہنچ کر ختم ہو گئے۔ رسالے کا جو نسخہ مل سکا وہ سراسر ناقص تھا۔ اسکے مقدمے سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ جنگ روجھان کے بعد مولوی سید نصیر الدین سندھ سے ہجرت کر کے بلوچستان چلے گئے۔ وہ سبّی، ڈھاڈر، تھل چیتالی وغیرہ میں رہے اور اس سلسلے میں شادوزئی غلزئی، کاکڑ، استرانی، بزدار وغیرہ قوموں کے درمیان سکونت کا ذکر بھی آتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ مولوی صاحب سندھ سے کچھی گئے۔ پھر سبّی، لورالائی، زوب اور کوئٹہ کے کوہستانی علاقوں میں مقیم رہے۔ اس کے بعد حافظ محمد ناصر اور ان کے رفیقوں کو شہادت کی منزل پیش آئی، مجاہدین کی جماعت بکھر گئی اور مولوی صاحب تنہا ہندوستان کے مختلف شہروں میں پھرتے پھراتے ستھانہ پہنچے۔ وہاں جماعتِ مجاہدین کی فراہمی کا انتظام کیا اور جہاد کی دعوت شروع کر دی۔ وہیں وفات پائی۔

ان اشاروں سے مولوی صاحب کی سرگرمیوں کا ایک سرسری نقشہ تو سامنے آجاتا ہے، لیکن تفصیلات اس وقت تک بیان نہیں کی جا سکتیں، جب تک رسالے کا مکمل نسخہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہاتھ نہ آجائے۔ سندھ یا بہاول پور میں جہاد کا انتظام ممکن نہ تھا، اس لئے کہ ان علاقوں کے حاکم انگریزوں سے وابستہ تھے۔ مزاری بلوچ سکھوں سے صلح کر چکے تھے، ان سے بھی اعانت کی کوئی امید نہ ہو سکتی تھی۔ لہٰذا مولوی صاحب کو بلوچستان کی طرف جانا پڑا۔ اچانک گردوپیش کے سیاسی حالات میں ایسا تغیر پیدا ہو گیا کہ انگریز افغانستان کی آزادی سلب کر لینے پر تل گئے۔ امیر دوست محمد خاں نے مقابلے کی ٹھانی۔ اس سلسلہ میں مولوی صاحب نے بھی امیر موصوف کی اعانت میں مجاہدانہ شان سے قدم آگے بڑھایا۔ سب سے پہلے اس تغیر کی مختصر سی کیفیت سن لیجئے۔

افغانستان میں خانہ جنگی

افغانستان میں تباہ کن خانہ جنگی کا آغاز تیمور شاہ (ابن احمد شاہ ابدالی) کے فرزندوں سے ہوا۔ ان میں سے زمان شاہ زیادہ قابل سمجھا جاتا تھا۔ وہی تیمور شاہ کے بعد تخت نشین ہوا، لیکن اس نے اپنے بعض خود غرض مشیروں کے اکسانے سے پائندہ خاں بارک زئی کو ناحق قتل کرا دیا، جو افغان سرداروں میں سب سے زیادہ مدبر اور بااثر تھا۔ پائندہ خاں کے بیٹے زمان شاہ کے بھائی شاہ محمود کے حامی بن گئے۔ زمان شاہ فوج لے کر ہندوستان آیا۔ شاہ محمود نے تخت گاہ پر قبضے کے لئے قدم بڑھایا۔ زمان شاہ یہ خبر سن کر واپس ہوا، لیکن اس کے پہنچنے سے پیشتر کابل چھن چکا تھا۔ شاہ محمود نے بھائی کو گرفتار کر کے اس کی آنکھوں میں سلائی پھروا دی۔ پھر زمان شاہ کے ماں جائے بھائی شاہ شجاع اور محمود شاہ میں خاصی دیر تک کشمکش جاری رہی۔ آخر شاہ شجاع کو بھی افغانستان سے نکل کر رنجیت سنگھ کے پاس پناہ لینی پڑی۔ اپنے اکثر جواہرات، جن میں ''کوہِ نور'' بھی شامل تھا، رنجیت سنگھ کو دے کر لاہور سے بھاگا اور انگریزوں کے پاس پہنچ گیا، جسے انھوں نے لدھیانہ میں ٹھہرایا اور وظیفہ مقرر کر دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

محمود شاہ کو سلطنت پائندہ خاں کے فرزندوں کی بدولت ملی تھی، جن میں سے فتح خاں سب سے بڑا تھا۔ وہی وزیر اور مختار کل بن گیا۔ محمود شاہ کے بیٹے کامران نے کچھ مدت بعد اسے قتل کرا دیا۔ اس کے بھائیوں نے محمود شاہ کی سلطنت کا چراغ گل کر کے افغانستان کے مختلف حصوں میں اپنے دیے روشن کر دیے اور محمود شاہ کے قبضے میں صرف ہرات کا صوبہ رہ گیا۔

پائندہ خاں کے بیٹوں میں سے دوست محمد خاں نے کابل میں اپنی حکومت قائم کر لی۔ وہی احمد شاہ ابدالی کی سلطنت کا وارث بن گیا۔ شاہ شجاع نے ایک مرتبہ سلطنت واپس لینے کی کوشش کی، لیکن ناکام رہا اور مستقل طور پر لدھیانہ میں بیٹھ گیا، جہاں زمان شاہ بھی آ گیا تھا۔

روسی مداخلت کا اضطراب

ہندوستان پر قابض ہو جانے کے بعد انگریزوں کو باہر سے بحری حملے کے متعلق تو کوئی تشویش نہ رہی تھی، اس لئے کہ کسی یورپی طاقت کے پاس ایسا جنگی بیڑا نہ تھا جو انگریزی بیڑے کو شکست دے کر بڑی فوج ہندوستان پہنچا سکتا، البتہ خشکی کے راستے سے حملے کا خطرہ موجود تھا۔ اسی بنا پر وہ افغانستان اور ایران سے گہرے دوستانہ تعلقات قائم کرنے کے لئے کوشاں رہے۔ ظاہر ہے کہ خشکی کے راستے جو فوج آتی، وہ انھیں دو ملکوں میں سے ہو کر آتی۔ یورپی تاجداروں میں سے نپولین نے روس کو ساتھ ملا کر ہندوستان پر حملے کا منصوبہ تیار کیا تھا۔ نپولین شکست کھا کر قید ہو گیا تو انگریز اطمینان سے بیٹھ گئے۔ پھر روس نے وسطِ ایشیا میں پیش قدمی شروع کی تو انگریزوں کو از سر نو سراسیمگی پیدا ہوئی۔ چنانچہ دونوں نے افغانستان اور ایران کے درباروں میں اپنے اپنے مقاصد کے لئے جوڑ توڑ شروع کر دی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوست محمد خاں کا موقف

امیر دوست محمد خاں انگریزوں سے خوش گوار تعلقات قائم رکھنے کیلئے تیار تھا اور اس امر کا بھی ذمہ لیتا تھا کہ وہ روس یا کسی دوسری اجنبی طاقت کی فوجوں کو افغانستان میں سے ہندوستان کی جانب پیش قدمی کرنے کی اجازت نہ دیگا، لیکن کہتا تھا کہ پشاور افغانستان کی ملکیت ہے، اسے سکھوں سے واپس دلاؤ یا واپس دلانے میں پوری امداد کرو۔ انگریزوں کی پوزیشن حد درجہ مضحکہ خیز تھی۔ وہ ایک طرف یہ چاہتے تھے کہ امیر دوست محمد خاں روس کے خلاف ان کا دفاعی مورچہ بنا رہے، دوسری طرف اس کے جائز حقوق کی بازیافت کے لئے کوئی مدد دینے پر آمادہ نہ تھے۔ گویا سکھوں سے بھی دوستانہ تعلقات بحال رکھنا چاہتے تھے۔

محض یہی نہیں بلکہ امیر دوست محمد خاں سے یہ مطالبہ بھی کر رہے تھے کہ محمود شاہ کے بیٹے کامران کی حکومت ہرات میں بھی کوئی مداخلت نہ کی جائے۔ اس کے برعکس روس امیر دوست محمد خاں کو پشاور کی بازیافت کے لئے ہر ممکن امداد دینے پر آمادہ تھا، لہٰذا امیر انگریزوں کو روسیوں پر ترجیح نہ دے سکتا تھا۔ انگریزوں نے جوشِ غیظ میں، یہ فیصلہ کر لیا کہ امیر دوست محمد خاں کو تخت سے اتار کر شاہ شجاع کو افغانستان کا بادشاہ بنایا جائے، جو تخت کی خاطر ہر شرط قبول کر لینے پر راضی تھا، خواہ وہ اس کے لئے یا افغانستان کے لئے کتنی ہی مصیبتوں اور پریشانیوں کا باعث ہوتی۔

سہ گانہ معاہدہ

چنانچہ انگریزوں نے ایک معاہدہ کیا، جسے اس وجہ سے ''سہ گانہ معاہدہ'' کہا جاتا ہے کہ اس میں تین فریق شریک تھے: اول انگریز، دوم شاہ شجاع، سوم سکھ۔ شاہ شجاع نے اس معاہدے کے مطابق اقرار کر لیا کہ اسے پشاور یا سکھوں کے دوسرے مقبوضہ افغانی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

علاقوں سے کوئی سروکار نہ ہوگا، نیز جہاں سکھوں اور افغانوں کی فوجیں یکجا ہوں گی، وہاں افغان گائیں ذبح کرنے سے محترز رہیں گے۔ دوسری طرف انگریزوں سے اقرار کیا کہ وہ افغانستان پر قبضہ دلانے کے سلسلے میں شکار پور پر تمام حقوق سے دست بردار ہوتا ہے۔ اس معاہدے کے بعد انگریزوں نے شاہ شجاع کی حمایت کیلئے دو فوجیں تیار کیں۔ ایک سندھ بلوچستان کے راستے قندھار کی طرف، دوسری درۂ خیبر کے راستے جلال آباد کی طرف بڑھی۔

مولوی صاحب کی اولوالعزمی

غرض شاہ شجاع کی عاقبت نا اندیشی یا خودغرضی کے باعث افغانستان کی آزادی سکھوں اور انگریزوں کی وجہ سے خطرے میں پڑ گئی تو مولوی سید نصیر الدین بے تکلف اس آزادی کے تحفظ کی خاطر سرگرم عمل ہو گئے۔ کچھ معلوم نہیں کہ وہ کہاں کہاں لڑے۔ ہم صرف یہ جانتے ہیں کہ جہاں جہاں انھیں موقع ملا، اپنے محدود وسائل کے باوجود انگریزوں کا مقابلہ کرتے رہے۔

غزنی کی لڑائی

درۂ بولان کے راستے پیش قدمی کرنے والی فوج بہت بڑی تھی اور اس کے ساتھ ہر قسم کا سامانِ جنگ موجود تھا۔ اس فوج نے قندھار پہنچ کر شاہ شجاع کی تخت نشینی کا جشن منایا۔ پھر وہ کابل کی جانب حرکت میں آئی تو غزنی میں اسے شدید مقابلے سے سابقہ پڑا۔ جو معلومات ہمارے سامنے ہیں، ان میں بتایا گیا ہے کہ مولوی صاحب اور ان کے مجاہدین غزنی میں بڑی جانفشانی سے لڑے۔ انگریزوں کے لئے آگے بڑھنے کا کوئی موقع نہ تھا۔ اس اثناء میں امیر دوست محمد خاں کا ایک عزیز انگریزوں سے مل گیا اور اس نے قلعہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غزنی کے تمام اندرونی حالات انھیں بتا دیے۔(۱) انگریزوں نے رات کی تاریکی میں ایک دروازے پر بارود کے تھیلے رکھے۔ انھیں آگ لگا دی تو خوفناک دھماکا ہوا۔ دروازہ اڑ گیا اور انگریزوں کی فوج قلعے میں داخل ہوگئی۔ مولوی سید نصیر الدین کے اکثر ساتھیوں نے دست بدست لڑائی میں شہادت پائی۔ یہ ۲۱ر جولائی ۱۸۳۹ء کا واقعہ ہے۔

ولیم ہنٹر کا بیان

ڈاکٹر ولیم ہنٹر نے مجاہدین اور مرکز ستھانہ کے حالات بیان کرتے ہوئے بہت سی غلط بیانیاں دانستہ یا نادانستہ کی ہیں، تاہم موصوف کا یہ دعویٰ بہ طورِ خاص مستحق توجہ ہے کہ مجاہدوں میں اونچے درجے کے آدمی بھی شامل تھے، جو اس لئے ترکِ وطن کر کے ستھانہ پہنچ جاتے تھے کہ عیسائی حکومت کے ماتحت امن و آسائش سے زندگی گزارنا ان کے نزدیک مذہباً ناروا تھا۔ وہ سکھوں کے دیہات پر بھی چھاپے مارتے رہتے تھے اور انگریزوں پر ضرب لگانے کا کوئی موقع ہاتھ آتا تو اس کا بھی تہِ دل سے خیر مقدم کرتے:

> انھوں نے جنگِ کابل میں ہمارے دشمنوں کی امداد کے لئے بڑی فوج بھیجی اور اس میں سے ایک ہزار نے ہمارے خلاف استقامت سے جنگ کرتے ہوئے جانیں قربان کیں۔ صرف تسخیر غزنی کے دوران میں تین سو مجاہدوں نے انگریزی سنگینوں سے شہادت کی سعادت حاصل کی۔(۲)

ہنٹر نے یہ تو بتا دیا کہ تین سو مجاہد غزنی میں شہید ہوئے تھے، لیکن یہ نہ بتایا کہ ایک ہزار نے کہاں شہادت پائی۔ یہ حقیقت بھی واضح کر دینی چاہئے کہ یہ مجاہدین ستھانہ سے نہ گئے تھے بلکہ وہی تھے جو مولوی سید نصیر الدین کے ساتھ کئی سال سندھ، روجھان اور

---

(۱) اس کا نام عبدالرشید خاں بتایا گیا ہے، جو انگریزوں کے ملازم موہن لال کشمیری کا دوست تھا۔ (ملاحظہ ہو "رجالِ وروئیدادہائے تاریخی" بہ زبان فارسی۔ شائع کردہ انجمن تاریخ افغانستان ص: ۹۰)

(۲) "ہندوستانی مسلمان" (انگریزی) مرتبہ ولیم ہنٹر طبع سوم ص: ۱۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بلوچستان میں گزار چکے تھے۔

اوکنلے کا بیان

اوکنلے نے اپنے مضمون میں لکھا ہے کہ مولوی نصیر الدین نے پہاڑی علاقوں میں جہاد کا ارادہ ترک کر دیا اور شکار پور میں بیٹھے رہے۔ رفتہ رفتہ ان کے آدمیوں میں اضافہ ہوا۔ ہندوستان سے روپیہ اور مجاہدین آنے لگے۔ جب لارڈ آک لینڈ نے شاہ شجاع کو افغانستان پر مسلط کرنا چاہا تو مولوی نصیر الدین نے دوست محمد خاں کی امداد کا فیصلہ کر لیا۔ بعض اصحاب اس پر تیار نہ تھے اور وہ لوٹ آئے۔ خود مولوی صاحب ایک ہزار آدمی لے کر کابل کی طرف بڑھے۔ ڈھاڈر سے انھوں نے تین سو مجاہدوں کی جمعیت دوست محمد خاں کی امداد کے لئے بھیج دی۔ یہ لوگ غزنی کی حفاظت پر متعین ہوئے تھے اور وہیں جاں بحق ہوئے۔ (۱)

یہ بیان اگرچہ غلطیوں سے پاک نہیں، تاہم اس سے مولوی نصیر الدین کے متعلق بیان کردہ حالات کی مزید تصدیق ہوتی ہے۔

مولوی صاحب ستھانہ میں

بیان کیا جاتا ہے کہ مولوی صاحب اور ان کے جو چند ساتھی بچے اور وہ ہولناک مصیبتوں کے طوفان سے گذرتے ہوئے ستھانہ پہنچ گئے، جہاں مولوی نصیر الدین منگلوری کے زمانے سے مجاہدین نے مرکز قائم کر رکھا تھا۔ وہاں پہنچتے ہی مجاہدین نے انھیں اپنا امیر بنا لیا۔ ستھانہ پہنچنے کی صحیح تاریخ معلوم نہیں۔ قیاس ہے کہ یہ واقعہ ۱۸۳۹ء کے اواخر یا ۱۸۴۰ء کے اوائل میں رونما ہوا ہوگا۔

---

(۱) اوکنلے کا مقالہ انگریزی میں بہ عنوان ''وہابی ہندوستان میں'' مندرجہ کلکتہ ریویو (۷۱-۱۸۷۰ء) نیز جرنل ایشیاٹک سوسائٹی بمبئی جلد چہاردہم ص: ۳۵۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریزی اقدام کا انجام

انگریزوں نے غزنی کی تسخیر کے بعد کابل پہنچ کر شاہ شجاع کو حکمران بنا دیا اور شرفائے افغانستان پر بڑی زیادتیاں کیں۔ لوگ شاہ شجاع سے پہلے بھی خوش نہ تھے۔ انگریزوں کی درازدستیوں نے پوری قوم میں غیظ وغضب کی آگ لگا دی۔ شاہ شجاع، انگریزی سفیر اور انگریزی وکیل مارے گئے۔ انگریزی فوج جلال آباد کے راستے واپس ہوئی، لیکن قدم قدم پر افغانوں کی گولیوں کا ہدف بنتی رہی۔ پوری فوج میں سے صرف ایک شخص ڈاکٹر ڈرائیڈن زندہ سلامت جلال آباد پہنچا اور بیرونی دنیا اس اَلم ناک کی تفصیلات سے آگاہ ہوئی۔ انگریزوں نے دوبارہ زبردست فوجیں تیار کیں، مگر انجام کار افغانستان کو امیر دوست محمد خاں کے حوالے کیے بغیر کوئی چارۂ کار نظر نہ آیا۔

ایک اور روایت

ہزارہ گزیٹیڈ، اردو میں بتایا گیا ہے کہ مولوی سید نصیر الدین دہلوی بہت نرم طبع تھے، اسلئے عوام میں بہت ہر دل عزیز ہو گئے۔ انھوں نے پایندہ خاں تنولی والیٔ امب کو لکھ ہمارا ساتھ دو اور ہر ممکن مدد کرو۔ پایندہ خاں نے انھیں امب بلالیا وہاں کئی روز مہمان رہے۔ مشہور ہے کہ پایندہ خاں نے انھیں زہر دلوا دیا تھا۔ اس میں شبہ نہیں کہ وہ امب ہی میں بیمار ہوئے اور بیماری ہی کی حالت میں ستھانہ آئے جہاں چند روز بعد وفات پائی۔ (۱)

(۱) ہزارہ گزیٹیڈ ص: ۳۴۴۔ لیکن یہ بالکل غلط ہے کہ پایندہ خاں نے مولوی صاحب کو زہر دلوا دیا۔ مجاہدین کے مختلف حلقوں کی طرف سے جتنی روایتیں مجھے مل سکیں ان میں سے کسی میں اس کے متعلق اشارہ تک موجود نہیں۔ یہ ممکن ہے کہ مولوی صاحب امب ہی میں بیمار ہوئے ہوں اور اسی بیماری میں ستھانہ پہنچ کر وفات پائی ہو۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیرہواں باب:

مولوی نصیر الدین کی شخصیت

وفات

مولوی نصیر الدین منگلوری کی شہادت کے بعد صرف ستر اسی مجاہدین باقی رہ گئے تھے، جن کا انتظام میر اولاد علی عظیم آبادی نے سنبھال رکھا تھا۔ مولوی سید نصیر الدین ستھانہ پہنچے تو وہ امیر بن گئے، لیکن ابھی وہاں کوئی کارنامہ انجام نہ دینے پائے تھے کہ خدا کی طرف سے بلاوا آ گیا۔ صحیح تاریخ معلوم نہیں لیکن یہ یقینی ہے کہ ان کی وفات ۱۸۴۰ء میں ہوئی۔ وہ ستھانہ میں دفن ہوئے (۱) اور ان کی قبر ۱۸۴۱ء کی طغیانی دریائے سندھ میں بہہ گئی۔ (۲)

آخری وقت کی حالت

نواب وزیر الدولہ نے لکھا ہے کہ جب ان پر نزع کی حالت طاری ہوئی تو خدا کی قدرت کا عجیب نقشہ نظر آیا۔ اس حالت میں انسان کے ہوش وحواس گم ہو جاتے ہیں، لیکن:

حضرت مولانا..... یکا یک از بستر و حالت اضطجاع بر خاستہ قائم نشستند

(۱) ہزارہ گزیٹیر اردو میں خدا جانے کس سند کی بنا پر لکھا گیا ہے کہ مولوی نصیر الدین منگلوری کے بعد مولوی محمد حسن امیر بنے۔ وہ ایک سال بعد بیت المال کا روپیہ لے کر اپنے بھائی حافظ جی کے ساتھ بھیرہ خوشاب کی طرف چلے گئے۔ پھر دوسرے مولوی نصیر الدین پہلے دو آدمیوں کے ساتھ ستھانہ آ گئے۔ ایک سال بعد شکار پور، غزنی، کابل وغیرہ کے راستے ستھانہ پہنچے اور تقریباً پانسو آدمی جمع کر لیے۔ (ص: ۷۳۴)

(۲) وزیر الدولہ کے وصایا جلد اول، ص: ۵۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

و باوجود کمالِ ضعف و ناطاقتی کہ لاحق جسم ہدایت مجسم بود، چشم فیض حشم کشادہ وانگشت سعادت سرنوشت ستابہ برداشتہ بہ بانگ بلند و آوازِ ارجمند بہ بیانِ فصیح والفاظِ صحیح کلماتِ ایمانی وایقانی وملفوظاتِ اسلامی سربسر خوش کامی درزبانِ عربی ومحاوری ہندی ادا فرمودند۔(۱)

ترجمہ: حضرت مولانا لیٹے لیٹے یکا یک اٹھے اور بہ اطمینان بیٹھ گئے۔ اگر چہ ان کا جسم انتہائی ضعف و بے طاقتی کا شکار ہو چکا تھا، لیکن آنکھیں کھولیں، انگشت شہادت اٹھائی اور بلند آواز سے عربی و ہندی میں ایمان و اسلام کے متعلق نہایت عمدہ باتیں بہت اچھے انداز میں بیان فرماتے رہے۔

ممتاز ترین کارنامہ

مولوی سید نصیر الدین کا ممتاز ترین کارنامہ یہ ہے کہ جب سید صاحب اور ان کے دوسرے بلند منزلت رفقاء کی شہادت کے بعد جہاد کی گرم جوشیوں پر افسردگی طاری ہوگئی تو مولوی صاحب موصوف نے عزم و ہمت سے کام لے کر اس کاروبار کو تازہ رونق بخشی۔ ہندوستان کے طول و عرض میں مسلمان بے حسی کا شکار ہو چکے تھے۔ اجنبیوں نے ملک کی حکومت ان سے چھین لی تھی اور نظم و نسق کو اپنی مصلحتوں کے مطابق چلانے لگے تھے۔ گویا عام اسلامی فضا کی جگہ سراسر غیر اسلامی فضا پیدا ہو رہی تھی۔ سید صاحب اٹھے، مسلمانوں کا جمود توڑا اور ان کے سامنے یہ نصب العین پیش کیا کہ جانفشانی و جانبازی سے کام لے کر کھوئی ہوئی عزت و عظمت دوبارہ حاصل کی جاسکتی ہے اور اسلامیت کا وقار از سر نو قائم کیا جاسکتا ہے۔ مولوی سید نصیر الدین نے جب دیکھا کہ تحریک کا جوش و خروش ختم ہو رہا ہے تو جوانمردانہ میدان میں آگئے اور اپنی ذات کو بے تامل قربانی کیلئے پیش کر دیا۔ نواب وزیر الدولہ بالکل بجا فرماتے ہیں کہ سید صاحب کی شہادت کے بعد خلقِ خدا کی ہدایت،

(۱) وزیر الدولہ کے وصایا جلد اول، ص:۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شریعت کے احیاء اور جہاد کا کاروبار بے آب وتاب ہو رہا تھا، خدا کی رحمت سے مولوی سید نصیر الدین کی بدولت اس کاروبار میں بے اندازہ رونق اور جلا پیدا ہوگئی۔(۱)

نمایاں ترین خصوصیت

ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ مولوی سید نصیر الدین کثیر الدعاء تھے اور ان کی دعاء میں بڑی تاثیر تھی۔ نواب وزیر الدولہ لکھتے ہیں کہ جب وہ کسی مجمع میں دعاء کرتے تھے تو سب پر خاص ایمانی حالت طاری ہو جاتی تھی۔ ایک مرتبہ سندھ میں انھوں نے مجمع کثیر کے درمیان دعاء کی، جسکی تاثیر سے تمام لوگ زار زار رونے لگے، اکثر پر بیہوشی کی حالت طاری ہوگئی۔ بعض لوگ مجذوبیت کے عالم میں کپڑے پھاڑ کر صحرا کی طرف چلے گئے۔(۲)

اسی طرح مولانا کی دعوت میں بڑی تاثیر تھی۔ یہ ان کی حق پرستی، عشقِ کتاب وسنت اور اخلاص کا روشن ثبوت تھا۔

اہل وعیال

مولوی صاحب کی شادی شاہ اسحٰق کی صاحبزادی سے ہوئی تھی اور ان کے دو فرزند تھے۔ ایک کا نام عبد اللہ تھا اور دوسرے کا عبد الحکیم۔ مولوی صاحب جہاد کے لئے نکلے تھے تو ان کے دونوں فرزند تعلیم پا رہے تھے۔ چنانچہ بعض مکاتیب میں ان کی تعلیم کے لئے تاکید فرمائی ہے۔

ایک مکتوب میں اپنی اہلیہ کو لکھتے ہیں:

امید از مالک خود قوی دارند کہ او جل جلالہٗ ما وشما را در دارِ دنیا بہ مراد ملاقی کناند و در ہر امر توکل بر خدا باید کرد، و استقامت بر نمازِ مفروضہ و تلاوت قرآن

(۱) وزیر الدولہ کے وصایا جلد اول، ص:۵۴

(۲) وزیر الدولہ کے وصایا جلد اول، ص ۲۷۳-۲۷۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

باید نمود، وغفلت در زکوٰۃ نہ باید کرد، ودر تعلیم عبداللہ وعبدالحکیم باید کوشید، ودل را باہر دو فرزنداں باید چسپانید ودر وقت نشست وبرخاست وقیام وقعود نامِ خدا باید گرفت۔(۱)

ترجمہ: خدا سے قوی امید رکھیے کہ وہ ہم اور آپ کو اس دنیا میں حسب مراد ملائے گا۔ ہر کام میں خدا پر بھروسا رکھنا چاہئے۔ فرض نماز اور تلاوتِ قرآن پر استقامت ضروری ہے۔ ادائے زکوٰۃ میں غفلت نہ ہو۔ عبداللہ اور عبدالحکیم کی تعلیم کے لئے کوشش کیجئے۔ دل دونوں بیٹوں میں لگائیے۔ اٹھتے بیٹھتے خدا کا نام لیتے رہیے۔

سید صاحب کی طرح مولوی نصیرالدین کو بھی اس دنیا میں بیوی اور بال بچوں سے ملاقات کی نوبت نہ آئی۔ اغلب ہے کہ مولوی صاحب کی اہلیہ اور بیٹے شاہ اسحاق کے ساتھ ہجرت کر کے مکہ معظمہ چلے گئے ہوں۔ مولانا سید عبدالحئ رائے بریلوی نے لکھا ہے کہ مولانا سید نصیرالدین کے اولاد نہ چلی، البتہ ان کے بھائی سید ناصرالدین کے ایک فرزند سید معزالدین تھے اور سید معزالدین کے فرزند سید ظہیرالدین احمد جن سے مولانا سید عبدالحئ نے ۱۸۹۵ء میں ملاقات کی تھی۔ انھیں سید ظہیرالدین احمد نے ولی اللّٰہی خاندان کی بیشتر تصنیفات چھپوائی تھیں، بلکہ اس غرض سے ایک مطبع قائم کرلیا تھا۔(۲)

ایک نظم

مولوی صاحب شعر بھی کہتے تھے، لیکن ان کی شعر گوئی بھی انھیں دینی مقاصد کے وقف تھی، جن میں ان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ صرف ہوا۔ یہاں تک کہ جان بھی انھیں مقاصد کیلئے دے دی۔ ان کی ایک نظم مولوی ابواحمد علی نے اپنے رسالے میں نقل کی ہے،

(۱) اخبار مولوی سید نصیرالدین مخطوط ص: ۱۵

(۲) ''ارمغانِ احباب'' بواسطہ معارف بابت فروری: ۱۹۳۹ء

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جس کے شعر شاعری کے معیار پر پورے اترتے ہوں یا نہ، لیکن ان کا مضمون بے شبہ مستحقِ تحسین ہے۔ فرماتے ہیں:

اے مرے پروردگار کر دے کرم کی نظر — راہ نبیؐ کی مجھ پہ تو کر جلوہ گر
پہنچوں اسی راہ سے خدمتِ عالی میں میں — مانع نہ ہو راہ کا کوئی بھی جن و بشر
کر دے مسلمان سے شرک کی باتوں کو دور — شوق ہو توحید کا، عمر ہو اس میں بسر
بدعت و کفر و نفاق ان کو تو جلدی سے کھو — اوج ہو اسلام کا، شرع ہو بازیب و فر
پھوٹ مسلمانوں سے اے مرے رب دور کر — اور انھیں ایسا بنا، جیسے ہوں شیر و شکر
جو کہ کرے غیر کو ساجھی خدا کا ذرا — ہے وہی عالم کے بیچ مشرک و کافر بتر
جو رکھے ولیوں سے بس دشمنی و کین و کد — لڑنے کو حق سے ہے صاف باندھ لی اس نے کمر
ہر کہ و مہ سے یہ عرض کرتا ہے عاجز نصیر — رکھئے دعاؤں میں آپ اس کو بھی مدِ نظر

سید عبدالرحیم کی امارت

بتایا جاتا ہے کہ مولوی سید نصیر الدین کی وفات کے بعد حاجی سید عبدالرحیم جماعتِ مجاہدین کے امیر بنے۔ پھر دریائے سندھ میں خوفناک طغیانی آئی، جس میں ستھانہ برباد ہو گیا۔ اس بستی میں زندوں کے مکانات یا مردوں کی قبروں کا کوئی نشان باقی نہ رہا اور مجاہدین کی جماعت بکھر گئی۔ افسوس کہ سید عبدالرحیم کے متعلق مفصل معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ مولانا مشتاق احمد صاحب انبیٹھوی نے ایک سید عبدالرحیم کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کا اصلی وطن افغانستان تھا۔ وہ پہلے شاہ رحم علی صاحب ساکن پنجلاسہ ضلع انبالہ سے سلسلہ قادریہ میں بیعت ہوئے، پھر امروہہ میں شاہ عبدالباری سے نسبتِ چشتیہ حاصل کی، آخر میں سید احمد شہید بریلوی سے بیعت کی۔ انھیں کے ساتھ جہاد کے لئے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چلے گئے اور شہادت پائی۔(۱)

ممکن ہے یہی سید عبدالرحیم ولایتی ہوں، جو مولوی سید نصیرالدین کی وفات پر مجاہدین کے امیر بنے۔ میں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہہ سکتا۔

یوں جون ۱۸۴۱ء میں جماعتِ مجاہدین کا دوسرا دور ختم ہوگیا۔ اس کے بعد مولانا ولایت علی عظیم آبادی اور ان کے بھائی مولانا عنایت علی نے پھر سے مرکز مجاہدین کا انتظام کیا۔ ان کے حالات کتاب کے تیسرے حصے میں بیان ہوں گے۔

ایک غیر معلوم شخصیت

اس سلسلے میں ایک غیر معلوم شخص کا ذکر ضروری ہے جو میدانِ جنگ سے ۱۲۵۸ھ (۱۸۴۲ء) میں واپس آ گیا۔ مومن خاں مرحوم کے فارسی دیوان میں ایک قطعہ اس کے متعلق موجود ہے اور اس کا عنوان ہے ''تاریخ بازآمدن از جہاد''۔ مومن نے اس کا نام زین خاں بتایا ہے۔ وہ کون تھا؟ کہاں سے واپس آیا؟ دہلی پہنچ کر کیا کچھ کہتا رہا؟ میں انتہائی کوشش کے باوجود کچھ معلوم نہ کر سکا۔ قطعہ بہ طور یادگار ذیل میں درج ہے:

مولوی زین خاں کہ باہمہ علم — حالش از سگ خراب تر باشد
از شیاطین بود بہ خبثِ نہاں — گربہ صورت ہمہ بشر باشد
رفت وچندے بہ فوجِ دیں جا کرد — تا ز صدقش بہ دل اثر باشد
آخر کار فتنہ ہا انگیخت — آخریں فتنہ ایں قدر باشد
تہمتے بست بر امیر کریم — باشد ایں عیبہا ہنر باشد
دشمنِ دوستانِ حق گردید — کینِ او مطفیِ سقر باشد
پوست برکندہ گفت طبعے کہ ہست — رازدانے کہ پردہ در باشد

(۱) ''انوار العاشقین''، ص:۸۲۔ بعض لوگ انھیں شہید بالاکوٹ بتاتے ہیں، میرے نزدیک یہ صحیح نہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

به حسد آب آدمیت ریخت چه کند هرکه بدگهر باشد
خرِ عیسیٰ خواندم و نخجلم که ز دجال هم بتر باشد
کشفِ سعدی یقیں توانی کرد گر ز اہل دِلت خبر باشد
سالِ تاریخ باز گشتن او چو بیاید هنوز خر باشد

مولوی محمد قاسم

مولوی محمد قاسم پانی پتی کے متعلق بھی چند سطریں لکھ دینا ضروری ہے، جن کے بارے میں عام طور پر کہا جاتا ہے کہ انھوں نے کاغانی پہاڑوں کے ایک غار میں سید صاحب اور ان کے دو رفیقوں کے ڈھانچے بنا کر کھڑے کر دیے تھے اور لوگوں کو ان ڈھانچوں کی زیارت کرا کے یقین دلایا جاتا تھا کہ سید صاحب زندہ ہیں اور وہ وقتِ موعود پر ظاہر ہوں گے۔ انگریزی بیانات میں بتایا گیا ہے کہ مولوی زین العابدین نے اس فریب کا پردہ چاک کیا۔ ان کے ایک خط میں مولوی محمد قاسم کو ''قاسم کذاب'' قرار دیا گیا ہے۔ مقدمہ انبالہ کی شہادتوں میں بھی اس امر کا ذکر آیا تھا۔

اوکنلے کے ایک بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ مولوی محمد قاسم غالباً شیخ ولی محمد پھلتی اور سید صاحب کی اہلیہ کے ہمراہ سندھ پہنچ گئے تھے۔ پھر مولوی سید نصیر الدین دہلوی کے ہمراہ جہاد کرتے ہوئے شہید ہو گئے تھے۔

''ہزارہ گزیٹیر'' (اردو) میں بتایا گیا کہ مولوی صاحب جنگِ دُب کے بعد چون (۵۴) آدمی لے کر ڑال قوم میں حسن علی خاں کے پاس آ گئے تھے۔ ایبٹ صاحب نے

(۱) یہ قطعہ ان اشعار میں سے ہے جو برادرم امتیاز علی خاں صاحب عرشی ناظم کتاب خانہ رام پور نے مومن کے فارسی دیوان سے نقل کرا کے ارسال فرمائے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حکم دیا کہ وہ موضع عالم میں رہیں۔ چنانچہ وہ وہیں فوت ہوئے۔(۱) ایک اور بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۵۳ء میں انگریزوں نے انھیں گرفتار کیا اور سیالکوٹ میں قید کر دیا۔ وہیں انھوں نے وفات پائی۔

میری تحقیق کے مطابق مولوی محمد قاسم بڑے ہی مخلص مجاہد تھے۔ اغلب ہے وہ بھی مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی اور بعض دوسرے اصحاب خصوصاً اصحابِ صادق پور کی طرح سید صاحب کی حیات و رجعت کے معتقد ہوں، لیکن یہ تسلیم کرنا مشکل ہے کہ انھوں نے اپنے اس عقیدے کو تقویت پہنچانے کی غرض سے کوئی چال چلی ہوگی۔

(۱) کلکتہ ریویو بابت جولائی ۱۸۷۰ء، ص:۱۸۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چودھواں باب:

فرائضی تحریک اور تیتو میاں

اندرونِ ملک کی کیفیت

اب تک ہماری توجہ جماعتِ مجاہدین کے اس حصے کی سرگرمیوں پر جمی رہی جو ہندوستان کی شمالی ومغربی سرحدوں میں مصروفِ کار تھا۔ ملک کے اندر جو اصلاحی کام ہوتا رہا، اس کی کیفیت بھی اختصاراً بیان کر دینا ضروری ہے تا کہ تحریک یا اس سے متعلقہ یا مشابہ احوال کا ہر ضروری پہلو سامنے آجائے۔

سید صاحب کے خلفاء خصوصاً مولانا سید محمد علی رام پوری، مولانا ولایت علی عظیم آبادی اور مولانا عنایت علی بڑے اہتمام سے دعوت وتبلیغ میں مشغول تھے۔ وہ پہلے سید صاحب کیلئے روپے اور مجاہدین کا انتظام کرتے رہے۔ بعد ازآں مولوی سید نصیر الدین کو ہر ممکن امداد دیتے رہے۔ ملک میں اصلاحِ عقائد واعمال کا کام بھی بڑی خوش اسلوبی سے انجام پا رہا تھا۔ اس باب میں جو کچھ ہمیں معلوم ہو سکا، وہ تو آگے چل کر پیش کریں گے، یہاں دو تحریکوں کا سرسری ذکر ضروری ہے۔ ان میں سے فرائضی تحریک کو سید صاحب کی تحریک سے یقیناً کوئی علاقہ نہ تھا، لیکن اس کی بنیاد واساس بھی مذہبی تھی اور وہ لمبی مدت تک ایک محدود دائرے میں بہت مؤثر رہی، لہٰذا اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ دوسری تحریک میر نثار علی عرف تیتو میاں کی تھی جو سید صاحب کا مرید اور خلیفہ تھا۔

مولوی شریعت اللہ

فرائضی تحریک کے بانی مولوی شریعت اللہ تھے، جو ضلع فرید پور (بنگال) کے ایک

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گاؤں بہادر پر میں پیدا ہوئے۔ اٹھارہ برس کی عمر میں حج کیلئے چلے گئے۔ کم وبیش بیس برس مکہ معظمہ میں دینی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ ۱۸۰۲ء کے قریب وطن واپس آئے۔

وہ اپنے ساتھ بیش قیمت کتابیں بھی لائے تھے اور بیس برس کی تعلیم میں انھوں نے بہت سی تحقیقی یادداشتیں مرتب کر لی تھیں۔ راستے میں ان پر ڈاکہ پڑا اور سب کچھ لٹ گیا۔ مولوی صاحب نے خالی ہاتھ لوٹنا بے سود سمجھا اور ڈاکوؤں ہی کی معیت اختیار کر لی۔ اپنے زہد واتقاء سے تھوڑی ہی مدت میں ڈاکوؤں کو پرہیز گار اور عبادت گزار مسلمانوں کی جماعت بنا دیا۔

اصلاح کا آغاز

ان رفیقوں کے ساتھ وطن پہنچے تو مسلمانوں کے عقائد واعمال کی اصلاح کا کام شروع کر دیا۔ گرد وپیش کے علماء نے سخت مخالفت کی، لیکن مولوی شریعت اللہ اطمینان و دل جمعی سے اپنے کام میں لگے رہے اور تھوڑی ہی مدت میں ان کا اثر دور دور تک پھیل گیا۔ غریب، مزدور اور کسان ان کی تحریکِ اصلاح سے حد درجہ متاثر ہوئے اور سب مولوی صاحب پر جانیں چھڑکنے لگے۔

ودود میاں

مولوی صاحب نے غالباً ۱۸۳۰ء میں وفات پائی۔ پھر ان کے فرزند ارجمند مولوی محمد محسن عرف ودود میاں نے تحریک کی باگ ڈور سنبھالی، وہ بڑے پُرجوش سرگرم آدمی تھے۔ انہوں نے گرد وپیش کے تمام کسانوں کو سچے مسلمان بنا کر منظم کر دیا۔ ان کی اپنی پنچایتیں قائم کر دیں، جو ہر قسم کے تنازعات کا فیصلہ کرتیں۔ اس طرح اپنے تمام مریدوں اور معتقدوں کو ایک مستقل نظام سے وابستہ کر دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

الارض للہ

آخر دودو میاں نے "الارض للہ" کا نعرہ لگایا اور اعلان کر دیا کہ زمین خدا کی ملکیت ہے اور کسی کو حق نہیں کہ بطور وراثت اس پر قابض ہو۔ جو لوگ کھیتی باڑی کرتے ہیں، وہی اس کے مالک ہیں۔ حکومت اپنے واجبات ان سے لے سکتی ہے۔ نام نہاد مالکانِ اراضی ان سے کوئی لگان وصول کرنے کے حق دار نہیں۔ اس اعلان پر بڑے بڑے زمیندار و دودو میاں کے جانی دشمن بن گئے۔ ان کے خلاف ڈگیتی اور مداخلتِ بے جا کے کئی مقدمے قائم کرائے گئے۔ لیکن گواہ نہ مل سکنے کے باعث سب کے سب ناکام رہے۔ ۱۸۶۰ء میں انہوں نے وفات پائی۔ (۱)

فرائضی تحریک

تحریک کا نام فرائضی اس لئے پڑا کہ اس میں شرعی فرائض کی بجا آوری پر خاص زور دیا جاتا تھا۔ ودودو میاں نے تنظیم کمال پر پہنچا دی تھی۔ ان کے کارکن جگہ جگہ پھیلے ہوئے تھے کہ ہر چھوٹی بڑی خبر انہیں بروقت مل جاتی تھی۔ بے خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ مشرقی بنگال کے بڑے حصے میں انہوں نے ایک نوع کی متوازی حکومت قائم کر دی تھی اور ان کی جماعت اور ان کی جماعت کے لوگوں کو حکومت سے اس کے سوا کوئی واسطہ نہ رہا تھا کہ وہ زمین کا مالیہ باقاعدہ ادا کرتے تھے۔ کسانوں کی تنظیم اور زیادہ سے زیادہ لاتعاون کی یہ پہلی کامیاب تحریک تھی جو مشرقی بنگال میں جاری ہوئی۔ افسوس کہ ودودو میاں کی وفات کے بعد اس کی سرپرستی کرنے والا کوئی نہ رہا۔

---

(۱) فضلی صاحب سیکریٹری حکومت پاکستان نے بتایا کہ ودودو میاں کو زہر دلوایا گیا تھا۔ ان کے فرزند کی سرپرستی خود حکومت نے اپنی خاص مصلحتوں کی بنا پر کی۔ بادشاہ میاں جو مشہور قومی کارکن ہیں، ودودو میاں کے پوتے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میر نثار علی عرف تیتو میاں

میر نثار علی عرف تیتو میاں سید صاحب کا مرید تھا۔ وہ چاند پور کے ایک خوشحال زمین دار گھرانے کا چشم و چراغ تھا اور شادی بھی ایک امیر گھرانے میں ہوئی تھی۔ (۱)

ابتداء میں پہلوانی کرتا تھا، پھر ندیا میں ملازمت کر لی۔ اس زمانے میں بھی مظلوموں کی حمایت کیلئے پیش پیش رہتا تھا۔ اتفاق سے ایک زمیندار کے ساتھ اس کا جھگڑا ہو گیا۔ اس نے مقدمہ دائر کر دیا، جس میں تیتو میاں کو قید کی سزا ہوئی۔ قید سے رہا ہوتے ہی وہ دہلی کے ایک شہزادے کے ساتھ حج کو چلا گیا۔ مکہ معظمہ ہی میں سید صاحب سے ملاقات ہوئی، وہیں بیعت کی۔ پھر اس کی پوری زندگی بدل گئی اور ایک ایک لمحہ دین کی خدمت میں بسر ہونے لگا۔ ۱۸۲۷ء میں وطن واپس آیا، جب سید صاحب ہندوستان سے ہجرت کر کے سرحد میں جہاد فی سبیل اللہ کا آغاز کر چکے تھے۔

تحریکِ اصلاح

تیتو میاں نے مسلمانوں میں اصلاحِ عقائد و اعمال کی تحریک جاری کر دی۔ اوکنلے نے لکھا ہے کہ کم و بیش اٹھارہ میل لمبے اور بارہ میل چوڑے علاقے میں انکا اثر و رسوخ پھیل گیا تھا۔ اس علاقے کا مرکز مقام نرکل بریا تھا۔ سید جعفر علی نقوی ''منظورۃ السعداء'' میں فرماتے ہیں کہ پورنا کے ایک زمیندار کشن رائے کے علاقے میں بہت سے چھوٹے چھوٹے گاؤں تھے، جن کے باشندے سید صاحب کے مرید تھے۔ تہمد کے سوا اُن کے بدن پر کوئی کپڑا نہ تھا، نماز روزے کے سوا کوئی عبادت نہ جانتے تھے۔ تیتو میاں وہاں پہنچے تو ان لوگوں کو دینی مسائل کی تعلیم دی۔ مرکزی مقام میں نماز جمعہ کا انتظام کیا اور وہاں کثرت سے مسلمان جمع ہونے لگے۔ تیتو میاں غیر شرعی رسموں سے روکتا تھا مثلاً قبروں کی پوجا، نذر و نیاز وغیرہ۔ وہ تاکید کرتا تھا کہ مسلمان ڈاڑھیاں رکھیں۔ غیر مسلموں کے

(۱) اوکنلے نے تیتو میاں کے خسر کا نام منشی امیر بتایا ہے۔ (ملاحظہ ہو ''کلکتہ ریویو'' بابت جولائی ۱۸۷۰ء)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رسوم ورواج چھوڑ دیں اور ایسا لباس پہنیں جس میں وہ غیر مسلموں سے ممتاز معلوم ہوں۔

جمعہ کا اجتماع کشن رائے کے بیٹے کو بے وجہ ناگوار معلوم ہوا اور اس نے اس اجتماع کا تمسخر اڑانا شروع کیا۔ تیتو میاں نے بڑے تحمل سے اُسے سمجھایا کہ کسی کے دین کا تمسخر اڑانا بہت نازیبا ہے، تمہیں یہ اجتماع برا معلوم ہوتا ہے، ذرا اپنے دین کی حالت پر نظر ڈالو، تمہارے ہاں عبادت کے وقت سنکھ بجتا ہے جس کی آواز گدھے کی آواز کے مشابہ ہوتی ہے۔ کشن رائے کا بیٹا یہ سنتے ہی ایک دم غصے میں آ گیا اور بولا کہ پھر ایسا اجتماع ہوا تو تمہیں مزہ چکھاؤں گا۔(۱)

بہر حال اس نے اپنے آدمیوں کو حکم دے دیا کہ جب مسلمان جمعہ کی نماز کے لئے جمع ہوں تو ان کے اِردگرد خوب سنکھ بجاؤ۔ اس پر عمل ہوا، تاہم تیتو میاں نے مسلمانوں کو اشتعال سے باز رکھا، البتہ جماعت کا سلسلہ بدستور قائم رہا۔

کشن رائے کی دراز دستیاں

اوپر جو کچھ بیان ہوا یہ مولوی سید جعفر علی نقوی کی تحریر سے ماخوذ ہے، جن کی تمام معلومات شنیدہ پر مبنی تھیں۔ اگرچہ یقین ہے کہ انہوں نے واقعات کی خوب چھان بین کر لی ہوگی۔ بعض انگریزوں نے ذاتی تحقیقات کی بنا پر جو کچھ لکھا اس کا خلاصہ بھی یہی ہے کہ مسلمانوں میں دین داری کے فروغ پر کشن رائے سخت ناراض ہو گیا، یہاں تک کہ اس نے اپنے مسلمان کسانوں پر اڑھائی روپے فی کس کے حساب سے ڈاڑھیوں کا ٹیکس لگا دیا اور خود اپنے حلقے کا دورہ شروع کر دیا۔(۲) جہاں جاتا، مسلمانوں سے یہ ٹیکس

(۱) ''منظورہ'' کے الفاظ ہیں: خواہید دید آنچہ دیدنی است۔

(۲) ہنٹر نے لکھا ہے کہ کشن رائے نے جو اچھامتی ندی کے کنارے کا بہت بڑا زمیندار تھا، پانچ شلنگ کا ٹیکس ہر اُس کسان پر لگا دیا تھا جو تیتو میاں کی اصلاحی تحریک میں شامل ہوتا تھا۔ ایک اور زمیندار نے ایک تعزیہ توڑ دینے پر ایک شخص کو اپنے جیل خانے میں قید کر دیا۔ (ہمارے ہندی مسلمان حاشیہ ص: ۳۷)

یہ بھی لکھا ہے کہ تحریک تین ضلعوں میں۔ چوبیس پرگنہ، ندیا اور فرید پور میں پھیل گئی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وصول کرتا۔ پورنا سے ٹیکس کی رقم جمع کر کے وہ سرفراز پور پہنچا تو وہاں تیتو میاں کے ساتھی موجود تھے، انہیں زمیندار کی اس حرکت پر سخت غصہ آیا اور اس کے پیادے کو پکڑ کر خوب پیٹا۔ کشن رائے کو یہ خبر ملی تو اس نے دو تین سو آدمی لے کر حملہ کر دیا۔ بعض گھروں کو لوٹا اور ایک مسجد جلادی۔ اس طرح حالات نزاکت کی آخری منزل پر پہنچ گئے۔

زمیندار اور مسلمانوں دونوں نے پاس کے تھانے میں رپورٹیں لکھوادیں۔ مسلمانوں کی رپورٹ یہ تھی کہ زمیندار لوٹ مار اور آتش زنی کا مرتکب ہوا، زمیندار کی شکایت کا خلاصہ یہ تھا کہ مسلمان کسانوں نے اس کے آدمیوں کو حبس بیجا میں رکھا۔ تھانے کا محرر تحقیق کیلئے موقع پر پہنچا تو زمیندار روپوش ہو گیا اور اس نے ۷ر جولائی ۱۸۳۱ء کو برسٹ کے مجسٹریٹ کی عدالت میں حاضر ہو کر بیان دے دیا کہ جو الزام مجھ پر لگایا گیا ہے میں اس سے بالکل بری ہوں اور مجھے سرے سے کسی واقعے کی اطلاع ہی نہیں۔ تھانیدار ہندو تھا، اس نے تفتیش اپنے ہاتھ میں لی تو زمیندار کے ہندو کارکنوں سے مل کر یہ داستان وضع کر لی کہ مسلمانوں نے خود مسجد اور گھروں کو آگ لگا کر زمیندار کو ملزم گردانے کی کوشش کی۔ یہ سن کر تیتو میاں کے ساتھی روپوش ہو گئے اور تھانیدار نے بہ اطمینانِ خاطر رپورٹ کر دی کہ موقع پر ان کی غیر حاضری سے ثابت ہو گیا کہ اصل فعل انہیں کا تھا۔

پیچیدگی میں اضافہ

تیتو میاں کے ساتھی مجسٹریٹ کی عدالت میں پہنچے، پولیس پر رشوت لے لینے کا الزام لگایا اور اس کے ثبوت میں وہ گواہ پیش کرنے پر آمادہ تھے۔ لیکن مجسٹریٹ نے ان کے بیان پر کوئی توجہ نہ کی۔

اصل جھگڑا طے نہ ہوا تھا کہ کشن رائے نے مختلف مسلمان کسانوں پر بقایا کے جھوٹے دعوے دائر کر کے ڈگریاں حاصل کر لیں اور ان ڈگریوں کے اجراء کیلئے پولیس کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مدد لے لی۔ غرض ہر ممکن ذریعے سے مسلمانوں کو ظلم و جبر کا نشانہ بنادیا۔ پولیس ان کی دشمنی پر تلی بیٹھی تھی۔ مجسٹریٹ زمیندار کے زیر اثر تھا اور مسلمانوں کی کسی شکایت پر کان نہ دھرتا تھا۔ مجبور ہو کر وہ اپیل کے لئے کلکتہ پہنچے، وہاں کا مجسٹریٹ دورے پر باقر گنج گیا ہوا تھا۔ لہٰذا وہ ناکام واپس آئے۔ جب حق رسی کا کوئی بھی ذریعہ باقی نہ رہا تو انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ ظلم کے خلاف لڑ کر جانیں دے دینی چاہئیں۔

واضح رہے کہ حاکموں اور ان کے کارندوں کی روش حق و انصاف کے تمام تقاضوں کے خلاف تھی اور بنگال صدیوں تک اسلامی حکومت کے ماتحت رہ چکا تھا۔ انگریزوں نے ابتداء میں صرف دیوانی یعنی عام نظم و نسق کے حقوق اجارے پر بادشاہِ دہلی سے لئے تھے، بعد ازاں آہستہ آہستہ اس کے مالک و مختار بن گئے تھے۔ مسلمانوں نے اگر یہ سمجھا کہ اُن سے حکومت لیکر خود اُنہیں کو ہدفِ ظلم و جبر بنایا جا رہا ہے تو اس کیلئے معقول وجوہ موجود تھے۔

حق و انصاف کے لئے جنگ

بعد ازاں جو واقعات پیش آئے، ان کے متعلق بیانات میں کس قدر اختلاف ہے۔ اوکنلے نے لکھا ہے کہ پنجاب کے ایک درویش مسکین شاہ نے تیتو میاں اور انکے ساتھیوں کو جہاد پر آمادہ کیا تھا اور مسکین شاہ ہی آخری دم تک اس تحریک کا روحِ رواں بنا رہا۔ جہاد شروع کرنے سے پیشتر رسد اور روپیہ فراہم کیا گیا۔ چاول کی بہت بڑی مقدار نرکل بریا میں معز الدین بسواس کے پاس جمع کر دی گئی۔ ۲۳ر اکتوبر ۱۸۳۱ء کو تیتو میاں نے گرد و نواح کے مسلمانوں کو دعوت دے کر جمع کیا، سب نے نرکل بریا کے اِردگرد بانس کی مضبوط فصیل بنالی، ان دفاعی انتظامات میں کئی دن صرف ہو گئے۔ کشن رائے کو مسلمانوں کے اجتماع کا علم ہوا تو اس نے درخواستیں دیں کہ حکومت کو اس حرکت کے خلاف قدم اٹھانا چاہئے۔ درخواستوں کا نتیجہ نکلنے سے پہلے پانچ سو مسلمانوں نے ۶ر نومبر کو پورنا پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حملہ کر دیا۔ اس کا ہدف صرف غیر مسلم نہ تھے، بلکہ وہ مسلمان بھی تھے جو تیتو میاں اور اُن کے ساتھیوں سے اختلافِ رائے رکھتے تھے۔ پھر اعلان کر دیا گیا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت ختم ہوگئی، انگریزوں نے بے انصافی سے بنگال پر قبضہ کر کے اسلامی حکومت ختم کی تھی، اب مسلمان اس بے انصافی کی تلافی کرائیں گے۔

مجاہدین کی سالاری کا منصب غلام معصوم نے سنبھال لیا۔(۱) پھر ندیا، لوگھاٹا، جسور، رام چندر نگر اور ہگلی پر حملے ہوئے۔ ۱۴ر نومبر کو شیر پور کے ایک مسلمان زمیندار کی گوشمالی کی گئی۔ اوکنلے کا بیان ہے کہ غلام معصوم نے اس زمیندار کی صاحبزادی سے جبراً نکاح کر لیا۔

ناکام انسدادی اقدامات

جس حصے میں یہ واقعات پیش آ رہے تھے وہ نیل کے کارخانوں کا مرکز تھا۔ ایک کارخانے کے نائب مہتمم مسٹر پیرون نے تمام حالات اپنے کارخانے کے مالک مسٹر سٹارم کو کلکتہ لکھ بھیجے۔ ان میں کشن رائے کی تمام دراز دستیوں کو کھول کر بیان کر دیا۔ آخر میں یہ بھی بتا دیا کہ اگر جلد انسدادی قدم نہ اٹھایا گیا تو ہنگامہ سخت خطرناک صورت اختیار کر لے گا۔ مسٹر سٹارم نے برسٹ اور ندیا کے مجسٹریٹوں کو اطلاع دیدی۔ برسٹ کے مجسٹریٹ کی رپورٹ کلکتہ سے ۱۴ر نومبر ۱۸۳۱ء کو ملیشیا کی ایک جمعیت بھیجی گئی جس کے سرعسکر کا نام الیگزانڈر تھا۔ مجاہدین نے غلام معصوم کی سرکردگی میں اس جمعیت کو شکست فاش دی۔ دس سپاہی اور تین برقنداز مارے گئے، بہت سے زخمی ہوئے۔ الیگزانڈر بمشکل جان بچا کر بھاگا۔ اسی طرح ایک انگریز زمیندار نے جو نیل کی کاشت کراتا تھا، تین سو سپاہیوں کے ساتھ حملہ کیا لیکن اس نے بھی شکست کھائی۔ ۱۷ر نومبر کو بعض انگریز ہاتھیوں

(۱) ہنٹر نے مجاہدین کی تعداد تین چار ہزار بتائی ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پر سوار ہو کر نرکل بریا پہنچے، ان کے ساتھ بھی جمعیت تھی۔ وہ بھی پسپائی پر مجبور ہو گئے۔ ندیا کی عدالتِ فوجداری کا ناظر اور دو برقنداز مارے گئے۔ غرض اس حصے میں نظم ونسق بالکل معطل ہو گیا۔

شہادتِ زار

آخر کلکتہ سے ایک بڑی فوج بھیجی گئی جس میں سوار بھی تھے اور پیادے بھی۔ اس کے ساتھ دو توپیں تھیں۔ تیتو میاں نے چھ سو آدمی ہمراہ لے کر سخت مقابلہ کیا۔ ان کے بہت سے ساتھی شہید ہوئے۔ خود تیتو میاں نے شہادت پائی۔ غلام معصوم اور ساڑھے تین سو کے قریب مجاہدین زندہ گرفتار کر لئے گئے۔ اوکنلے نے لکھا ہے کہ فوج کے ابتدائی حملے میں ساٹھ ستر شہید ہوئے، باقی لوگ بانس کی فصیل کے پیچھے چلے گئے اور مقابلہ کرتے رہے، آخر ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو گئے۔

سید جعفر علی نقوی فرماتے ہیں: تیتو میاں نے فوج کو دیکھتے ہی ساتھیوں سے کہہ دیا تھا کہ صبر واستقامت سے شہادت قبول کرنے کا درجہ بہت بلند ہے، ہتھیار پھینک دو، صفیں باندھ کر قبلہ رو ہو جاؤ اور نماز پڑھو۔ اکثر مجاہدین نے ایسا ہی کیا۔ بعض ایک مکان میں جا بیٹھے، بعض درختوں پر چڑھ گئے۔ تیتو میاں نے سب سے پہلے شہادت پائی۔ اسکے ساتھی بھی یکے بعد دیگرے شہید ہوتے گئے۔ فوج نے اس مکان کو آگ لگا دی جس میں مجاہدین نے پناہ لی تھی۔ کچھ اندر جل گئے جو باہر نکلے وہ شہید ہوئے یا گرفتار کر لیے گئے۔

مقدمہ اور سزائیں

علی پور جیل میں گرفتار شدہ مجاہدین پر مقدمہ چلا۔ مجسٹریٹ کی رائے یہ تھی کہ مسلمان واقعی مظلوم تھے، کسی نے ان کی دادرسی نہ کی اور بہت برا کیا۔ لیکن انہیں حاکموں کا مقابلہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com


نہ کرنا چاہئے تھا۔ غلام معصوم کو مقدمے میں موت کی سزا دی گئی، باقی اسیروں میں سے ایک سو چالیس کو مختلف المیعاد قید کا حکم سنایا گیا۔ کشن رائے کے تمام نوکر چاکر بھی پکڑے گئے۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اُنہیں کیا کیا سزائیں ملیں۔

اس پورے معاملے کے متعلق کسی کی رائے خواہ کچھ ہو، لیکن اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کہ حق رسی کے تمام جائز وسائل سے مایوس ہو جانے کے بعد غیرت و حمیت کا تقاضا اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ جانی قربانی پیش کی جائے۔ تیتو میاں کے دل میں یہ جذبہ سید صاحب کی تربیت سے پیدا ہوا تھا۔ یہ قومی زندگی کا روشن نشان تھا۔ جن گروہوں کو عزت کی زندگی بسر کرنے کی کوئی صورت نظر نہ آئے وہ اگر عزت سے جانیں دیدینے کیلئے تیار نہ ہوں تو سمجھ لینا چاہئے کہ زندہ رہنے کا استحقاق کھو چکے ہیں۔ ہنٹر نے اپنی کتاب میں صرف تیتو میاں کی مجاہدانہ سرگرمیوں کو ابھارا۔ ان اسباب کے متعلق بالکل سکوت اختیار کئے رکھا جو افسوس ناک صورت حال پیدا کرنے کے موجب بنے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برِصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگذشت



حصہ سوم

(مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی)

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی

تمہید

۱۸۴۱ء کی طغیانیٔ سندھ کے بعد مجاہدین کا وہ مرکز بھی تباہ ہو چکا تھا، جسے مولوی نصیرالدین نے تازہ رونق بخشی تھی۔ جو تھوڑے سے مجاہدین باقی رہ گئے تھے انہوں نے میر اولاد علی کو اپنا امیر بنالیا تھا، جو ایک مرتبہ مولوی نصیرالدین منگلوری کی شہادت کے بعد بھی تھوڑی دیر کے لئے منصبِ امارت پر فائز رہے تھے۔ مجاہدین کی تعداد بظاہر بہت کم تھی اور ساز و سامان بھی بقدرِ ضرورت موجود نہ تھا، لہٰذا انہوں نے جہاد فی سبیل اللہ کا چراغ تو روشن رکھا، لیکن کوئی قابل ذکر اقدام نہ کر سکے۔

اس اثناء میں سید صاحب کے مقرر فرمائے ہوئے داعی ہندوستان کے مختلف حصوں میں دعوت و تبلیغ کر رہے تھے، ان میں ممتاز ترین حیثیت مولانا ولایت علی عظیم آبادی اور ان کے بھائی مولانا عنایت علی کو حاصل ہوئی۔ سید صاحب کے ارادت مندوں کی نظریں انہیں پر جمی ہوئی تھیں۔ وہ خود از سرِ نو ایک پائیدار و استوار مرکز قائم کرنے کیلئے بیتاب تھے۔ تاہم حسن تدبیر کا تقاضہ یہ تھا کہ احوالِ سرحد کا جائزہ لیا جاتا اور اس کے بعد کوئی مناسب قدم اٹھایا جاتا، سرحد کے اکابر سے ان کا نامہ و پیام جاری تھا۔ جب انہیں معلوم ہوا کہ سازگار ماحول پیدا ہو چکا ہے تو اس سے فائدہ اٹھانے میں تأمل نہ کیا۔

مولانا ولایت علی

مولانا ولایت علی ابن مولوی فتح علی ایک ممتاز زبیری گھرانے کے چشم و چراغ تھے،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جسے عظیم آباد میں امارت اور ریاست کا درجہ حاصل تھا۔ ۱۲۰۵ھ (۹۱-۱۷۹۰ء) میں پیدا ہوئے۔ ''سید احمد شہید'' میں بتایا جا چکا ہے کہ لکھنؤ میں تعلیم پا رہے تھے، جب سید صاحب سے ملاقات ہوئی اور پہلی ہی صحبت میں نقدِ دل ہار بیٹھے۔ چوں کہ دولت مند گھرانے کے فرد تھے، اسلئے زندگی کا عام اسلوب خاصا امیرانہ تھا۔ سید صاحب سے تعلق پیدا ہوتے ہی مولانا کی کیفیت بالکل بدل گئی، چنانچہ وہ تعلیم کو چھوڑ کر سید صاحب کے ساتھ رائے بریلی چلے گئے اور غالباً مولانا شاہ اسمٰعیل کی جماعت میں انہیں شامل کر دیا گیا۔ شاہ صاحب سے کچھ کتابیں بھی پڑھتے تھے۔ اوقاتِ عبادت و تعلیم کے بعد پورا وقت اپنے ساتھیوں کی خدمت میں گزارتے تھے۔ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاتے اور اپنے ہاتھ سے کھانا پکاتے، غرض کوئی معمولی سے معمولی کام کرنے میں انہیں عار نہ تھی۔

شانِ للّٰہیت

''تذکرۂ صادقہ'' میں بتایا گیا ہے کہ مولانا ولایت علی کے والد ماجد کو اُن کے رائے بریلی پہنچنے کا علم ہوا تو اپنے ایک ملازم کو چار سو روپیہ اور ملبوسات دے کر بھیجا۔ اس زمانے میں سید صاحب مہمانوں کیلئے ایک مکان تعمیر کرا رہے تھے۔ تمام ارادت مند اور خود سید صاحب تعمیر کے سلسلے میں مختلف کام انجام دیتے تھے۔ مولانا ولایت علی اس گروہ میں شریک تھے، جو گارا تیار کرتا تھا۔ ملازم رائے بریلی پہنچا تو مولانا نے ایک موٹا سیاہ تہمد باندھ کر تھا اور گارے میں لتھڑے ہوئے کام کر رہے تھے۔ صورت اس درجہ متغیر ہو چکی تھی کہ ملازم ہم کلامی کے باوجود آپ کو پہچان نہ سکا۔ آپ کا پتہ خود آپ سے پوچھا۔ جب مولانا نے جواب دیا کہ ولایت علی میں ہی ہوں تو ملازم نے اسے مذاق سمجھا اور بہت ناراض ہوا۔ آپ نے کہا: بھائی! آپ کو یقین نہیں آتا تو جایئے قافلے میں تفتیش کر لیجئے۔ جب لوگوں نے اسے یقین دلایا کہ عظیم آباد کے رئیس زادے ولایت علی یہی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہیں تو وہ نادم ہوا۔ آپ کو گلے سے لگالیا، معافی مانگی اور آپ کی حالت دیکھ کر زار زار رونے لگا۔ رقم اور ملبوسات آپ کی خدمت میں پیش کر دیے۔ آپ نے انہیں دیکھا تک نہیں اور دونوں چیزیں بند کی بند سید صاحب کے حضور میں رکھ کر واپس چلے آئے۔ (۱)

وعظ و تبلیغ

مولانا رائے بریلی میں تربیت پا کر وطن گئے تو زندگی کا ایک ایک لمحہ وعظ و تبلیغ کے لئے وقف کر دیا۔ انہیں کی کوشش سے ان کا خاندان اور دوسرے اعزہ و اقرباء سید صاحب سے وابستہ ہوئے، مثلاً مولانا کے والد مولوی فتح علی، ان کے بھائی مولانا عنایت علی، مولانا طالب علی اور مولانا فرحت حسین۔ ان کے اقرباء میں سے مولانا شاہ محمد حسین، مولوی الٰہی بخش، مولانا احمد اللہ، مولانا یحییٰ علی، مولانا فیاض علی، مولوی قمر الدین، مولوی باقر علی۔ غرض ان سے تعلق رکھنے والوں میں ایک بھی فرد ایسا باقی نہ رہا، جس نے سید صاحب کی ارادت کا حلقہ اپنی گردن میں نہ ڈال لیا اور ان حضرات کی قربانیاں تاریخ مجاہدین کا نہایت شاندار اور درخشاں باب ہیں۔

دینی خدمات

مولانا ولایت علی سید صاحب کے ساتھ ہجرت کر کے بغرضِ جہاد گئے تھے، لیکن جیسا کہ ''سید احمد شہید'' اور ''جماعتِ مجاہدین'' میں بتایا جا چکا ہے، انہیں سید صاحب نے دعوت و تبلیغ کی غرض سے حیدر آباد (دکن) بھیج دیا تھا (۲) جہاں وہ کم و بیش چار سال

(۱) ''الدر المنثور معروف بہ ''تذکرۂ صادقہ'' ص: ۱۱۲

(۲) تواریخ عجیبہ (سوانح احمدی) میں مرقوم ہے کہ سید صاحب نے پہلے انہیں سفیر بنا کر زمان شاہ والی کابل اور اس کے وزیر دوست محمد خاں کے پاس بھیجا تھا۔ یہ صحیح نہیں، زمان شاہ سید صاحب کے سرحد جانے سے ربع صدی پیشتر معزول اور بینائی سے محروم ہو چکا تھا۔ وہ پہلے ایران میں رہا پھر ہندوستان آ گیا۔ ..... بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یہ خدمت انجام دیتے رہے۔ حیدرآباد میں انہوں نے جو کارنامے انجام دیے وہ ''جماعت مجاہدین'' میں بھی بیان ہو چکے ہیں اور زیرِ مطالعہ کتاب کے ابتدائی ابواب میں بھی انکی سرسری کیفیت عرض کی جا چکی ہے، لہٰذا اعادہ کی ضرورت نہیں۔ بالاکوٹ میں سید صاحب کی شہادت کا واقعہ پیش آیا اور اسی اثناء میں مولانا کے والد ماجد کا انتقال ہو گیا تو مولانا حیدرآباد سے برہان پور، سیونی، نرسنگھ پور اور جبل پور ہوتے ہوئے عظیم آباد پہنچے اور اصلاحِ عقائد و جہاد کا مقصد پیشِ نظر رکھتے ہوئے بہار، بنگال، اڑیسہ اور الہ آباد میں دعوت و تبلیغ کا منظم سلسلہ قائم کر دیا جس کی اجمالی کیفیت یہ ہے:

داعی		علاقہ
شاہ محمد حسین امام جامع تمو ہیہ		چھپرہ، مظفر پور، ترہٹ اور اطراف پٹنہ
مولانا عنایت علی		بنگال
مولوی زین العابدین حیدرآبادی		الہ آباد
مولوی محمد عباس حیدرآبادی		اڑیسہ (۱)

طریق تبلیغ یہ تھا کہ مولانا خود اور ان کے مقرر کیے ہوئے داعی ایک ایک قریے اور ایک ایک موضع میں جاتے، مسلمانوں کو پابندِ شریعت بناتے، مسجدیں آباد کرتے اور ارشاد و ہدایت کا مستقل سلسلہ جاری کر دیتے۔

گزشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... انگریزوں نے اس کیلئے دو ہزار ماہوار وظیفہ مقرر کر دیا۔ اس نے لدھیانہ میں سکونت اختیار کر لی اور وہیں ۱۸۴۵ء میں وفات پائی۔ دوست محمد خاں کبھی زمان شاہ کا وزیر نہ ہوا۔ سدوزئیوں کی حکومت میں افراتفری پیدا ہوئی تو پائندہ خاں بارک زئی کے بیٹے افغانستان کے مختلف صوبوں (بہ استثناء ہرات) پر قابض ہو گئے تھے۔ دوست محمد خاں نے کابل کی حکومت سنبھال لی تھی۔ غرض مولانا ولایت علی کو سفیر بنا کر کابل بھیجنے کا واقعہ غلط ہے۔

(۱) مولوی زین العابدین اور مولوی عباس مبارز الدولہ کی نظر بندی کے بعد چلے آئے تھے۔ مولانا نے انہیں اپنے پاس ٹھہرایا۔ پھر دعوت و تبلیغ کا کام سونپ دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا کی کیفیت

خود مولانا کی کیفیت ''تذکرۂ صادقہ'' میں یوں مرقوم ہے:

''اشاعتِ دین میں آپ کی انتھک کوشش غرب وشرق، شمال وجنوب کل کو محیط تھی، مجمعوں اور میلوں (مثلاً بہار کا چراغاں) میں بھی بہ غرض تبلیغ و پند پہنچتے اور نور بافوں کو کرگہ میں جا کر اور کسانوں کو ان کے کھیتوں میں پہنچ کر اللہ کی اطاعت و بندگی کی ترغیب دیتے اور انکی بدزبانی اور غصوں کو شربت کی طرح نوش کر جاتے، آپ اپنے دَور وسَیر میں قریہ بہ قریہ فروکش ہوتے جاتے، اور اللہ کی باتیں پہنچاتے جاتے، اسلئے اپنے مخصوص مقامات تک پہنچنے میں مہینوں اور برسوں کی آپ کو دیر لگتی۔ (۱)

تعلیم اور اشاعتِ کتب

جب وطن میں مقیم ہوتے تو ظہر سے عصر تک قرآن وحدیث کا درس دیتے'' تذکرۂ صادقہ'' مظہر ہے:

مولوی عبداللہ آپ کے خلف اکبر قاری ہوتے، دوسرے علماء ایک ایک تفسیر ہاتھ میں لے بیٹھتے، علماء کے علاوہ مریدوں کی بڑی بھاری صف ہوتی تھی۔ قرآن مجید اور ''بلوغ المرام'' کا لفظی ترجمہ مردوں، عورتوں اور بچوں کو پڑھواتے، تاکہ لوگ اللہ کی مرض اور غیر مرضی (امر ونہی) سے آگاہ ہو جائیں۔ اَن پڑھ بھی نمازوں میں اپنے پڑھنے کی سورتوں اور دعاؤں کے معانی اور مطالب سے خوب آگاہ ہوتے۔ (۲)

ضروری اور مفید دینی کتابوں کی اشاعت کا بھی خاص اہتمام تھا، چنانچہ شاہ محمد اسحٰق سے شاہ عبدالقادر کا با ترجمہ قرآن اور شاہ اسمٰعیل شہید کے رسائل منگوائے اور انہیں مطبع

(۱) ''تذکرہ صادقہ'' ص:۱۶ (۲) ''تذکرۂ صادقہ'' ص:۱۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حسینی لکھنؤ میں چھپوانے کی کوشش کی۔ وہاں یہ چھپ نہ سکیں تو اپنے خلیفہ مولوی بدیع الزماں بردوانی کو اس کام کیلئے تیار کیا۔ چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے دس ہزار میں ٹائپ کا پریس خریدا اور اکثر دینی کتابیں اس میں چھاپ چھاپ کر شائع کرتے رہے۔(۱)

خداداد تاثیر

قیامِ وطن کے زمانے میں ہر ہفتے منگل کے دن بعد نماز مغرب اپنے مکان میں وعظ کرتے۔ ایک جانب پانچ چھ سو عورتیں جمع ہوتیں، دوسری جانب پانچ چھ ہزار مرد۔ وعظ میں خداداد تاثیر تھی، جو سنتا اس کی حالت دِگرگوں ہو جاتی۔(۲)

نواب صدیق حسن خاں لکھتے ہیں:

> ''مولوی ولایت علی قنوج میں تشریف لائے۔ میرے مکان پر آئے، اپنے اہل بیت کو واسطے ملاقات والدہ مرحومہ کے بھیجا، جامع مسجد قنوج میں چند جمعہ تک وعظ کہا، پھر مجھ سے کہہ گئے کہ تم کتاب ''بلوغ المرام'' ضرور پڑھنا۔ میں اس وقت بارہ تیرہ برس کا ہوں گا، جو اثر سریع میں نے وعظ مولوی ولایت علی مرحوم میں پایا، کسی کے وعظ میں دیکھا نہ سنا، ان کے پاس بیٹھنے سے دل دنیا سے بالکل سرد ہو جاتا تھا اور دین کا جوش تہ دل سے اٹھتا تھا۔(۳)

---

(۱) ''تذکرۂ صادقہ'' ص:۱۶

(۲) ''تذکرۂ صادقہ'' ص:۱۶

(۳) ''ابقاء المنن'' ص:۲۰۔ واضح رہے کہ نواب صدیق حسن کی تاریخ پیدائش ۱۹ر جمادی الاول ۱۲۴۸ھ (۱۴ر اکتوبر ۱۸۳۲ء) ہے۔ مولانا ولایت علی شوال ۱۲۶۵ھ میں عظیم آباد سے روانہ ہوئے تھے اور رمضان ۱۲۶۶ھ سے تقریباً دو ماہ قبل دہلی پہنچے۔ قنوج میں ان کا ورود جمادی الاولیٰ یا جمادی الاخریٰ ۱۲۶۶ھ میں ہونا چاہئے۔ اس وقت نواب صاحب کی عمر کم و بیش اٹھارہ برس کی ہوگی۔ اگر قنوج میں مولانا کے ورود کو چشتر کے سفر سرحد یعنی ۱۲۶۲ھ کا واقعہ سمجھا جائے تو اشکال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس سفر میں نہ تو اہل و عیال مولانا کے ساتھ تھے اور نہ وہ ہر مقام پر زیادہ توقف فرماتے رہے۔ قرینہ بھی ہے کہ اس بیان میں نواب صاحب کو اپنی عمر کے اندازے میں غلطی لگی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا ولایت علی نے گرد و پیش سنت کا احیاء کر دیا اور بدعتیں بالکل محو کر ڈالیں، مثلاً تمام لوگ کتاب و سنت کے پابند ہو گئے، بری رسمیں مٹ گئیں، نکاحِ بیوگان کا اجراء ہوا، اپنے دو بیٹوں کا نکاح دو بھتیجیوں سے اس سادگی کے ساتھ کر دیا کہ کسی کیلئے کوئی نیا جوڑا تیار نہ کرایا۔ سب نے پرانے کپڑے پہن رکھے تھے، جن میں پیوند لگے ہوئے تھے۔

سفر حج

اسی زمانے میں آپ نے حج کیا۔ پہلے خود بہ سلسلہ تبلیغ بنگال کا دورہ فرمایا اور عادت کے مطابق قریہ بہ قریہ سفر کرتے ہوئے کلکتہ پہنچے۔ مولوی بدیع الزماں بردوانی کو مصری گنج کی مسجد کا امام مقرر کیا۔ اسی دورے میں سورج گڑھ بھی گئے، جہاں مولانا سید نذیر حسین مرحوم آپ کے وعظ و نصیحت سے متاثر ہوئے اور اپنی زندگی خدمتِ دین کیلئے وقف کی۔ پھر اہل و عیال کے ساتھ بہ قصد حج کلکتہ سے جہاز پر سوار ہوئے۔ بمبئی پہنچے تو دو ماہ تک وہاں قیام رہا، پھر عرب تشریف لے گئے۔ حج کیا، شیخ عبداللہ سراج محدث سے حدیث کی سند حاصل کی۔ شیخ فرماتے تھے کہ مولانا نے حدیث کے لفظوں کی سند مجھ سے لی اور معانی کی سند میں نے مولانا سے حاصل کی۔ حرمین کے علاوہ آپ نے نجد، عسیر اور یمن کی بھی سیر کی اور غالباً صنعاء میں قاضی محمد بن علی شوکانی سے بھی سند حدیث حاصل کی۔ مولوی محمد جعفر نے حضر موت، مخا، حدیدہ، مسقط اور سواکن (سودان) جانے کا بھی ذکر کیا ہے۔ (۱) پھر جہاز پر سوار ہو کر کلکتہ پہنچے اور معمول کے مطابق دورہ سیر کرتے ہوئے وطن آئے۔ (۲)

مولانا عنایت علی

مولانا عنایت علی اپنے بھائی مولانا ولایت علی سے دو یا تین برس چھوٹے تھے۔ سید

(۱) سوانح احمدی طبع اول ص: ۲۱۳ (۲) تذکرہ صادقہ ص: ۱۲۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صاحب سے بیعت کے بعد ان کی حالت بھی بالکل بدل گئی۔ وہ بھی سید صاحب کے ساتھ جہاد کیلئے گئے تھے، اور وہاں سے بنگال میں دعوت وتبلیغ پر مامور ہوئے۔ ضلع جیسور میں موضع حاکم پور کو آپ نے مرکز بنالیا تھا، جہاں کے حاجی مفید الدین خاں اور مدن خاں آپ کے خاص ارادت مند تھے۔ جیسور، ندیا، فرید پور، راج شاہی، مالدہ اور بوگرا آپ کی تبلیغی سرگرمیوں کے خاص مرکز تھے۔ سید صاحب کی شہادت کے بعد آپ اپنے بڑے بھائی مولانا ولایت علی کے زیر ہدایت کام کرتے رہے۔ آپ کے متعلق بتایا گیا ہے کہ جس مقام پر پہنچتے اگر وہاں مسجد موجود ہوتی تو کسی موزوں شخص کو امام مقرر کر دیتے، مسجد نہ ہوتی تو تعمیر کرا دیتے۔ خاص طور پر قابل ذکر امر یہ ہے کہ امام محض نماز پڑھانے اور ضروری دینی باتیں سکھانے ہی کا ذمہ دار نہ ہوتا بلکہ اپنے علاقے کے تمام جھگڑوں کے فیصلے بھی وہی کرتا۔ سید صاحب کے ارادت مندوں کا پختہ عقیدہ تھا کہ انگریزی عدالتوں کی طرف رجوع کرنے میں دل تاریک ہو جاتے ہیں اور ایمان کو نقصان پہنچتا ہے۔ اس طرح مولانا نے ایک حد تک نظم ونسق کا متوازی نظام قائم کر دیا۔

یہ حالات ہم نے اختصاراً اس لئے بیان کر دیے کہ یہ مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی کے مجاہدانہ کارناموں کی ایک ضروری تمہید تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

ہزارہ میں جہادِ آزادی

سکھوں کی حکومت میں ابتری

مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی پوری سرگرمی سے دعوت و تبلیغ میں مصروف تھے اور ان کی نگاہیں اس امر پر جمی ہوئی تھیں کہ وقت اور ماحول کے سازگار ہوتے ہی موزوں مقام سے جہاد کا آغاز کر دیں۔ یہاں تک کہ سکھوں کی حکومت میں ابتری پیدا ہوئی اور میدانِ عمل میں قدم رکھنے کا سازگار موقع پیدا ہو گیا۔

سکھوں کی حکومت دراصل کوئی باقاعدہ اور منظم حکومت نہ تھی بلکہ اسے ایک نوع کا عارضی فوجی غلبہ کہنا زیادہ موزوں ہے۔ انہیں اس وجہ سے پنجاب پر چھا جانے کا موقع مل گیا کہ یہاں کسی بھی جگہ کوئی قابل ذکر نظام موجود نہ تھا، جو اصلح اور عوام دوست عناصر کو متحد کر سکتا۔ رنجیت سنگھ کی خواہش ممکن ہے یہ رہی ہو کہ عارضی فوجی غلبے کو منظم حکومت کی شکل دیدے، لیکن اسکی پوری زندگی دائرۂ اقتدار کی توسیع میں بسر ہوگئی اور توسیع کی آرزو اسی صورت میں پوری ہو سکتی تھی کہ عسکریت کو زیادہ سے زیادہ بے لگام رکھا جاتا۔ چنانچہ وہ ۱۸۳۹ء میں فوت ہوا تو اس کے قائم کردہ نظام کا کھوکھلا پن کسی کی نگاہوں سے اوجھل نہ رہا، اس نے چالیس برس میں جو گھروندا بنایا تھا، جانشینوں نے چار پانچ ہی برس میں اس کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی۔

فساد در فساد

رنجیت سنگھ کے بعد اسکا بیٹا کھڑک سنگھ حکمراں بنا۔ وہ بالکل کمزور اور بے عزم آدمی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھا۔ جس روز وہ مرا اسی روز اس کا بیٹا نونہال سنگھ ایک حادثے کی نذر ہو گیا، جو رنجیت سنگھ کے خاندان میں سب سے قابل مانا جاتا تھا۔ پھر رنجیت سنگھ کے دوسرے بیٹے شیر سنگھ نے مسندِ حکومت سنبھالی، وہ اور اس کا نوعمر بیٹا ۱۸۴۳ء میں مارے گئے اور سکھوں کے مختلف فریق بے دریغ ایک دوسرے کا خون بہانے لگے۔ آخر رنجیت سنگھ کے سب سے چھوٹے بیٹے دلیپ سنگھ کو گدی پر بٹھایا گیا۔ وہ کم سن تھا اور انتظام کیلئے ایک کونسل بنا دی گئی تاہم سکھ امراء کی باہمی رزم و پیکار نہ رُکی۔ پھر بعض دور اندیش لوگوں نے ان کی توجہ خانہ جنگی سے ہٹانے کی تدبیر یہ سوچی کہ انگریزوں سے لڑائی چھیڑ دی جائے، سکھ عموماً دنیا کے حالات سے بے خبر تھے، اپنی قوت و طاقت پر انہیں اتنا گھمنڈ تھا کہ کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے جوشِ غیظ میں انگریزی علاقے پر دھاوا بول دیا، پے در پے شکستیں کھائیں اور آخر صلح پر مجبور ہو گئے۔ دوآبہ بست جالندھر کے علاوہ شمال مشرق کے تمام پہاڑی علاقے انگریزوں کے حوالے کیے اور تاوان بھی دیا۔ انگریزوں نے کشمیر اور بالائی ہزارہ گلاب سنگھ ڈوگرہ کے ہاتھ فروخت کر دیا، جو جنگ سے الگ تھلگ رہا تھا اور انگریزوں کا خیر خواہ سمجھا جاتا تھا۔ کچھ مدت بعد دوسری جنگ ہوئی جس میں سکھوں کی عملداری کا نقش صفحۂ ہستی سے محو ہو گیا۔

سرحدی علاقوں میں ہنگامے

مرکزی حکومت کی بدنظمی اور ابتری کا اثر سب سے پہلے اور سب سے زیادہ ان علاقوں پر پڑا جو دور افتادہ تھے اور جہاں حکومت کی بنیادیں پوری طرح استوار نہ ہوئی تھیں۔ اس سلسلے میں ہمارے موضوع کے لحاظ سے ہزارہ اور کاغان بہ طورِ خاص قابلِ ذکر ہیں، جہاں کے رؤسا اور عوام سکھوں کے جبر و ظلم اور قزاقانہ تحصیلات سے سخت تنگ آئے ہوئے تھے۔ ہزارہ میں ہری سنگھ دس بارہ سال صوبہ دار رہا۔ اسکا پورا دور قتل و غارت اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خونریزی وشقاوت سے لبریز ہے۔ اس نے بعض رؤساء کو موت کی سزا دیدی (۱) اور اکثر کو جلاوطنی پر مجبور کر دیا۔ مالیہ وصول کرنے کا طریقہ یہ تھا کہ مختلف علاقوں کی نیلامی بولی جاتی، جو زیادہ رقم دیتا علاقہ اس کے حوالے کر دیا جاتا تھا، پھر وہ اپنے انتظام کے دوران میں جس طرح چاہتا رقم وصول کرتا۔ (۲)

ہزارہ اور کاغان کے رئیسوں نے سکھوں کو خانہ جنگی میں مبتلا دیکھا تو وہ آزادی حاصل کرنے میں سرگرم کار ہو گئے۔ اس سلسلے میں راجا حیدر بخش خاں گکھڑ رئیس خان پور، نواب خاں پلال تنولی رئیس شنگڑی، میر زمان خاں طاہر خیلی رئیس کھلابٹ، غلام خاں ترین، ان کے علاوہ جدون، کرڑال، دلازک نیز کاغان کے سید خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ زیریں ہزارہ کے رؤسا نے سکھوں کی جمعیتوں کو شکست دیکر ہری پور پر قبضہ کر لیا اور وہاں کا گورنر مول راج دلوالیہ حسن ابدال بھاگ آیا۔ (۳)

کشمیر کی جانب سے دیوان ابراہیم نے کاغان پر حملہ کیا، وہاں سیدوں نے ضامن شاہ ساکن کوائی کی سرکردگی میں دیوان پر خوفناک چھاپا مارا جس میں وہ خود اور اسکی پوری فوج موت کے گھاٹ اتر گئی۔ یہ مقام آج تک دیوان بیلہ کے نام سے موسوم ہے، یعنی وہ

(۱) اس سلسلے میں محمد خاں ترین کا واقعہ بڑا ہی عبرت ناک ہے۔ رنجیت سنگھ نے اس غریب کو لاہور میں مقید رکھا تھا۔ ہری سنگھ نے قیامِ امن کی غرض سے اسے ہزارہ لیجانا چاہا، رنجیت سنگھ نے کہا کہ پچپن ہزار روپے دو تو اسے تمہارے حوالے کروں گا۔ ہری سنگھ نے رقم دے دی۔ محمد خاں کو ہزارہ کے دیہات سے اڑھائی روپے فی خانہ تاوان وصول کر کے پچپن ہزار کی رقم پوری کر لی۔ شاید ہی کسی منظم حکومت میں ایسے واقعات کا نشان مل سکے۔

(۲) بالائی ہزارہ کا علاقہ پہلے گلاب سنگھ ڈوگرے کے قبضے میں تھا۔ پھر اس نے اس علاقے کے معاوضے میں جموں کے قریب ایک علاقہ لے لیا۔ میجر ایبٹ نے بالائی ہزارہ کا چارج سنبھالا تو رپورٹ میں لکھا کہ ۱۸۴۰ء سے پیشتر تین لاکھ پچاسی ہزار پانسو ستر روپے صرف بطور مالیہ وصول ہوتے تھے، لیکن سرکاری خزانے میں دو لاکھ انتالیس ہزار نوسو پینتیس روپے جمع کیے جاتے تھے۔ خود میجر ایبٹ نے منصفانہ تشخیص کی تو مالیے کی کل رقم ایک لاکھ ستاسی ہزار آٹھ سو اُناسی روپے بنی۔ اس سے سکھوں کی جابرانہ تحصیلات کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

(ملاحظہ ہو انتظامی رپورٹ بابت ۵۰-۱۸۴۹، مطبوعہ ۱۸۵۴ء، ص ۸۴)

(۳) "ہزارہ گزیٹیر" طبع ۱۹۰۷ء، ص: ۱۳۳، ۱۳۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مقام جہاں دیوان ابراہیم کا صفایا ہوا تھا۔

کُنڈی مسلمانی

زیریں ہزارہ کے رؤسا نے بالاتفاق سید اکبر شاہ ستھانوی کو آزاد شدہ علاقے کا سردار و رئیس منتخب کیا۔ چنانچہ سید موصوف کی ابتدائی دستار بندی ناڑہ کے مقام پر کی گئی جسے اس وجہ سے خاص شہرت حاصل ہے کہ قبائلی لشکروں نے ۱۸۲۴ء میں ہری سنگھ نلوہ کو وہاں فیصلہ کن شکست دی تھی اور وہ محض حسن اتفاق سے قتل ہوتے ہوتے بچا۔ بعد ازاں ہری پور کے قلعے میں دستار بندی ہوئی۔ سید اکبر شاہ کو بادشاہ کا لقب دیا گیا۔ نواب خاں رئیس شنگڑی اور غلام خاں ترین وزیر مقرر ہوئے۔ سیف اللہ خاں رسالدار کو میر منشی کے عہدے پر مامور کیا گیا۔ یہ انتظام چوں کہ بہت تھوڑی دیر قائم رہا اس لئے مقامی لوگوں میں یہ دور ''کُنڈی مسلمانی'' کے نام سے مشہور ہے، یعنی وہ اسلامی حکومت جو بہت تھوڑی دیر قائم رہی۔(۱)

طلبِ امداد

صحیح تاریخ معلوم نہیں ہو سکی لیکن افراتفری کا یہی زمانہ ہے جس میں سید ضامن شاہ کاغانی نے مولانا ولایت علی کو دعوت بھیجی کہ آپ تشریف لائیں اور یہاں آغازِ جہاد کے لئے جو سازگار فضا پیدا ہو چکی ہے اس سے فائدہ اٹھا کر اسلامی حکومت کے استحکام و استواری کا بندوبست کریں۔ مولانا نے اپنے بھائی مولانا عنایت علی کو بھیجنے کی تجویز کی۔ وہ اس وقت بنگال میں دعوت و تبلیغ کا فریضہ انجام دے رہے تھے۔ انہیں سرحد جانے کا پیغام ملا تو دو ہزار مجاہدین ساتھ لے کر عظیم آباد پہنچے جس سے انگریزی حکومت کے کارکنوں میں تشویش پھیل گئی۔ مولانا ولایت علی نے مصلحت و دور اندیشی سے کام لیتے

(۱) تفصیلات سید عبدالجبار شاہ کی ''کتاب العمر ۃ'' میں مل سکیں گی جس کا ذکر اس سلسلے کی کتابوں میں بارہا آچکا ہے۔ (قلمی نسخہ ص ۲۷۹، ۲۸۰۔ نیز ہزارہ گزیٹیر ص ۱۳۴)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوئے جمعیت منتشر کر دی اور فیصلہ کیا کہ تمام لوگ چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں بٹ کر یکے بعد دیگرے جائیں اور سکھوں کے علاقے سے گذرنے کی اسکے سوا کوئی صورت نہ تھی۔ چنانچہ جمادی الاخریٰ ۱۲۵۹ھ (جولائی ۱۸۴۳ء) سے چار چار پانچ پانچ چھ چھ آدمیوں کی ٹولیاں روانہ ہونے لگیں اور غالباً چار پانچ مہینے تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ ان ٹولیوں کے رئیسوں میں جن اصحاب کے اسمائے گرامی مذکور ہیں ان میں مولانا عنایت علی کے علاوہ مولانا عبداللہ (فرزند مولانا ولایت علی) میر اولاد علی سورج گڑھی، جو غالباً انتظام کمک کے لئے سرحد سے آ گئے تھے، مولوی مقصود علی، مولوی کرم علی اور مولوی زین العابدین قابل ذکر ہیں۔ (۱)

ڈاکٹر ہیلیو کے بیان سے بھی اسکی تصدیق ہوتی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ فتح خان پنجتاری نے مولوی نصیر الدین منگلوری کی شہادت کے بعد بھی مجاہدین کے خلاف دشمنی کا سلسلہ جاری رکھا یہاں تک کہ مولوی میر اولاد علی کے پاس صرف ستر اسّی آدمی رہ گئے۔ ان حالات کی اطلاع ہندوستان پہنچی تو عظیم آباد سے مولانا عنایت علی کو اور بہار سے میر مقصود علی کو بھیجا گیا۔ انکے پاس روپیہ بھی خاصی مقدار میں تھا اور جنگجوؤں کی جماعت بھی کم نہ تھی:

> پوری جماعت تین سو افراد پر مشتمل تھی۔ وہ پانچ پانچ چھ چھ آدمیوں کی چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں پکھلی واقع ہزارہ پہنچے جو پہلے سے منزل مقصود مقرر ہو چکی تھی، یہاں میر اولاد علی اور ان کی چھوٹی سی جماعت بھی ان (مجاہدین) میں شامل ہو گئی۔ (۲)

---

(۱) اس سلسلے میں زیادہ تر حالات ایک مجمل تحریر سے معلوم ہوئے جو مجاہدین مرکز اسمت میں میری نظر سے گذری۔ (نیز ملاحظہ ہو تذکرہ صادقہ ص: ۱۲۲، ۱۲۳) تحریر سے یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ جمادی الاخریٰ ۱۲۵۹ھ کو عبدالغفور کلاں، مولانا عبداللہ اور تین اور صاحبان روانہ ہوئے تھے۔ ۱۱ رمضان ۱۲۵۹ھ کو مولانا عنایت علی کے فرزند حافظ عبدالمجید کا نکاح ہوا، پھر مولانا روانہ ہوئے۔ ذی قعدہ ۱۲۵۹ھ (نومبر ۱۸۴۳ء) میں پشاور [illegible] متعلقات پر قابض رہے۔ یعنی ۱۸۴۷ء تک۔ اسی موقع پر نواب وزیر الدولہ نے [illegible]

(۲) یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ Report on the Usuf Zais [illegible]

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اوکنلے کا بیان ہے کہ مولوی محمد قاسم سندھ سے کوائی پہنچے۔ سید ضامن شاہ اور اس کا بھائی نوبت شاہ مولوی صاحب کے مرید ہوئے اور صاحب موصوف نے سید صاحب کے نام پر آپکے خلفاء کو ہندوستان میں خطوط بھیجے کہ سید صاحب دوبارہ ظاہر ہونے والے ہیں، اور سب کو سرحد پہنچ جانا چاہئے۔ مولوی عنایت علی نے فوراً سرحد پہنچ کر سکھوں کو بالاکوٹ سے نکال باہر کیا، پھر نجف خان کہوڑی والے نے ان سے امداد طلب کی، زین العابدین حیدر آبادی بھی مولوی ولایت علی کی ہدایت کے مطابق ان (مولوی عنایت علی) سے آملے، سکھوں کے خلاف نجف خان کی امداد کے لئے مولوی زین العابدین ہی کو چنا گیا تھا، لیکن انہوں نے شکست کھائی اور کمان داری سے دست بردار ہو گئے۔ (۱)

مجاہدین کے کارنامے

قطعی طور پر معلوم نہ ہو سکا کہ اس طرح مولانا عنایت علی کتنے مجاہدین اپنے ساتھ لے جا سکے تھے، اور کن کن مقامات سے گذرتے ہوئے کاغان پہنچے۔ ہزارہ گزیٹیر میں مرقوم ہے:

> ہندوستانی مجاہدوں کا بقیۃ السیف گروہ یہ اعلان کرتے ہوئے کوائی (کاغان) میں جمع ہوا کہ خلیفہ سید احمد شہید نہیں ہوئے، بلکہ بہت جلد ظاہر ہونے والے ہیں۔ شمالی ہزارہ کے لوگ ان کے ساتھ ہو گئے۔ انہوں نے شنکیاری، بیر کھنڈ، گڑھی حبیب اللہ خان اور اگرور کے قلعوں پر حملہ کر کے محافظ دستوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ (۲)

ایک مکتوب سے جو ذی قعدہ ۱۲۶۲ء (اکتوبر ۱۸۴۶ء) کا مرقومہ ہے، واضح ہوتا ہے کہ مولانا عنایت علی سادات کاغان اور دوسرے مقامی لوگوں کی امداد سے ذی الحجہ ۱۲۶۱ھ (دسمبر ۱۸۴۵ء) میں بالاکوٹ پر قابض ہو چکے تھے۔ وہیں انہیں باقاعدہ امیر جہاد

(۱) کلکتہ ریویو بابت جولائی ۱۸۷۰ء ص: ۱۸۹ (۲) ہزارہ گزیٹیر ص ۱۳۳، ۱۳۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تسلیم کیا گیا۔ سید ضامن شاہ کاغانی نے بھی ان کی اطاعت قبول کر لی اور آس پاس کے علاقوں کو سکھوں کے قبضے سے آزاد کرانے کے لئے زبردست جہاد شروع ہو گیا، جس کی تفصیلات آئندہ باب میں پیش کی جائیں گی۔

گلاب سنگھ ڈوگرہ

مبادا اوپر کے بیانات سے سمجھا جائے کہ ظلم و جبر صرف سکھوں سے مخصوص تھا، گلاب سنگھ ڈوگرہ جس کے نام بالائی ہزارہ منتقل ہوا تھا، اور وہ کاغان پر بھی قبضے کیلئے کوشاں تھا، کم جابر نہ تھا، اس کے متعلق خود انگریزوں کے بیانات سن لیجئے:

دراصل ہمارے لئے اپنے نامزد کردہ (گلاب سنگھ) پر فخر کی کوئی وجہ نہ تھی۔ جان لارنس کہتا ہے کہ گلاب سنگھ جالندھر اور لاہور میں عموماً متعارف تھا، لیکن اس کیلئے ابھی تک ایک بھی شخص کی زبان سے کلمۂ خیر نہیں سنا۔ ہربرٹ ایڈورڈز کو روزانہ گلاب سنگھ سے بات چیت کا موقع ملتا تھا، اس کا بیان ہے کہ مجھے اب تک جتنے دیسی آدمی ملے، گلاب سنگھ ان میں سے بدترین تھا۔ بہت برا حکمراں، بخیل اور جھوٹا۔ تیسرا گواہ جسے گلاب سنگھ کے متعلق اندازے کے بہترین موقعے ملے، کہتا ہے کہ وہ طبعاً حریص اور سنگدل ہے، وہ جان بوجھ کر اس غرض سے نہایت خوفناک ظلم و ستم کا مرتکب ہوتا ہے کہ اس کا نام دہشت کا مترادف بن جائے اور کسی کو اس کے اقتدار میں مزاحمت کا خیال تک نہ آ سکے۔ ستم ظریفی کی انتہا یہ ہے کہ ایسے آدمی کو سکھوں کی فوج کے بل پر سکھوں کی خواہشات کے خلاف اور اس سے بھی بڑھ کر بدنصیب رعایا کی خواہشات کے خلاف ہم دنیا کے حسین ترین ملک (کشمیر و بالائی ہزارہ) کی مسندِ حکومت پر بٹھانے والے تھے۔(۱)

یہ شخص تھا جس سے مجاہدین کو جہاد کا سابقہ پڑا۔

(۱) ''لائف آف لارڈ لارنس'' انگریزی، مصنفہ باسورتھ سمتھ جلد اول، ص: ۱۹۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

مولانا عنایت علی کے مجاہدانہ کارنامے

ماخذ

اس باب میں جو حالات بیان ہوں گے، ان کا کوئی ذکر کسی مطبوعہ یا قلمی تاریخ میں موجود نہیں، صرف سرسری حالات بعض کتابوں میں مذکور ہیں۔ مثلاً ''ہزارہ گزیٹیئر'' ''تذکرۂ صادقہ'' ڈاکٹر بیلیو کی رپورٹ یوسف زئی کے متعلق اور ڈاکٹر ہنٹر کی کتاب ''ہندوستانی مسلمان''۔ مجھے حسن اتفاق سے ایک طویل مکتوب مل گیا جو ۹ر ذی قعدہ ۱۲۶۲ء (۲۹ر اکتوبر ۱۸۴۶ء) کا مرقومہ تھا، اس میں پورے جہاد کی کیفیت تو مذکور نہیں البتہ محرم ۱۲۶۲ھ (دسمبر ۱۸۴۵ء) سے شوال ۱۲۶۲ھ (اکتوبر ۱۸۴۶ء) تک کے حالات قلمبند کر دیئے گئے تھے۔ یہ مکتوب سرحد آزاد سے ہندوستان کے مختلف مرکزوں میں پہنچا ہوگا، مجھے اس کی نقل مولانا مسعود عالم مرحوم ومغفور سے ملی، اور انہوں نے یہ حیدر آباد (دکن) کے کتب خانۂ آصفیہ سے حاصل کی تھی۔ افسوس کہ وہ پورے حالات سے واقف نہ تھے، لہٰذا اپنی کتاب ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک کی ترتیب میں اس مکتوب سے کوئی فائدہ نہ اٹھا سکے۔ میرے علم کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ اس مکتوب کے مندرجات ضروری تفصیلات کے ساتھ منظرِ عام پر آ رہے ہیں۔ یقیناً ایسے اور بھی مکتوب ہندوستان آتے رہے ہونگے اور ان کا سب سے بڑا ذخیرہ علمائے صادق پور (عظیم آباد) کے پاس ہونا چاہئے تھا، لیکن ان پر انگریزی دور میں ابتلاء ومصائب کی جو بجلیاں گرائی گئیں ان میں سب کچھ تباہ ہو گیا۔ کسی دوسری جگہ اب تک ان کا سراغ نہیں مل سکا، کاش! یہ پورا ذخیرہ کہیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے دستیاب ہو سکے اور مجاہدین کی جانبازیوں کا یہ باب ہر لحاظ سے مکمل ہو جائے۔

گڑھی پر حملہ اور فتوحات

بالاکوٹ پر قبضے کے بعد مولانا عنایت علی کو امیر جہاد مان لیا گیا تو انہوں نے فوج کا باقاعدہ انتظام کر کے محرم ۱۲۶۲ء میں گڑھی حبیب اللہ خاں کو مسخر کر لیا۔ اس کے بعد فتح گڑھ پر دھاوا بولا جو سکھوں کا ایک مستحکم قلعہ تھا۔ اوائل ربیع الاول میں اس پر بھی قبضہ کر لیا۔ جب تک سکھوں کا تسلط قائم تھا اور ان کے خلاف آزادی کی کوئی تحریک جاری نہ ہوئی تھی، مقامی لوگ مجاہدین کے مطالبۂ عشر کو ٹھکرا رہے تھے۔ جب سکھوں کے اقتدار میں پے در پے رخنے پیدا ہونے لگے اور وہ قلعوں کو خالی کرنے لگے تو مقامی لوگوں نے مجاہدین کے نام دعوت نامے بھیج بھیج کر قلعے ان کے حوالے کر دیئے۔ مذکورۂ ذیل مکتوب مظہر ہے:

> بعد فتح قلعۂ مذکور (قلعہ فتح گڑھ) اہل دیگر قلعہ جات بہ طور دعوت طلب نمودند۔ یکے می گفت کہ اول در قلعۂ ما آمدہ محاسبہ ذخیرہ و اسباب گیرند و مرا بہ امن رخصت کنند۔ غرض بہ عرصہ ہفتہ عشرہ بست و دو قلعہ ملک پکھلی و دھموڑ و اورش و تنول تا ملک ہزارہ خالی شد و توپ و شاہین و اسپ و خچر و بارود و سرب و سلاح و دیگر اسباب بسیار بدست غازیاں در آمد۔ قبل ازیں اگر مجاہدین از زمینداران ملک مکھلی عشر طلب می کردند، بہ جواب می گفتند کہ اول فوج بادشاہی را بکشید بعدہٗ عشر خواہیم داد، و قبل از آں یک خرمہرہ نہ خواہیم داد۔
>
> ترجمہ: قلعہ فتح گڑھ کی تسخیر کے بعد دوسرے قلعوں کے ذمہ دار دعوت دے دے کر بلانے لگے۔ ایک کہتا: پہلے ہمارے قلعے میں آیئے، ذخیرے اور اسباب کا حساب لے لیجئے اور مجھے بہ امن و امان رخصت کر دیجئے۔ غرض ہفتے عشرے میں بائیس قلعوں پر قبضہ کر لیا گیا۔ پکھلی، دھموڑ، اورش اور تنول کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

علاقہ ہزارہ تک زیرنگیں آ گیا۔ توپیں، شابینیں، گھوڑے، خچر، بارود، سیسہ، ہتھیار اور بہت سا دوسرا سامان مجاہدین کے ہاتھ آیا۔ اس سے پہلے مجاہدین پکھلی کے زمینداروں سے عشر مانگتے تو وہ کہتے کہ پہلے سکھوں کی فوج کو نکالو، اس کے بعد ہم عشر دیں گے، ورنہ کوڑی بھی نہ دیں گے۔

مظفر آباد پر یورش

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، مرکزی حکومت میں ابتری کے باعث سکھوں کا شکنجہ اقتدار ڈھیلا پڑ چکا تھا، اور مسلمان سردار حوصلہ پا کر مقابلے کیلئے تیار ہو چکے تھے۔ مولانا عنایت علی نے حتی الامکان ان سب کے لئے اعانت کا بندوبست کر دیا، جوان کے خطوط اقدام سے قریب تھے۔ چنانچہ ایک فوج مولوی مقصود علی کی قیادت میں سلطان حسین خاں بمبا کی امداد کے لئے مظفر آباد بھی بھیج دی گئی۔ اس میں دو سو مقامی سپاہی شامل تھے اور تھوڑی سی تعداد مجاہدین کی تھی۔ یہ معلوم نہیں کہ خاص مظفر آباد میں جنگ ہوئی یا اس کے آس پاس کسی خاص مقام پر، لیکن خدا نے مجاہدین کو فتح و کامرانی سے سرفرازی بخشی۔

فتح گڑھ میں مقابلہ

فتح گڑھ میں مقابلے کی کیفیت مکتوب میں یوں بیان کی گئی ہے:

لشکرِ منافقان چپ و راست دامانِ کوہ گرفتہ و مجاہدین در میدان مقابل نہ صد سوارانِ کفار بودند، در عقب سواراں پنج ہزار لشکر پیادہ بود و ملکیاں کہ بہ ظاہر دم موافقت زدند نیز دہ دوازدہ ہزار بودند و با منافقان ہم صلاح بودند کہ ہر گاہ مجاہدین را شکست شود، ہمہ منافقان و کفار متفق شدہ یک یک مجاہد را پارہ پارہ کنند و بیخ از بُنِ مجاہدین بر آرند و لشکر رو بیلہ ازیں طرف پیش بود و مجاہدین

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بر پشت آں، حتیٰ کہ وقت نماز ظہر رسید، مجاہدین نماز ظہر خواندہ مقابلہ با کفار شروع کردند۔

ترجمہ: جو دو دِلے لوگ سکھوں کے ہمراہ تھے ان کا لشکر پہاڑ کے دامن میں دائیں بائیں کھڑا ہو گیا۔ مجاہدین سامنے میدان میں تھے، ان کے مقابل سکھوں کے نو سو سوار استادہ تھے۔ ان سواروں کے پیچھے پانچ ہزار پیادہ سکھوں کے پرے پھیلے ہوئے تھے۔ جو ملکی بہ ظاہر طرف داری کا دَم بھر رہے تھے، ان کی تعداد بھی دس بارہ ہزار سے کم نہ تھی۔ انہوں نے سکھوں کے حامیوں سے مشورہ کر رکھا تھا کہ مجاہدین کو شکست ہوتے ہی مل جل کر ان پر ہلہ بول دیا جائے اور ایک ایک مجاہد کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا جائے، حتیٰ کہ ان کا نشان تک باقی نہ رہے۔ مجاہدین کی طرف سے روہیلوں کا لشکر آگے تھا، اور مجاہدین اس کے پیچھے، اس اثناء میں ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا اور مجاہدین نے ادائے نماز کے بعد جنگ شروع کی۔

جنگ کی کیفیت

سکھ تعداد میں بھی زیادہ تھے اور ان کے پاس سامانِ جنگ بھی بہت زیادہ تھا۔ ان کی شاہینوں اور بندوقوں کی گولیاں اولوں کی طرح مجاہدین پر برسنے لگیں:

چنانچہ دو گولی بر دست محمد عمر نشانچی رسید، یک گولی دست اور ازخمی نمود، اما نقصانِ استخواں نہ شد۔ گولیٔ دیگر کہ بر دست رسید از آں زخم کاری نہ شد، اما نشان از دست نشانچی مذکور بر زمین افتاد، ملکیاں دانستند کہ شکست مجاہدین گردید لیکن محمد عمر نشان را جلد برداشت وتمامی مجاہدین وروہیلہ یک بارگی حملہ بر سواراں نمودند ونعرۂ اللہ اکبر زدند۔ بہ مجرد ہلہ کردن ایشاں حق تعالیٰ بر سواراں رعب انداخت، یک بارگی پشت دادہ بگریختند ودور رفتہ ایستادند ودل ہائے خود را خوب مضبوط نمودہ، باز ہلہ بر مجاہدین نمودند، چوں مجاہدین ہم ہلہ کردند کفار

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بے استقامت شدہ پسپا شدند، بارِ چہارم تابِ مقاومت نیاوردہ ایں قدر ہراساں شدند کہ ڈیرۂ خود را گزاشتہ دور تر رفتند۔

ترجمہ: محمد عمر نشان بردار کے ہاتھ پر دو گولیاں لگیں۔ ایک گولی سے ہاتھ زخمی ہو گیا، لیکن ہڈی کو ضرر نہ پہنچا۔ دوسری گولی کا زخم اگرچہ کاری نہ تھا، لیکن نشان محمد عمر کے ہاتھ سے زمین پر گر گیا۔ مقامی لوگوں نے سمجھا کہ مجاہدین کو شکست ہو گئی، مگر محمد عمر نے جلد نشان زمین پر سے اٹھا لیا۔ پھر مجاہدوں اور روہیلوں نے ایک دم سواروں پر حملہ کر دیا اور اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ ہلہ ہوتے ہی خدا نے سواروں پر ایسا رعب ڈال دیا کہ وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ نکلے اور دور جا کر کھڑے ہو گئے۔ وہاں سے دوبارہ جی کڑا کر کے حملہ کیا۔ اِدھر سے مجاہدین بھی بڑھے تو سکھ بے اوسان ہو کر پسپا ہو گئے۔ اسی طرح تین مرتبہ حملہ کیا اور پسپا ہوئے۔ چوتھی مرتبہ مقابلے کی تاب نہ لا کر اس قدر حواس باختہ ہوئے کہ ڈیرہ چھوڑ کر بہت پیچھے چلے گئے۔

فرار اور قتل

سکھوں کا خیال یہ تھا کہ مجاہدین مالِ غنیمت سنبھالنے میں لگ جائیں گے، اس وقت حملہ آسان ہوگا، لیکن مجاہدین نے مالِ غنیمت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھا اور آگے بڑھ کر اس ٹیکری پر چڑھ گئے جو سکھوں کی فوج کے سامنے تھی، اور وہاں اپنا نشان گاڑ دیا۔ سکھوں کو جب معلوم ہوا کہ مجاہدین سر پر آ پہنچے تو:

ہمت بالکل باختہ بگریختند و باز سوئے پشت نہ دیدند و لشکر ملکیاں کہ ہر دو جانب کوہ تماشا گر بود، فتح مجاہدین دیدہ بر ڈیرۂ کفار افتادند و غارت گریٔ مال شروع نمودند و مال زائد از یک لک روپیہ بہ غارت رفت، در کمر یک سوار شصت اشرفی و مال ہزار روپیہ بود و ہمیں قسم مال فراواں بہ غارت بردند، موسم برشکال بود و جا بجا کشت شالی در پیش۔ اسپاں و پیادۂ کفار از رفتن ماندہ شدند۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: بالکل حوصلہ ہار کر بھاگ گئے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔ مقامی لوگوں کا جو گروہ دامنِ کوہ میں دونوں جانب کھڑا لڑائی کا نظارہ کر رہا تھا، مجاہدین کو کامیاب دیکھا تو سکھوں کے ڈیرے پر ٹوٹ پڑا اور مال لوٹنے لگا۔ ایک لاکھ سے زیادہ کا مال لٹ گیا، ایک سوار کی کمر میں ساٹھ اشرفیاں اور ایک ہزار کا مال بندھا ہوا تھا۔ اسی طرح بہت سا مال لوٹا گیا۔ برسات کا موسم تھا، ہر طرف دھان کے کھیت تھے۔ سکھوں کے سوار اور پیادے چلتے چلتے تھک کر چور ہو گئے۔

عورتوں اور مردوں نے سکھوں کی یہ سراسیمگی دیکھی تو اسباب اور ہتھیار چھیننے کے لئے نکل پڑے، کوئی ڈنڈے سے کسی کو مار ڈالتا، کوئی پتھر مار کر گرا دیتا۔ ایک گوجر نے جو کھیتی باڑی کر رہا تھا، اتنے سکھ مارے کہ شام کے وقت ان سے چھینی ہوئی بندوقوں کا گٹھا سر پر اٹھا کر گھر لایا:

تا دہ کروہ بجز لاش دیگر نظر نمی آمد و مجاہدین تا شام تعاقب آنہا کردند، بعد ازاں بہ موضع سلہڈ مقام کردند۔

ترجمہ: دس کوس تک مقتولوں کی لاشوں کے سوا کچھ نظر نہ آتا تھا۔ مجاہدین نے شام تک ان کا پیچھا کیا، پھر موضع سلہڈ میں ٹھہر گئے۔

کچھ سکھ مکئی کے کھیتوں میں چھپ گئے تھے، مقامی لوگ تین روز تک انہیں ڈھونڈ ڈھونڈ کر مارتے رہے۔ سکھ عموماً قوی ہیکل تھے، لوگوں کو حیرت ہوتی تھی کہ ان سے کیوں کچھ بن نہ آیا، اس جنگ کی متعین تاریخ نہیں بتائی گئی، لیکن موسم چونکہ برسات کا تھا اسلئے سمجھنا چاہئے کہ یہ جمادی الاخریٰ سے شعبان ۱۲۶۲ھ (مئی سے جولائی ۱۸۴۶ء) تک کا واقعہ ہے۔

اوکنلے کا بیان

اوکنلے کا بیان ہے کہ مجاہدین مظفر آباد پر حملے میں شکست کھا چکے تھے اور دوسرے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حملے کی تیاریوں میں مصروف تھے، اس وقت ان کے تین بڑے لیڈر تھے: ولایت علی، عنایت علی اور مقصود علی۔ دوسرے حملے میں سکھوں نے شکست کھائی اور وہ جنوب کی طرف پسپا ہوئے۔ مجاہدین نے شدت و سرگرمی سے تعاقب کیا، ان کی فتح کا حال سن کر پٹھانوں کی بھی ایک جماعت ساتھ ہوگئی تھی۔ سکھوں نے مانسہرہ میں قدم جمانے کی کوشش کی، لیکن دوبارہ شکست کھائی۔ غرض مجاہدین نے تھوڑے ہی وقت میں خاصے بڑے علاقے پر قبضہ جمالیا، جو دریائے سندھ کے بائیں کنارے کے ساتھ ساتھ ہری پور سے کاغان تک اور ستھانہ سے کشمیر تک پھیلا ہوا تھا۔ (۱)

مقامی رؤسا

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس باب کو ختم کرنے سے پیشتر بعض ممتاز مقامی رؤسا وخواتین کی کیفیت اختصاراً بیان کردی جائے، جو بہ طیب خاطر مجاہدین کی حمایت پر آمادہ ہوئے، یا جنہیں حالات نے حمایت پر مجبور کردیا۔

۱- سلطان محمد حسین خاں بمبا: رئیس بوئی ومظفر آباد۔ شجرۂ نسب یہ ہے:

سلطان محمد حسین خاں بن مظفر خاں ثانی (برادر سلطان زبردست خاں) بن سلطان حسن علی خاں بن سلطان محمود خاں بن سلطان میرزا شہید بن سلطان ہیبت خاں ثانی بن سلطان مظفر خاں اول۔ جس نے ۱۶۵۲ء میں مظفر آباد کی بنیاد رکھی۔ سلطان نجف خاں کہوڑی والا بھی اسی خاندان سے تھا، یعنی وہ سلطان حسن علی خاں بن سلطان محمود خاں کے بھائی سلطان اکبر علی خاں کا فرزند تھا۔ اس خاندان کے افراد نے جا بجا چھوٹی چھوٹی سرداریاں قائم کرلی تھیں۔ سلطان محمد حسین خاں جو مجاہدین کا حد درجہ مخلص رفیق تھا، ۱۸۵۹ء میں بمقام پشاور فوت ہوا، اور اس کا بھتیجا سلطان محمد برکات خاں علاقہ بوئی کا

(۱) کلکتہ ریویو بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء ص: ۳۸۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وارث بنا، یہ جاگیر اب تک قائم ہے۔

۲- سردار محمد امین خاں، خان خیل رئیس گڑھی حبیب اللہ خاں: یہ سردار حبیب اللہ خاں کا بیٹا تھا، جس کے نام سے گڑھی موسوم ہوئی۔ اس نے بھی بڑے خلوص سے مجاہدین کی اعانت کی۔ ۱۸۶۸ء میں وفات پائی۔

۳- نواب خاں پلال تنولی: یہ سربلند خاں کا فرزند تھا اور رئیس شنگڑی کے لقب سے مشہور ہے۔ سید صاحب کے ساتھ رہا اور مجاہدین کا بھی ساتھ دیا۔ ''ہزارہ گزیٹیر'' میں بتایا گیا ہے کہ اس نے مجاہدین کو ساتھ لے کر دوڑ ندی کو عبور کر کے مانک رائے پر قبضہ کر لیا تھا۔ (۱) یہ بھی بتایا گیا ہے، ہزارہ کے حاکم مول راج نے نواب خاں کو ایلچی بنا کر صواتیوں کے پاس بھیجا تھا کہ وہ سرکشی اختیار نہ کریں، لیکن نواب خاں نے حالات سکھوں کیلئے ناسازگار پائے تو قلعہ شروان پر قبضہ کر لیا۔ (۲) قلمی مکتوب سے واضح ہوتا ہے کہ جو مقامی سردار سکھوں کے لشکر کو علاقہ جدون میں لانے کے ذمہ دار تھے ان میں نواب خاں بھی شامل تھا۔ مجاہدین کی کامیابی کے بعد اسے گرفتار کر لیا گیا، لیکن محمد امین خاں خان خیل اور بعض دوسرے مخلص رفیقوں کی سفارش پر اس کا قصور معاف ہو گیا۔

۴- مدد خاں ہندوال تنولی: یہ سردار پائندہ خاں والیٔ امب کا چھوٹا بھائی تھا۔ سید صاحب کا معین و رفیق رہا۔ قلمی مکتوب میں بتایا گیا ہے کہ یہ بھی ابتدا میں مجاہدین کا مخالف تھا اور گرفتار ہوا، لیکن مخلص سرداروں کی سفارش پر اسے بھی چھوڑ دیا گیا۔ پائندہ خاں نے اس کیلئے پھلڑہ کی جاگیر مقرر کر دی تھی۔ ۱۸۷۸ء میں فوت ہوا۔

۵- سید ضامن شاہ رئیس کوائی (کاغان): اس کا شجرۂ نسب یہ ہے:

ضامن شاہ بن حسن علی شاہ بن سید احمد بن عارب شاہ بن شاہ زماں بن سید جلال ترمذی۔ یہ برابر مجاہدین کے ساتھ رہا۔ اسی نے مولانا عنایت علی کو دعوت دے کر بلایا تھا،

(۱) گزیٹیر مطبوعہ ۱۹۰۷ء، ص: ۱۳۳ (۲) گزیٹیر مطبوعہ ۱۹۰۷ء ص: ۱۳۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسی کی امداد سے بالاکوٹ فتح ہوا اور مجاہدین کو بالائی ہزارہ میں حکومت قائم کرنے کا موقع ملا۔ اسی نے گلاب سنگھ والیٔ کشمیر کے دیوان ابراہیم شاہ اور اس کی فوج کو بیلہ میں موت کے گھاٹ اتارا تھا، بعدازاں ضامن شاہ نے کاغان میں انگریزی مداخلت کی مخالفت کی، اس وجہ سے ایک فوج بھیجی گئی جس نے سادات کو گرفتار کر کے بفہ میں نظر بند کر دیا۔ ضامن شاہ نے غالباً ۱۸۷۱ء میں وفات پائی۔ اس کا بھائی نوبت شاہ بھی تمام مجاہدانہ سرگرمیوں میں شریک رہا، وہ غالباً ۱۸۷۱ء میں فوت ہوا۔

۶- ان کے علاوہ راجا حیدر بخش خاں رئیس خان پور، غلام خاں ترین، خان زمان خاں طاہر خیلی، حسن خاں کرڑال، راجا روح اللہ خاں، راجا سر باز خاں ڈھونڈ، پیر خاں اور بہت سے دوسرے اصحاب کا ذکر آیا ہے، لیکن ان کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔ ان میں سے بعض نے سید اکبر شاہ ستھانوی کے ماتحت آزاد حکومت کی تاسیس کے لئے کوشش کی، بعض نے مجاہدین کو مدد دی۔ جب حالات بالکل ناسازگار ہو گئے اور انگریزوں نے انتظامات کی باگ اپنے ہاتھ میں لے لی تو مختلف رئیس یکے بعد دیگرے انگریزوں کی اطاعت قبول کرتے رہے۔(۱)

(۱) اس سلسلے میں سید نظام حسن شاہ صاحب کاظمی زیارت شریف ٹھنگر سے بھی خاصی معلومات حاصل ہوئیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

اسلامی حکومت کی تاسیس

مقبوضات کی کیفیت

قلمی مکتوب مظہر ہے، فتح گڑھ کی جنگ کے بعد سکھوں پر اتنی ہیبت طاری ہوئی کہ انہوں نے پکھلی میں دوبارہ قدم رکھنے سے توبہ کر لی۔ نواں شہر میں ان پر ایسی ضربیں لگیں کہ علاقۂ جدون سے بھی کاملاً دست بردار ہو گئے اور اسلامی مملکت کی سرحد نواں شہر سے سکندر پور کے قریب تک پہنچ گئی:

توپ و شاہین و شتر و اسپ و ذخیرہ و خیمہ و مال ہائے فراواں و دیگر از جنس اسباب ہائے کلاں در غنیمت مومنین آمد و اسباب خرد بہ ملکیاں واگزاشت نمودہ شد۔

ترجمہ: سکھوں سے جو توپیں، شاہینیں، اونٹ، گھوڑے، ڈیرے، خیمے بہت سا مال اور قیمتی چیزیں ملیں مومنوں کے قبضے میں آئیں، باقی سامان ملکیوں کے حوالے کر دیا گیا۔

اس واقعے کے بعد علاقۂ جدون، علاقۂ تنول، وادی بھوگڑ منگ، وادی کونش، پکھلی بالا، پکھلی زیریں، کانڈھی، دھمتوڑ، درہ کنہار وغیرہ عشر ادا کرنے پر راضی ہو گئے اور خدا کے فضل سے محاصل باقاعدہ جمع ہونے لگے۔ بعض اصحاب کو جاگیریں اور معافیاں ملیں، بعض کو انعامات دیے گئے۔

سپاہ کا انتظام

قبل ازیں فوجی خدمات کے لئے تین صورتیں جاری تھیں: بعض لوگوں کو اس شرط پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زمینیں دیدی جاتی تھیں کہ وہ جنگ کے موقع پر ساز و سامان لیکر حسب حکم جمع ہو جائیں۔ جن سرداروں کو بڑی بڑی جاگیریں حاصل تھیں، وہ جنگ کے وقت اپنی جاگیر میں سے فی گھر ایک ایک اسلحہ بند بلا لیتے تھے۔ بعض لوگوں کو حکمراں باقاعدہ ملازم رکھ لیتے تھے۔ یہ تینوں صورتیں مجاہدین کے ابتدائی زمانے میں بھی جاری رہیں۔ قلمی مکتوب سے واضح ہوتا ہے کہ دس ہزار کے قریب افراد جاگیرداروں کے ذریعے سے میدان میں لائے جا سکتے تھے، ایک ہزار روہیلے براہِ راست ملازم تھے:

بہ ایں حساب سوائے نوکراں بہ حکمِ خدا سی ہزار لشکر موجود است، اما لشکر ہزار و اعتمادی ہماں است کہ نوکر است۔

ترجمہ: اس حساب سے نوکروں کے علاوہ بہ فضل خدا تیس ہزار جنگجو موجود ہیں، لیکن حقیقی اور قابل اعتماد لشکر وہی ہے جو براہِ راست ملازم ہے۔

نظم و نسق کی تفصیل

مجاہدین نے تمام قلعوں میں حسب ضرورت فوج مقرر کر رکھی تھی اور ہر قلعہ کی متعلقہ آبادی کا انتظام قلعہ دار کے ہاتھ میں تھا، نیز ہر مقام پر تحصیل دار مقرر تھے، جنہیں ''داروغۂ محاصل'' کہا جاتا تھا۔ اسی طرح ہر جگہ خزانے، اسلحہ خانے اور اصطبل کے انتظام کے لئے مختلف اصحاب مامور تھے۔ بعض لوگوں کا کام یہ تھا کہ سپاہیوں کو باقاعدہ قواعد کراتے رہے۔ قلمی مکتوب سے بعض افراد کی عہدہ داریوں کا حال بھی معلوم ہوتا ہے مثلاً:

نام		عہدہ
داروغہ ریاست اللہ		قلعہ دار مانسہرہ
حاجی گدائی رام پور بولیاں والا		داروغۂ محاصل
منشی شجاع الدین		تھانہ دار برج مانگلی (علاقہ جدون)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رمضان خاں ساکن دھنکی (عظیم آباد)		قلعہ دار بالاکوٹ
منشی غلام علی پنیہ والا		منشی قلعہ مانسہرہ
حاجی نجو عظیم آبادی		داروغہ محصول بالاکوٹ
میاں محمد علی عظیم آبادی		جمعدار سپاہیان دروازۂ کلاں فتح گڑھ
حاجی شمشیر خاں ساکن صاحب گنج		جمعدار سپاہیانِ خاص
بہادر خاں ساکن صاحب گنج		محصل مال
میاں عبداللہ عظیم آبادی		معلم قواعد سپاہیاں
سراج الدین		داروغہ سلاح خانہ واصطبل
ناظر ریحان الدین (۱)		ناظم حضوری وداروغہ قید خانہ
میاں بدرالدین بوڑھن والا		ناظم خزانہ
اکبر میاں رام پوری بولیاں والا		ناظم تقسیم سپاہ
مولوی مقصود علی		سپہ سالار لشکر
صوفی معزالدین فریدی		ناظم توشہ خانہ
ناظم فریدی		ناظم مودی خانہ

یہ صرف چند خدمتیں ہیں، جن کی کیفیت معلوم ہوسکی۔ تمام مقامات پر اسی طرح کے انتظامات موجود تھے۔

(۱) یہ غالباً وہی بزرگ ہیں جن کا مقدمہ انبالہ میں بار ہا آیا۔ ہندوستان میں سرکاری ملازمت اختیار کر لینے کے باوجود فراہمیٔ زر اور فراہمیٔ مجاہدین کا کام برابر کرتے رہے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ انہیں داروگیر کا علم ہو چکا تھا، اس لئے گرفتاری سے پیشتر سرحد پہنچ گئے۔ بہ ظاہر وہیں فوت ہوئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

احتساب وحدود

احتساب اور انسدادِ جرائم کا سلسلہ بھی شریعت کے مطابق جاری کر دیا گیا تھا۔ مثلاً ہر شخص کیلئے لازم تھا کہ نماز با جماعت ادا کرے، جو شخص شرعی عذر کے بغیر کوتاہی کا مرتکب ہوتا تھا اس سے جرمانہ لیا جاتا تھا۔ عوام سے پانچ سیر غلہ اور امیروں سے ایک روپیہ فی کس۔ جمعہ کی نماز میں کوتاہی کیلئے بھی یہی سزائیں مقرر تھیں۔ ڈاکوؤں کو قتل کی سزا دی جاتی تھی، جو لوگ شادی اور غمی میں غیر شرعی حرکات کے مرتکب ہوتے تھے ان سے بھی جرمانہ لیا جاتا تھا۔ جا بجا مفتی مقرر کر دیئے گئے تھے، مثلاً بالاکوٹ میں خدمتِ افتاء پر مولوی یحیی علی عظیم آبادی مامور تھے۔ درۂ کنہار میں ملا میر اسد اخوندزادہ کو افتاء اور احتساب کا کام سونپا گیا تھا۔ ان کے ماتحت بہت سے علماء مقرر تھے، جو دیہات میں دورہ کرتے رہتے، بے نمازوں کو نماز کی تعلیم دیتے۔ محمد حی اخوندزادہ علاقہ کنہار کا قاضی تھا۔ محمد حسین اخوندزادہ کو پکھلی میں وعظ ونصیحت کے لئے مقرر کر رکھا تھا۔

مرکز کی کیفیت

خود مولانا عنایت علی کا مرکز فتح گڑھ تھا، جس کا نام بدل کر اسلام گڑھ رکھ دیا گیا تھا۔ سات قراولچی ہر وقت ان کے ساتھ رہتے تھے۔ سرداروں اور خوانین سے جہاد کے متعلق مشورے کیے جاتے تھے۔ رسالداروں یا سالارانِ جیش میں سے کسی کو بلایا جاتا تو وہ ایک سپاہی کے ساتھ مولانا کے پاس آتا۔ کابل اور کشمیر کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم ہو چکے تھے۔ شیخ امام الدین سکھوں کی طرف سے کشمیر کا گورنر تھا، اگرچہ انگریزوں نے سکھوں کی پہلی جنگ کے بعد کشمیر کو گلاب سنگھ کے ہاتھ فروخت کر دیا تھا لیکن شیخ امام الدین نے ابتدا میں گلاب سنگھ کو کشمیر کا قبضہ دینے سے انکار کر دیا تھا، اور مولانا عنایت علی سے نامہ وپیام شروع کر دیا تھا۔ قلمی مکتوب مظہر ہے:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صوبہ دار کشمیر شیخ امام الدین بہ کمال تمنا راہ موافقت پیمودہ برائے ارسالِ خطوط جوڑی ہرکارہ مقرر نمودہ۔ چنانچہ در ہر ماہ دو سہ خط شیخ موصوف متضمن کلامِ محبت ودوستی می رسند۔

ترجمہ: کشمیر کے صوبہ دار شیخ امام الدین نے دلی خواہش سے موافقت کا راستہ پیدا کیا اور ارسالِ خطوط کے لئے ہرکاروں کی جوڑی مقرر کردی۔ چنانچہ ہر مہینے اس کی طرف سے دوستی اور محبت کے دو تین خط آجاتے ہیں۔

اسی طرح امیر دوست محمد خاں فرمانروائے کابل اور اس کے فرزند ارجمند محمد اکبر خاں غازی سے تعلقات پیدا ہو چکے تھے، بلکہ قلمی مکتوب کے مطابق انہوں نے رفاقت و امداد کے عہدنامے لکھ بھیجے تھے۔

نواں شہر کا قلعہ فتح ہوا تو اس پر سلامی کی توپیں سر کی گئیں۔ شیخ امام الدین کے پاس یہ خبر بھیجی گئی تو اس نے قاصد کو بہت سا انعام دیا۔ حکومت کا پورا کاروبار کتاب وسنت کے مطابق انجام پاتا تھا۔

خراج کی تفصیلات

خراج کے پورے حالات تو معلوم نہیں، لیکن بعض علاقوں کی رقموں کا ذکر قلمی مکتوب میں آیا ہے، مثلاً:

علاقہ		رقم
درۂ کنہار		سولہ ہزار
درۂ بھوگڑ منگ		پانچ ہزار
کانڈھی		سات ہزار

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پکھلی		چھبیس ہزار
علاقۂ جدون سالاران		تیس ہزار
علاقۂ جدون حسن زئی و منصور		تیس ہزار
مظفر آباد		چالیس ہزار
کرنا		دس ہزار
نندھیاڑ		بیس ہزار
الائی		بیس ہزار

اس خراج میں جاگیریں شامل نہ تھیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

مولانا ولایت علی کی تشریف آوری

مولانا ولایت علی کی آمد

یہ حالات تھے، جب اچانک ۱۷ر شوال ۱۲۶۲ھ (۹ر اکتوبر ۱۸۴۶ء) کو مولانا ولایت علی علاقۂ مجاہدین میں پہنچ گئے۔ قلمی مکتوب مظہر ہے:

جناب حضرت مولانا بالفضل اولانا مظہر کرامات لم یزلی محرم اسرار خفی و جلی، مرشدنا وامیرنا مولوی ولایت علی صاحب ادام اللہ برکاتہٗ وانوارہٗ مع تمام اہل قافلہ و آلات واسباب وخیل ورواب محض از فضل رب الارباب از میانِ ہجوم اعدا بہ عافیت تمام بہ حکومت اہل اسلام جلوہ افروز شدہ موجب حیرتِ خویش و بیگانہ وظہور آیۂ حافظ یگانہ گشتند۔

ترجمہ: خدا کی کرامتوں کے مظہر، چھپے اور کھلے بھیدوں کے جاننے والے، ہمارے مرشد اور ہمارے امیر مولوی ولایت علی (خدا اُن کے برکات و انوار کو دوام بخشے) اہل قافلہ، ہتھیاروں، اسباب، گھوڑوں اور اونٹوں کے ساتھ اہل اسلام کے دائرۂ حکومت میں جلوہ افروز ہوئے۔ یہ خدا کا خاص فضل تھا کہ وہ دشمنوں کے ہجوم سے سلامت گذر آئے، اس پر اپنے اور بیگانے ہر ایک کو حیرت ہوئی اور اس واقعے کو حافظ حقیقی کے نشان کا ظہور سمجھا گیا۔

واقعات کی صحیح کیفیت یہ معلوم ہوتی ہے کہ مولانا عنایت علی نے ہزارہ میں مجاہدین کی رفتارِ کامیابی کا اندازہ کرتے ہوئے مولانا ولایت علی کے پاس سازگار حالات کی مفصل اطلاعات بھیج دی ہوں گی اور عرض کیا ہوگا کہ آپ تشریف لے آئیں، چنانچہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا بہ ظاہر پنجاب ہی میں سے گذر کر ہزارہ پہنچے۔ البتہ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ انہوں نے بخیریت گذر جانے اور باز پرس سے محفوظ رہنے کیلئے کیا تدبیریں اختیار کیں۔

رفقاء اور مال واسباب

قلمی مکتوب کی عبارت سے ظاہر ہے کہ مولانا کے ساتھ اسلحہ بھی تھے اور سواریاں بھی، البتہ اہل قافلہ کی تفصیل نہیں بتائی گئی۔ تذکرۂ صادقہ کا بیان ہے کہ مولانا عنایت علی کے جانے سے:

> دو سال بعد آپ بہ معیت مولوی فیاض علی و مولوی یحییٰ علی و مولوی اکبر علی و صاحبزادۂ کلاں، مولوی عبداللہ بہ ارادۂ تائید و نصرت ضامن شاہ بالاکوٹ کی طرف روانہ ہوئے، اور اپنے چھوٹے بھائی فرحت حسین کو یہاں پٹنہ میں اپنا جانشین مقرر کر گئے اور اپنے سب عیال و اطفال کو یہیں چھوڑ گئے۔ (۱)

تھوڑے سے آدمیوں کی رفاقت عین قرین قیاس ہے۔ اس صورت میں سکھوں کے علاقے سے ان کا مسافرانہ گذر جانا مشکل نہ تھا، لیکن قلمی مکتوب کی عبارت سے دل پر یہ اثر پڑتا ہے، گویا مولانا کے ساتھ خاصا بڑا لاؤ لشکر تھا۔ ممکن ہے کہ مکتوب نگار نے لکھتے وقت احتیاط سے کام نہ لیا ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ مولانا ولایت علی نے ہمراہیوں کو چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں تقسیم کر کے سکھوں کے مقبوضات سے گزار دیا ہو اور سرحد پہنچ کر وہ لوگ مولانا سے مل گئے ہوں۔

ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مولانا کس راستے سے ہزارہ میں داخل ہوئے؟ چونکہ ان کا استقبال مانگلی میں ہوا، جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا، اس لئے سمجھنا چاہئے کہ وہ

(۱) تذکرۂ صادقہ ص: ۱۲۳۔ سوانح احمدی کی تحریر سے مترشح ہوتا ہے کہ مولانا عنایت علی سے تین برس بعد مولانا ولایت علی گئے تھے۔ طبع اول ص: ۲۱۵۔ نیز اوپر ایک روایت کی بناء پر عرض کیا جا چکا ہے کہ مولانا عبداللہ الگ روانہ ہوئے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حسن ابدال سے ہری پور اور حویلیاں ہوتے ہوئے آئے۔ حویلیاں سے ایک سیدھا راستہ بھی مانگلی کی طرف جاتا ہے، دوسرا راستہ رجوعیہ، دھمتوڑ، نواں شہر، کاکول سے ہے۔ مانگلی کا عام قدیم راستہ یہی تھا۔ یہ بتانا مشکل ہے کہ ان دونوں میں سے مولانا نے کونسا راستہ اختیار کیا۔

مانسہرہ میں ورود

تشریف آوری کی اطلاع پہلے سے مل گئی تھی، لہٰذا سپاہیوں کی ایک جماعت استقبال کے لئے مانگلی بھیج دی گئی، جسے قلمی مکتوب میں اہل اسلام کی سرحد بتایا گیا ہے، یعنی مجاہدین کا مقبوضہ علاقہ وہاں سے شروع ہوتا تھا:

سپاہیاں در آنجا رسیدہ بندوق ہا سر کردند و نذر ہا پیش نظر آوردند۔

ترجمہ: سپاہیوں نے مولانا کے نمودار ہوتے ہی بندوقیں چلائیں اور نذریں پیش کیں۔

مولانا مانسہرہ پہنچے تو وہاں بھی پرجوش استقبال ہوا، قلمی مکتوب مظہر ہے:

داروغہ ریاست اللہ صاحب کارپرداز قلعہ (مانسہرہ) مع سپاہیاں برائے استقبال بیروں از قلعہ آمدہ بہ تفنگ ہا سلامی نمودند و نذر ہا پیشکش آوردند۔ برادر حضرت مولوی مقصود علی را مع لشکر فراواں از پیادہ و سوار و شتر نال و نشاں بہ استقبال روانہ فرمودند۔ مولوی صاحب موصوف ہم بیروں قلعہ مانسہرہ رسیدہ بہ سلامی از سپاہیاں تفنگ و قرابین و شتر نال شلک کنانیدند و ازیں طرف نیز بہ حکم سپاہیاں از بالائے قلعہ قرابین ہا و بندوق ہا سر نمودند۔

ترجمہ: قلعہ مانسہرہ کے کارپرداز داروغہ ریاست اللہ نے باہر نکل کر بندوقوں سے سلامی دی اور نذریں پیش کیں۔ مولانا عنایت علی نے مولوی مقصود علی کو سواروں اور پیادوں کے بڑے لشکر، چھوٹی توپوں اور نشان کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتھ استقبال کے لئے بھیج دیا تھا۔ مولوی صاحب موصوف نے بھی قلعہ مانسہرہ سے باہر سلامی میں بندوقیں، قرابینیں اور چھوٹی توپیں سر کرائیں، نیز نذریں پیش کیں۔ جو سپاہی قلعے میں تھے، انہوں نے بھی حکم کے مطابق قرابینیں اور بندوقیں چلائیں۔

بھائیوں کی ملاقات

غالباً ہفتے کا دن مولانا نے مانسہرہ میں گزارا، اتوار کی صبح کو روانہ ہوئے۔ مولانا عنایت علی نے سید ضامن شاہ ساکن کوائی (کاغان) اور محمد امین خاں خان خیل رئیس گڑھی کو دو سو سواروں اور پیادوں کے ساتھ راستے میں استقبال کیلئے بھیج دیا تھا۔ مولانا ولایت علی لبرکوٹ پہنچے تو ان سرداروں سے ملاقات ہوئی، وہاں بھی بندوقیں چلیں اور نذریں گزرانی گئیں، خود مولانا عنایت علی ہندوستانی مجاہدوں اور روہیلہ سپاہیوں کے ساتھ اترشیشہ (۱) میں پہنچے ہوئے تھے، وہیں میدان میں دونوں بھائیوں کی ملاقات ہوئی:

دراں وقت عجب جلوۂ نور و بارش برکات از حضور رب غفور بود۔ از آواز تفنگ و قرابین سپاہیاں و مجاہدین از ہر دو جانب کہ ہزار ہا بودند، گوش زمینیاں کر گشتہ۔ از ہجوم مرد ماں ملاقات۔ ہر دو برادر با خود ہا دشوار گردیدہ۔ آخر بہ جدوجہد تمام مرد ماں را جدا کردہ ملاقات با خود ہا میسر آمد۔ ہر دو برادر بعد از فراغ معانقہ و مصافحہ با خود درمیان ہمیں میدان سر بہ زمین نہادہ تا دیر وظیفہ شکر و سپاس رب العالمین بجا آوردند و تمامی لشکر بہ ہجود رفت و حمد و ثنائے آں واہب العطیات بسیار از بسیار گفتند۔ بعد ازاں صد ہا و ہزار ہا مرد ماں بہ قدر لیاقت خود روبروئے حضرت کلاں نذر گزارنیدند۔

(۱) اترشیشہ۔ مانسہرہ سے تقریباً نو میل گڑھی حبیب اللہ خاں کی جانب ہے۔ لبرکوٹ مانسہرہ اور اترشیشہ کے درمیان ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: اس وقت رب غفور کی جانب سے عجیب نور جلوہ گر تھا اور برکتوں کی بارش ہو رہی تھی۔ دونوں جانب ہزاروں سپاہی اور مجاہد موجود تھے، ان کی بندقوں اور قرابینوں کی آواز سے زمین والوں کے کان بہرے ہو گئے۔ لوگوں کا اتنا ہجوم تھا کہ دونوں بھائیوں کی ملاقات دشوار ہوگئی، آخر بڑی کوشش سے لوگوں کو الگ کیا گیا اور بھائیوں میں ملاقات کی صورت پیدا ہوئی۔ مصافحے اور معانقے کے بعد دونوں بھائی اسی میدان میں پیشانی زمین پر رکھ کر دیر تک جہانوں کے پروردگار کا فریضہ شکر ادا کرتے رہے، لشکر بھی سجدے میں گر گیا اور سب دیر تک خدا کی حمد وثنا کرتے رہے۔ پھر سیکڑوں ہزاروں آدمیوں نے اپنی اپنی حیثیت کے مطابق مولانا ولایت علی کی خدمات میں نذریں پیش کیں۔

اسلام گڑھ میں جلوہ افروزی

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے، حکومت کا مرکز فتح گڑھ تھا، جس کا نام بدل کر اسلام گڑھ رکھ دیا تھا۔ اتر شیشہ میں دوپہر کا کھانا کھایا، پھر دونوں بھائی سوار ہوئے اور اتوار کو شام کے وقت اسلام گڑھ پہنچ گئے۔ شوال ۱۲۶۲ھ کی انیسویں اور اکتوبر ۱۸۴۶ گیارہویں تاریخ تھی۔ قلعے کے داروغہ امام خاں کے حکم سے سات سات مرتبہ توپیں چلائی گئیں، پانچ پانچ مرتبہ شاہینیں اور زنبورکیں، ایک ایک مرتبہ قرابینیں اور بندوقیں، اس کے بعد علماء، رؤسا، خوانین اور جاگیرداروں نے مولانا ولایت علی کی خدمت میں نذریں گزرانیں۔

۲۴ شوال ۱۲۶۲ھ (۱۶ اکتوبر ۱۸۴۶ء) کو جمعہ کے دن مولانا عنایت علی نے امارت کا پورا کاروبار مولانا ولایت علی کے حوالے کر دیا، مولانا موصوف کو چھوٹے بھائی کی مشقت و جانفشانی، ملک داری اور فوج کے حسن انتظام کا پورا اندازہ ہو چکا تھا، اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

درمجلس جمعے بعد از گرفتن بیعت امارت بہ آوازِ بلند فرمودند کہ برادرِ خُرد را از طرف خود رئیس جملہ مجاہدین نمودم وانتظامِ کاروبار بہ دستور قدیم سپرد برادرِ خرد ساختم۔

ترجمہ: جمعہ کی مجلس میں بیعت کے بعد بہ آوازِ بلند فرمایا کہ میں اپنی طرف سے چھوٹے بھائی کو تمام مجاہدین کا سالار بناتا ہوں اور تمام انتظامات سابقہ دستور کے مطابق ان کے حوالے کرتا ہوں۔

تذکرۂ صادقہ کا بیان ہے:

بالاکوٹ پہنچ کر معلوم ہوا کہ اب تک مولوی عنایت علی صاحب کارزار میں مصروف ہیں۔ غرض مولانا ولایت علی کے وہاں پہنچتے ہی کل کارخانہ مولوی عنایت علی صاحب نے آپ کے سپرد کر دیا اور جملہ مجاہدین نے مولانا کے ہاتھ پر بیعتِ امارت کر لی۔(۱)

ضروری گزارش

مولانا ولایت علی کے استقبال میں جا بجا جو خاص اہتمام کیا گیا، اس میں بادشاہوں اور حکمرانوں کی شان زیادہ نمایاں ہے، حالانکہ مجاہدین کا سارا کاروبار درویشانہ وفقیرانہ تھا۔ ممکن ہے یہ امر بعض قلوب میں خلش کا باعث ہو، لہٰذا واضح کر دینا ضروری ہے کہ یہ اہتمام نظر بظاہر امیری کی شان بلند کرنے کیلئے مناسب سمجھا گیا اور اس زمانے کے آدمیوں کی ذہنیت اس قسم کی تھی کہ نمایشِ شکوہ کے بغیر امیری کی حقیقی حیثیت ان کے دل نشیں نہ ہو سکتی تھی۔ اس کے سوا اہتمام کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ یہ بھی بتا دینا چاہئے کہ خود سید احمد شہید نے ایسی کوئی نمایش اپنے لئے کبھی پسند نہ فرمائی نیز مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی کی پہلی یا بعد کی زندگیوں میں بھی اس نوع کے ہنگاموں کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ ممکن ہے مولانا کی تشریف آوری کے موقع پر اہتمام خصوصی کسی وقتی اور مقامی مصلحت کی بنا پر ناگزیر سمجھا گیا ہو۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

درۂ دُبّ کی جنگ

صورتِ حال

مولانا ولایت علی کو سرحد پہنچے ہوئے پورے تین مہینے بھی نہ ہوئے تھے کہ درۂ دُب کی جنگ پیش آ گئی جس نے مجاہدین کیلئے قیام کی کوئی جگہ باقی نہ چھوڑی اور کئی سال کی محنت سے جہاد کیلئے جو مرکز بنایا گیا تھا، وہ چھن گیا۔ جنگ کی تفصیل بیان کرنے سے پیشتر ضروری ہے کہ تمہید کے طور پر وقت کی صورتِ حال واضح کر دی جائے، جس کے بغیر سمجھ میں نہیں آ سکتا کہ کامیابی کیوں دفعۃً ناکامی سے بدلی اور ہزارہ میں اسلامی حکومت کی جو بنیاد پڑ چکی تھی، وہ کس وجہ سے معرضِ انہدام میں آئی؟

حکومتِ انگلشیہ نے سکھوں سے پہلی جنگ کے بعد دوآبہ بست جالندھر لے لیا تھا، نیز سکھوں کی حکومت پر ڈیڑھ کروڑ روپیہ تاوان عائد کیا تھا۔ چونکہ لاہور کے خزانے میں روپیہ موجود نہ تھا، اس لئے قرار پایا کہ دریائے بیاس اور دریائے سندھ کے درمیان تمام کوہستانی علاقے بہ شمول کشمیر و بالائی ہزارہ ایک کروڑ روپے کے معاوضے میں انگریزوں کے حوالے کر دیئے جائیں، باقی پچاس لاکھ روپے عہد نامے کی توثیق سے پہلے یا توثیق کے وقت نقد دے دیئے جائیں۔ اس علاقے میں سے جو خطے دریائے راوی کے مغرب اور دریائے سندھ کے مشرق میں واقع تھے، وہ پچھتر لاکھ روپے کے معاوضے میں گلاب سنگھ ڈوگرہ کے ہاتھ فروخت کر دیئے گئے۔ ان میں جموں اور کشمیر کے علاوہ بالائی ہزارہ بھی شامل تھا۔ سکھوں کی مرکزی حکومت میں افراتفری اور جنگ کے دوران میں ہزارہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے اندر آزادی کی دو تحریکیں جاری ہوئیں، جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ایک زیریں ہزارہ میں، جس کے نظم ونسق کیلئے سید اکبر شاہ ستھانوی کو بادشاہ تسلیم کیا گیا، دوسری بالائی ہزارہ میں، جس کے سرخیل مولانا عنایت علی تھے، اور جس کی حدیں مانگلی سے مشرق میں مظفر آباد اور شمال میں کاغان تک پہنچی ہوئی تھیں۔

زرّیں موقع

آزادی کی ان تحریکوں کو مستحکم نتیجہ خیز بنانے کیلئے قدرت نے زرّیں موقع پیدا کر دیا تھا۔ زیریں ہزارہ پر سکھوں کے لئے قبضہ بحال رکھنے کی کوئی صورت باقی نہ رہی تھی، تمام رؤسا وخوانین کو یقین ہو چکا تھا کہ سکھ حکومت کا شیرازہ درہم برہم ہو گیا ہے۔ بالائی ہزارہ میں گلاب سنگھ ڈوگرہ اسی وقت پہنچ سکتا تھا کہ کشمیر پر اس کا قبضہ ہو جاتا، وہاں کے گورنر شیخ نواب امام الدین نے دربار لاہور کی خفیہ ہدایات کے مطابق کشمیر کو گلاب سنگھ کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا، گویا بالائی ہزارہ سکھوں کے ہاتھ سے نکل چکا تھا اور گلاب سنگھ کشمیر پر قبضہ کیے بغیر وہاں پہنچ نہیں سکتا تھا۔

صلح کے بعد انگریزوں نے ملکی انتظامات کی بحالی کے لئے سرگرم کوششیں شروع کر دیں۔ ایک طرف ایبٹ صاحب کو ہزارہ بھیج دیا گیا کہ وہ نظم ونسق کی بنیادیں از سر نو استوار کرائے۔ دوسری طرف ہنری لارنس، جسے دربار لاہور میں ریزیڈنٹ کا عہدہ دیا گیا تھا، خود فوج لے کر جموں پہنچا اور وہاں سے ہربرٹ ایڈورڈز کو نواب شیخ امام الدین سے تصفیے کیلئے کشمیر بھیج دیا۔ ہربرٹ ایڈورڈز نے ملک فتح خاں ٹوانہ کو ساتھ لے لیا جو نواب امام الدین کا جگری دوست تھا۔ ملک ہی کی کوشش سے امام الدین نے وہ تمام خطوط انگریزوں کے حوالے کر دیئے، جن میں دربار لاہور نے ہدایت کی تھی کہ کشمیر کو گلاب سنگھ کے حوالے نہ کیا جائے۔ ان تمام کارروائیوں کا ذمہ دار لال سنگھ وزیر تھا۔ غرض ہربرٹ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایڈورڈز اور ملک فتح خاں ٹوانہ کی کوششوں سے کشمیر گلاب سنگھ کے قبضے میں آیا، لال سنگھ کے خلاف لاہور میں مقدمہ چلا اور اسے وزارت سے علیحدہ کر کے جلاوطن کر دیا گیا۔

انقلابِ احوال

یوں گلاب سنگھ کو کشمیر کے قبضے سے فارغ ہو کر بالائی ہزارہ پر توجہ کی فرصت مل گئی۔ ادھر سے ایبٹ صاحب نے مختلف خوانین کو سمجھا بجھا کر ہموار کر لیا اور زیریں ہزارہ میں ان کیلئے جاگیروں کا بندوبست کر کے سکھوں کی حکومت بحال کر دی۔ اس کیفیت سے ظاہر ہے کہ حالاتِ تحریکِ آزادی کے لئے جس تیزی سے سازگار ہوئے تھے، اسی تیزی سے ناسازگار ہو گئے۔ اسی سلسلے میں درۂ دُب کی جنگ پیش آئی۔ انگریزوں کے زیرِ اثر گلاب سنگھ اور سکھوں کا رسوخ بحال ہو چکا تھا۔ خوانین و روٴساء انگریزوں ہی کی تدبیر آرائیوں کے باعث ان کی طرف مائل ہو چکے تھے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ میدانِ جنگ میں ان سے جس سرگرم اعانت کی امید تھی، وہ پوری نہ ہوئی اور مجاہدین کو شکست سے سابقہ پڑا۔

درّۂ دُبّ

درۂ دُب کی جنگ کے پورے حالات کہیں سے نہ مل سکے، مختلف ذریعوں سے جو کچھ معلوم ہو سکا وہ ذیل میں درج ہے، لیکن اصل جنگ سے پیشتر درۂ دُب کا جغرافیائی موقع واضح کر دینا ضروری ہے۔ (۱)

دُب، گڑھی حبیب اللہ خاں اور مظفر آباد کے درمیان ایک مشہور درہ ہے، جس کی بلندی تقریباً پانچ ہزار فٹ ہے۔ اس کے مشرق میں تھوڑے فاصلے پر پیر چناسی پہاڑ ہے،

(۱) اس بیان کی زیادہ تفصیلات کے لئے میں اپنے عزیز دوست سید غلام حسن شاہ صاحب کاظمی کا ممنون ہوں جو درۂ دُب کے پڑوس میں حضرت شریف ٹھنگر رہتے ہیں اور اپنے ذوقِ تحقیق کے باعث بیشتر مقامی تاریخی حالات فراہم کرتے رہتے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جو دُب سے بلند تر ہے۔ اسی پہاڑ کے جنوبی و مغربی دامن میں دریائے کشن گنگا کے کنارے مظفر آباد واقع ہے، جو آج کل آزاد کشمیر کا مرکز ہے۔ دُب کے شمال میں کوہ سری کوٹ ہے، جو سات ہزار فٹ سے بھی زیادہ اونچا ہے۔ پھر بالاکوٹ کے سامنے تک پہاڑی سلسلہ چلا گیا ہے، مثلاً سری کوٹ کے شمال میں گلی گلوٹی، اس کے آگے پیر چیلہ، مزید شمال میں نور گلی اور اس سے متصل مکڑا پہاڑ جو بالاکوٹ کے مشرق میں ہے اور اس کی بلندی بارہ ہزار سات سو باون فٹ بتائی جاتی ہے۔ دُبّ کے مغرب میں گڑھی حبیب اللہ خاں دریائے کنھار کے بائیں کنارے سے ذرا ہٹ کر آباد ہے۔ دریا کے کنارۂ مقابل پر بڑا سی کا پہاڑ ہے اور گڑھی سے شمال مغرب میں ڈمگلہ اور جابہ واقع ہیں۔ دُبّ سے جنوب کی طرف آئیں تو لوہار گلی پہنچ جاتے ہیں جہاں سے قدیم شاہی راستہ مظفر آباد کو جاتا تھا۔ لوہار گلی سے تھوڑے فاصلے پر جنوب میں دُمشی ہے، جہاں دریائے کنھار، جس کا دوسرا نام دریائے نین سکھ ہے، دریائے جہلم میں ملا ہے۔

آج کل دُبّ ضلع ہزارہ اور ضلع مظفر آباد کی درمیانی حد پر واقع ہے۔ اس درے سے گڑھی تقریباً تین میل ہوگی اور مظفر آباد پانچ میل، گویا یہ ایک ایسا درہ ہے جس کا مغربی دروازہ گڑھی حبیب اللہ خاں کی طرف واقع ہے اور دروازۂ مقابل پر پہنچ کر جنوب کی طرف منہ کریں تو مظفر آباد نظر آتا ہے۔ فی الحال دُبّ جس گاؤں کی حد بست میں واقع ہے اس کا نام ڈونگ ہے۔ پاس ہی موضع ٹھنگر ہے جو مولانا سید سمندر شاہ چشتیؒ کی خانقاہ کے باعث قرب و جوار کی مشہور زیارت ہے۔ اس زیارت کے متولی میرے عزیز دوست سید غلام حسین شاہ صاحب کاظمی ہیں۔ جب مظفر آباد ڈوگرہ راج میں شامل تھا تو دُبّ پر کسٹم کی چوکی بنی ہوئی تھی، اب یہ چوکی باقی نہیں رہی۔ یہ مقام پرانے زمانے میں جنگی نقطۂ نگاہ سے بڑا اہم تھا۔ چونکہ کشمیر کی شاہراہ پر واقع تھا، اسلئے یہاں سے سلاطین، مشائخ، علماء و سادات، امراء اور خواص و عوام برابر آتے جاتے رہے اور اسے خاصی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شہرت حاصل ہوگئی۔

ہزارہ گزیٹیر کا بیان

درّۂ دُبّ کی جنگ کے متعلق ہزارہ گزیٹیر کا بیان یہ ہے کہ نواب شیخ امام الدین کو حوالگیٔ کشمیر پر مجبور کر دینے کے بعد سکھوں کی ایک فوج جو دس رجمنٹوں پر مشتمل تھی، سرینگر سے مظفر آباد کے راستے بالائی ہزارہ پہنچی تا کہ اس علاقے کو بھی مسخر کر لے:

دیوان کرم چند اس فوج کا کمانڈر تھا۔ ریزیڈنٹ لاہور کے دو مددگار مسٹر وینس ایگنیو (۱) اور لفٹننٹ لمسڈن (۲) اس فوج کے ساتھ تھے۔ جنوری ۱۸۴۷ء کو صواتیوں اور ہندوستانیوں نے گڑھی حبیب اللہ سے اوپر درۂ دُبّ میں اس فوج کی ناکام مزاحمت کی۔ جنگ کے بعد صواتیوں نے گورنر کشمیر کی اطاعت قبول کر لی۔ ہندوستانی (مجاہدین) علاقہ چھوڑ کر نکل گئے، بعد ازاں سکھوں کی فوج ہزارہ کی وادیوں میں پھر نکلی اور مہاراجا (گلاب سنگھ) کا قبضہ مستحکم کر دیا۔ (۳)

اوکنلے کا بیان

اوکنلے کا بیان ہے کہ سکھوں کی پہلی جنگ میں خالصہ فوج تباہ ہوگئی اور حکومت برطانیہ کی سرپرستی میں سکھوں کی ایک نئی طاقت کا ظہور ہوا۔ اس کی موجودگی میں مجاہدین کے لئے مقبوضہ علاقوں پر تصرف قائم رکھنا غیر ممکن ہوگیا:

۱۸۴۷ء میں مجاہدین کی پوری فوج نے ہری پور میں مسٹر ایگنیو کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے، صرف میرا ولد علی مستثنیٰ رہے، جو تھوڑے سے مجاہدین کے ہمراہ ستھانہ چلے گئے۔ مولوی ولایت علی اور مولوی عنایت علی کو سرکاری نگرانی

(۱) Vans Agnew (۲) Lumsden

(۳) ہزارہ گزیٹیر" مطبوعہ ۱۹۰۸ء ص: ۱۳۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں ان کے وطن عظیم آباد بھیج دیا گیا اور وہاں ان سے دس دس ہزار روپے کے مچلکے لے لئے گئے کہ وہ چار سال تک شہر سے باہر نہ جائیں گے۔(۱)

بیلیو کا بیان

ڈاکٹر بیلیو نے لکھا ہے کہ مجاہدین کی تمام تدبیریں ناکام ہوگئیں:

سکھوں کی ایک فوج نے لفٹنٹ ایگنیو کی قیادت میں مجاہدین کو منتشر کر دیا، میر مقصود علی گرفتار ہو گئے اور انہیں قید کر کے لاہور بھیج دیا گیا۔ عنایت علی جہاد کی زندگی کا یہ پہلا مزہ چکھ چکنے کے بعد دل شکستہ ہو گئے اور بھاگ کر عظیم آباد پہنچ گئے۔ بہت سے دوسرے مجاہدین نے بھی انہیں کی پیروی کی اور اولاد علی اعتمادی دوستوں کے ایک چھوٹے سے جیش کے ساتھ اپنے سابقہ رفیقوں ساداتِ ستھانہ کے پاس پہنچ گئے۔(۲)

بعض پرانے سرکاری کاغذات کے مطابق جنرل کاہن سنگھ مان نے ۶ر جنوری ۱۸۴۷ء کو لاہور اطلاع بھیجی تھی کہ لفٹنٹ لمسڈن کی فوج مظفر آباد سے گڑھی حبیب اللہ خان کی طرف روانہ ہوگئی ہے۔(۳) بتاریخ ۱۰ر مارچ ۱۸۴۷ء ہنری لارنس ریزیڈنٹ نے جنرل کاہن سنگھ کو کشمیر اور مظفر آباد کی خدمات کے صلے میں ایک تلوار دی۔(۴)

مقامی روایات

جنگ کے متعلق مقامی روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ سکھوں کے درمیان باہمی رزم و

(۱) کلکتہ ریویو، بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء، ص:۳۸۱

(۲) یوسف زئیوں کے متعلق رپورٹ (انگریزی) ص:۹۵-۹۶

(۳) ریذیڈنٹ لاہور کے سیاسی روزنامچے (Polilical Diaries) از یکم جنوری ۱۸۴۷ء تا ۴ر مارچ ۱۸۴۸ء ص:۲

(۴) ریذیڈنٹ لاہور کے سیاسی روزنامچے (Polilical Diaries) از یکم جنوری ۱۸۴۷ء تا ۴ر مارچ ۱۸۴۸ء، ص:۵۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پیکار اور انگریزوں سے پہلی جنگ کے سلسلے میں جو افراتفری اور بدامنی پیدا ہوئی تھی، وہ انگریزوں کی سرپرستی کے بعد ختم ہوگئی اور خود انگریز افسر جابجا قیامِ امن کیلئے پہنچ گئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو خوانین دروٴسا مجاہدین کا ساتھ دے رہے تھے، وہ پہلے تذبذب میں پڑے، پھر جاگیروں کے لالچ میں انگریزوں سے مل گئے۔ جب مجاہدین نے مظفر آباد سے آنے والی فوج کا مقابلہ شروع کیا تو خوانین کی خفیہ سازباز کے باعث دریائے کنھار کی دائیں جانب کے مختلف مقامات سے قرابینیں اور زنبورکیں چھوڑی گئیں۔ مقصود یہ تھا کہ مجاہدین کو معلوم ہو جائے، حملہ صرف مظفر آباد کی جانب سے نہیں، پکھلی کی جانب سے بھی سکھوں کی فوج آ رہی ہے۔ صواتی اور دوسرے مقامی لوگ یہ دیکھتے ہی اِدھر اُدھر منتشر ہوگئے اور مجاہدین تنہا میدانِ جنگ میں رہ گئے۔ وہ دس رجمنٹوں سے عہدہ برآ نہ ہو سکتے تھے اور شکست کھا گئے۔

سید غلام حسن شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ دُبّ کے شمال میں ایک فرلانگ پر ''باز مار'' نام ایک مقام ہے اور جنوب مغرب میں بھی ایک مقام ''چڑک مار'' کہلاتا ہے، معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں مقاموں پر مجاہدین کے مورچے تھے۔ دُبّ کے مشرق میں زیارت شریف ٹھنگر کے حدود کے اندر ایک قبرستان ہے، جسے مقامی طور پر ''کالیاں قبراں'' کہتے ہیں، اس لئے کہ وہاں کی مٹی قدرتی طور پر سیاہ ہے۔ غالباً یہ انہیں مجاہدین کی قبریں ہیں، جو جنگِ دُبّ میں شہید ہوئے تھے۔

لمسڈن کا بیان

اوپر بتایا جا چکا ہے کہ سکھوں کی فوج کے ساتھ دو انگریز افسر بھی تھے: ونیس ایگنیو اور لفٹنٹ لمسڈن۔ حسن اتفاق سے ہمیں جنگِ دُبّ کے متعلق لمسڈن کا ایک خط مل گیا ہے جو اس نے ۶ر فروری ۱۸۴۷ء کو راولپنڈی سے اپنے والد کے نام انگلستان بھیجا تھا اور اس میں اپنے نقطہ نگاہ سے جنگ کی پوری کیفیت بیان کی تھی۔ اس کا مفاد یہ ہے کہ جب گلاب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سنگھ کو کشمیر کا قبضہ دلایا جا چکا تو سر ہنری لارنس ریذیڈنٹ کو مناسب معلوم ہوا کہ ایگنیو اور لمسڈن فوج لے کر ہزارہ کے راستے لاہور جائیں تاکہ اس طرف بھی گلاب سنگھ اور سکھوں کے مقبوضات میں امن قائم ہو جائے۔

بارہ مولہ پہنچ کر ان انگریز افسروں نے اگلے سفر کی تیاری شروع کر دی، ایک ہفتہ گاڑیوں کے انتظام میں گذر گیا اور وہ تین ہزار فوج نیز چھ توپیں لے کر مظفر آباد کی طرف چل پڑے۔ مظفر آباد پہنچ کر معلوم ہوا کہ دریائے کشن گنگا کو عبور کرنے کے بعد قدم قدم پر لڑائی ہوگی، اس لئے کہ سات ہزار کوہستانی سامنے کے پہاڑوں میں مورچے قائم کیے بیٹھے تھے۔ وہ خوب مسلح تھے اگرچہ ان کے پاس توپیں نہ تھیں۔ خود انگریز افسروں کو یہ پریشانی لاحق ہوئی کہ اول سکھ فوج کے پاس گولی بارود بہت کم تھی، اگرچہ توپوں کے گولے بہت زیادہ تھے، دوسرے افیون ختم ہو چکی تھی اور سکھ سپاہی افیون کھائے بغیر لڑ نہ سکتے تھے۔ لمسڈن لکھتا ہے کہ مشکلات کے باوجود ہم نے پیش قدمی کا فیصلہ کر لیا اور ہر کشن گڑھ (موجودہ ہری پور) میں گلاب سنگھ اٹاری والے کو لکھا کہ وہ جتنی فوج فراہم کر سکے، لے کر جلد سے جلد موقع پر پہنچ جائے۔ گویا مخالفوں کو دونوں جانب سے نرغے میں لے لینے کی تجویز سوچی گئی تھی۔ ہنری لارنس کو بھی پورے حالات سے آگاہ کر دیا گیا۔

اس زمانے میں دریائے کشن گنگا کو تین گھاٹوں سے عبور کیا جاتا تھا: ایک گھاٹ قصبہ مظفر آباد کے شمال میں قلعہ (۱) کے پاس تھا، دوسرا گھاٹ قصبہ کے سامنے اور تیسرا قصبہ کے جنوب میں سرائے اکبری (۲) سے متصل تھا۔ غالباً اسی گھاٹ کے سامنے آزاد کشمیر کی موجودہ سکریٹریٹ تعمیر ہوئی ہے۔

(۱) یہاں پہلے بھی ایک قلعہ تھا، موجودہ قلعہ رنبیر سنگھ والیٔ کشمیر نے بنوایا اور اسی کے نام سے یہ منسوب ہے۔ اسکی سیڑھیاں دریا میں اتر گئی ہیں۔ تعمیر کا سارا کام بیگار پر ہوا تھا۔ آج کل اس میں پاکستانی فوج کا ایک جیش رہتا ہے۔

(۲) یہ شش گوشہ سرائے اکبر نے تعمیر کرائی تھی، اس کا دروازہ دریا کی طرف ہے، جنوبی گوشے میں شاہی نشست گاہ تھی، جسکے دروازے پر یہ سنگین کتبہ نصب ہے: لا الہ الا اللہ اکبر خلیفۃ اللہ غالباً مغل اسی گھاٹ سے آتے جاتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کیفیتِ عبور و جنگ

اب لمسڈن کے بیان کا خلاصہ ضروری تصریحات کے ساتھ ملاحظہ فرمائیے:

۱- اس نے ظاہر یہ کیا کہ شمالی گھاٹ سے دریا کو عبور کرے گا۔ فوج کا ایک حصہ بھی اس گھاٹ پر بھیج دیا۔ اس کے سامنے کا رقبہ میدانی تھا اور عام لوگ اسی گھاٹ سے آتے جاتے تھے۔ گھاٹ سے تھوڑے فاصلے پر ملاحوں کے مکان تھے اور عموماً کشتیاں اس گھاٹ پر رہتی تھیں، لیکن دل میں فیصلہ کر چکا تھا کہ جنوبی گھاٹ سے جو سرائے اکبری کے عین سامنے تھا، دریا عبور کرے گا۔

۲- اگرچہ جنوبی گھاٹ پر صرف ایک کشتی تھی لیکن لمسڈن نے مستعدی سے کام لے کر ۲۱ر دسمبر ۱۸۴۶ء کی شب میں سات سو آدمی دریا کے دائیں کنارے پر پہنچا دیے اور انہوں نے سرائے میں قدم جما کر حفظ و دفاع کے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے۔ پھر ۲۴ر دسمبر تک پوری فوج کشن گنگا سے گزار لی گئی۔

۳- جنگی مصلحتوں کا تقاضا یہ تھا کہ جس فوج نے کوہستانِ دُبّ میں مورچے قائم کر رکھے تھے، اسے گڑھی حبیب اللہ خاں کی طرف سے کوئی کمک نہ پہنچتی۔ لمسڈن نے رئیس مظفر آباد کے ایک بھائی (۱) کو حکم دیا کہ پانسو ہم قوموں کو ساتھ لے اور چھپ چھپا کر گڑھی حبیب اللہ خاں کے آس پاس کی کٹی پھٹی زمین میں جا بیٹھے۔ اگر گڑھی کی فوج کمک کے لئے حرکت میں آئے تو اس کا مقابلہ کرے اور اسے روکے۔

۴- صورتِ حال کے متعلق سکھ افسروں سے مشورہ کیا گیا تو وہ سب پیش قدمی کے حامی تھے۔ ۲۶ر دسمبر کی صبح کو کاہن سنگھ کی فوج کے دو کالم بنا کر انہیں آگے بڑھنے کا حکم دے دیا گیا۔ تین توپیں ان کے ساتھ کر دی گئیں، یہ فوج تین گھنٹے کی جد و جہد کے

(۱) لمسڈن نے اس شخص کا نام نہیں لکھا، کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ کون تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بعد پہلے ٹیلے پر قابض ہوگئی، غنیم چوکیاں چھوڑ کر پیچھے ہٹ گیا۔

۵- خیال تھا کہ آگے کوئی دِقت پیش نہ آئے گی، لیکن تین میل کا فاصلہ طے کر چکنے کے بعد پھر آٹھ سو گز کی چڑھائی آ گئی۔ غنیم کی طرف سے شدید آتش باری ہو رہی تھی اور سیل آتش سے گذر کر سو گز کی چڑھائی طے کرنا بہت دشوار تھا، لہٰذا نصف کالم کو آگے بڑھنے کا حکم دیا گیا اور نصف کالم کو روک لیا گیا۔ لیکن جن سکھوں کو روکا گیا تھا وہ بھی تھوڑی دیر کے بعد بے صبر ہو کر ''واہے گرو'' ''واہے گرو'' کے نعرے لگاتے ہوئے حملہ آور ہو گئے۔ غنیم کی طرف سے باڑ پر باڑ آ رہی تھی، سکھوں کی جانب سے توپیں چلنے لگیں، سارا دن کشمکش میں گذر گیا، سکھ نہ پیچھے ہٹنے پر آمادہ تھے اور نہ ان کے لئے آگے بڑھنے کی کوئی صورت تھی۔

۶- رات کی تاریکی میں غنیم مورچے خالی کر گیا۔ ۲۷ر دسمبر کو سکھ فوج آگے بڑھی تو غنیم دور سے آتش بازی کرتا رہا، لیکن اس نے قریب آ کر مقابلہ نہ کیا۔ اس اثناء میں اطلاع ملی کہ گڑھی حبیب اللہ خاں کا بھی تخلیہ ہو گیا۔ وہاں دربارِ لاہور کے کارندے موجود تھے۔ انہوں نے لمسڈن یا ایگنیو سے مشورہ کئے بغیر کاغانی سیدوں سے صلح کر لی، صرف یہ اقرار لیا کہ سید آئندہ چلن اچھا رکھیں گے اور خراج ادا کرتے رہیں گے۔ لمسڈن نے انہیں ''احمقانہ شرائط'' قرار دیا ہے۔

۷- سکھ فوج کئی روز دریائے کنہار کے کنارے ٹھہری رہی۔ اس اثناء میں مجاہدین اور کوہستانی لوگ شنکیاری کی سمت میں ایک ڈھلوان پہاڑ پر جمع ہو گئے۔ اس پر چڑھنے اور مقابلہ کرنے کی کوئی صورت نہ تھی، آخر ایک مخبر نے بتایا کہ وہ لوگ کھانے پکانے کے لئے نیچے ایک چشمے پر آتے ہیں۔ لمسڈن نے چند گوجروں کو رشوت دیکر ساتھ ملایا اپنے ایک آدمی کو گوجروں کا لباس پہنا کر ان کے ساتھ پہاڑ پر بھیجا اور ان کے ذریعے سے بارود کے چند پیپے پہاڑ پر رکھوا دیے، پھر انہیں یکے بعد دیگرے آگ دیدی گئی، بارود اڑی تو

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غنیم نے سمجھا کہ حملہ ہو گیا ہے۔ چنانچہ اس نے یہ پہاڑ بھی چھوڑ دیا۔(۱)

''تذکرۂ صادقہ'' کی روایات

''تذکرۂ صادقہ'' یا ''سوانح احمدی'' میں اس جنگ اور اس سے پیشتر مولانا ولایت علی کی سرگرمیوں کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے(۲) میرے نزدیک وہ تمام تر غلط ہے، مثلاً:

۱- یہ صحیح نہیں کہ مولانا ولایت علی ڈیڑھ دو برس گلاب سنگھ ڈوگرہ سے برسرِ پیکار رہے، مولانا کے سرحد پہنچنے سے تین مہینے کے اندر اندر جنگِ دُب پیش آئی، جس میں مجاہدین نے شکست کھائی۔

۲- یہ امر ہرگز قرینِ قیاس نہیں کہ مولانا نے گلاب سنگھ کے سامنے یہ شرط پیش کی ہو کہ اسے سرکارِ انگریزی کی طرح مسلمان رعایا کو شعارِ اسلامی کے مطابق اذان، ذبیحۂ گاؤ وغیرہ کی آزادی دے دینی چاہئے۔ یہ وہی غلط فہمی ہے جو سید صاحب کے متعلق مولوی محمد جعفر تھانیسری مرحوم یا میرزا حیرت مرحوم نے پیدا کی۔

۳- مجاہدین کے عمال کے قتلِ عام کی بھی کوئی مستند شہادت اب تک نہیں مل سکی۔

۴- سید ضامن شاہ کاغانی کی بے وفائی کا قصہ بھی غلط فہمی کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے، البتہ ظاہر ہے کہ مجاہدین کی شکست کے بعد ضامن شاہ کاغان چلا گیا ہوگا، تاہم جب تک انگریزی فوج کاغان نہ پہنچی اس نے اطاعت قبول نہ کی۔

۵- یہ بھی غلط ہے کہ مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی سید اکبر شاہ کے پاس

---

(۱) یہ تمام حالات لمسڈن آف دی گائڈز (انگریزی) Lumsden of the Guids سے ماخوذ ہیں۔ ص: ۲۸-۳۴۔ یہ لمسڈن کی سوانح عمری ہے جو اس کے بھائی سر پیٹر لمسڈن اور جارج ایلمی نے مرتب کی، ۱۸۹۹ء میں چھپی تھی۔ اب بہت کمیاب ہے۔ لمسڈن نے جنگ کا ایک نقشہ بھی دیا تھا جسے میں نے شامل کر دیا تا کہ اس کے بیانات کو سمجھنے میں سہولت رہے۔

(۲) تذکرۂ صادقہ، ص: ۱۲۳، ۱۲۴۔ سوانح احمدی طبع اول، ص: ۲۱۵-۲۱۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صوات جانا چاہتے تھے، راستے میں انگریزی عملداری پڑتی تھی، فوجی انگریز افسروں نے گذرنے کی اجازت دے دی، بعد میں محاصرہ کرلیا گیا۔ عذر یہ پیش کیا کہ فوجی افسروں کی اجازت حکومت کی منظوری سے نہ ہوئی تھی۔

واقعہ یہ ہے کہ اس وقت تک سید اکبر شاہ صوات کے بادشاہ نہ بنے تھے۔ نیز ۱۸۱۷ء میں ہزارہ اور دوسرے علاقے انگریزی عملداری میں شامل نہ ہوئے تھے۔

۶- یہ بات بھی قرین قیاس نہیں کہ مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی تو مجاہدین، لشکر، توپ خانے اور سامانِ جنگ کے ساتھ انگریزی نگرانی میں لاہور پہنچے، مگر اثنائے راہ میں مجاہدین کی کثیر تعداد خفیہ طور پر فرار ہوگئی اور انہوں نے میر اولاد علی کو امیر بنالیا۔ صحیح یہی معلوم ہوتا ہے کہ میر اولاد علی پہلے ہی بچ کر نکل گئے تھے۔

مولانا صاحبان کی مراجعت

جنگِ دُبّ کے بعد مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی لاہور ہوتے ہوئے عظیم آباد چلے گئے۔ ''تذکرۂ صادقہ'' کا یہ بیان تعجب انگیز ہے کہ جان لارنس چیف کمشنر پنجاب نے لاہور سے دو منزل آگے جاکر ان کا استقبال کیا، دادِ شجاعت دی، ضامن شاہ کی بے وفائی پر نفرت کا اظہار کیا اور کہا کہ اسلحہ مع توپ خانہ حکومت کے ہاتھ فروخت کرکے روہیلوں کی تنخواہ ادا کردی جائے۔ (۱)

حقیقت یہ ہے کہ نہ اس زمانے میں جان لارنس پنجاب کا چیف کمشنر تھا، نہ یہ علاقہ براہِ راست انگریزوں کے قبضے میں آیا تھا اور نہ وہ اقوال قرین یقین ہیں جو اس سے منسوب کئے گئے۔ یہ ممکن ہے کہ ریزیڈنٹ نے مولانا صاحبان کی دعوت کی ہو، یا جیسا کہ درست مانا جاتا ہے، مولوی سید رجب علی منشی نے ان کے اعزاز میں کھانا دیا ہو۔

(۱) تذکرۂ صادقہ، ص: ۲۴۔ سوانح احمدی، ص: ۲۱۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ریزیڈنٹ کے سیاسی روزنامچوں میں ۲۲ مارچ کا ایک اندراج یہ ہے:

راولپنڈی کے کاغذات مظہر ہیں کہ ہزارہ سے ایک مولوی دوسو سپاہیوں کی حراست میں پہنچا، یہی شخص ہے جو ہزارہ کی سابقہ بغاوت کا قائد تھا۔ مسٹر ایگنیو نے اسے سلامت ہندوستان جانے کا پروانہ دے دیا ہے۔ (۱)

میں سمجھتا ہوں کے یہ اطلاع مولانا ولایت علی ہی کے متعلق ہے۔

تذکرۂ صادقہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ عظیم آباد میں دونوں بھائیوں سے دوسال کے لئے دوسو روپے کے مچلکے لئے گئے تھے، اوکنلے نے مچلکوں کی مقدار دس دس ہزار روپے بتائی ہے، لیکن مدت چار چال سال کی بیان کی گئی ہے۔ میری تحقیقات کے مطابق صحیح یہ ہے کہ مچلکے دس دس ہزار کے تھے، البتہ ان کی معیاد دوسال سے زیادہ نہ تھی۔ اس لئے کہ ستمبر ۱۸۴۹ء تک مولانا آزاد ہو چکے تھے اور انہوں نے علی الاعلان ہجرت کی۔

بالائی ہزارہ کا تبادلہ

گلاب سنگھ ڈوگرہ اگرچہ بالائی ہزارہ پر قابض ہو چکا تھا، تاہم تھوڑے ہی دنوں میں اسے اندازہ ہو گیا کہ قبضہ قائم رکھنا اس کے بس کا روگ نہیں۔ چنانچہ اس نے مارچ ۱۸۴۷ء میں درخواست کی کہ بالائی ہزارہ اس سے لے لیا جائے اور معاوضے میں جموں کے پاس کا علاقہ دے دیا جائے۔ سکھ دربار نے اس کی سخت مخالفت کی اور کہا کہ بدامنی گلاب سنگھ کی غلط پالیسی کا نتیجہ ہے۔ اگر وہ مذہبی اوقاف اور جاگیریں چھوڑ دے تو لوگ مطمئن ہو جائیں۔ لیکن ہنری لارنس ریزیڈنٹ کی سفارش پر تبادلہ منظور کر لیا گیا، چنانچہ بالائی ہزارہ کے مالیے کی صحیح تشخیص کی گئی اور اس سے نصف مالیے کا علاقہ جموں کے پاس گلاب سنگھ کے حوالے کر دیا گیا۔

(۱) سیاسی روزنامچے (انگریزی) از یکم جنوری ۱۸۴۷ء تا ۳۱ مارچ ۱۸۴۸ء ص: ۷۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

پابندی کی زندگی اور ہجرت

پابندی کی زندگی

اگر مچلکے کا مقصد یہ تھا کہ مولانا ولایت علی یا مولانا عنایت علی عظیم آباد سے باہر نہ جائیں یا مختلف علاقوں میں دورو سیر سے محترز رہیں اور وعظ و نصیحت بھی نہ کریں تو کم از کم مولانا صاحبان نے اس کا یہ مطلب نہ سمجھا۔ اغلب ہے کہ مچلکے کا مقصد یہ ہو کہ وہ سرحد نہ جائیں اور سکھوں سے رزم و پیکار کا سلسلہ دوبارہ شروع نہ کریں۔

اگر مچلکے میں مولانا صاحبان کو کاملاً پابند کر لیا گیا تھا تو پھر سمجھنا چاہئے کہ کارپردازانِ حکومت نے اس پابندی پر عمل کرانے کا کوئی خیال نہ کیا۔ اوکنلے کی رائے ہے کہ واقعی مچلکے کی شرطیں پوری کرانے کے لئے کوئی تدبیر اختیار نہ کی گئی۔ (۱)

اس عہد کی زندگی کا جو نقشہ تذکرۂ صادقہ میں پیش کیا گیا ہے وہ درج ذیل ہے:

> اس دو سال کے عرصے میں (مولانا ولایت علی) بہ دستورِ سابق وعظ و نصائح اور مراقبہ و مشاہدہ میں مصروف ہو گئے اور صوبجات میں واسطے ہدایت کے دورو سیر کرنے لگے اور مبلغین کو مختلف اضلاع و صوبجات میں روانہ فرمایا ہے۔ چنانچہ چند ماہ کے بعد مولانا عنایت علی کو پھر ملک بنگالہ میں روانہ کیا، مگر جناب کو ہندوستان میں واپسی کا نہایت رنج و ملال تھا، اکثر دوپہروں اور راتوں کو زیرِ آسمان کھڑے ہو کر اور کبھی سجدے میں سر رکھ کر نہایت بے قراری

(۱) کلکتہ ریویو بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء ص: ۲۸۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

واضطراب کے ساتھ اس ملک سے نکلنے کی دعاء کرتے رہتے۔(۱)

اوکنلے نے لکھا ہے کہ مولانا صاحبان نے میرا ولا دعلی سے خط وکتابت شروع کردی تھی، جو ستھانہ میں مقیم تھے اور پختہ ارادہ کیا تھا کہ شمال مغرب میں اپنی چھنی ہوئی طاقت کی بحالی کے لئے کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھیں گے۔(۲)

مولانا عنایت علی کا کام

اوکنلے کے مقالے سے مترشح ہوتا ہے کہ مولانا عنایت علی نے پہلے کی طرح بنگال کو اپنی سرگرمیوں کا مرکز بنالیا تھا۔ راج شاہی کے مجسٹریٹ نے انہیں اس بنا پر ضلع سے باہر نکل جانے کا حکم دیدیا تھا کہ وہ بغاوت کے شعلے بھڑکاتے ہیں۔ ۱۸۵۰ء کے آغاز میں مجسٹریٹ کو پھر اطلاع ملی کہ مولانا عنایت علی ضلع میں مجاہدین کی بھرتی کررہے ہیں، اس نے تفتیش کا حکم دیا تو مولانا پٹنہ چلے گئے، تاہم ضلع میں ان کا اثر ورسوخ بہ دستور جاری رہا۔ حالات معلوم کرنے کے بعد مجسٹریٹ کو بھی یقین ہوگیا کہ وہ بے ضرر سے آدمی ہیں اوران کی گرفتاری بالکل غیر ضروری ہے۔ اس حکم کی ایک نقل پٹنہ کے مجسٹریٹ کو بھیج دی گئی۔ اسے مولانا عنایت علی کے حالات کا بہتر علم تھا، چنانچہ اس نے مولانا سے ایک ہزار روپے کی ضمانت لے لی کہ پٹنہ سے باہر نہ جائیں، لیکن مولانا موقع پا کر سرحد بھاگ گئے۔(۳)

تذکرۂ صادقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اوائل ستمبر ۱۸۴۹ء تک مولانا عنایت علی بنگال ہی میں دعوت وتبلیغ کا فریضہ انجام دے رہے تھے۔ مولانا ولایت علی سرحد روانہ ہوئے تو مولانا عنایت علی کو بھی لکھ بھیجا کہ گھر ٹھہرتے ہوئے سرحد چلے آئیں۔(۴)

---

(۱) تذکرۂ صادقہ، ص:۱۲۵ (۲) کلکتہ ریویو، بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء، ص:۳۸۲

(۳) کلکتہ ریویو، بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء، ص:۳۸۲۔ اگر اس بیان کو درست بھی مان لیا جائے تو ۱۸۵۰ء کی تاریخ یقیناً غلط ہے۔ (۴) تذکرۂ صادقہ، ص:۱۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مستقل ہجرت

مولانا صاحب کے مچلکوں کی میعاد غالباً جولائی یا اگست ۱۸۴۹ء میں پوری ہوئی۔ ''تذکرۂ صادقہ'' میں مرقوم ہے کہ اس میعاد کے پورا ہونے میں چند ماہ باقی تھے، مولانا ولایت علی نے:

> اپنے دولت خانے کو فرش و فروش، جھاڑ فانوس و دیگر اشیائے زینت سے خوب آراستہ و پیراستہ کیا اور اصطبل میں عمدہ عمدہ گھوڑے خرید کر باندھے اور عمدہ عمدہ رنگین کبوتروں سے کبوتر خانہ سجوا دیا تا کہ لوگوں کو یقین ہو جائے کہ آپ دنیا میں خوب پھنس گئے اور اب ترکِ آرائش و وطن نہ کر سکیں گے، مگر میعاد پوری ہوتے ہی اپنے چند احباب مخلصین اور مولوی یحییٰ علی کو ساتھ لے کر بہ ارادۂ ہجرت ملک سوات روانہ ہوئے۔ (۱)

بہر حال مولانا نے ۱۳ر شوال ۱۲۶۵ھ یکم ستمبر ۱۸۴۹ء کو گھر بار چھوڑا اور مستقل ہجرت کے راستے میں قدم رکھا۔ مولانا یحییٰ علی (ابن مولانا الٰہی بخش) اور چند احباب مولانا کے ساتھ روانہ ہوئے۔ چلتے وقت اپنے خلف اکبر مولانا عبداللہ اور مولانا فیاض علی (ابن مولانا الٰہی بخش) سے فرما گئے کہ سفر کا سامان مکمل کر کے اہل و عیال کے ساتھ ایک ہفتے کے اندر موضع گڈھانہ میں آ کر ملو۔ پورے قافلے کے افراد کا تخمینہ دو اڑھائی سو سے کم نہ ہوگا، پیچھے مکان پر صرف پانچ مرد رہ گئے اور دو عورتیں۔ (۲)

مولانا ولایت علی اس گھرانے کے فرزند تھے جو بہار کے رؤساء میں شمار ہوتا تھا۔ بہت بڑی جائداد کے مالک تھے اور ان کے تمام اقرباء بھی رؤسا ہی میں محسوب تھے، لیکن

(۱) ''تذکرۂ صادقہ'' ص: ۱۲۵۔ سوات سے مراد سرحدی علاقہ ہے، نہ کہ وہ علاقہ جسے آج کل سوات کہتے ہیں۔
(۲) تذکرۂ صادقہ، ص: ۱۲۵۔ اوکنلے کا یہ بیان صحیح نہیں کہ مولانا ولایت علی نے ۱۸۵۰ء کے اواخر میں ترکِ وطن کیا۔ نیز اس نے لکھا ہے کہ اہل و عیال کے علاوہ تقریباً اسّی افراد ساتھ تھے۔ (کلکتہ ریویو بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء، ص: ۳۸۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دیکھئے عشق حق اور خدمت دین کے جذبہ صادقہ نے کس طرح ان سے سب کچھ چھڑا دیا اور اس زندگی کی تڑپ دل میں پیدا کر دی، جس میں تکلیفوں، اذیتوں اور پریشانیوں کے سوا کچھ نہ تھا۔ یہ کارنامے صرف ارباب عزیمت انجام دے سکتے ہیں۔ مولانا ولایت علی اور ان کے اکثر اقرباء سید صاحب کے فیض تربیت سے یقیناً ارباب عزیمت کا درجہ حاصل کر چکے تھے۔

منازلِ سفر

منازلِ سفر کی پوری کیفیت معلوم نہیں۔ تذکرۂ صادقہ اور سوانح احمدی میں بتایا گیا ہے کہ پہلے گڈھا نہ میں ٹھہرے جو عظیم آباد سے سات کوس جانب مغرب واقع ہے۔ آگے گئے تو کوٹلور (داناپور اور ڈمراؤں کے درمیان) کے رئیس حاجی امام علی نے بڑے اہتمام سے دعوت کی تیاری کی، مولانا نے روک دیا اور فرمایا کہ ہم صرف وہ ستو کھائیں گے جو آپ کے مزارعین کھاتے ہیں۔ آرہ میں چودھری ہدایت بشیر رئیس اعظم نے پرتکلف دعوت کرنی چاہی، اسے بھی روک دیا اور صرف کھچڑی پکوائی۔ اس کے بعد غازی پور میں مولوی محمد فصیح کے ہاں قیام کا ذکر ہے۔ اوکنلے نے لکھا ہے کہ وہ ہر بڑے شہر میں دعوت وتبلیغ کی غرض سے خاصا وقت ٹھہرے رہتے تھے۔ اسکی تصدیق نواب صدیق حسن خاں کے بیان سے بھی ہوتی ہے جو ابقاء المنن کے حوالے سے پہلے نقل کیا جا چکا ہے۔ اسی موقع پر نواب صاحب نے یہ مصرع مولانا کی زبان مبارک سے سن کر یاد کر لیا تھا:

ہم طرزِ جنوں اور ہی ایجاد کریں گے۔ (۱)

قیامِ دہلی

قنوج کے بعد دہلی میں مولانا کے قیام کا ذکر ملتا ہے۔ اوکنلے کا بیان ہے کہ دہلی میں

(۱) ابقاء المنن، ص:۱۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا کے وعظ بڑے شوق سے سنے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے بادشاہ کے سامنے جہاد کا وعظ کہا، جس پر اس نے پسندیدگی کا اظہار کیا۔ (۱)

''تذکرۂ صادقہ'' سے معلوم ہوتا ہے کہ دہلی میں تقریباً دو مہینے ٹھہرے رہے۔ مسجد فتح پوری کے قریب ایک عالی شان مکان میں قیام کیا، جو عام شہرت کے مطابق جنات کے زیرِ اثر خالی پڑا تھا۔ نواب زینت محل بیگم کے استاد مولوی امام علی مشہور شاعر حکیم مومن خاں بھی آپ کے وعظ میں موجود ہوتے۔ مولوی امام علی نے آپ سے بیعت بھی کی تھی، انہیں کی وجہ سے مولانا کا ذکر بیگم اور بادشاہ تک پہنچا اور انہیں دعوت نامہ بھیج کر قلعہ معلیٰ میں بلایا گیا۔ مولانا پچھتر آدمیوں کے ساتھ قلعے میں پہنچے۔ بادشاہ نے تخت سے اتر کر لبِ فرش تک آپ کا استقبال کیا۔ مصافحہ و معانقہ کے بعد اپنے ساتھ بٹھایا، عطر اور پان سے تواضع کی۔ مولانا نے وعظ شروع کرتے وقت یہ آیت تلاوت کی: اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَھْوٌ وَّزِیْنَۃٌ وَّتَفَاخُرٌ ۔ الآیۃ۔ وزیرِ اعظم نے آپکے کان میں کہا کہ بادشاہ سلامت کے سامنے عذاب کے بیان کرنے کا دستور نہیں، لیکن مولانا بے تکلف:

> عذابِ قبر، ہنگامہ حشر اور دوزخ کا بیان نہایت شد و مد سے اور دیگر طریقے پر بیان کرتے رہے، جس سے بادشاہ، شہزادگان، زینت محل اور جملہ حضارِ مجلس غایت متاثر ہو کر زار و زار رونے لگے۔ بعد وعظ ظفر شاہ نے فرمایا کہ میں نے بھی در بابِ ترکِ دنیا کچھ اشعار کہے ہیں، آپ نے ان کے سننے کا اشتیاق ظاہر فرمایا۔ وہاں سے رخصت ہوئے، ریزیڈنٹ نے بہ ایمائے ظفر شاہ جملہ مکانات شاہی و موتی مسجد وغیرہ کی سیر کرائی، اس کے بعد جب آپ قیام گاہ پر پہنچے تو پچاس خوان کھانوں کے مطبخ شاہی سے مولوی امام علی صاحب اور مولوی مومن خاں صاحب معروف شاعر کی معرفت پہنچے۔ (۲)

---

(۱) کلکتہ، ریویو بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء، ص: ۳۸۲

(۲) تذکرۂ صادقہ، ص ۱۲۶-۱۲۷۔ مولانا سید عبدالجبار شاہ تھانوی ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا ستھانہ میں

رمضان کا مہینہ قریب آ گیا تھا اور بادشاہ کی خواہش تھی کہ مولانا رمضان قلعۂ معلّٰی میں گزاریں تاکہ قلعے کے لوگ ان کے ساتھ نمازِ تراویح ادا کریں اور وعظ سنیں، لیکن ریذیڈنٹ نے مولانا کے متعلق ایسے انداز میں پرسش شروع کر دی تھی کہ رکاوٹ کا اندیشہ لاحق ہو گیا تھا، لہٰذا زیادہ ٹھہرنا قرینِ مصلحت نہ سمجھا گیا اور مولانا معذرت کر کے روانہ ہو گئے۔ جمنا پار پہنچے تو رمضان کا چاند دیکھا۔(۱)

بعد کے منازل کی تفصیل معلوم نہ ہو سکی۔ روایتوں میں صرف یہ بتایا گیا ہے کہ کھنہ میں کچھ دن مولانا عنایت علی کا انتظار کرتے رہے، جو ۸؍شعبان ۱۲۶۶ھ (۱۹؍جون ۱۸۵۰ء) کو وطن سے روانہ ہوئے تھے۔ یعنی مولانا ولایت علی سے کم و بیش دس مہینے بعد غالباً ۷؍محرم ۱۲۶۷ھ (۱۸۵۰ء) کو کھنہ یا لدھیانہ میں دونوں بھائیوں کی ملاقات ہوئی،

گذشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ..... ''کتاب العبرت'' میں فرماتے ہیں: ۱۹۱۲ء میں مجھ سے خود مولانا عبدالکریم (فرزند مولانا ولایت علی) نے فرمایا، جو اس وقت والد کے ساتھ تھے کہ بادشاہ نے خود تخت سے اُتر کر استقبال کیا اور مولانا کے علاوہ آپ کے ساتھیوں سے ہاتھ ملایا۔ (کتاب العبرت قلمی ص:۲۶۹)۔ مولانا عبدالکریم ۱۲۵۷ھ میں پیدا ہوئے۔ بادشاہ سے ملاقات کے وقت ان کی عمر آٹھ نو سال کی ہوگی۔ تذکرۂ صادقہ میں مرقوم ہے کہ بادشاہ سے ملاقات کے وقت مولانا کے سب سے چھوٹے فرزند مولوی محمد حسین ذبیح ساتھ تھے، جنکی عمر پانچ برس کی تھی۔ انھیں بادشاہ نے گود میں بٹھالیا اور پوچھا کیا پڑھتے ہو؟ صاحبزادے نے کہا: قرآن شریف۔ پھر بادشاہ کی فرمائش پر سورۂ بقرہ کا ایک رکوع سنایا اور اس کا ترجمہ بھی کیا۔ بادشاہ کو نہایت تعجب ہوا۔

سوانح احمدی میں مرقوم ہے کہ بادشاہ نے اشعار سنانے چاہے تو مولانا نے یہ آیت پڑھی: اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ (جب قرآن پڑھا جائے تو اُسے سنو اور چپ رہو، تاکہ تم پر رحم کیا جائے)۔

(۱) یہ ''تذکرۂ صادقہ'' کا بیان ہے۔ (ص:۱۲۷)۔ یہ ۱۲۶۶ھ کا رمضان ہونا چاہیے، اس لئے کہ مولانا شوال ۱۲۶۵ھ میں عظیم آباد سے روانہ ہوئے تھے۔ اگر دو مہینے دہلی میں قیام کیا تو وہ رجب کے اوائل میں وہاں پہنچے ہوں گے، یعنی مئی ۱۸۵۰ء میں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بعد کا سفر اکٹھے طے کیا۔ تذکرۂ صادقہ میں یہ بھی مرقوم ہے کہ مولانا ولایت علی اپنے فرزند مولانا عبداللہ سے فرما گئے تھے کہ خود مع اہل وعیال جلد جلد منزلیں طے کر کے پہنچنا اور ہمراہیوں کو چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں روانہ کرنا۔

اوکنلے کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی ستھانہ پہنچ گئے اور انکے بعض ساتھیوں کو کھبل (۱) میں روکا گیا۔ آدمی نکل گئے لیکن اونٹ روک لئے گئے جن پر مال واسباب لدا تھا، اور انہیں ڈپٹی کمشنر ہزارہ کے پاس پیش کر دیا گیا۔ اس نے حکم دے دیا کہ انہیں بہ حفاظت مالکوں کو لوٹا دیا جائے۔ (۲) ستھانہ پہنچنے کی تاریخ ۸ ربیع الآخر ۱۲۶۷ھ (۱۰ فروری ۱۸۵۱ء) ہے، آپ کے اہل وعیال آٹھ روز بعد ۱۶ ربیع الآخر (۱۸ فروری) کو پہنچے۔

(۱) کھبل تربیلہ کے سامنے دریائے سندھ کے دائیں کنارے پر واقع ہے۔ ستھانہ سے اس کا فاصلہ پانچ چھ میل ہوگا۔

(۲) گلستہ ریویو، بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء، ص ۳۸۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

مولانا ولایت علی کی وفات

سرحدی زندگی

آخری مرتبہ سرحد پہنچنے کے بعد مولانا ولایت علی کو صرف بیس مہینے زندگی کی مہلت ملی اور ابھی وہ ابتدائی انتظامات ہی میں مصروف تھے کہ رحمتِ الٰہی کی آغوش میں پہنچ گئے۔ اس مدت کی سرگرمیوں کے مفصل حالات کہیں سے نہ مل سکے۔ بعض سوانح نگاروں نے دو چار سطروں سے زیادہ کچھ نہ لکھا، بعض نے کچھ لکھنا چاہا تو ایسا انداز اختیار کیا، جسے مولانا ولایت علی کے حقیقی مقصد و نصب العین سے کوئی مناسبت نہ تھی۔ جس طرح بعض مخلص سوانح نگاروں نے بلا وجہ سید صاحب کے نصب العین کو غلط رنگ میں پیش کیا تھا، اسی قسم کی حالت سے مولانا ولایت علی کو واسطہ پڑا۔ ''تذکرۂ صادقہ'' کا بیان ہے:

> آپ (مولانا) لوگوں کی ہدایت میں مصروف رہے اور درسِ قرآن و احادیث قائم کیا۔ بعد ظہر درس دیتے اور فجر کو مراقبہ و مشاہدہ میں لوگوں کو توجہ دلاتے۔ چونکہ وہ ملک خود سر ہے، بغیر سپاہ گری کے وہاں رہنا دشوار ہے، اس لئے ایک وقت فن سپاہ گری کی تعلیم اور قواعد ہوا کرتی۔ (۱)

مقصود نصب العین

ظاہر ہے کہ مولانا ولایت علی جہاد فی سبیل اللہ کا مقصد پیش نظر رکھتے ہوئے سرحد

(۵) ''تذکرۂ صادقہ'' ص: ۱۲۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گئے تھے اور اس میں حسب استطاعت جہاد بالسیف بھی شامل تھا۔ گویا فن حرب کی تعلیم اور جنگی قواعد بھی درس و وعظ، دعوت و تبلیغ اور اصلاحِ عقائد و اعمال کی طرح اہم مقاصد میں داخل تھی۔ اسے یہ رنگ دینا سراسر تعجب انگیز ہے کہ مقامی حالات کی مجبوری اور باشندوں کی خودسری کے باعث سپاہ گری پر توجہ لازمی ہوگئی۔ سوال کیا جاسکتا ہے کہ مولانا کے لئے درس و وعظ اور دعوت و تبلیغ کی کافی وسیع فضا وطن میں موجود نہ تھی کہ اطمینان و فارغ البالی کی زندگی چھوڑ کر وہ ایک ایسی سرزمین میں گئے جو ان کے لئے سراسر اجنبی تھی، اور جہاں کے لوگوں کی خودسری کے باعث سپہ گری میں وقت صرف کرنے کی مجبوری پیش آ گئی؟ یہ حقیقی اغراض و مقاصد سے اعراض ہی نہیں بلکہ ان کی تحریف ہے۔ اگر گرد و پیش کے حالات ایک بنیادی بات صاف صاف کہنے کیلئے سازگار نہ ہوں تو اس کے متعلق سکوت اختیار کر لینا چاہئے، لیکن اسے غیر واقعی انداز میں پیش کرنا ہرگز مناسب نہیں۔ یہ اُن داعیانِ حق اور مجاہدانِ راہِ حریت کے حقیقی نصب العین کا اخفا ہے جنہوں نے زندگی کی ہر متاعِ عزیز صرف اس لئے قربان کر ڈالی کہ اس نصب العین کا چراغ ہر فضا کی تاریکی میں روشن ہو جائے۔ انہوں نے جس مقصد کیلئے سب کچھ کھویا تھا، اس کی آبرو قائم رکھے بغیر سیرتوں کے خاکے مرتب کرنے سے کیا حاصل ہوسکتا ہے؟

بھائیوں میں اختلاف

اس دور کا ایک نہایت افسوس ناک واقعہ یہ ہے کہ طریق کار کے متعلق مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی میں اختلاف پیدا ہوا اور اس نے ایسی نازک صورت اختیار کر لی کہ مولانا عنایت علی بھائی سے الگ ہو کر منگل تھانہ چلے گئے۔ یہ اختلاف بھی بعض اصحاب کے نزدیک غلط فہمی کا باعث بنا اور سمجھا گیا کہ مولانا ولایت علی تو حکومتِ انگلشیہ سے لڑنا نہ چاہتے تھے، البتہ مولانا عنایت علی تیز طبعی اور گرم مزاجی کے باعث انگریزوں کے خلاف

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جنگ پر اصرار کر رہے تھے۔ حالانکہ مولانا ولایت علی انگریزی حکومت کے دائرے سے ہجرت کر کے سرحد پہنچے تھے۔ اگر ان کے نزدیک حکومتِ انگلشیہ کے ماتحت رہنے میں شرعاً کوئی قباحت نہ ہوتی تو وہ وطن کی امیرانہ زندگی چھوڑ کر ایسی جگہ کیوں توطن اختیار کرتے، جہاں ان کیلئے نظر بہ ظاہر گذران کا بھی کوئی سامان نہ تھا۔ زرخیزی اور سیر حاصلی کے نقطۂ نگاہ سے اس سرزمین کو مولانا کے وطن مالوف سے کوئی بھی مناسبت نہ تھی۔

وجہِ اختلاف

وجہِ اختلاف کا تعلق اصل مقصد سے نہ تھا، صرف طریق کار سے تھا۔ مولانا ولایت علی چاہتے تھے کہ خاصی جمعیت فراہم کرلیں اور مناسب تیاری کے بعد آزادی کے لئے جنگ کا آغاز کریں، مولانا عنایت علی کی خواہش یہ تھی کہ بے توقف اصل کام شروع کر دیا جائے۔ وہ نیک نیتی سے سمجھتے تھے کہ آغازِ جنگ کے ساتھ ہی تیاری کیلئے بہتر اسباب مہیا ہوتے جائیں گے اور باحمیت مسلمان خود بخود مجاہدین کی معیت و رفاقت اختیار کرنے لگیں گے۔

امب ستھانہ کے شمال میں صرف چند میل پر واقع تھا، جس کے والی نواب جہاں داد خاں کی ریاست دریا کے دونوں جانب پھیلی ہوئی تھی۔ دوسرے رؤساء وخوانین کی طرح نواب جہاں دادخاں بھی انگریزوں سے وابستگی قبول کر چکا تھا، اور جیسے حالات اس وقت درپیش تھے، ان میں وابستگی کے سوا چارہ نہ تھا۔ مولانا عنایت علی اس تعلق کو بے تکلف مسلم دشمنی قرار دے رہے تھے۔ اغلب ہے کہ نواب نے انگریزی دباؤ کے باتحت مجاہدین کی نقل وحرکت میں بھی روک ٹوک کا انتظام کر دیا ہو۔ مولانا عنایت علی اس پر مزید بگڑ گئے اور اصرار شروع کیا کہ نواب جہاں دادخاں کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔ مولانا ولایت علی کے پیش نظر یہ مصلحت تھی کہ نواب جہاں دادخاں کے خلاف تادیبی کارروائی کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آغاز کیا گیا تو مجاہدین کی مشکلات بڑھ جائیں گی اور تنظیم جس اطمینان کی متقاضی ہے، اس کا بھی کوئی موقع باقی نہ رہے گا۔ ممکن ہے اس سلسلے میں یہ امر بھی مولانا ولایت علی کے پیش نظر ہو کہ جن ساداتِ ستھانہ نے انہیں اپنے پاس ٹھہرایا ہے وہ نواب جہاں داد خاں کے قریبی رشتہ دار ہیں اور اس وجہ سے پیچیدگیاں بڑھنے ہی کا اندیشہ ہو سکتا تھا۔

نازک صورتِ حال

حافظ عبدالمجید (ابن مولانا عنایت علی) نے بعض واقعات اختصاراً لکھ لئے تھے، ان کی تحریرات کے متفرق اجزاء میں نے اسمست میں دیکھے۔ ان میں ایک اندراج یہ ہے کہ ۱۲ر محرم ۱۲۶۸ھ کو ٹیکری میں مولوی نادر علی نے وفات پائی۔ اس روز سے بھائیوں (مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی) میں اختلاف پیدا ہوا اور یہ برابر بڑھتا گیا۔ مجھے اب تک معلوم نہ ہو سکا کہ مولوی نادر علی کون تھے اور ان کی وفات کس سبب سے اختلاف کا باعث بنی؟

ایک روایت میں دیکھا کہ بھائیوں کے اختلاف نے مجاہدین کو بھی دو ٹکڑیوں میں منقسم کر دیا تھا۔ بنگال کے زیادہ تر مجاہدین مولانا عنایت علی کے ہم نوا تھے اور باقی اصحاب، جن میں صادق پور کے تمام اکابر (مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی کے اقربا) بھی شامل تھے، مولانا ولایت علی کے مسلک کو درست سمجھتے تھے۔ اختلاف کا نتیجہ یہ ہوا کہ موقع پر پریڈ کے وقت دونوں گروہوں میں لڑائی کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ مولانا ولایت علی نے یہ حالت دیکھی تو دونوں کے درمیان کھڑے ہو کر دعاء کیلئے ہاتھ اٹھائے اور پکار کر کہا کہ سب خدا کی بارگاہ میں صلح و امن کیلئے دعاء کریں، اس طرح خطرہ ٹل گیا اور اسی وقت مولانا عنایت علی مجاہدین کے مرکز سے اٹھ کر منگل تھانہ چلے گئے۔ پھر غالباً زندگی میں دونوں بھائیوں کی ملاقات نہ ہوئی۔ یہ ۲۷ر شعبان ۱۲۶۸ھ (۱۶ر جون ۱۸۵۲ء) کا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

واقعہ ہے۔ اس سے کچھ کم پانچ ماہ بعد مولانا ولایت علی نے وفات پائی۔

اوکنلے کا بیان

اوکنلے نے لکھا ہے کہ مولانا ولایت علی کے دل میں حکومتِ برطانیہ کے خلاف کینہ و عناد کے وہ جذبات موجزن نہ تھے، جن سے ان کے بھائی کا سینہ لبریز تھا۔ اول الذکر کا مذہبی جوش وخروش ایسا نہ تھا جو انسان کو بے قابو کر دیتا ہے اور دنیوی احتیاط کو ضعفِ ایمان کی دلیل سمجھا جاتا ہے۔ مولانائے موصوف وسطی ہند، دکن، بمبئی اور سندھ میں پھر چکے تھے۔ حکومت برطانیہ کی طاقت وقوت کا بہتر اندازہ کر چکے تھے، جو مرہٹوں، مسلمان پنڈاروں، امیرانِ سندھ اور سکھوں کو تباہ کر چکی تھی۔ وہ سید احمد کے ظہورِ ثانی تک امن سے رہنا چاہتے تھے، اور بار بار کہتے تھے کہ مجاہدین کی جو چھوٹی سی جماعت جمع ہوگئی ہے اس سے ہندوستان کو فتح کر لینا غیر ممکن ہے:

> اگر قبل از وقت کوئی قدم اٹھالیا گیا تو حکومتِ برطانیہ کی آنکھیں کھل جائیں گی، ہماری کارروائیوں کی حقیقی حیثیت کا اسے ایک مرتبہ پورا احساس ہو گیا تو وہ روپے کی آمد روک دے گی اور اپنی رعایا کو جہاد کی حمایت سے منع کر دے گی۔ (۱)

اوکنلے نے یہ بھی لکھا ہے کہ ۱۸۵۲ء کے آغاز میں مجاہدین کا قافلہ ستھانہ آتا ہوا امب کے علاقے میں لوٹا گیا۔ اس پر مولانا عنایت علی سخت برافروختہ ہوئے اور انہوں نے اخوند، صوات نیز ساداتِ ستھانہ سے امب کے خلاف امداد طلب کی۔ (۲)

---

(۱) کلکتہ ریویو بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء ص: ۳۸۳

(۲) کلکتہ ریویو بابت اکتوبر ۱۸۷۰ء ص: ۳۹۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجاہدین کا مرکز

عموماً سمجھا جاتا ہے کہ مجاہدین ستھانہ یا منڈی میں مقیم تھے، بلاشبہ انہوں نے جو مرکز بنایا تھا، وہ ستھانہ اور منڈی ہی کی زمین میں تھا، لیکن ان دونوں سے الگ تھا۔ مجھے مولانا نصیر الدین منگلوری اور مولانا نصیر الدین دہلوی کے مرکز کا علم نہ ہو سکا، جو ۱۸۴۱ء کی طغیانیٔ سندھ میں بہہ گیا تھا، بلکہ ستھانہ، منڈی اور مجاہدین کے مرکز کی زمین بھی دس دس بارہ بارہ گز کی گہرائی تک دریا برد ہوگئی تھی۔ اس کے بعد جو مرکز قائم ہوا، وہ پہلے مقام کے خلاف کنارۂ دریا سے ہٹا ہوا تھا، اس سے تقریباً نصف فرلانگ شمال میں منڈی کی آبادی قائم ہوئی، منڈی کے شمال میں تقریباً ایک فرلانگ پر مجاہدین کا مرکز تھا۔

طغیانی کے بعد اس حصے کی زمین پر چھوٹے چھوٹے گول پتھروں کا فرش سا بچھ گیا تھا، جس میں کھیتی باڑی نہ ہو سکتی تھی، مجاہدین نے اپنا قلعہ تعمیر کر لیا تو وہ دور دور سے مٹی جھولیوں میں بھر بھر کر لاتے اور پتھریلے فرش پر بچھاتے رہتے۔ اس طرح انہوں نے محنت و مشقت سے زمین کا خاصا رقبہ کھیتی باڑی کیلئے موزوں بنا لیا تھا۔ مولانا ولایت علی اسی قلعے میں مقیم ہوئے تھے، ان کی وفات کے بعد ۱۸۵۸ء تک مجاہدین اسی قلعے میں رہے۔ جب انگریزوں نے ستھانہ، منڈی اور مجاہدین کے مرکز کو توپیں لگا کر برباد کر دیا تو پھر اس مقام پر کوئی آبادی نہ ہو سکی اور آج کل یہ زمین ستھانہ کی حد بست میں شامل ہے۔

یہ بھی عرض کر دوں کہ مجاہدین کا گزارا عموماً ان رقموں پر تھا جو ہندوستان سے مسلسل ان کے پاس پہنچتی رہتی تھیں۔ جب ان میں عارضی انقطاع یا التوا ہو جاتا تھا تو ساداتِ ستھانہ ان کے لئے غلہ کا مناسب انتظام کر دیتے تھے۔

ستھانہ کے عقب میں جو بلند پہاڑ ہے، اس میں سے خاص ستھانہ کی زمین میں دو درے یا نالے آئے ہیں۔ ایک ستھانہ کی آبادی کے شمال میں سے جسے عموماً منڈی یا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ستھانہ والا نالہ کہتے ہیں۔ اس پر پن چکیاں بھی نصب ہیں۔ دوسرا نالہ ستھانہ گاؤں کے جنوب میں ہے جس کا نام برگ کا درہ یا نالہ ہے۔ (برگ بروزن ترک)۔ مرکز مجاہدین ستھانہ یا منڈی والے نالے کے قریب تھا، مجاہدین کا قبرستان اس نالے کی جنوبی سمت میں ہے، اسی قبرستان میں مولانا ولایت علی کا مدفن ہے، لیکن اس کا متعین نشان اب کسی کو معلوم نہیں۔

مولانا کی وفات

مولانا ولایت علی ابھی کوئی مجاہدانہ قدم اٹھانے نہ پائے تھے کہ ۲۲ر محرم ۱۲۶۹ھ (۵ر نومبر ۱۸۵۲ء) کو بہ عارضۂ خناق انتقال کیا (۱) اور اپنے مرکز کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ ''تذکرۂ صادقہ'' کے بیان کے مطابق چونسٹھ سال کی عمر پائی۔ وفات کی دو تاریخیں میرے علم میں آئیں، ایک فارسی کی اور دوسری عربی کی، جو ذیل میں درج ہیں:

مولانا ولایت علی رہبر دین حق — بہ ماہ محرم چو شد زیر خاک
بگو از سر آہ سالِ وفات — شدہ جاءِ سیرش بہ فردوس پاک

آخری مصرع کے حساب میں جائے کی ''ے'' شامل نہیں کی گئی۔ اس طرح ۱۲۶۸ بنے۔ سرِ آہ یعنی الف کا ایک شامل کیا تو ۱۲۶۹ ہوئے۔ عربی تاریخ یہ ہے:

ولایت علی العالم المتورع — توفی بالهجرة للدین ناصر
وهذا الذی قد طاب حیا ومیتا — فارخ قلبی طاب غاز مهاجر (۲)

۱۲۶۹ھ

(۱) ڈاکٹر ہیلیو کا یہ بیان غلط ہے کہ مولانا کا انتقال بہ عارضۂ بخار ۱۸۵۵ء میں ہوا۔ (یوسف زئیوں کی رپورٹ، انگریزی، ص: ۹۶)

(۲) تذکرۂ صادقہ، ص: ۱۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حلیہ

''تذکرۂ صادقہ'' میں حلیہ یوں مرقوم ہے:

میانہ قامت مائل بہ طول، رنگ سانولا، جسم بلغمی اور پرگوشت، ابرو پیوستہ، ڈاڑھی اوسط درجے کی۔(۱)

مولانا سید عبدالجبار شاہ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ جب صوات کی سلطنت چھن گئی اور میں ستھانہ واپس آیا تو ایک صاحب ملنے کیلئے آئے، جنہیں کشف قبور میں مہارت حاصل تھی۔ میں انہیں مجاہدین کے قبرستان میں لے گیا اور مولانا ولایت علی کی قبر کے پاس بٹھا کر کہا کہ فرمایئے، یہ کون صاحب ہیں اور ان کا حلیہ کیا ہے۔ وہ تقریباً آدھا گھنٹہ مراقب رہے، پھر اٹھے تو مجھ سے کہا کہ آؤ چلیں، معلوم ہوتا تھا کہ صاحبِ قبر نے ان کے دل پر گہرا اثر ڈالا۔ راستے میں مجھے بتایا کہ یہ بزرگ سرحد کے نہیں، ہندوستان کے ہیں اور ان کا درجہ بہت اونچا ہے۔ میں نے حلیہ پوچھا تو کہا کہ رنگ سانولا ہے اور ڈاڑھی کے بال رخساروں پر کم ہیں، ٹھوڑی پر زیادہ۔ غرض جو حلیہ بتایا وہ مولانا کے فرزندانِ ارجمند مولانا عبداللہ اور مولانا عبدالکریم سے خاصا مشابہ تھا، لہٰذا یقین ہو گیا کہ صاحبِ کشف کا بیان درست ہے۔

اہل وعیال

مولانا کی پہلی شادی سید مقصود علی (ساکن لہنہ ٹیکھولی ضلع آرہ) کی صاحبزادی مسمات امیرن سے ہوئی تھی۔ یہ خاتون لاولد فوت ہوئیں۔ دوسرا نکاح حیدر آباد دکن کے ایک رئیس مرزا واحد بیگ کی صاحبزدی مراد النساء بیگم سے کیا۔ اس سے مولانا کے پانچ فرزند ہوئے۔ تیسرا نکاح مولوی الٰہی بخش کی بیوہ صاحبزادی جمیلۃ النساء سے کیا۔

(۱) تذکرہ صادقہ، ص:۱۱۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ان سے بھی چار بچے ہوئے، اولاد کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

۱- مولانا عبداللہ، جو چالیس سال تک مجاہدین کے امیر رہے۔ ان کے حالات آئندہ بیان ہوں گے۔

۲- رحمت اللہ، حالت طفلی میں وفات پائی۔

۳- ہدایت اللہ، پینتالیس برس کی عمر میں فوت ہوئے، ایک فرزند یادگار چھوڑا۔ ڈاکٹر آیت اللہ جنہیں مولوی محمد حسین ذبیح نے ولایت میں تعلیم دلوائی۔

۴- عبدالرحمٰن یہ لاولد فوت ہوئے۔

۵- مولوی عبدالکریم، اپنے بڑے بھائی مولانا عبداللہ کے بعد یہ مجاہدین کے امیر بنے، ان کے حالات بھی آئندہ بیان ہوں گے۔

۶- مولوی محمد حسین ذبیح، ان کے حالات بھی موقع پر لکھے جائیں گے۔

۷- شاکرہ، ان کی شادی مولوی عبدالحکیم بن مولانا احمداللہ سے ہوئی۔

۸- زینب، بچپن میں وفات پائی۔

۹- محمد حسین، بچپن میں وفات پائی۔

تصانیف

مولانا ولایت علی کی زندگی کے بیشتر اوقات وعظ و تبلیغ اور تنظیماتِ جہاد میں گذرے۔ ظاہر ہے کہ ان مشاغل کے ہجوم میں تصانیف کیلئے وقت نہ مل سکتا تھا، تاہم انہوں نے مختلف اوقات میں اردو، فارسی اور عربی کے چند رسالے بھی لکھے، جنہیں ان کے بھتیجے مولانا عبدالرحیم نے مجموعہ رسائل تسعہ میں شائع کر دیا تھا۔ مثلاً رسالہ رَدّ شرک (فارسی) رسالہ عمل بالحدیث (فارسی) رسالہ اربعین فی المہدیین (عربی) رسالہ دعوت (اردو) رسالہ تیسیر الصلوٰۃ (اردو) رسالہ شجرۂ باثمرہ (اردو) رسالہ تبیان الشرک (اردو)۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انکا عقیدہ یہ تھا کہ سید صاحب نے شہادت نہیں پائی بلکہ غائب ہو گئے اور ضرورت کے موقع پر دوبارہ ظاہر ہوں گے۔ رسالہ دعوت میں یہ عقیدہ تفصیل سے بیان کیا ہے، لیکن جیسا کہ میں ''سید احمد شہید'' میں کہہ چکا ہوں، یہ عقیدہ صحیح نہ تھا اور ہمیں اکابر کے محاسن ہی پر متوجہ رہنا چاہئے، لغزشوں میں ان کی پیروی نہ کرنی چاہئے۔ مولانا ہی کی وجہ سے سید صاحب کی غیبوبت کا عقیدہ علمائے صادق پور میں شائع ہوا، لیکن اس بنا پر مولانا یا ان کے اقرباء و رفقاء کی عظمت و برتری میں کوئی فرق نہیں آتا۔ اسلئے کہ یہ عظمت و برتری عقیدۂ غیبوبت پر نہیں بلکہ ان کے مجاہدانہ اسلامی کارناموں پر مبنی ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواں باب:

مولانا عنایت علی کا عہدِ امارت

ابتدائی حالات اور امارت

مولانا عنایت علی کے ابتدائی حالات اختصاراً پہلے بیان ہو چکے ہیں۔ سید صاحب نے انہیں سرحد سے بہ غرضِ دعوت و تبلیغ بنگال بھیج دیا تھا۔ واقعۂ بالاکوٹ کے بعد بھی وہ دعوت و تبلیغ ہی میں مصروف رہے۔ جب مولانا سید نصیر الدین دہلوی کے انتقال کی وجہ سے مجاہدین کی تنظیم کا سلسلہ بگڑ گیا اور سید ضامن شاہ کاغانی نیز بالائی ہزارہ کے خوانین کو اجرائے جہاد کیلئے حالات سازگار نظر آئے تو مولانا ولایت علی نے انہیں (مولانا عنایت علی کو) سرحد بھیج دیا، وہاں جو کارنامے انجام دیئے، وہ بھی تفصیلاً پہلے بیان ہو چکے ہیں۔

ان کی شانِ عزیمت کا اندازہ اس واقعے سے ہو سکتا ہے کہ اپنے بڑے بھائی کی معیت میں ہندوستان سے مستقل ہجرت کا ارادہ کیا تو آپ کی والدۂ ماجدہ نے موضع دوآب پورارہٹ ضلع گیا کا وثیقہ آپ کے حوالے کر دیا تھا۔ آپ نے یہ موضع بیس بائیس ہزار روپے میں میر محبوب علی ساکن کبوانی کے ہاتھ بیچ دیا اور دوسرے مواضعات سے دست برداری کی ایک تحریر لکھ دی۔ (۱) اندازہ فرمایئے کہ خوش حالی اور فارغ البالی کے کتنے مہتم بالشان سامان میسر تھے، لیکن ان میں سے کوئی چیز انہیں راہِ حق میں مجاہدانہ اقدام سے نہ روک سکی۔

یہ بھی عرض کیا جا چکا ہے کہ طریق کار کے متعلق مولانا ولایت علی سے اختلاف کی

(۱) تذکرۂ صادق، ص: ۱۳۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بناء پر یہ منگل تھانہ چلے گئے تھے۔ مولانا کے انتقال پر مجاہدین کے مرکز میں آئے اور سب نے بالاتفاق انہیں امیر تسلیم کرلیا۔ تقریباً دو ہفتے بعد ۴ رصفر ۱۲۶۹ھ (۱۷ رنومبر ۱۸۵۲ء) کو باورچی خانہ میں آگ لگی جس میں سب کچھ جل گیا۔ اسی زمانے میں ایک واقعہ پیش آیا جس کی وجہ سے انگریزوں کے خلاف لڑائیاں شروع ہوگئیں، اور مولانا کی زندگی کے بقیہ اوقات کا ایک ایک لمحہ لڑنے بھڑنے یا لڑائی بھڑائی کا اہتمام کرنے ہی میں تمام ہوا۔

انگریز پنجاب وسرحد میں

اپریل ۱۸۴۸ء میں دیوان مول راج ناظم ملتان نے دو انگریزوں کے قتل سے ہنگامہ بپا کیا۔ جگہ جگہ سکھ فوجیں بغاوت پر آمادہ ہوگئیں، اور سکھوں سے انگریزوں کی دوسری جنگ کا آغاز ہوا، جس کی تفصیلات ہمارے موضوع سے خارج ہیں۔ سکھوں نے اس جنگ میں بھی پے در پے شکستیں کھائیں اور پنجاب کو انگریزوں نے اپنی سلطنت میں شامل کرلیا۔

اس زمانے میں ایبٹ ہزارہ کا ڈپٹی کمشنر مقرر ہوا۔ کاغان کے سید انگریزی تسلط کو قبول کرنے کیلئے تیار نہ تھے۔ ان کے گوجر مزارعین نے ایبٹ کے پاس شکایتیں کیں اور وہ ان شکایتوں کو درست مان کر سیدوں کا مخالف ہوگیا۔ اسی کی تجویز سے کاغان پر انگریزی فوج کا حملہ ہوا اور تین فوجیں تینوں سمتوں سے بڑھیں: ایک بالاکوٹ کی سمت سے، دوسری کشمیر کی سمت سے، تیسری بھوگڑ منگ کی سمت سے۔ سید اس فوج کا مقابلہ نہ کر سکتے تھے، ان سب کو گرفتار کر کے بفہ میں نظر بند کر دیا گیا۔ اس طرح کاغان انگریزوں کے زیر اثر آیا۔

دو انگریزوں کا قتل

سکھوں کے عہد میں ملکی انتظام ایسا نہ تھا کہ کارکنوں کو جزئیات پر توجہ ہوتی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریزوں نے ہر چھوٹے بڑے امر کو قاعدے اور ضابطے کے ماتحت لانے کی کوشش کی۔ ابتدا میں انگریزوں نے انتظامات کی نگرانی کے لئے ایک بورڈ بنا دیا تھا، جس کے ماتحت مختلف محکمے کام کر رہے تھے۔ ایک محکمہ نمک کا بھی تھا، جس کا ایک وظیفہ یہ تھا کہ اٹک پار کے نمک کو حدودِ پنجاب میں داخل نہ ہونے دے۔ کچھ مدت بعد شکایتیں سنی گئیں کہ باہر کا نمک والیٔ امب کے اٹک پار کے علاقوں میں سے ہو کر پنجاب پہنچتا ہے، چنانچہ راستوں کی دیکھ بھال اور درآمد کے انسداد کی غرض سے محکمۂ نمک کے دو افسر مسٹر کارن (Carne) اور مسٹر ٹیپ (Tapp) والیٔ امب کے علاقے میں داخل ہوئے، جس کی حد آزاد حسن زئی قبیلے کے علاقے سے ملتی تھی۔ ان افسروں کا یہ اقدام انتظامی بورڈ کی رائے کے خلاف تھا، اور مسٹر ایبٹ ڈپٹی کمشنر ہزارہ نے بھی انہیں یہی مشورہ دیا تھا کہ چھان بین کے لئے زیادہ آگے نہ جائیں، کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ والیٔ امب کے حدود ہی میں رہے یا حسن زئیوں کے علاقے میں چلے گئے۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ حسن زئیوں نے موقع پا کر انہیں قتل کر دیا۔

ڈپٹی کمشنر ہزارہ کا ابتدائی تاثر یہ تھا کہ اس قتل میں والیٔ امب اور اس کا وزیر بھی شامل ہیں، لیکن جب والیٔ امب سے مطالبہ کیا گیا کہ جو حسن زئی اس کے علاقے میں رہتے ہیں، انہیں حکومت انگلشیہ کے حوالے کر دیا جائے تا کہ حکومت مذکورہ حسن زئی قبیلے پر تلافی کے لئے زور ڈال سکے، تو والیٔ امب نے یہ مطالبہ پورا کر دیا۔ گویا اپنے خلوص اور پاک دامنی کا روشن ثبوت مہیا کر دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حسن زئیوں نے امب کے سرحدی دیہات تباہ کر ڈالے اور دو قلعوں (چمبیری اور شنگلئی) پر قبضہ کر لیا۔ (۱) اور اس سے کوہ

(۱) واقعے کی تفصیلات میں جزوی اختلافات ہیں۔ اس کا ذکر مندرجہ ذیل کتابوں میں آیا ہے۔ ''کوہ سیاہ سے وزیرستان تک'' از وائلی (انگریزی) ص: ۳۲ تا ۳۶۔ ''سرحد شمالی و غربی کی مہمیں''، از نویل (انگریزی) ص: ۲۲ تا ۲۵۔ ''ہزارہ گزیٹیئر'' (انگریزی) مطبوعہ ۱۹۰۸ء ص: ۱۶۶-۱۶۷۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سیاہ کی پہلی مہم کا آغاز ہوا۔

کوہ سیاہ کی پہلی مہم

سرحد آزاد میں کوہ سیاہ (مقامی نام ''کالا ڈھاکا'') کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ جسکے خلاف انگریزوں کو اپنے عہد حکومت میں کئی مرتبہ مہمیں بھیجنی پڑیں۔ اسکے جنوب میں تنولیوں کا علاقہ ہے، مشرق میں اگرور، پریاری، ٹیکری، نندھیاڑ اور دیشی، شمال میں دریائے سندھ اور تاکوٹ، مغرب میں دریائے سندھ۔ اس پہاڑ کی ڈھلانوں پر یوسف زئی پٹھان آباد ہیں، جن میں سے تین قبیلے قابل ذکر ہیں: حسن زئی، اکازئی اور چغرزئی۔ حسن زئی عیسیٰ زئیوں کی ایک شاخ ہیں، خود ان کا قبیلہ دس چھوٹی شاخوں میں بٹا ہوا ہے۔

انگریزی حکومت کے سامنے اب یہ سوال آیا کہ آیا والیٔ امب کو امداد دینی چاہیے یا خاموش بیٹھے رہنا چاہیے۔ امداد دی جاتی تو آزاد پہاڑی علاقے میں فوج بھیجے بغیر چارہ نہ تھا اور کچھ معلوم نہ تھا کہ کون کون سے قبیلے حسن زئی کی امداد کیلئے اٹھ کھڑے ہوں گے۔ ہزارہ گزیٹیئر کے بیان کے مطابق لارڈ ڈلہوزی ان قبائل کے خلاف فوج کشی میں متامل تھا، جنہیں مستقل طور پر قبضے میں رکھنا مشکل نظر آتا تھا۔ لیکن اگر والیٔ امب کی امداد میں کوئی موثر قدم نہ اٹھایا جاتا تو نتیجہ یہ ہوتا کہ تمام سرحدی رؤساء و خوانین انگریزی مصلحتوں کی نگہداشت کے بجائے آزاد قبیلوں سے اپنے تعلقات خوش گوار رکھتے اور پورے سرحدی علاقے میں بدامنی کے جراثیم پرورش پانے لگتے۔ غور و فکر کے بعد دسمبر ۱۸۵۲ء میں تادیبی مہم بھیجنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ کرنل میکیسن (۱) کمشنر پشاور اس مہم کا سالار مقرر ہوا۔

(۱) Mackeson یہ میکیسن پشاور کے کمشنر کی حیثیت میں ۱۰ ستمبر ۱۸۵۳ء کو برآمدے میں کام کر رہا تھا جب کنٹر کے ایک پٹھان عبداللہ نے اس پر قاتلانہ حملہ کیا۔ چار روز بعد میکیسن نے وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جنگ

اس مہم میں لیویز اور پولیس کے علاوہ سکھوں اور ڈوگروں کی رجمنٹیں بھی شامل تھیں اور ان کے ساتھ پہاڑی توپیں بھی تھیں۔ والیٔ امب کا مشہور مقام شیر گڑھ فوج کا مرکز قرار پایا، جہاں سے اسے تین حصوں میں تقسیم کر کے مختلف اطراف سے حسن زئیوں پر یورش کی گئی۔ ان کے متعدد گاؤں جلا دیے گئے۔ جنوری ۱۸۵۳ء میں فوج واپس آ گئی۔ فریقین کا جانی نقصان زیادہ نہ ہوا، لیکن حسن زئیوں کے دیہات کو بہت نقصان پہنچا اور ان کے غلے کے ذخائر تباہ ہو گئے۔ اگرچہ وہ حوالگی پر آمادہ نہ ہوئے تاہم سمجھ لیا گیا کہ انہیں خاصی سزا مل چکی ہے، لہٰذا جو یرغمال انگریزی حکومت کے قبضے میں تھے انہیں رہا کر دیا گیا۔(۱)

مجاہدین کے اقدامات

مولانا عنایت علی پہلے ہی سے والیٔ امب کے خلاف اقدامات کا فیصلہ کیے بیٹھے تھے، حسن زئیوں کے ہنگامے سے اس فیصلے کو جامۂ عمل پہنانے کا اچھا موقع پیدا ہو گیا۔ اس میں ایک فائدہ یہ بھی تھا کہ حسن زئیوں کی امداد سے آزاد قبائل میں مجاہدین کے لئے دلی ہمدردی کی فضا پیدا ہو جانے کی امید تھی اور ان سے آئندہ مجاہدانہ اقدامات میں امداد لینے کے امکانات قوی ہوتے تھے۔ چنانچہ مولانا نے مجاہدین کو اقدام کا حکم دے دیا اور ایک جیش نے مرکز سے پیش قدمی کرتے ہوئے عشرہ کوٹلہ پر قبضہ کر لیا جو ستھانہ اور امب کے درمیان والیٔ امب کے نہایت مشہور و مستحکم قلعے تھے۔ گویا امب کے خلاف ایک نئی سمت سے یورش شروع ہو گئی۔

---

(۱) یہ بیان ہزارہ گزیٹیر سے ماخوذ ہے، ص: ۱۶۷۔ مزید تفصیلات مطلوب ہوں تو ملاحظہ فرمایئے وائلی کی کتاب ص: ۳۲ تا ۳۶، اور نیویل کی کتاب، ص: ۲۲ تا ۲۴۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریزی فوج کوہ سیاہ کی مہم سے فارغ ہوئی تو والیٔ اُمب کو مجاہدین کی ترکتازوں سے بھی بچانا ضروری ہوگیا۔ حسن زئیوں کے خلاف اقدام کی جو وجہ تھی، وہی وجہ مجاہدین کے خلاف بھی اقدام کا موجب بنی۔ چنانچہ ۵؍جنوری ۱۸۵۳ء کو والیٔ اُمب کی ایک فوج نے شمالی سمت سے پہاڑ پر چڑھ کر عشرہ وکوٹلہ کے شمال اور مغرب میں مورچے قائم کر لیے۔ ۶؍جنوری کو ایک انگریزی فوج مسٹر ایبٹ کی سرکردگی میں کرپلیاں سے کشتیوں پر سوار ہوئی اور دریا پار پہنچ کر اس درے کی طرف بڑھی جو عشرہ وکوٹلہ اور مرکز مجاہدین کے درمیان آمدورفت کا راستہ تھا۔ ایک انگریزی جیش دریا کے بائیں کنارے پر ستھانہ کے عین سامنے مورچے لگا کر بیٹھ گیا تاکہ وہاں سے مجاہدین کیلئے کمک نہ بھیجی جا سکے۔ جب انگریزی فوج نے توپوں کے ساتھ پہاڑ پر چڑھائی شروع کی تو مجاہدین جن کی تعداد دو سو اور تین سو کے درمیان تھی، قلعہ چھوڑ گئے۔ والیٔ اُمب کے لشکر نے تعاقب کیا اور تیس سے زیادہ مجاہدین نے شہادت پائی۔ (۱) ''ہزارہ گزیٹیئر'' کا بیان ہے کہ مجاہدین نے نہ محض عشرہ وکوٹلہ کو خالی کیا بلکہ اپنے مرکز (واقع ستھانہ) سے بھی نکل گئے۔ (۲)۔

اوکنلے نے لکھا ہے کہ جہاں داد خاں والیٔ اُمب نے مجاہدین سے مرعوب ہو کر بظاہر اطاعت قبول کر لی تھی اور مولانا عنایت علی سے کہا تھا کہ عشرہ اور اُمب اپنی طرف سے مجھے عطا فرما دیں، اس اثناء میں اس نے انگریزوں سے بھی ساز باز کا سلسلہ جاری رکھا۔ انگریزی فوج نے عبورِ دریا کے بعد عشرہ اور ستھانہ کے درمیانی درے پر قبضہ کرنے کی کوشش کی، جہاں داد خاں نے شمالی سمت میں مجاہدین کے بچ نکلنے کا راستہ روک دیا۔ یہ حالت دیکھ کر مولانا عنایت علی مجاہدین کے بڑے حصے کو ساتھ لے کر ستھانہ پہنچ گئے، لیکن ان کا چند اول یعنی عقبی جیش مولانا کرم علی دانا پوری کی سالاری میں پورے کا پورا خلعتِ

(۱) نذیل کی کتاب، ص: ۲۶۔ وائلی کی کتاب میں تفصیل درج نہیں، لیکن اصل واقعے کا ذکر ص: ۴۷ پر موجود ہے۔
(۲) ہزارہ گزیٹیر، ص: ۱۶۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شہادت سے سرفراز ہوا۔(۱)

حافظ عبدالمجید کا بیان

اب تک جو کچھ لکھا گیا وہ انگریزی بیانات پر مبنی تھا۔ خود جماعتِ مجاہدین کی طرف سے ان حالات کے متعلق کوئی تفصیل نہ مل سکی۔ مولانا عنایت علی کے صاحبزادے حافظ عبدالمجید کی جن یادداشتوں کا ذکر پہلے آ چکا ہے ان سے جو کچھ معلوم ہوا اس کی کیفیت ذیل میں درج ہے:

۱- مجاہدین نے ۲۰ر صفر ۱۲۶۹ھ (۳ر دسمبر ۱۸۵۲ء) کو یعنی مولانا ولایت علی کی وفات سے ایک ماہ تین دن بعد علاقۂ اُمب پر ایک شبخون مارا تھا۔ میرا خیال ہے کہ اسی شبخون کے سلسلے میں عشرہ و کوٹلہ پر قبضہ کیا گیا۔

۲- ۲۴ر دسمبر کو دوبارہ ایک شبخون مارا گیا۔ مجاہدین کی جماعت پچیس جانبازوں پر مشتمل تھی اور طرہ باز خاں ان کا سالار تھا۔

۳- عشرہ اور کوٹلہ میں بخار نے وبائی شکل اختیار کر لی تھی۔ اکثر مجاہدین بیمار ہو گئے اور لڑائی کے قابل نہ رہے، صرف پچاس نے جنگ کی اور شہادت پائی۔ ان میں مولانا کرم علی دانا پوری (۲) اور شیر خاں تنولی بھی شامل تھے۔

۴- مولانا عنایت علی اس واقعے کے بعد ناواگئی، (علاقہ چملہ) چلے گئے۔ ان کا ارادہ یہ تھا کہ صوات پہنچ کر سید اکبر شاہ ستھانوی اور ملا عبدالغفور اخوند صوات سے آئندہ اقدامات کے متعلق مشورے کریں۔ سید اکبر شاہ کو صوات کے باشندوں نے ۱۸۴۷ء میں

(۱) کلکتہ ریویو، بابت ۱۸۷۰ء، ص: ۳۹۵-۳۹۶

(۲) مولانا کرم علی کے متعلق بتایا گیا ہے کہ مجاہدین میں شامل ہونے سے قبل وہ درزی کا کام کرتے تھے۔ دیکھیے تحریک جہاد نے انہیں معمولی حیثیت سے اٹھا کر کس اونچی منزل پر پہنچا دیا کہ اس جماعتِ مجاہدین کی سالاری کا منصب عطا ہوا، جس نے ایک نازک موقع پر ناموسِ حق کی حفاظت میں بے تکلف جانیں قربان کیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اپنا بادشاہ بنالیا تھا۔ پنجاب ریکارڈز آفس کی بعض تحریرات سے مترشح ہوتا ہے کہ جنوری ۱۸۵۴ء میں حکومت انگلشیہ کو شاہِ صوات کی طرف سے حملے کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا۔ اغلب ہے حملہ ہو جاتا لیکن اخوند صاحب عموماً ایسے اقدامات کی مخالفت کرتے رہے۔

مولانا کی سرگرمیاں

حافظ عبدالمجید ہی کی یادداشتوں سے واضح ہوتا ہے کہ مولانا عنایت علی نے خاصی لمبی مدت چملہ، بونیر اور صوات میں گزاری اور وہ ۱۶ رجب ۱۲۷۰ھ (۱۴ اپریل ۱۸۵۴ء) کو اس سفر سے واپس آئے۔ میرا خیال ہے کہ اخوند صاحب صوات نے مولانا کی امداد و اعانت میں کسی گرم جوشی کا اظہار نہ کیا۔ سید اکبر شاہ اگرچہ بادشاہی کے منصب پر فائز تھے، لیکن صوات کی صورتِ حال ایسی تھی جس کے پیشِ نظر وہ اخوند صاحب کی رضامندی اور اتفاق کے بغیر کوئی اقدام نہ کر سکتے تھے۔

ستھانہ کے مرکز میں بیٹھ کر مولانا کے لئے وسیع پیمانے پر مجاہدانہ سرگرمیاں جاری رکھنے کا کوئی امکان نہ رہا تھا، اس لئے وہ کسی ایسے مرکز کی تلاش میں تھے، جہاں سے مجاہدین کی جمعیت بڑھانے اور ان سے زیادہ وسیع حلقے میں مؤثر کام لینے کا انتظام ہو سکے۔ غالباً اسی خیال سے مولانا نے سید عباس رئیس منگل تھانہ کے ساتھ از سرِ نو عہد و پیمان کر لیے اور اسی کے مقام کو مستقل مرکز بنا لینے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ ستھانہ کے مرکز میں مولانا یحییٰ علی (ابن مولوی الٰہی بخش عظیم آبادی) کو مختار بنایا اور خود اہل و عیال کے ساتھ منگل تھانہ میں منتقل ہو گئے، جو خدوخیل کے علاقے کا ایک مشہور و مستحکم مقام تھا۔ کچھ دیر بعد مولانا ولایت علی کے اہل و عیال کو بھی منگل تھانہ ہی میں بلا لیا۔ (۱)

(۱) تذکرۂ صادقہ میں مرقوم ہے کہ سید عمر شاہ، سید عمران شاہ، سید شاہ مدار اور سید مبارک شاہ نے مجاہدین سے بے وفائی کی۔ ص: ۱۳۷۔ یہ بیان سراسر غلط ہے۔ سادات ستھانہ نے ابتداء سے آخر تک مجاہدین کی اعانت برابر جاری رکھی اور اس سلسلے میں اپنا سب کچھ تباہ کر لیا۔ ہو سکتا ہے کہ انہیں مولانا عنایت علی ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دعوت و تنظیم

منگل تھانہ پہنچنے کے بعد مولانا نے گرد و پیش جہاد کی دعوت اور مجاہدین کی تنظیم شروع کر دی۔ فتح خاں رئیس پنجتار فوت ہو چکا تھا اور اس کے بیٹے مقرب خاں نے خاندانی سرداری کا منصب سنبھال لیا تھا۔ وہ خود رائے آدمی تھا، اس وجہ سے قبیلے کے مختلف گروہ اس سے الگ ہو گئے۔ مقرب خاں نے بالجبر انہیں اطاعت پر مجبور کرنا چاہا تو اختلاف نے شدید عداوت کی صورت اختیار کر لی۔ مولانا نے انتہائی کوشش کی کہ مقرب خاں اور اس کے قبیلے کے درمیان صلح ہو جائے۔ خدوخیل کے دہانے پر موضع توتالی واقع تھا، جہاں کے لوگ مقرب خاں کے ہم قبیلہ تھے، انہیں کی ہمت و مردانگی پر خدوخیل کی حفاظت موقوف تھی، مقرب خاں نے انہیں سب سے بڑھ کر دشمن بنا لیا تھا۔

مولانا نے ۲۰ رشوال ۱۲۷۱ھ (۶ رجولائی ۱۸۵۵ء) کو بمقام کن گلئی خود مقرب خاں سے ملاقات کی۔ افسوس کہ یہ مخلصانہ مساعیٔ مصالحت بار آور نہ ہو سکیں۔ تعجب خیز امر یہ ہے کہ توتالی کے باشندے اس شرط پر صلح کے لئے تیار ہوتے تھے کہ مقرب خاں مولانا اور مجاہدین سے کوئی سروکار نہ رکھے۔ بہ ایں ہمہ مولانا نے مصالحت میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا۔

ایک مصیبت یہ پیش آئی کہ خود منگل تھانہ میں سادات کے دو گھرانوں کے مابین کشمکش جاری تھی۔ ایک گھرانے کا رئیس سید عباس تھا اور دوسرے کا سید یوسف عرف میاں گل۔ ان کے درمیان بھی وقتاً فوقتاً لڑائیاں ہوتی رہتی تھیں۔ مولانا نے ان کا

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... کی سرگرمیوں سے کاملاً اتفاق نہ ہو، جیسا کہ خود مولانا ولایت علی کو بھی اتفاق نہ تھا۔ بایں ہمہ سادات نے نہ مجاہدین کی اعانت و رفاقت میں کبھی تامل کیا اور نہ انہیں مرکز ستھانہ سے اٹھایا، بلکہ مجاہدین ہی کی وجہ سے انگریزوں نے ۱۸۵۸ء میں ستھانہ کو برباد کر ڈالا تو سادات مہابن پہاڑ میں بمقام ملکا جا بیٹھے اور مجاہدین کو بھی ساتھ لے گئے۔ جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔ ان پر بے وفائی کا الزام سخت رنج افزا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اختلاف مٹانے کی بھی پوری کوشش کی۔ یہی زمانہ ہے، جس میں خود مولانا کے اقرباء ان سے ناراض ہو گئے اور منگل تھانہ سے ہندوستان چلے آئے۔ مولانا فرحت حسین (مولانا ولایت علی کے چھوٹے بھائی) نے مولانا کے اہل وعیال کو بھی ہندوستان بلا لیا، صرف مولانا فیاض علی (ابن مولوی الٰہی بخش) وہاں رہے اور وہیں وفات پائی۔

نیا مرکز اور نیا دائرۂ عمل

جب تک مجاہدین کا مرکز ستھانہ کی سرزمین میں تھا، ان کی یورشیں ضلع ہزارہ پر ہوتی تھیں۔ منگل تھانہ پہنچنے کے بعد مولانا عنایت علی نے مجاہدین کو جس علاقے پر یورشوں کے لئے تیار کیا، وہ سمہ کا علاقہ تھا، یعنی ضلع پشاور اور ضلع مردان کا میدانی علاقہ۔ اوکنلے نے لکھا ہے کہ مولانا عنایت علی نے:

> اپنے ہمراہیوں کے دل میں انگریز کافروں کے خلاف نفرت کی آگ بھڑکانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ مجاہدین روزانہ قواعد کرتے بلکہ بعض اوقات دن میں دو مرتبہ۔ قواعد میں فضائل جہاد کے متعلق نظمیں پڑھی جاتیں۔ جمعہ کی نماز کے بعد بہشت کی شادمانیوں کے بارے میں وعظ کہے جاتے اور انہیں تلقین کی جاتی کہ صبر واستقامت سے اس وقت کا انتظار کرو جب برطانوی ہند کی تسخیر کی موعودہ ساعت آ پہنچے گی۔ (۱)

حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں میں بتایا گیا ہے کہ ۱۶ ربیع الآخر ۱۲۷۲ھ (۲۶ دسمبر ۱۸۵۵ء) کو مبارک خیلوں نے مولانا کی اطاعت کا اعتراف کیا۔ چھ روز بعد وزیرالدین قاصد رقم لے کر پٹنہ سے سرحد پہنچا۔ اواخر رمضان ۱۲۷۲ھ (اوائل جون ۱۸۵۶ء) میں مقرب خاں نے اطاعت نامہ مولانا کے پاس بھیجا۔ ۱۳ شوال ۱۲۷۲ھ (۱۷ جون

(۱) کلکتہ ریویو، بابت ۱۸۷۰ء، ص: ۳۹۶۔ اوکنلے نے نظموں کے سلسلے میں اس جہاد یہ کا بھی حوالہ دیا ہے جو "سید احمد شہید" میں نقل ہو چکا ہے۔ ملاحظہ ہو جلد دوم، ص: ۲۵۸-۲۶۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۸۵۶ء) کو مولانا مبارک خیلوں کی طلب پر نگرئی گئے۔ پھر چروڑئی پہنچے، جہاں چالیس روز تک سخت بارش ہوتی رہی۔ آخر قاسم خیل (علاقہ خدّ وخیل) میں آئے۔ باشندگانِ تو تالی نے اب کے بھی مصالحت کا پیغام مسترد کر دیا، اس وجہ سے ان پر شبخون مارا گیا۔

انگریزوں کی دعوتِ مصالحت

غالباً ۱۸۵۳ء میں انگریزوں نے ایک مکتوب مجاہدین کے نام بھیجا تھا۔ جس کا مضمون یہ تھا کہ جو شخص امن سے رہنا چاہے، پشاور، ہزارہ، یوسف زئی یا راولپنڈی کے انگریز افسروں کے پاس پہنچ جائے۔ اسے ہندوستان جانے کا پروانہ مل جائے گا، نیز زادِ راہ کے لئے روپے دیے جائیں گے۔ خط پہنچنے سے ایک مہینہ بعد تک بھی جو شخص اس کے مطابق عمل نہ کرے گا اور وہ برطانوی رعایا ہوگا تو اُسے مفسد سمجھا جائے گا اور کم سے کم تین سال کے لئے بیڑیاں پہنائی جائیں گی۔ لیکن اہل حق میں کون اس پر عمل کر سکتا تھا؟ کون ناواقف تھا کہ حکومتِ انگلشیہ کے خلاف جنگ کی سزا کیا ہوگی؟ انھوں نے انتہائی غور وفکر کے بعد یہ راستہ اختیار کیا تھا جسے ایمان کا راستہ سمجھتے تھے، اور اس سلسلہ میں ہر قسم کی تکلیفیں اٹھانے پر ہمہ تن آمادہ تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دسواں باب:

۱۸۵۷ء کا ہنگامۂ آزادی

انگریزی فوجوں میں دعوتِ جہاد

مولانا عنایت علی نے انگریزی فوجوں میں بھی دعوتِ جہاد کا انتظام کر دیا تھا، جس کی تفصیلات تو معلوم نہ ہو سکیں، لیکن اس انتظام کی جھلکیاں مختلف سرکاری رپورٹوں میں نظر آتی ہیں۔ مثلاً ریون شا(۱) کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ۱۸۵۲ء میں کارفرمایانِ پنجاب کو باغیانہ خط و کتابت کا سراغ ملا اور معلوم ہوا کہ دیسی پیادہ فوج کی چوتھی رجمنٹ مقیم راولپنڈی کو راہِ وفا سے منحرف کرنے کی کوشش کی گئی۔ تحقیقات پر پتہ چلا کہ تحریکِ بغاوت کا مرکز عظیم آباد کا محلہ صادق پور تھا جو مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی اور ان کے اقرباء کا وطن تھا۔ لارڈ ڈلہوزی نے یہ رپورٹ دیکھ کر تاکید کی کہ اہل صادق پور کی سرگرمیوں کو بہ طورِ خاص زیرِ نگرانی رکھا جائے۔ کچھ مدت بعد مذکورۂ بالا رجمنٹ کے منشی محمد ولی پر مقدمہ چلا۔ ۱۲ر مئی ۱۸۵۳ء کو جرم ثابت ہو گیا، لیکن یہ معلوم نہ ہو سکا کہ منشی صاحب موصوف کو کیا سزا دی گئی۔

پنجاب کے پرانے ریکارڈز میں بھی مجاہدین کی خط و کتابت کے حوالے ملتے ہیں، اگرچہ ان کی مفصل کیفیت معلوم نہ ہو سکی۔

---

(۱) Raven shaw ہنٹر نے لکھا ہے کہ اگر اسی وقت مجاہدین کے خلاف اقدام ہوتا تو نمبر ۴ پیادہ فوج سب سے پہلے میدانِ جنگ میں بھیجی جاتی۔ جو خط و کتابت ہاتھ آئی اس سے ثابت ہو گیا کہ ارسالِ مجاہدین کے لئے ایک باقاعدہ نظام استوار ہو چکا تھا۔ (ہمارے ہندی مسلمان ص:۴)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۸۵۷ء کا ہنگامہ

۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو میرٹھ سے اس ہنگامے کا آغاز ہوا، جسے انگریزوں نے ''غدر'' قرار دیا اور اہل ملک آزادی کی جنگ قرار دیتے ہیں۔ اس ہنگامے نے جا بجا انگریزوں کیلئے سخت نازک حالات پیدا کر دیے تھے۔ مجاہدین کیلئے اقدامات کا یہ بڑا ہی اچھا موقع تھا، لیکن اتفاق کی بات ہے کہ حالات نظر بہ ظاہر جتنے سازگار تھے، بعض ناگہانی حوادث و وقائع کے باعث اتنے ہی ناسازگار ہو گئے۔ مثلاً مجاہدین کو اس موقع پر سید اکبر شاہ بادشاہِ صوات سے گراں قدر امداد مل سکتی تھی اور سید موصوف کی قیادت میں پورا سرحدی علاقہ حصولِ آزادی کیلئے قدم آگے بڑھا سکتا تھا، لیکن اس سے کچھ مدت پہلے صوات میں والیٔ دیر کی سازشوں کے باعث سید اکبر شاہ کے خلاف بغاوت کی آگ بھڑک اٹھی تھی، جس میں ان کے بھائی سید شاہ مدار نے شہادت پائی۔ (۱) پھر ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو یعنی ہندوستان میں جنگ آزادی شروع ہونے کے دن، سید اکبر شاہ نے انتقال کیا اور معاملات کی باگ ڈور ملا عبدالغفور اخوند صوات کے ہاتھ میں آ گئی، جنہیں بوجوہِ غیر معلوم آزادی کی مساعی سے چنداں دلچسپی نہ تھی، اور جو سید اکبر شاہ کے فرزند سید مبارک شاہ کی جانشینی سے بھی اختلاف رکھتے تھے۔

غرض جب تک حالات سازگار نہ تھے، مجاہدانہ اقدام کیلئے اسباب مہیا نظر آتے تھے۔ جب حالات سازگار ہوئے تو اسباب کا شیرازہ بکھر گیا۔ لیکن مولانا عنایت علی نے جانبازی کی منزل میں قدم رکھا تھا تو اسے ایک اہم دینی و اسلامی فرض سمجھا تھا، جو بہر حال ادا ہونا چاہئے تھا۔ اسباب اور ماحول کی سازگاری و ناسازگاری اس فرض پر اثر انداز نہ ہو سکتی تھی۔ مولانا کا نقطۂ نگاہ زندگی کے آخری سانس تک یہی رہا اور میرے نزدیک صحیح

(۱) سید شاہ مدار اوائل ربیع الاول ۱۲۷۳ھ میں ایک لڑائی کے اندر سخت زخمی ہوئے اور گیارہ روز بعد وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسلامی نقطۂ نگاہ یہی ہے، کہ سامان کی فراہمی یقیناً ضروری ہے اور اس کے لئے برابر سعی جاری رکھنی چاہئے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پورا سامان مہیا ہونے تک انسان ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھا رہے۔ اس حقیقت میں بھی شبہ نہیں کہ بعض اوقات صرف جوشِ عمل اور مظاہرۂ ایثار ہی سامان کی فراہمی میں معاون بن جاتے ہیں۔

۵۵ پیادہ فوج

۵۵ پیادہ فوج (نیٹو رانفنٹری) مردان میں مقیم تھی اور اس کا ایک حصہ نوشہرہ چھاؤنی میں متعین تھا۔ ۲۱ رمئی ۱۸۵۷ء کو نوشہرہ والا حصہ سرکشی پر آمادہ ہو گیا۔ آدھی رات کو یہ اطلاع پشاور پہنچی جہاں مشہور انگریز افسر ہربرٹ ایڈورڈز اور جان نکلسن موجود تھے۔ انہیں اندیشہ لاحق ہوا کہ یہ خبر مردان پہنچتے ہی ۵۵ پوری کی پوری سرکشی اختیار کر لے گی اور ۱۰ رسالے سے بھی بہ اطمینان بیٹھے رہنے کی امید نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ انہوں نے صبح ہوتے ہی پشاور کی فوج سے ہتھیار لے لئے اور ۲۳ رمئی کو رات کے وقت کرنل چیوٹ (Chute) ایک فوج کے ساتھ مردان روانہ ہو گیا۔ جان نکلسن سیاسی مشیر کی حیثیت میں ساتھ گیا۔

۵۵ کو پشاور سے فوج کی آمد کا علم ہو چکا تھا۔ وہ لوگ مقابلے کیلئے تیار ہو گئے۔ سخت جنگ ہوئی جس میں ۵۵ کے ایک سو بیس افراد مارے گئے، ڈیڑھ سو کے قریب زخمی ہوئے، باقی آزاد علاقے میں پہنچ گئے، ان میں زخمی بھی شامل تھے۔

اخوند صوات کا سلوک

یہ لوگ اس غرض سے صوات پہنچے کہ وہاں سے کمک لے کر انگریزوں پر یورش کریں اور خود انگریز مورخوں نے اعتراف کیا ہے کہ اگر یہ مزید قوت فراہم کر کے واپس آ جاتے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تو پنجاب کیلئے سخت خطرہ ثابت ہوتے۔(۱) لیکن سید اکبر شاہ فوت ہو چکے تھے۔ ان کی جانشینی کا معاملہ ضغطے میں پڑا ہوا تھا اور صوات کے انتظامات کی باگ ڈور عملاً حضرت اخوند صاحب کے ہاتھ میں تھی۔ ہومز نے لکھا ہے:

> اگر اخوند صاحب ان کی ہم نوائی اختیار کر لیتے، انہیں ساتھ لے کر وادیٔ پشاور پر تر کتاز کر دیتے اور کافروں کے خلاف جہاد کا اعلان فرما دیتے تو پوری آبادی میں مذہبی جوش وحمیت کے شعلے اس پیمانے پر بھڑک اٹھتے کہ شاید برطانوی سلطنت کا ڈھانچا ان میں جل کر خاک ہو جاتا۔ خوش قسمتی سے اخوند صاحب نے ایسا نہ کیا اور انہیں اپنے علاقے سے باہر نکال دیا۔ البتہ ایسے رہبروں کا انتظام کر دیا جو انہیں دریائے سندھ کے پار پہنچا دیں۔(۲)

ان لوگوں نے اس خیال سے کشمیر کا رخ کیا کہ اپنے ہندوستانی بھائیوں سے ربط و ضبط پیدا کرنے کا موزوں ترین مقام وہی تھا۔ ضلع ہزارہ کے ڈپٹی کمشنر میجر بیچر (Becher) نے گردونواح کے تمام زمینداروں اور ملکوں کو تاکید کر دی تھی کہ ان لوگوں کو سلامت نہ گذرنے دیں۔ ان کے پاس نہ کھانے کو کچھ تھا اور نہ پہننے کو۔ پہاڑی علاقے میں سردی بہت زیادہ تھی، اسی طرح تکلیفیں اٹھاتے اور مصیبتیں جھیلتے وہ کاغان پہنچ گئے۔

ساداتِ کاغان کی بدعہدی

معلوم ہوتا ہے کہ ہر قدم پر وہ لوگ نقصان پہنچاتے رہے جنہیں میجر بیچر نے مختلف

(۱) بغاوت ہند (انگریزی) مصنفہ ہومز ص: ۳۱۸۔ باسورتھ سمتھ نے جان لارنس کے سوانح حیات میں لکھا ہے کہ اگر ۵۵ء کی سرکشی کے انسداد میں ذرا بھی تاخیر ہو جاتی تو نتیجہ خدا جانے کیا ہوتا۔ مشہور ڈاکو اجون خاں ہماری سرحد پر پہنچ گیا تھا، اخوند صاحب صوات اس کے حامی تھے اور وہ ۵۵ء کے سپاہیوں سے ساز باز کے بعد قلعے میں پہنچنے والا تھا۔ (جلد اول ص: ۵۲۷)

(۲) بغاوت ہند (انگریزی) مصنفہ ہومز ص: ۳۱۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قسم کے لالچ دے تیار کر رکھا تھا۔ جو باقی بچے انہوں نے کاغان پہنچ کر ہتھیار ڈال دیئے، لیکن سادات نے انہیں انگریزوں کے حوالے کر دیا اور وہاں وہ اس نالے پر بیدردی سے شہید کر دیئے گئے جس کا نام اس وقت سے ''شہید کٹھہ'' مشہور ہوا۔ ہزارہ کی زبان میں ایک گیت مشہور ہے جس کے دو بند عبدالجبار شاہ صاحب ستھانوی نے کتاب العبرت میں درج کئے ہیں، اس گیت میں جو درجِ ذیل ہے: ۵۵ کے افراد کو کالے کہا گیا ہے، یعنی کالی فوج کے سپاہی:

کالے آلتھے کاگان		سیداں چا کیتے قرآن
کالے کوڑے راہ تو پھلے		سچے دین تے مجلے
کالے آلتھے بیچ کسیاں		اُہناں سیداں جاگاں دسیاں
کالے کوڑے راہ تو پھلے		سچے دین تو مجلے

یعنی کالی فوج کے سپاہی کاغان میں اترے، سیدوں نے قرآن پر حلف اٹھا کر ان سے حفاظت کے وعدے کئے۔ وہ مجاہد بے دینی کا جھوٹا راستہ ترک کر کے سچے دین کا راستہ اختیار کر چکے تھے۔ کالی فوج کے سپاہی وادیوں میں اتر پڑے تھے، جہاں سے کسی کو ان کا سراغ نہ مل سکتا تھا۔ کاغانی سیدوں نے انگریزی فوج کو ان کے چھپنے کی جگہیں بتا دیں۔ کالے بے دینی کا راستہ ترک کر کے دین کا سچا راستہ اختیار کر چکے تھے۔ (۱)

(۱) سید عبدالجبار شاہ کی کتاب العبرت قلمی نسخہ، ص: ۱۳۴-۱۳۵۔ سید صاحب فرماتے ہیں کہ بعض روایات کے مطابق جنرل بخت خاں بھی انہیں لوگوں میں شامل تھا، جنہیں صوات سے نکالا گیا تھا۔ انہیں درۂ کاغان بند کے راستے دریائے سندھ پر پہنچا دیا گیا۔ عبور دریا کے بعد یہ کاغان پہنچے تو سادات نے انگریزوں کو اطلاع دے کر انہیں قتل کرا دیا۔ دو تین سو گرفتار ہوئے، انہیں ہری پور میں گولیوں سے اڑا دیا گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مزید ہندوستانی مجاہد

سرحد آزاد میں ہندوستانی مجاہدوں کا ورود محض ۵۵ پیادہ فوج کے بقیہ السیف افراد تک محدود نہ تھا بلکہ اس سے پیشتر سید اکبر شاہ نے بھی ہندوستانیوں کی ایک فوج بھرتی کر رکھی تھی، جسے سید عبدالجبار شاہ کے قول کے مطابق، کالی پلٹن کہا جاتا تھا۔ سید موصوف لکھتے ہیں کہ اخوند صاحب صوات نے بہ اصرار اس فوج کو منتشر کرایا تھا اور اعلان کر دیا تھا کہ اگر یہ لوگ صوات سے رخصت نہ کیے گئے تو میں خود ہجرت کر جاؤں گا۔ چنانچہ یہ بھی الگ کر دیئے گئے۔ ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگ انگریزوں کی کامیابی کے بعد بھاگ کر آزاد علاقے میں پناہ گزیں ہوئے تھے، جنہیں مولانا عنایت علی نے اپنے پاس بلا لیا تھا۔ افسوس کہ سب مولانا کے پاس نہ پہنچ سکے۔

حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں سے واضح ہوتا ہے کہ جب مولانا عنایت علی کو مردان میں فوج کی سرکشی کا علم ہوا اور بتایا گیا کہ وہ لوگ بھاگ کر صوات چلے گئے ہیں تو مولانا نے اول گلاب خاں کو شب قدر کی طرف بھیجا کہ جتنے افراد مل سکیں انہیں ہمارے پاس لے آؤ۔ پھر میاں حسن علی کو ان کے پیچھے صوات جانے حکم دیا بلکہ اگر ورا ورلئی بھی اپنے آدمی بھیج دیے کہ وہاں جتنے آدمی مل سکیں انہیں ساتھ لے آئیں۔ انگریزوں کے بیانات میں بھی بتایا گیا ہے کہ نارنجی کی جنگ یا دوسری چپقلشوں میں جو مجاہدین شہید ہوئے، ان میں ۵۵ پیادہ فوج کے آدمی تھے۔ تفصیل جنگِ مذکورہ یا دوسرے واقعات کے سلسلے میں پیش کی جائے گی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گیارہواں باب:

نارنجی کی جنگ

سمہ پر شبخون

سرحدی خوانین کی حالت حد درجہ عجیب وغریب اور خاصی حوصلہ فرسا تھی۔ وہ جب دیکھتے کوئی خاص خطرہ درپیش نہیں تو مولانا کے ساتھ ہو جاتے اور جب ان پر انگریزوں کا دباؤ پڑتا تو مخالفت پر اتر آتے۔ مولانا نے اس اثناء میں میدانی علاقے کے قریبی مقامات پر چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا اور نارنجی کو مرکز بنالیا، جو پہاڑ کی چوٹی پر بڑا مستحکم مقام تھا۔(۱)

ہمیں تمام چھاپوں کا علم نہیں، ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ ۲۰ر جولائی ۱۸۵۷ء کو شبخون مارا گیا جس میں دشمن کو بہت نقصان پہنچا۔ اس میں چھ مجاہدین شہید ہوئے: یعنی مجیب الرحمٰن، حافظ پیر محمد، منشی محسن اللہ قاضی خان محمد، نور خاں اور حاجی عبدالرحمٰن۔ ایک شبخون شیخ جانا اور شیوہ پر مارا گیا، جس میں چالیس پوربیے ہندو اور مسلمان شامل تھے۔ شفیع محمد ان کا سالار تھا، یہ بہت سے گھوڑے، گائیں اور اسلحہ لوٹ کر لے گئے۔

اوکنلے نے لکھا ہے کہ نواکلئی کے باشندے بڑے متعصب اور جوشیلے تھے۔ مولانا نے دوسو مجاہدین اور ایک سو بیس سوار مرزا محمد رسالدار آفریدی کی قیادت میں وہاں بھیج دیئے۔ جب انگریزی فوج نے نواکلئی اور شیخ جانا پر پیش قدمی کی تو سالار پکڑا گیا اور اُسے

(۱) نارنجی رستم سے براہ مچنی ڈپر مولیٰ تقریباً سولہ میل ہے۔ تنگ گلیوں کے راستے میر ساہ اور لالو بانڈا جاتے ہیں، وہاں سے وادی چملہ میں اتر کر کوگا پہنچتے ہیں۔ کوگا سے نارنجی تقریباً بارہ میل ہوگا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پھانسی دے دی گئی۔(۱)

انگریزوں کے اقدامات

انگریزوں نے غور وفکر کے بعد فیصلہ کیا کہ اس حصے میں مؤثر فوجی اقدامات کرنے چاہئیں۔ چنانچہ میجر جے ایل واگھن (Vaughan) کو فوج دے کر بھیجا گیا۔ وہ مردان سے شیخ جانا پہنچا اور گاؤں کو جلا کر واپس چلا آیا۔ اس کے بعد خود مجاہدین کے مرکز یعنی نارنجی پر یورش کا فیصلہ کیا گیا۔ اس غرض سے موضع سلیم خاں میں فوج جمع ہوئی، رات کے وقت واگھن اس فوج کے ساتھ سلیم خاں سے روانہ ہوکر ۲۱ر جولائی کی صبح کو نارنجی کے سامنے نمودار ہوا۔ نارنجی دو گاؤں تھے: ایک نیچے اور دوسرا اس سے ذرا بلندی پر۔ واگھن نے نچلے گاؤں کے گرد گھیرا ڈال لیا اور اسے تباہ کر ڈالا، لیکن فوج ساری رات کوچ میں رہی تھی اور اندیشہ تھا کہ مجاہدین بڑی قوت سے اس پر حملہ نہ کر دیں، لہٰذا واگھن واپس آ گیا۔ اس کے بیان کے مطابق تقریباً پچاس مجاہدین شہید ہوئے، جن میں زیادہ تر ہندوستانی تھے۔(۲)

وائلی کا بیان ہے کہ مولانا عنایت علی نے علمِ جہاد بلند کیا تو نارنجی میں ساڑھے چھ سو مجاہدین جمع تھے:

> یہ نہایت مستحکم مقام تھا۔ سکھوں کے عہد حکومت میں اس پر ایک سے زیادہ مرتبہ ناکام حملے ہو چکے تھے، لیکن ہماری پہاڑی توپوں کی آتش باری کے بل پر گاؤں بڑی تیزی سے مسخر کر کے تباہ کر ڈالا گیا۔..... اس مہم کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ مولوی صاحب کو گرفتار کر لیا جائے۔ یہ مقصد حاصل نہ ہوا، برطانوی علاقے سے مویشی برابر لوٹے جا رہے تھے اور دشمن کے پاس

(۱) کلکتہ ریویو، بابت جولائی ۱۸۷۰ء، ص: ۳۹۸-۳۹۹

(۲) نیویل کی کتاب، ص: ۳۹-۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بونیر، چملہ اور صوات سے روزانہ کمک پہنچ رہی تھی۔(۱)

دوسرا حملہ

تقریباً دو ہفتے کے بعد انگریزوں نے نارنجی پر دوسرے حملے کی تیاری کر لی۔ اس مرتبہ مختلف فوجوں سے سو سپاہی فراہم کئے گئے، ان کے ساتھ توپیں اور ہاتھی بھی تھے۔ اب کے شیوہ کو مرکز اجتماع بنایا گیا۔ یکم اگست ۱۸۵۷ء کو صبح کے وقت میجر واگھن اس فوج کے ساتھ نارنجی پہنچا۔ گاؤں کی شمالی سمت جو نالہ بہتا ہے، اس کے کنارے پر توپیں لگا کر گولہ باری شروع کر دی گئی۔ پھر تین سو آدمیوں کی ایک جمعیت کو ہدایت کر دی گئی کہ مغربی سمت سے ہو کر گاؤں کے جنوب میں پہنچ جائے۔

دوسری فوج کو مشرقی سمت سے پیش قدمی کا حکم ملا، خود میجر واگھن نچلے گاؤں کی جگہ مورچے لگائے بیٹھا تھا۔ بڑا سخت مقابلہ ہوا، لیکن بالائی نارنجی پر قبضہ کر لیا گیا۔ مولانا عنایت علی اس سے پیشتر نارنجی سے نکل کر ایک محفوظ مقام پر پہنچ گئے تھے۔

ایک بھی مکان سلامت نہ چھوڑا گیا، بہت سے مکانوں کی دیواریں بھی ہاتھیوں سے مسمار کرا دی گئیں۔(۲)

تین آدمی گرفتار ہوئے: ان میں سے ایک بریلی کا مولوی تھا، دوسرا چملہ کا نشان بردار اور تیسرا چووٹڈا کا باشندہ تھا۔ نام کسی کا بھی معلوم نہ ہو سکا۔ بعد ازاں تینوں کو موت کی سزا دے دی گئی۔(۳)

وائلی نے بھی جنگ کی کیفیت اسی طرح بیان کی ہے۔ اضافہ یہ کیا ہے کہ مجاہدین میں سے بہت سے آدمی مارے گئے۔ مقتول میں ۵۵ پیادہ فوج کے آدمی بھی تھے، جس

(۱) وائلی کی کتاب، ص: ۷۳-۷۴

(۲) ''شمالی و مغربی سرحدی قبائل کے خلاف مہموں کی دستاویزیں''، مرتبہ ہیٹ اور میسن (انگریزی) ص: ۸۹

(۳) نیویل کی کتاب، ص: ۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے مردان میں سرکشی اختیار کی تھی۔(۱)

حافظ عبد المجید کی یادداشتوں سے واضح ہوتا ہے: عرفہ کے دن (۳۰ر جولائی ۱۸۵۷ء) معلوم ہو چکا تھا کہ انگریزی فوج حملے کیلئے تیار ہو رہی ہے۔ ۳۱ر جولائی کو نمازِ عید کے بعد مولانا نے جہاد کیلئے دعوتِ عام کا انتظام کیا اور قریہ بہ قریہ اطلاعات بھیج دیں۔ پھر مشیروں کے اصرار پر مولانا چھپا گئی چلے گئے، جو نارنجی سے اوپر ہے۔

بیلیو کا بیان

ڈاکٹر بیلیو رقم طراز ہے کہ جب ہندوستان میں ''غدر'' شروع ہوا تو مولانا عنایت علی گشتی اعلانات کے ذریعے سے یوسف زئی کے تمام قبیلوں کو دعوتِ جہاد دینے میں سرگرم ہو گئے، لیکن یہ دعوت چنداں کامیاب نہ ہو سکی۔ مئی میں سید اکبر شاہ بادشاہِ صوات نے وفات پائی اور اس کا بیٹا مبارک شاہ جانشین ہوا، لیکن اسے چند ہی ہفتے بعد معزول کر کے ملک سے نکال دیا گیا۔ مبارک شاہ ستھانہ پہنچا، پھر خدوخیل میں مولانا عنایت علی سے جاملا، وہاں انہوں نے قلعۂ مردان پر قبضہ کر لینے کا منصوبہ تیار کیا، لیکن ہمارے فوجی اور انتظامی افسروں کی ہوشیاری و مستعدی کے باعث اس منصوبے پر عمل نہ ہو سکا۔ مولانا عنایت علی نے نارنجی پہنچ کر قاصدوں کے ذریعے سے خفیہ خفیہ یوسف زئیوں کو بغاوت پر آمادہ کرنا چاہا۔ اس معاملے میں اہلِ نارنجی کی روش کے سبب انگریزی فوج نے انہیں سخت سزا دی۔ مولانا عنایت علی اور ان کے ساتھیوں کو پہاڑی علاقے میں چلے جانے کے سوا چارہ نہ رہا۔(۲)

---

(۱) وائلی کی کتاب، ص: ۷۵

(۲) یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ (انگریزی) ص: ۹۶-۹۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا عنایت علی کی سرگزشت

اوپر بتایا جا چکا ہے کہ مولانا عنایت علی نارنجی پر یورش سے پہلے جھپا گئی چلے گئے تھے، کچھ معلوم نہیں کہ وہاں سے کہاں کہاں گئے۔ بعض روایتوں سے خیال ہوتا ہے کہ وہ پہلے وادی چملہ میں کن گلئی پہنچ گئے تھے۔ وہاں سے غالباً اس لئے خدوخیل کے شمالی مقام چنگلئی گئے کہ نئے سرے سے انگریزی علاقے پر یورشوں کا انتظام کریں۔ وہاں باغ میں مولانا کا ڈیرا تھا۔ غالباً اسی زمانے میں موضع خلیل پر شبخون مارا گیا۔ جب خدوخیل پر انگریزوں کے قصدِ یورش کا حال معلوم ہوا تو مولانا چنگلئی سے دوکھاڑہ چلے گئے، جو پنجتار اور منگل تھانہ کے درمیان واقع ہے۔ شاید ان کا ارادہ یہ تھا کہ منگل تھانہ کے قلعے میں جا بیٹھیں۔ جب معلوم ہوا کہ یہ مقام بھی انگریزوں کی یورش سے محفوظ نہیں سمجھا جا سکتا تو چنئی کا رخ کر لیا جو ستھانہ سے اوپر پہاڑی علاقے میں آستانہ داروں کے پرگنے کا ایک مشہور مقام ہے۔

سرحدی رؤساء کی منافقت وعداوت

میرا خیال ہے کہ واقعۂ نارنجی کے بعد بعض سرحدی خوانین ورؤساء کی نیتوں میں فتور آ گیا تھا۔ ان میں سے اکثر کا شیوہ ہی یہ تھا کہ جس فریق کو کامیاب دیکھتے اس کے طرف دار ہو جاتے۔ خود اپنا کوئی مستقل ارادہ اور نصب العین نہ تھا۔ جب دنیا پرستی انسانی گروہوں کی فکر ونظر کا مرکز بن جاتی ہے اور اخلاقی یا دینی مقاصد کے چراغ سینوں میں گل ہو جاتے ہیں تو یہی حالت پیش آ جاتی ہے۔ سرحدی رئیس خدا جانے کب سے اس حالت میں مبتلا چلے آتے تھے۔ بعض روایتوں میں مذکور ہے کہ انہوں نے اِکاڈُکا مجاہدین بھی شہید کر ڈالے۔ غالباً اس خیال سے کہ انگریزوں کو خوش کر کے انعام حاصل کریں۔ چنانچہ حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں میں بتایا گیا ہے کہ ربیع الآخر ۱۲۷۴ھ (اواخر نومبر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۸۵۷ء) میں سید یوسف میاں گل نے تین مجاہدوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا جو منڈی سے منگل تھانہ آ رہے تھے، اور ان کی لاشیں ۱۳ ربیع الآخر (یکم دسمبر ۱۸۵۷ء) کو چنگلی پہنچیں۔ بعد ازاں اسی قسم کا ایک واقعہ سید عباس رئیس منگل تھانہ کے متعلق بھی بیان کیا گیا ہے۔

مالی مشکلات کا ہجوم

مولانا اور مجاہدین کیلئے زیادہ تر رقمیں ہندوستان سے بھیجی جاتی تھیں۔ ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ شروع ہوتے ہی انگریزوں نے دریائے سندھ کے تمام گھاٹوں اور کوہستانی علاقے کے راستوں کی نگرانی کا نہایت سخت انتظام کر لیا تھا، جس کے بعد کسی قاصد کے لئے کوئی رقم سرحد پہنچانا ممکن نہ رہا تھا۔ چنانچہ مختلف روایتوں میں بتایا گیا ہے کہ ایک قاصد، عطرے کا بھائی امیر ارقم لے کر پہنچ گیا، لیکن ایک اور قاصد جمالا زیدہ میں گرفتار ہو گیا اور اس کے پاس چھ سو روپے کی رقم تھی۔ بعد ازاں میاں عبدالحئی، عطاء اللہ اور حسن علی گرفتار کر لئے گئے اور انہیں پابہ زنجیر سیالکوٹ بھیج دیا گیا، جن میں سے صرف حسن علی کی رہائی کا ذکر روایت میں آیا ہے۔ کچھ معلوم نہیں، دوسرے قیدیوں سے کیا سلوک ہوا۔ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ یہ گرفتاریاں مولانا عنایت علی کی زندگی میں پیش آئیں یا ان کی وفات کے بعد، تاہم ان سے واضح ہے کہ مئی ۱۸۵۷ء سے کسی رقم کا مولانا کے پاس پہنچنا بے حد مشکل ہو گیا تھا۔ اغلب ہے کہ ہنگامے کے دوران میں رقمیں بھیجنے کی کوئی صورت ہی نہ رہی ہو، اس لئے کہ صادق پور (پٹنہ) کے مرکز پر پہرے بٹھا دیے گئے تھے، نیز مولانا احمد اللہ، شاہ محمد حسین اور مولوی واعظ الحق کو نظر بند کر دیا گیا تھا۔ یہی حضرات رقمیں جمع کرنے اور بھیجنے کے مختار و ذمہ دار تھے۔

''تذکرۂ صادقہ'' میں مرقوم ہے کہ غدر کی وجہ سے راستے پُرخطر تھے۔ شہر سے باہر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نکلنا دشوار تھا، املاک تہلکے میں تھے، جانوں کو امن نہ تھا، پھر کیوں کر ممکن تھا کہ سرحد کے فاقہ کشوں کے لئے کوئی سامان کیا جا سکتا۔(۱)

غرض جنگ نارنجی کے بعد مولانا عنایت علی کی مالی حالت بے حد خراب ہوگئی۔ کچھ مدت تک وہ ساہوکاروں سے قرض لے کر گزارہ کرتے رہے، اس اثناء میں لشکریوں کو تنخواہ بھی نہ دی جا سکی۔ اب ایک طرف بعض افراد نے مجبور ہو کر تنخواہ کا مطالبہ کیا، دوسری طرف ساہوکاروں نے اپنی رقموں کے لئے تقاضا شروع کر دیا۔

ادائے واجبات

مولانا کے لئے یہ بڑا ہی نازک وقت تھا۔ انہوں نے اپنی تمام قابل فروخت چیزیں بے تکلف بیچ ڈالیں اور سب سے پہلے ساہوکاروں کا قرضہ اتارا، جو رقم باقی رہ گئی اُسے ادا کرنے کیلئے سید نجیب بنگالی نے ضمانت دے دی۔ مجاہدین میں سے کچھ لوگ خورد و نوش کی ضرورتوں سے مجبور ہو کر ادھر ادھر بکھر گئے۔ قادر بخش جمعدار، اللہ بخش اور بعض دوسرے مجاہدین کو شہزادہ مبارک شاہ اپنے ستھانہ لے گیا۔ شمشیر خاں نے لاہور کی طرف جانے کی اجازت لے لی۔ منشی عبدالحق آروی بھی مولانا کے حکم کے مطابق صوات چلے گئے، صرف ناصر محمد، شریعت اللہ، عبدالغفور کلاں اور عبدالغفور خرد مولانا کے پاس رہ گئے۔

مولانا کے پاس ایک قیمتی مشکی گھوڑا تھا۔ انہوں نے مقرب خاں رئیس کو پیغام بھیجا کہ گھوڑا خرید لے تاکہ اس کی قیمت سے واجبات ادا کئے جا سکیں۔ اس نے کچھ توجہ نہ کی، ملا صاحب کوٹھا کو یہ کیفیت معلوم ہوئی تو انہیں بڑا افسوس ہوا اور گھوڑا خرید لینا چاہا۔ معلوم نہ ہو سکا کہ ملا صاحب کی اس خواہش کا نتیجہ کیا نکلا۔

---

(۱) تذکرۂ صادقہ، ص: ۱۳۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مصیبت در مصیبت

اس اثناء میں مولانا کی بیماری بہت بڑھ گئی۔ عجیب بات یہ ہے کہ ان کا اکلوتا صاحبزادہ حافظ عبدالمجید بھی بیمار ہوگیا اور اس کی بیٹی شہر بانو کی صحت بھی بگڑ گئی۔ اس زمانے میں برہان الدین، منشی شمس الدین کے بھیجے ہوئے کچھ روپے لایا۔ اُدھر حسن زئیوں نے چروڑئی میں جرگہ منعقد کیا، جس کا مقصد غالباً یہ تھا کہ مولانا کے لئے کمک کا انتظام کریں، لیکن مولانا بیماری کی شدت کے باعث جرگے میں شریک نہ ہو سکے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ۱۲ر رجب ۱۲۷۴ھ (۲۶ر فروری ۱۸۵۸ء) سے مولانا نے فاقہ شروع کر دیا تھا، یہ سلسلہ دس دن جاری رہا۔

''تذکرۂ صادقہ'' میں مرقوم ہے کہ مسلسل فاقہ کشی نے حالت تباہ کر دی۔ درختوں کی کونپلوں اور پتیوں پر اصحابِ صفہ کی سنت ادا ہونے لگی۔ چند ماہ مسلسل غلے پر نظر تک نہ پڑی، احابتیں خون آلود ہونے لگیں۔ (۱)

(۱) تذکرہ صادقہ، ص: ۱۳۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بارھواں باب:

مولانا کی وفات اور مرکزوں کی تباہی

اللہ سے عہد کا ایفاء

حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں میں بتایا گیا ہے کہ مولانا پر بخار کا ایسا شدید حملہ ہوا جس میں بے ہوشی طاری رہنے لگی۔ اس وقت تک وہ غالباً پرگنہ منصور جدون کے مقام نورو بانڈہ میں تھے۔ وہاں سے ان کی چارپائی اٹھا کر چنئی کی جانب روانہ ہوئے۔ اثنائے راہ میں شرف اللہ ملا، جو پشاور سے آیا تھا۔ کوہ چنئی کی چڑھائی پر بخار بہت تیز ہوگیا اور مولانا نے کاغذ اور قلم دوات طلب کی، شاید کچھ لکھنے کا ارادہ تھا۔ عین اسی حالت میں سکراتِ موت کا عالم طاری ہوگیا اور کمزوری اتنی بڑھ گئی کہ لکھنے کی سکت نہ رہی۔ حافظ عبدالمجید نے پوچھا کہ ہمیں کس پر چھوڑے جاتے ہیں اور آپ کے بعد امیر کون ہو؟ کچھ نہ فرمایا اور جان جاں آفریں کے سپرد کردی۔ تذکرۂ صادقہ میں بتایا گیا ہے کہ بہ عارضہ بخار وضیق النفس سجن المومن سے جنت نعیم کو رحلت کی۔ (۱) سورہ احزاب میں ہے:

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ.

ترجمہ: ایمان والوں میں سے کتنے مرد ہیں جنہوں نے سچ کر دکھایا جو عہد کیا تھا اللہ سے: اور ان میں سے کوئی تو پورا کر چکے اپنا ذمہ۔

مولانا عنایت علی نے یقیناً اپنا ذمہ بہترین طریق پر پورا کیا۔ صحیح تاریخ وفات کسی

(۱) تذکرۂ صادقہ، ص: ۱۳۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے نہیں بتائی۔ لیکن اتنا معلوم ہے کہ ۶ رشعبان ۱۲۷۴ھ (۲۲ مارچ ۱۸۵۸ء) تک وہ زندہ تھے، غالباً اس سے ایک دو روز بعد انتقال کیا۔ بہ ہر حال پنجتار، چنگلئی، منگل تھانہ اور ستھانہ پر انگریزی یورش سے یہ پیشتر کا واقعہ ہے۔

مولانا کی شخصیت

مولانا کے جوشِ حمیت اور گرمیٔ طبیعت کے متعلق بہت کچھ لکھا جا چکا ہے، لیکن انہوں نے اللہ کی راہ میں عزیمت و استقامت کا جو عظیم القدر نمونہ پیش کیا، وہ اپنی مثال آپ ہے۔ جس وقت سے سید صاحب کے ساتھ ان کا تعلق پیدا ہوا، اپنی پوری زندگی دینی کاموں کے لئے وقف کر دی۔ بنگال میں جس اعلیٰ پیمانے پر انہوں نے دین کی تبلیغ فرمائی، اس کی کیفیت تفصیلاً پہلے پیش کی جا چکی ہے۔ پھر وہ ساداتِ کاغان اور اہل ہزارہ کو لے کر جس مردانگی سے سکھوں کے خلاف جہاد آرا ہوئے وہ بھی اعادے کی محتاج نہیں۔ آخری دور میں مولانا نے یہ بھی ثابت کر دیا کہ خدا کی راہ میں جہاد پھولوں کی سیج نہیں، وہ اپنا سب کچھ خدا کیلئے قربان کر چکے تھے۔ لیکن دیکھئے آخری دور میں انہیں کس درجہ روح فرسا آلام و مصائب سے سابقہ پڑا۔

پیسہ پلے نہ تھا، جو سامان پاس تھا، بیچ ڈالا، اکلوتا فرزند صاحبِ فراش، اس کی بچی بیمار، اپنی حالت حد درجہ نازک، ہر سمت دشمنوں کا ہجوم، امتحانوں اور آزمائشوں کے اس سیل میں قدم استوار رکھنا صرف انہیں اربابِ ہمت کا کام ہے، جن کے سامنے فرض بہ طور فرض موجود ہو۔ دنیوی راحتوں اور آسائشوں سے انہیں کسی نوع کا سروکار نہ ہو، اور صرف رضائے باری تعالیٰ پر نظر ہو۔ یہ منزل بڑی کٹھن ہے، لیکن مولانا عنایت علی نے جس شانِ فداکاری سے اسے طے کیا اس کی مثالیں ہر جگہ نہیں مل سکتیں۔ ان کے سامنے صحابۂ کرامؓ کا اسوۂ حسنہ تھا، جنہوں نے دینِ حق کی اشاعت میں اپنی جانیں بے دریغ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قربان کردیں۔ یہی اسوہ قوموں کیلئے دنیا اور آخرت میں سرخروئی کا واحد ذریعہ ہے۔

مولانا کی ایک تصنیف

کچھ معلوم نہیں، مولانا نے تبلیغ واشاعتِ دین کے سلسلے میں کتنی کتابیں یا رسالے لکھے، ہمیں صرف ایک رسالے ''بت شکن'' کا علم ہے، جس میں تعزیہ داری کی حقیقت واضح کی گئی ہے۔ یہ اس مجموعۂ رسائل میں چھپا تھا جو رسائل تسعہ کے نام سے مولانا عبدالرحیم نے شائع کیا تھا۔ تقریباً دس گیارہ صفحے کا ہے اور اس کی زبان بہت سادہ ہے، معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی اسے بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت اور اہل بیت کے مصائب بڑے پُر تاثیر انداز میں بیان کئے گئے ہیں، لیکن فرماتے ہیں کہ ان کے اصل اسوہ کی پیروی کرنی چاہئے، نہ کہ غیر شرعی اور غیر مناسب رسوم کو مدارِ کار بنایا جائے۔ مولانائے موصوف نے فارسی میں ایک مثنوی بھی لکھی تھی، جس کے صرف پانچ نسخے انگریزوں نے چھپوائے۔ مولوی محمد یوسف صاحب رنجور جعفری (ابن مولانا یحییٰ علی) کلکتہ میں بورڈ آف ایگزامینرس کے صدر تھے، انہوں نے مثنوی کے پروف دیکھے۔ وہ حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کے عزیز دوست تھے۔ مولانا نے کئی مرتبہ فرمایا کہ کچھ پروف میری نظر سے بھی گذرے تھے۔ ایک شعر اب تک یاد ہے۔

کہ ایں جنگِ ما با فرنگی بود نہ با مود را زن بنگی بود

اس مثنوی کا ایک نسخہ غالباً انڈیا آفس کے کتب خانے میں بھی ہے۔

صورتِ حال

مولانا کے سامنے صورتِ حال کا جو نقشہ تھا اس کا کسی قدر اندازہ ان کے ایک اعلامیہ سے ہوسکتا ہے، جس کا مضمون یہ تھا:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱- جس ملک پر کفار مسلط ہو جائیں، وہاں کے مسلمانوں کا فرض ہے کہ متحد ہو کر کفار سے لڑیں۔

۲- جو لڑ نہ سکیں وہ ہجرت کر کے کسی آزاد اسلامی ملک میں پہنچ جائیں۔

۳- ہجرت موجودہ حالات میں فرض ہے اور جو لوگ ہجرت سے باز رکھنے کی کوششیں کریں، وہ منافقت کی زد میں آتے ہیں۔

۴- جو لوگ ہجرت بھی نہ کر سکیں وہ حکومت سے علیحدگی پر عمل پیرا ہوں، مثلاً کسی کام میں حکومت کی مدد نہ کریں، اس کی عدالتوں میں نہ جائیں، اپنے جھگڑوں کے فیصلے کے لئے پنچایتیں بنائیں وغیرہ۔

کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ اس قسم کے کتنے اعلامیے مولانا نے وقتاً فوقتاً ہندوستان بھیجے۔(۱)

ازواج واولاد

مولانا کی پہلی شادی سید محمد مسافر کی صاحبزادی سیدہ آمنہ سے ہوئی تھی۔ بہار میں یہ پہلی شادی تھی جو انتہائی سادگی سے شریعت کے مطابق انجام پائی۔ اس خاتون سے حافظ عبدالمجید پیدا ہوئے، کچھ مدت بعد اس اہلیہ کا انتقال ہو گیا تو ان کا نکاحِ ثانی شاہ محمد حسین کی بیوہ صاحبزادی سے ہوا۔ اُن سے صرف ایک لڑکی پیدا ہوئی جسکا نام ہاجرہ تھا۔

حافظ عبدالمجید نے اپنے چچا مولانا فرحت حسین سے تعلیم پائی، پھر یہ اپنے والد کے ساتھ سرحد چلے گئے، وہیں فوت ہوئے۔ انکے دو صاحبزادے تھے اور ایک صاحبزادی۔

(۱) خود مولانا بنگال میں دعوت وتبلیغ کا کام کر رہے تھے تو وہ ہر مقام پر مسجدوں کو آباد کرتے اور فصلِ خصومات کے لئے پنچایتیں بنا دیتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انتظامِ امارت

ڈاکٹر بیلیو نے لکھا ہے کہ مولانا عنایت علی نے چنئی میں بہ عارضۂ بخار وفات پائی، ان کے فرزند حافظ عبدالمجید کے بجائے تین آدمیوں کو مشترکہ امیر بنا دیا گیا: ایک مولانا نصراللہ، دوسرے شاہ اکرام اللہ اور تیسرے میر تقی۔ حافظ عبدالمجید کو اس لئے امیر نہ بنایا گیا کہ ان کی زبان میں لکنت تھی۔ مشترکہ امارت میں مولانا نصراللہ کو دوسروں پر تقدم حاصل تھا۔ گویا وہ اس بورڈ کے صدر تھے۔ انہوں نے ضلع پشاور کے مسلمانوں کو حکومت انگلشیہ کے خلاف برانگیختہ کرنے کی بڑی کوششیں کیں، لیکن حکومت نے ان کوششوں کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ (۱)

شاہ اکرام اللہ چند ہی روز بعد ستھانہ چلے گئے اور شاہ نورلڑی کی جنگ میں وہی مجاہدین کے سالار تھے۔ مولانا نصراللہ سے مراد غالباً مولانا نوراللہ ہیں، جنہیں منصب امارت میں شریک کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر بیلیو نے غلط فہمی سے انہیں نصراللہ لکھ دیا۔

ایک اور شبخون

نارنجی کی جنگ میں انگریزوں کی کامیابی وائلی کے بیان کے مطابق مجاہدین کے جوش وہمت پر اثر انداز نہ ہوسکی اور تین مہینے سے کم مدت کے اندر اندر انہوں نے ایک اور شبخون مارا۔ یوسف زئی کا انگریز اسسٹنٹ کمشنر (مسٹر ہارن Horne) دورہ کرتا ہوا شیخ جانا میں خیمہ زن تھا۔ مجاہدین نے خدوخیل، نارنجی اور شیخ جانا کے باشندوں کی مدد سے اکتوبر ۱۸۵۷ء میں سخت شبخون مارا۔ ڈاکٹر بیلیو کے بیان کے مطابق مولوی شریعت اللہ شبخون مارنے والے جیش کے سالار تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر بہ صد مشکل جان بچا کر بھاگا۔ اس کے ساتھیوں میں سے پانچ مارے گئے اور پورا سامان مجاہدین کے ہاتھ آیا، اس بنا پر

(۱) یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ (انگریزی)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریزوں نے ایک زبردست تادیبی مہم کی تیاری کی، جس کا مدعا یہ تھا کہ مجاہدین کے تمام مرکزوں کو تباہ کر ڈالا جائے، چنانچہ تقریباً پانچ ہزار (۱) کا لشکر تیار کیا گیا۔ میجر جنرل سرسڈنی کاٹن (Sydney Cotton) کو اس فوج کا سالار بنایا گیا۔

پنجتار اور چنگلئی کی تباہی

۲۵ر اپریل کو یہ فوج موضع سلیم خاں میں جمع ہوئی۔ تو تالی کے باشندوں اور مقرب خاں رئیس پنجتار کی عداوت کا حال ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ تو تالی والوں نے جب دیکھا کہ انگریزی فوج مقرب خاں کے خلاف اقدام کیلئے قریب آ پہنچی ہے تو انہوں نے ۲۵ر اپریل کو بہ طور خود پنجتار پر ہلہ بول دیا، مقرب خاں تو ان کے ہاتھ نہ آیا، لیکن انہوں نے پنجتار کو آگ لگا دی۔

سڈنی کاٹن نے فوج کے تین حصے کیے: ایک سلیم خاں میں محفوظ جیش کے طور پر ٹھہرائے رکھا، دوسرے کو براہ راست پنجتار پر پیش قدمی کا حکم دیا، تیسرے کو خود ساتھ لے کر درۂ درہند کے راستے چنگلئی پہنچا اور اسے تباہ کر کے پنجتار کے پاس جہانگیر درے کے راستے سلیم خاں واپس آ گیا۔ پنجتار پہلے ہی جل چکا تھا، انگریزی دستے نے وہاں پہنچ کر جگہ جگہ توپیں لگائیں اور پنجتار کی دیواروں کو مسمار کر ڈالا۔ (۱) یہ مقام ۱۸۲۷ء سے ۱۸۳۰ء تک سید صاحب کا مرکز رہا تھا۔ اس کے بعد بھی مجاہدین نے کچھ مدت وہاں گزاری تھی۔ ۲۷ر اپریل کو یہ ملبے کا ایک ڈھیر رہ گیا، اس کے تمام درخت بھی کاٹ ڈالے گئے یا جلا دیئے گئے۔

---

(۱) وائلی کے بیان کے مطابق صحیح تعداد چار ہزار آٹھ سو ستر تھی۔

(۱) وائلی کی کتاب، ص: ۷۵ تا ۷۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عبدالحق آروی کا بیان

مجاہدین میں ایک صاحب مولوی عبدالحق آروی تھے، جو ہندوستان پر انگریزی تسلط کے بعد ترکِ وطن کر کے سندھ میں مقیم ہو گئے تھے۔ ۱۸۴۳ء میں انگریز سندھ پر بھی قابض ہو گئے تو مولوی صاحب نے رختِ سفر باندھا اور آزاد کوہستانی علاقے میں طرحِ اقامت ڈال دی۔ وہ سید اکبر شاہ بادشاہِ صوات کے میر منشی بھی رہ چکے تھے۔ انہوں نے غزۂ بونیر کے نام سے ۱۸۶۳ء کی جنگ اسیلہ کے حالات شاہنامے کی بحر میں لکھے ہیں۔ تمہیدات میں پنجتار، منگل تھانہ اور ستھانہ کی بربادی کا ذکر بھی کیا ہے۔ چونکہ یہ ایک چشم دید شاہد کا بیان ہے، اس لئے اسے بہ طورِ خاص پیشِ نظر رکھنا چاہئے۔

مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ انگریزی فوج پنجتار کی طرف روانہ ہوئی تو بہت سے ملکی خوانین اس کے ساتھ تھے، مثلاً تورو کا خان قادر خاں، ہوتی کا خان سربلند خاں، اسلمعیلہ کا خان خوندادخاں، ہنڈ کا خان شاہ دادخاں، زیدے کا خان ابراہیم خاں، ان کے علاوہ سدوم کے دو خان عجب خاں اور عزیز خاں بھی شامل تھے۔ (۱) مقرب خاں کو انگریزوں کی یورش کا علم ہوا تو اس نے اہل وعیال کو پنجتار سے نکال کر چملہ بھیج دیا، وہ خاصا عقل مند تھا، لیکن بدبختی آتی ہے تو عقل کے دفتر کا شیرازہ بھی بکھر جاتا ہے، ہم قوموں سے اس کی دشمنی ہو گئی، یہی بے اتفاقی تباہی کا باعث ہوئی۔ فرنگیوں نے پنجتار کو تباہ کر ڈالا۔

نہ بگزاشت تارے ازاں پنجتار — کہ بر ہر سر تار انداخت نار

(۱)

خوانین ملکی بہ ہمراہِ او — ہمہ کارکن حسب دلخواہِ او — یکے خان تورو بلند احتشام — میانِ جہاں بود قادر بنام
یکے خان ہوتی صداقت پسند — مسمی بہ مخلوق باسر بلند — یکے خان اسما علہ خوندداد — یکے ہنڈ دی بود خود شاہ داد
یکے خان زیدہ سخاوت نظام — بہ عالم ابراہمش بود نام — عجب خاں یکے بود و دیگر عزیز — خوانین ملکی دگر جملہ نیز

غزائے بونیر قلمی نسخہ، ص: ۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جدا کرد پیوندہا را ز دوخت سراسر ہمہ تارہا را بسوخت (۱)

مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ مقرب خاں کہتا تھا کہ میرے ہم قوم خدوخیلوں نے یہ کیا کیا؟ فرنگی کے ہاتھ سے مجھے کیوں برباد کرایا؟ جو کچھ انہیں کرنا تھا، بہتر ہوتا خود کرتے۔

منگل تھانہ کی بربادی

پنجتار اور چنگلئی سے فارغ ہوکر سڈنی کاٹن نے منگل تھانہ کا رخ کیا۔ اس سلسلے میں بھی فوج کے تین حصے کیے گئے: ایک کو سلیم خاں میں بہ مدِ محفوظ ٹھہرایا، دوسرے کو تادیبی کارروائی کے اختتام تک پنجتار میں ٹھہرنے کا حکم دیا، جو منگل تھانہ سے قریب تھا۔ مقصود یہ تھا کہ کمک کی ضرورت پڑے تو جلد موقع پر پہنچ جائے۔ تیسرا حصہ براہِ راست منگل تھانہ کی طرف بڑھا۔ راستہ بڑا دشوار گزار تھا۔ اس جیش کے نصف حصے کو دوکھاڑہ میں ٹھہرایا گیا۔ منگل تھانہ کے دونوں گاؤں بالکل خالی تھے، کوئی مزاحمت پیش نہ آئی۔ انگریزی لشکر نے گاؤں اور قلعہ بندیوں کو حسب دلخواہ برباد کیا، رات وہاں گزاری اور ۳۰ر اپریل کو یہ دستہ سلیم خاں واپس آیا۔ (۲)

مولوی عبدالحق فرماتے ہیں کہ منگل تھانہ میں سید عباس کا قلعہ بہت مستحکم تھا۔ بلندی میں وہ آسماں کا ہمسر تھا:

ز عباسیاں خان و ناموس رفت		ز افرنگیاں نام تا روس رفت
ز عباسیاں ہرچہ آباد بود		بہ حکم کمشنر خرابش نمود
کہ خوفے نہ بود از چپ و راستش		وز آنجا نمود آنچہ دل خواستش (۳)

(۱) غزائے بونیر قلمی نسخہ ص:۲۶۔ پہلے شعر میں تار سے غالباً گاؤں مراد ہے۔ پنجتار نام اس بنا پر رکھا گیا ہے کہ اسے پانچ گاؤں میں مرکزی حیثیت حاصل تھی: یعنی ملی کلی، سنگ بٹی، غور غشتی، قاسم خیل، پنجتار۔

(۲) واکلی کی کتاب، ص:۷۹۔ اور نیویل کی کتاب، ص:۲۱

(۳) غزائے بونیر قلمی نسخہ، ص:۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیرھواں باب:

ستھانہ کی بربادی

ساداتِ ستھانہ

پنجتار اور منگل تھانہ کے بعد مجاہدین کا صرف وہ مرکز باقی رہ گیا جو مولانا ولایت علی کے وقت سے بھی پیشتر ستھانہ میں قائم تھا۔ اب انگریزی فوج اس طرف متوجہ ہوئی، لیکن یورش کی کیفیت بیان کرنے سے پیشتر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ساداتِ ستھانہ کے حالات اختصاراً پیش کر دیے جائیں۔

ساداتِ ستھانہ سید علی ترمذی غوثِ بونیر کی اولاد میں سے تھے۔ جس کی شاخیں کنٹر سے سرحد کشمیر تک پورے آزاد کوہستانی علاقے میں پھیلی ہوئی ہیں۔ ستھانہ اٹھارہویں صدی میں سید ضامن شاہ نے آباد کیا تھا، جو سید علی ترمذی کی آٹھویں پشت میں تھے اور دربارِ مغلیہ کی طرف سے انہیں پکھلی میں خاصی بڑی جاگیر دے دی گئی تھی۔ سید ضامن شاہ کے بعد ان کے فرزند سید شاہ گل عرف شاہ جی ستھانہ کے رئیس بنے، ان کے چھ بیٹے تھے، جن میں سے تین لاولد ہوئے: سید اعظم شاہ، جو سب سے بڑے تھے، سید اصغر، جن کی عمر درویشی میں گذری اور کوٹھا میں وفات پائی، سید شاہ مدار، جن کی شہادت صوات میں سید اکبر شاہ کی وفات سے کچھ مدت پیشتر ہوئی، باقی تین بھائیوں میں سے سید اکبر شاہ کو تمام قبائل نے ۱۸۴۶ء میں زیریں ہزارہ کا بادشاہ منتخب کیا تھا۔ یہ بادشاہی انگریزی اقدامات کی وجہ سے ختم ہوگئی تو اہل صوات نے بالاتفاق انہیں بادشاہ بنالیا۔ وہیں ۱۸۵۷ء میں وہ فوت ہوئے۔ سید عمر، سید اکبر شاہ کی غیر حاضری میں ستھانہ کی امارت پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فائز ہوئے، سید عمران نے سیاسی کاموں میں نمایاں حصہ نہ لیا۔

یہ سادات سید احمد شہیدؒ کے زمانے میں مجاہدین سے وابستہ ہوئے تھے، اور اس وابستگی میں کبھی کوئی خلل پیدا نہ ہوا۔ اس سرگزشت کے ابتدائی ابواب میں بتایا جا چکا ہے کہ مجاہدین ہر دورِ ابتلا میں سادات ہی کو اپنی آخری پناہ گاہ سمجھتے رہے۔ پائندہ خاں سے آخری مرتبہ اختلاف ہوا تھا تو مجاہدین ستھانہ ہی میں آ گئے تھے، مولانا ولایت علی نے بھی اسی جگہ قیام پسند کیا تھا۔ اب مجاہدین سے وابستگی ہی کے باعث ان کا وطن بھی بربادی کی زد میں آیا۔

اتمان زئیوں سے تعلقات

ستھانہ سے بالکل قریب اتمان زئیوں کے چار گاؤں ہیں: کیاز یریں، کیا بالا، کھنبل زیریں، کھنبل بالا۔ ان لوگوں سے سادات کے تعلقات عموماً خوش گوار رہے، بلکہ رشتہ داریاں بھی تھیں۔ سید عمر شاہ کی امارتِ ستھانہ کے دوران میں اتمان زئیوں کو شبہ ہوا کہ ستھانہ کی طرف سے ان پر عشر عائد کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ یہ شبہ سراسر بے بنیاد تھا۔ چونکہ ایک مرتبہ سید اکبر شاہ اتمان زئیوں کی رضامندی سے مجاہدین کیلئے گزارے کا انتظام کرا چکے تھے، جو کم و بیش بیس سال پیشتر کا واقعہ تھا۔ اسلئے شبہ نے یقین کی صورت اختیار کر لی۔ ایک موقع پر سید عمر شاہ سپاہیوں کی ایک چھوٹی سی جماعت کے ساتھ کسی کام کے سلسلے میں کھنبل گئے ہوئے تھے کہ مخالفین نے ان پر حملے کی تیاری کر لی۔ سید عمر شاہ کو یہ کیفیت معلوم ہوئی تو حیران رہ گئے۔

موقع ایسا تھا کہ وہ کوشش بھی کرتے تو سب کو شبہ کے بے بنیاد ہونے کا یقین نہ دلا سکتے، ویسے بھی سرحد آزاد کی زندگی کا ماحول اس امر کا روادار نہ تھا کہ کسی مخالف گروہ کے مظاہرۂ قوت کے وقت مقابلے میں پس و پیش کی جائے اور اپنی طرف سے صفائی یا عذر خواہی کو مدارِ کار بنایا جائے۔ سید عمر نے رفقاء کی قلت کے باوجود مقابلے کا فیصلہ کر لیا۔ ان

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے تمام ساتھی بھرماری کے ماہر تھے، انہوں نے تھوڑی ہی دیر میں اتمان زئیوں کو شکست دے کر اطاعت پر مجبور کر دیا اور وہ ادائے مالیہ کے اقرار نامے لکھنے پر مجبور ہو گئے۔ یہ غالباً ۱۸۵۱ء کا واقعہ ہے۔ یہ شکست برابر اتمان زئیوں کے دل میں کانٹے کی طرح کھٹکتی رہی اور وہ اس انتظار میں بیٹھے رہے کہ کوئی اچھا موقع پیدا ہو تو سادات کی حکومت کا جوا کندھوں سے اُتار پھینکیں۔

اتمان زئیوں کی سرکشی

انگریزوں نے پنجتار اور منگل تھانہ کی بربادی کے بعد گردونواح کے تمام قبیلوں سے اقرار نامے لینے شروع کیے کہ وہ ساداتِ ستھانہ کا ساتھ نہ دیں گے۔ اتمان زئی پہلے سے ایسے ہی کسی موقع کے منتظر تھے، چنانچہ انہوں نے بھی خفیہ خفیہ انگریزوں سے معاملہ طے کر لیا۔ اس اثناء میں انگریزوں کی یورش سے دو تین روز قبل اچانک ایک واقعہ پیش آ گیا جو ستھانہ پر اتمان زئیوں کی یورش کا باعث بن گیا۔

۱۸۵۱ء کی جنگ میں دو بھائی، سرگند خاں اور جمال خاں سید عمر شاہ کے حامی رہے تھے۔ جمال خاں کے ہاتھ سے کھبّل کے ملک محبّ اللہ خاں کا ایک بیٹا مارا گیا تھا۔ افغانی دستور کے مطابق باقاعدہ جنگ میں قتل ہونے والے آدمیوں کا قصاص نہ لیا جاتا تھا، البتہ جنگ کے بغیر جو لوگ قتل ہوتے تھے ان کے وارث پشتوں تک قاتلوں سے انتقام لینے کے درپے رہتے تھے۔ محبّ اللہ خاں کے بیٹوں نے اس افغانی دستور کے خلاف جمال خاں کو اپنے مقتول بھائی کے انتقام میں کیا اور کھبّل کے درمیان قتل کر دیا۔ سید عمر شاہ حاکم علاقہ ہونے کے لحاظ سے اس خونِ ناحق کا قصاص لینے کے مجاز تھے۔ محبّ اللہ خاں نے یہ چالاکی کی کہ چپ چاپ اٹھا اور ستھانہ پہنچ کر والدۂ سید عمر شاہ کی ڈیوڑھی میں التجائے رحم کے لئے جا بیٹھا۔ سیدہ نے اسے پناہ دے دی اور اپنے فرزند ارجمند کو محبّ اللہ خاں اور اس کے بیٹوں کی حفاظت کے اقرار پر مجبور کر دیا۔ سید عمر والدہ کا کہنا ٹال نہ سکے، نتیجہ یہ نکلا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کہ سرگند خاں ان کا دشمن بن گیا۔ جب کیا اور کھبل میں کوئی بھی گروہ سید عمر شاہ کی حمایت کیلئے باقی نہ رہا تو اتمان زئی لشکر تیار کر کے سادات پر چڑھ دوڑے۔ ستھانہ کے سامنے کوئی نصف میل کے فاصلے پر بال ڈھیری نام ایک پہاڑی ہے، جو تقریباً چھ سو فٹ بلند ہوگی، اس پر دشمن مورچے بنالے تو ستھانہ پر تباہی خیز گولہ باری کر سکتا ہے۔ اتمان زئیوں نے اس پہاڑی پر مورچے لگا لئے اور گولیاں برسانے لگے۔

سید عمر کی شہادت

سید عمر شاہ نے یہ حالات دیکھے تو اپنے سواروں اور پیادوں کی ایک جمعیت دریا کے قریب سے کیا پر یورش کے لئے بھیج دی۔ خود ان کا بیٹا سید محمود شاہ اور سید اکبر شاہ مرحوم کا فرزند سید مبارک شاہ بھی اسی فوج کے ساتھ گئے۔ ان کا خیال تھا کہ کیا پر حملہ ہوتے ہی اتمان زئی بال ڈھیری کے مورچے چھوڑ کر اپنی حفاظت پر مجبور ہو جائیں گے۔ ٹھہرے رہیں گے تو عقب سے ان پر کامیاب حملہ ہو سکے گا۔ یہ تجویز جنگی نقطۂ نگاہ سے بڑی موثر تھی، لیکن اپنی فوج کیا بھیج کر سید عمر شاہ کو خدا جانے کیا خیال آیا کہ جوشِ تہور مین پندرہ بیس سواروں کو ساتھ لے کر انہوں نے بال ڈھیری کے مورچوں پر ہلہ بول دیا۔ حملہ ایسا سخت تھا کہ پہلا مورچہ فتح ہو گیا اور دوسرے مورچے کے جنگجو بھی جگہ چھوڑ کر منتشر ہونے لگے۔ اس اثناء میں ایک گولی سید عمر شاہ کے سینے میں لگی اور پشت کی طرف سے نکل گئی۔ زخم کاری تھا، سید عمر شاہ اپنے بھائی سید عمران شاہ کے سہارے بہ مشکل تمام ستھانہ کی مسجد میں پہنچے۔ رمضان ۱۲۷۴ھ کی چودھویں یا پندرھویں تاریخ تھی (۳۰/اپریل ۱۸۵۸ء) دوا پلانے کی کوشش کی گئی۔ سید عمر شاہ نے انکار کر دیا اور کہا: میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں روزہ دار ہی جانا پسند کرتا ہوں۔ اسی حالت میں جاں بحق ہوئے۔ یہ انگریزی حملے سے چار روز پیشتر کا واقعہ ہے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ انگریزوں کی یورش سے قبل ہی وہ شخصیت ختم ہو چکی تھی جو مقابلے اور مزاحمت کا سب سے بڑا مرکز تھی۔ گویا قدرت نے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریزوں کیلئے پہلے ہی کامیابی کا انتظام کر دیا تھا۔ خدوخیل میں وہ اس وجہ سے کامیاب ہوئے کہ مقرب خاں کی قوم اس کے خلاف تھی۔ ستھانہ میں اس وجہ سے کامیاب ہوئے کہ سید عمر شاہ چار روز پیشتر شہید ہو چکے تھے۔

عبدالحق آروی کا بیان

مولوی عبدالحق کا بیان یہ ہے کہ سید مبارک شاہ کے پاؤں میں گولی لگ چکی تھی۔ سید عمر شاہ نے اپنے ساتھیوں کو حکم دے دیا کہ اتمان زئیوں پر گولیاں نہ چلائیں اور صرف تلواروں سے ان پر حملہ کیا جائے۔ اسی حالت میں ان کے گولی لگی اور ستھانہ پہنچ کر وہ فوت ہو گئے۔

پس از جنگ بازی بہ پرداختند — بتکفین و تدفینِ او ساختند
چو تاریخ ترحیلِ آں خواستم — بہ کنجِ تفکر پرداختم
بہ من گفت ہاتف بس از زود تر — تفنگِ اجل برد عقدِ عمر (۱)

۱۲ ھ ۷۴

انگریزی یورش

انگریزی فوج ۴ رمئی ۱۸۵۸ء (۲۰ رمضان ۱۲۷۴ھ) کو ستھانہ کے خلاف بڑھی، کیا اور کھبل کے تمام اتمان زئی نیز دوسرے خوانین ساتھ تھے۔ ایک ہزار پچاس آدمیوں کا ایک جیش پانچ توپوں کے ساتھ دریائے سندھ کے بائیں کنارے پر جا ٹھہرا۔ فوج کا بڑا حصہ جنوبی سمت سے حملہ آور ہوا۔ والیٔ امب کی فوج نے شمالی سمت کی پہاڑیوں پر مورچے قائم کر لئے۔ اس سے پیشتر سادات بال بچوں کے ساتھ ستھانہ سے ملکا چلے گئے تھے، جو مہابن کے اوپر ان کے وطن سے تقریباً پینتیس میل کے فاصلے پر ہے۔

(۱) غزائے بونیر، قلمی نسخہ، ص: ۲۲-۲۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھوڑے سے ہندوستانی مجاہدین وہاں رہ گئے تھے اور ان کے ساتھ جدون قبیلے کے بہادروں کا ایک چھوٹا سا دستہ تھا۔ لڑائی ستھانہ کے اوپر اس پہاڑ میں ہوئی جسے شاہ نور لڑی کہتے ہیں۔ پیجٹ اور میسن کا بیان ہے کہ ہر مجاہد یا شہید ہوا یا گرفتار کر لیا گیا۔ انہوں نے جوشِ حمیت کا غیر معمولی مظاہرہ کیا۔ وہ بہادرانہ پیش قدمی کرتے رہے۔ سب نے نہایت عمدہ لباس پہن رکھے تھے۔ نہ کسی کے قدم میں لرزش ہوئی، نہ کسی کی زبان سے نعرہ بلند ہوا، چپ چاپ جانیں دیتے رہے۔ (۱)

سید عبدالجبار شاہ ستھانوی اور ڈاکٹر ہیلیو کے بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ شاہ نور لڑی کی لڑائی عصر کے وقت ہوئی اور وہاں کل ساٹھ مجاہد تھے۔ شاہ اکرام اللہ ان کے سالار تھے۔ وہ مولانا عنایت علی کے بعد مجاہدین کے ان تین سالاروں میں سے تھے جنہیں انتظامِ امارت کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا تھا۔ مجاہدین کا دستور تھا کہ جب مقابلے کیلئے مورچے قائم کر لیتے تو پھر پیٹھ پھیرنا ان کے نزدیک قرآن کے رو سے جائز نہ تھا۔ وہ شوقِ شہادت لے کر وطن سے آئے تھے اور ان کا کام یہ ہوتا کہ دشمن پر جتنی ضربیں لگا سکیں لگاتے جائیں، یہاں تک کہ جان جاں آفریں کے سپرد کر دیں۔ ان مجاہدین کی قبریں اب تک شاہ نور لڑی کی چوٹی پر موجود ہیں۔ (۲) حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں میں بتایا گیا ہے کہ اس لڑائی میں شاہ اکرام اللہ کے علاوہ جمعدار اللہ بخش، نعمت اللہ اور تقریباً تیس مجاہدین شہید ہوئے۔

ستھانہ کی تباہی

انگریزوں نے ستھانہ کو بے دردی سے تباہ کیا۔ توپیں لگا کر گاؤں مسمار کر ڈالا۔

(۱) نیویل کی کتاب، ص:۴۱۔ وائلی کی کتاب، ص:۸۰

(۲) کتاب العمر ۃ قلمی نسخہ، ص:۳۲۹۔ یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ (انگریزی) ص:۹۸۔ ڈاکٹر ہیلیو نے مجاہدین کی تعداد چالیس لکھی ہے، یہ ہندوستانیوں کی تعداد ہے، جدون ان میں شامل نہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہاتھیوں سے مجاہدین کا قلعہ تڑوایا۔ ستھانہ، منڈی اور مرکز مجاہدین کا نشان تک باقی نہ چھوڑا۔ سید عبدالجبار شاہ کے بیان کے مطابق ستھانہ کی دو آبادیاں تھیں: ایک زیریں ستھانہ، جس میں عام لوگ رہتے تھے۔ دوسرے بالائی ستھانہ، جہاں سید عمر شاہ مقیم تھے۔ بالائی ستھانہ کو بارود سے اڑا دیا گیا، سایہ دار درختوں کو بھی کاٹ ڈالا گیا، جو کٹ نہ سکے ان کی چھال ایک ایک فٹ اتار دی گئی تاکہ خشک ہو جائیں۔ مولوی عبدالحق آروی نے اس آبادی کے متعلق لکھا ہے:

ستھانہ ہماں جا بہ حدِ کیّا ست	ستھانہ مگو بلکہ شہرِ حیا ست
درآں سیداں جملہ مہماں پرست	دہند و خورند آنچہ آید بدست
ہماں سیداں تاجِ سادات اند	چو سادات باچار عادات اند
وجیہ و سخی و شجاعت نشاں	چہارم دیانت ازاں جملہ داں


صرف ستھانہ کی بربادی پر قناعت نہ کی بلکہ اتمان زئیوں سے عہد لیا کہ پھر اس مقام پر سادات کو آباد نہ ہونے دیں گے۔ اندیشہ تھا کہ ممکن ہے بالائی جدون یعنی سالار اور منصور انگریزی فوج کی مراجعت پر اتمان زئیوں کو دبائیں اور سادات کی آبادی کا انتظام کرا دیں، لہٰذا ان کے خلاف بھی تادیبی اقدامات کئے گئے اور انہوں نے بھی اقرار کر لیا کہ سادات اور ہندوستانیوں کو آباد نہ ہونے دیں گے، اور جو قبیلہ انہیں آباد کرنے کی کوشش کرے گا اس کے مقابلے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھیں گے۔ (۱)

آخر میں یہ حقیقت فراموش نہ کرنی چاہئے کہ ساداتِ ستھانہ پر یہ مصیبت صرف مجاہدین کی سرگرم اعانت ہی کے باعث ٹوٹی تھی اور اُنہیں جتنی مالی یا جانی قربانیاں کرنی پڑیں ان کی بڑی وجہ یہی تھی کہ وہ ہر دور میں مجاہدین کے رفیق و معاون رہے۔

(۱) وائلی کی کتاب ص: ۸۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگذشت



حصہ چہارم

مولانا عبداللہ

(از ابتدائے امارت تا جنگِ امبیلہ)

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

ملکا اور ساداتِ ستھانہ

مرکز ملکا

ستھانہ سے تقریباً پینتیس میل کے فاصلے پر مہابن کے مغربی حصے میں ملکا نام ایک مقام تھا، جو مدت سے ساداتِ ستھانہ کی ملکیت چلا آتا تھا، لیکن یہ مقام ایک زمانے میں اخوندخیلوں کے پاس کسی وجہ سے رہن کر دیا گیا تھا۔ سید اکبر شاہ نے اپنی بادشاہی کے زمانے میں رہن کا روپیہ ادا کر کے اسے فک کرالیا تھا۔ (۱) ستھانہ کی تباہی کے بعد سادات ملکا میں رہنے لگے اور مجاہدین کو بھی ساتھ لے گئے۔ چنانچہ ستھانہ کے بعد ملکا مجاہدین کا مرکز رہا اور جنگ امبیلہ تک وہ اسی جگہ مقیم رہے۔

مولوی عبدالحق آروی نے ''غزوۂ بنیر'' میں لکھا ہے کہ ملکا میں مہاجروں کی آمد بہت بڑھ گئی تھی۔ تھوڑی ہی مدت میں مرد، عورتیں، بچے، بوڑھے اور جوان اس قدر جمع ہو گئے کہ ان کا شمار مشکل تھا۔ جب پہلی آبادی میں سب کے لئے گنجائش نظر نہ آئی تو ایک نئی آبادی قائم کی گئی جو پہلی سے متصل تھی:

بہ کم مدتے شہر آباد شد	بہ فضل خدا نیک بنیاد شد
شد آں شہر را بس عمارت بلند	در آمد بہ چشم کساں خوش پسند

(۱) حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں میں بیان کیا گیا ہے کہ ایک موقع پر نواب وزیرالدولہ والیٔ ٹونک نے سات ہزار روپے کی رقم مجاہدین کو دی تھی، جس میں سے ایک ہزار روپے ملکا کے لئے تھے۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ آیا یہ رقم ملکا میں مجاہدین کے لئے دی گئی تھی یا مقصود یہ تھا کہ وہ آس پاس کا کوئی گاؤں خرید لیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ز پائے مہاجر شرف یافتہ		ز ہر گوشہ اش نور برتافتہ
بہ ہر چار سو کوہ بودش حصار		چو آباد گردید شد استوار (۱)

ملکا کی وسعتِ آبادی کی تصدیق رینل ٹیلر کے بیان سے بھی ہوتی ہے۔ ٹیلر انگریزوں کی اس پارٹی کا سرخیل تھا جسے جنگِ امبیلہ کے بعد ملکا کو آگ لگوانے کیلئے بھیجا گیا تھا۔ اس بیان میں بتایا گیا ہے کہ آبادی خاصی وسیع تھی، پہاڑی عمارتوں کے انداز پر ایسی بارکیں بنائی گئی تھیں جن میں تقریباً تین ہزار مجاہدین سما سکتے تھے۔ پاس ہی بارود کا ایک کارخانہ تھا، نیز چند دکانیں اور دوسری عمارتیں تھیں۔ جگہ بہت محفوظ تھی، آبادی کے اِرد گرد مہابن کے اونچے ٹیلوں کی فصیل کھڑی تھی۔ (۲)

بدنظمی کا دور

مولانا عنایت علی کی وفات کے بعد بلکہ ان کی زندگی کے آخری دور ہی میں مجاہدین کے نظم کا شیرازہ بکھر چکا تھا، تاہم وہ جہاں جہاں تھے، اپنے اصل مقاصد کے لئے امکانی جدوجہد میں مشغول رہے۔ بعض اصحاب مولانا کی زندگی ہی میں واپس چلے گئے تھے، مثلاً مولانا یحییٰ علی یا اس خاندان کے بعض دوسرے افراد، نیز مولانا مقصود علی دانا پوری جو خاصی مدت تک راولپنڈی کے گردونواح میں دورے کرتے رہے۔ مولانا فیاض علی (برادر مولانا احمد اللہ و یحییٰ علی) کو بھی مولانا عنایت علی سے اختلاف ہوا تھا، لیکن وہ واپس نہ ہوئے اور سرحد ہی میں وفات پائی۔ تین امیروں میں سے شاہ اکرام اللہ شاہ نورلڑی کی جنگ میں شہید ہو چکے تھے۔ مولانا نور اللہ، جنہیں ڈاکٹر بیلیو نے نصر اللہ لکھا ہے، کابل جاتے ہوئے ملاسر (وادی چملہ) پہنچے تو بیمار ہو کر فوت ہوئے اور ملاسر ہی کی زمین میں محو

(۱) غزوۂ ہنود، ص: ۳۳-۳۴

(۲) رینل ٹیلر کے سوانح حیات انگریزی، ص: ۲۹۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آرام ہیں۔ اس اثناء میں مولانا مقصود علی آ پہنچے۔ یہ غالباً میرٹھ میں گرفتار بھی ہوئے تھے اور ان کے پاس سے جو کاغذات برآمد ہوئے تھے، ان میں مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی کے بعض اعلانات بھی تھے۔ پھر یہ رہا کر دیے گئے۔ غرض مجاہدین نے انہیں امیر بنالیا۔ حافظ عبدالمجید کی یادداشتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اوائل جمادی الاخریٰ ۱۲۷۵ھ (اواخر جنوری ۱۸۵۹ء) میں پٹنہ سے روانہ ہوئے تھے، اور ۱۸۶۰ء میں سرحد پہنچے ہوں گے۔ کچھ مدت بعد انہوں نے بھی بہ عارضۂ بواسیر وفات پائی۔ (۱)

مولانا ولایت علی کے فرزند ارجمند مولانا عبداللہ اس لئے پٹنہ میں ٹھہرے ہوئے تھے کہ ان کے چچا مولانا فرحت حسین بیمار تھے۔ وہ ۱۲۷۴ھ میں فوت ہو گئے۔ جب مولانا عبداللہ کو معلوم ہوا کہ مرکز مجاہدین کے حالات چنداں دلخواہ نہیں رہے تو ۲۳ ربیع الآخر ۱۲۷۶ھ ۱۹ نومبر ۱۸۵۹ء کو وہ مع اہل وعیال پٹنہ سے روانہ ہوئے اور سرحد پہنچ گئے۔ مولانا مقصود علی کی وفات پر ان کے فرزند مولانا اسحٰق اور مولانا عبداللہ دونوں منصبِ امارت کے اہل سمجھے جاتے تھے اور دونوں کے حامی موجود تھے، خصوصاً مولانا اسحاق کو تمام بنگالیوں کی امداد حاصل تھی۔ چونکہ مولانا عبداللہ کو جنگی امور کا وسیع تجربہ حاصل تھا، اسلئے انہیں کے نام قرعۂ انتخاب پڑا۔ ان کا عہدِ امارت کم وبیش چالیس سال پر پھیلا ہوا ہے، اور مجاہدین کی سرگزشت کا یہ سب سے زیادہ شاندار باب ہے، جس کے حالات تفصیلاً آئندہ ابواب میں بیان ہوں گے۔

ساداتِ ستھانہ کی سرگزشت

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اب ساداتِ ستھانہ کی سرگزشت بھی اجمالاً بیان کر دی جائے، جو آئندہ مجاہدات میں جماعت مجاہدین کے سرگرم ترین رفیق ومعاون رہے۔

(۱) ڈاکٹر ہیلے نے لکھا ہے کہ مولانا مقصود علی ۱۸۶۲ء کے موسم بہار یعنی شعبان یا رمضان ۱۲۷۸ھ میں فوت ہوئے۔ ص: ۹۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہم بتا چکے ہیں کہ سادات چھ بھائی تھے، جن میں سید اعظم کے صرف ایک لڑکی تھی، سید اصغر اور سید شاہ مدار لاولد تھے، باقی تین بھائیوں کے نرینہ اولاد تھی، اور وہی پورے املاک کے وارث قرار پائے۔ سید اعظم کی صاحبزادی کی شادی شہزادہ مبارک شاہ (ابن سید اکبر شاہ) سے ہوئے تھی۔ سید عمر شاہ کے چار فرزند تھے: سید محمود شاہ بڑے، سید شاہ حسین، سید شیر حسین اور سید شاہ میر حسین چھوٹے۔ سید عمران شاہ کے فرزند سید عطر شاہ، سید عبداللطیف اور سید قلندر شاہ تھے۔ ستھانہ کی تباہی کے بعد سید مبارک شاہ اور سید عمران شاہ ملکا میں مقیم ہو گئے، لیکن سید عمر شاہ کے فرزندوں نے آستانہ داروں کے علاقے میں گیائی کو اپنی اقامت کے لئے پسند کیا۔ (۱)

سید محمود شاہ کی ملازمت

سید عمر شاہ کے ساتھ نواب جہانداد خاں والیٔ امب کے تعلقات بہت گہرے تھے۔ انہیں خیال آیا کہ سید شہید کی اولاد کے گزارے کا کوئی معقول بندوبست نہیں رہا۔ چنانچہ انھوں نے اپنے زیر اہتمام سید محمود شاہ کو گھوڑوں کے ساتھ بے قاعدہ سرکاری رسالے میں بھجوا دیا۔ (۲) اس سلسلے میں شہزادہ مبارک شاہ اور سید عمران کے کچھ گھوڑے بھی شامل کر لئے گئے۔ سید محمود شاہ خاصی مدت تک انگریزی علاقے میں رہے۔ انہیں اپنی اور گھوڑوں کی تنخواہ ڈیڑھ دو ہزار ماہوار مل جاتی تھی، شہزادہ مبارک شاہ اور سید عمران شاہ

(۱) یہ تمام حالات سید عبدالجبار شاہ ستھانوی کی کتاب العمرت سے ماخوذ ہیں۔ گیائی کے انتخاب کی ایک وجہ یہ بھی سمجھی جا سکتی ہے کہ علاقہ ملکا کے رہن کار و پیہ مولانا عبدالجبار شاہ کے قول کے مطابق سید عمر شاہ نے ادا نہ کیا تھا، لہٰذا ان کے فرزندوں کو وہاں جانا پسندیدہ معلوم نہ ہوا۔

(۲) اس زمانے میں وقت کے عام حاکموں اور رئیسوں کی طرح انگریزی حکومت باقاعدہ اور مستقل رسالے کے علاوہ بے قاعدہ رسالے بھی بھرتی کر لیتی تھی۔ یہ لوگ مستقل ملازم نہ سمجھے جاتے تھے۔ جتنی مدت تک ان سے کام لینے کی ضرورت ہوتی گھوڑوں اور آدمیوں کی تنخواہ دے کر لیا جاتا، جب ضرورت نہ رہتی تو انہیں جواب دے دیا جاتا۔ بعض لوگ محض گھوڑے ملازم رکھوا دیتے اور کسی نگراں کے ذریعے سے ان کی تنخواہیں لیتے رہتے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے گھوڑوں کی رقم انہیں بھیج دی جاتی تھی۔ جب انگریزوں نے یہ بے قاعدہ رسالہ توڑا تو سید محمود شاہ کو براہِ راست رسالداری کا عہدہ پیش کیا، لیکن انہوں نے ملازمت منظور نہ کی اور اپنے گھوڑے فروخت کر کے واپس چلے گئے۔ شہزادہ مبارک شاہ کا آدمی گھوڑے لے کر نظر بہ ظاہر برائے فروخت کہیں چلا گیا۔ لیکن رقم شہزادے کو نہ ملی (۱) سید محمود شاہ نے ایسا انتظام کر لیا تھا کہ ان کے خاندان کو ستھانہ میں اقامت کی اجازت مل جائے اور خاندانی املاک ان کے قبضے میں آ جائیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے حکومت پنجاب کے پاس ایک درخواست بھی دے دی تھی۔ اس اثناء میں شہزادہ مبارک شاہ نے بہ طور خود دوسری تدبیر اختیار کر لی، جس کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

شہزادے کی تدبیر

شہزادے نے خود ایک موقع پر بیان کیا کہ میں دو سال تک آبادی ستھانہ کی مختلف تدبیریں کرتا رہا، لیکن کوئی بھی کارگر نہ ہوئی۔ آخر ایک روز ملکا سے روانہ ہوا اور رات کے وقت ستھانہ پہنچا۔ اپنے خاندانی قبرستان میں جا کر ساری رات دعائیں کرتا رہا کہ کامیابی کی کوئی صورت نکل آئے۔ طلوع سحر سے پہلے واپس چلا گیا۔ دل پر ایک گونہ تسکین و اطمینان کی کیفیت طاری تھی۔ جاتے ہی جدونوں کے سرداروں سے ملا۔ وہ مجھے دیکھ کر شرما گئے اور انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ خواہ کوئی صورت پیش آئے وہ انگریزوں اور اتمان زئیوں کی مخالفت سے بے پروا ہو کر میری امداد کریں گے۔ اس انتظام کے بعد میرے دماغ میں ایک ایسا نقشۂ عمل آیا جس پر کاربند ہو کر اصل مقصد کیلئے مؤثر طریق پر جدوجہد کی جا سکتی تھی۔ نقشہ یہ تھا کہ ستھانہ کے قریب پہاڑوں میں ایک مضبوط مورچہ قائم کر کے اردگرد دہشت پھیلا دی جائے۔

(۱) شہزادے کو بتایا گیا کہ جو رقم ملی تھی وہ انگریزوں نے اس بناء پر ضبط کر لی کہ یہ اس شخص کی ہے جو انگریزوں کا دشمن ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سری میں برُج

سنتھانہ کے شمال میں جو نالہ منڈی یا سنتھانہ کا نالہ کہلاتا ہے، اس کے اندر ایک نہایت محفوظ مقام ہے، جسے ''سری'' کہتے ہیں۔ شہزادے نے وہاں ایک مستحکم برُج بنالیا، اس میں اپنے تھوڑے سے بہادر جانباز ملازموں کو متعین کر دیا، کچھ مجاہدین بھی ان میں شامل ہو گئے۔

سنتھانہ برباد ہو چکا تھا۔ اس کی اراضی میں کیا اور کھبل کے اتمان زئی کھیتی باڑی کرتے تھے۔ برُج کے مجاہدوں نے ایک روز اچانک ان پر یورش کر دی اور ایک ہی ہلے میں سات آدمی کیا کے اور بارہ آدمی کھبل کے قتل کر ڈالے۔ اس کے بعد مار دھاڑ کا ایسا سلسلہ شروع کیا کہ اتمان زئیوں کیلئے نہ صرف سنتھانہ بلکہ اس سے متصل کیا اور کھبل کی اراضی میں بھی کھیتی باڑی کی کوئی صورت نہ رہی اور عام لوگ گھاس، لکڑی وغیرہ بھی لانے سے محروم ہو گئے۔ آخر انہوں نے خفیہ خفیہ شہزادے کو پیغام بھیج دیا کہ ہم سنتھانہ کے املاک سے دست بردار ہوتے ہیں، آپ اپنے مزارعوں سے کاشت کرائیں اور پیداوار اپنی مرضی کے مطابق حاصل کرتے رہیں۔ اس طرح سنتھانہ کی کل اراضی واگزار ہو گئی، البتہ وہاں آبادی کا انتظام فوراً نہ ہو سکتا تھا، شہزادے نے آبادی کو حالات کی مزید سازگاری پر موقوف رکھا۔

ہزارہ پر ترکتاز

سنتھانہ جب آباد تھا تو اس کے علاقے میں سے گذرنے والے سوداگر سادات کو محصول دیا کرتے تھے۔ شہزادہ مبارک شاہ نے اپنی برادری کے تمام افراد سے وصول محصول کا حق لے لیا۔ اس طرح جو رقم ملتی تھی وہ برُج ''سری'' کے سپاہیوں اور مجاہدوں کے گزارے میں صرف کی جاتی تھی۔ تھوڑی ہی دیر میں پوٹھوہار اور شمالی اضلاع پنجاب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے بڑے بڑے ڈاکو اور مجرم اس برج میں پناہ لینے لگے۔ وہ موقع پا کر نکلتے اور دریا عبور کر کے انگریزوں کے کیمپوں، چھاؤنیوں اور مراکزِ رسد پر چھاپے مارتے۔ سامان کے علاوہ گھوڑے، خچر لوٹ لے جاتے۔

اتمان زئیوں نے اس ڈر سے اپنے مقتولین کی اطلاع بھی انگریزوں کو نہ دی تھی کہ شاید شہزادے سے خفیہ مصالحت کا راز فاش ہو جائے۔ اب انگریزوں نے خود باز پرس شروع کی تو اتمان زئیوں نے جدونوں کو ملزم ٹھہرایا۔ انگریزوں نے جدونوں کی ناکہ بندی کر کے جرمانہ بھی وصول کیا اور یہ عہد بھی لیا کہ وہ ''سری'' کے برج کو مسمار کر دیں گے۔ چنانچہ ۱۸۶۱ء میں جدونوں نے برج مسمار کر دیا، تاہم ستھانہ کی اراضی سے شہزادہ بدستور متمتع ہوتا رہا۔(۱)

سرگند خاں کا قتل

یاد ہوگا کہ ستھانہ پر انگریزوں کے حملے سے چند روز پیشتر اتمان زئیوں نے چڑھائی کی تھی، جس میں سید عمر شاہ شہید ہوئے تھے۔ اس چڑھائی میں سرگند خاں پیش پیش تھا بلکہ فخریہ کہا کرتا تھا کہ سید عمر میری گولی سے مارا گیا۔ شہزادہ مبارک شاہ کے دل میں یہ بات کھٹک رہی تھی، اگرچہ سرگند خاں شہزادے کی والدہ کے قبیلے سے تھا اور شہزادہ اسے ماموں کہتا تھا، تاہم اس نے چچا کے قصاص میں اپنے آدمیوں کو بھیج کر سرگند خاں کو قتل کرا دیا۔ ساتھ ہی کیا کا ایک پٹھان مارا گیا۔ اب خود اتمان زئی دو گروہوں میں بٹ گئے، ایک گروہ چاہتا تھا کہ شہزادے سے دوستانہ تعلقات استوار رکھے جائیں، دوسرے کی

(۱) کیا اور کھبل کے اتمان زئیوں نیز سالار اور منصور جدونوں سے انگریزوں نے جو عہد لیا تھا، اس میں جہاں یہ ذکر تھا کہ سادات ستھانہ اور جماعت مجاہدین کو ستھانہ اور متعلقہ اراضی میں آباد نہ ہونے دیں گے، وہاں یہ ذکر بھی تھا کہ کسی ایسے شخص یا اشخاص کو اپنے علاقوں میں سے گذرنے نہ دیں گے جو مجاہدین کے لئے روپے یا ہتھیار یا گولی بارود یا کوئی اور چیز لے کر جائیں گے۔ (مجموعہ معاہدات وسندات مرتبہ ایچیسن، جلد:۹ ص:۴۷۴-۴۷۵ وص:۸۶-۸۷)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خواہش تھی کہ انگریزوں سے کہہ کر شہزادے پر یورش کرائی جائے۔ اس اختلاف کا طبعی نتیجہ یہ ہوا کہ حامیوں نے شہزادے کو لشکر کشی کی دعوت دے دی۔

شہزادہ مبارک اور سید محمود

یہ صورتِ حال تھی جب سید محمود شاہ ملازمت سے دست کش ہو کر وطن پہنچے اور انہوں نے آبادیٔ ستھانہ کیلئے جو درخواست دی تھی، اس کا ذکر شہزادہ مبارک شاہ سے کیا۔ شہزادے نے جواب دیا کہ ہم اپنے آزاد علاقے کے لئے انگریزوں سے امداد یا اجازت کے روادار نہیں ہو سکتے اور ہمیں قوتِ بازو ہی سے اپنے معاملات کی روبراہی کے لئے کوشاں ہونا چاہئے، نیز میں نے اپنے چچا کے قصاص میں سرگند خاں کو مارا، اس وجہ سے اتمان زئیوں میں تفرقہ پیدا ہوا اور ایک گروہ ہماری کمک کا طلب گار ہے۔ اگر ہم اسے مدد دے کر اپنی سیادت بحال کر سکتے ہیں تو اس کیلئے انگریزوں کے پاس کیوں جائیں؟ نہ ستھانہ انگریزی علاقہ ہے نہ کیا اور کھبل، غیروں کو اپنے معاملات میں حکم بنا کر ہم کب تک اطمینان کی زندگی بسر کر سکتے ہیں؟

سید محمود شاہ کے لئے یہ صورتِ حال سراسر تعجب انگیز اور غیر متوقع تھی۔ چونکہ موجودہ منازعت کا آغاز ان کے والد ماجد کے قصاص سے ہوا تھا، لہٰذا پسند و ناپسند کا سوال بھی باقی نہ رہا تھا۔ یہ کیوں کر ممکن تھا کہ بھتیجا چچا کا قصاص لے اور بیٹا اسکے خلاف انگریزوں کے پاس آبادیٔ ستھانہ کی درخواستیں کرتا پھرے؟ چنانچہ سید محمود شاہ نے بھی اسی تجویز سے اتفاق کر لیا اور اتمان زئیوں پر لشکر کشی کا فیصلہ ہو گیا۔(۱)

(۱) سادات کے متعلق زیادہ تر حالات سید عبدالجبار شاہ کی کتاب سے ماخوذ ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملکا کی کیفیت

یہ سب کچھ ہمیں اس غرض سے اختصاراً لکھ دینا پڑا کہ آئندہ واقعات سے ساداتِ ستھانہ کا گہرا تعلق ہے اور یہ حالات پیش نظر نہ ہوں تو اندازہ نہیں ہوسکتا کہ انگریز کس وجہ سے مجاہدین و سادات کے مرکز ملکا کی تباہی کیلئے تیار ہوئے اور جنگِ امبیلہ کیوں پیش آئی؟ ورنہ ہمارا اصل موضوع ساداتِ ستھانہ کی تاریخ نہیں بلکہ جماعتِ مجاہدین کی سرگزشت ہے۔

ملکا کی آبادی کا تھوڑا سا حال اس باب کے آغاز میں عرض کیا جا چکا تھا، مولوی عبدالحق آروی فرماتے ہیں کہ بادشاہوں کے ہاں دن میں پانچ مرتبہ نوبت بجائی جاتی ہے، ملکا میں نوبتیں نہ تھیں۔ مولانا عبداللہ مجاہدین کے امیر بنے تو وہاں ہر گھر میں خدا کا ذکر ہوتا تھا اور اسی ذکر سے پوری آبادی معمور تھی:

چو اسلام را بر نگارد دبیر		بود پنج حرف، ایں سخن یاد گیر
مرکب شد اسلام با پنج حرف		بنا آمدش پنج، اے نیک ظرف
خود آنجا ہماں پنج موجود بود		رہ و رسم را باب مسدود بود

یعنی اسلام پانچ حرفوں سے مرکب ہے، اس دین حق کے ارکان بھی پانچ ہیں۔ بس یہی ارکان مدارِ عمل تھے۔ ان کی خوب پابندی ہوتی تھی۔ غلط اور غیر مشروع رسموں کا دروازہ بند تھا۔ پھر وہاں ہر قسم کا سامانِ جنگ مہیا کیا جا رہا تھا، مثلاً بارود، گولے، گولیاں، توپیں، بندوقیں، بھالے، کمان، تیر، قرابینیں، تلواریں، گنڈاسے، ڈھالیں۔ اسلحہ خانہ جدا تھا، بزازی کا انبار جدا تھا، غلے کا گودام الگ تھا۔ (۱)

(۱) ملاحظہ ہو "غزائے بنیر" ص: ۳۴-۳۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

آبادیٔ ستھانہ

جنگِ امبیلہ کے اسباب

اب ہم جنگِ امبیلہ کے بالکل قریب آ پہنچے ہیں۔ ضروری ہے کہ اب ان اسباب و احوال پر بھی ایک سرسری نظر ڈال لی جائے جنہیں انگریزوں نے اس جنگ کے موجبات قرار دیا، حالانکہ حق وانصاف کی بنا پر انہیں موجبات قرار دینے کی کوئی وجہ نہ تھی۔

ہم بتا چکے ہیں کہ انگریزوں نے ''سری'' کا برج جدونوں کے ذریعے سے مسمار کرا دیا تھا، تاہم شہزادہ مبارک شاہ کو ستھانہ کی اراضی پر عملاً قبضہ مل چکا تھا اور برج جس مقصد کے لئے بنایا گیا تھا وہ پورا ہو چکا تھا۔ اب شہزادے کی توجہ دو باتوں پر مبذول تھی: اول یہ کہ سید عمر شاہ کی طرح اتمان زئیوں سے مالیہ لے۔ دوم یہ کہ ستھانہ میں قلعہ بنائے اور آبادی کا انتظام کرے۔ اس نے اتمان زئیوں کی اطاعت کو ستھانہ کی آبادی پر مقدم رکھا اور تدبر کا تقاضہ یہی تھا کہ پہلے ان لوگوں کو معین و رفیق بناتا، جن کی مخالفت کے باعث ستھانہ پر یورش کا راستہ صاف ہوا تھا، نیز جنہیں انگریزوں نے ستھانہ کو بے آباد رکھنے کا ذمہ دار ٹھہرایا تھا۔

اتمان زئیوں سے خط و کتابت

اوپر عرض کیا جا چکا ہے کہ اتفاق سے اتمان زئیوں میں دو فریق ہو گئے تھے، جن میں سے ایک شہزادے کا سرگرم مؤید تھا۔ یہ صورتِ حال شہزادے کی تدبیروں کے لئے بڑی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساز گار تھی۔ اس نے اپنے مشیروں کو جمع کیا، تمام حالات ان کے روبرو پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا کرنا چاہئے۔ غور وفکر کے بعد یہ رائے قرار پائی کہ اتمان زئیوں کے نام ایک مصالحانہ خط لکھا جائے۔ اگر اس کی بنا پر معاملات کی روبراہی کا موقع پیدا ہو جائے تو اچھا ہے، ورنہ لشکر کشی کی تدبیر کی جائے۔ چنانچہ شہزادے نے اتمان زئیوں کے تمام اکابر کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ آپ لوگوں نے مخالفت کا فتنہ کیوں اٹھایا؟ کیا آپ کو یاد نہیں کہ میرے والد نے بادشاہیٔ سوات کے زمانے میں آپ کیلئے جاگیریں اور وظیفے مقرر کئے تھے؟ پھر میرے چچا سید عمر شاہ امارتِ ستھانہ کے زمانے میں آپ سے حسنِ سلوک کرتے رہے۔ میں نے بھی تمہارا کوئی نقصان نہیں کیا۔ بہتر ہے کہ میری نصیحت سنو اور پہلے کی طرح رفاقت اختیار کرلو۔ اگر اس پر راضی ہو جاؤ تو بہت اچھا ہے، ورنہ میرے لئے جنگ کے سوا چارہ نہ رہے گا۔

اتمان زئیوں نے اس کے جواب میں شہزادے کی بڑی تعریف کی۔ لکھا کہ آپ مومنوں کے سرتاج ہیں۔ مسلمانوں کیلئے آپکی ذات تکیہ گاہ ہے۔ آپ کا عمل نیک ہے، دین کے خدمت گزار ہیں۔ یقیناً آپ ہی سرداری کے مستحق ہیں۔ ہماری غلطیاں معاف کیجئے اور ہمیں اپنے خدمت گزار تصور فرمایئے، برابر عشر ادا کرتے رہیں گے۔ (۱)

کیا، کھبّل پر پیش قدمی

یہ جواب ان لوگوں کی طرف سے تھا جو شہزادے کے رفیق تھے۔ جو افراد مخالف تھے، انہیں اس سے کوئی سروکار نہ تھا۔ شہزادے نے اب مناسب سمجھا کہ فوج لے کر کیا کھبّل پہنچے اور وہاں کے انتظامات درست کر کے ستھانہ کی آبادی کے لئے تدابیر عمل میں لائے۔ انگریزوں کے بیانات سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ موسمِ گرما کا واقعہ ہے۔ سید

(۱) غزائے ہند، ص: ۳۶ تا ۴۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عبدالجبار شاہ نے بالتصریح رقم فرمایا ہے کہ جولائی کا مہینہ اور برسات کا موسم تھا، دونوں بیانوں میں کوئی ایسا تفاوت نہیں کہ اسے بحث طلب سمجھا جائے۔ شہزادے نے لشکر تیار کیا اور روانگی سے پیشتر عجز و نیاز سے بارگاہِ باری تعالیٰ میں دعا کی:

الٰہی! تو دستگیر ہے، میں مصیبت زدہ ہوں تو مجھے سہارا دے، میں چیونٹی کی طرح عاجز و ناتواں ہوں، تو مجھے زور و قوت عطا کر۔ تو ہی فریادیں سننے والا ہے، تیرے سوا کسی کی یاوری پر بھروسہ نہیں۔ الٰہی! جو لوگ مجھ سے سرتابی کئے بیٹھے ہیں تو ان کے دل میں ندامت کا احساس پیدا کر دے تاکہ وہ پھر میرے رفیق بن جائیں اور رات دن میرے کاروبار کی بجا آوری میں مصروف رہیں۔

لشکر ستھانہ کے درے میں پہنچا تو بارش کے باعث اتنا پانی آیا ہوا تھا کہ گذرنے کی کوئی صورت نہ تھی، ناچار وہاں بیٹھ کر پانی کم ہونے کا انتظار کیا گیا۔ اس اثناء میں اتمان زئیوں کو لشکر کے آنیکی خبر مل گئی۔ جو لوگ شہزادے کے حامیوں میں سے تھے، وہ خیر مقدم کی تیاریاں کرنے لگے۔ جنہیں مخالفت پر اصرار تھا، وہ اہل و عیال اور سامان لے کر کشتیوں میں بیٹھے اور دریا عبور کر کے تربیلہ پہنچ گئے، جو کھبّل کے سامنے انگریزی علاقے کا مشہور مقام ہے۔

سید عبدالجبار شاہ لکھتے ہیں کہ شہزادے نے کھبّل کے شمال میں دریا کے متصل غازی شاہ کی پہاڑی پر ایک قلعہ تیار کرلیا، اتمان زئی قوم نے اطاعت قبول کر لی، لیکن مخالف پارٹی کے لوگوں کے علاوہ بعض اتمان زئی ملک بھی کیا کھبّل سے نکل کر تربیلہ چلے گئے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ وہ واقعی شہزادے کے مخالف تھے یا اس وجہ سے سراسیمہ تھے کہ انگریزوں نے باز پرس کی تو کیا جواب دیں گے۔

انگریزوں کے پاس شکایتیں

بیان کیا جاتا ہے کہ اسی زمانے میں ایک انگریز افسر دورے پر تربیلہ آیا ہوا تھا، اس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے کیا کھنبل کے پناہ گزینوں کی شکایتیں سنیں اور حالت دیکھی تو بہت متاثر ہوا، چنانچہ اس نے حکومت کے پاس جو رپورٹ بھیجی وہ خاصی مبالغہ آمیز تھی۔ پھر انہیں پناہ گزینوں نے اپنی فریاد کو زیادہ مؤثر بنانے کیلئے امب بھی قاصد بھیج دیے اور لکھا کہ کیا کھنبل سے فارغ ہونے کے بعد شہزادے کا پہلا حملہ امب (۱) پر ہوگا۔ نواب جہانداد خاں کا انتقال ہو چکا تھا، ان کے فرزند نواب محمد اکرم خاں کی عمر صرف تیرہ چودہ سال کی تھی۔ جن لوگوں کے ہاتھ میں نظمِ ریاست کی باگ ڈور تھی، وہ مذکورۂ بالا پیغام سے اس درجہ ہراس زدہ ہوئے کہ اپنا سب کچھ اٹھا کر نکلے اور دریا عبور کر کے دربند پہنچ گئے۔ انہوں نے بھی انگریزوں کو لکھا کہ ہماری حفاظت کا بندوبست ہونا چاہئے۔ اس طرح انگریزوں کو مداخلت کے لئے بظاہر معقول بہانہ مل گیا۔

انگریزی موقف کی حیثیت

اس حقیقت کو نظر انداز نہ کرنا چاہئے کہ یہ معاملہ ایسے علاقے کا تھا جو مقررہ انگریزی حدود سے باہر تھا۔ وہاں مختلف قبیلے اور گروہ آپس میں جھگڑتے بھی رہتے تھے اور صلح بھی کر لیتے تھے۔ شہزادہ مبارک شاہ نے اگر کیا کھنبل پر یورش کی بھی تو انگریز اصولاً یا اخلاقاً اس میں دخل نہ دے سکتے تھے۔ نیز امب والوں کے ہراس کیلئے تو کوئی بعید از قیاس وجہ بھی موجود نہ تھی، کبھی ان سے لڑائی نہ کی تھی، خواہ مخواہ ایک فرضی ہوا کھڑا کر کے فریاد و فغاں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔

پھر معاملے کا ایک اور پہلو بھی تھا۔ فرض کر لیجئے کہ شہزادے کا یہ اقدام درست نہ تھا لیکن اس سے حکومت انگلشیہ کیلئے کونسا خطرہ پیدا ہوا تھا؟ انگریز صبر و تحمل سے کام لیتے تو

(۱) یہاں امب سے مراد امب قدیم نہیں، جو ستھانہ سے تین چار میل شمال میں ہے۔ سکھائی میں یہ امب برباد ہو گیا تو اس کی جگہ ایک چھوٹا سا موضع بن گیا اور امب کا مرکز حکومت بلوچ گڑھ میں منتقل ہو گیا، جو امب قدیم سے تین میل شمال میں ہے۔ اسی کو عام لوگ امب کہنے لگے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خط و کتابت اور نامہ و پیام کے ذریعے سے پناہ گزینوں کیلئے واپسی اور اہل امب کے لئے اطمینان و دلجمعی کا بندوبست کرا سکتے تھے، لیکن انہوں نے معاملات کو گفت وشنید سے سلجھانے کے بجائے جنگ کا فیصلہ کرلیا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ پہلے سے جنگ ہی کا ارادہ کئے بیٹھے تھے، البتہ انہیں انتظار تھا کہ کوئی اچھا بہانہ ہاتھ آ جائے، نیز کون کہہ سکتا ہے کہ پناہ گزیں انہیں کی شہ پر ترہیلہ نہ آئے ہوں اور اہل امب انہیں کی انگیخت پر مہاجر بن کر در بند نہ پہنچے ہوں؟

ستھانہ میں قلعے کی تعمیر

شہزادے نے کیا کھبّل میں دفاعی انتظامات سے فراغت پائی تو ستھانہ کی آبادی پر توجہ کی، چونکہ تمام معاملات مصالحت سے روبراہ ہو چکے تھے، لہٰذا اس نے عفوِ عام کا اعلان کرادیا اور کسی کے مال کو خفیف سا بھی نقصان نہ پہنچایا۔ اتمان زئی اس حسن سلوک سے بے حد خوش ہوئے۔ یہ دیکھ کر شہزادے نے ان سے کہا کہ اب ستھانہ کی آبادی کا انتظام بھی ہونا چاہئے۔ اتمان زئیوں کی تین شاخیں ہیں: الازئی، کنازئی اور اکازئی۔ قلعے کے چار پہلو ہوتے ہیں، مناسب یہ ہے کہ قلعہ ستھانہ کے تین پہلوؤں کی تعمیر کا ذمہ یہ تین شاخیں اٹھائیں اور چوتھے پہلو کی تعمیر کا انتظام اہل برگ کریں، جو ستھانہ کے قریب پہاڑوں میں ایک مقام ہے۔ چنانچہ اسی تجویز کے مطابق قلعہ تعمیر ہوا اور ستھانہ کی آبادی کا بندوبست ہونے لگا۔

انگریزوں کی غلط بیانیاں

انگریزوں نے اس واقعے کے متعلق جتنی بھی کتابیں لکھی ہیں، ان سب میں صورتِ حال کو سراسر غلط طریقوں پر پیش کیا گیا ہے، مثلاً:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱- مجاہدین ملکا چلے گئے تھے۔ ۱۸۶۳ء میں انہوں نے ستھانہ پر دوبارہ قبضہ کرلیا۔ جدونوں اور اتمان زئیوں نے روکنے کی کوئی کوشش نہ کی، لہٰذا انکی ناکہ بندی کی گئی، لیکن اس سے متوقع نتیجہ نہ نکلا۔ مجاہدین نے کھلم کھلا معاندانہ حرکتوں کا ارتکاب شروع کردیا۔ ضروری ہوگیا کہ سرحد کو اس مصیبت سے نجات دلانے کیلئے مؤثر کوشش کی جائے۔ (۱)

۲- ۱۸۶۳ء کے موسم بہار میں قتل کی دو وارداتوں کی اطلاع ملی، پھر خبر پہنچی کہ مجاہدین نے یکا یک ستھانہ پر قبضہ کرلیا ہے۔ قبائل نے نہ محض انہیں روکنے کی کوشش نہ کی بلکہ بعض نے اس قبضے کے لئے دعوت دی۔ (۲)

۳- ۱۸۵۸ء میں ستھانہ کی تباہی کے بعد مجاہدین ملکا چلے گئے۔ تین سال اطمینان سے گزار دینے کے بعد آس پاس کے علاقے کا امن خلل پذیر ہوا، برطانوی مقبوضات کے حواشی پر جو قبیلے آباد تھے، ان میں سے بھی بعض ان کے ساتھ شریک ہوگئے۔ (۳)

۴- مہم امبیلہ کا مقصد یہ تھا کہ ان مجاہدین اور آزاد قبیلوں کو سزا دی جائے جو مدت سے ہمارے سرحدی اضلاع میں چھاپے مار رہے تھے۔ (۴)

۵- ۱۸۶۲ء میں مجاہدین کی تعداد اتنی بڑھ گئی تھی کہ حکومت پنجاب کیلئے سرحدی جنگ کے مشورے کے سوا چارہ نہ رہا۔ جولائی ۱۸۶۳ء میں مجاہدین نے دیدہ دلیری سے ستھانہ پر دوبارہ قبضہ کرلیا اور ہمارے ماتحت والی امب کو دہشت انگیز پیغامات بھیجے۔ (۵)

جو کچھ آپ اوپر پڑھ چکے ہیں، کیا اس میں ہندوستانی مجاہدین کا کوئی ذکر ہے؟ بے شک مجاہدین شہزادے کے رفیق و معاون تھے، لیکن اتمان زئیوں پر لشکر کشی کا ذمہ دار

(۱) ہنٹر کی کتاب، ص: ۱۶۸

(۲) وائلی کی کتاب، ص: ۸۱

(۳) نیویل کی کتاب، ص: ۵۰

(۴) جان ایڈائی کی کتاب ستھانہ (تمہید)

(۵) ہنٹر کی کتاب، ہمارے ہندوستانی مسلمان، ص: ۱۸-۱۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صرف شہزادہ تھا اور یہ لشکر کشی اتمان زئیوں کی اکثریت کے حسبِ خواہش ہوئی تھی، اور خاص اس سلسلے میں کسی کو کوئی جانی یا مالی نقصان نہ پہنچا تھا۔ ستھانہ میں قلعہ تعمیر کرانے کا ذمہ دار شہزادہ تھا۔ لیکن انگریزوں نے خواہ مخواہ سارے معاملے کیلئے مجاہدین کو مجرم گردان لیا، اور یہ تہمت بھی لگادی کہ وہ والیٔ امب کو دھمکا رہے تھے۔ بے شک وہ انگریزوں کے دشمن تھے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ بے تکلف تاریخی واقعات کا حلیہ بگاڑنا جائز سمجھ لیا جائے اور کسی بے سروپا اقدام کو درست ثابت کرنے کیلئے غلط بیانوں سے کام لیا جائے۔

ایک اور بیان

جنگِ امبیلہ کے وجوہ واسباب کی نسبت ایک اور بیان خاص توجہ کا محتاج ہے، جو سیٹھی صاحب کے قلم سے پنجاب یونیورسٹی ہسٹاریکل جرنل میں شائع ہوا تھا، اور اس کی ترتیب میں حکومت پنجاب کے پرانے ریکارڈز سے استفادہ کیا گیا تھا۔ اس میں بعض نئی باتیں آ گئی تھیں، مثلاً:

۱- شہزادہ مبارک شاہ اور مجاہدین نے والیٔ امب کو بھی ایک دعوت نامہ بھیجا تھا، جس کا مضمون یہ تھا کہ ہر سچے مسلمان کو غیر مسلموں کا ساتھ چھوڑ کر دین کے لئے قربانیوں پر آمادہ ہونا چاہیے۔

۲- مجاہدین نے ٹوپی کے انگریزی کیمپ پر ۳ر ستمبر ۱۸۶۳ء کو چھاپا مارنے کی کوشش کی تھی۔ ملک عیسیٰ جدون ان کے ساتھ تھا۔ لیکن انگریزوں کو پہلے سے اطلاع ہوگئی تھی، لہٰذا دو جانوں کے سوا کوئی نقصان نہ ہوا۔

۳- چونکہ ابتداء میں سادات ستھانہ اور مجاہدین کا یہ خیال تھا کہ انگریز ستھانہ پر حملہ کرنا چاہتے ہیں، اس لئے انہوں نے ستھانہ کے سامنے دریا کے دائیں کنارے پر دفاعی مورچے بنالئے تھے۔ جب معلوم ہوگیا کہ انگریز ملکا پر پیش قدمی کے خواہاں ہیں تو اگرچہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سادات اور مجاہدین کی بڑی جنگی قوت ستھانہ سے ملکا کی طرف چلی آئی، تاہم پہلے مورچے بدستور قائم رہے اور وقتاً فوقتاً نواگراں کی انگریزی چوکی پر گولیاں آتی رہیں۔(۱)

۴۔ حملے کے متعلق انگریز افسروں کی تجاویز مختلف تھیں۔ رینل ٹیلر کمشنر کی رائے یہ تھی کہ ایک فوج جدونوں کے علاقے سے گذر کر ملکا پہنچے، یا وہ راستہ اختیار کیا جائے جو ۱۸۵۸ء میں منگل تھانہ پہنچنے کیلئے اختیار کیا گیا تھا۔ دوسری فوج دریا کے دائیں کنارے سے بڑھے اور ستھانہ کے آس پاس دونوں فوجیں مل جائیں۔ پنجاب کے گورنر کی تجویز یہ تھی کہ فوج کے دو حصے مہابن پہاڑ کی دونوں سمتوں سے اس طرح بڑھیں کہ پہاڑ کو گھیرے میں لے لیں۔ مرکزی حکومت کا خیال یہ تھا کہ ستھانہ پر توجہ بے شک مرتکز رہے، لیکن فوج کا بڑا حصہ منگل تھانہ اور ملکا کی طرف ایسے انداز میں پیش قدمی کرے کہ مجاہدین برندونڈی کی طرف نہ ہٹ سکیں۔ جنرل وائلڈ کی خواہش یہ تھی کہ جو بھی طریقہ اختیار کیا جائے اس میں مجاہدین کی تباہی کا مقصد خاص طور پر پیش نظر رکھا جائے۔(۲)

---

(۱) نواگراں ستھانہ کے عین سامنے دریائے سندھ کے بائیں کنارے پر واقع ہے۔ اسی گاؤں کے گھاٹ سے کشتی میں دریا کو عبور کر کے ستھانہ جاتے ہیں۔

(۲) پنجاب یونیورسٹی ہسٹاریکل جرنل بابت دسمبر ۱۹۳۳ء، نیز ملاحظہ ہو جرنل پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی بابت اپریل ۱۹۵۳ء۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

جماعت مجاہدین اور اخوند صاحبِ سوات

ڈاکٹر بیلیو کی رپورٹ

اب آگے بڑھنے سے پیشتر یہ دیکھ لینا چاہئے کہ جنگِ امبیلہ شروع ہونے کے وقت مجاہدین کی کیفیت کیا تھی۔ حسن اتفاق سے ہمیں ایک ایسا بیان مل گیا ہے جو اگرچہ اجنبی بلکہ مخالف ہے، تاہم اسے پیشِ نظر رکھتے ہوئے صحیح نتیجے پر پہنچنے میں ہمیں خاصی مدد مل سکتی ہے۔ یہ ڈاکٹر بیلیو کا بیان ہے، جس نے غالباً ۶۲-۱۸۶۱ء میں یوسف زئی علاقے کے متعلق ایک مفصل رپورٹ پیش کی تھی۔ یہ اگرچہ جنگِ امبیلہ کے بعد ۱۸۶۴ء میں چھپی، لیکن مرتب اس سے پیشتر ہو چکی تھی۔ اسلئے کہ جنگ کے متعلق اس میں اشارہ تک موجود نہیں۔

عمومی کیفیت

بیلیو لکھتا ہے کہ مجاہدین کی تعداد بارہ سو اور چودہ سو کے درمیان ہوگی۔ یہ لوگ تقریباً سب کے سب ہندوستانی ہیں، ان میں سے زیادہ تر بنگال خصوصاً ڈھاکہ، اودھ وسطی اور شمالی و مغربی صوبوں، نیز زیریں پنجاب کے ہیں۔ ان کا نصب العین یہ ہے کہ اسلام کو ہندوستان میں از سرِ نو پوری شان و عظمت سے قائم کر دیں۔ وہ اپنے موجودہ حلقۂ توطن میں عین شریعت کے مطابق زندگی بسر کرتے ہیں۔ انہوں نے فوجی تنظیم اختیار کر رکھی ہے، ان کے پاس ہتھیار بھی خاصے ہیں۔ دو چھوٹی توپیں بھی ہیں۔ (۱)

(۱) یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ (انگریزی) ص: ۹۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سید احمد شہید نے مجاہدین کو مختلف جماعتوں میں بانٹ دیا تھا، جن کیلئے الگ الگ سالار مقرر فرما دیئے تھے۔ پھر ہر جماعت بیس بیس پچیس پچیس کی ٹکڑیوں میں منقسم تھی، جنہیں مجاہدین کی اصطلاح میں بہیلے کہتے تھے۔ سید صاحب کے زمانے میں جماعتوں کی تعداد آٹھ سے متجاوز نہ ہوئی۔ ڈاکٹر بیلیو کا بیان ہے کہ مولانا عبداللہ کے عہد میں مجاہدین کی دس جماعتیں تھیں، جن میں نو ہندوستانیوں کی تھیں اور ایک مقامی اصحاب کی۔ ان کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

دس جماعتیں

۱- جمعیت میاں عثمان، جس میں ایک سو بیس مجاہد تھے۔ ان کے پاس بیس ٹوپی دار بندوقیں تھیں اور دس چقماقی۔

۲- جمعیت مولوی شریعت اللہ، جو ڈیڑھ سو مجاہدین پر مشتمل تھی۔ ان کے پاس تیس ٹوپی دار بندوقیں تھیں، دس چقماقی اور توڑے دار۔ بہ لحاظ تعداد یہ سب سے بڑی جمعیت تھی۔

۳- جمعیت عبدالغفور، اس میں ایک سو تیس مجاہد تھے۔ اس جمعیت میں تیس ٹوپی دار بندوقیں تھیں، اور بیس توڑے دار۔ یہ خاص مولانا عبداللہ کی جمعیت تھی، لہٰذا اسے سرکاری جمعیت کہا جاتا تھا۔ یہ پوری کی پوری بنگالیوں پر مشتمل تھی۔

۴- جمعیت قائم خاں، اس میں ایک سو تیس مجاہد تھے۔ ان کے پاس چھ ٹوپی دار بندوقیں تھیں اور بیس توڑے دار۔ مجاہدین کی یہ سب سے پرانی جماعت تھی، اور اسے ''ہندی جمعیت'' کہا جاتا تھا۔ اس لئے کہ یہ صرف ہندوستانیوں پر مشتمل تھی۔

۵- جمعیت نجف خاں، ایک سو تیس مجاہد۔ پندرہ ٹوپی دار بندوقیں اور بیس توڑے دار۔ اس میں نصف بنگالی تھے اور نصف ہندوستانی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۶- جمعیت نعیم الدین، ایک سو پچیس مجاہد، چھ ٹوپی دار بندوقیں اور بیس توڑے دار۔ اس میں زیادہ بنگالی تھے۔

۷- جمعیت منشی طفیل اللہ، ایک سو مجاہد، دس ٹوپی دار بندوقیں اور بیس توڑے دار۔ یہ نئی جمعیت کہلاتی تھی۔

۸- جمعیت منشی بصیر الدین، ایک سو مجاہد، چھ ٹوپی دار بندوقیں اور بیس توڑے دار۔

۹- جمعیت مولوی ابراہیم، ایک سو تیس مجاہد، چار ٹوپی دار بندوقیں اور بیس توڑے دار۔

۱۰- جمعیت بہرام الدین بونیری، اس میں صرف چالیس مجاہد تھے اور ان کے پاس بندوق کوئی نہ تھی۔ اسے دیسی جمعیت کہتے ہیں، جس میں ہزارہ، بونیر اور درمیانی کوہستانی علاقے کے باشندے شامل تھے۔(۱)

تبصرہ

ڈاکٹر ہیلیو کا یہ بیان یقیناً کسی معتبر جاسوس کی فراہم کردہ اطلاعات پر مبنی ہوگا۔ سالاروں میں سے بعض آدمی ایسے ہیں جن کا ذکر مقدمہ انبالہ میں ایک سے زیادہ مرتبہ آیا۔ مثلاً جمعدار شریعت اللہ جو رام پور بلیا کے رہنے والے تھے۔ جمعدار نعیم الدین جن کا وطن جیسور (بنگال) تھا۔ جمعدار نجف خاں، جو ہندوستانی تھے اور مجاہدین کو قواعد کرایا کرتے تھے۔ جمعدار میاں عثمان ساکن بنگال، جمعدار مولوی ابراہیم (۲) منشی طفیل اللہ یا طفیل علی (۳) مولوی بصیر الدین، مولوی فیاض علی عظیم آبادی کا دوسرا نام تھا۔ بعض ایسے نام ترک کر دیئے ہیں، جو جنگِ امبیلہ کے سلسلے میں بہ طور خاص قابل ذکر تھے، مثلاً

(۱) یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ (انگریزی) ص: ۱۱۰

(۲) روئداد مقدمۂ انبالہ (انگریزی) ص: ۶۱

(۳) روئداد مقدمۂ انبالہ (انگریزی) ص: ۷۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جمعدار ناصر محمد اور جمعدار کلیم الدین، جیسا کہ آگے چل کر بیان ہوگا، لہٰذا ان معلومات کو مکمل نہیں سمجھا جا سکتا۔

اس حقیقت میں کوئی شبہ نہیں کہ مجاہدین کے پاس ہتھیار زیادہ نہ تھے بلکہ سید صاحب کے زمانے میں بھی مختلف لوگ تلواروں، گنڈاسوں اور کلہاڑیوں سے کام لینے پر مجبور ہوتے تھے۔ تاہم بیلیو کے بیان میں ٹوپی دار، توڑے دار اور چقماقی بندوقوں کی جو کیفیت بتائی گئی ہے، وہ یقیناً نظرِ ثانی کی محتاج ہے۔ ایک اور نکتہ قابلِ توجہ ہے اور وہ یہ کہ بندوقوں کی تعداد زیادہ فرض کر لینے کے باوجود یہ کتنا حیرت انگیز واقعہ ہے کہ اتنے تھوڑے آدمیوں نے اتنے معمولی سامانِ جنگ کے ساتھ طویل مدت تک برطانیہ جیسی کثیر الوسائل حکومت کو خوفناک پریشانیوں میں مبتلا رکھا۔ اس سے مجاہدین کی ایمانی قوت کا اندازہ بخوبی ہو سکتا ہے۔ یہ اسلامی تعلیم کا عملی نمونہ تھا، جو ان بزرگوں نے مسلمانانِ ہند کے سامنے پیش کیا۔ سوچئے کہ اگر بارہ چودہ سو مسلمان بے سروسامانی کے باوجود قوتِ ایمان سے کام لے کر یہ دل افزوں مناظر پیش کر سکتے تھے تو کروڑوں مسلمان اسلام کی پاک تعلیم کے عملی پیکر بن کر کیا کچھ نہیں کر سکتے تھے؟

بیلیو کی غلط بیانیاں

بیلیو نے اپنی کتاب میں بعض ایسی باتیں بھی درج کر دی ہیں جو بداہتاً غلط ہیں، مثلاً وہ لکھتا ہے کہ:

۱- مجاہدین اپنی اعلیٰ جنگی تنظیم کی بنا پر قبائل میں اپنی حیثیت بحال رکھ سکے اور وہ روپے دے کر کسی ایک فریق کو ساتھ ملا لیتے تھے۔

۲- ان میں اکثر ان پڑھ، صناع اور مزدور تھے، جنہیں امام مہدی کی حکمرانی کی برکات کا فریب دے کر گھروں سے ہزاروں میل دور پہنچا دیا گیا تھا۔ بعض مکار و عیار یا مجرم تھے، جو بھاگ کر یہاں پہنچ گئے تھے، البتہ بعض

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خالص مذہبی جذبے کی بنا پر ان میں شامل ہوئے تھے۔(۱)

بلاشبہ مجاہدین کی جنگی تنظیم کو مثالی حیثیت حاصل تھی، لیکن نہ قبائل پر اثر ورسوخ جنگی تنظیم کا نتیجہ تھا اور نہ مجاہدین کی سرگزشت سے اس کی تصدیق ہوتی ہے کہ قبائل پر انہیں لامتناہی اثر ورسوخ حاصل تھا۔ اس کے برعکس وہ ہر نازک موقع پر قبائل کے ظلم وجور کا ہدف بنتے رہے، جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔ ان کے پاس اتنے پیسے بھی نہ تھے کہ کسی پٹھان قبیلے کی حرصِ زر کے لئے سامانِ تسکین بہم پہنچا سکتے۔ باقی رہا دوسرا اعتراض تو یقیناً کسی جماعت کے تمام لوگوں کی ذہنی سطح یکساں نہیں ہوتی۔ بعض اصحاب کے قدم سیلِ ابتلا میں ڈگمگا بھی گئے، لیکن عام مجاہدین اپنے نصب العین اور اس کے حصول کیلئے ایثار وقربانی میں برابر قائم واستوار رہے۔

اخوند صاحب سوات

جنگِ اسیلہ میں اخوند صاحب سوات کو بھی بڑی ممتاز حیثیت حاصل تھی، لہٰذا ان کے حالات بھی یہاں بیان کر دینا ضروری ہے۔ اخوند صاحب کا اسم گرامی عبدالغفور تھا، یہ سواتِ بالا کے ایک مقام جبڑئی میں ۱۷۹۷ء کے آس پاس پیدا ہوئے۔ ان کے نسب کی بحث چھیڑنا غیر ضروری ہے۔ بہر حال وہ ایک غیر معروف گھرانے کے چشم وچراغ تھے۔ ابتدا ہی سے طبیعت ذکر وفکر اور زہد واتقاء کی طرف مائل تھی۔ اٹھارہ سال کی عمر میں گھر سے نکلے، کچھ مدت برم گولہ (سوات) اور گوجر گڑھی (یوسف زئی) میں رہے۔ دو ڈھیر میں صاحبزادہ محمد شعیب سے بیعت کی، ہنڈ کے پاس ہیکی میں دریائے سندھ کے کنارے بارہ سال ریاضتوں میں گزارے۔ سید احمد شہید سے بھی ملاقات کی اور ان کے سری مشوروں میں شریک رہتے تھے۔ خادے خاں رئیس ہنڈ کو اخوند صاحب سے بڑی

(۱) یوسف زئیوں کے متعلق عام رپورٹ (انگریزی) ص:۱۰۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عقیدت تھی۔ سید صاحب کے عزمِ یورشِ اٹک کا راز اخوند صاحب کو معلوم تھا اور انہوں نے خانِ ہنڈ کو سید صاحب کا مخلص سمجھتے ہوئے یہ راز بتا دیا۔ خانِ ہنڈ نے سکھوں کو قبل از وقت خبردار کر دیا۔ اٹک کے جو مسلمان شہر اور قلعے کو مجاہدین کے حوالے کر دینے کی تیاریوں میں شریک تھے، انہیں خوفناک سزائیں جھیلنی پڑیں اور پنجاب پر کامیاب اقدام کی اسکیم ابتدائی مراحل ہی میں ناکام ہوگئی۔ اخوند صاحب کو اپنی اس نادانستہ حرکت پر اتنی ندامت محسوس ہوئی کہ بیکی سے نکل کر مدت تک روپوش رہے۔ غالباً سید صاحب کی شہادت کے بعد زیارتِ غلاماں میں ظاہر ہوئے۔ پھر کچھ دیر سلیم خاں میں رہے۔

امیر دوست محمد خاں کی امداد

۱۸۳۵ء میں امیر دوست محمد خاں نے پشاور کی بازیافت کے لئے سکھوں سے جنگ کا قصد کیا تو دوسرے دینی بزرگوں کے علاوہ اخوند صاحب سے بھی امداد کی درخواست کی۔ چنانچہ صاحب موصوف نیازمندوں کی خاصی بڑی جماعت کے ساتھ امیر کے پاس پہنچے اور امکانی مدد میں تامل نہ کیا۔ افسوس کہ امیر نے اس جنگ میں شکست کھائی۔ شکست کے بعد اخوند صاحب سوات چلے گئے، پھر سیدو (نزد منگورہ) میں اقامت اختیار کر لی، جہاں ان کے گزارے کے لئے عقیدت مندوں نے زمینیں نذر کر دیں۔ وہیں پکی خیل کے قبیلۂ اکوزئی میں نکاح کیا، جس سے دو بچے پیدا ہوئے۔ ۱۸۷۷ء میں وفات پائی۔ ان کی وجہ سے سیدو خاص شہرت کا مالک بن گیا اور آج کل سوات کا مرکزِ حکومت ہے۔ اخوند صاحب کے پوتے میاں گل عبدالودود نے سوات کی بادشاہی کا منصب حاصل کیا اور اب میاں گل کا صاحبزادہ جہاں زیب سوات کا حکمراں ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

جنگِ امبیلہ کے مقدّمات

یورش کا فیصلہ

بہر حال انگریزوں نے یورش کا فیصلہ کرلیا اور اس کیلئے سرگرمی سے تیاریاں شروع کردیں۔ اس سلسلے کا ایک عجیب واقعہ یہ ہے کہ یورش کا فیصلہ پنجاب کے گورنر سر رابرٹ منٹگمری اور گورنر جنرل لارڈ ایلجن نے بہ طور خود کرلیا۔ سر ہیوروز (Hugh Rose) سپہ سالار کو اس مشورے میں شامل نہ کیا۔ جب اسے اطلاع دی اور اس نے بوجوہِ معقول تجویز سے اختلاف کیا تو اس کے اختلاف کو قابلِ توجہ نہ سمجھا گیا۔

یورش کا فیصلہ کرتے ہی ایک طرف تربیلہ سے در بند تک دریائے سندھ کے ساتھ ساتھ فوجیں پھیلا دی گئیں، دوسری طرف سر رینل ٹیلر (Reynell Taylor) کے زیرِ اہتمام ٹوپی اور میئنی میں لشکر کا اجتماع شروع ہوگیا، جو ہیو جیمس (Hugh James) کی جگہ پشاور کا عارضی کمشنر مقرر ہوا تھا۔ اس نے تمام خوانین کو جمع کرکے مشورے شروع کردیے۔

ایک روز کمشنر مقامی خوانین اور فوج کو ساتھ لے کر ٹوپی سے کیا کھبل کی طرف روانہ ہوا تاکہ خود حالات کا معائنہ کرے۔ گیارہ بارہ سے آگے آزاد علاقہ تھا۔ یہ لوگ بے خیالی سے اس علاقے میں چلے گئے۔ شہزادے کے آدمیوں نے قلعے سے انہیں دیکھا تو مقابلے کیلئے نکل پڑے۔ یہ دیکھتے ہی کمشنر اور اس کے ساتھی پیچھے کی طرف بھاگے۔ اسمٰعیلہ کا خان آگے آگے جا رہا تھا، افراتفری میں اس کا گھوڑا دریا میں گر گیا، لیکن

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شہزادے کے آدمیوں نے اسے کوئی نقصان نہ پہنچایا۔

ستھانہ سے ملکا

ابتدا میں انگریزی افواج کا اجتماع دیکھ کر یہی سمجھا جاتا تھا کہ ستھانہ پر حملہ ہونے والا ہے، لیکن خوانین اور قبائل سے کمشنر نے جو مشورے کیے اُن سے آشکارا ہو گیا کہ انگریزوں کی اصل منزلِ مقصود ملکا ہے۔ جب اس میں کوئی شبہ نہ رہا تو شہزادے نے اتمان زئیوں کے رؤسا کو بلا کر کہہ دیا کہ اب ہم ملکا جاتے ہیں، آپ لوگ اطمینان سے بیٹھے رہیں۔ اگر ہم زندہ رہے تو خود آ کر سارا کاروبار سنبھال لیں گے، اگر اپنی آزادی کی حفاظت میں مارے گئے تو آپ کو حالات کے اعتبار سے جو کچھ مناسب نظر آئے کر لینا، ہم اپنے بچاؤ کے لئے لڑ رہے ہیں، غیر کا پاؤں کسی کے گھر میں جم جائے تو نیکی اور حسن سلوک کی توقع نہ رکھنی چاہئے۔ اگر انگریزوں نے ہمارے کوہستانی علاقے پر جبراً قبضہ کر لیا تو گرد و پیش کے تمام مسلمانوں کی حیثیت کمزوری اور ناتوانی میں چیونٹیوں کی سی رہ جائے گی۔(۱)

اقدام کی پہلی تجویز

مولوی عبدالحق صاحب آردی نے اس سلسلے میں بعض ایسے حالات لکھے ہیں جو انگریزوں کی مرتب کی ہوئی کسی کتاب میں بیان نہیں ہوئے اور مولوی صاحب موصوف ان واقعات کے چشم دید گواہ تھے، لہٰذا سب سے پہلے یہ نئے حالات پیش کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

موصوف فرماتے ہیں: کمشنر نے ابتدا میں خوانین کو اس امر پر مجبور کیا کہ جدونوں سے کہہ کر ملکا تک جانے کی اجازت لے دیں۔ ٹوپی سے اوپر کا کوہستانی علاقہ سالار

(۱) غزوۂ بیر، ص ۷۵-۷۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جدونوں کا تھا اور اس سے ملا ہوا بہ جانب مغرب منصور جدونوں کا۔ انگریزی فوجیں سالار جدونوں کے علاقے سے گذر کر آستانہ داروں کے علاقے میں پہنچ جاتیں جو جدونوں کے تابع تھے۔ اس سے آگے امازئی کا پرگنہ تھا، جس کا خان موزہ خاں والیٔ امب کا دوست اور مواجب خور تھا۔ اس راستے سے ملکا پہنچنا نسبتاً سہل تھا۔ بہادر جدونوں کی دونوں شاخوں نے اجازت دینے سے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ ہم غریب کاشتکار اور بے علم لوگ ہیں، لیکن کسی کی فوج کو اپنے علاقے میں داخل نہیں کر سکتے۔ دوسرے ہم مسلمان ہیں اور مسلمان بھائیوں کو برباد کرنے کا ذریعہ نہیں بن سکتے، خصوصاً شہزادہ ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم کی آل ہے۔ ہم اسے اپنا سرتاج سمجھتے ہیں، کوئی اور راستہ تلاش کیجئے، ہمارے علاقے کا رخ کیا جائے گا تو ہم مقابلے پر مجبور ہو جائیں گے۔

شہزادے کے دفاعی انتظامات

شہزادے نے ملکا پہنچتے ہی مولانا عبداللہ امیر مجاہدین کے مشورے سے یہ فیصلہ کر لیا کہ سمہ کی طرف سے ملکا آنے کے جتنے راستے ہیں، ان سب کو ناقابل گذر بنا دینا چاہئے تاکہ اگر کوئی قبیلہ انگریزوں کو راستہ دینے پر آمادہ ہو جائے تو اس صورت میں بھی ملکا پہنچنا آسان نہ رہے۔ چنانچہ مقامی اور گردونواح کے گوجروں کو تاکید کر دی گئی کہ کلہاڑے لیں اور تمام پرانے درخت کاٹ کاٹ کر جا بجا راستوں میں ڈال دیں، نیز جہاں جہاں مناسب سمجھیں خس و خار پھیلا دیں۔ تمام راستوں میں گہری خندقیں کھودنے کا انتظام بھی کر دیا گیا۔ غرض ضروری دفاعی انتظامات میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا گیا۔ (۱)

(۱) غزائے پیشاور، ص: ۷۷-۷۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خوانین کی مجبوری

انگریزی علاقے کے خوانین کمشنر کے احکام سے سرتابی نہ کر سکتے تھے، لیکن ان سب کے دل ان تدابیر پر راضی نہ تھے، جو انگریز ملکا کی تباہی کیلئے اختیار کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ وہ مشوروں کے دوران میں دل کی باتیں بھی وقتاً فوقتاً کہہ جاتے تھے۔ ٹوپی کے رئیس فضل خاں اتمان زئی نے ایک روز کمشنر سے صاف کہہ دیا کہ آپ اتنی بڑی سلطنت کے مالک ہونے کے باوجود غریب کاشتکاروں کے پیچھے پہاڑوں میں کیوں دوڑتے پھرتے ہیں؟ اگر انہیں برباد کر دیا تو اس میں آپ کی کونسی عزت اور نیک نامی ہوگی؟ اور اگر آپ نے شکست کھائی تو ساری دنیا میں بدنام ہو جائیں گے۔ بہتر یہی ہے کہ ان سے اعراض کیا جائے۔ (۱) کمشنر کو یہ رائے پسند نہ آ سکتی تھی، لیکن کرتا کیا، پیچ و تاب کھا کر رہ گیا۔ جدونوں کا انکار ان کیلئے شدید خطرات کا موجب تھا۔ انکے متعدد دیہات انگریزی گولہ باری کی زد میں تھے، لیکن وہ خطرات سے بے پرواہو کر انکار پر قائم رہے۔ (۲)

اقدام کی دوسری تجویز

جدون راستہ دینے پر کسی بھی صورت راضی نہ ہوئے تو کمشنر نے ٹوپی کے بجائے صوابی کو مرکز بنالیا۔ فیصلہ یہ کیا کہ خدوخیل کے پرگنے میں سے چنگلئی، کن گلئی اور کوتل اشرف کنڈو ہوتے ہوئے ملکا پہنچیں۔ ۱۸۵۸ء کی جنگ میں انگریزی فوجوں نے پنجتار، چنگلئی اور منگل تھانہ کی تباہی کے لئے یہی راستہ اختیار کیا تھا۔ خدوخیل میں سڑک کی تعمیر

(۱) غزائے بیر، ص: ۶۴-۶۵ و کتاب العمر ۃ، ص: ۳۶۳

(۲) سید عبدالجبار شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ انگریزی فوجیں تیار ہو کر جدونوں کے دیہات کی طرف بڑھیں لیکن عین آخری وقت میں واپس ہو گئیں، اس لئے کہ جدون مقابلے پر تلے بیٹھے تھے اور تیس پینتیس میل کا پہاڑی فاصلہ جس میں مسلسل چڑھائی تھی، لڑتے بھڑتے طے کرنا قرین مصلحت نہ تھا۔ ملاحظہ ہو "کتاب العمر ۃ" ص: ۳۶۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بھی شروع کردی، اور چنگلئی میں رسد کے گودام بھی قائم کردیے، جن میں اسلحہ، گولی بارود کے علاوہ اطراف سے غلہ بھی فراہم کیا جاتا تھا۔ مجاہدین کے دستوں نے دفاع میں یہ طریقہ اختیار کیا کہ جتنی سڑک بن جاتی، موقع ملتے ہی اسے توڑ دیتے۔ ایک رات انہوں نے چنگلئی پر شبخون مارا، لوگوں سے کہہ دیا کہ اگر تم انگریزوں کی رعایا ہوتے تو ہم تمہیں مجبور سمجھتے، لیکن تم آزاد علاقے کے رہنے والے ہو، پھر کیوں انگریزوں کا ساتھ دیتے ہو؟ اگر اُن کے طرف دار بننا چاہتے ہو تو صاف صاف بتادو۔ چنگلئی میں جو انگریزی کیمپ تھا اسے بھی برباد کرڈالا اور گوداموں کا جمع شدہ سامان بھی لوٹ لیا۔ سید عبدالجبار شاہ فرماتے ہیں کہ اخوندزادہ معراج دین ساکن برگ خود اس شبخون میں شریک تھا، اور اس نے مجھے واقعات کی پوری تفصیل سنائی تھی۔ اخوندزادہ کو اس شبخون میں ایک دونالی رائفل ہاتھ آئی تھی، جو اَب بھی موصوف کی اولاد کے پاس موجود ہے۔(۱) مجاہدین کے چھاپوں اور اہل خدوخیل کی ناسازگار روش کا اندازہ کرتے ہوئے کمشنر کو یہ تجویز بھی ترک کرنی پڑی۔

اقدام کی تیسری تجویز

اب صرف ایک راستہ رہ گیا اور وہ وادیٔ چملہ میں سے تھا۔ اس راستے کے سلسلے میں ضروری تھا کہ وادیٔ چملہ اور بونیر کے باشندوں کا تعاون حاصل کیا جاتا اور یقین دلا دیا جاتا کہ مقصود اُن پر یورش نہیں بلکہ ملکا پہنچنا اور مرکزِ مجاہدین کو تباہ کرنا ہے۔

اہل چملہ کو اطمینان دلانا مشکل نہ تھا، اس لئے کہ سمنہ کے اکثر رؤساء وخوانین کے املاک وادیٔ چملہ میں موجود تھے، مثلاً ہوتی، مردان، تورو، مایار کے کمال زئیوں، شیوہ، شیخ جانا، نواکلئی وغیرہ کے ارثڑوں، زیدہ، کنڈو، پنج پیر، مرغز، کھلابٹ، صوابی، مانیری،

(۱) کتاب العمرۃ، ص:۳۶۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

باجا بام خیل، سلیم خاں وغیرہ کے لوگوں کی اراضی چملہ کے مختلف دیہات میں تھیں۔(۱) یہ تمام خوانین انگریزوں کے ساتھ تھے، اور وہ خود اہلِ چملہ کو مطمئن رکھ سکتے تھے۔ البتہ بونیر کا معاملہ خاص توجہ کا محتاج تھا، جس کیلئے کمشنر نے سدّم کے رئیس اعظم عجب خاں سے بات چیت شروع کی۔

اہلِ بونیر سے بات چیت

عجب خاں کے چھوٹے بھائی عزیز خاں کی شادی خانِ ڈگر کی بہن سے ہوئی تھی، جو بونیر کا سب سے بڑا رئیس تھا۔ اس وجہ سے عجب خاں کو خوانین بونیر احترام کی نظروں سے دیکھتے تھے۔ اس نے کمشنر کے کہنے پر زید اللہ خاں، حبیب خاں اور عصیم خاں عاشہ زئی، احمد خاں نسوزئی اور خانِ بگڑہ کو یہ کہہ کر راضی کر لیا کہ چملہ کا انتظام وہ خوانین کر لیں گے جن کی اراضی اس وادی میں واقع ہیں۔ تمہاری طرف انگریزی فوج آئے گی ہی نہیں، پھر کیوں نہ روپیہ لے کر چپ چاپ بیٹھے رہو؟ انگریز وادیٔ چملہ میں سے ہوتے ہوئے ملکا کو تباہ کر دیں گے، تمہاری آزادی پر کوئی زد نہ پڑے گی۔ چنانچہ تیرہ ہزار روپے دے کر انہیں راضی کر لیا گیا۔(۲)

مولوی عبدالحق آروی کیا خوب فرماتے ہیں کہ خانِ بگڑہ نے جس کا نام احمد خاں تھا، حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ چھوڑ کر فرنگی کے ساتھ دشت پیمائی شروع کر دی۔ حبیب خاں نے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے بجائے رقیب کا دامن تھام لیا، عصیم آثم بن گیا۔

---

(۱) چملہ میں اراضی یقیناً اس غرض سے رکھی گئیں کہ اگر کسی موقع پر میدانی علاقہ دشمن کی یورش کا ہدف بن جائے اور مقابلہ ممکن نہ رہے تو یہ لوگ میدانی علاقے سے اٹھ کر بہ اطمینان محفوظ پہاڑی وادی میں جا بیٹھیں۔ پرانے زمانے میں ایسے پہاڑی مقامات پر حملہ کرنا آسان نہ تھا۔

(۲) غزائے پیشہ، ص: ۸۰تا۸۲۔ کتاب العمرت، ص: ۳۶۶، ۳۳۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خوانین کا لشکر

بعض خوانین نے کمشنر کے سامنے یہ تجویز بھی پیش کی کہ ہر خان اپنی حیثیت کے مطابق کم سے کم دس سوار اور چالیس پیادے فراہم کرے۔ یہ تجویز بھی منظور ہوگئی۔ اس طرح جو خاصا بڑا لشکر فراہم ہوا، اسے میدانی علاقے کے مختلف مقامات پر بٹھا دیا گیا اور کچھ آدمی انگریزی فوج کے آگے آگے چلنے کے لئے تجویز کر لئے گئے۔(۱) فوجوں کی روانگی کے ساتھ ہی انگریزوں نے خدوخیلوں، جدونوں، امازئیوں، مداخیلوں اور بونیر وال کے نام ایک اعلان شائع کیا، جس کا مضمون یہ تھا کہ کسی قبیلے کو کوئی نقصان پہنچانا منظور نہیں، صرف ہندوستانی مجاہدین کے مرکز تک پہنچنا مقصود ہے۔ وہاں تک سیدھا راستہ وہی ہے جو وادیٔ چملہ میں سے گذرتا ہے۔

یہاں پھر ایک مرتبہ اس حقیقت پر غور کر لیجئے کہ ''سری'' میں برج بنانے یا ستھانہ کو آباد کرنے یا اتمان زئیوں کو زیر تصرف لانے کا ذمہ دار شہزادہ مبارک شاہ تھا، تاہم انگریزوں نے اس سلسلے میں جو اقدامات شروع کیے، ان میں مجاہدین کو اولین ہدف بنالیا گیا، حالانکہ ان تمام سرگرمیوں میں ان کی حیثیت ثانوی تھی۔ وجہ یقیناً یہ تھی کہ شہزادے اور ساداتِ ستھانہ کے خلاف کوئی کارروائی قبائل کے نزدیک پسندیدہ نہ ہوسکتی تھی۔ مجاہدین چونکہ اجنبی تھے اور عام پٹھانوں کو جو قبائلی، نسلی اور خاندانی تعصبات میں ڈوبے ہوئے تھے، ہندوستانیوں سے کوئی خاص ہمدردی نہ ہوسکتی تھی۔ ظاہر ہے کہ برادری، قبیلے اور خیل کی محبت کے خوگر وسیع اسلامی مصلحتوں کو سمجھ ہی نہ سکتے تھے۔ ان کی نگاہوں میں وہ بلندی، حوصلوں میں وہ ہمہ گیری اور دلوں میں وہ کشایش پیدا ہی نہ ہوسکتی تھی جب تک قبائلی اور نسلی تعصّبات سے پاک نہ ہوتے۔

(۱) کتاب العمرۃ، ص: ۳۶۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجاہدین کا اعلانِ جہاد

اب اس سلسلے کا صرف ایک ضروری واقعہ رہ گیا اور وہ اعلانِ جہاد تھا، جو فارسی زبان میں مجاہدین کے امیر مولانا عبداللہ اور سید عمران شاہ ستھانوی کے دستخط سے خوانین اور اخوند سوات کے نام بھیجا گیا۔ اصل فارسی اعلان نہ مل سکا، مولوی عبدالحق نے اس کے صرف مطالب نظم کیے ہیں۔ نیویل نے اپنی کتاب میں اس کا انگریزی ترجمہ پیش کیا ہے۔ یہاں اس کا مفہوم اردو زبان میں پیش کیا جاتا ہے۔

حمد وثنا اور سلام مسنون کے بعد مرقوم ہے:

کفار کی ایک بڑی فوج اس غرض سے سلیم خاں، یار دسین اور شیخ جانا پہنچی ہے کہ اس ملک کو قتل و غارت کا ہدف بنائے۔ آپ کے لئے لازم ہے کہ اس اعلان کے دیکھتے ہی کمر ہمت باندھ کر چملہ پہنچ جائیں۔ اپنے رفیقوں اور عزیزوں کو بھی اطلاع دے دیں اور انہیں تیار کر کے ساتھ لائیں۔ ہم لوگ اپنی جمعیت کے ساتھ درے کی چوٹی پر قدم جمائے بیٹھے ہیں۔ آپ کو چاہئے کہ سرپٹی (۱) اور لنڈئی یعنی موضع چنگلئی پر آ بیٹھیں اور مضبوط مورچے بنالیں۔ ان ہدایات پر کاربند ہونے میں ایک لمحہ کی بھی تاخیر نہ کریں، اگر تاخیر ہوئی تو بدقماش کفار سارے کو ہستانی علاقے کو تباہ کر ڈالیں گے اور اسے اپنی سلطنت میں شامل کرلیں گے، خصوصاً چملہ، بونیر، سوات وغیرہ کے علاقوں کو (ہرگز نہ چھوڑیں گے)۔ پھر ہمارا مذہب اور ہمارے املاک غیروں کے ماتحت چلے جائیں گے، لہٰذا حبِ اسلام، اصولِ ایمان اور دنیوی منافع کو پیش نظر رکھتے ہوئے موقع ہاتھ سے نہ دیں۔ کفار بڑے عیار اور دغاباز ہیں، وہ ہر ممکن فریب سے کام لے کر ان پہاڑوں میں آئیں گے۔ لوگوں پر ظاہر کریں گے کہ ہمیں تم

(۱) سرپٹی اس پہاڑ کا نام ہے جو چملہ کو خدوخیل سے جدا کرتا ہے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے کوئی سروکار نہیں، ہمارا جھگڑا صرف ہندوستانیوں سے ہے، ہم تمہیں کوئی آزار نہ پہنچائیں گے، بلکہ کسی کا بال بھی بیکا نہ ہونے دیں گے اور ہندوستانیوں کے استیصال کے بعد واپس چلے جائیں گے۔ ملکی معاملات میں ہرگز دخل نہ دیں گے۔ وہ لوگوں کو روپے کا لالچ بھی دیں گے۔ آپ پر لازم ہے کہ ان کے فریب میں نہ آئیں، ورنہ وہ موقع پاتے ہی آپ کو بالکل تباہ کر دیں گے، دکھ پہنچائیں گے، گوناگوں بے عزتی کا ہدف بنائیں گے۔ آپکی ساری دولت اور املاک ہتھیالیں گے، اور آپکے دین کو تباہ کر ڈالیں گے۔ اس وقت کفِ افسوس ملنے کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ ہم آپ کو بہ طورِ خاص متنبہ کرتے ہیں۔ (۱)

اخوند صاحب کے نام خط

مولوی عبدالحق کے بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ عام اعلانِ جہاد کے علاوہ ایک خاص مکتوب اخوند صاحب سوات کو بھیجا گیا تھا، جس میں صاحب موصوف کی دین داری اور بزرگی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا تھا کہ خدا نے آپ کو دنیا میں برتری عطا کی ہے۔ فرنگی جنگ کے ارادے سے فوج لے کر ہماری طرف آیا ہے، وہ مسلمانوں کی تخریب کے درپے ہے۔ دربند، تربیلہ اور امب میں بھی اس کے لشکر بیٹھے ہیں۔ والیٔ امب اس کا فرمانبردار ہے۔ موزہ خاں امان زئی اس کے ساتھ اظہارِ اخلاص میں سرگرم ہے۔ ٹوپی اور مینئی کے رئیس بھی اس کے ہمراہ ہو گئے ہیں۔ جدونوں کو پیغامات بھیجے جا رہے ہیں:

رفاقت نمودن بہ تو ہست فرض		بدانی کہ بر تست مانند قرض
نہ بر تو کہ بر کلمہ گویانِ کُل		شدہ فرض بر دین جویانِ کُل
بہ آں شاہزادہ حمایت کنید		بہ دینِ پیمبرؐ رعایت کنید

(۱) یہ اس اعلان کا ترجمہ ہے جو احمد خاں رئیس بگڑہ کے نام تھا اور اس نے انگریزوں کے حوالے کیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کہ ایں ننگ دیں مومناں را سزاست		ز درگاہِ حق خود نیکی جزاست
نیارند گر اہل اسلام ننگ		بس از دستِ دشمن بگردند تنگ (۱)

اخوند صاحب نے یہ مکتوب پڑھ کر فرمایا۔

دریں وقت بے شک غزا ہست ایں		چو شد شاہزادہ سرِ مومنیں
امارت بہ شہزادہ آمد درست		کہ ہستند سادات سر از نخست (۲)

(۱) غزائے ہند، ص:۵۲تا۵۴۔

اشعار کا مفہوم یہ ہے کہ مسلمانوں کی رفاقت نہ صرف آپ پر بلکہ تمام کلمہ گویوں اور دین حق کے خیر خواہوں پر فرض ہے۔ آپ کو چاہئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی خاطر شہزادہ مبارک شاہ کی حمایت کریں۔ دین کی عزت کا پاس مومنوں کے لئے زیبا ہے۔ خدا کی بارگاہ سے اس نیکی کی جزا ملے گی۔ اگر مسلمان دین کی عزت کا پاس نہ کریں گے تو دشمنوں کے ہاتھ سے سخت تکلیفیں اٹھائیں گے۔

(۲) غزائے ہند، ص:۵۲تا۵۴۔

اس وقت بے شک مذہبی جنگ درپیش ہے۔ شہزادہ مبارک شاہ مومنوں کا سردار ہے۔ امارت اس کی مسلم ہے اور سادات پہلے ہی سے سرداری کے منصب پر فائز چلے آتے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

جنگِ امبیلہ

(۱)

وادیٔ چملہ

یوں اس جنگ کا آغاز ہوا، جو علاقۂ سرحد میں انگریزوں کے خلاف سب سے بڑی جنگ تھی۔ اسکے حالات بیان کرنے سے پیشتر وادیٔ چملہ کی سرسری کیفیت بتا دینا ضروری ہے، جس میں امبیلہ گاؤں واقع ہے اور اسکی وجہ سے داخلے کا دروازہ "درۂ امبیلہ" کہلاتا ہے۔

چملہ ایک نہایت زرخیز اور سرسبز وادی ہے، جو پہاڑوں سے محصور ہونے کے باعث بہت محفوظ ہے۔ یہ زیادہ سے زیادہ چودہ پندرہ میل لمبی ہوگی اور چار میل چوڑی۔ بیچ میں ندی بہتی ہے، جس کا نام چملہ ہے اور وہ وادی کے مغربی گوشے سے شروع ہو کر مشرقی گوشے پر برندوندی میں جا ملتی ہے، جو بونیر کو سیراب کرتی ہوئی آتی ہے اور انجام کار دریائے سندھ میں گرتی ہے۔

وادیٔ چملہ کی جنوبی سمت میں وہ پہاڑی دیوار کھڑی ہے جس کا نام سرپٹی ہے اور اسے کوہِ مہابن کی ایک شاخ سمجھنا چاہئے۔ شمالی سمت میں کوہ گڑوا اُسے بونیر سے جدا کرتا ہے، مشرقی سمت بھی ایک پہاڑی نے بند کر دی ہے، جس میں برندوندی کے بہاؤ کے سوا کوئی دروازہ نہیں۔ مغربی سمت میں وہ درہ واقع ہے جس کا نام امبیلہ ہے۔ پرانے زمانے میں کسی فوج کیلئے اس درے سے گذر کر چملہ میں پہنچنا آسان نہ تھا۔ اس لئے کہ درہ کم وبیش نو میل لمبا تھا اور قدم قدم پر ایسے موقعے تھے جہاں چند آدمی گھات میں بیٹھ کر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاصی بڑی فوج کو روک سکتے تھے۔ خود وادی میں کل بائیس گاؤں ہیں، ان میں سے بیشتر ان قبائل کے مملوکہ ہیں، جو یوسف زئی کے میدانی علاقے میں رہتے ہیں۔ کچھ اہل بونیر کی ملکیت ہیں مثلاً امبیلہ گاؤں۔ میدانی علاقے کے لوگوں نے اس وادی میں ملکیتیں غالباً اس لئے ضروری سمجھی تھیں کہ جب کوئی قومی دشمن میدانی علاقے پر دھاوا بولتا تو یہ لوگ بال بچوں کو لیکر محفوظ مقام پر آبیٹھتے۔ بڑے بڑے گاؤں یہ ہیں: سرپٹی کے ساتھ ساتھ لالو، کوگا، سرہا، تنول، ڈھیری، کریا، مخرنئی، بیچ میں امبیلہ، ناواگئی، جنگئی، ڈھیری، وادی کے جنوب مشرق میں اصل مہابن پہاڑ ہے جس پر ملکا واقع ہے۔ ملکا ہی پر حملہ جنگِ امبیلہ کا اصل مقصد تھا۔ چملہ کے جنوب میں خدوخیل واقع ہے۔ صرف کوہ سرپٹی کی دیوار دونوں کو جدا کرتی ہے۔

انگریزوں کی پیش قدمی

اب ہم سب سے پہلے جنگِ امبیلہ کے متعلق وہ حالات بیان کریں گے جو انگریزوں نے مرتب کیے یا ان کی فراہم کی ہوئی معلومات کی بناء پر مرتب ہوئے۔ حسن اتفاق سے ہمیں اس بارے میں ایک ملکی مصنف کی کتاب بھی مل گئی ہے، جو تمام حالات کا عینی شاہد تھا، یا اس نے ہر چھوٹا بڑا واقعہ ان لوگوں کی زبان سے سنا تھا جنہوں نے جنگ میں نمایاں حصہ لیا۔ انگریزوں کے بیان کردہ حالات پیش کرنے کے بعد ہم ان ملکی مصنف کی کتاب کے مطالب تفصیلاً قلمبند کریں گے، اس طرح خوانندگانِ کتاب کو تمام حالات کا صحیح اندازہ ہو سکے گا۔

انگریزی بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ فوج کے ہراول دستے نواکلئی میں جمع ہوئے تھے، لیکن بڑی فوج کا مقامِ اجتماع صوابی تھا، اور انگریزوں کی انتہائی کوشش یہ تھی کہ قبائل کو پیش قدمی کے راستے کا قبل از وقت علم نہ ہو سکے۔ گویا تیاری میں اخفا کا مقصد بہ طور خاص پیش نظر رکھا گیا تھا۔ ۱۸/اکتوبر ۱۸۶۳ء کو بڑی فوج جنرل چیمبرلین کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سرکردگی میں صوابی سے روانہ ہوئی۔ اس کا ابتدائی رخ درہ در بند کی طرف تھا لیکن تھوڑی دور جا کر اس نے رخ بدلا اور پرمولئی کا قصد کر لیا، نوا کلئی والی فوج بھی پرمولئی پہنچ گئی اور درے میں پیش قدمی شروع ہو گئی۔ (۱)

جنگی اسکیم اور مشکلات

جنگ کی ابتدائی اسکیم یہ تھی کہ کرنل وائلڈ (Wilde) کا دستہ سب سے پہلے چملہ پہنچ کر راستے کی دیکھ بھال کا انتظام کرلے گا تاکہ فوج وادی میں پہنچے تو اسے ملکا کی جانب پیش قدمی کرنے میں انتظار نہ کرنا پڑے۔ لیکن یہ اسکیم اس وجہ سے ملتوی کرنی پڑی کہ درے کے سفر میں بالکل غیر متوقع اور سخت مشکلات پیش آئیں، حتیٰ کہ ۲۰ر اکتوبر کی آدھی رات تک بار برداری کا ایک بھی جانور موقع پر نہ پہنچ سکا۔ ایک رکاوٹ یہ پیش آئی کہ تقریباً اڑھائی سو بونیریوں نے جابجا مورچے قائم کر لیے اور پیش قدمی کرنے والی فوج پر آتش باری شروع کر دی۔ چنانچہ درے ہی میں ایک مقام پر فوج کا کیمپ قائم کر کے چوکی پہرے لگا دیے گئے۔

اب واضح ہو چکا تھا کہ چملہ میں سے گذرتے ہوئے ملکا پہنچنا اتنا سہل نہیں جتنا ابتداء میں سمجھ لیا گیا تھا۔ آہستہ آہستہ بونیر کے قبائل گڑوپہاڑ پر جمع ہونے لگے۔ ان کی موجودگی میں پیش قدمی کا مطلب یہ ہوتا کہ وہ کسی وقت بھی حملہ کر کے فوج کی راہِ مراجعت منقطع کر دیتے اور اس کے لئے بچاؤ کی کوئی صورت باقی نہ رہتی۔

---

(۱) فوج کی تفصیلات نیویل اور وائلی کی کتابوں میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ ہنٹر نے "ہمارے ہندوستانی مسلمان" کے حواشی میں بتایا ہے کہ پانچ ہزار ایک سو پچاس پیادہ فوج تھی، دو سو سوار، دو سو اسی توپ خانہ، ایک ہزار کا جیش سول کمشنر کے ماتحت تھا اور تیرہ توپیں تھیں۔ اس کے علاوہ در بند، تربیلہ، ٹوپی، ایبٹ آباد، رستم، مردان وغیرہ میں بھی فوج مقیم تھی۔ (ص ۲۲)۔ مقامی خوانین کے دستوں کا شمار نہیں ہو سکتا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نئے راستے کی تجویز

مجاہدین اور سادات ستھانہ نے قبائل کے نام جو اعلان بھیجا تھا اس نے پورے آزاد علاقے میں آگ لگا دی تھی اور ہر خطے سے لوگ جوشِ دفاع میں محاذِ جنگ پر پہنچنے لگے تھے۔ علاقہ سمہ کے خوانین انگریزوں کے زیر اثر تھے۔ چملہ و بونیر کے جن خوانین کو روپے دے کر رام کر لیا گیا تھا وہ بھی چاہتے تھے کہ انگریزوں کا مقصد پورا ہو جائے، لیکن انہیں ہم قوموں کی مخالفت کا حوصلہ نہ تھا اور انگریزوں سے ملتے بھی تھے تو حد درجہ خفیہ خفیہ ملتے تھے تاکہ کسی پر یہ بھید کھل نہ جائے۔ چنانچہ چملہ و بونیر کے جو نمائندے ۲۲ر اکتوبر کو انگریزوں سے ملے، انہوں نے یہ تجویز پیش کی کہ وادیٔ چملہ کا راستہ چھوڑ کر جنوبی راستہ اختیار کرنا چاہئے، جو کوگا کے پاس سے جاتا ہے اور پہاڑوں کے بیچ میں سے ملکا پہنچاتا ہے۔ انگریزوں کیلئے یہ راستہ اختیار کرنا بہت مشکل تھا۔ اندیشہ تھا کہ ان کی فوج پہاڑوں ہی میں تباہ ہو جاتی۔

بہر حال رکاوٹ پیدا ہو گئی۔ اگر فوج واپس بلا لی جاتی تو انگریزوں کی ہوا اُکھڑ جاتی اور قبائل کے حوصلے بڑھ جاتے۔ آگے بڑھنے کی بہ ظاہر صورت کوئی نہ تھی۔ رک جانے کا نتیجہ یہ نکلا کہ قبائل کے جیش زیادہ جوش و خروش سے جمع ہونے لگے اور حالات لحظہ بہ لحظہ نازک سے نازک تر ہوتے گئے۔

مجاہدین و سادات کے انتظامات

مجاہدین و سادات کو جب یقین ہو گیا کہ انگریز وادیٔ چملہ سے پیش قدمی کا فیصلہ کر چکے ہیں تو انہوں نے جنوبی سمت کے خراب، کیے ہوئے راستے درست کرا دیے، اس لئے کہ ادھر سے یورش کا اندیشہ نہ رہا تھا۔ چملہ کی جانب کے تمام ضروری مقامات کی حفاظت کا بندوبست کر لیا۔ کچھ فوج سرپٹی کے مختلف مقامات کی حفاظت کے لئے متعین

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کردی۔ باقی فوج لے کر امیر مجاہدین اور شہزادہ مبارک شاہ گڑو پہاڑ پر آ بیٹھے، جہاں بونیر، سوات، دیر، باجوڑ، کنڑ وغیرہ کے قبائلی لشکر جمع ہو رہے تھے۔ انگریزوں کو سب سے بڑھ کر اندیشہ یہ تھا کہ کہیں اخوند صاحب سوات مجاہدین کا ساتھ دینے کے لئے تیار نہ ہو جائیں۔ بونیر و سوات یا دوسرے خطوں اور میدانی علاقے میں ان کا اثر و رسوخ بہت زیادہ تھا۔ اخوند صاحب ہمہ گیر قبائلی ہیجان کو دیکھ کر خاموش نہ بیٹھ سکتے تھے۔ چنانچہ وہ بھی موقع پر پہنچ گئے اور ان کی وجہ سے قبائلی جوش و خروش میں مزید تندی اور تیزی پیدا ہو گئی۔

حفاظتی مورچے اور لڑائیاں

انگریزوں نے کیمپ کی حفاظت کیلئے دائیں بائیں کئی مورچے بنا رکھے تھے، جن میں سے دو بہ طورِ خاص قابلِ ذکر ہیں: ایک کیمپ کے دائیں جانب کا مورچہ، جس کا نام انگریزوں نے ''ٹیلے کا مورچہ'' (Crag Piquet) رکھا۔ دوسرا بائیں جانب کا مورچہ، جو ''آشیانۂ عقاب'' (Eagle's Nest) کے نام سے موسوم تھا۔ ۲۲ر اکتوبر کو انگریزی فوج کا ایک دستہ وادی میں اتر کر کریا تک گیا جو تقریباً گیارہ میل کے فاصلے پر ہے۔ واپسی میں اہل بونیر نے اس پر حملہ کیا اور بچاؤ کیلئے انگریزی رسالے کو پیش قدمی کرنی پڑی ''ٹیلے کے مورچے'' اور ''آشیانۂ عقاب'' پر بار بار شدید خونریز لڑائیاں ہوئیں، یہاں تک کہ دونوں مورچے تین تین مرتبہ انگریزوں کے ہاتھ سے نکلے اور سخت جدوجہد کے بعد انہوں نے دوبارہ ان پر قبضہ کیا۔ انگریزی کیمپ پر بھی بار بار یورشیں ہوئیں۔ جب جنرل چیمبرلین کو یقین ہو گیا کہ آگے بڑھنا مشکل ہے تو کیمپ کیلئے درے میں زیادہ اونچی جگہ تجویز کر کے فوج کو وہاں منتقل کر دیا گیا۔ قبائلی یورشوں میں انگریزوں کا سخت نقصان ہوا بلکہ ایک موقعہ پر فوجیں واپس بلا لینے کی تجویز مکمل ہو چکی تھی پھر وسیع مصلحتوں کے پیشِ نظر ملتوی کر دیا گیا۔ ایک یورش میں خود جنرل چیمبرلین بھی بری طرح

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زخمی ہو گیا۔ آخر اسے فوج کی کمان چھوڑ کر علاج کیلئے واپس آنا پڑا اور میجر جنرل گارووک (GARVOCK) نے سپہ سالاری کا منصب سنبھالا۔

انگریزی سیاست کی کامیابی

اِدھر جنگ جاری تھی اُدھر انگریزی سیاست بدستور قبائل میں تفرقہ انگیزی کی کوششیں کر رہی تھی۔ قبائل کی تربیت ایسی نہ تھی کہ وہ زیادہ دیر تک جنگ جاری رکھ سکتے۔ کشمکش جتنا طول پکڑتی گئی قبائل میں انتشار کے امکانات اتنے ہی بڑھتے گئے۔ کمشنر نے ان حالات سے فائدہ اٹھا کر اپنی سرگرمیاں بہت تیز کر دیں اور مختلف حیلوں بہانوں یا رشوتوں سے بعض قبیلوں اور بڑے بڑے خوانین کو ہم نوا بنا لیا۔ ان کے سامنے شرطیں یہ پیش کیں کہ کسی کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں صرف اتنا کافی ہے کہ ہندوستانی مجاہدین کو ملک سے نکال دیا جائے اور اس آبادی کو برباد کرنے میں مدد دی جائے۔ چنانچہ کئی قبیلے اس پر راضی ہو گئے اور مقابلہ چھوڑ بیٹھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انگریزوں کے خلاف نبرد آزمائی کا جو طوفان جوش و خروش سے اٹھا تھا وہ ٹھنڈا پڑنے لگا۔ جنرل گارووک نے ۱۵ر دسمبر کو فوج کے دو جیش تیار کیے اور لالو پر قبضہ کر لینے کے بعد اسے جلا دیا۔ وہاں سے امبیلہ پر یورش کی۔ یہ گاؤں بھی خالی ہو چکا تھا، اسے بھی جلایا۔ ان کامیابیوں نے قبائل کو صلح پر آمادہ کر دیا۔

صلح

قبائل کی استقامت کا سب سے بڑا مرکز حضرت اخوند صاحبِ سوات تھے۔ انگریزوں نے ان سے بھی بار بار اپیلیں کیں کہ خونریزی کے امتداد سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ حکومتِ انگلشیہ کے وسائل بہت وسیع ہیں، مزید فوجیں آ جائیں گی اور قبائل ان کا مقابلہ نہ کر سکیں گے۔ قبائل میں ایک گونہ پھوٹ پڑ چکی ہے، اس لئے کہ بعض خوانین ابتداء ہی سے انگریزی علاقے کے ہم قوموں کے ساتھ ساز باز کیے بیٹھے تھے۔ انہیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صرف عوام کے بے پناہ جوشِ مخالفت نے دم بخود کر رکھا تھا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ جوش ٹھنڈا پڑ رہا ہے تو اپنی سرگرمیاں تیز کر دیں اور خود حضرت اخوند صاحب کو بھی یہی مناسب نظر آیا کہ ملکا کی تباہی یا برائے نام تباہی و بربادی پر راضی ہو جائیں۔ گفت وشنید کے بعد قرار پایا کہ اہل بونیر پیچھے ہٹ جائیں، ان کے خوانین میں سے بعض انگریز افسروں کی موجودگی میں ملکا کو تباہ کر دیں اور اس اثناء میں باقی خوانین بطور یرغمال انگریزوں کے پاس رہیں۔

چنانچہ ۱۹ر دسمبر کو چند انگریز افسر اور تھوڑے سے سپاہی خوانین، بونیر اور بعض دوسرے رئیسوں کی ایک جماعت کے ہمراہ ملکا گئے اور اپنا مقصد پورا کر کے ۲۲ر دسمبر کو واپس آ گئے۔ اس کے ساتھ ہی انگریزی فوج کی مراجعت شروع ہو گئی۔

انگریزوں کا اندازہ ہے کہ اس جنگ میں دو سو اڑتیس افراد اہل فوج مقتول ہوئے، چھ سو ستر مجروح، قبائلی مقتولین و مجروحین کا اندازہ تین ہزار کیا گیا۔(۱)

مزید تفصیلات

رینل ٹیلر کی سوانح حیات میں بتایا گیا ہے کہ مندرجہ ذیل انگریز افسر ملکا گئے تھے، رینل ٹیلر، کرنیل ایڈی، کرنیل اے ٹیلر، میجر رابرٹس (۲)، میجر جانسٹن اور لیفٹیننٹ کارٹر۔ ان کے ساتھ کچھ پٹھان سپاہی تھے، کچھ سکھ اور کچھ گورکھے۔ ۱۹ر دسمبر کو روانہ ہوئے شدید بارش کے باعث دریا میں رکنا پڑا۔ پھر چلے تو معلوم ہوا کہ امازئی قبیلے کے

(۱) نیویل کی کتاب ص ۶۲۔ اس جنگ کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو واکلی کی کتاب ص ۱۰۱تا۱۰۳۔ نیویل کی کتاب ص ۶۲تا۶۵۰۔ رابرٹس کی کتاب ''ہندوستان میں اکتالیس سال'' ص ۲۸۰-۲۹۳۔ ایڈی کی کتاب ''ستھانہ''، یہ پوری کتاب اسی موضوع پر لکھی گئی ہے۔

(۲) بعد میں فیلڈ مارشل لارڈ رابرٹس۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لوگ راستے میں جمع ہو رہے ہیں اور انہوں نے خدّ وخیلوں کو بھی امداد کے لئے بلالیا ہے۔ اس کا مطلب صاف الفاظ میں یہ تھا کہ مزاحمت کا سروسامان کرلیا گیا ہے۔ خوانینِ بونیر نے نامہ و پیام سے انہیں ہموار کرلیا۔ ۲۱ ردسمبر کی صبح کو ملکا پہنچ کر مکانوں کو آگ لگائی گئی۔ امازئیوں کی خواہش اور کوشش یہ تھی کہ ملکا کی آبادی کے ایک حصے کو آتش زنی سے بچالیں تاکہ دوسرے قبیلوں کے روبرو دعویٰ کرسکیں۔ خود انہوں نے اپنا حصہ محفوظ رکھا اور اسے گزند سے بچالیا۔ رینل ٹیلر جو پوری کارروائی کی تکمیل کا ذمہ دار تھا، کوئی حصہ محفوظ چھوڑنے پر راضی نہ ہوا۔ سدم کے خان محمد عزیز خاں نے اس کی خواہش پوری کردی، گویا پوری آبادی جلادی گئی۔ (۱)

(۱) رینل ٹیلر کے سوانح حیات (انگریزی، ص ۲۸۹-۲۹۱)۔ اس سلسلے میں مقامی اصحاب کے بیانات آگے آئیں گے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

جنگِ امبیلہ

(۲)

مقامی بیان

اب ہم اس مرقع کا خلاصہ پیش کرتے ہیں جو جنگ امبیلہ کے متعلق مولوی عبدالحق آروی نے ''غزائے بنیر'' کے نام سے منظوم صورت میں مرتب کیا تھا۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے وہ جنگِ امبیلہ کے عینی شاہد تھے۔ چوں کہ اس جنگ کے حالات تفصیلاً جمع کر دینے کا ارادہ کر چکے تھے اسلئے یقین ہے کہ انہوں نے شرکائے جنگ سے مل کر تمام واقعات کے متعلق خوب چھان بین کر لی ہوگی۔ لہٰذا ان کے بیانات کی صحت میں تامل کی کوئی وجہ نہیں۔ ان سے کم از کم مجاہدوں اور قبائلیوں کا نقطۂ نگاہ سامنے آجائے گا اور انگریزی بیانات کو بالمقابل رکھ کر صحیح صورتِ حال پر پہنچنے میں کوئی دقت نہ رہے گی جیسا کہ آگے چل کر واضح ہوگا۔ مولوی صاحب موصوف نے قبائلیوں کے کمزور پہلو نمایاں کرنے میں مداہنت سے کام نہیں لیا، لہٰذا اُن کے پیش کردہ حالات زیادہ سے زیادہ مستند مانے جا سکتے ہیں۔

بارہ جوانوں کی مردانگی

وہ فرماتے ہیں کہ انگریزی فوج نے درے میں پیش قدمی شروع کی تو عجب خاں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رئیس سدم کے بھائی عزیز خاں (۱) نے اہل امبیلہ کے پاس خفیہ خفیہ پیغام بھیج دیا تھا کہ اپنی حفاظت کا بندوبست کرلو۔ ایسا نہ ہو کہ بے خبری میں مارے جاؤ۔ اکثر لوگ گھر بار اور بال بچوں کو سنبھالنے میں مصروف ہو گئے۔ دس بارہ نوجوان دوسروں کو اطلاع دیے بغیر کوتل پر پہنچ گئے جو امبیلہ سے دو اڑھائی میل کے فاصلے پر ہوگا تاکہ انگریزی فوج کا راستہ روک لیں۔ چاندنی رات تھی (۲) انہوں نے موزوں جگہیں تجویز کر کے مورچے بنا لیے۔ جب انگریزی فوج زد میں آ گئی تو ایک دم آتش باری شروع کر دی۔ وہ پہاڑ کے چپے چپے سے واقف تھے۔ کمال یہ کیا کہ ایک دو گولیاں چلاتے ہی ہر جوان دوڑ کر قریب کے دوسرے مورچے میں جا بیٹھتا اور بندوق سر کرنے لگتا۔ گویا دس بارہ نوجوانوں نے ایسی کیفیت پیدا کر دی کہ غنیم کو معلوم ہو کہ کئی سو آدمی گھات میں بیٹھے ہیں۔ اس حصہ میں گھنا جنگل تھا اور نوجوانوں کو ایک مورچہ چھوڑ کر دوسرے میں جانے کیلئے کوئی دقت پیش نہ آتی تھی۔ صبح تک مقابلہ جاری رہا۔ روشنی ہونے لگی تو یہ لوگ واپس چلے گئے۔ لیکن انگریزی فوج کے لئے بے تکلف پیش قدمی کا ہر امکان زائل کر گئے۔

پہلی باقاعدہ لڑائی

اس اثناء میں دولت زئی اور نوری زئی بونیریوں میں سے ستر اسی آدمی اس گلی میں پہنچ گئے جو چملہ اور بونیر کے درمیان آمد و رفت کا راستہ ہے۔ جنوبی سمت میں کوگا کی جانب رڑ قبیلے کے نوجوانوں کا ایک دستہ آ گیا۔ انگریزی فوج کے تیرہ سوار جن میں سے چار انگریز تھے طلایہ گردی کے سلسلے میں کوگا پہنچے۔ گاؤں والوں نے کوئی مزاحمت نہ کی

(۱) یہ وہی عزیز خاں ہے جو رینل ٹیلر کے بیان کے مطابق خوانین کے اس گروہ میں شامل تھا جسے انگریز افسروں کے ساتھ ملکا کو جلانے کیلئے بھیجا گیا تھا۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ خوانین کی دورخی کا کیا حال تھا، وہ انگریزوں کا ساتھ دینے پر بھی مجبور تھے اور ان کے دل اپنے ہم قوموں اور ہم وطنوں کی دردمندی سے بھی خالی نہ تھے۔

(۲) تقویم سے معلوم ہوتا ہے کہ جمادی الاولیٰ کی چھٹی یا ساتویں تاریخ تھی گویا ان نوجوانوں نے رات کے ابتدائی حصے میں جا بجا مورچے قائم کر لیے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لیکن وہ واپس ہوئے تو ان پر ہر طرف سے آتش باری شروع ہوگئی۔ انگریزی توپیں بھی بروئے کار آگئیں اور پورا میدان آگ اور دھوئیں کے بادلوں سے ڈھک گیا۔ بونیریوں میں سے تین حقیقی بھائیوں نے تلواریں علم کیں، بجلی کی تیزی سے انگریزی فوج کے قلب پر حملہ آور ہوئے اور تینوں شہید ہوگئے۔ باپ نے یہ سنا تو وہ بھی جگر بندوں کی پیروی میں لڑتے ہوئے شہادت سے سرفراز ہوا۔ اس گھرانے کی مردانگی دوسروں کیلئے مشعلِ راہ بن گئی، جو آتا وہ دلیری سے حملہ کرتا اور غنیم کو مار کر خود شہادت پاتا۔ اس طرح بہت سے قبائلی شہید ہوئے لیکن انگریزی فوج کو پسپائی پر مجبور کر دیا اور ذاتی شجاعت کا ایسا نمونہ پیش کیا کہ جو بھی یہ کیفیت دیکھتا جانبازی پر آمادہ ہو جاتا۔

کمشنر کی تدبیریں

اب انگریز کمشنر نے خوانین پر زور ڈالنا شروع کیا کہ وہ حملہ سے جرگے بلائیں اور کار برآری کی کوئی صورت پیدا کریں۔ چنانچہ کوگا اور سرہا کے تین ملک یعنی ملا خاں، عبداللہ اور فیروز پہاڑ کا چکر کاٹ کر خفیہ خفیہ کمشنر کے پاس پہنچے اور اپنی ارادت و اطاعت کا اظہار کرتے ہوئے صاف صاف کہہ دیا کہ ہم مجبور ہیں، کچھ نہیں کر سکتے۔ اگر اہل بونیر کا ساتھ نہ دیں تو ایک دن میں تباہ کر دیے جائیں۔ کمشنر نے انہیں بہت یقین دلایا کہ ہمیں نہ اہل حملہ سے کوئی کاوش ہے نہ اہل بونیر سے، نہ کسی کے علاقے پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ کوئی ایسا راستہ بتا دو کہ ہم ملکا پہنچ جائیں۔ اسے برباد کر کے واپس چلے جائیں گے۔ ملکوں نے وہ پہاڑی راستہ بتایا جو لالو کے پاس سے چوٹی چوٹی ملکا جاتا ہے، لیکن جیسا کہ بتایا جا چکا ہے، یہ راستہ اختیار نہ کیا جا سکتا تھا، اس لئے کہ حد درجہ خطرناک تھا۔ کوئی بڑی فوج بھاری ساز و سامان کے ساتھ اس راستے سے جا نہ سکتی تھی اور تھوڑے آدمی بھیجے جاتے تو اندیشہ تھا کہ پہاڑوں ہی میں مارے جائیں گے۔ اس اثناء میں کمشنر نے مختلف خوانین کو میدانی علاقے میں جگہ جگہ متعین کر دیا تاکہ رسد بہم رسانی میں رکاوٹ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پیدا نہ ہو، نیز میدانی علاقے سے مجاہدین کو کمک نہ مل سکے۔ چنانچہ رحمت خاں خٹک ابن طاؤس خاں اور محمد زمان خاں پوپلزئی سرکاوئی میں متعین ہوئے۔ امیر خاں، خوئداد خاں اسمٰعیلہ، ابراہیم خاں زیدہ، مہابت خاں تورو کو شیر درے میں مامور کر دیا گیا۔ شہداد خاں رئیس ہنڈ کولوند خوڑ اور سربلند خاں رئیس ہوتی کو پرمولی بھیج دیا گیا۔ عجب خاں اور عزیز خاں کو خوانین بونیر سے بات چیت کیلئے اپنے پاس رکھا۔

شہزادہ اور مجاہدین کے انتظامات

امیر عبداللہ رئیس مجاہدین اور شہزادہ مبارک شاہ نے بھی جلد سے جلد دفاعی انتظامات کر لیے۔ چنانچہ ایک جماعت اس راستے کی حفاظت کے لئے بٹھا دی جو لالو سے ملکا جاتا تھا۔ خود بڑے لشکر کو لے کر میدان میں پہنچ گئے اور کاٹ گلہ کے مقام پر ڈیرے ڈالے۔ وہاں چملہ، بونیر اور دوسرے مقامات کے قبائلیوں کو بلا کر جنگ کے متعلق مشورے کیے۔ فیصلہ یہ ہوا کہ انگریزی لشکر کے مقابلے پر جو درے میں مقیم تھا، تین طرف مورچے قائم کر لیے جائیں اور ایک ایک مورچے میں مختلف قبیلوں کے آدمی بیٹھ جائیں۔ چنانچہ سید شاہ محمود (ابن سید عمر شاہ ستھانوی) سید اعظم اور سید یوسف (ساکنانِ ناواگئی) کو جدونوں، خدوخیلوں، امازئیوں اور عیسیٰ زئیوں پر سردار مقرر کر کے انگریزی فوج کے دائیں جانب کوہ لالو پر بٹھا دیا گیا۔ اہل بونیر میں سے عائشہ زئی، گدائی زئی اور پنج پائی انگریزی فوج کے سامنے مورچے قائم کر کے جم گئے۔ سلارزئی، نوری زئی، دولت زئی اور چغرزئی نے، جن کی تعداد پانچ ہزار سے کم نہ ہوگی، انگریزی فوج کے شمال اور مغرب میں کوہ گڑو کو سنبھال لیا۔ مجاہدین سامنے کاٹ گلہ میں مقیم رہے۔ ان کے لئے روٹی ملکا سے آتی تھی اور بعض اوقات وہ لوگ کچھ کھائے پیئے بغیر ہی گزارہ کر لیتے تھے۔

دوسری لڑائی

قبائلیوں کی بہادری اور غیرت وحمیت میں قطعاً کوئی شبہ نہ تھا، لیکن ان میں دو

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خرابیاں تھیں: ایک یہ کہ وہ منظم جنگ کی تربیت سے نا آشنا تھے، دوسرے بعض موقعوں پر بہادری کی نمائش میں بہترین جنگی مصلحتوں کو بھی نظر انداز کر جاتے تھے۔ چنانچہ غزوۂ بونیر کی دوسری جنگ میں اسی خرابی کے باعث انہیں خاصا نقصان اٹھانا پڑا۔ چغرزئی دیر سے میدانِ جنگ میں پہنچے تھے اور پہلی جنگ میں شریک نہ ہو سکے تھے، لہٰذا آئے تو جوشِ تہور میں سوچے سمجھے اور بات چیت کیے بغیر حملہ کر دیا، یہاں تک کہ ان سردارانِ لشکر سے بھی مشورہ نہ کیا جو کوہ لالو کی جانب کے مورچوں میں مقیم تھے، اور جن کی امداد کے بغیر چغرزئیوں کا حملہ نتیجہ خیز نہ ہو سکتا تھا۔ اس جنگ میں انگریزوں کا بھی سخت نقصان ہوا اور چغرزئیوں پر بھی شدید ضرب لگی۔ کوہ لالو کی جانب جو دستے مقیم تھے وہ اچانک تیاری کے بغیر چغرزئیوں کی امداد کے لئے نکلنے پر مجبور ہو گئے۔ گھمسان کا رن پڑا جس میں سید اعظم ساکن ناواگئی نے شہادت پائی۔ کوہ لالو کی دو چوٹیاں ایک دوسری کے بالمقابل واقع ہیں ان میں سے ایک چوٹی پر مجاہدین سید شاہ محمود کی سرکردگی میں ڈٹے رہے لیکن دوسری چوٹی پر انگریز قابض ہو گئے۔ اس طرح کیمپ کے دائیں جانب انگریزوں کی دفاعی پوزیشن بہتر ہو گئی۔ اس کے بعد کم وبیش آٹھ نہایت خوفناک لڑائیاں ہوئیں جن میں سے بعض کی کیفیت ہم سرسری طور پر بیان کریں گے اور آخری لڑائی کے حالات تفصیلاً بتائیں گے، اس لئے کہ وہ براہِ راست مجاہدین سے تعلق رکھتی ہے۔

اخوند صاحبِ سوات کی طلبی

اخوند صاحبِ سوات کو پہلے ہی طلاع بھیجی جا چکی تھی، اب قبائل کی طرف سے تاکیدی خطوط ان کے پاس پہنچے، چنانچہ انہوں نے نفیر عام کا اعلان کر دیا اور حکم دے دیا کہ ہر شخص ہتھیار اور کھانے پینے کا سامان ساتھ لائے، نیز جلد سے جلد موقع جنگ پر پہنچ جائے۔ اخوند صاحب کے رفیقوں میں عبدالرحمٰن کابلی معروف بہ ''پاسنے بابا'' بہت مشہور مقرر تھا۔ وہ جہاں تقریر کرتا آگ لگا دیتا۔ اخوند صاحب سید شریف سے اٹھے اور منگورہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہنچ کر کچھ دیر قیام کیا۔ وہیں جمعہ کی نماز ادا کی، خطبہ دعوتِ جہاد پر مشتمل تھا، جس میں صاف صاف اعلان کر دیا کہ اگر انگریز اس علاقے پر قابض ہو گئے تو میں ہجرت کر جاؤں گا۔ وہاں سے اٹھے تو بری کوٹ ہوتے ہوئے مقامِ جنگ پر پہنچ گئے، ان کی وجہ سے دور دور تک قبائل میں حرکت پیدا ہو گئی۔ مولوی عبدالحق آروی نے ایک ایک قبیلے، اس کی شاخوں اور خوانین کا مفصل حال لکھا ہے۔ میں وہ تفصیلاً بیان کروں تو ان کے لئے ایک مستقل کتاب درکار ہو گی۔

تیسری لڑائی

اخوند صاحب کی آمد سے پیشتر انگریزوں نے ان مورچوں کی توسیع پر توجہ کی جو کیمپ کے بائیں جانب واقع تھے۔ چنانچہ انگریزی فوج مختلف پلٹنوں میں تقسیم ہو کر کوہ گڑو کے غازیوں پر حملہ آور ہوئی۔ ان میں بونیر کے غیور جانباز بہادر مقابلے کیلئے موجود تھے، مثلاً پاینده خاں، مندے زے خاں، دیوان شاہ، قبط شاہ وغیرہ۔ انہوں نے شدید مقابلہ کیا۔ خود بھی بڑا نقصان اٹھایا لیکن انگریزی پلٹنوں کا بھی صفایا کر دیا۔ ان غازیوں میں ایسے لوگ بھی تھے جن کے پاس تلواریں تک نہ تھیں اور انہوں نے خاردار درختوں سے موٹے موٹے ڈنڈے کاٹ لئے تھے۔ اس لڑائی میں تجلی نور خاں، بابوزئی اور ملا غلام حسین نے بھی بڑی بہادری دکھائی۔ غازیوں میں ایک صاحب حلیم شاہ تھے جن کا رنگ بیحد سرخ و سفید تھا اور آنکھیں نیلگوں۔ سرسری نظر میں وہ انگریز معلوم ہوتے تھے۔ ایک ہندوستانی مجاہد نے انہیں انگریز سمجھ کر پیچھے سے تلوار کا وار کیا۔ حلیم شاہ نے زخمی ہو جانے کے باوجود اس مجاہد کو بے تکلف معاف کر دیا۔ انگریزی فوج اپنا مقصد حاصل نہ کر سکی اور اہل بونیر نے مقابلے پر اپنے مورچے مستحکم کر لیے۔ (۱)

(۱) غزائے بیر قلمی نسخہ ص ۱۳۸-۱۴۱۔ یہ "آشیانہ عقاب" کی مختلف لڑائیوں میں سے غالباً پہلی لڑائی کی کیفیت ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اخوند صاحب کی تشریف آوری

اخوند صاحب تشریف لے آئے تو آپ نے امبیلہ کی مسجد میں قیام اختیار کیا۔ وہیں امیر المجاہدین مولانا عبداللہ اور شہزادہ مبارک شاہ نے آپ سے ملاقات کی۔ صاحب موصوف اعلانِ عام کر چکے تھے کہ تسبیح وتہلیل، مسواک اور کلمے کے ذکر سے کہیں بڑھ کر آج یہ ضروری ہے کہ دشمن کا مقابلہ کرو۔ عصا چھوڑو اور تلوار ہاتھ میں لو۔ اس اعلان سے قبائل میں ایک عام حرکت پیدا ہو چکی تھی۔

مولوی عبدالحق فرماتے ہیں کہ مولانا عبداللہ نے اخوند صاحب کی خدمت میں پہنچتے ہی انتہائی دل فگاری سے عرض کیا: سب سے پہلے میرے عقائد سن لیجئے تاکہ میرا مذہب آپ پر واضح ہو جائے۔ چنانچہ عقائد سن لینے کے بعد اخوند صاحب نے کہا کہ اب اور کسی شئے کی ضرورت نہیں۔ میں آپ کو اپنا فرزند سمجھتا ہوں اور ہر حال میں آپ کا خیر خواہ رہوں گا۔ محبت سے بغل گیر ہونے کے بعد فرمایا کہ آج میرے اور آپ کے ناموس پر حملہ ہوا ہے، ہمارا فرض ہے کہ ملکر انگریزوں سے جنگ کریں۔

ہماں مولوی را امارت سپرد		کہ لائق بہ تو شد بدیں دست بُرد
بگفتش تو ہستی بہ ہر سر امیر		بپویند پیشت صغیر و کبیر
نہ پیچد سرِ خود ز حکم تو کس		تو ہر دم بہ حکم خدا باش و بس
ازاں بر تو آمد امارت درست		کہ در جنگ داری تو آلات چست
ترا بس بہ ہر باب کردیم امیر		دعا گوئے باشم کہ ہستم فقیر(۱)

(۱) غزائے ہند ص ۱۴۲۔ پوری کیفیت کے لئے ملاحظہ ہو ص ۱۳۸-۱۴۲۔

اشعار کا مفہوم یہ ہے کہ مولانا سے فرمایا: آپ سب کے امیر ہیں، آپ کے حکم سے کوئی سر نہ پھیرے گا۔ آپ خدا کے حکموں پر چلتے رہیں، آپ کی امارت اس بناء پر درست ہے کہ آپ جنگ کے سروسامان سے بخوبی لیس ہیں۔ میں نے آپ کو امیر مانا۔ میں تو فقیر ہوں اور صرف دعاء کرنا میرا کام ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

جنگِ امبیلہ

(۳)

عزمِ شبخون

اخوند صاحب کی تشریف آوری کے بعد ان قبائل کے تازہ دَم لشکر آ گئے جو دریائے سندھ کے کنارے پر مقیم تھے۔ اُنہیں کوہ لالو پر عیسیٰ زئیوں کی شکست کا حال معلوم ہوا تو اس داغ کو دھونے کے لئے فی الفور زبردست مجاہدانہ اقدام پر آمادہ ہو گئے۔ چنانچہ باہم مشورے سے قرار پایا کہ انگریزی لشکر پر تین طرف سے شبخون مارا جائے۔ ایک طرف سے سوات کے اکوزئی بڑھیں، جن میں کنارہ سندھ کے لوگ بھی شامل ہوں۔ دوسری طرف سے بونیر کے تمام جتھے حملہ آور ہوں۔ تیسری طرف سے مجاہدین کے دو جیش پیش قدمی کریں۔ چنانچہ یہ فیصلہ کر کے حضرت اخوند صاحب سے منظوری لی اور تمام لوگ تیاری کر کے اپنے اپنے ڈیروں میں مقیم ہو گئے۔

اکوزئی اوران کے ساتھی آدھی رات کے بعد اٹھے اور چھپ چھپا کر انگریزی مورچوں کے قریب پہنچ گئے۔ اُنہیں حملے کیلئے اس امر کا انتظار تھا کہ ہندوستانی مجاہدین اپنی قرابینیں داغیں۔ دیر تک کوئی آواز نہ آئی تو وہ سمجھے کہ شبخون کی تجویز شاید ملتوی ہو گئی ہے، چنانچہ وہ چپ چاپ پیچھے ہٹے اور رات کی تاریکی میں اپنے ڈیروں پر پہنچ گئے۔ اس اثناء میں مجاہدین کے دو جیش نجف خاں جمعدار اور قائم خاں جمعدار کی سالاری میں تیمم سے نمازِ فجر ادا کر کے حملہ آور ہوئے اوران کی قرابینوں کے شور سے پوری وادی گونج

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اٹھی۔ قرابینوں کی آواز سنتے ہی اکوزئی اور ان کے ساتھی بھی نعرے لگاتے ہوئے شیروں کی طرح میدانِ جنگ میں اتر آئے۔ ان میں سے الیاس خاں، عمارہ خاں، یوسف خاں اور فضل خاں سب سے پہلے انگریزی مورچوں میں پہنچے۔

چوتھی لڑائی

ان بہادروں نے بڑی مردانگی سے لڑائی شروع کی۔ قائم خاں جمعدار لڑتے لڑتے شہید ہوگیا۔ نجف خاں کی یہ کیفیت تھی کہ جس طرف رخ کرتا دشمن کی صفیں چیرتا ہوا گھس جاتا اور انہیں درہم برہم کردیتا۔ آخر وہ بھی شہید ہوگیا۔ باقی قابل ذکر شہداء میں سے حاجی خاں بامی خیل اور نور عالم مؤذن سیدو کے نام بتائے گئے ہیں۔ صلاح الدین میاں خیل ساکن ستھانہ سخت زخمی ہوا۔ سپیدۂ سحر نمودار ہونے پر باقی لوگ واپس چلے گئے۔ مجاہدین میں سے ایک ایک نے میدانِ جنگ میں شہادت پائی۔ اس شبخون میں اہل بونیر نے اپنا وعدہ پورا نہ کیا اور وہ چپ چاپ آرام کی نیند سوتے رہے۔ یہ بھی معلوم نہ ہوسکا کہ اس وعدہ خلافی کا سبب کیا تھا۔(۱)

ایک ہراس انگیز آواز

چوتھی لڑائی کے بعد فریقین کے مورچے بدستور ایک دوسرے کے مقابلے پر قائم رہے۔ ایک روز اچانک کوہ گڑد کی چوٹی سے کسی نے پکار کر کہا کہ لوگو! اپنے آپ کو بچاؤ انگریزی فوج درے سے نیچے اترنے کا فیصلہ کرچکی ہے اور بڑے ساز وسامان سے حرکت میں آگئی ہے۔ یہ آواز سنتے ہی تمام قبائل سراسیمہ وار بھاگ نکلے۔ تھانہ کے چند خوانین نے امبیلہ پہنچ کر اخوند صاحب کو بھی ساتھ لیا اور بونیر کی جانب کے درے میں پہنچ گئے۔ گویا امبیلہ اور آس پاس کا علاقہ بالکل خالی ہوگیا۔

(۱) غزائے بونیر (قلمی نسخہ) ص ۱۴۳-۱۵۰۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میرا خیال ہے کہ اس آواز کا انتظام اُن خوانین نے کیا ہوگا جو انگریزوں کے ساتھ تھے اور خفیہ خفیہ اپنے ہم قوموں سے بھی گفت شنید کرتے رہتے تھے۔ اغلب ہے وہ اہل بونیر میں سے بعض رؤساء کو ہم نوا بنا چکے ہوں اسی وجہ سے بونیریوں نے وعدۂ شبخون کی خلاف ورزی کی اور اس پر پردہ ڈالنے کیلئے یہ آواز خاصی کارگر ثابت ہوئی۔ اس سے قبائل کی بے ترتیبی روزِ روشن کی طرح آشکارا ہے۔

امیر المجاہدین مولانا عبداللہ، شہزادہ مبارک شاہ، سید شاہ محمود اور ان کے ساتھی بدستور اپنے مورچوں میں ڈٹے رہے۔ اہل بونیر نے اخوند صاحب کو اس لئے گلی میں بٹھایا تھا کہ انگریز وادیٔ چملہ میں سے ملکا تک کا راستہ مانگتے تھے اور اخوند صاحب گلی میں ہوں گے تو اُدھر کا رخ نہ کریں گے اور بونیر محفوظ رہے گا۔ مولانا عبداللہ نے اخوند صاحب کے پاس پیغام بھیجا: فرمایئے اب ہمارے لئے کیا حکم ہے؟ ہم تو اپنا سر خدا کی راہ میں قربان کرنے کیلئے ہندوستان سے آئے ہیں۔ دشمن کے مقابلے سے کیوں پیچھے ہٹیں۔ اگر آج ہٹ جائیں تو کل خدا کو کیا منہ دکھائیں گے۔ خدا کی راہ میں جان دے دینا سب سے بڑی نیکی ہے۔ سر کی کیا پرواہ ہے یہ بھی تو اسی کا دیا ہوا ہے نا؟ اخوند صاحب نے جواب میں کہلا بھیجا کہ آپ بالکل درست فرماتے ہیں، لیکن یہ لوگ ٹھہر نہ سکے اور چند خوانین کے سوا سب بھاگ نکلے۔ پس آپ بھی ہمارے پاس آجائیں۔ چنانچہ مولانا اور شہزادے نے دامنِ کوہ میں مورچے قائم کر لیے اور اطمینان سے مقابلے پر جم گئے۔ (۱)

خانِ دِیر اور انگریز

اس اثناء میں غرّن خاں والیٔ دِیر نے بھی اخوند صاحب کے پاس پیغام بھیجا کہ میں ہمہ تن تیار ہوں، استفسار کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ دِیر اور سوات میں مدت سے

(۱) غزائے بیر (قلمی نسخہ) ص: ۱۵۰-۱۵۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لڑائیں ہوتی رہی تھیں اور والیٔ دیر کو اندیشہ تھا کہ شاید اخوند صاحب اس کی آمد کو مناسب نہ سمجھیں۔ اسی دوران میں انگریز کمشنر نے اخوند صاحب کو لکھا کہ آپ کیوں لوگوں کو ناحق قتل کرا رہے ہیں۔ برطانیہ کی طاقت بہت بڑی ہے، یہ غریب لوگ توپ وتفنگ کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ آپ درویش ہیں گوشہ نشینی اختیار فرمائیں اور ہم صرف ان مجاہدین کو ملکا سے نکالنا چاہتے ہیں جن سے آپ کو بھی ہمیشہ اختلاف رہا۔ اخوند صاحب نے اس کے جواب میں لکھوایا کہ بے شک آپ بڑے زور آور ہیں، لیکن آپ سے بھی بالاتر ایک عادل اور قوی ہستی موجود ہے، جس نے اصحابِ فیل کو ابابیلوں سے تباہ کرایا۔ فرعون کو غرق کیا۔ نمرود کو مچھر سے ہلاک کرایا۔ بے شک میں فقیر ہوں لیکن آپ کیوں فقیروں پر بار بار چڑھائی کرتے ہیں، یہ طرزِ عمل آپ کی شانِ حکومت کے سراسر خلاف ہے۔

مختلف لڑائیاں

ساتھ ساتھ نفیر عام کا سلسلہ جاری رہا یہاں تک کہ آزاد علاقے کا کوئی بھی قبیلہ میدانِ جنگ سے باہر نہ رہا اور باجوڑ کے بہادر بھی آپہنچے۔ انہوں نے اور دوسرے غازیوں نے پانچویں چھٹی اور ساتویں لڑائی میں عظیم الشان کارنامے انجام دیے۔ مثلاً میاں کلئی کے ثناء اللہ اور خواجہ علی، جندول کے عباس خاں نے ایک لڑائی میں صرف اپنے ہم قوموں کی مدد سے انگریزوں کا مورچہ چھین لیا اور اتنا سامانِ غنیمت ہاتھ لگا کہ غازی اسے اٹھا نہ سکے۔ ایک بہادر نے جوشِ شجاعت سے کمل توپ کے منہ میں ٹھوس دیا۔ ایک لڑائی میں ادھیڑ عمر کی ایک خاتون کے کارنامے دیکھ کر بڑے بڑے بہادر انگشت بدنداں رہ گئے۔ انگریزی فوج کا ایک حصہ شکست کھا کر بھاگا اور ایک ٹیلے پر چڑھنے لگا، لیکن تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد ایک ایک آدمی گر گر کر ختم ہوتا گیا۔ چھ انگریز سپاہی درختوں کے جھنڈ میں ایک بڑے پتھر کے نیچے چھپ گئے۔ سوات میں ڈھیری جولاگرام نام ایک

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مقام ہے جہاں کا باشندہ غلام محی الدین بے خبری سے ان میں جا شامل ہوا، وہ سب اس سے لپٹ گئے۔ غلام محی الدین نے پتھر کا سہارا لے کر انہیں لاتوں سے پیچھے ہٹا دیا، پھر ساتھیوں کو آواز دیکر بلایا، انہوں نے سپاہیوں کو موت کے گھاٹ اتارا۔ سب سے زیادہ خون اس لڑائی میں بہا جسے مولوی عبدالحق نے جنگِ اسپیلہ کی چھٹی لڑائی قرار دیا ہے۔

غزن خاں والیٔ دِیر بھی فوج لے کر آ گیا۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ اس کی آمد مجاہدین کو کوئی فائدہ نہ پہنچا سکی، بلکہ وہ خود بددل ہو کر واپس چلا گیا۔ اس اثناء میں انگریزوں کے حامی خوانین نے اہل بونیر کو ہموار کرنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ انگریز کمشنر اپنی چالوں میں کامیاب ہوا۔ قبائل آہستہ آہستہ رخصت ہونے لگے اور خود اکابر کو بھی احساس ہو گیا کہ صلح کے سوا کوئی راستہ نہیں رہا۔

اصل مصیبت

اصل مصیبت وہی تھی جس کا ذکر اِن صفحات میں بار بار آ چکا ہے، یعنی قبائل غیر منظم تھے، ان میں حمیت و شجاعت کی کمی نہ تھی، لیکن وہ زیادہ دیر تک جم کر مقابلہ جاری نہ رکھ سکتے تھے۔ اگرچہ مختلف خوانین نے بے توشہ غازیوں کے لئے لنگر جاری کر دیے تھے۔ مثلاً تھانہ کے خوانین محمد، حبیب، غلام، اسلم، میر محمد، عباس خاں، آصف خاں، خرسند خاں۔ رستم خیلوں میں سے شاہ نواز، سعادت، زرداد خاں، ماسم خاں، سمت خاں، سونیارے خاں، مہراللہ خاں، قدرت علی شاہ وغیرہ۔ لیکن وسیع منصوبہ بندی کے بغیر اتنے بڑے لشکر کے لئے کھانے پینے کا مستقل انتظام مشکل تھا۔ پھر ان خوانین میں کوئی تنظیمی صلاحیت نہ تھی، اگر صلاحیت ہوتی تو وہ آسانی سے ایسا بندوبست کر لیتے کہ پندرہ بیس ہزار کا لشکر مستقلاً موقع پر موجود رہتا۔ اتنے لشکر کے خورد و نوش کا انتظام مشکل نہ تھا، یہ دشمن کو روک سکتا تھا اور قبائلیوں کے کاروبار میں کوئی خلل نہ پڑتا۔ خاص طور پر قابل غور امر یہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہے کہ قبائل میں صحیح دینی تعلیم نہ تھی، جس کے لئے سید احمد شہید نے کوشش شروع کی تھی، لیکن خود غرض خوانین نے اسے کامیاب نہ ہونے دیا۔

غرض وہ لوگ وقتی طور پر جوش میں آجاتے تھے اور دینی صداؤں سے متاثر بھی ہوتے تھے لیکن مستقل دینی اور قومی کاموں کیلئے جس تربیت کی ضرورت تھی وہ ان میں موجود نہ تھی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قیمتی جانی قربانیوں کے باوجود وہ انگریزوں کی مزاحمت میں بقدرِ آرزو کامیاب نہ ہو سکے اور انگریز بالکل ابتدائے کار میں مصالحت کی جو شرطیں پیش کر رہے تھے اب اکثر لوگ اُنہیں کی طرف مائل ہونے لگے۔ جو خوانین انگریزوں کے ساتھ تھے وہ بھی اپنے نقطۂ نگاہ کی اشاعت کرتے رہتے تھے۔ جن خوانین نے انگریزوں سے روپیہ لے رکھا تھا وہ بھی سرگرمِ کار تھے۔ تمام اسباب و محرکات نے مل کر انگریزوں کے مقاصد کی تکمیل کا سامان فراہم کر دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

مجاہدین کی شانِ جانبازی

انتشار کی کیفیت

قبائل میں انتشار کی سرسری کیفیت یہ ہے کہ اہل بونیر کے متعلق اسی وقت سے گوناگوں وسوسے پیدا ہونے لگے تھے جب انہوں نے اسمبیلہ کو چھوڑ کر چملہ اور بونیر کے درمیان درے میں مورچے لگائے تھے۔ اس کا مطلب [illegible] لفظوں میں یہ تھا کہ وہ اصل مقصد (چملہ سے انگریزوں کا گذرنا) سے دست بردار ہو چکے ہیں یا کم از کم اس سے چنداں دلچسپی باقی نہیں رہی، اور اب صرف یہ چاہتے ہیں کہ انگریز بونیر کا رخ کریں تو ان سے لڑیں۔ وہی سب سے پہلے میدانِ جنگ میں اترے تھے۔ اسمبیلہ انہیں کی ملکیت تھا، باقی قبائل کی حیثیت ان کے معاونوں اور ہمدردوں کی تھی۔ مالک ملکیت سے بے پروا ہو جائیں تو ان کے معاون کب تک قائم و استوار رہ سکتے ہیں۔ چنانچہ صوانی اور دوسرے قبائل بھی پیچھے ہٹتے گئے، صرف مجاہدین اور ساداتِ ستھانہ باقی رہ گئے۔

امیر المجاہدین کا فیصلہ

اب تنہا امیر المجاہدین پر پیش قدمی کی ذمہ داری آپڑی۔ انہوں نے اپنی جانباز جماعت میں سے سوسو کی دو جمعیتیں منتخب کیں۔ ایک کا سپہ سالار ناصر محمود کو بنایا، دوسرے کا کلیم الدین کو، اور حکم دیا کہ وہ راہِ حق میں قربانی کا عملی نمونہ ان ہزاروں مسلمانوں کے سامنے پیش کریں جو باوجود کثرتِ تعداد میدان چھوڑ کر الگ ہو رہے تھے۔ واضح رہے کہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یہ شجاعت و مردانگی کی نمائش نہ تھی، اس کا مدعا یہ بھی نہ تھا کہ دنیا پر واضح ہو جائے کہ مجاہدین اپنے امیر کے حکم پر کس طرح جانیں دے دینے کیلئے تیار رہتے ہیں۔ اصل غرض یہ تھی کہ شاید قربانی کا عملی نمونہ ان مسلمانوں میں اسلامی جانبازی کا جذبہ بیدار کرے جو تماشائیوں کی حیثیت میں پہاڑ کی اونچی دیوار پر کھڑے تھے۔ زبانی دعوت کا وقت نہ تھا عملی دعوت کا موقع آ گیا تھا، امیر المجاہدین نے اس کا بھی انتظام کر دیا۔ امبیلہ کے میدان میں راہِ حق کے ان مجاہدوں نے جو نمونہ دکھایا اسکی مثالیں تاریخ کے صفحات پر بہت کم یاب ہیں۔ اللہ تعالیٰ امبیلہ کی خاک کے ذرّوں، کوہ گڑو کے پتھروں اور قریبی جنگل کے درختوں کو گویائی کی قوت عطا کر دے تو وہی یہ خونچکاں داستان احسن طریق پر سنا سکتے ہیں۔

تقریر اور دعاء

امیر المجاہدین نے ان دوسو جانبازوں کو انگریزوں کی بے پناہ قوت کے مقابلے میں کھڑا کر کے تقریر کی کہ بھائیو! ہر مجاہد کا جسم زخموں سے لالہ زار بن جانے والا ہے، لیکن تم جانتے ہو کہ ہمارے چمن کی یہ بہار ہمیشہ تازہ رہے گی۔ دشمن جنگ کیلئے آیا ہے اس کے مقابلے سے ہٹنا ہمارے لئے گناہ ہے۔ تمہارے جسموں کا ایک ایک ٹکڑا بھی کٹ جائے تو پرواہ نہ کرو، دشمن کو پیٹھ دکھانا ہمارے لئے زیبا نہیں، تم جس آزمائش میں پڑنے والے ہو اس کی ہولناکیوں سے میں ناواقف نہیں، لیکن تمہیں معلوم ہے کہ لوہا جب تک آگ میں پگھل نہیں جاتا اس سے جنگی ہتھیار نہیں بن سکتے۔

اس کے بعد حضرت امیر نے بارگاہِ باری تعالیٰ میں دعاء کی کہ الٰہی تو جہانوں کا کارساز ہے تیرے سوا ہم کسی کی پناہ نہیں ڈھونڈتے۔ زور اور قوت تیرے ہاتھ میں ہے، ہم ناچیز مسکین کیا کر سکتے ہیں۔ تو غریبوں اور بیکسوں کا مددگار ہے، تیرے سوا کسی سے یاوری کی امید نہیں۔ اس جنگ میں صرف تیری مدد درکار ہے، یہ مجاہد صفیں باندھ کر کھڑے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہو گئے ہیں، تو ہی اپنی رحمت سے انہیں زور اور قوت بخش سکتا ہے۔ تو نے مومنوں کیلئے نصرت کا وعدہ کر رکھا ہے۔ مالک! دشمنانِ دین پر ہمیں فتح عطا کر، میں ان غریب الوطن بیکسوں کو تیرے حوالے کرتا ہوں۔ یہ سب تیری راہ میں جان کی قربانی پیش کریں گے۔ اگر ملکی فوج ہمارا ساتھ دینے کے لئے تیار نہیں تو ہمیں کیا پرواہ ہے؟ اس کارزار میں فقط تو ہمارا مددگار ہے۔

پھر مجاہدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا: بھائیو! اللہ تعالیٰ تمہارا مددگار ہو، وہی پاک ذات تمہارے لئے کافی ہے۔ میری طرف سے سلام قبول کرو۔ تم اس میدان میں رہ کر وہ فرض بجالاؤ جو خدا نے تمہارے ذمے عائد کر رکھا ہے۔

تمام مجاہدوں نے سلام کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہم سے کوئی خطا سرزد ہوئی ہو تو معاف فرما دیجئے۔ امیر نے بہ آوازِ بلند کہا کہ میں نے خدا کیلئے ہر خطا معاف کر دی تم بھی میری خطاؤں کو معاف کر دو۔ یہ کہتے ہوئے باقی ساتھیوں کو لے کر امیر صاحب ذرا بلندی پر جا کر کھڑے ہو گئے۔ ملکیوں میں سے بھی کوئی میدان میں باقی نہ رہا، صرف دو سو کی یہ جماعت باقی رہ گئی جس کی حق آئینی اس میدان میں آفتابِ عالم تاب سے بڑھ کر درخشاں تھی۔

حشر آفریں منظر

مجاہدین اگرچہ دشمن کے مقابلے پر بہت تھوڑے تھے تاہم وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح استوار کھڑے تھے۔ انگریزی فوجیں نمودار ہوئیں تو مجاہدین نے پہلے ایک باڑ ماری، پھر ہر طرف سے توپیں اور بندوقیں آگ اگلنے لگیں۔ پورا میدان دھوئیں سے تیرہ و تار ہو گیا۔ مجاہدین نے تلواریں علم کیں اور دشمن پر ٹوٹ پڑے۔ ان کی مثال وہی تھی جیسے پروانے شمع پر گرتے ہیں۔ مولوی عبدالحق لکھتے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نہ ترسد مجاہد توپ و تفنگ		برد خویشتن را بہ میدانِ جنگ
چو بلبل کند قصد گلزار را		فرامش کند سختیٔ کار را
چو بیند رخِ شمع پروانہ زار		بسوزد تنِ خویش دیوانہ وار
تو دیوانہ گویش دیوانۂ		کہ آگہ نہ از ذوقِ پروانۂ
خدا ہر کرا مایۂ عقل داد		بکوشد بہ مال و سر اندر جہاد (۱)

بہ ہر حال مجاہدین نے راہِ حق میں اس طرح جانیں دیں کہ اخوند صاحب سوات کوتل پر بیٹھے اس منظر کی تاب نہ لا سکے اور بے قراری سے اِدھر اُدھر دوڑنے لگے۔ ہر ایک سے کہتے کہ جاؤ اور ان بہادروں کی امداد کرو۔ کبھی ہاتھ اُٹھا کر دعاء کرتے۔

الٰہی بدہ فتح اسلام را		بکن غرق خصمِ بدانجام را

لیکن ان ہزاروں غیور مسلمانوں میں سے کسی کو بھی امتحان گاہ میں پہنچ کر جانبازی کا حوصلہ نہ ہوا، البتہ شہزادہ مبارک شاہ اٹھا اور اپنے بھائی سید شاہ محمود سے بات چیت کر کے اپنے ملازموں کے ساتھ میدانِ جنگ میں چلا گیا۔ چونکہ سارا میدان دھوئیں کے تاریک بادلوں میں مستور تھا اس لئے کچھ پتہ نہ چلتا تھا کہ کس کا کیا حال ہوا۔ شہزادہ سید محمود محفوظ رہے، البتہ مجاہدین سب کے سب شہادت سے سرفراز ہوئے۔ افسوس کہ اس بے مثال قربانی سے دعوتِ جہاد کو مؤثر بنانے کی جو غرض پیشِ نظر تھی وہ پوری نہ ہوئی، تاہم مجاہدوں نے اپنے خونِ حیات سے امبیلہ کے میدان میں جو نقش مرتسم کیا تھا وہ زمانہ کی گردش سے

(۱) مجاہد توپ اور بندوق سے کبھی نہیں ڈرتا، وہ ہر خوف سے بے پرواہ ہو کر میدانِ جنگ میں پہنچتا ہے۔ بلبل جب باغ کا قصد کرتی ہے تو ہر سختی بھول جاتی ہے۔ پروانہ شمع کا رخِ روشن دیکھتا ہے تو اپنے آپ کو دیوانہ وار اس کی آگ میں جلا دیتا ہے۔ تو اسے دیوانہ کہتا ہے تو سمجھ لے کہ تو خود دیوانہ ہے۔ اس لئے کہ پروانے کے ذوق سے تجھے قطعاً آگاہی نہیں۔ خدا جسے عقلِ سلیم کی نعمت دیتا ہے وہ مال و جان سے خدا کی راہ میں جہاد کے لئے کوشاں رہتا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گیا اور انشاء اللہ تا قیامت محفوظ رہے گا۔

انگریزوں سے بات چیت

خانِ دیر اور اہل بونیر ہمت ہار چکے تھے، باقی قبائل پر بھی افسردگی طاری ہو چکی تھی، لہٰذا یہی بہتر سمجھا گیا کہ بات چیت سے معاملہ طے کر لیا جائے۔ چنانچہ تمام خوانین کی رائے اور اخوند صاحب کی رضامندی سے یہ قرار پایا کہ انگریزوں کے کچھ آدمی نمائندگانِ خوانین کے ساتھ ملکا جائیں اور ایک دو مکان جلا کر واپس آ جائیں۔ شہزادہ مبارک شاہ نے یہ کیفیت دیکھی تو صبر و ضبط سے کام لیتے ہوئے کچھ نہ کہا، البتہ اپنے چچا سید عمران شاہ کو جنہیں ملکا کا منتظم بنایا گیا تھا پوری کیفیت لکھ بھیجی کہ بال بچوں اور ضروری سامان کو محفوظ مقام پر پہنچا دیں۔ امیر المجاہدین نے مولوی فیاض علی کے نام اسی مضمون کا خط ارسال کر دیا۔

ملکا کا جلایا جانا

مشہور یہی ہے کہ ملکا کے ایک دو مکان جلائے گئے۔ انگریزوں کا بیان ہے کہ پوری آبادی کو برباد کیا گیا۔ سید عبدالجبار شاہ فرماتے ہیں:

> ملکا ہماری اپنی ملکیت ہے اور ہم کو صحیح علم ہے کہ ایک گھر یا چھپر بھی نہ جلایا گیا۔ جن اہل بونیر نے انگریزوں کو فاتح بنانے میں بڑی امداد دی تھی وہی مانع ہوئے۔ وہ کہتے تھے کہ ملکا کا جلنا ہماری ذلت ہے۔ ایک کوٹھے کے شہتیر کو آگ سے جھلسنے کی کوشش کی گئی اُسے بچا لیا گیا اور انگریزی فوج ملکا تک جا کر واپس آ گئی۔

مجاہدین کا انتظام

چغرزئی قوم کا ایک ملک ہاشم علی خاں اخوند صاحب سوات کا مخلص مرید تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صاحب موصوف نے امیر المجاہدین کا ہاتھ ہاشم علی خاں کے ہاتھ میں دے کر فرمایا یہ میری امانت ہے، اس کی خیانت کو میری خیانت سمجھنا۔

چنانچہ ہاشم علی خاں نے پرگنہ چغرزئی میں بدہال کی طرف گلونو بوڑی (کشتِ گل یا پھولوں کا کھیت) نام ایک گاؤں مجاہدین کیلئے وقف کر دیا، جہاں انہوں نے کئی سال گزارے۔ زخمی مجاہدین کو بھی وہیں پہنچانے کا انتظام کر دیا گیا۔

گنجِ شہیداں

شہداء کو میدانِ جنگ ہی کے ایک گوشے میں دفن کیا گیا۔ امبیلہ گاؤں کے پیچھے چیڑ کے درختوں کا ایک جھنڈ ہے اُسی جگہ مجاہدین کا قبرستان ہے۔ کہتے ہیں کہ انجیر کے درخت کے پاس ایک بڑی ڈھیری ہے، جسے گنجِ شہیداں سمجھنا چاہئے۔

در آں دائرہ سر مجاہد نہاد		دو لک آفریں بہ ہر مرد باد
چو قبلہ نما بُد سرِ ہر شہید		سوئے قبلہ می شد بہ حکمِ مجید
تو گوئی کہ آں کشت گلزار شد		بہ خونِ شہیداں چو گلنار شد(۱)

جس مقام پر اخوند صاحب سوات کا قیام تھا وہاں ایک کچی مسجد بنا دی گئی تھی۔ موجودہ حکومتِ سوات نے اس جگہ ایک پختہ اور شاندار مسجد تعمیر کرا دی ہے۔

امبیلہ کی جنگ میں کم و بیش چار سو مجاہدین جاں بحق ہوئے۔ ان میں دو سو وہ تھے جنہوں نے ناصر محمد اور کلیم الدین کی سالاری میں تنہا انگریزی قوت کا مقابلہ کیا۔ سید عبدالجبار شاہ ستھانوی نے ان کی کیفیت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ لوگ صابر و شاکر

(۱) مجاہدوں نے اس میدان میں اپنے سر قربان کر دیے۔ ہر صاحبِ حوصلہ پر دو لاکھ بار آفریں، ہر شہید کا سر قبلے کا پتہ دے رہا تھا۔ شہادت کے بعد خدا کے حکم سے ان سب کے سر قبلہ رو ہو گئے۔ وہ میدان گلزار بن گیا، شہیدوں کے خون نے اُسے انار کے پھولوں جیسا بنا دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہر وقت ذکر خدا میں مشغول رہتے تھے۔ ان کے پہرے دار ایک دوسرے کو آواز دیتے تو ایسے انداز میں ''سبحان اللہ'' کا نعرہ بلند کرتے کہ جو یہ نعرہ سنتا اس کا دل تڑپ اٹھتا۔ دوسرا پہرے دار جواب میں کہتا ''الحمد للہ'' تیسرا پکارتا ''یرحمکم اللہ'' چوتھا جواب دیتا ''یھدیکم اللہ''۔

یہ جماعت ذاتِ باری تعالیٰ کے عاشقوں کی جماعت تھی۔ ان کی سب سے بڑی آرزو یہ تھی کہ خدا کی راہ میں قربان ہو جائیں۔ اگر کسی کو میدانِ جنگ میں شہادت کی عزت نہ ملتی تو وہ اسے اپنی کم نصیبی سمجھتا۔ یہ وقتی جوش کا معاملہ نہ تھا بلکہ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ اسْتَقَامُوْا کے مطابق انہوں نے اسی دھن اور شوق میں اپنی عمریں گزار دیں اور ہر قسم کے مصائب بہ طیبِ خاطر قبول کر لیے۔ مثلاً غربت، مسافرت، بھوک، سردی، گرمی، زمین پر سونا، ضروریاتِ زندگی سے محروم رہنا وغیرہ۔

لشکروں کا معاملہ


اندازہ کیا گیا ہے کہ چیمبرلین کے ساتھ کل سات ہزار فوج تھی، لیکن مقامی بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ دس ہزار کیلئے حسن ابدال کے پاس کیمپ تیار کیا گیا تھا۔ انگریزوں کے حامی خوانین و قبائل کے لشکر اُن کے علاوہ تھے۔ ہنٹر نے ایک نوٹ میں قبائلی لشکر کی تعداد پچاس اور ساٹھ ہزار کے درمیان بتائی ہے۔ سید عبدالجبار شاہ ذاتی معلومات کی بنا پر ہنٹر کے تخمینے کو نادرست قرار دیتے ہیں۔

ذیل میں وہ نقشہ درج کیا جاتا ہے جس سے ہنٹر اور سید عبدالجبار شاہ کا اندازہ واضح ہوتا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نمبر شمار	نام قبیلہ	ہنٹر کا تخمینہ	سید عبدالجبار شاہ کا صحیح تخمینہ
۱	حسن زئی	دو ہزار	تین ہزار
۲	اکازئی	ایک ہزار	سوا ہزار
۳	مدّاخیل	چار ہزار	تین ہزار
۴	امازئی	ڈیڑھ ہزار	ڈیڑھ ہزار
۵	جدون	چار ہزار	پانچ ہزار
۶	خدّوخیل	دو ہزار	اڑھائی ہزار
۷	چغرزئی مع عزّی خیل وغیرہ	چھ ہزار	چار ہزار
۸	قبائل بونیر	بارہ ہزار	بارہ ہزار
۹	اہل باجوڑ	تین ہزار	تین ہزار
۱۰	رانی زئی	دو ہزار	تین ہزار
۱۱	اہل دِیر	چھ ہزار	دس ہزار
۱۲	قبائل صوات	دس ہزار	سولہ ہزار
میزان	۵۳۵۰۰		۶۴۲۵۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com



حصہ پنجم

ہندوستان کے اندر
مقدمے اور قیدیں

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

عظیم آباد کے تین خاندان

تین خاندان

عظیم آباد کے تین خاندان تھے جن کے زیادہ تر ارکان سید احمد شہیدؒ سے وابستہ ہوئے، اور ان اصحاب نے وابستگی کے تقاضوں کو جس للّٰہیت اور اخلاص سے پورا کیا اور جیسی عظیم الشان قربانیوں کی توفیق بارگاہِ الٰہی سے پائی اسکی کوئی مثال ہمارے دورِ زوال کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ تینوں خاندانوں کو عظیم آباد میں اوّل درجے کی امیری کا رتبہ حاصل تھا، وہ سب کے سب پشتوں سے انتہائی فارغ البالی اور راحت و آسائش کی زندگیاں بسر کر رہے تھے، لیکن سید صاحبؒ سے وابستگی کے بعد ان سب کے طرزِ حیات میں بنیادی تغیر پیدا ہو گیا اور انہوں نے اپنا سب کچھ اللہ کی راہ میں جہاد کیلئے وقف کر دیا۔ ان کی کیفیت ذیل میں درج ہے:

۱- شاہ محمد حسین نمو ہیہ کا خاندان جو حضرت عباسؓ عمِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل سے تھے، ان کے تھوڑے سے حالات ''جماعتِ مجاہدین'' میں درج ہو چکے ہیں۔

۲- مولوی الٰہی بخش کا خاندان جس کا سلسلۂ نسب حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی حضرت جعفر طیارؓ سے ملتا ہے۔ اس بزرگ کے فرزندوں نے ہندوستان میں دعوت و تنظیمِ جہاد اور فراہمیٔ زر و مجاہدین کے اہم کام جس اعلیٰ پیمانے پر انجام دیے وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ بعض افراد میدانِ جہاد کی جانفشانیوں میں بھی حصہ دار بنے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۳- مولوی فتح علی کا خاندان جن کا سلسلۂ نسب حضرت زبیرؓ عمِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے، مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی انہیں کے فرزند تھے، جن کے مجاہدانہ کارنامے گذشتہ صفحات میں پیش کیے جا چکے ہیں۔ امیر المجاہدین مولانا عبداللہ بھی اسی خاندان سے تھے اور جماعت کے مجاہدات کی باگ ڈور مولانا ولایت علی کے وقت سے زیادہ تر اسی خاندان کے ہاتھ میں رہی۔ اس کے جو افراد میدانِ جنگ میں شریک نہ ہو سکے وہ اپنے وطن میں تنظیم کا کام انجام دیتے رہے۔

انسانوں کے بھیس میں فرشتے

آپ میدانِ جنگ کی سرگرمیوں کا تھوڑا سا حال ملاحظہ فرما چکے ہیں، اب یہ دیکھئے کہ تنظیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں کارفرماؤں کو کن کن مشکلات و مصائب سے سابقہ پڑا۔ اس راستے کی صبر آزمائیاں شدت و وسعت میں میدانِ جنگ کی صبر آزمائیوں سے کم نہ تھیں۔ بلکہ میں کہوں گا کہ آتش باری اور شمشیر زنی کی گرمیٔ ہنگامہ میں جان دیدینا اتنا مشکل نہیں جتنا مصائب لامتناہی کے ہجوم میں گھل گھل کر اور کڑھ کڑھ کر زندگی کے اوقات گزارنا مشکل ہے۔ ان مجاہدوں کے خاندان، گھر بار اور جائیدادیں تباہ ہوئیں، انہوں نے جیلوں کی تاریک کوٹھریوں اور انڈمان کی بھیانک وحشت ناکیوں میں دن بسر کیے، ایک دوسرے سے دائمی مفارقت بھی قبول کر لی، یہاں تک کہ حقیقی بھائیوں کو عالمِ غربت میں قبروں کی یکجائی بھی نصیب نہ ہوئی، تاہم ان کی جبینِ عزیمت پر کبھی شکن نہ پڑی اور ان کے پائے استقامت میں کبھی لرزش نہ آئی۔ لاریب وہ انسانوں کی شکل میں فرشتے تھے جو ہماری بگڑی ہوئی تقدیر بنانے کے سلسلے میں ایک صحیح عملی نمونہ پیش کرنے کی غرض سے اس دنیا میں آ گئے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بے مثال اخلاص

بہت کم خاندان ہیں جنہیں بیک وقت دعوت و تنظیم جہاد اور اجرائے جہاد کی سعادت نصیب ہوئی۔ سید صاحب دونوں میدانوں کے یگانہ شہسوار تھے۔ عظیم آباد کے ان تین خاندانوں نے کم وبیش ایک صدی تک دونوں کام سنبھالے رکھے اور ایسی قربانیاں خوش دلی سے کیں جن کا تصور بھی ہمارے عہد میں قلوب پر لرزہ طاری کر دینے کے لئے کافی ہے۔ پھر یہ قربانیاں اس حالت میں کیں، جب ان کیلئے کسی بھی حلقے سے صدائے تحسین کی امید نہ ہوسکتی تھی، بلکہ ہر فرد حکومتِ انگلشیہ کے خلاف جہاد کا نام سنتے ہی منزلوں دور بھاگتا تھا، اور مجاہدین سے برائے نام تعلق کیلئے بھی تیار نہ تھا۔ لہٰذا ان بزرگوں کے خلوص اور للّٰہیت میں کسے کلام ہوسکتا ہے جنہوں نے جان پر کھیل کر گھٹاٹوپ اندھیرے میں امید کے چراغ روشن کیے۔ اسلامیت کی بحالی اور ملک کی آزادی کے لئے جدوجہد کے ہزاروں داعی ہمارے زمانے میں پیدا ہوگئے اور ان کی ستائش میں اہل قلم نے سیکڑوں صفحات سیاہ کیے، لیکن ان میں سے کتنے ہیں جو ان بزرگوں کی برابری کا دم بھر سکیں، جنکے ذکر سے ذیل کے صفحات زینت پا رہے ہیں۔ پہلے ان میں سے بعض کے حالات اختصاراً سن لیجئے جنہیں مختلف دائروں میں کارفرمائی یا کارکردگی کی سعادت نصیب ہوئی۔

مولانا احمد اللہ

آپ مولوی الٰہی بخش جعفری کے خلفِ اکبر تھے۔ ۱۲۲۳ھ (۱۸۰۸ء) میں پیدا ہوئے۔ والد نے احمد بخش نام رکھا تھا، سید صاحب سے وابستگی پیدا ہوئی تو انہوں نے احمد اللہ نام تجویز فرمایا۔ دینی علوم دوسرے اساتذہ کے علاوہ مولانا ولایت علی سے حاصل کیے، بہت ذہین اور ذکی تھے، فہم وفراست میں یگانہ مانے جاتے تھے، وقت کے رئیس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہونے کے باوجود بہت حلیم الطبع، منکسر المزاج اور صاحبِ مروت تھے۔ آپ کی شادی شاہ محمد حسین نمو ہیہ کی بڑی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ حکام کی نظروں میں بھی بہت معزز تھے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں ولیم ٹیلر کمشنر عظیم آباد نے انہیں شاہ محمد حسین اور مولوی واعظ الحق کو تقریباً تین مہینے کے لئے سرکٹ ہاؤس میں نظر بند رکھا تھا۔ حکامِ بالا ٹیلر کی اس حرکت پر اتنے ناراض ہوئے کہ اسے کمشنری سے مستعفی ہونا پڑا۔ چنانچہ اس نے عظیم آباد ہی میں وکالت شروع کر دی۔

مولانا احمد اللہ کی گرفتاری اور سزایابی میں ٹیلر کی دیرینہ عداوت کو بھی خاص دخل تھا۔ مولانا کو اگرچہ خاندانی اور اعتقادی روابط کی بنا پر تحریکِ مجاہدین سے برابر دلچسپی رہی، لیکن تنظیم کا عملی کام انہوں نے صرف اس وقت کیا جب ان کے بھائی مولانا یحییٰ علی گرفتار ہو گئے اور یہ مدت چند مہینے سے زیادہ نہ تھی، تاہم حکومت نے انہیں گرفتار کیا اور جھوٹی شہادتوں کی بنا پر پہلے ضبطیٔ جائیداد اور پھانسی کی سزا دی، پھر آخری سزا حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور میں بدل دی۔ تفصیلات آگے آئیں گی۔

مولانا فیاض علی

مولانا احمد اللہ کے چھوٹے بھائی تھے، انہیں سے درسی کتابیں پڑھیں۔ مولانا ولایت علی سے حدیث کی سند لی، ۱۸۴۶ھ میں مولانا کے ساتھ سرحد گئے، جنگ ڈَب کے بعد انہیں کے ساتھ واپس آئے، فن سپہ گری میں بھی مہارتِ تامہ حاصل تھی۔ دوبارہ سرحد چلے گئے۔ جنگِ امبیلہ کے وقت میں موجود تھے، غالباً گلونو بوڑی میں وفات پائی۔ آپ کی شادی شاہ محمد حسین نمو ہیہ کی دوسری صاحبزادی سے ہوئی تھی، اولاد کوئی نہ ہوئی، اپنے بھائی مولانا احمد اللہ کے فرزند مولانا اشرف علی کو متبنّٰی کر لیا تھا، ان کے حالات الگ بیان ہوں گے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا یحییٰ علی

مولانا احمد اللہ کے تیسرے بھائی تھے اور ان سے دس برس چھوٹے تھے۔ علم و فضل، زہد و تقویٰ اور ایثار و قربانی میں انہیں خاندان کا گل سرسبد سمجھنا چاہیے۔ وہ خاصی مدت تک سرحد میں بھی رہے، واپس آئے تو دعوت و تنظیم جہاد کا پورا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا اور آزادی کے آخری سانس تک اسی کام کیلئے وقف رہے۔ انبالہ کے مقدمے میں جسے انگریزوں نے وہابیوں کا سب سے بڑا مقدمہ قرار دیا تھا، مولانا یحییٰ علی سب سے بڑے ملزم تھے۔ چنانچہ انہیں پہلے ضبطیٔ جائیداد اور پھانسی کی سزا ہوئی پھر آخری سزا حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور میں تبدیل کر دی گئی۔

متفرق اصحاب

اس خاندان کے بعض دوسرے اصحاب کی کیفیت ذیل میں درج ہے:

۱- مولوی اکبر علی: یہ مولانا احمد اللہ کے سب سے چھوٹے بھائی تھے۔ مجاہدین کی اس جماعت میں شامل تھے جو سید احمد شہید کے ہمراہ سب سے پہلے جہاد کے لئے گئی تھی۔ سرحد میں بعارضۂ ہیضہ وبائی وفات پائی۔

۲- حکیم عبدالحمید: مولانا احمد اللہ کے فرزندِ ارجمند تھے۔ یہ مولانا کی سزایابی اور ضبطیٔ جائیداد کے بعد اس دنیا کی ہر شئے سے محروم ہو گئے اور نئے سرے سے زندگی شروع کی۔ علم و فضل میں کمال حاصل تھا۔ مولانا سید سلیمان ندوی انہیں ''خاقانیٔ ہند'' کہا کرتے تھے۔ طب میں وہ ممتاز درجہ حاصل کیا کہ امراء و راجگان بہ منّت و خوشامد انہیں بلایا کرتے تھے۔

۳- مولوی عبدالقدیر عرف اشرف علی: یہ بھی مولانا احمد اللہ کے فرزند تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چونکہ مولانا فیاض علی نے انہیں متبنّٰی کرلیا تھا اس لئے ان کے ساتھ سرحد چلے گئے۔ واپس آکر نام بدلا اور مختلف فنون حاصل کیے۔ بنارس کالج میں ریاضی کے اسسٹنٹ پروفیسر رہے۔ ''اودھ اخبار'' لکھنؤ کی ایڈیٹری بھی کی، کچھ مدت بہاول پور میں ہیڈ ماسٹر رہے۔ پھر جوناگڑھ میں پرنسل مقرر ہوئے، انجام کار باندہ کے اسکول میں ہیڈ ماسٹری کرلی تھی۔ سابقہ سرگرم سیاسی زندگی مدت العمر ان کیلئے پریشانی کا باعث بنی رہی۔ ۲۸ر اکتوبر ۱۹۰۸ء (۲ر شوال ۱۳۲۶ھ) کو وفات پائی۔

۴- مولانا محمد عیسیٰ عرف امجد علی: یہ مولانا یحییٰ علی کے فرزند تھے۔ ابتدائی زندگی سرحدی مجاہدات میں گذری۔ واپس آکر نام بدلا اور علوم میں وہ کمال حاصل کیا کہ اپنے عہد کے یگانہ علماء میں شمار ہونے لگے۔ علی گڑھ کالج اور الٰہ آباد کالج میں عربی کے پروفیسر رہے۔ حکومت نے شمس العلماء کا خطاب دیا۔ ۲۲ر نومبر ۱۹۲۱ء (۲۱ر ربیع الاول ۱۳۴۰ھ) کو انتقال کیا۔

۵- مولانا محمد یوسف رنجوری: مولانا یحییٰ علی کے چھوٹے فرزند تھے۔ حصولِ علم کے بعد کلکتہ بورڈ آف ایگزامینرز کے چیف مولوی مقرر ہوئے۔ آنکھیں خراب ہوجانے کے باوجود کلکتہ یونیورسٹی نے آپ کی علیحدگی منظور نہ کی۔ ۷ر جون ۱۹۲۳ء (۲۲ر شوال ۱۳۴۱ھ) کو بہ وقت ظہر انتقال کیا۔ انہیں خان بہادر اور شمس العلماء کے خطابات حاصل تھے۔

۶- مولانا عبدالرحیم: مولوی فتح علی کے خاندان میں سے اکثر اصحاب کے حالات بیان کیے جاچکے ہیں، یہاں صرف اتنا بتادینا چاہئے کہ مولانا ولایت علی کے ایک بھائی مولوی طالب علی تھے جو مجاہدین کی پہلی جماعت میں سید صاحب کے ساتھ سرحد گئے اور چنگلئی میں وفات پائی۔ ایک بھائی مولانا فرحت حسین تھے جنہیں بعض بیانات

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں فرحت علی کہا گیا۔ یہ ۱۲۷۴ھ یا ۱۲۷۵ھ میں فوت ہوئے۔ ان کے فرزند مولانا عبدالرحیم بھی انبالہ والے مقدمے کے بڑے ملزموں میں تھے۔ یہ ۱۴ر شعبان ۱۳۵۲ھ (۲۴ نومبر ۱۸۳۶ء) کو پیدا ہوئے۔ وطن میں تعلیم پائی کم وبیش اٹھارہ سال جزائر انڈمان میں گزارے جن کی تفصیل آئندہ بیان ہوگی۔ واپس آکر حج کیا اور ۲۴ر اگست ۱۹۲۳ء (۱۰ر ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ) کو بانوے برس کی عمر میں فوت ہوئے۔

۷- حافظ عبدالمجید: مولانا عنایت علی کے اکلوتے فرزند تھے، پوری زندگی سرحد میں گزاری اور وہیں فوت ہوئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

مقدمۂ انبالہ (۱)

دعوت وتبلیغ

ہندوستان کے مختلف حصوں میں سید احمد شہیدؒ کے زمانے سے دعوت وتبلیغ کا کام جاری تھا۔ جس میں اصلاحِ عقائد واعمال کے علاوہ یہ تلقین بھی کی جاتی تھی کہ دوسرے فرائض وارکان کے ساتھ جہاد بھی اسلام کا ایک بہت بڑا رکن ہے۔ جہاد کیلئے آدمی بھی فراہم کیے جاتے تھے اور روپیہ بھی۔ جب پنجاب میں سکھوں کی عملداری ختم ہوئی اور ان کی جگہ انگریز آ گئے تو جماعتِ مجاہدین کا تصادم براہِ راست ان سے ہوا، اور ہندوستان کے اندر کام کرنے والوں کیلئے اک گونہ نازک صورتِ حال پیدا ہوگئی۔ مجھے تفصیلی کیفیت معلوم نہ ہوسکی لیکن خیال ہے وہ سمجھتے ہوں گے کہ دعوت وتہیۂ جہاد اہم اصلاحی فرائض میں داخل ہے اور جب تک جس طور اس فرض کو انجام دینے کا موقع ملے تامل نہ ہونا چاہئے۔ ممکن ہے بعض داعیوں کا تاثر یہ ہو کہ مجاہدین ہندوستان میں نہیں بلکہ آزاد علاقے میں رہتے ہیں اور انہیں حسبِ استطاعت رقمیں پہنچانا یا شیفتگانِ جہاد کیلئے سرحد پہنچنے کا انتظام کر دینا جرم نہیں (۱) انگریزوں نے ابتداء میں اس طرف چنداں توجہ نہ کی۔ جب دیکھا کہ مجاہدین خاصا خطرہ بن سکتے ہیں تو کاوش شروع ہوئی کہ انہیں امداد کہاں سے ملتی ہے؟ چوں کہ سارا نظام ابتداء سے خاص مصلحتوں کی بنا پر خفیہ رکھا گیا تھا اس لئے کسی کو

(۱) بعض مقدمات میں ماخوذ مجاہدین کے وکیلوں نے دفاع میں یہی طریق استدلال اختیار کیا تھا اور سرکاری دعوے کو ازروئے تعزیرات بے بنیاد قرار دیا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صحیح سراغ نہ مل سکا اور بلا ثبوت دارو گیر کا ہنگامہ برپا کر دینے کیلئے کوئی وجہ جواز نہ تھی، اگر چہ بعد میں ذکی الحس انگریز افسروں نے اسے ایک ہیبت انگیز سلسلے کی شکل دیدی۔

غزّن خاں

ہوتی مردان کے ٹپہ کمال زئی کا ایک پٹھان غزّن خاں (ابن جدّن خاں) سوار پولیس میں سارجنٹ تھا اور کرنال کے ضلع میں اسے مقرر کیا گیا تھا۔ مئی ۱۸۶۳ء میں اسے چار آدمی پیدل جاتے ہوئے ملے جن کی وضع قطع درویشوں کی تھی، ان کے رنگ زیادہ سانولے تھے اور ڈاڑھیاں چھوٹی چھوٹی۔ غزّن خاں نے سمجھا کہ ہو نہ ہو یہ بنگالی ہیں۔ اسکا اپنا بیان ہے کہ میں نے ہوتی مردان اور شیخ جانا میں ایسے متعدد آدمی دیکھے تھے۔ (۱)

''غزّن خاں نے پوچھا'' کہاں سے آئے ہو'' انہوں نے بتایا'' ملکا سے اور اب ہم تھانیسر منشی محمد جعفر سے ملیں گے، پھر آگے نکل جائیں گے، مہینے دو مہینے کے بعد لوٹیں گے۔''

انہوں نے غزّن خاں سے کہا کہ تم بھی نوکری چھوڑ دو اور ہمارے ساتھ چلنے کیلئے تیار ہو جاؤ، وہاں بہت بڑی جنگ ہونے والی ہے۔

غزّن خاں انہیں گرفتار کر کے پانی پت کے تھانے میں لے گیا اور ایک رپورٹ تیار کی جس میں بتایا گیا تھا کہ یہ لوگ حکومت کے دشمن ہیں۔ وہ ہر چند کہتے رہے کہ ہمیں چھوڑ دو۔ اگر روپیہ چاہتے ہو تو ہم تھانیسر سے دلا دیں گے لیکن غزّن خاں نے انہیں نہ چھوڑا۔ جب وہ مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہوئے تو عدم ثبوت کی بنا پر انہیں رہا کر دیا گیا۔ (۲) یقیناً ان کے خلاف کوئی ثبوت پیش نہ کیا جا سکتا تھا اور پیش نہ ہوا۔ صرف ایک

(۱) روئیداد مقدمہ انبالہ (انگریزی) ص ۱۴۴۔

(۲) مقدمہ مسٹر اسٹیفن اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے روبرو پیش ہوا تھا۔ صاحب موصوف نے ۱۸ مئی ۱۸۶۳ء کو حکم لکھا: ''چھان بین کے بعد واضح ہوا کہ یہ چار آدمی معمولی مسافر ہیں لہٰذا انہیں رہا کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔''

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غزّن خاں کا بیان تھا کہ وہ ملکا سے آئے ہیں اور دو مہینے کے بعد واپس جائیں گے، تنہا اس بیان پر انہیں سزا نہ دی جا سکتی تھی۔

غزّن کا کینہ

غزّن خاں کو ان کی رہائی پر سخت غصہ آیا۔ دل میں کینے اور انتقام کی آگ بھڑک اٹھی اور وہ مسلمانوں کے اس دینی نظام کو انگریزوں کی خاطر برباد کرنے کیلئے تیار ہو گیا، جو بیچارگی کی حالت میں ہزار محنتوں اور مشقتوں سے بنایا گیا تھا۔ چنانچہ اس نے فوراً اپنے بیٹے فیروز کو جو حمزہ خاں میں مقیم تھا لکھا:

> تم ملکا چلے جاؤ وہاں ایک شخص اخوند زادہ عبداللہ رہتا ہے، اس کی مسجد میں جا کر ٹھہر جاؤ اور اس کے ذریعے سے پوری معلومات حاصل کرو کہ جماعت مجاہدین کو کہاں کہاں سے مدد ملتی ہے؟

غزّن کا اپنا بیان ہے کہ میرا بیٹا فیروز میرے حکم کے مطابق ملکا گیا اور دس روز وہاں ٹھہرا رہا۔ اس زمانے میں بنگالی ستھانہ پر پیش قدمی کی تیاری کر رہے تھے۔ فیروز اُن کے ساتھ ستھانہ اور کھمبل گیا۔ پوری معلومات حاصل کر کے وہاں سے اپنے وطن حمزہ خاں لوٹا۔(۱)

غرض فیروز یہ اطلاع لایا کہ قرابینوں، رائفلوں اور مجاہدین کو بھیجنے کا ذمہ دار محمد جعفر تھانیسری ہے۔ مجاہدین امازئی کے ملکوں مدد خاں اور موزہ خاں کے پاس پہنچتے تھے تو فخریہ جتایا کرتے تھے کہ ہندوستان میں بہت بڑے بڑے آدمی ہمارے دوست ہیں، اس سلسلے میں محمد جعفر کا نام لیا کرتے تھے جسے وہاں خلیفہ کہا جاتا تھا۔ گویا وہ کوئی بہت بڑا

(۱) روئیداد مقدمہ انبالہ (انگریزی) ص ۱۴۵۔ غزّن کا اشارہ بہ ظاہر اس یورش کی طرف ہے جو شہزادہ مبارک شاہ نے کھمبل پر کی تھی۔ اسے بنگالیوں کی یورش قرار دینا سراسر لغو تھا۔ اس یورش میں مجاہدین یقیناً شامل تھے لیکن ان کی تعداد مقامی لشکریوں کے مقابلے میں بہت کم تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواب تھا۔(۱)

یوں غزن خاں اور اس کے بیٹے کی رپورٹ نے پہلی مرتبہ مجاہدین کی تنظیم کا راز فاش کیا۔ سوار پولیس کے افسران کپتان موزلی (MOSELY) نے رپورٹ انسپکٹر جنرل پولیس کے پاس بھیجی اور ضلع انبالہ کے سپرنٹنڈنٹ پولیس کپتان پارسنز (Parsons) کو اس سلسلے میں مزید تحقیقات کا حکم ملا۔

مولوی محمد جعفر کا بیان

مولوی محمد جعفر تھانیسری نے اپنی کتاب ''کالا پانی'' کے آغاز میں جو کچھ بیان کیا ہے اس سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ واقعہ غالباً جنگ اسیلہ کے بعد پیش آیا، حالانکہ جنگ اسیلہ اس وقت شروع بھی نہ ہوئی تھی اور غزن خاں کی انتقامی جد و جہد کا آغاز جنگ چھڑنے سے کم و بیش پانچ مہینے پہلے ہو چکا تھا۔

> مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ غزن خاں نے ۲۸ر جمادی الآخر ۱۲۸۰ھ (۱۱ دسمبر ۱۸۶۳ء) کو کسی ذریعہ سے میرے حال سے واقف ہو کر اور ایسے وقت میں اپنی دنیوی بھلائی کا موقع جان کر ایک بڑی لمبی چوڑی اور تفصیلی کیفیت خیر خواہانہ بہ حضور صاحب ڈپٹی کمشنر کرنال کے حاضر ہو کر یہ مخبری کی کہ یہ جنگ جو ہندوستانی مجاہدین کے ساتھ سرحد پر ہو رہی ہے، ان لوگوں کو محمد جعفر نمبردار تھانیسری روپیہ اور آدمیوں سے مدد دیتا ہے۔(۲)

ظاہر ہے کہ کیفیت جھوٹی نہ تھی، اگرچہ غزن خاں نے وہ اپنی دنیوی بھلائی کے لئے پیش کی تھی۔

غزن خاں یہ کیفیت پیش کر کے ڈپٹی کمشنر کے بنگلے سے نکلا اور مولوی محمد جعفر کے

---

(۱) روئیداد مقدمہ انبالہ (انگریزی) ص ۱۴۵۔

(۲) کالا پانی المعروف تواریخ عجیب ص: ۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایک دوست نے اس راز سے آگاہ ہوکر اپنے ایک ملازم مسمّی قادا سے بہ طور افسوس ذکر کردیا۔ قادا مولوی صاحب کا ہمسایہ اور خیر خواہ تھا، وہ انہیں بروقت آگاہ کرنے کی غرض سے فوراً تھانیسر روانہ ہوگیا۔ چوں کہ رات ہوگئی تھی اور مولوی صاحب کے گھر کے دروازے بند تھے لہٰذا اس نے سوچا کہ صبح کو خبر کردوں گا۔ عین اسی رات کپتان پارسنز پولیس کی خاصی بڑی جمعیت لیکر تلاشی کیلئے مولوی صاحب کے مکان پر پہنچ گیا۔ گویا قادا نے جس غرض سے سفر کی مشقت اٹھائی تھی وہ پوری نہ ہوئی۔ سچ ہے مقدرات کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔ (۱)

تلاشی

کپتان پارسنز نے مولوی صاحب کے مکان کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ پھر انہیں جگا کر خانہ تلاشی کے وارنٹ دکھائے۔ سوئے اتفاق سے مولوی صاحب نے چھ گھنٹے پیشتر جماعت مجاہدین کے روپے کے متعلق ایک مرموز خط محمد شفیع ٹھیکیدار انبالہ کے نام لکھا تھا جسے موصوف ''بلا کا بھرا ہوا خط'' قرار دیتے ہیں۔ یہ خط ان کی بیٹھک میں موجود تھا۔ انہوں نے چاہا کہ کپتان پہلے گھر کے اندر کی تلاشی لے لے تاکہ اس خط کو ضائع کردینے کی مہلت مل جائے۔ کپتان نے اصرار کیا کہ پہلے بیٹھک کی تلاشی لی جائے گی۔ اس غرض سے دو دروازوں کا کھلوانا ضروری تھا، جو آدمی اندر سو رہے تھے ان میں سے مولوی صاحب نے منشی عبدالغفور کو آواز دی کہ سپرنٹنڈنٹ صاحب تلاشی کے لئے کھڑے ہیں دروازہ جلد کھول دو۔ مقصود یہ تھا کہ منشی صاحب متنبہ ہوکر خط ضائع کردیں۔ وہ گھبراہٹ میں اشارہ نہ سمجھ سکے دروازہ کھلا تو وہ خط مل گیا جو اصطلاحی لفظوں میں چند ہزار اشرفیاں روانہ کرنے کے ذکر پر مشتمل تھا۔ کچھ اور خط بھی ملے۔ منشی عبدالغفور ساکن گیا (بہار) اور

(۱) کالا پانی المعروف تواریخ عجیب ص:۶ کپتان کا نام Parsons تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایک بنگالی عباس کو بھی پولیس گرفتار کر کے لے گئی۔ مولوی صاحب کی گرفتاری کے وارنٹ نہ تھے لہٰذا ان سے کوئی مزاحمت نہ کی۔(۱)

اہل عظیم آباد کا سراغ

مولوی محمد جعفر تھانیسری کے یہاں سے جو خط پکڑا گیا تھا اس میں مکتوب الیہ کا نام شیخ شفاعت علی مرقوم تھا اور پتہ محمد شفیع ٹھیکیدار میانمیر کا درج تھا۔ جس کا مکان صدر بازار انبالہ میں تھا۔ چنانچہ انبالہ میں محمد شفیع کے مکان کی اور میانمیر میں اس کی دکان کی تلاشی بھی ہوگئی۔ کپتان بمفیلڈ (۲) وکیل استغاثہ نے اپنی تقریر میں بیان کیا:

> اس اثناء میں ایک اور ذریعے سے بھی مستند اطلاع مل چکی تھی کہ ستھانہ جانے والے آدمی محمد جعفر کے پاس ٹھہرتے ہیں اور وہ مجاہدین کو مالی امداد پہنچاتا ہے (۳) چنانچہ کپتان پارسنز کو مولوی محمد جعفر کی گرفتاری کا حکم دیدیا گیا۔

پارسنز تھانیسر پہنچا تو مولوی صاحب وہاں سے غائب ہو چکے تھے جس کی تفصیل آگے بیان کی جائے گی۔ تھانیسر کی تحصیل، تھانہ اور ڈاک خانہ پیپلی میں تھے، وہاں کے پوسٹ ماسٹر نے ایک خط پیش کیا جو عظیم آباد کے محی الدین کی جانب سے تھانیسر کے عبدالغفور پیروخاں کے نام بھیجا گیا تھا۔ مولوی محمد جعفر کے مکان سے جو خط ملا تھا اس میں تسبیحوں کے لئے چھ ہزار سفید دانے (۴) اور تین سو سرخ دانے بھیجنے کا ذکر تھا۔ پیپلی والے خط میں یہ بتایا گیا تھا کہ میاں حسینی کو عظیم آباد سے سفید اور سرخ دانے دے کر بھیج دیا گیا ہے۔ یوں خفیہ ساز باز کی ایک اور کڑی مل گئی اور عظیم آباد میں بھی تلاشیوں کا سلسلہ

(۱) کالا پانی ص:۷، ۸

(۲) BAMFIELD مولوی محمد جعفر کی کتاب میں اسے وکیل لکھا گیا ہے۔

(۳) روئیداد مقدمہ انبالہ ص:۲۳

(۴) بعد میں معلوم ہوا کہ سفید دانوں سے مراد روپے ہیں اور سرخ دانوں سے اشرفیاں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جاری کر دیا گیا۔

مولوی جعفر کا فرار اور گرفتاری

تلاشی کے بعد پولیس واپس چلی گئی تو مولوی محمد جعفر نے سوچا کہ ثبوت مل گیا ہے اور اب بچاؤ کی کوئی امید نہیں ہو سکتی ہے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ بھاگ کر کسی محفوظ مقام کی طرف نکل جاؤں۔ وہ اعتراف کرتے ہیں کہ ''نامردی سے جان بچانا مناسب جانا'' اگرچہ وہ حراست میں نہ تھے، لیکن مختلف لوگ ان کی نقل و حرکت کو تاکنے اور جاسوسی پر مامور تھے۔ انہوں نے اپنی والدہ اور اہلیہ سے مشورے کے بعد فرار کا فیصلہ کر لیا۔ ۱۲ر دسمبر ۱۸۶۳ء کو وہ پیپلی گئے اور تحصیل اور تھانے میں ان کے دوست موجود تھے، سب نے رائے دی کہ خود انبالہ جا کر دریافت کرنا چاہئے کہ اصل معاملہ کیا ہے۔ چنانچہ وہ شام کے وقت گھوڑے پر سوار ہو کر بہ ظاہر انبالہ کی طرف روانہ ہوئے، نگرانی کرنے والوں نے سمجھ لیا کہ وہ واقعی انبالہ جا رہے ہیں، لیکن مولوی صاحب اپنے دل میں فیصلہ کر چکے تھے۔ تاریکی ہو گئی تو سڑک چھوڑ کر اس جگہ پہنچے جہاں والدہ، بیوی بچے اور اپنے بھائی محمود سے آخری ملاقات کرنی تھی۔ رات کے ایک بجے ایک عمدہ بہلی میں بیوی اور بچوں کو لیکر روانہ ہوئے۔

پانی پت پہنچ کر انہیں رخصت کر دیا، بہلی چلانے والے سے کہا کہ میرے بچوں کو پانی پت میں چھوڑ کر جمنا پار چلے جانا، کسی شخص کو ہمارا پتہ نہ بتانا، بہلی اور بیل خود لے لینا۔

مولوی صاحب دہلی پہنچے اور میاں نصیر الدین سوداگر کی کوٹھی میں مقیم ہوئے جہاں حسینی تھانیسری اور حسینی عظیم آبادی ٹھہرے ہوئے تھے۔ ان کے ساتھ ''عبداللہ'' نام کا بھی ایک شخص تھا جس کا صحیح نام آگے چل کر ''معظم سردار'' ثابت ہوا۔ حسینی عظیم آبادی اور معظم سردار اشرفیاں لیکر آئے تھے۔ (۱) مولوی محمد جعفر نے یہ اشرفیاں حسینی تھانیسری کے

(۱) معظم سردار نے گواہی دیتے ہوئے بتایا کہ میرے کرتے میں ایک طرف چھیانوے اور دوسری طرف ستاسی اشرفیاں سلی ہوئی تھیں۔ حسینی کے کرتے میں غالباً ایک سو اشرفیاں تھیں۔ (روئیداد مقدمہ انبالہ ص: ۵۵)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حوالے کیں کہ جس طور بھی ممکن ہو انہیں مجاہدین کے بیت المال تک پہنچادو۔ خود حسینی عظیم آبادی اور معظم سردار عرف عبداللہ کو لیکر شکرم میں علی گڑھ روانہ ہوگئے۔ پارسنز تھانیسر پہنچا تو مولوی صاحب کے کم عمر بھائی محمد سعید کو مار پیٹ کر فرار کا پورا حال معلوم کرلیا۔ یوں وہ مولوی صاحب کے تعاقب میں دہلی سے علی گڑھ پہنچا اور انہیں گرفتار کر کے واپس لے آیا۔

مزید گرفتاریاں

اس اثناء میں محمد شفیع ٹھیکیدار، اس کا ملازم منشی عبدالکریم اور بعض دوسرے اصحاب بھی گرفتار ہو چکے تھے۔ عظیم آباد میں مولانا احمد اللہ، مولانا یحییٰ اور مولانا عبدالرحیم بھی معرضِ احتساب میں آئے۔ کپتان پارسنز، عظیم آباد کے کلکٹر اور بعض دوسرے افسروں کی معیت میں ۱۲ر شعبان ۱۲۸۰ھ (۲۲ر جنوری ۱۸۶۴ء) کو مولانا احمد اللہ، مولانا یحییٰ وغیرہ کے مکانوں کی تلاشی کے لئے آیا۔ پولیس نے مکانوں کا احاطہ کرلیا۔ مولانا احمد اللہ کلکتہ گئے ہوئے تھے۔ مولانا یحییٰ علی سے تقریباً آٹھ گھنٹے پوچھ گچھ ہوتی رہی۔ پھر وہ لوگ چلے گئے۔ ۲۴ر جنوری کو یہ لوگ دوبارہ آئے۔ کتابوں اور خطوں کو خوب دیکھا بھالا اور کچھ کاغذات ساتھ لے گئے۔ مولانا یحییٰ علی کے لئے دس ہزار روپے کی نقد ضمانت طلب کی، جس کا انتظام مولانا احمد اللہ کے فرزند حکیم عبدالحمید نے کیا۔ مولانا عبدالرحیم اور ان کے ملازم میاں عبدالغفار کو دو روز حوالات میں رکھا، پھر جیل خانے بھیج دیا۔ دس بارہ روز کے بعد مولانا یحییٰ کی ضمانت بھی منسوخ کر کے انھیں گرفتار کرلیا۔ ۲۶ر رمضان ۱۲۸۰ھ (۵ر مارچ ۱۸۶۴ء) کو انھیں ریل گاڑی میں انبالہ بھیج دیا۔

مجاہدین کے سلسلے میں دعوت و تبلیغ اور تنظیمات کے ایک بہت بڑے اور فعال کارکن قاضی میاں جان ساکن کمارکھلی (ضلع پنبہ بنگال) تھے، جن کی عمر اس وقت ساٹھ کے لگ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بھگ ہوگی، انھیں بھی گرفتار کر کے انبالہ پہنچا دیا گیا۔ دہلی سے بصیر الدین اور علاء الدین تاجرانِ جفت بھی گرفتار کر لیے گئے، ان کے ذریعے سے بھی ہنڈیاں بھیجی جاتی تھیں۔

حسینی تھانیسری کی گرفتاری

مولوی محمد جعفر نے حسینی تھانیسری کو اشرفیاں دے کر دہلی سے روانہ کر دیا تھا۔ وہ بے چارہ بڑی احتیاط سے روانہ ہوا تا کہ رقم مجاہدین کے پاس پہنچا دے۔ وہ یکّے میں سوار ہو کر کرنال سے امرتسر جا رہا تھا۔ راستے میں پیپلی کے نائب تحصیلدار قاسم علی اور برکت علی سارجنٹ نے اسے گرفتار کر لیا۔ نائب تحصیلدار نے اپنے بیان میں کہا کہ میں تھانیسر میں مختلف مکانوں کی تلاشی کے بعد پیپلی پہنچا تو یہ شخص یکے میں سوار تھا اور پردے چھوڑے ہوئے تھے۔ میں نے پوچھا: کہاں سے آئے ہو؟ بولا تھانیسر سے اشنان کر کے آ رہا ہوں۔ وہ مسلمان تھا، اس لئے سمجھ میں نہ آیا کہ یہ کیوں اشنان کیلئے تھانیسر گیا؟ چنانچہ اسے گرفتار کر لیا گیا۔ اس کی بغل میں دوروئی دار صدریاں تھیں۔ وہ ذرا بوجھل معلوم ہوئیں۔ انھیں کھول کر دیکھا تو دوسو نوّے اشرفیاں ملیں، ہر اشرفی کاغذ میں لپٹی ہوئی تھی۔ نیز اس کے پاس تریپن روپے تھے۔

اسیروں کے مصائب اور استقامت

گرفتاری کے بعد ان بزرگوں کو انگریزوں نے جوشِ انتقام میں جو تکلیفیں دیں، ان کی پوری کیفیت معلوم نہ ہو سکی۔ یہ وقت کے نہایت معزز اور خوش حال افراد تھے، لیکن ان کے ساتھ وہ سلوک روا رکھا گیا جو معمولی حیثیت کے اخلاقی مجرموں کے متعلق بھی خلافِ حق وانصاف سمجھا جائے گا۔ مثلاً مولوی محمد جعفر کے حالات کا سرسری نقشہ ملاحظہ فرمایئے۔ گرفتاری کے بعد انھیں ایک تنگ وتاریک کوٹھری میں بند کیا گیا۔ کھانے کو دو روٹیاں اور تھوڑا سا ساگ ملا۔ روٹیوں میں ایک چوتھائی ریت اور مٹی شامل تھی۔ ساگ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں موٹے موٹے ڈنڈھل تھے، جنھیں چبانا بھی دشوار تھا۔ علی گڑھ سے شکرم میں دہلی کی طرف روانہ ہوئے تو ہتھکڑی اور طوق پہنایا گیا تھا۔ طوق میں ایک اور زنجیر ڈال کر اس کا سرا ایک مسلح سپاہی کے ہاتھ میں دے دیا گیا تھا۔ کپتان پارسنز اور ایک انسپکٹر پولیس مولوی صاحب کے دائیں بائیں بھرے طمنچے لے کر بیٹھے۔ نہ کھانے کو کچھ دیا، نہ پینے کو۔ راستے میں نماز تیمم کر کے اشاروں سے ادا کی جاتی رہی۔ دہلی میں انھیں سپرنٹنڈنٹ پولیس کے بنگلے کے ایک تہ خانے میں رکھا گیا۔ وہاں سے کرنال اور کرنال سے انبالہ پہنچے، جہاں تینوں (مولوی محمد جعفر، حسینی عظیم آبادی اور معظم سردار) کو علیحدہ علیحدہ پھانسی کی کوٹھریوں میں بند کیا گیا۔

خوفناک سزائیں

مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ کپتان پارسنز سپرنٹنڈنٹ اور کپتان ٹائی (TIGHE) نے کہا کہ سب کچھ بتادو۔ میں نے جواب دیا، مجھے کچھ معلوم نہیں۔ اس کے بعد زدوکوب شروع ہوئی، یہاں تک کہ مولوی صاحب مار کھاتے کھاتے گر پڑے۔ وہ فرماتے ہیں کہ یقین ہوگیا، یہ مجھے زندہ نہ چھوڑیں گے۔ میرے ذمے رمضان کے کچھ روزے باقی تھے۔ کچھ کھائے پیے بغیر روزے رکھنے شروع کر دیئے۔ دوسرے دن زدوکوب کے بعد مجھے ڈپٹی کمشنر کے بنگلے پر لے گئے۔ چاپلوسی سے کہا کہ سب کچھ بتادو، تمھیں سرکاری گواہ بنا کر رہا کر دیں گے اور بڑا عہدہ بھی دیں گے۔ میں نے انکار کیا تو پھر مار پیٹ شروع ہوئی۔ صبح کے آٹھ بجے سے رات کے آٹھ بجے تک بارہ گھنٹے زدوکوب جاری رہی۔ افطار کا وقت آیا تو میں نے بنگلے کے درخت کے پتے توڑ کر روزہ کھولا۔(۱)

(۱) یہ تمام تفصیلات مولوی محمد جعفر کی کتاب ''کالا پانی'' سے ماخوذ ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سوچئے! ہم میں سے کتنے آدمی ہیں جو راہِ خدا میں اس قسم کی تکلیفیں صابرانہ برداشت کر لینے کا تصور بھی کر سکتے ہیں؟ ان بزرگوں نے یہ تمام تکلیفیں ایسے وقت میں اٹھائیں جب ملک کی پوری فضا انگریزی تسلط کے شادیانوں سے معمور تھی اور ایک بھی حلقے سے صدائے تحسین و اعانت بلند ہونے کی امید نہ تھی۔ للّٰہیت اور اخلاص کے ان مقدس افراد نے سید احمد شہید کی جاری کردہ تحریک کے دامن میں پرورش پائی تھی۔ اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ یہ تحریک اس سرزمین میں اسلامیت کی کیسی عجیب و غریب تربیت گاہ تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

مقدمہ انبالہ (۲)

ملزمین

مقدمہ ابتداء میں کپتان ٹائی ڈپٹی کمشنر کی عدالت میں پیش ہوا۔ مندرجہ ذیل اصحاب ملزم تھے۔

۱- شیخ محمد شفیع ٹھیکیدار، جو مختلف چھاؤنیوں میں فوجوں کو گوشت فراہم کرنے کا ذمہ دار تھا اور جس کی جائداد پچاس لاکھ سے کم نہ تھی۔ یہ سید احمد شہید کے مخلص مرید شیخ محمد تقی کا بڑا صاحبزادہ تھا، شفاعت علی اسی کا دوسرا نام تھا۔

۲- مولوی محمد جعفر تھانیسری، ان کے والد کا نام میاں جیون تھا۔ ذات ارائیں، عمر مقدمے کے وقت اٹھائیس سال کے قریب تھی۔ تھانیسر میں نمبردار تھے۔ عرائض نویسی، اور اسٹامپ فروشی بھی کرتے تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ تجارت اور زمینداری کا کاروبار بھی خاصا وسیع تھا۔ مجاہدین کے کام کے لئے ان کا نام ''پیر وخاں'' تھا۔ بعض بیانات کے مطابق یہ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں بھی چند ساتھیوں کو لیکر انگریزوں کے خلاف لڑنے کی غرض سے دہلی گئے تھے۔

۳- مولانا یحییٰ علی جعفری عظیم آبادی، مقدمے کے وقت ان کی عمر غالباً سینتالیس سال تھی۔ مجاہدین کے کام کے لئے ان کا نام ''محی الدین'' تھا۔

۴- مولانا عبدالرحیم، مولوی فرحت حسین کے فرزند اور مولانا ولایت کے بھتیجے، عظیم آباد کے رئیس۔ مقدمے کے وقت ان کی عمر اٹھائیس سال کی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۵- میاں عبدالغفار، مقدمے میں انہیں مولانا عبدالرحیم کا ملازم ظاہر کیا گیا۔ اغلب ہے کہ وہ ابتداء میں ملازم ہوں لیکن اپنے حسن عمل اور جوشِ ایمان کی وجہ سے ان کا درجہ اتنا بلند تھا کہ ایک روایت کے مطابق عظیم آباد کے وہ تمام بزرگ جو سید صاحب سے وابستہ تھے، انہیں سیدی میاں عبدالغفار کہا کرتے تھے۔

۶- قاضی میاں جان، ساکن کمار کھلی (ضلع پٹنہ) یہ نہایت ممتاز کارکن تھے اور جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا ان کے متعدد عرف تھے۔

۷- عبدالکریم انبالوی، عمر پینتیس چال یہ شیخ محمد شفیع کا مختار تھا اور شیخ کی بھانجی سے اس کا نکاح بھی ہوگیا تھا۔

۸- عبدالغفور بن شاہ علی خاں ساکن ضلع شاہ آباد (ایک روایت کے مطابق ساکن ہزاری باغ) عمر پچیس سال۔ یہ تھانیسر میں مولوی محمد جعفر کے ہاں مقیم تھا۔

۹- حسینی ابن محمد بخش، عمر پچیس سال، ساکن تھانیسر۔ یہ مولانا عنایت علی کے عہد میں شریکِ جہاد رہا، پھر اسے جماعتی کام کے سلسلے میں مولوی محمد جعفر کا معاون بنا دیا گیا۔

۱۰- حسینی ابن میگھو ساکن عظیم آباد، عمر پینتیس سال۔ یہ ملزم نمبر ۱۱ کا ملازم تھا۔

۱۱- الٰہی بخش ابن کریم بخش، یہ صاحب مولانا احمد اللہ کے مختار تھے اور ارسالِ زر زیادہ تر انہیں کے ذریعے سے ہوتا تھا۔ ان کا اپنا کاروبار بھی تھا۔

ابتدائی کارروائی اور خوفناک مصائب

کپتان ٹائی کی عدالت میں غالباً ایک ہفتہ کارروائی جاری رہی۔ مقصود یہ تھا کہ ابتدائی چھان بین کے بعد ملزم سیشن سپرد ہوں۔ چنانچہ موصوف نے الزامات، گواہوں اور وثائقی شہادتوں کی تفصیل مرتب کی اور تمام ملزموں کو سیشن سپرد کر دیا۔ اس اثناء میں مقدمے کے گواہ پیدا کرنے کا خاص اہتمام کیا گیا۔ مثلاً شیخ محمد شفیع کے حقیقی بھائی محمد رفیع

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کو پھانسی کی دھمکی دیکر گواہ بنالیا گیا۔ مولوی محمد جعفر کے بھائی محمد سعید کو بھی مار پیٹ کر سرکاری ڈھب کی گواہی دینے پر آمادہ کرلیا گیا۔ جس روز مقدمہ پیش ہونے والا تھا محمد سعید نے ایک سپاہی کے ذریعے سے مولوی محمد جعفر کو پیغام بھیجا کہ مار پیٹ کی بناء پر مجبور ہوگیا ہوں، اب میں عدالت میں اپنے بیان سے انکار کردوں گا۔ مولوی صاحب نے کہلا بھیجا کہ اس سے کچھ فائدہ نہ ہوگا تم پر حلف دروغ کا مقدمہ چلے گا اور سخت سزا ہوگی۔ میری رہائی صرف تمہارے بیان پر موقوف نہیں، تم بھی قید ہوگئے تو ضعیف والدہ دوہرا صدمہ برداشت نہ کرسکے گی۔

عباس نامی جس بنگالی لڑکے کو مولوی محمد جعفر کے مکان سے گرفتار کیا گیا تھا اسے بھی پولیس نے حسب منشاء ایک بیان سکھادیا۔ جب ملزموں کے روبرو اسے بیان دینے کیلئے کہا گیا تو مولوی محمد جعفر کی صورت دیکھتے ہی وہ سب کچھ بھول گیا۔ پولیس اسے واپس لے گئی اور اتنا مارا کہ وہ فوت ہوگیا۔ پارسنز نے مشہور کردیا کہ وہ بیماری سے فوت ہوگیا۔ (۱)

مولانا عبدالرحیم فرماتے ہیں کہ جن کوٹھریوں میں ہمیں بند کیا جاتا تھا ان میں سے ہر کوٹھری پانچ فٹ لمبی اور چار فٹ چوڑی ہوگی۔ چھت بہت بلند اوپر ایک چھوٹا سا روشندان، ہر کوٹھری نہایت تنگ و تاریک تھی۔ شب و روز میں ایک بار اس کا دروازہ کھلتا، اس وقت ایک جمعدار اور تین سپاہی آتے۔ ان کے ساتھ ایک باورچی ہوتا جس کے ہاتھ میں دو روٹیاں اور دال ہوتی۔ ساتھ ہی سقہ جس کی مشک میں پانی ہوتا اور ایک بھنگی جو گملا لئے آتا۔ باورچی ہر محبوس کو روٹیاں دال دے دیتا، سقہ کوزے میں پانی ڈل دیتا اور بھنگی صاف گملا رکھ جاتا۔ (۲)

(۱) ''تذکرہ صادقہ'' میں ہے کہ یہ واقعہ صدرالدین کو پیش آیا ص: ۷۰۔ یہ صحیح نہیں، صدرالدین کی گواہی باقاعدہ ہوئی۔

(۲) ''تذکرہ صادقہ'' ص: ۷۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملزموں کی یکجائی

ڈپٹی کمشنر کی عدالت میں پیش ہو کر ملزموں نے نماز کی اجازت مانگی، نہ ملی تو وہ عین دورانِ مقدمہ میں تیمم کر کے بیٹھے ہوئے اشاروں سے نماز پڑھ لیتے۔ جب تک مقدمہ ڈپٹی کمشنر کی عدالت میں تھا تمام ملزم الگ الگ پھانسی کی کوٹھریوں میں بند تھے۔ جب مقدمہ سیشن سپرد ہوا تو ان سب کو حوالات میں اکٹھا کر دیا گیا۔ مدت کے بعد دوست اکٹھے ہوئے تو اپنی تمام مصیبتیں اور اذیتیں بھول گئے۔ مولوی محمد جعفر اکثر یہ شعر پڑھتے۔

پائے در زنجیر پیشِ دوستاں بہ کہ بابیگانگاں در بوستاں

مولوی صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ ہم سب مولانا یحییٰ علی کی صحبت کو غنیمت سمجھتے تھے، مگر شیخ محمد شفیع اور عبدالکریم کسی قدر کشیدہ خاطر رہتے تھے:

یہ خاکسار جب اپنی ذلیل النسبی اور کم مائیگی پر خیال کر کے انعاماتِ الٰہی اور اس سرفرازی کو جو میرے حالِ بدآمال پر مبذول تھی، مقابلہ کر کے دیکھتا تو سمجھتا تھا کہ میری مثال ٹھیک ایسی ہے جیسے کسی چمار کے سر پر تاجِ شاہی رکھ دیا جائے ..... اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ ایسے امتحانوں میں پیغمبر اور صحابہ لوگ بھی گھبرا جاتے تھے، اس صبر اور استقلال کے انعام کو خیال کر کے اول سے آخر دم تک میری زبان پر تو شکر ہی شکر جاری رہا۔ مولانا یحییٰ علی کی کیفیت اس سے بھی بڑھ چڑھ کر تھی، وہ اکثر اس رباعی کے مضمون کو ادا کیا کرتے تھے:

لَسْتُ اُبَالِیْ حِیْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا عَلٰی اَیِّ شِقٍّ کَانَ لِلّٰہِ مَصْرَعِیْ
وَذٰلِکَ فِیْ ذَاتِ الْاِلٰہِ وَاِنْ یَّشَآء یُبَارِکْ عَلٰی اَوْصَالِ شِلْوٍ مُّمَزَّعٍ(۱)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قانونی امداد

شیخ محمد شفیع نے ابتدائی عدالت ہی میں پہلے ایک انگریز وکیل مقرر کرلیا تھا جس کا نام 'تذکرۂ صادقہ' میں جانسن (JOHNSON) بتایا ہے۔ پھر مسٹر گڈآل (GOODALL) کو سات ہزار روپے پر مقرر کرلیا۔ سیشن کی عدالت میں گڈآل صاحب ہی محمد شفیع اور اس کے منشی عبدالکریم کے مقدمے کی پیروی کرتے رہے۔ باقی ملزموں نے شروع میں کوئی وکیل مقرر نہ کیا، سیشن کی عدالت میں مولانا عبدالرحیم نے گڈآل صاحب کی معرفت کلکتہ سے مسٹر پلاؤڈن (PLOWDEN) کو بلوایا۔ اکیس ہزار روپے فیس مقرر ہوئی، قیام و طعام اور سواری کا خرچ اس کے علاوہ تھا۔ پلاؤڈن صاحب مولانا عبدالرحیم اور مولانا یحییٰ علی کے علاوہ حسینی تھانیسری، حسینی عظیم آبادی، الٰہی بخش اور عبدالغفار کی طرف سے بھی پیروی کرتے رہے۔ مولوی محمد جعفر تھانیسری نے خود اپنے مقدمے کی پیروی کی، قاضی میاں جان اور عبدالغفور کے متعلق کچھ معلوم نہ ہوسکا کہ انھوں نے پیروی کا کیا انتظام کیا۔

پلاؤڈن صاحب کلکتہ سے انبالہ پہنچے تو اپنے مؤکلوں سے ملاقات کی درخواست دی جسے ہربرٹ ایڈورڈز (HERBERT EDWARDES) کمشنر اور سیشن جج نے نامنظور کردیا۔ جوڈیشل کمشنر لاہور کے پاس اپیل کی گئی تو وہ بھی نامنظور ہوئی، آخر پلاؤڈن صاحب نے یہ مسئلہ گورنر کے پاس پیش کیا، وہاں سے منظوری آئی تو صاحب موصوف نے مؤکلوں سے مل کر وکالت نامے پر دستخط لیے اور پیروی کی تیاری شروع کی۔ اس میں دو ہفتے لگ گئے۔ اس دوران میں پلاؤڈن صاحب کا خرچ ملزموں کے ذمے پڑا۔ اس سے یہ اندازہ بھی ہوسکتا ہے کہ مقدمے میں ذمہ دار انگریز افسروں کی روش کس درجہ معاندانہ تھی، حکومت کی طرف سے استغاثے کی پیروی کپتان بمفیلڈ کے

(۱) ''کالا پانی'' ص ۱۹، ۲۰۔ جب میں مسلمان مارا جاؤں تو مجھے کچھ پروا نہیں کہ اللہ کی طرف میرا لوٹنا کسی بھی کروٹ ہو۔ اور یہ سب اللہ کی راہ میں ہے وہ چاہے تو بوسیدہ اور ٹکڑے ٹکڑے اعضائے جسم میں برکت اور بالیدگی عطا کردے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ذمے تھی، اسسٹنٹ کمشنر بارکلے اس کا معاون تھا۔

پلاؤڈن صاحب کے اعتراضات

ملزموں کے خلاف مقدمہ دفعہ ۱۲۱ تعزیراتِ ہند کے ماتحت چلایا گیا تھا۔ استغاثہ یہ تھا کہ ستھانہ اور ملکا کے ہندوستانی مجاہدین حکمرانِ برطانیہ کے دشمن ہیں اور اس کے خلاف جنگ کر چکے ہیں۔ ملزم برطانوی رعایا ہیں، لیکن ان کے ذریعے سے مجاہدین کو روپے اور آدمیوں کی امداد ملتی رہی۔ اس طرح انہوں نے دانستہ اور غدارانہ اس عہد وفا و اطاعت کی خلاف ورزی کی جو رعایا کے ہر سچے اور وفادار فرد کے دل میں اپنے حکمراں کیلئے موجزن رہنا چاہئے۔ (۱)

پلاؤڈن صاحب نے پہلا اعتراض یہ کیا کہ شہادت میں بتایا گیا ہے کہ ملزموں نے غیر ملکی دشمنانِ حکومتِ برطانیہ کے اقداماتِ دشمنی میں امداد کی یا اسکے لئے کوشش کی۔ یہ جرم دفعہ ۱۲۱ تعزیراتِ ہند کے ماتحت نہیں آتا۔ مذکورہ دفعہ صرف ان اقداماتِ جنگ کے لئے ہے جو برطانوی رعایا، برطانوی علاقوں کے اندر حکومت کے خلاف عمل میں لائے۔ سیشن جج نے یہ اعتراض مسترد کر دیا تو پلاؤڈن صاحب نے دوسرا اعتراض پیش کیا اور وہ یہ کہ میرے چھ مؤکلوں میں سے پانچ کے خلاف اس عدالت میں مقدمہ نہیں چل سکتا، انبالہ ڈویژن کی عدالتیں لفٹنٹ گورنر پنجاب کے ماتحت ہیں اور میرے پانچ مؤکل عظیم آباد کے رہنے والے ہیں جو لفٹنٹ گورنر بنگال کے ماتحت ہے۔ ضابطۂ فوجداری کی دفعہ ۲۶ و ۲۷ کے مطابق جرائم کی تحقیقات یا تو ان اضلاع میں ہونی چاہئے جہاں ان کا ارتکاب ہوا یا ان اضلاع میں جہاں انکے نتائج برآمد ہوئے۔ دفعہ ۲۸ کے ماتحت شرکت واعانت کی کیفیت بھی یہی ہے۔ ہربرٹ ایڈورڈز نے یہ اعتراض بھی مسترد کر دیا۔

(۱) "روئیداد مقدمہ انبالہ" ص:۱۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

مقدمہ انبالہ (۳)

استغاثے کی شہادتیں

کپتان پارسنز کے علاوہ استغاثے کی طرف سے بہت سی شہادتیں پیش ہوئیں جن میں جماعت مجاہدین کے بعض کارندے عظیم آباد، انبالہ، دہلی، ریواڑی وغیرہ کے مہاجن، تھانیسر کے نمبردار اور بھٹیارے بھی شامل تھے۔ ان سب کی تفصیلات بتائی نہیں جاسکتیں، لیکن جن شہادتوں کو دارو گیر میں نمایاں حیثیت حاصل ہے انکی کیفیت ذیل میں درج ہے:

۱- عثمان علی بن حاجی نسیم الدین ساکن اودھا پور ضلع چوبیس پرگنہ (بنگال) اس گواہ نے جماعت کے ممتاز کارکنوں میں سے منشی ریحان الدین ناظر عدالت جیسور، مولوی میزان الحق (غالباً میزان الرحمٰن ڈھاکہ) حاجی مفیض الدین (چوبیس پرگنہ) منشی سید عبدالغنی اور سید عبدالحق کا ذکر خاص طور پر کیا ہے۔

۲- معظم سردار بن برکت اللہ ساکن چاند پور (بنگال) اس نے مولوی ابراہیم بن حاجی نصیر الدین ساکن پلاس پور (چاند پور سے چار کوس) معین الدین اور قاضی غیاث الدین کا ذکر کیا۔

۳- قاضی مراد علی بن شیخ وجیہ الدین ساکن چوکری پور (ضلع پٹنہ بنگال) یہ گواہ قاضی میاں جان کا بھائی تھا، جن حالات میں اس نے گواہی دی ہوگی وہ محتاجِ تصریح نہیں۔

۴- لال محمد ساکن کمرگڑھی (عظیم آباد)۔ اس گواہ نے منشی عبدالہادی اور ہیبت اللہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کا ذکر کیا۔

۵- عین الدین بن روشن (لالہ سرائے ڈھاکہ) اس نے میزان الرحمٰن، قادر بخش اور وزیر محمد کا ذکر کیا۔

۶- سلیم الدین بن مہر اللہ (اسلام پور ضلع ڈھاکہ) اس نے میزان الرحمٰن، طفیل اللہ یا طفیل علی، خدا بخش اور نجیب اللہ کا ذکر کیا۔

۷- صدر الدین بن جبّو (بھاگل پور ضلع مالدہ) اس نے بصیر الدین، حاجی محمد، عبد العلی درزی (لال کرتی انبالہ) کا ذکر کیا۔

ان کے علاوہ غلام اکبر بن ملنگ غازی (گنانہ گڑھی بنگال) محمد رفیع (برادر شیخ محمد شفیع) حکیم محمد تقی بن فرید بخش (گنگوہ) طالب علی نائب تحصیل دار پیپلی، غلام محمد ڈپٹی انسپکٹر پولیس اور غزن خاں (ہوتی مردان) کی شہادتیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

شہادتوں کا نقشہ

زیادہ تر شہادتیں ایسی تھیں جن کا مدعا یہ تھا کہ ملزموں کے خلاف دعوت و تبلیغ کرنے یا روپیہ اور آدمی بھیجنے کے الزامات کو تقویت پہنچے۔ بعض افراد نے صحیح یا غلط بیان کیا کہ وہ اپنے وطن سے نکل کر عظیم آباد ٹھہرتے ہوئے مولانا یحییٰ علی، مولوی محمد جعفر، شیخ محمد شفیع یا ان کے کارندوں کی امداد سے ملکا پہنچے۔ پھر موقع پا کر وہاں سے بھاگے اور انگریز افسروں کی امداد سے وطن واپس آئے۔ ملزموں کے وکیل تمام گواہوں پر سخت جرح کرتے رہے۔ شیخ محمد شفیع کی طرف سے کمسریٹ کے دو انگریز افسر بھی پیش ہوئے، ایک کپتان اوگلوی (OGILVIE) ڈپٹی اسسٹنٹ کمیسری جنرل، دوسرا کرنل ریڈی (REDIE) ڈپٹی کمیسری جنرل، ان دونوں نے بیان کیا کہ شیخ محمد شفیع کا انتظام رسد ہمیشہ حد درجہ تسلی بخش رہا۔ افسر اس کے کام سے اس قدر مطمئن تھے کہ گرفتاری کے بعد بھی ٹھیکہ اسی کے نام

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رکھا۔ ایک صاحب نے یہ بھی بتایا کہ حکومت کے متعلق اسکے خیالات اچھے پائے گئے۔

مقدمے کی عمومی کیفیت

ملزموں کے بیانات زیادہ مفصل نہ تھے۔ مولوی محمد جعفر لکھتے ہیں کہ مولانا محمد یحییٰ علی تو وکیل مقرر کر کے روپیہ برباد کرنے پر راضی ہی نہ تھے، بلکہ اگر دوسرے لوگ ان کو نہ روکتے تو اپنے نیک اعمال کا اقبال کرنے کو تیار تھے۔ مگر ان کی طبیعت کچھ ایسی سیدھی اور بے عذر تھی کہ جب ان سے مختار نامے پر دستخط کرنے کو کہا گیا تو اس پر بھی دستخط کر دیے۔ (۱)

مقدمہ یقیناً بے بنیاد نہ تھا، سب لوگ مجاہدین کی امداد میں حسبِ حیثیت سرگرم رہے، لیکن ان الزامات کا قانونی ثبوت فراہم کرنا مشکل تھا۔ جو شہادتیں فراہم کی گئیں ان میں بناوٹ اور سکھانے پڑھانے کا عنصر خاصا غالب تھا۔

ملزموں کے بیانات کے بعد پہلے گڈ آل صاحب نے شیخ محمد شفیع اور منشی عبدالکریم کی طرف سے ایک لمبی تقریر کی، جو روئیداد مقدمہ کے پینتالیس صفحات میں سمائی ہے۔ اس کے بعد مسٹر پلاؤڈن نے تقریر کی جو روئیداد کے تئیس صفحات میں آئی۔ آخر میں بمفیلڈ نے دونوں تقریروں کا جواب دیا۔ اس حقیقت میں کوئی شبہ نہیں کہ گڈ آل اور پلاؤڈن نے الزامات کے بے بنیاد ثابت کرنے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا۔ لیکن حکومتِ انگلشیہ سخت سزاؤں کا فیصلہ کر چکی تھی لہٰذا یہ سعی بے نتیجہ رہی۔

فیصلہ

ہربرٹ ایڈورڈز نے جو فیصلہ لکھا وہ روئیداد کے ایک سو پانچ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں بھی مخالف و موافق شہادتوں پر مفصل بحث کی۔ سماعتِ مقدمہ کے دوران میں

(۱) ''کالا پانی'' ص:۲۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حکومت نے حسب قاعدہ چار اسیسر بھی مقرر کر دیے تھے، جن میں سے دو ہندو تھے اور دو مسلمان۔ مولوی محمد جعفر فرماتے ہیں:

> سیشن جج نے چاروں اسیسروں سے کہا کہ اپنی رائے لکھ کر پیش کرو۔ ہم نے دیکھا کہ یہ چاروں اسیسر اس وقت بھی ہماری شکلوں کو دیکھ دیکھ کر آنسو بھر بھر لاتے تھے اور دل سے ہماری رہائی کے خواہاں تھے، مگر جب صاحب جج اور کمشنر کی رائے کو ہماری سزا پر مائل پایا تو مارے ڈر کے انہوں نے بھی لکھ دیا کہ ہمارے نزدیک بھی جرم مندرجہ فرد قرارداد اُن پر ثابت ہے۔ (۱)

ہربرٹ ایڈورڈز کے فیصلے کی اجمالی کیفیت ذیل میں درج ہے:

۱- شیخ محمد شفیع، سزائے موت مع ضبطیٔ جائیداد۔ لاش گورستانِ جیل میں دفن کی جائے۔

۲- مولانا یحییٰ علی، سزائے موت مع ضبطیٔ جائیداد۔ لاش گورستانِ جیل میں دفن کی جائے۔

۳- مولوی محمد جعفر تھانیسری، سزائے موت مع ضبطیٔ جائیداد۔

۴- مولانا عبدالرحیم، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

۵- قاضی میاں جان، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

۶- میاں عبدالغفار، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

۷- منشی عبدالکریم، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

۸- عبدالغفور، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

۹- الٰہی بخش، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

۱۰- حسینی عظیم آبادی، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

---

(۱) ''کالا پانی'' ص:۲۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۱- حسینی تھانیسری، حبس دوام بہ عبور دریائے شور مع ضبطیٔ جائیداد۔

صرف منشی عبدالکریم اور حسینی تھانیسری کے متعلق ہربرٹ ایڈورڈز نے لکھا کہ قانوناً گنجائش ہوتی تو ان کی سزا کم کردی جاتی، نیز ہرملزم کے سلسلے میں تصریح کی کہ اسیسر بالاتفاق اسے مجرم قرار دیتے ہیں۔ لیکن جن حالات میں اسیسروں نے یہ رائے دی اس کی کیفیت اوپر پیش کی جا چکی ہے۔

ہربرٹ ایڈورڈز کے سوانح حیات اس کی بیوی نے دو جلدوں میں لکھے تھے۔ دوسری جلد میں مقدمہ انبالہ کے فیصلے کو 'ایک نہایت اہم سیاسی کام' قرار دیا گیا ہے۔ لیکن جو حقائق اس سلسلے میں پیش کیے جا چکے ہیں ان سے ظاہر ہے کہ کام کی حیثیت کچھ بھی نہ تھی۔ بلاشبہ ملزمین علیٰ قدرِ مراتب مجاہدین کی امداد کرتے رہے مگر جن شہادتوں کی بناء پر اس مقدمہ کو خاص اہمیت دی گئی، ان میں سے زیادہ تر بے سروپا اور بناوٹی تھیں۔ پھر ان شہادتوں کی وجہ سے ملزموں کو جو خوفناک سزائیں دی گئیں ان پر حق و انصاف ہمیشہ خون کے آنسو بہاتے رہیں گے۔ یہ عدل نہ تھا، سراسر جوشِ انتقام تھا۔

جوڈیشل کمشنر کے پاس اپیل

ہربرٹ ایڈورڈز کا فیصلہ ۲ رمئی ۱۸۶۴ء کو صادر ہوا تھا۔ پلاؤڈن اور گڈآل نے مزید فیس لے کر جوڈیشل کمشنر پنجاب کی عدالت (۱) میں اپیل دائر کردی۔ اس زمانے میں رابرٹس (ROBERTS) جوڈیشل کمشنر تھا۔ اس نے بھی اڑسٹھ صفحے کا فیصلہ لکھا جس میں مولانا یحییٰ علی، مولوی محمد جعفر اور شیخ محمد شفیع کی سزائے موت کو حبس دوام بہ عبور دریائے شور میں بدل دیا۔ اس لئے کہ یہ سزا یحییٰ علی اور جعفر جیسے لوگوں کے لئے پھانسی کی موت کے مقابلے میں زیادہ تلخ و ناخوش گوار ہوگی۔ (۲)

(۱) پنجاب میں چیف کورٹ اس کے بعد قائم ہوا، پھر اسے ہائی کورٹ کا درجہ دیا گیا۔

(۲) روئیداد مقدمہ انبالہ ص: ۵۰۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مزید لکھا کہ سب کے جرموں کا درجہ ایک جیسا نہیں۔ یحییٰ علی، قاضی میاں جان اور محمد جعفر تھانیسری کا جرم اول درجے کا ہے، ان کی جائیدادیں ضرور ضبط کی جائیں اور حبس دوام کی سزا بھی پوری دی جائے۔ یعنی معافی وغیرہ نہ ہو۔ عبدالرحیم، الٰہی بخش اور محمد شفیع کے جرم کا درجہ ذرا کم ہے، انہیں حسب دوام میں ضرور کچھ رعایت دی جائے۔ البتہ جائیدادوں کی ضبطی لازم ہے۔ عبدالغفار اور عبدالغفور کے جرم درجے میں اور بھی کم ہیں، انہیں قید میں مزید رعایت دی جائے۔ ان سے کمتر درجہ عبدالکریم اور حسینی عظیم آبادی کا ہے اور سب سے کم درجہ حسینی تھانیسری کا۔ آخر میں تمام کاغذات لفٹنٹ گورنر پنجاب کے سامنے پیش کر دیے تاکہ وہ آخری آٹھ قیدیوں کے معاملے پر مرحمت کے نقطۂ نگاہ سے غور فرمائیں۔ یہ فیصلہ مری سے ۲۴ راگست ۱۸۶۴ء کو صادر ہوا۔

معلوم ہوتا ہے کہ لفٹنٹ گورنر کو بھی آخری فیصلے میں خاصا وقت لگا، اس لئے کہ جن تین بزرگوں کو پھانسی کا حکم سنایا تھا اُن کی سزا عمر قید میں تبدیل ہونے کی اطلاع انہیں ۱۶ ر ستمبر ۱۸۶۴ء کو ملی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

قید اور کالا پانی

ذمہ دار افسروں کا زورِ تعصب

مولوی محمد جعفر لکھتے ہیں کہ جس روز سزا کا حکم سنایا جانے والا تھا ہربرٹ ایڈورڈز نے میری طرف مخاطب ہو کر کہا کہ:

''تم بہت عقل مند، ذی علم اور قانون داں ہو۔ اپنے شہر کے نمبردار ہو، رئیس ہو، لیکن تم نے اپنی ساری عقل مندی اور قانون دانی کو سرکار کی مخالفت میں خرچ کیا۔ اب تمہیں پھانسی دی جائے گی، جائداد ضبط ہوگی، تمہاری لاش بھی تمہارے وارثوں کو نہ ملے گی اور تمہیں پھانسی پر لٹکا ہوا دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوگی۔''

میں نے جواب دیا:

جان دینا اور لینا خدا کا کام ہے۔ آپ کے اختیار میں نہیں، وہ رب العزت قادر ہے کہ میرے مرنے سے پہلے آپ کو ہلاک کر دے۔ اس جواب باصواب پر وہ بہت خفا ہوا مگر پھانسی کا حکم دینے سے زیادہ وہ میرا کیا کر سکتا تھا۔(۱)

مولوی محمد جعفر اٹھارہ سال کالے پانی گزار کر واپس آ گئے۔ ہربرٹ ایڈورڈز اس فیصلے سے چار سال بعد دسمبر ۱۸۶۸ء میں فوت ہو گیا۔ عجیب بات یہ ہے کہ مولوی صاحب موصوف کے بیان کے مطابق کپتان پارسنز پاگل ہو کر راہیِ ملکِ عدم ہوا۔

(۱) ''کالا پانی'' ص:۲۳، ۲۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

راہِ خدا کے جانباز

مولوی صاحب کہتے ہیں: پھانسی کا حکم سنکر میں اتنا خوش ہوا کہ ہفت اقلیم کی سلطنت مل جانے پر بھی اتنی مسرت نہ ہوتی۔ مولانا یحییٰ علی بھی نہایت بشاش تھے، البتہ شیخ محمد شفیع کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔ اس روز تماشائی بہ کثرت کچہری کے احاطے میں جمع تھے اور اکثر زار زار روتے تھے، یا دم بخود ساکت کھڑے تھے۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں: پارسنز میرے نزدیک آ کر کہنے لگا "پھانسی کے حکم پر تمہیں رونا چاہئے اتنے خوش کیوں ہو؟" میں نے چلتے چلتے جواب دیا:

شہادت کی امید پر (خوش ہوں) جو سب سے بڑی نعمت ہے، تم اس کو کیا جانو۔" (۱)

جیل خانے پہنچتے ہی پھانسی والے تینوں قیدیوں کو الگ الگ کوٹھریوں میں بند کر دیا۔ تنگ و تاریک کوٹھریاں، شدید گرمی کا موسم، ایک ہی رات میں مولوی محمد جعفر کے قول کے مطابق جہنم کا نمونہ سامنے آ گیا۔ دوسرے ہی دن خود بخود تار کے ذریعے سے حکم پہنچ گیا کہ پھانسی والے قیدیوں کو رات کے وقت میدان میں باہر سلایا کرو۔

جیل والوں کی پیشکش

جیل خانے کے دیسی کارکن یعنی وارڈر اور سپاہی ان بزرگوں کے بیحد معتقد ہو گئے، خصوصاً مولانا یحییٰ علی کے جو ہر لحظہ توحید اور عمل صالح کا وعظ فرماتے رہتے تھے۔ ان کی کوٹھری کے سامنے سکھ سپاہی آ جاتا یا ہندو سپاہی، تھوڑی ہی دیر میں ہر ایک پر یہ کیفیت طاری ہوتی کہ کھڑا روتا رہتا۔ (۲)

ایک رات سب محافظ باہم صلاح کر کے آئے اور ان تینوں بزرگوں سے کہا کہ آپ

(۱) "کالا پانی" ص ۲۵ (۲) تذکرۂ صادقہ ص: ۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یہاں سے بھاگ جائیں ہم پر بہ جرمِ غفلت مقدمہ چلے گا اور سزا ہو جائے گی، ہم اسے بھگت لیں گے، لیکن آپکی جان تو بچ جائے گی۔ تینوں نے ان لوگوں کے حسن نیت اور ہمت کا شکریہ ادا کیا اور ان کیلئے دعاء کی، مگر کہا کہ بھاگیں گے نہیں، خدا چھڑائے گا تو چھوٹ جائیں گے۔ مولوی محمد جعفر نے یہ بھی کہا کہ اس کی مرضی نہ تھی تو میں بھاگ جانے کے باوجود علی گڑھ سے پکڑا آیا۔ اب دوبارہ ایسی حرکت نہ ہوگی۔ (۱)

ابتلاء بالائے ابتلاء

سوئے اتفاق سے قیدیوں میں بخار نے وبا کی صورت اختیار کر لی اور اس میں بہت سے قیدی نذرِ اجل ہو گئے۔ قاضی میاں جان نے بھی جو بہت بوڑھے تھے اسی وبا میں وفات پائی۔ مولوی محمد جعفر لکھتے ہیں:

> مرنے سے ایک روز پہلے انہوں نے خواب دیکھا تھا کہ ایک جواہر نگار تخت آسمان سے اترا اور اس پر بٹھا کر انہیں آسمان پر لے گئے۔ ضعف اور کبر سنی کے باوجود بڑے ہی صابر اور مستقل مزاج تھے۔ (۲)

اس وبا میں مولانا یحییٰ علی ایک مہینہ سخت بیمار رہے۔ الٰہی بخش پاگل ہو گیا اور اس کی گردن پر پلستر لگائے گئے۔ میاں عبدالغفار بھی بیمار ہو گئے۔ مولانا عبدالرحیم اپنی مشقت بھی پوری کرتے دوپہر اور شام کو ایک ایک گھنٹے کی چھٹی ملتی تو ہسپتال جا کر بیماروں کی بھی خبر لیتے۔ کسی کے کپڑے ملوث ہو جاتے تو انہیں دھو دیتے۔ مولوی محمد جعفر بھی سخت بیمار ہوئے، انگریزی دواؤں سے انہیں افاقہ نہ ہوا تو انگریز ڈاکٹر نے خود مولوی صاحب کی تجویز کے مطابق سیب، بہی کے مربے، بنفشہ، انار کے شربت اور مفرّح دوائیاں منگوائیں۔

اُنھیں دنوں میں مولوی محمد جعفر کی والدہ ماجدہ کو سانپ نے کاٹا اور وہ فوت

(۱) کالا پانی ص: ۲۷، ۲۸

(۲) کالا پانی ص: ۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوگئیں۔(۱) وہ بڑی جائیداد کی مالک تھیں۔جلیل القدر فرزند کی سزا کے بعد ان کی زمینیں اور مکان چھن گئے۔اس انقلابِ احوال سے ان پر جو گذری ہوگی وہ محتاجِ بیان نہیں۔ خدا جانے وہ کہاں سوتی ہوں گی اور کس حالت میں وقت گزارتی ہوں گی،لیکن دنیا کی تکلیفیں کتنی ہی شدید ہوں بہرحال عارضی ہیں۔پائیداری صرف آخرت کی زندگی کو ہے جو حسنِ عمل اور راہِ حق میں تکالیف وشدائد پر صبر کا ثمرہ ہے۔وہ مرحومہ یقیناً زیادہ سے زیادہ ثواب کی مستحق تھیں۔

مشقت اور اس میں تخفیف

پھانسی کی سزا حبسِ دوام میں بدلی تو ان بزرگوں کے سر اور ڈاڑھی مونچھ مونڈ کر انہیں منڈی بھیڑ کا سا بنادیا گیا۔مولانا یحییٰ علی ڈاڑھی کے کٹے ہوئے بال اٹھا کر کہتے تھے:''افسوس نہ کرتو خدا کی راہ میں پکڑی گئی اور اس کی خاطر کاٹی گئی۔''

انبالہ جیل کا داروغہ نبی بخش، نائب داروغہ رحیم بخش اور دوسرے دیسی اہل کار ان بزرگوں کے دلی معتقد اور خیر خواہ تھے،لیکن انگریز سپرنٹنڈنٹ کے خوف سے بہ طورِ خود رعایتی برتاؤ نہ کر سکتے تھے۔مولوی محمد جعفر کا بیان ہے کہ انہوں نے تینوں (یحییٰ علی، شفیع اور جعفر) کو کاغذ کوٹنے کے کام پر لگایا جو مشقت کا سب سے زیادہ سخت کام تھا۔''تذکرۂ صادقہ'' میں ہے کہ مولانا یحییٰ علی رہٹ چلانے کے کام پر لگائے گئے تھے اور تمازتِ آفتاب میں یہ مشقت کرتے کرتے آپ کے پیشاب میں خون آنے لگا تھا۔دو تین دن بعد خود سپرنٹنڈنٹ نے شیخ محمد شفیع اور مولانا یحییٰ علی کو سوت کھولنے کے آسان کام پر لگادیا اور مولوی محمد جعفر سے کہا کہ ردّی کاغذ پھاڑ پھاڑ کر چوبچے میں ڈالتے رہا کرو بلکہ یہ بھی کہہ دیا کہ اس ردّی میں تمہارے ہاتھ کے لکھے ہوئے کاغذ بھی ہوں گے،اپنا دل بہلانے

(۱) کالا پانی ص:۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کو انہیں بھی پڑھتے ہی رہو۔

مجیب الدین تحصیل دار

انبالہ جیل کے قیدیوں میں مجیب الدین تحصیل دار ساکن نارنول بھی تھا، جسے رشوت ستانی کے جرم میں سزا ہوئی تھی۔ غالباً ڈپٹی کمشنر کے ایماء پر اس نے مقدمہ سازش کے بعد اسیروں کو ورغلا کر سرکاری گواہ بنانے کی کوششیں شروع کر دیں۔ انگریزوں نے مجیب الدین سے وعدہ کر لیا تھا کہ اگر وہ اس کوشش میں کامیاب ہو جائیگا تو سزائے قید معاف کر کے اسے دوبارہ تحصیل دار بنا دیا جائے گا۔ مولوی محمد جعفر کو یہ حالات معلوم ہوئے تو اپنے ساتھیوں کو سمجھانا شروع کیا کہ ہماری دنیا تو خراب ہوگئی اب آخرت کو کیوں برباد کرتے ہو؟ مجیب الدین نے یہ حالات دیکھے تو ذمہ دار انگریز افسر سے کہہ دیا کہ جب تک محمد جعفر اور یحییٰ علی موجود ہیں کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ مولوی محمد جعفر، مولانا یحییٰ علی اور میاں عبدالغفار کو دوسرے قیدیوں کے ہمراہ لاہور بھیجنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔

بعد ازاں مجیب الدین کی کوششیں کامیاب ہوئیں، شیخ محمد شفیع، منشی عبدالکریم، الٰہی بخش سوداگر اور بعض دوسرے اصحاب سرکاری گواہ بننے پر آمادہ ہو گئے۔ انہیں کے بیانات کی بناء پر مولانا احمد اللہ کو سزا ہوئی اور انہیں کی شہادتیں بعد کے مقدمات کو کامیاب بنانے کا ذریعہ بنی رہیں۔

اہل عظیم آباد کو ترغیب

مولانا عبدالرحیم کو اس لئے انبالہ جیل میں رکھا گیا کہ شاید ان کے ذریعہ سے کچھ کام نکل سکے۔ وہ خود اپنے امتحانوں میں سے ایک امتحان یہ بتاتے ہیں:

کمشنر صاحب و ڈپٹی کمشنر صاحب کی خواہش ہوئی کہ بہ ذریعہ کمترین مولوی عبداللہ ساکن افغانستان سے پیغامِ مصالحت کیا جائے کہ جن سے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بمقام امبیلہ وغیرہ سرکار سے جنگ ہوئی تھی اور وہ اس کمترین کے چچازاد بھائی تھے۔(۱)

مولانا نے کچھ نہیں بتایا کہ پیغامِ مصالحت مولانا عبداللہ کو بھیجا گیا یا نہ بھیجا گیا، بھیجا گیا تو وہاں سے کیا جواب آیا۔ البتہ ایک مستند روایت کے مطابق اہل عظیم آباد کے پاس سرکار کی طرف سے تجویز پیش ہوئی تھی کہ مولانا عبداللہ کو راضی کر کے واپس بلالو تو نہ صرف ضبط شدہ جائیدادیں بحال کر دی جائیں گی بلکہ چھ لاکھ کی نئی جاگیر دی جائے گی۔ اہل عظیم آباد نے جس طرح طوفانِ ترہیب میں ایمان کی کشتی محفوظ رکھی تھی اسی طرح صرصرِ ترغیب سے بھی قطعاً متاثر نہ ہوئے۔

یحییٰ علی، عبدالغفار اور جعفر

یہ تینوں بزرگ دوسرے قیدیوں کے ساتھ انبالہ سے پیدل روانہ ہوئے۔ لدھیانہ، پھلور، جالندھر اور امرتسر کے راستے لاہور پہنچے۔ پورے سفر میں ان کے بیڑیاں اور ہتھکڑیاں پڑی ہوئی تھیں۔ چند مہینے لاہور سنٹرل جیل میں گزارے، پھر ریل کے ذریعہ سے ملتان اور وہاں سے کشتی میں سوار ہو کر کوٹری پہنچے۔ وہاں سے دوبارہ ریل میں سوار کر کے کراچی پہنچا دیے گئے۔ وہاں بھی تھوڑی دیر ٹھہرے رہے، پھر بادبانی جہاز میں بمبئی گئے اور کچھ مدت تھانہ جیل میں گزاری۔ ۸ر ستمبر ۱۸۶۵ء کو بمبئی سے جمنا جہاز میں سوار ہوئے اور چونتیس روز کے سفر کے بعد ۱۱ر جنوری ۱۸۶۶ء کو پورٹ بلیئر (جزیرہ انڈمان) پہنچ گئے۔

مولانا عبدالرحیم

مولانا عبدالرحیم نے مزید کچھ وقت انبالہ میں گزار کر ایک سال آٹھ مہینے کی مدت

(۱) تذکرۂ صادقہ ص:۴۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لاہور جیل میں گزاری۔ اُنہیں ضیق النفس کا عارضہ تھا۔ اس اثناء میں یہ عارضہ بہت تکلیف دیتا رہا۔ وہ بھی ریل میں ملتان، وہاں سے کشتی میں کوٹڑی، پھر ریل میں کراچی اور وہاں سے دخانی جہاز میں بمبئی پہنچے۔ بمبئی سے انڈمان تک کا سفر سخت مصیبت خیز تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ تمام قیدیوں کو جہاز کے نچلے حصہ میں ایک جنگلے کے اندر بند کر دیا گیا تھا۔ سیلون کے قریب پہنچے تو ہر قیدی کو پہلے دورانِ سر کا عارضہ شروع ہوا پھر قے اور دست جاری ہو گئے، نہ وہ بیچارے خود غلاظت صاف کر سکتے تھے نہ جہاز والوں کو صفائی کا کچھ خیال تھا:

> اسی میں شب و روز رہنا پڑتا تھا۔ میں اپنی نماز پنج وقتی اسی نجس حالت میں بلا وضو و تیمم کسی طور پر ادا کر لیتا تھا۔(۱)

خدا کی رحمت سے غیبی تائید کی ایک صورت پیدا ہو گئی۔ جہاز کا ایک خلاصی سخت بیمار ہوا۔ کپتان کے پاس دوائیں تھیں لیکن ڈاکٹر کوئی نہ تھا، محافظ پلٹن کا جمعدار شیخ قاسم مولانا عبدالرحیم کو خواندہ شخص سمجھ کر ان کے پاس آیا، کیفیت بیان کی اور انہیں کپتان کے پاس لے گیا۔ مولانا طب سے آگاہ تھے، مریض کی حالت دیکھی، کپتان نے دواؤں کی الماری کھول دی۔ مولانا نے دوائیں سونگھ سونگھ کر روغن بید انجیر کی شیشی نکالی۔ اس میں سے ایک تولہ لیکر سونف اور پودینے کا تھوڑا تھوڑا عرق شامل کیا اور مریض کو پلا دیا۔ تھوڑی ہی دیر میں اسے افاقہ ہو گیا۔ جمعدار نے مولانا کیلئے کپتان کی منظوری سے اپنے قریب قیام کا انتظام کر لیا اور اسی کے ہاں سے کھانا ملنے لگا۔

طوفان کے باعث جہاز تیئس دن کے بجائے ایک مہینہ اور اکیس دن میں پورٹ بلیئر پہنچا۔

---

(۱) "تذکرۂ صادقہ" ص:۱۶۶، ۱۶۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سرکاری گواہوں کی حالت

مقدمۂ انبالہ کے کل گیارہ قیدی تھے، جن میں سے قاضی میاں جان انبالہ ہی میں فوت ہو چکے تھے۔ مولانا یحییٰ علی، مولانا عبدالرحیم، مولوی محمد جعفر اور میاں عبدالغفار انڈمان پہنچے، وہاں کے سوانح ایک مستقل باب میں بیان ہوں گے، باقی قیدیوں میں سے زیادہ تر سرکاری گواہ بن گئے تھے۔ ان کی کیفیت اختصاراً یہیں بتا دینی چاہئے:

۱- شیخ محمد شفیع: پچاس لاکھ کی جائیداد ضبط ہوگئی۔ سرکاری گواہ بن جانے کے بعد اسے رہا کر دیا گیا۔ جائیداد واپس نہ ملی۔ ۱۸۶۵ء اور ۱۸۷۱ء کے مقدمات میں اس نے گواہی دی، کل دو سال قید رہا۔

۲- عبدالکریم: ڈیڑھ سال قید رہا، پھر مختلف مقدمات میں اس سے شہادتیں لی گئیں۔

۳- عبدالغفور: اس کی قید لفٹننٹ گورنر نے گھٹا کر حبس دوام کے بجائے دس سال کر دی تھی۔ ۱۸۷۱ء کے مقدمے میں یہ بھی سرکاری گواہ تھا۔

۴- حسینی تھانیسری: ۱۸۷۱ء کے مقدمے میں سرکاری گواہ بنا، کل سات سال قید رہا۔

۵- حسینی عظیم آبادی: دس سال قید رہا ۱۸۷۱ء کے مقدمے میں اس نے بھی شہادت دی تھی۔

۶- الٰہی بخش: یہ بھی سرکاری گواہ بن گیا تھا، مولانا احمد اللہ خاں کے خلاف شہادت دی اور قید کی سزا معاف ہوگئی۔

شیخ الکل میاں نذیر حسینؒ

یہاں یہ بھی عرض کر دینا چاہئے کہ اس مقدمے اور مولانا احمد اللہ والے مقدمے میں جس کا ذکر آئندہ باب میں آئے گا، شیخ الکل میاں نذیر حسین محدث دہلوی بھی ہدفِ ابتلاء بنے تھے۔ میاں صاحب مرحوم اہل حدیث کے سرتاج تھے۔ اہل حدیث اور "وہابیوں"

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کو مترادف سمجھا جاتا تھا۔ مخبروں نے میاں صاحب کے خلاف بھی شکایتیں حکومت کے پاس پہنچائیں۔ ان کے مکان کی تلاشی ہوئی اور بہت سے خط پائے گئے جو ہندوستان کے مختلف حصوں سے آتے تھے۔ ان میں یا تو مسئلے پوچھے جاتے تھے یا مختلف دینی کتابوں کے متعلق دریافت کیا جاتا تھا۔ میاں صاحبؒ سے پوچھا گیا کہ آپ کے پاس اتنے خط کیوں آتے ہیں؟ انہوں نے بے تکلف جواب دیا کہ یہ سوال خط بھیجنے والوں سے کرنا چاہئے نہ کہ مجھ سے۔ ایک خط میں مرقوم تھا کہ ''نخبۃ الفکر'' اصول حدیث کی ایک کتاب) بھیج دیجئے۔ مخبر نے کہا کہ یہ خاص اصطلاح ہے جس کا مفہوم کچھ اور ہے، اور یہ لوگ خطوں میں اصطلاحی الفاظ سے کام لیتے ہیں۔ میاں صاحب نے یہ سنا تو جلال میں آ گئے اور فرمایا:

نخبۃ الفکر کیا، توپ؟ نخبۃ الفکر کیا، بندوق؟ نخبۃ الفکر کیا، گولہ بارود؟ (۱)

بہر حال آپ کو دہلی سے راولپنڈی لے گئے اور وہاں کم و بیش ایک سال جیل خانے میں نظر بند رکھا۔ دو آدمی ساتھ تھے، ایک میر عبدالغنی ساکن سورج گڑھ جو بڑے عابد و زاہد بزرگ تھے۔ انہوں نے جیل خانے ہی میں وفات پائی۔ میاں صاحب نے خود تجہیز و تکفین کی اور نمازِ جنازہ پڑھائی۔ دوسرے صاحب عطاء اللہ تھے جنہوں نے اس زمانے میں پوری صحیح بخاری سبقاً سبقاً پڑھی اور قرآن مجید بھی حفظ کر لیا۔ میاں صاحب نے سرکاری لائبریری سے کتابیں منگوانے کی اجازت لے لی تھی اور ان کا بیشتر وقت مطالعے میں گذرتا تھا۔

راولپنڈی میں مجاہدین کے متعلق بہت سے کاغذات جمع کر دیے گئے تھے، جن میں سے اکثر فارسی میں تھے۔ شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد ان کاغذات کی جانچ پڑتال پر لگائے گئے تھے۔ وہ بھی دیر تک راولپنڈی میں مقیم رہے۔ ذوق کے دیوان کی ترتیب

(۱) الحیات بعد الممات یعنی میاں نذیر حسین کے سوانح حیات ص: ۸۱، ۸۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انہوں نے وہیں شروع کی تھی۔ میاں نذیر حسین کے خلاف کوئی الزام پایۂ ثبوت کو نہ پہنچ سکا تو تقریباً ایک سال کے بعد انہیں ابتلاء سے نجات ملی۔

میاں صاحب کے صاحبزادے مولانا سید شریف حسین کے ایک مکتوب سے واضح ہوتا ہے کہ چیمبرلین صاحب تحقیقات پر مقرر ہوئے تھے، پہلے چند آدمی دہلی آئے اور میاں صاحب سے مجاہدین یا ان کے معاونین کے متعلق پوچھا۔ انہوں نے جواب دیا کہ مجھے کچھ معلوم نہیں۔ پھر چیمبرلین کے حکم سے انہیں پشاور طلب کیا گیا۔ میاں صاحب پشاور پہنچے تو معلوم ہوا کہ چیمبرلین راولپنڈی چلا گیا۔ چنانچہ میاں صاحب کو راولپنڈی آنا پڑا۔ اس اثناء میں چیمبرلین کسی سرکاری کام کے سلسلے میں انبالہ گیا اور وہاں فوت ہو گیا۔ میاں صاحب اس کے قائم مقام کے انتظار میں راولپنڈی ہی میں ٹھہرے رہے۔ قائم مقام نے میاں صاحب سے مجاہدین کا پوچھا اور انہوں نے بے خبری ظاہری کی تو وہ بہت خفا ہوا۔ یہ خط اس زمانے میں لکھا گیا تھا جب میاں صاحب کی ابتلاء پر پانچ مہینے گذر چکے تھے۔(۱)

(۱) مکاتیب نذیریہ ص:۲۲۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

عظیم آباد کا پہلا مقدمہ

مولانا احمد اللہ

مولانا احمد اللہ کے ابتدائی حالات پہلے بیان ہو چکے ہیں۔ وہ اپنے علم و فضل، زہد و تقدس، فہم و تدبر اور بلند حیثیتی کے باعث بہت معزز و محترم مانے جاتے تھے۔ اس حقیقت میں کوئی شبہ نہیں کہ انہیں دینی مقاصد و عزائم سے گہری دل بستگی تھی، کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ان کے دل میں تحریکِ جہاد کے لئے زیادہ سے زیادہ تڑپ موجود نہ تھی، لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ انہوں نے براہِ راست تحریک کی تنظیم میں قطعاً قابل ذکر حصہ نہ لیا تھا، اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ حصہ لینے کی ضرورت محسوس نہ کی، صرف یہ وجہ تھی کہ ان کے بھائی اور عزیز تقریباً سب کے سب تحریک میں سرگرمی سے شریک ہو چکے تھے اور انہوں نے تنظیم و اجرائے جہاد کے مختلف ذمہ دارانہ مناصب سنبھال رکھے تھے۔

ان حالات میں مولانا احمد اللہ کے لئے یہی مناسب تھا کہ جائیداد کی نگرانی اور دیکھ بھال میں لگے رہیں تاکہ اہل خاندان کی عام ضرورتوں کے انتظام میں خلل واقع نہ ہو۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے صرف تھوڑی دیر کے لئے تنظیم کا کام سنبھالا تھا جب ان کے بھائی مولانا یحییٰ علی مقدمہ انبالہ کے سلسلے میں گرفتار ہو چکے تھے۔ گویا جس حد تک عملی سرگرمیوں کا تعلق ہے، مولانا احمد اللہ کے خلاف جو مقدمہ قائم کیا گیا وہ حد درجہ کمزور تھا، لیکن حکومت کے دل میں بزرگانِ عظیم آباد کے خلاف ایک خاص جذبۂ عناد بھڑک اٹھا تھا اور وہ چاہتی تھی کہ سید احمد شہید کے عقیدت مند خاندانوں میں سے کسی کو بھی اپاہج اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ناکارہ بنائے بغیر نہ چھوڑے۔ مولانا احمد اللہ اپنے ممتاز اوصاف کی بنا پر سب سے بڑھ کر توجہ کا مرکز بنے ہوئے تھے۔ ان کے خلاف زبردست گواہ پیدا کر کے ایک خوفناک مقدمہ قائم کیا گیا۔ اس سلسلے میں دشمنی کی آگ کو ہوا دینے کا زیادہ تر کام ولیم ٹیلر نے انجام دیا، جسے ۱۸۵۷ء میں مولانا احمد اللہ کی نظر بندی کے باعث کمشنری کے عہدے سے استعفیٰ دینا پڑا تھا اور وہ عظیم آباد ہی میں وکالت کر رہا تھا۔ (۱)

مقدمے کی کیفیت

اس مقدمے کی مفصل روئداد کہیں سے نہ مل سکی۔ ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ مقدمہ انبالہ کا فیصلہ ہو چکا تو حکومت مولانا احمد اللہ کی سزا دہی میں سرگرم ہوئی، گرفتاری کے بعد انہیں سب سے پہلے مسٹر منرو (MUNRO) منصرم مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ پھر حسب دستور ان کا مقدمہ مسٹر اینسلے (AINSLIE) سیشن جج کے سپرد ہوا۔ شیخ محمد شفیع، منشی عبدالکریم اور الٰہی بخش سوداگر اسیرانِ مقدمۂ انبالہ کے علاوہ ولیم ٹیلر کی کوششوں سے مقامی آدمیوں نے بھی مولانا کے خلاف گواہیاں دیں۔ مولانا مسعود عالم مرحوم لکھتے ہیں:

> انکے مقدمے کی ساری کارروائی اور فیصلہ راقم کی نظر سے گذرے ہیں۔ پورا مقدمہ بنایا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ خود حکام کو اس بات کا اقرار ہے کہ الٰہی بخش (ملزم انبالہ) کی شہادت کے بغیر مولانا احمد اللہ کی سزایابی مشکل تھی۔ (۲)

---

(۱) جرنل بمبئی ایشیاٹک سوسائٹی کے ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ جب مولانا احمد اللہ کے مکان کی تلاشی لی گئی تو انہوں نے سات سو آدمی جمع کر لئے تھے اور وہ مجسٹریٹ کے مقابلے کے لئے تیار تھے۔ (جلد چہاردہم ص: ۳۵۶) لیکن میرے نزدیک مولانا کی عام روش کو ایسی ہنگامہ جوئی سے کوئی مناسبت نہ تھی اور یہ سراسر افتراء ہے جو کسی نے مولانا کو مجرم ثابت کرنے کے لئے وضع کیا۔

(۲) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک "طبع دوم" ص: ۱۴۱، ۱۴۲۔ ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا احمد اللہ کے فرزند ارجمند علامہ حکیم عبدالحمید نے اس ابتلاء کے متعلق ''شہر آشوب'' کے نام سے ایک مثنوی لکھی تھی جس میں بتایا گیا ہے کہ مولانا سے ایک سال پیشتر ان کے چھوٹے بھائی محمد یحییٰ علی کو انبالہ میں سزا ہو چکی تھی۔ رمضان ۱۲۸۱ھ کی آخری تاریخ (۲۷ فروری ۱۸۶۵ء) کو مولانا کے لئے سزا کا حکم صادر ہوا۔ معلوم ہے کہ پہلے ضبطیٔ جائیداد کے علاوہ پھانسی کی سزا کا فیصلہ سنایا گیا پھر اسے حبسِ دوام میں بدل دیا گیا۔(۱)

''تذکرۂ صادقہ'' میں مرقوم ہے کہ مولانا کی گرفتاری کے وقت جو انگریز عظیم آباد میں ججی کے عہدے پر مامور تھا وہ نہایت منصف مزاج، عادل اور نیک طینت تھا۔ حاسدوں نے سمجھا کہ جب تک یہ جج رہے گا مقدمہ سرسبز نہ ہوگا۔ چنانچہ اسے بدلوا کر دوسرا جج مقرر کرایا گیا جو مولانا کے مزاج اور طبیعت سے بالکل ناواقف تھا۔

مولانا کا صبر و استقامت

حکیم عبدالحمید صاحب فرماتے ہیں کہ اہل شہر میں سے کچھ لوگ مولانا کے خلاف سرگرمِ عمل رہے۔

زاں یکے دل سیاہ و نامش نور ہم چناں نام زنگیٔ کافور
واں دگر ریش گاؤ و تن فربہ بہ مراتب ازاں بُز و خربہ

مولانا کو پھانسی کا حکم سنایا گیا تو ان پر قطعاً کوئی پریشانی طاری نہ ہوئی، بالکل یہی کیفیت مولانا یحییٰ علی کی ہوئی تھی:

..... گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ اس سلسلے میں مولانا نے مسز کاک برن کمشنر کے مراسلے بنام سیکریٹری حکومت بنگال مرقومہ ۱۳ مئی ۱۸۶۵ء کا حوالہ دیا ہے۔ یقیناً الٰہی بخش جیسے مخلص کارکن کا مولانا کے خلاف گواہی دینے کے لئے تیار ہو جانا بڑا ہی افسوس ناک تھا، خصوصاً اس بناء پر کہ مولانا موصوف نے مولانا یحییٰ علی کی طرح کبھی تحریک میں سرگرم حصہ نہ لیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

روزِ حکم قصاص ظلم قریں — نہ کسے دیدہ برجبین شاں چیں
نارِ نمرود پیشِ شاں گلشن — نورِ ایماں زروئے شاں روشن
ہر دو در خوبی و سلامت فرد — کوہِ صبر و در استقامت فرد
خلق از حالِ شاں بہ بوالعجبی است — نہ ملول از اجل نہ شاد از زیست
نہ بہ دل شاں زدار بیم و ہراس — نہ ز تیغ و تفنگ غم و وسواس
نہ پرستندۂ زر و جاہ اند — رنگ بردار صبغۃ اللہ اند
ساغرِ زندگی اگر پُر نیست — مُردنِ کس بہ جز تصور نیست
آخرالامر شد بریں انجام — کہ نوشتند حکم حبسِ دوام
دور از خانماں جدا اَز زن — قربتِ غربت و جلائے وطن
تا کہ جاں را بہ جسم رابطہ است — مردہ خواندن خلافِ ضابطہ است
ہم چناں ماندلیک صدمۂ فوت — حبسِ دائم بود خلیفۂ موت

جائیداد کی ضبطی

مصیبت محض یہ نہ تھی کہ ان بزرگوں کو حبسِ دوام کی سزا ہوئی۔ یہ قید کی تکلیفیں صابرانہ برداشت کر سکتے تھے لیکن جائیدادوں کی ضبطی کے باعث ان کے بال بچے بے خانماں کر دیے گئے تھے، اور ان کیلئے نہ کہیں سر چھپانے کو جگہ تھی، نہ گزارے کا کوئی انتظام تھا، نہ ان میں سے کوئی بالواسطہ یا بلاواسطہ معین وشریکِ جرم سمجھا جا سکتا تھا۔ مسٹر راون شا (RAVENSHAW) نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ عظیم آباد کے مسلمانوں نے منقولہ جائیدادوں کی بولی نہ دینے پر اتفاق کر لیا تھا، بہ ایں ہمہ جوشِ انتقام میں لاکھوں کی جائیدادیں کوڑیوں میں دیدی گئیں۔ ۱۹۳۹ء میں یعنی نیلامی سے کم وبیش پچھتر سال بعد حاجی پور کے دیہاتی حلقے کے ممبر مسٹر بدرالحسن نے ان جائیدادوں کی کیفیت دریافت

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کی تھی، جواب میں کرشن بلبھ سہائے نے جو کچھ بتایا، اس کا خلاصہ ذیل میں درج ہے۔

جائیداد غیر منقولہ:

		پائی	آنہ	روپیہ
۱	مولانا عبدالرحیم	۰	۰	۱۲۸۶۶
۲	مولانا یحییٰ علی	۰	۴	۲۰۶۰
۳	مولانا احمداللہ	۰	۴	۵۸۷۷۶
	میزان	۰	۸	۷۳۷۰۲

جائیداد منقولہ:

		پائی	آنہ	روپیہ
۱	مولانا عبدالرحیم	۱۰	۷	۲۳۲
۲	مولانا یحییٰ علی	۰	۰	۶۴۵
۳	مولانا احمداللہ	۹	۱۲	۲۵۱۷
	میزان	۱۹	۱۹	۳۳۹۴

واضح رہے کہ جائیداد منقولہ میں تینوں بزرگوں کی کتابیں، مکانوں کا فرنیچر، یکّے گھوڑے، سنہری اور روپہلے زیور، پالکیاں وغیرہ نہایت بیش بہا چیزیں شامل تھیں اور یہ چیزیں بہت زیادہ قیمت کی تھیں پھر ان کے مکان مسمار کرادیے گئے اور ان کے محلے صادق پور کا احاطہ بلدیہ عظیم آباد کو دے دیا گیا۔ اسی میں وہ جگہ بھی شامل تھی جسے ''قافلہ'' کہا جاتا تھا، اس لئے کہ وہاں مجاہدین اور جماعت کے کارکن ٹھہرا کرتے تھے۔(۱) وہاں

(۱) قافلے اور مکانات کا جو نقشہ مقدمہ میں پیش ہوا تھا، اس کی نقل بطور یادگار کتاب میں شامل کردی گئی ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بلدیہ کی عمارت قائم ہوئی۔

اہل وعیال کی بے بسی

عید کے دن اہل وعیال کو مکان سے نکال دیا گیا۔ حکیم عبدالحمید فرماتے ہیں:

چوں شبِ عید را سحر کردند — ہمہ را از مکاں بدر کردند
ضبط و تاراج جملہ مال و متاع — نقد و جنس و ہمہ اثاث وزراع
بہرِ ما بود آہ جرمِ سخت — بروں سوزنے ز جملہ رخت (۱)
من نہ تنہا کہ کہ ہمرہم تن ہا — بچگاں و زناں و شیون ہا
(میں اکیلا نہ تھا بلکہ ہمراہ بہت لوگ تھے — بچے تھے، عورتیں تھیں اور انکی آہ وفریاد تھی)
احمداللہ بود مجرم شاہ — طفلک بے گناہ را چہ گناہ
(احمداللہ حکومت کا مجرم سہی — لیکن بے گناہ بال بچوں کا کیا قصور تھا؟)
مایۂ عیش سازِ ماتم شد — عیدِ ما غرّہ محرم شد
(ہماری زندگی کا سرمایہ ماتم کا سامان بن گیا — ہماری عید محرم کا چاند بن گئی)
زندہ بودم و لیک مردہ صفت — ضَاقَتِ الْاَرْضُ لِیْ بِمَارَحُبَتْ
(یقیناً میں زندہ تھا لیکن حالت مردوں کی سی تھی — میرے لئے زمین اپنی ساری وسعت پر بھی تنگ ہوگئی

حکیم صاحب طبابت کرتے تھے اور انہوں نے مستقل دواخانہ قائم کر رکھا تھا، وہ بھی پورے کا پورا مع ادویہ ضبطی میں آگیا۔ گویا معمولی روزی کا سامان بھی ختم ہوگیا۔

دلم از زخم زخمِ غم قاش — عاجز از اکتساب و وجہِ معاش
(میرا دل زخموں سے ٹکڑے ٹکڑے تھا — میں اپنی روزی پیدا کرنے سے محروم ہوگیا تھا)
بستہ از چار سو درِ تدبیر — دست بشکستہ پائے در زنجیر

(۱) ذرا تصور کیجئے کہ عید کے دن انھیں نکالا گیا اور کسی کو سوئی تک اٹھانے کی اجازت نہ تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

(چاروں طرف سے تدبیر کے دروازے بند تھے ہاتھ ٹوٹے ہوئے اور پاؤں زنجیروں میں جکڑے ہوئے)

فرماتے ہیں کہ جو سامان ضبط ہوا اس میں نادر چیزیں اور پارچہ جات تھے۔ سب سے بڑھ کر رنج کتابوں کا تھا:

کتبِ ملتِ مسلماناں رفت در دستِ حرفِ ناخواناں
(مسلمانوں کی مذہبی کتابیں ناخواندہ لوگوں کے ہاتھ پڑگئیں)

داند ایں ہرکہ باتمیز بود مالِ یغما کرا عزیز بود
(صاحبِ تمیز جانتا ہے کہ لوٹ کا مال کن لوگوں کو عزیز ہوتا ہے)

راست گویندہ ایں مثل گفت است دلِ بے رحم و دولتِ مفت است
(سچ کہنے والے نے یہ مثل کہی ہے مالِ مفت دلِ بے رحم)

اشتر و فیل و گاہ استر و اسپ باغ ہا و منازل دلچسپ
(اونٹ ہاتھی گائیں، خچر، گھوڑے باغ اور عمدہ مکان)

آں بناہائے شامخ و محکم کہ بہ گیتی بود عدیلش کم
(وہ بلند و مضبوط عمارتیں جن کی مثال زمانے میں کم ملے گی)

اندر آں خانہ طالباں چو نجوم روز وشب مشتغل بہ درسِ علوم
(ان عمارتوں میں طالب علم ستاروں کی طرح رات دن علم پڑھنے میں مشغول رہتے تھے)

جملہ دیوار و سقف و خانہ و دَر بیل زن کردہ منہدم یکسر
(تمام دیواریں، چھتیں، مکان اور دروازے بیلچے والوں نے یک قلم ڈھادیے)

آں عمارت نہ خُرد تر بشکست کہ مر اشیشہ در جگر بشکست
(وہ عمارت ریزہ ریزہ نہ ہوئی، کہنا چاہئے کہ میرے جگر میں شیشہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا)

خانہ را آں جماعت سفاک پاک رفتند چوں خس و خاشاک

www.BestUrduBooks.wordpress.com

(ظالموں نے گھر کو اس طرح صاف کر دیا گویا اس میں جو کچھ تھا وہ خش و خاشاک تھا)

آخر میں اپنے آپ کو صبر کی تلقین کرتے ہیں، خدا کی بارگاہ میں دعاء کی ہے کہ تو زمانے کا کارساز اور مالک ہے۔ تو نے حضرت ایوب کو مصیبتوں سے رہا کیا، حضرت یعقوب اور حضرت یوسف کو ملا دیا:

از تو روز و شب ایں دعاء دارد نہ جز ایں ہیچ مدّعا دارد

(میں بھی رات دن تجھ سے دعاء کرتا ہوں اس کے سوا کوئی آرزو نہیں)

رنج را مایۂ نجاتم کن گنج تکفیرِ سیّاتم کن

جو رنج میں نے اٹھائے ہیں انہیں میری نجات کا ذریعہ بنا اور میری برائیوں کے کفارہ کا خزانہ بنا دے

مجتمع ساز و خانہ آبادم کن ز دیدارِ عمّ و اب شادم

(ہم کو اکٹھا کر دے گھر کو آباد کر اور مجھے والد اور چچا کے دیدار سے شاد کر)

کچھ معلوم نہیں کہ مولانا احمد اللہ عظیم آباد سے کب انڈمان گئے۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ وہ مولانا یحییٰ علی، مولانا عبدالرحیم، میاں عبدالغفار اور مولوی محمد جعفر سے بہت پہلے ۱۵ر جون ۱۸۶۵ء کو وہاں پہنچ گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

مالدہ اور راج محل کے مقدمے

مرکز عظیم آباد

بلاشبہ مجاہدین کو مدد پہنچانے والوں کے خلاف سخت دار و گیر شروع ہوگئی تھی، انبالہ اور عظیم آباد کے مقدموں میں ملزموں کو حد درجہ ہول انگیز سزائیں دینے کا مقصد یہی تھا کہ تمام کارکنوں پر ہراس طاری ہو جائے اور وہ امدادی کام چھوڑ دیں، لیکن معاملہ مصلحت کا نہ تھا، یہ تھا کہ جو کام دین میں اصولی و بنیادی لحاظ سے ضروری ہے اسے بہر حال انجام پانا چاہئے، خواہ کتنی ہی مشکلات پیش آجائیں۔ اس وقت مسلمانوں میں ایسے غیور و جسور افراد بہت کم رہ گئے تھے جو حکومت کی دار و گیر سے بے پرواہ ہو کر یہ فرض انجام دیتے رہے، تاہم ہر مرکز کو سنبھالنے کیلئے مردانِ کار سامنے آتے رہے۔ مثلاً مولانا احمد اللہ کی گرفتاری اور سزایابی کے بعد مرکز کو سنبھالنے والا کوئی نہ تھا، اس کام کا بیڑا مولانا مبارک علی نے اٹھالیا۔ اس بزرگ کا وطن حاجی پور (ضلع مظفر پور، بہار) تھا اور وہ غالباً مولانا ولایت علی یا مولانا فرحت حسین سے بیعت ہوئے تھے۔ بیعت کے ساتھ ہی اپنا وطن مالوف چھوڑ کر تنظیم میں امداد کے لئے عظیم آباد ٹھہر گئے۔ مولانا مسعود عالم فرماتے ہیں:

''عجیب قیامت کا سماں تھا۔ ان حالات میں مولوی مبارک علی صاحب نے جان جوکھم میں ڈال کر تنظیم جماعت کا کام اپنے ہاتھوں میں لے لیا اور ایک عرصے تک اپنا فرض حسن و خوبی کے ساتھ انجام دیتے رہے۔ مقدمات

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سازش کی پیروی میں انہوں نے مولوی محمد حسن صاحب ذبیح کا ہاتھ بٹایا۔(۱)
بالکل یہی کیفیت دوسرے مرکزوں کی تھی۔

ہنٹر کا بیان

اس امر کی تصدیق ہنٹر کے بیان سے ہوتی ہے وہ لکھتا ہے:

''۱۸۶۴ء سے ۱۸۶۸ء تک روپے کی فراہمی اور مجاہدین کی بھرتی بدستور جاری رہی اور سازش سے عہدہ برآ ہونے کے لئے حکومت کو ایک خاص محکمہ قائم کرنا پڑا۔ یہ سطریں سپرد قلم کرنے کے وقت ''وہابیوں'' کی دیکھ بھال کرنے اور انہیں جائز حدود کے اندر رکھنے پر صرف ایک صوبے میں جو کچھ خرچ ہو رہا ہے وہ اتنا ہے کہ ایک ایسے برطانوی ضلع کے دیوانی اور فوجداری انتظامی مصارف کے لئے کفایت کرے جس کی آبادی پورے اسکاٹ لینڈ سے ایک تہائی ہو۔ فتنہ اس درجہ پھیل چکا تھا کہ پتہ چلانا مشکل تھا، انسداد کا کام کہاں سے شروع کیا جائے ہر ضلع کا مرکز (تنظیم مجاہدین کا مرکز) ہزاروں کنبوں میں بے چینی اور بدامنی پھیلاتا ہے۔ ناظم مرکز کے خلاف امکانی شہادت انہیں لوگوں سے مل سکتی ہے جو اسکے ہاتھ پر بیعت کر چکے ہیں، انکی کیفیت یہ ہے کہ اپنے مرشد کا راز فاش کرنے کے بجائے مرجانے کو ترجیح دیں گے۔(۲)

مرکز مالدہ

مرکز مالدہ کی بنیاد ہنٹر کے بیان کے مطابق ۱۸۴۰ء کے لگ بھگ پڑی تھی۔ اس بیان کا مفاد یہ ہے کہ مولانا ولایت علی کے ایک خلیفہ عبدالرحمٰن لکھنوی ضلع مالدہ میں

(۱) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک، طبع دوم ص: ۱۰۷، ۱۰۸۔ اوپر بتایا جا چکا ہے کہ مولوی محمد حسن ذبیح مولانا ولایت علی کے سب سے چھوٹے صاحبزادے تھے۔
(۲) ہندوستانی مسلمان انگریزی ص: ۹۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تشریف لائے۔ انہیں حالات سازگار معلوم ہوئے تو اسی ضلع کے ایک گاؤں میں مدت تک ٹھہرے رہے۔ ایک مقامی خاتون سے شادی کر لی اور مدرس کی حیثیت میں کام کرتے رہے۔ گاؤں میں چھوٹے چھوٹے زمیندار رہتے تھے، ان کے بچے مولوی عبدالرحمٰن کے پاس تعلیم پانے لگے۔ بہ الفاظِ ہنٹر مولوی صاحب بڑے پُرجوش اور پُر تاثیر انداز میں لوگوں کو جہاد کی دعوت دیتے اور ان سے باقاعدہ اعانتی رقمیں وصول کرتے۔ سال بہ سال جمع شدہ رقمیں اور فراہم شدہ آدمی اس غرض سے عظیم آباد بھیج دیتے کہ انہیں سرحد میں پہنچانے کا انتظام کر دیا جائے۔(۱)

مولوی امیر الدین

مولوی عبدالرحمٰن کے ماتحت رقمیں فراہم کرنے والوں میں ایک صاحب رفیق منڈل تھے جن کے متعلق ہنٹر نے لکھا ہے کہ انہیں فراہم شدہ رقم کا ایک چوتھائی حصہ حق تحصیل کے طور پر ملتا تھا۔ رفیق منڈل نے مدت تک کام بے خلل جاری رکھا، ۱۸۵۳ء میں ان کے متعلق شبہات پیدا ہوئے، تلاشی لی گئی تو ایسے خطوط برآمد ہوئے جن سے ثابت ہوتا تھا کہ مرکز مجاہدین سے اس کا تعلق ہے، چنانچہ اس کی گرفتاری عمل میں آئی۔ تھوڑی دیر بعد اس نے رہائی پائی اور جماعتی کاروبار اپنے فرزند مولوی امیر الدین کے حوالے کر دیا۔(۲)

مولوی امیر الدین نے انتہائی سرگرمی سے کام جاری رکھا، اور مجاہدین کے لئے آدمی فراہم کرتے رہے۔ صرف ان کی گرفتاری پر یہ کام رُکا۔ ہنٹر کا بیان ہے کہ مولوی صاحب

(۱) ہندوستانی مسلمان انگریزی، ص:۱۷۔

(۲) ہندوستانی مسلمان" انگریزی، ص:۱۷۔ مولانا مسعود عالم نے خدا جانے کس بنا پر لکھ دیا کہ ہنٹر نے مولوی امیر الدین کو عبدالرحمٰن کا فرزند بتایا ہے، حالانکہ اس نے مولوی صاحب کو رفیق منڈل ہی کا فرزند بتایا ہے۔ "منڈل" بنگال و بہار میں غالباً وہی معنی رکھتا ہے جو دکن اور وسط ہند میں "پٹیل" کے اور ہمارے یہاں "نمبردار" کے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کا حلقۂ کارپورے ضلع مالدہ کے علاوہ متصلہ اضلاع میں سے مرشد آباد اور راج شاہی کے بعض حصوں پر بھی مشتمل تھا۔ دریائے گنگا کے دونوں کناروں اور اس کے جزیروں میں بسنے والے مسلمان مولوی امیر الدین کو بہت عزت واحترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔ یہ بتانا مشکل ہے کہ مولوی صاحب نے کل کتنے آدمی فراہم کیے، لیکن مجاہدین کی ایک چوکی کے چار سو تیس آدمیوں میں سے کم وبیش دس فیصد موصوف ہی کے حلقے سے گئے تھے۔

فراہمیٔ زر کے طریقے

ہنٹر لکھتا ہے کہ مولوی امیر الدین چار ذریعوں سے روپیہ فراہم کرتے تھے۔

۱- زکوٰۃ کی تمام رقمیں ان کی خدمت میں پیش کی جاتی تھیں۔

۲- صدقات کا پورا روپیہ ان کے پاس آتا تھا۔

۳- عید الفطر کے موقع پر مسلمان بہ طور فطرانہ جو کچھ دیتے ہیں وہ بھی مولوی صاحب ہی کے پاس جمع ہوتا تھا۔

۴- ان تین ذریعوں کے علاوہ مولوی صاحب نے حکم دے رکھا تھا کہ ہر گھر میں کھانا پکاتے وقت کنبے کے ہر فرد کی طرف سے ایک ایک مٹھی چاول الگ رکھے جائیں اور ہر جمعہ کو جمع شدہ جنس اس شخص کے حوالے کر دی جائے جو گاؤں سے رقمیں وصول کرنے کا ذمہ دار ہو۔(۱)

ظاہر ہے کہ اس طرح لوگوں کو روپیہ یا جنس دینے میں چنداں تکلیف محسوس نہ ہوتی تھی اور تھوڑی تھوڑی رقمیں یا جنس جمع ہو کر معتد بہ امداد کی شکل اختیار کر لیتی تھیں۔ دیہاتی تحصیل داروں پر بڑے تحصیل دار مقرر تھے جو سال بھر میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور پورے حلقے کا دورہ کرتے تھے۔ اس طرح وعظ وتبلیغ کا کام بھی انجام پاتا تھا اور لوگوں میں

(۱) ہندوستانی مسلمان انگریزی، ص:۷۲-۷۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خدمت دین کا جذبہ بھی تازہ رہتا تھا۔ ہنٹر نے لکھا ہے کہ مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی اور مولانا فیاض علی بھی مولوی امیر الدین کے پاس قیام کر چکے تھے اور مولوی صاحب کا اصل وطن نارائن پور تھا۔ (۱)

راون شا کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ رفیق منڈل کے تین صاحبزادے تھے ایک مولوی امیر الدین، دوسرے مولوی شکور محمد جو مجاہدین میں شامل ہو گئے تھے، تیسرے صاحب زادے کا پورا حال معلوم نہ ہوا، لیکن یہ معلوم ہے کہ اس نے مضافات میں تبلیغ و تحصیل کا انتظام سنبھال لیا تھا۔ (۲)

مقدمہ مالدہ

مولوی امیر الدین اور ان کے رفیقوں کا راز مولانا احمد اللہ کے مقدمے میں فاش ہو چکا تھا لیکن خاصی دیر تک ان کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھایا گیا۔ یہ زمانہ غالباً تحقیق و تفتیش میں بسر ہوا۔ افسوس کہ اس مقدمے کی روئداد نہ مل سکی۔ ہم صرف یہ جانتے ہیں کہ مولوی امیر الدین پٹنہ میں گرفتار ہوئے، ان کے خلاف بغاوت کا مقدمہ دائر کیا گیا، حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور اور ضبطیٔ املاک کی سزا ملی۔ مارچ ۱۸۷۲ء میں وہ انڈمان پہنچے مزید حالات دوسرے بزرگوں کی سرگزشتِ اسیری کے سلسلے میں بیان ہوں گے۔

مقدمہ راج محل

مقدمۂ مالدہ کے فوراً بعد ابراہیم منڈل ساکن اسلام پور (نواح راج محل) (۳) کے خلاف مقدمہ قائم کر دیا گیا۔ یہ بزرگ بڑے غیور، دین دار تھے۔ بزرگانِ عظیم آباد

(۱) ہندوستانی مسلمان انگریزی، ص: ۷۴، ۷۵

(۲) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک، طبع دوم، ص: ۱۵۳

(۳) راج محل پہلے ضلع مالدہ میں تھا پھر مرشد آباد میں ضم ہو گیا، آج کل سنتھال پرگنہ میں شامل ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے ان کا تعلق تھا۔ راج محل کے پورے علاقے میں ان کے تقوے، دین داری اور جوشِ حمیتِ اسلام کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ یقین ہے کہ یہ جماعت مجاہدین کا کام بڑی سرگرمی سے کرتے ہوں گے لیکن نہ اسکی تفصیلات معلوم ہیں نہ مقدمے کی روئداد ہمارے سامنے آئی، صرف اتنا معلوم ہے کہ ابراہیم منڈل کو اکتوبر ۱۸۷۰ء میں حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور اور ضبطیٔ املاک کی سزا ہوئی تھی۔ البتہ انہیں انڈمان نہ بھیجا گیا۔ کچھ نہیں بتایا جا سکتا کہ اس کی وجہ کیا ہوئی۔ مولانا مسعود عالم کے بیان کے مطابق رسالہ اشاعت السنۃ میں مرقوم ہے کہ ابراہیم منڈل کو لارڈلٹن کے حکم سے ۱۸۷۸ء میں رہا کر دیا گیا تھا ان کا انتقال موجودہ صدی کے اوائل میں ہوا۔ ان کا پوتا زندہ ہے اور ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے ابراہیم منڈل کو دیکھا تھا۔ اسلام پور اور اس کا نواحی علاقہ آج بھی دین داری اور اخلاقی برتری کے لحاظ سے ممتاز ہے۔ حکومت کی طرف سے مسٹر اوکنلے نے مقدمہ مالدہ اور مقدمہ راج محل کی پیروی کی تھی۔ (۱)

(۱) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک ص: ۱۵۴-۱۵۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

عظیم آباد کا دوسرا مقدمہ (۱)

آخری بڑا مقدمہ

مجاہدین کے خلاف آخری بڑا مقدمہ ۱۸۷۱ء میں بمقام عظیم آباد دائر ہوا۔ اس میں سات ملزم تھے: پیر محمد، امیر خاں، حشمت داد خاں (۱)، مولوی مبارک علی، مولوی تبارک علی (ابن مولوی مبارک علی)، حاجی دین محمد اور امین الدین۔ ان میں سے مولوی مبارک علی کے کچھ حالات پہلے بیان کیے جا چکے ہیں، مولوی تبارک علی کے خلاف یہ الزام تھا کہ وہ مولانا عبداللہ کے ساتھ جنگ امبیلہ میں شریک رہے اور ایک دستے کی کمان اُن کے ہاتھ میں تھی۔ پیر محمد، دین محمد اور امین الدین کے خلاف مجاہدین کی اعانت کا الزام تھا۔ امیر خاں اور حشمت داد خاں کے حالات آگے بیان ہوں گے۔

اس مقدمے کی ابتدائی سماعت مسٹر باربور (BARBOUR) منصرم جوائنٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں یکم مارچ ۱۸۷۱ء کو شروع ہوئی۔ ۲۷/ مارچ کو ملزموں پر فرد جرم عائد کر کے انہیں سیشن سپرد کیا گیا۔ یکم مئی سے مقدمہ کی سماعت مسٹر پرنسپ (PRINCIP) جج نے شروع کی۔ حکومت کی طرف سے ایک سو چھتیس گواہ تھے، لیکن ایک سو تیرہ پیش ہوئے اور چھالیس آدمیوں نے ملزموں کی طرف سے شہادتیں دیں۔ بیچ میں کچھ دیر کے لئے سماعت ملتوی بھی ہوتی رہی غالباً ۱۸۷۱ء میں مقدمے کا فیصلہ ہوا۔

(۱) انہیں عام لوگ حشم داد خاں لکھتے ہیں، صحیح نام حشمت داد خاں ہے۔ ان کے مفصل حالات آئندہ باب میں بیان ہوں گے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حشمت داد خاں اور امیر خاں

حشمت داد خاں اور امیر خاں دونوں خانانِ میوات میں سے تھے۔ حشمت داد خاں بن نجف خاں قصبہ اندور تحصیل تجارہ ریاست الور کا تھا اور بابر کے مشہور حریف حسن خاں میواتی کے اخلاف میں سے راجا جلال خاں کی نسل میں سے تھا۔ ۱۲۵۰ھ (۱۸۳۵ء) میں اس نے حبیب اللہ خاں خانزادہ ساکن محلہ سلطان گنج عظیم آباد کی شرکت میں چمڑے کی تجارت شروع کی۔ یہ لوگ مال خرید خرید کر جہاں خاں خانزادہ مقیم کلکتہ کے پاس آڑھت پر بھیجتے تھے۔ حشمت داد خاں نے اس زمانے میں جہان خاں کے ساتھ مل کر عظیم آباد کے محلہ عالم گنج میں ایک خوب صورت مسجد تعمیر کرائی جو اب تک حشمت داد خاں کی مسجد کہلاتی ہے

کلکتہ میں مرکز تجارت

۱۸۴۵ء میں جہان خاں کا انتقال ہو گیا اور اس کے بیٹے امام علی خاں نے ناتجربے کاری سے آڑھت کا کاروبار تباہ کر لیا۔ حشمت داد خاں، امیر خاں اور زور آور خاں (۱) نے مل کر کلکتہ میں اپنی آڑھت قائم کر لی۔ پہلے ایک گودام کرائے پر لیکر کام چلایا بعد میں اپنا گودام بنا لیا اور ایک خوب صورت سہ منزلہ کوٹھی محلہ کولوٹولہ میں تعمیر کرائی، جس پر کثیر رقم خرچ ہوئی۔ یہ ۱۲۷۰ھ (۵۴-۱۸۵۳ء) میں تکمیل کو پہنچی۔ امیر خاں زیادہ تر وہیں رہتا تھا لیکن عظیم آباد کی سکونت بھی ترک نہ کی، کاروبار بہت ترقی کر گیا اور یہ لوگ نامی گرامی سوداگر بن گئے۔

۱۲۷۶ھ (۶۰-۱۸۵۹ء) میں حشمت داد خاں نے حج کیا۔ واپس آ کر کاروبار کی

(۱) زور آور خاں بھی بہت بڑا تاجر تھا۔ آڑھت میں اشتراک کے علاوہ امیر خاں کی عظیم آباد والی دکان کا ناظم و کارندہ بھی تھا، نیز اس نے بھاگلپور، جبل پور، گورکھپور وغیرہ میں دکانیں قائم کر رکھی تھیں۔ ۱۲۸۱ھ (۱۸۶۵ء) میں وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

الگ شاخ بھی قائم کر لی۔ عظیم آباد کے گرد و نواح میں چمڑے کے بہت سے گودام بنا لیے اور مشترکہ آڑھت کے علاوہ کلکتہ میں اپنی جداگانہ آڑھت کا سلسلہ بھی شروع کر دیا۔ ۱۲۸۱ھ (۱۸۶۴ء) میں زور آور خاں کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد حشمت داد خاں اور امیر خاں کے خلاف مقدمہ دائر ہوا جس کی تفصیلات آئندہ بیان ہوں گی۔

داستانِ ابتلاء

امیر خاں پر ابتلاء کا آغاز ۱۸۶۴ء کے مقدمہ انبالہ سے ہوا تھا، اس لئے کہ اہل عظیم آباد کی ہنڈیوں میں سے ایک ہنڈی امیر خاں کی دکان کے ذریعے سے بھی آئی تھی، چنانچہ کپتان پارسنز کلکتہ گیا تو اس نے امیر خاں کی دکان کی تلاشی بھی لی۔(۱) کہتے ہیں کہ خان موصوف کو گرفتار بھی کیا گیا تھا۔ یہ امر یقینی ہے کہ اس کا منشی مصاحب علی اور شریک کار زور آور خاں مقدمہ انبالہ کے گواہوں میں شامل تھے۔

امیر خاں اور حشمت داد خاں کی دین دارانہ زندگیوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ انہیں مجاہدین کی تحریک سے دلی ہمدردی ہو گی اور یقیناً مالی امداد میں دریغ نہ کرتے ہوں گے، لیکن عملی امداد کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ البتہ یہ واضح ہے کہ وہ بہت بڑے تاجر تھے یہاں تک کہ انہیں کروڑ پتی قرار دیا جاتا تھا۔ اس لئے انگریزوں کے علاوہ مختلف قوموں کے دیسی تاجر بھی انہیں اچھی نظروں سے نہ دیکھتے تھے۔ میرا خیال ہے کہ ان کے خلاف رپورٹیں ہوتی رہیں، یکا یک انہیں ۱۰ر جولائی ۱۸۶۹ء کو ہفتے کے دن ایک بجے بعد دوپہر بنگال ریگولیشن ۱۸۱۸ء کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتاری کے لئے دو پولیس افسر آئے: اول مسٹر برچ (BIRCH) ڈپٹی کمشنر پولیس کلکتہ، دوم مسٹر ریلی (REILLY) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس۔ انہوں نے نہ کوئی وارنٹ دکھایا اور نہ گرفتاری

(۱) روئداد مقدمہ انبالہ ص: ۳۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کا کوئی سبب بتایا۔ عجیب امر یہ ہے کہ گرفتار کرتے ہی خان صاحب کو ایسٹ انڈین ریلوے کے اسٹیشن ہاوڑہ پر لے گئے جو کلکتہ کی عدالتوں کے دائرۂ اختیار سے باہر تھا۔(۱)

حشمت داد اخاں کو بھی اسی ریگولیشن کے ماتحت بتاریخ ۱۲ر جولائی میں گرفتار کیا گیا پہلے اسے کلکتہ سے عظیم آباد لے گئے پھر دیلگا جیل پہنچا دیا جو عظیم آباد سے تین میل کے فاصلے پر ہے۔(۲)

امیر خاں کی پریشانی

امیر خاں کو ہاوڑہ سے گیا لے گئے جہاں ۲۶ر اگست ۱۸۶۹ء تک رکھا گیا۔ اس وقت اس کی عمر پچھتر سال تھی۔ ریل کا سفر تیسرے درجے میں کرایا گیا، جیل میں اس کے قیام کے لئے ایسا کمرہ تجویز کیا گیا جس کی چھت کھپریل کی تھی اور اسے مال گودام کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ امیر خاں کے قیام کے وقت بھی اس کمرے کے دو تہائی حصے میں رسّے بھرے ہوئے تھے۔ پھر اسے علی پور جیل میں منتقل کر دیا گیا، وجہ گرفتاری دریافت کرنے کی تمام کوششیں ناکام رہیں۔ اور آخر جولائی میں صرف اتنا بتایا گیا کہ گورنر جنرل باجلاس کونسل کے حکم سے گرفتاری عمل میں آئی ہے اور وارنٹ دکھانے کی اجازت نہیں۔ برچ کے جواب کا مفاد یہ تھا کہ ''رانی کے حکم'' سے امیر خاں کو گرفتار کیا گیا۔(۳) ''رانی'' سے مراد ملکہ وکٹوریہ تھی۔

---

(۱) روئیداد بڑاوہابی مقدمہ (انگریزی) ص:۳

(۲) روئیداد بڑاوہابی مقدمہ (انگریزی) ص:۱۴

(۳) یہ تمام حالات مسٹر اینسٹے (Ainstey) وکیل امیر خاں کی تقریر سے ماخوذ ہیں جو ہیبس کارپس کے سلسلے میں موصوف نے مسٹر نارمن چیف جسٹس کی عدالت میں کی۔ ملاحظہ ہو ''بڑاوہابی مقدمہ'' ص:۳۶۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواں باب:

عظیم آباد کا دوسرا مقدمہ (۲)

ہیمس کارپس کی درخواست

مجبور ہو کر امیر خاں اور حشمت داد خاں کی طرف سے ہیمس کارپس کی درخواستیں کلکتہ کی عدالت میں دی گئیں۔ اس سلسلے میں اسیروں کی طرف سے تین ممتاز وکیل پیش ہوئے: اول مسٹر اینسٹے (۱) جسے اس کام کیلئے بمبئی سے بلایا گیا تھا۔ مقدمے کی پیروی زیادہ تر اسی نے کی۔ دوم مسٹر انگرام (۲) جس کی وکالت کی آمدنی اس زمانے میں ایک لاکھ ماہانہ سے کم نہ تھی۔ سوم مسٹر ایوانز (۳) جس نے کوئی تقریر نہ کی۔ مقدمے کی سماعت یکم اگست ۱۸۷۰ء سے شروع ہوئی۔ پہلے مسٹر اینسٹے نے امیر خاں اور حشمت داد خاں کے حالاتِ گرفتاری اور اسیری پیش کئے جن کے سلسلے میں اس امر پر زور دیا کہ ملکۂ وکٹوریہ کے اعلان کے بعد تمام ہندوستانیوں کو وہی حقوقِ آزادی حاصل ہیں جن سے

(۱) یہ شخص انیسویں صدی کے مشہور انگریز وکلاء میں سے تھا، کچھ مدت کلکتہ میں رہا، پھر بمبئی میں بڑی کامیابی حاصل کی، چند مہینے ہائی کورٹ کا جج بھی رہا۔ ۱۷ اگست ۱۸۷۳ء کو بمبئی میں وفات پائی۔ سوانح نگاروں نے لکھا ہے:
''تیز مزاجی کے باعث معاصرین سے اکثر اس کے جھگڑے رہتے تھے لیکن ہیمس کارپس کے مقدمے میں اس نے جو طویل تقریریں کیں، وہ متانت اور ثقاہت سے لبریز تھیں''۔

(۲) INGEAM۔ اس نے ہیمس کارپس کے مقدمے میں جو تقریر کی وہ بڑی تیز اور بیباکانہ تھی، یہاں تک کہ سرکاری وکیل وہ تقریر سن کر چیخ اٹھا۔

(۳) EVANS۔ یہ انگریز ۱۸۷۷ء سے ۱۸۹۹ء تک گورنر جنرل کونسل کا ممبر رہا۔ البرٹ بل کے مباحث کو ختم کرنے میں اس نے نمایاں حصہ لیا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریز انگلستان میں مستفید ہیں، لہٰذا ان حقوق سے تعرض سراسر غیر منصفانہ ہے۔

اس کے بعد کئی روز تک ایڈوکیٹ جنرل کی تقریر جاری رہی جس میں قابل ذکر صرف دو امور تھے، اول یہ کہ ہندوستانیوں کو مساوی درجہ حاصل نہیں۔ دوم یہ کہ ان میں مذہبی جنونی موجود ہیں جو بغاوت پھیلاتے ہیں، انہیں کو ''وہابی'' کہا جاتا ہے۔ پھر مسٹر اینسٹے نے طویل تقریر میں سرکاری وکیل کی ایک ایک دلیل رد کی اور ثابت کر دیا کہ امیر خاں اور حشمت داد خاں کی گرفتاری سراسر غیر منصفانہ تھی۔

مسٹر انگرام کی تقریر

۱۶ر اگست کی ساعت میں مسٹر انگرام نے ایک نہایت پُرتاثیر تقریر کی جس میں قانونی نظائر پیش کرنے کے علاوہ فرمایا:

''جنابِ والا! فرض کیجئے کہ آپ برطانوی پارلیمنٹ کے ممبر ہیں۔ فرض کیجئے کہ آپ شمالی اٹلی میں سفر کر رہے ہیں اور آپ کو میلان کے قید خانے دیکھنے کا موقع ملا ہے، تو فرض کیجئے کہ آپ وہاں ایک معزز قیدی سے دوچار ہوتے ہیں جسے دوستوں، محبوں اور قانونی مشیروں سے الگ کر دیا گیا۔ اس کا کاروبار تباہ کرا دیا گیا، اور اس کے معاملات بربادی کی آخری منزل پر پہنچ گئے۔ غور فرمایئے، جنابِ والا! آپ کی روش کیا ہوگی؟ یقیناً آپ اس پورے معاملے کو ساری مہذب دنیا میں نشر کریں گے۔ میں جنابِ والا! حتمی اقرار کرتا ہوں کہ امیر خاں کے مقدمے اور حکومت ہند کی حماقت کو انگلستان کے چپے چپے میں نشر کروں گا جو آنکھیں اوایریو(۱) کے مصائب پر آنسو بہا چکی ہیں وہ امیر خاں

(۱) یہ اٹلی کا ایک محبِ وطن شاعر تھا جو آسٹریا کے خلاف آزادی کی جنگ کرتا ہوا گرفتار ہوا۔ آسٹریا والوں نے اسے قید میں سخت تکلیفیں دیں۔ گلیڈسٹون کو سیاحت اٹلی کے دوران میں اس کے حالات معلوم ہوئے جنہیں اس نے خوب نشر کیا، یوں گلیڈسٹون ہی کی کوششوں سے اسے رہائی ملی۔ انگرام نے شمال اٹلی ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے مصائب پر بھی روئیں گی۔ اوایریو کبھی بمبا کے تاریک تہ خانوں سے باہر نہیں نکلتا اگر مسٹر گلیڈسٹون کی انسانیت پرور کوششیں بروئے کار نہ آتیں۔ جنابِ والا! انگریز قوم سے مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ امیر خاں کے مقدمے کے متعلق اپنا فتویٰ صادر کرے، کیا اس باب میں کوئی شبہ ہے کہ وہ فتویٰ کیا ہوگا؟ یہ انہیں حروف اور انہیں آتشیں الفاظ میں لکھا جائے گا، جنہوں نے آشوری بادشاہ کی روح پر پژمردگی طاری کردی تھی۔ فتویٰ یہ ہوگا: ولیم گرے اور لارڈ میو! (۱) تم نے برطانوی رعایا پر ظلم کیا، تم نے انگریزی قانون کی حرمت زائل کی ''تم ترازو میں تولے گئے اور پورے نہ اترے''۔

فیصلہ اور دوسری درخواست

جیسا کہ یقین تھا مسٹر جسٹس نارمن نے ۱۹ر اگست ۱۸۷۰ء کو بمبئی کارپس کی دونوں درخواستیں نامنظور کردیں، گویا فیصلہ امیر خاں اور حشمت داد خاں کے خلاف ہوا۔ اسی دن مسٹر اینسٹے نے دونوں کیلئے ضمانت کی درخواستیں دے دیں۔ ۸ر ستمبر کو ان درخواستوں کی سماعت ہوئی، فیصلہ پھر خلاف صادر ہوا لیکن اس سے پیشتر مسٹر اینسٹے عدالت کو اطلاع دے چکا تھا کہ اس نے امیر خاں اور حشمت داد خاں کی طرف سے سر ولیم گرے اور لارڈ میو کے خلاف برطانیہ میں دو مقدمے دائر کردیے ہیں۔ کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ ان مقدموں کے سلسلے میں کیا کارروائی ہوئی۔ میرا خیال ہے کہ پہلے حکومتِ ہند ان دونوں بزرگوں کو کسی قانونی کارروائی کے بغیر ہی نظر بند رکھنا چاہتی تھی۔ جب دیکھا کہ اس میں کامیابی کی امید نہیں تو عظیم آباد کے دوسرے مقدمے میں انہیں الجھا لیا گیا۔

..... گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ اور میلان کے جیل خانوں کا ذکر اسی لئے کیا تھا کہ وہ گلیڈسٹون کے ذریعے معلومات اور اسیری کی رہائی کے لیے سرگرم کوششوں کا ذکر منظر عام پر لانا چاہتا تھا۔ وہ خود امیر خاں اور حشمت داد خاں کے متعلق انہیں سرگرمیوں کا عزم کیے بیٹھا تھا جو گلیڈسٹون نے اوایریو کی رہائی کے لئے اختیار کی تھیں۔

(۱) ولیم گرے بنگال کا لفٹنٹ گورنر تھا اور لارڈ میو گورنر جنرل۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آخری فیصلہ

اس مقدمے میں بھی اپنسٹے اور انگرام امیر خاں اور حشمت داد خاں کی طرف سے پیروی کرتے رہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک موقع پر اپنسٹے کو بمبئی جانا پڑا تو اخبار ''انگلشمین'' میں یہ لکھ دیا گیا کہ اپنسٹے فیس کی کمی کے باعث بددل ہو کر چلے گئے۔ موصوف نے اس جھوٹی خبر کی تردید کرتے ہوئے مقدمے کو سراسر شرمناک بتایا۔(۱)

مسٹر پرنسپ سیشن جج کو سماعت کے دوران میں بے ضابطگیوں کا علم ہو چکا تھا۔ انہوں نے بعض بے ضابطگیوں کی تصریح بھی کی۔ حشمت داد خاں اور پیر محمد کے خلاف کوئی بات ثابت نہ ہو سکی، لہٰذا ۴ر جولائی ۱۸۷۱ء کو انہیں اسلئے رہا کر دیا گیا کہ بادی النظر میں وہ بے قصور ہیں۔ باقی پانچ ملزموں کو معمول کے مطابق حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور اور ضبطیٔ جائیداد کی سزا دی گئی۔ حالاں کہ ان کا کوئی خاص جرم نہ تھا۔ خصوصاً امیر خاں کو اس سزا سے دو سال پیشتر بے وجہ ہدفِ آزار بنایا گیا تھا۔

امیر خاں اور مبارک خاں

اس کے بعد امیر خاں کے وارثوں نے اس کی رہائی کے لئے بڑی کوششیں کیں۔ ان کا کاروبار گرفتاری کے زمانے میں تباہ ہو چکا تھا، جائیداد فیصلہ سزا کے بعد ضبط کر لی گئی تھی، پھر اس کبیر السن بزرگ کو قید میں رکھنے کی کون سی وجہ ہو سکتی تھی؟ افسوس کہ لارڈ میو کی حکومت کسی درخواست سے متاثر نہ ہوئی۔ صرف اتنا ہوا کہ امیر خاں کو انڈمان نہ بھیجا گیا۔ مولوی مبارک علی بھی انڈمان نہ بھیجے گئے اور وہ بیچارے ہندوستان ہی میں بحالت اسیری جاں بحق ہوئے۔ امیر خاں کے متعلق ایک بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ

(۱) ان کے اصل الفاظ یہ تھے:

THE SHAMEFUL CASE MISCALLED WAHABI ENGUIRY

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۸۷۸ء میں انہیں رہا کر دیا گیا۔(۱) ایک بیان میں ان کی رہائی کی تاریخ ۱۸۷۹ء بتائی گئی ہے جو غلط ہے۔(۲)

امیر خاں کی وفات

گرفتاری کے وقت امیر خاں کی عمر پچھتر سال بتائی گئی تھی۔ رہائی کے وقت وہ کم و بیش پچاسی سال کے سن کو پہنچ چکا ہوگا۔ دس سال اس نے سخت تکلیفوں میں بسر کیے، لہٰذا صحت بہت بگڑ چکی ہوگی، تاہم صاحبِ عزیمت مسلمان کی طرح رہا ہوتے ہی اس نے اپنا کاروبار از سرِ نو شروع کر دیا، لیکن زمانے کی نیرنگیاں ملاحظہ ہوں۔ کاروبار شروع کیے چند ہی روز ہوئے تھے، اس نے مسجد کے نزدیک ایک مکان کرایے پر لے لیا تھا، مغرب کے قریب ادائے نماز کیلئے اپنے مکان سے آہستہ آہستہ مسجد کی طرف جا رہا تھا کہ ایک گھوڑا گاڑی تیزی سے آئی اور اس سے ٹکرائی، صدمے سے یہ بیچارا گر پڑا، ناک سے خون جاری ہو گیا۔ بحالت غشی اٹھا کر مکان پر پہنچایا گیا، نیم ساعت بعد اسی حالت میں وفات پائی۔ ۱۳؍ذی قعدہ ۱۲۹۵ھ (۸؍نومبر ۱۸۷۸ء) تاریخ تھی اور ہفتے کا دن۔ کلکتہ میں میت کو غسل دیکر بذریعہ ریل عظیم آباد لے گئے اور وہاں ایک باغ میں دفن کیا۔

تاریخ وفات

مولوی واحد علی صاحب نے طویل تاریخ وفات لکھی جس میں حادثے کی تفصیلات بھی بیان کر دیں۔ اسے بہ طور یادگار ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

دانی بہ کلکتہ چساں پیش آمد امر ناگزیر — گردید از آں در شہر ہا اندوہگیں پیر و جواں

(۱) رسالہ ''اشاعت السنہ'' جلد نمبر ۱۲ بہ حوالہ ''ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک'' ص: ۱۶۷۔

(۲) ''جرنل رائل ایشاٹک سوسائٹی'' بمبئی جلد ۱۴ ص: ۳۷۵ بہ حوالہ ''ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک'' ص: ۱۶۷۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ذی قعدہ را چوں شنبہ شد ہم سیزدہ تاریخ او
ایں واقعہ، ایں حادثہ گردید واقع ناگہاں

یعنی امیر نامور، می دانی نام نامیش
گر ضم کنی لفظ 'امیر' اے مہرباں بالفظ 'خاں'

بعد از رہائی خانہ بگرفت نزد مسجدے
بہر نماز از آں مکاں ہنگام مغرب شد رواں

طے راہِ مسجد می نمود آہستہ آں عالی منش
در شاہرہ از اتفاق آمد یکے گردوں دواں

ضربے چو بر سرزاں رسید افتاد بر روئے زمیں
برپا شد از ہر چار سو ہنگامۂ شور وفغاں

خویش وملازم زیں صدا ہر سو شتاباں آمدند
دیدند حالش ایں چنیں برد ند باز اندر مکاں

تا نیم ساعت در غشی ماندند بے ہوش وحواس
ہم دیدہی شد دم بدم خون است از بینی رواں

ناگہ رسید آں وقت کو، انسان مجبور است ازو
ناچار رخت عمر شاں بر بستہ شد سوئے جناں

کس گفت از واحدؔ بگو تاریخ سال عیسوی
تا یاد ماند بعد ازیں تاریخ سال فوتِ شاں

واحد بگفتا: روحِ او رفتہ سوئے خلد بریں
زاں بعد شد از جان ودل مصروف در تجہیز آں

۱۸۷۸ء

دادند چوں غسل وکفن بردند در مسجدش
خوانده نمازِ میتش خلق خدائے دوجہاں

خویش وعزیزاں ہم چناں در پٹنہ بیروں خاستہ
تا آنکہ آخر نعش شاں بر ریل گردیدہ رواں

واحسرتا چوں ریل بر اسٹیشن پٹنہ رسید
بہر گرفتن آمدند آں نعش ہر پیرو جواں

ہمراہ نعش آنجا شدہ مجمع زخویش واقربا
زاں جا نہادہ بر پلنگ آوردہ اندر بوستاں

کردند ادا بارِ دگر ایں جا نمازِ نعش را
بس دفن اندر بوستاں کردند با آہ وفغاں

تاریخ ہجری واحدؔ از کروبیاں پرسید وگفت
آباد رضواں وجناں جنت مقامش شد بداں

۱۲ ھ ۹۵

حشمت داد خاں کی وفات

حشمت داد خاں نے بھی رہائی کے بعد اپنا کاروبار از سر نو درست کرلیا۔ اس نے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

امیر خاں سے کچھ مدت پیشتر ۵ر جمادی الاولیٰ ۱۲۹۴ھ (۸ر مئی ۱۸۷۷ء) کو سفر آخرت اختیار کیا۔ تاریخ وفات یہ ہے:

شکر آں منعم کہ او بہ عباد — نور ایماں بہ خان حشمت داد
پس ازاں وقت آخری چو رسید — بے ہمہ شد و جان شیریں داد
یک ہزار و دو صد نود و چار — سالِ تاریخ آں بہشت آباد

۱۲۹۴ھ

اس کے صاحبزادے عبداللہ خاں نے ۲ر شوال ۱۲۹۵ھ (۲۹ر ستمبر ۱۸۷۸ء) کو وفات پائی۔ اس کی وفات کا مادۂ تاریخ ''یغفرہ'' ہے۔ (۱)

دوسرے مقدمۂ عظیم آباد کے باقی اسیروں میں سے صرف مولوی تبارک علی کے حالات معلوم ہیں جو سرگزشت انڈمان کے سلسلے میں بیان ہوں گے۔

نارمن پر حملہ

آخر میں اتنا اور بتا دینا چاہئے کہ نہیس کارپس اور دوسرے مقدمات میں جس چیف جسٹس جان نارمن نے خلاف فیصلے صادر کیے تھے اس پر ایک صاحب عبداللہ پنجابی نے احاطۂ عدالت میں قاتلانہ حملہ کیا اور ۲۱ر ستمبر ۱۸۷۱ء کو نارمن صاحب نے وفات پائی۔ تحقیقات پر معلوم ہوا کہ عبداللہ دماغی خرابی کے عارضے میں مبتلا تھا۔ ہنٹر نے اپنی کتاب کے (ص ۱۹۸) پر اسی واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے، لیکن اس کے باوجود اسے پھانسی کی سزا دی گئی۔

(۱) حشمت داد خاں اور امیر خاں کے یہ حالات ''مرقع میوات'' مصنفہ شرف الدین خاں ساکن ساتھا واڑی ضلع گوڑگاؤں سے ماخوذ ہیں۔ یہ مجھے پروفیسر محمد سلیم صاحب دواخانہ حمیدیہ نواب شاہ سے ملے، جن کے لئے موصوف دلی شکریہ کے مستحق ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دسواں باب:

سرگزشت انڈمان (۱)

تمہید

راہِ حق کے ان مجاہدوں کو گرفتاری، تفتیش اور مقدّمے کے دوران میں جن خوفناک مصائب سے سابقہ پڑا، ان کی سرسری کیفیت گذشتہ ابواب میں پیش کی جا چکی ہے، بلکہ وہ حالات بھی بتائے جا چکے ہیں جو سزا کے بعد انڈمان پہنچنے تک پیش آئے، تاہم ان کی مصیبتیں یہیں ختم نہ ہوئیں۔ انڈمان میں قید کی مدت بھی بیشتر پریشانیوں ہی میں گذری، اگرچہ ان میں سے بعض افراد نے افتاد کو ناگزیر اور من اللہ سمجھتے ہوئے ہجومِ مشکلات کے باوجود زندگی باطمینان گذارنے کے سامان پیدا کر لیے۔ یہ دورِ ابتلاء پہلے دور کا ضمیمہ ہے، لہٰذا اس کے حالات بھی جس قدر معلوم ہو سکے، عرض کر دینے چاہئیں تاکہ حق و آزادی کی خاطر قربانیوں کی یہ خونچکاں داستان تا بہ حدِ امکان مکمل ہو جائے۔

جزائرِ انڈمان

انڈمان بحرِ ہند میں چھوٹے بڑے ایک ہزار جزیروں کا مجموعہ ہے، جو کلکتہ سے سات سو اسّی میل جنوب میں، رنگون سے تین سو ساٹھ میل جنوب مغرب میں، مدراس سے سات سو چالیس میل جنوب مشرق میں اور سیلون سے اتنی ہی دور مشرق میں واقع ہیں۔ ان جزیروں کی عام تقسیم یہ ہے: انڈمان کلاں اور انڈمان خورد، انڈمان کلاں پانچ بڑے جزیروں پر مشتمل ہے، شمالی انڈمان، وسطی انڈمان، جنوبی انڈمان بارا تانگ اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رٹ لینڈ۔ اردگرد کے چھوٹے جزیروں کا شمار نہیں ہوسکتا۔ انڈمان خوردان کے جنوب میں ہے۔ مزید جنوب میں جزائر نکوبار شروع ہو جاتے ہیں۔ انڈمان کلاں کے مختلف جزیرے سرسری نظر میں ایک دوسرے سے ملے ہوئے معلوم ہوں گے، لیکن اصل میں ان سب کو تنگ آبنائیں ایک دوسرے سے جدا کرتی ہیں۔

ان جزیروں سے متعلق ابتدا میں خوفناک افسانے مشہور تھے۔ ستمبر ۱۷۸۹ء میں پہلے پہل انگریزوں نے ان میں اسیروں کی نوآبادیاں قائم کرنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ لفٹنٹ بلیئر وہاں کچھ قیدی لیکر گیا، جس کے نام پر جزیرے کا دارالحکومت پورٹ بلیئر موسوم ہوا، لیکن ۱۷۹۶ء میں خرابیٔ آب وہوا کے باعث یہ آبادی ترک کردی گئی۔

۱۸۵۷ء میں یہاں اسیروں کی جو نوآبادی قائم ہوئی وہ بھی پورٹ بلیئر ہی کے آس پاس تھی، جس کا موقع اور محل خوب سمجھ لینا چاہئے۔ جنوبی انڈمان کی مشرقی سمت میں ایک کھاڑی دور تک اندر چلی گئی ہے اور اس نے زمین کی ایک سات میل لمبی تنگ نائے بنادی ہے۔ یہی پورٹ بلیئر ہے۔ اس کھاڑی کے دہانے پر ایک جزیرہ ہے جس کا نام روس آئی لینڈ ہے۔ اندر جا کر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر جزیرہ چیتھم اور جزیرہ واٹیر (افعیٰ) واقع ہیں۔ کھاڑی کے دونوں بازوؤں پر نوآبادی کے مشہور مقامات ہیں مثلاً جنوبی بازو پر ایپرڈین، فونکس بے، ہدو، نیوی بے وغیرہ۔ شمالی بازو پر ہوپ ٹاؤن۔ یہ مقامات ہم نے اس لئے بتادیے کہ آئندہ جابجا ان کا ذکر آئے گا۔

آبادی کا دوسرا دور

۱۸۵۷ء کے ہنگامۂ عظیم میں جن لوگوں کو طویل قید کی سزائیں ملیں، وہ اصلاً سیاسی قیدی تھے، کیونکہ انھوں نے ملک کی آزادی کیلئے جہاد کیا تھا، یا کہہ لیجئے کہ ان پر الزام یہ تھا۔ حکومت مناسب نہ سمجھتی تھی کہ انھیں عام جیل خانوں میں رکھے۔ ڈر یہ تھا کہ مبادا ان

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے خیالات سے دوسرے قیدی متاثر ہوں، لہٰذا فیصلہ ہوا کہ جزائر انڈمان کو از سر نو آباد کیا جائے اور ۱۸۵۷ء کے قیدی وہاں بھیج دیے جائیں۔ اس حقیقت کو خوب پیش نظر رکھئے کہ انڈمان کی آب وہوا اور زمین، نو آبادی کے قیام کیلئے حد درجہ ناسازگار تھی اور اس کا تجربہ ہو چکا تھا۔ تاہم حکومت نے ۱۸۵۷ء کے قیدیوں کو وہاں بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ جس کا مطلب صاف الفاظ میں یہ تھا کہ حکومت ان کے متعلق انتقامی روش پر کاربند تھی۔ اگرچہ وہ قیدی تھے اور دورانِ قید میں ان کی صحت اور جان کی حفاظت حکومت کے فرائض میں داخل تھی، تاہم وہ اس فرض سے بالکل بے پرواہ ہو کر انھیں ایسی جگہ بھیجنے میں متامل نہ ہوئی جس کا ماحول، جس کی آب وہوا اور فضا حد درجہ مضر صحت بلکہ تباہ کن تھی۔

اس سلسلے میں ملک کی بعض نہایت عظیم الشان شخصیتیں انڈمان پہنچیں، جن میں سے اکثر کو دوبارہ وطن عزیز کی زیارت نصیب نہ ہوئی۔ مثلاً مولانا فضل حق خیر آبادی یا نواب ممو جو واجد علی شاہ کی بیگم حضرت محل والدۂ برجیس قدر کے نائب تھے اور اودھ میں انگریزوں کے خلاف مسلسل لڑائیاں کر چکے تھے۔ وہ ۱۸۶۶ء تک انڈمان میں رہے۔ پھر سراوک کے انگریز فرمانروا کی طلب پر انھیں بعض دوسرے اسیروں کے ہمراہ وہاں بھیج دیا گیا۔ وہیں انھوں نے وفات پائی۔ بعض ممتاز اسیروں کے نام آئندہ ضمناً آجائیں گے۔

کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کتنے آدمی وہاں بھیجے گئے۔ مولوی محمد جعفر فرماتے ہیں کہ ۱۸۶۱ء میں ''غدر'' کے تقریباً ایک ہزار قیدی رہا کر دیے گئے تھے، جن کے خلاف قتل کا کوئی الزام عائد نہ تھا، یا جو سرغنہ نہ سمجھے جاتے تھے۔

قید میں امتیاز

اس سلسلے کا ایک عجیب واقعہ یہ ہے کہ انگریزوں نے قیدیوں میں امتیاز برابر باقی رکھا، یعنی عام اہل ملک سے نہایت غیر ہمدردانہ برتاؤ ہوتا تھا، لیکن گوروں یا دیسی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عیسائیوں کو بہت اچھی حالت میں رکھا جاتا تھا۔ مولوی محمد جعفر لکھتے ہیں:

غدر ۱۸۵۷ء کی بدولت بیسیوں راجے اور نواب اور زمیندار، مولوی مفتی، قاضی، ڈپٹی کلکٹر، منصف، صدر امین، صدر الصدور، رسالدار، صوبیدار، جمعدار، وغیرہ وہاں قید ہیں، مگر وہ معزز ہندوستانی جنٹلمین بھی جن کے آگے سیکڑوں ہزاروں نوکر تھے بوجہ سیاہ پوست اور جنم ہند کے دوسرے چوڑھے چماروں کی طرح موٹا جھوٹا کھانا پکاتے اور عام لوگوں کے ساتھ سخت مشقت کرتے۔ مگر یورپین گورے بلکہ اکثر دوغلے کالے کلوٹے بھی فقط بوجہ شرف کوٹ پتلون یا کلمہ عیسائی کے پلٹن کے گوروں کے برابر کھانا کپڑا پاتے۔ ایک علیحدہ بنگلیا ان کے رہنے کو، ایک نوکر بلا تنخواہ خدمت کو۔ (۱)

مولوی صاحب نے ۱۸۷۹ء کا ایک عبرت انگیز واقعہ بتایا ہے: جگن ناتھ پوری کا ایک راجہ کسی سلسلے میں قید ہو کر کالے پانی پہنچا۔ چونکہ اس کا رنگ کالا تھا، اس لئے عام چماروں کے ساتھ کھانا پاتا اور مشقت کرتا۔ نازک مزاجی کے باعث مشقت نہ ہو سکتی تو بید کی سزا ملتی۔ وہ چند روز بعد تکلیفیں اٹھاتا اٹھاتا فوت ہو گیا۔ انھیں دنوں اودھ کا ایک کرنٹا جس کا نام لیٹیمر تھا وہاں پہنچا تو اسے گوروں کے ساتھ عمدہ کھانا ملنے لگا۔ ایک علیحدہ مکان، پلنگ اور عیش و آرام کا پورا سامان اس کیلئے مہیا ہو گیا اور ڈپٹی کمشنر کی کچہری میں اسے کلرک بنا دیا گیا۔

خود ملکی قیدیوں میں بھی حکام نے اپنی مرضی سے امتیازات قائم کر رکھے تھے۔ یہ مقام تھا، جہاں ان بزرگوں کو زندگیوں کا خاصا بڑا حصہ گزارنا پڑا، جن میں سے بعض دنیوی لحاظ سے وقت کے امراء تھے۔ علوِ حوصلہ اور شانِ عزیمت کے اعتبار سے انھیں انسانیت کے گلہائے سرسبد سمجھنا چاہئے۔

اب آپ ان میں سے ایک ایک بزرگ کی اسیری کے حالات ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) ''کالا پانی'' ص: ۵۷-۵۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا احمد اللہ

مولانا ئے ممدوح ۱۵ر جون ۱۸۶۵ء کو عظیم آباد سے پورٹ بلیئر پہنچے تھے۔ گویا جماعت مجاہدین کی اعانت کا فرض انجام دینے والوں میں سے انڈمان پہنچنے میں مولانا کو سب پر سبقت حاصل ہوئی۔ اس زمانے میں سید اکبر زمان (۱) اکبر آبادی چیف کمشنر انڈمان کے میر منشی تھے۔ انھوں نے مولانا کے حالات اور بلند حیثیت سے پوری آگاہی حاصل کر لی تھی، چنانچہ وہ چیف کمشنر سے اجازت لے کر مولانا کو اپنے مکان پر لے گئے، جو روس آئی لینڈ میں تھا۔ پھر پاس ہی ایک اور مکان کا انتظام کر دیا اور چیف کمشنر کی کچہری میں اپنے ماتحت ترجمے کا کام مولانا کو سونپ دیا۔ اس طرح ان کی اسیری کے ابتدائی پانچ سال قدرے اطمینان سے گذر گئے۔

ہندوستان کا وائسرائے لارڈ میو انڈمان کے دورے میں ایک مسلمان قیدی کے ہاتھ مارا گیا تو تمام ممتاز مسلمان قیدیوں پر انگریزوں کا عتاب از سر نو نازل ہوا اور ان کے متعلق عام بدظنی پھیل گئی۔ اس وجہ سے اکثر مسلمان قیدیوں کو صدر سے منتقل کر کے دور افتادہ جزیروں میں بھیج دیا گیا۔ چنانچہ مولانا کو وائپر آئی لینڈ (۲) میں تبدیل کر دیا گیا، جہاں عموماً بوڑھے اور کمزور آدمیوں کو رکھا جاتا تھا۔ محکمہ طبابت میں محرری کا عہدہ آپ کو دیا، جس کی تنخواہ راشن کے علاوہ دس روپے ماہواری تھی۔ ہسپتال کے قریب ایک مکان

(۱) مولانا عبدالرحیم نے لکھا ہے کہ سید اکبر زمان نہایت شریف اور بڑی خوبیوں کے آدمی تھے۔ ہم سب لوگوں کے ساتھ جو بعد کو وہاں پہنچتے چلے گئے، ایک نگاہ مہربانی رکھتے اور محبت والفت رکھتے'' تذکرۂ صادقہ'' ص:۴۹۔
یہ قلعہ آگرہ کے فوجی محکمے میں میری منشی تھے۔ غدر میں حصہ لینے کی بنا پر بیس سال قید کی سزا ہوئی۔ انڈمان میں قید پوری کر کے آگرہ آئے۔ ۱۹۰۴ء میں وفات پائی۔

(۲) وائپر کے لفظی معنی ہے افعی، جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔ یہ جزیرہ کھاڑی کے اندر واقع تھا۔ بوڈن کلوس (BODEN KLOSS) نے لکھا ہے کہ اس کو'' دوزخ'' کا نام دے دیا گیا تھا اور یہاں نہایت خوفناک قیدی رکھے جاتے تھے۔ NICOBAR & SIN THE ANDAMAN (ص ۲۵)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قیام کیلئے اور ایک ملازم خدمت کے لئے دیدیا گیا۔ مولانا سرکاری کام انجام دینے کے بعد زیادہ وقت قرآن مجید کی تلاوت، نماز اور ذکر و دعاء میں صرف کرتے یا اپنے رفیقوں کو توحید اور نیک عملی کی تلقین فرماتے۔ آپ کے ساتھی قیدیوں نیز پولیس اور پلٹن کے آدمیوں میں سے تقریباً ہر شخص مومن موحد، پابند صوم وصلوۃ اور تہجد گزار بن گیا۔ (۱)

مولانا عبدالرحیم آپ کے اقربا میں سے تھے، وہ مہینے میں ایک مرتبہ آپ سے مل آتے۔ مئی ۱۸۷۱ء میں مولوی محمد حسن (ابن مولانا ولایت علی) جو مولانا احمد اللہ کے حقیقی بھانجے تھے، ملاقات کے لئے انڈمان پہنچے اور ایک مہینہ رہ کر واپس چلے آئے۔

آخری دور اور وفات

قید کی تکلیف، اقربا سے علیحدگی، آب وہوا کی ناسازگاری، غذا کی ناموافقت اور تقاضائے سن سے مولانا کی طبیعت بہت کمزور ہوگئی تھی۔ جب مولانا عبدالرحیمؒ نے اجازت لے کر اپنا کاروبار شروع کر دیا اور ایبرڈین میں دکان کھول لی تو وہ مہینے میں پندرہ بیس روپے بالالتزام مولانا کی خدمت میں پیش کر دیتے تاکہ آپ اپنے لئے اچھی غذا کا انتظام بخوبی کر سکیں، لیکن مولانا طبعی عالی ہمتی اور سخاوت کے باعث اپنی تنخواہ کی رقم اور یہ رقم خفیہ خفیہ غریب قیدیوں کی امداد میں صرف کر دیتے۔ آخر مولانا عبدالرحیم نے مولانا کو اپنے پاس لے آنے کی اجازت مانگی جو نامنظور کر دی گئی۔ ان کے لئے کاروبار کا لائسنس حاصل کرنے کی کوشش کی گئی، وہ بھی ناکام رہی۔ ہر طرف سے مجبور ہو کر مولانا عبدالرحیم نے التجا کی کہ مولانا کے پاس رات گزارنے کی اجازت دیدی جائے تاکہ بیماری میں ان کی خدمت انجام پائے۔ اس اثناء میں وہ روزانہ اپنی جائے قیام یعنی ایبرڈین سے مولانا کے پاس وائپر آئی لینڈ جاتے اور کسی طرح ایبرڈین سے ایک کوس کا فاصلہ پیدل طے کر کے

(۱) "تذکرۂ صادقہ" ص: ۷۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نیوی بے سے کشتی پر سوار ہوتے، جہاں سے وائپر آئی لینڈ ایک کوس تھا۔ پھر اتر کر مولانا کے مکان پر پہنچتے۔ دن بھر ان کی خدمت کرتے اور شام کو واپس آجاتے۔ بڑی ردوکد کے بعد چودھویں روز یہ درخواست منظور ہوئی۔

مولانا عبدالرحیم کے بیان کے مطابق آپ کو بخار تھا۔ زیادہ تر بے ہوش رہتے تھے۔ وہ چودھویں روز عصر کے وقت آپ سے رخصت ہو کر واپس آنے لگے تو آپ کو بہ ظاہر اچھا پایا۔ ہوش وحواس درست تھے۔ انھیں تقویٰ، ابتغاء مرضات اللہ اور مصائب میں صبر واستقلال کی وصیت کی۔ اپنے اقربا میں سے مولانا محمد حسن کے متعلق رضامندی کا اظہار فرمایا۔ اسی رات آٹھ بجے کے قریب آپ بحر دنیا کو چھوڑ کر داخل خلد بریں ہوئے۔ ذی الحجہ ۱۲۹۸ھ کی اٹھائیسویں تاریخ تھی (۱۲ر نومبر ۱۸۸۱ء)۔ غشی کی حالت میں بھی ذکر اللہ جاری رہتا۔ نماز کا اس قدر خیال تھا، گویا ہر وقت تحریمہ بندھا رہتا اور نماز پڑھا کرتے۔

تکفین وتدفین

مولانا عبدالرحیم پہلے آپ کے مکان پر پہنچ گئے، پھر مولوی محمد جعفر، میاں عبدالغفار، سید اکبر زمان، مولوی محمد جان اور بعض دوسرے حضرات تشریف لے آئے۔ سب سے پہلے یہ کوشش کی گئی کہ ان کے برادرِ صغیر مولانا یحییٰ علی کے پہلو میں (روس آئی لینڈ میں) دفن کیا جائے، لیکن حکام نے اجازت نہ دی۔ چنانچہ آپ کو ڈنڈاس پائنٹ میں سمندر کے کنارے ایک ٹیلے پر جہاں اور بھی چند قبریں تھیں، آخری نیند سلا دیا گیا۔ مولانا عبدالرحیم لکھتے ہیں کہ وہ مقام حد درجہ وحشتناک نظر آیا۔ ایک طرف جنگلی درخت آسمان سے باتیں کرتے تھے، دوسری طرف سمندر کی موجیں پہاڑ کی مانند آکر جزیرے سے ٹکراتی تھیں:

ایسی حالت میں ہم لوگ ایسے دُرِ یتیم کو، ایسے لعلِ شب چراغ کو، ایسے یاقوتِ احمر کو اپنے ہاتھوں مٹی میں دبا کر آہِ سرد بھرتے ہوئے، با چشمِ گریاں ودل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بریاں اپنی اپنی جگہوں پر واپس آئے۔(۱)

اللہ اللہ اس بے نیاز کی شانِ بے نیازی کہ جس بزرگ نے زندگی کا ایک ایک لمحہ حصولِ رضا میں صرف کیا، اس کی آزمائش کا دور وفات پر بھی ختم نہ ہوا۔ اقبالؔ کیا خوب کہہ گئے ہیں:

مقامِ بندگی دیگر، مقامِ عاشقی دیگر — زنوری سجدہ می خواہی زخاکی بیش از آں خواہی

مولوی محمد جعفر لکھتے ہیں کہ مولانا جب بہت نحیف ہو گئے تو اپنی حالت زار کے پیش نظر اپنے بیٹے مولوی محمد یقین کو بلا کر ملاقات کرنی چاہی۔ مولوی صاحب کلکتہ میں مقیم تھے اور چار پانچ دن میں پورٹ بلیئر پہنچ سکتے تھے، لیکن حکومت نے اجازت نہ دی۔ گویا مولانا ان رعایتوں سے بھی محروم رہے جو عام قیدیوں کو حاصل تھیں۔ مولانا کے ملازم کا نام عبدالواحد تھا۔ اس نے بتایا کہ آخری وقت میں آنکھ کھول کر **لا الٰہ الا اللہ یا مالك الملك** کہا اور سرد ہو گئے۔(۲)

تاریخ وفات

مولوی محمد ایوب خاں رام پوری مقیم جزیرہ نے مولانا کا قطعہ تاریخ لکھا۔ چند شعر ذیل میں درج ہیں:

چوں ازیں دارِ فنا جانب باغِ رضواں — احمد اللہ رواں گشت بہ صد دل شاداں
شش و ہفتاد سن عمر شریفش بودند — بـــــغتۃً گشت نصیبش سفر جاوداں
بست و ہشتم شبے بود از مہ ذی حجۃ کہ او — راہیٔ ملک بقا گشت ز دارِ گذراں
اعتقادش بہ احادیث نبی از ہمہ بیش — اعتمادش ہمہ ہر دم بہ نصوصِ قرآں

(۱) ''تذکرۂ صادقہ'' ص:۵۷

(۲) ''کالا پانی'' ص:۸۲،۸۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہمہ زہد و ہمہ تقویٰ و ہمہ صوم و صلوٰۃ
ہمہ مصروفِ عبادت ہمہ صرفِ عرفاں

سال تاریخ وفاتش زتفکر جستم
دخل الخلد بفرمود ہماں دم رضواں
۱۲۹۹ھ

مہ قرباں بہ تمامی و محرم اقرب
سن تسعہ زا حادش بگرفتم پئے آں

مولانا محمد سعید نے برجستہ فرمایا:
رہا گشتن مومن از سجن دنیا۔

قطعہ تاریخ یہ ہے:

چو مردِ خدا مولوی احمد اللہ
مقیم جزیرہ بہ حکم نصاریٰ

شب ماہ ذی حجہ وبست ہشتم
زدنیائے دوں شد بہ فردوسِ اعلیٰ

بہ تاریخ فوتش ندا کرد ہاتف
رہا گشتن مومن از سجن دنیا(۱)
۱۲ ھ ۹۹

مولانا یحییٰ علی

مولانا یحییٰ علی انبالہ سے لاہور، ملتان، کراچی، بمبئی وغیرہ ہوتے ہوئے ۱۱ر جنوری ۱۸۶۶ء کو انڈمان پہنچے تھے۔ سید اکبر زماں میر منشی نے انھیں بھی اپنے پاس روس آئی لینڈ میں رکھا۔ اس طرح مولانا احمد اللہ اور مولانا یحییٰ علی یکجا ہو گئے۔ مولانا یحییٰ علی بھی اپنے بڑے بھائی کی طرح فرصت کے اوقات قرآن و حدیث پڑھانے یا لوگوں کو نیک کاموں کی تلقین کرنے میں گزار دیتے۔ تقریباً دو سال بعد آپ بیمار ہو گئے اور حسب قاعدہ ہسپتال میں ڈاکٹری علاج ہونے لگا۔ مولانا عبدالرحیم اس زمانے میں گھاٹ پر محرر تھے۔ انھوں نے مولانا کی خدمت کیلئے رخصت طلب کی، حکم ہوا کہ بارہ بجے سے تین بجے تک کام کیا کریں تاکہ دوسرے منشی کو کھانا کھانے کی فرصت مل جائے۔ مولانا دورانِ علالت

(۱) دونوں تاریخیں ''تذکرۂ صادقہ'' ص: ۵۲ پر ہیں۔ اور وفات کا آخری قطعہ سوانح احمدی میں ہے ص: ۲۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں یادِ خدا اور صبر و شکر میں مصروف رہتے۔ جو لوگ مزاج پرسی کیلئے آتے، انھیں برابر پند و نصیحت فرماتے۔ گویا امر بالمعروف کا فریضہ زندگی میں ایک لمحے کیلئے بھی ترک نہ کیا۔

وفات

علالت کی عام کیفیت ایسی نہ تھی کہ ان کی زندگی کے متعلق تشویش پیدا ہوتی۔ عمر بھی کچھ زیادہ نہ تھی۔ ان کے بڑے بھائی مولانا احمد اللہ بھی دن میں دو مرتبہ دیکھنے کیلئے آتے۔ چونکہ مکان نشیب میں تھا اور ہسپتال بلندی پر واقع تھا، لہٰذا مولانا کو آنے جانے میں بڑی تکلیف ہوتی۔ مولانا عبدالرحیم فرماتے ہیں: میں تین بجے ہسپتال پہنچا تو مولانا یحییٰ علی کی طبیعت اچھی تھی۔ بہ اطمینان نمازِ عصر ادا کی، چار بجے یکا یک زبان میں لکنت پیدا ہوئی اور طبیعت بگڑ گئی۔ ڈاکٹر نے دوا دی جو حلق سے فرو نہ ہوئی۔ فوراً مولانا احمد اللہ کی طرف آدمی دوڑایا گیا، وہ بھی آ گئے۔ عجیب بات یہ ہے کہ پانی کا گھونٹ بھی حلق سے نیچے نہ اترتا تھا، تاہم زبان پر ذکر اللہ جاری تھا اور ہوش بجا تھے۔ مولانا عبدالرحیم نے سر مبارک زانو پر رکھ لیا۔ اسی حالت میں چند منٹ بعد روح پُرفتوح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ شوال ۱۲۸۴ھ کی چھبیسویں تاریخ تھی (۲۰ر فروری ۱۸۶۸ء)۔ گویا مولانا نے انڈمان میں دو سال ایک مہینہ اور نو دن گزارے۔ یہ وقت بڑے اطمینان سے بسر ہوا، اسلئے کہ ان کے برادرِ مکرم (مولانا احمد اللہ) جلیل القدر بھانجے (مولانا عبدالرحیم) اور رفیق پاس تھے۔

تکفین و تدفین

میت کو ہسپتال سے مکان پر لے گئے۔ سیّد اکبر زماں نے چیف کمشنر سے اجازت لے کر تمام جزیروں میں اعلان کر دیا تھا کہ جو لوگ تکفین و تدفین میں شریک ہونا چاہیں،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آجائیں۔ چنانچہ مسلمانوں کے علاوہ ہندو بھی موقع پر پہنچ گئے۔ کل شرکاء چار پانچ ہزار سے کم نہ ہوں گے۔ کئی مرتبہ نمازِ جنازہ پڑھی گئی اور انھیں روس آئی لینڈ میں سپردِ خاک کردیا گیا۔ اللہ اکبر! قدرت نے عالم وجود میں بھیجا تو عظیم آباد کے ایک امیر گھرانے کی آغوشِ محبت میں جگہ دی، لیکن پوری زندگی صرف عشق حق میں مصیبتیں اٹھاتے اٹھاتے اتمام کو پہنچادی اور اس سرزمین میں دفن ہوئے جس کا تصور بھی کبھی ان کے دماغ میں نہ گذرا تھا۔ تاہم ان کی عزیمت ہر دور میں ہر مصیبت سے بالکل غیر متاثر رہی۔ سچ ہے:

زیرِ شمشیر غمش رقص کناں باید رفت
کانکہ شد کشتۂ او نیک سرانجام افتاد

مولوی احمد کبیر پھلواروی نے تاریخ وفات لکھی:

چونکہ یحییٰ علی ستودہ خصال — عالم و زاہد محدث بود
روحِ پاکش گذاشت محبسِ تن — راہِ ملک وصال حق پیمود
گشت راضی خدائے پاک ازو — عزتش پیشِ قدسیاں افزود
ہا تفے سالِ او ز روئے الم — رضی اللّٰہ ربہٗ فرمود(۱)

۱۲۸۴ھ

کمالِ استقامت

انڈمان پہنچنے کے بعد مولانا کو خاندانی مکانوں کے انہدام کی خبر ملی تو اپنی اہلیہ کو ایک خط لکھا، جس میں اس واقعے پر دلی قلق کا اظہار کیا۔ ساتھ ہی فرمایا کہ رات کو حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ انور سے لقاء کا شرف حاصل ہوا۔ حضورؐ نے آیات کریمہ..... وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ

(۱) ''تذکرۂ صادقہ'' ص:۷۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ○ تلاوت فرمائی۔ اس مکاشفے کے بعد دل بالکل مطمئن ہو گیا۔ آخر میں فرماتے ہیں:

دریائے عشق خالقِ ہر دو جہاں میں ہم — نام نشان دارِ فنا کے ڈبا چکے
کفنی گلے میں ڈال کے تسمہ کمر کے بیچ — جوگی ہوئے ہیں محرمِ اسرار کے لئے
اے خدائے من، فدایت جانِ من — جملہ فرزندان وخان ومانِ من(۱)

سید صاحب کے دوبارہ ظہور کا عقیدہ بہت پختہ تھا بلکہ دورِ ابتلاء میں فرمایا کرتے تھے کہ ظہور کا وقت بہت قریب آ گیا ہے اس لئے کہ نیاز مندوں کی مصیبتیں شدت کے آخری درجے پر پہنچ گئی ہیں۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

(۱) ''ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک'' ص:۱۸۴،۱۸۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گیارہواں باب:

سرگزشتِ انڈمان (۲)

مولانا عبدالرحیم

پہلے اور دوسرے مقدمے کے قیدیوں میں سے مولانا عبدالرحیم سب کے بعد انڈمان پہنچے تھے۔ سیّد اکبر زماں نے انھیں بھی مولانا احمداللہ اور مولانا یحییٰ علی کے مکان میں ٹھہرایا۔ پھر گھاٹ پر محرّری کی اسامی مل گئی، جس کی تنخواہ چھ روپے ماہوار تھی۔ سید انشاءاللہ ساکن باندہ مولانا عبدالرحیم کے رفیق کار تھے، یہ غدر کے سلسلے میں انڈمان پہنچے تھے اور بہت ضعیف ہو گئے تھے۔ مولانا ان کی بھی مدد کرتے رہے۔ تین سال کے بعد مولانا کو کمسٹریٹ کے محکمے میں تبدیل کر دیا گیا۔ پھر یہ بندوبست کے محکمے میں مامور ہو گئے۔ اس اثناء میں ایک دوکاندار سے مل کر تجارت بھی شروع کر دی، جس میں چار سو روپے کا فائدہ ہوا۔ یہ رقم انھوں نے ایک دوست کے پاس امانت رکھ دی تا کہ خود آزادانہ کاروبار کی اجازت لے لیں تو یہ روپیہ راس المال کا کام دے۔

لارڈ میو کے قتل پر معزز مسلمان قیدی ہدفِ عتاب بنے تو مولانا کو بھی مرکز سے ایک دور افتادہ مقام پر بھیج دیا گیا۔ ان کے چھوٹے ماموں مولانا یحییٰ علی فوت ہو چکے تھے۔ بڑے ماموں مولانا احمداللہ سے بھی الگ ہو گئے۔ جس انگریز افسر کے ماتحت انھیں لگایا گیا، وہ حد درجہ درشت مزاج تھا۔ مولانا نے انتہائی مستعدی سے کام کیا تو وہ بہت خوش ہوا۔ اس کے جسم پر بہ کثرت سیاہ داغ پڑ گئے تھے۔ اگرچہ وہ ڈاکٹر تھا، لیکن اپنی اس بیماری کا علاج نہ کر سکا۔ خانساماں نے اسے بتایا کہ مولانا کے پاس اس مرض کی دوا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چنانچہ اس کی فرمائش پر مولانا نے ایک خاص ترکیب سے روغن لوبان کشید کر کے اسے دیا، جس کے استعمال سے داغ دور ہو گئے۔ اس وجہ سے وہ مولانا پر اور بھی مہربان ہو گیا بلکہ اس دوا کو سرکاری دواخانے میں رکھنے کی اجازت مانگی جو اس وجہ سے نہ مل سکی کہ اس طرح ایک قیدی کا اعزاز وقت کے تمام ڈاکٹروں پر فائق ہو جاتا۔

کاروبار کی اجازت

مقررہ مدت پوری کر کے مولانا نے کاروبار کی اجازت لے لی اور اس غرض سے تیس روپے میں ایک مکان بھی خرید لیا، لیکن انھوں نے جو روپیہ ایک دوست کے پاس بطور امانت رکھ چھوڑا تھا، وہ اتفاقاً اس سے ضائع ہو گیا اور جلد ملنے کی کوئی امید نہ رہی، حالانکہ اسی کے بھروسہ پر کاروبار کی اجازت لی تھی۔ چونکہ سب لوگ انہیں، مولانا احمد اللہ اور دوسرے ساتھیوں کو حسنِ عمل کی وجہ سے بہت محترم سمجھتے تھے، اس لئے بعض دوستوں کو حادثے کا علم ہوا تو انھوں نے پانچ سو روپے کا سامان مہیا کر دیا اور کہا کہ آہستہ آہستہ اس کی قیمت ادا کر دی جائے۔ بعد ازاں لوگ اپنی امانتیں مولانا کے پاس رکھنے لگے۔ یہ اس شرط پر روپیہ رکھتے کہ کاروبار میں لگا دیں گے اور روپے والے کو جتنی رقم کی ضرورت ہو، پندرہ دن پیشتر اطلاع دے دے تاکہ فراہم کر لیا کریں۔ اس طرح ان کے پاس دس بارہ ہزار روپیہ جمع ہو گیا اور انھوں نے وسیع پیمانے پر تجارت شروع کر دی۔ مولانا احمد اللہ کے چھوٹے فرزند مولوی محمد یقین کو عظیم آباد سے کلکتہ بلا کر اپنا ایجنٹ مقرر کر دیا۔ پانچ فی صد کمیشن میں مولوی صاحب کو دیتے۔ بعض دوسرے تاجروں نے بھی موصوف ہی کو اپنا ایجنٹ بنا لیا اور کم و بیش سو روپے ماہوار کی آمدنی انھیں ہونے لگی۔ کاروبار کی وسعت کے پیشِ نظر مولانا عبدالرحیم نے اپنے فرزند مولوی عبدالفتاح کو بھی انڈمان بلا لیا۔ وہ پندرہ مہینے وہاں رہ کر ناسازگاریٔ آب و ہوا کے باعث واپس چلے گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رہائی

لارڈ لارنس گورنر جنرل نے مولانا کی اپیل پر حبسِ دوام کا حکم منسوخ کر دیا تھا اور تاصدورِ حکمِ ثانی انڈمان میں رکھے جانے کا فیصلہ صادر کیا تھا۔ مولانا کی اہلیہ کی طرف سے لارڈ رپن کے پاس رہائی کی عرضداشت پیش ہوئی اور لارڈ موصوف نے نہ محض انھیں بلکہ انڈمان کے ان تمام قیدیوں کو رہا کر دیا، جنہیں اعانت مجاہدین کے سلسلے میں سزائیں دی گئی تھیں۔ چنانچہ مولانا یکم جمادی الاولیٰ ۱۳۰۰ھ (۱۰ر مارچ ۱۸۸۳ء کو تقریباً سوا انیس سال کے بعد وطن پہنچے۔ ان کے خاندانی مکان منہدم کرا کے جگہ بلدیہ کے حوالے کی جا چکی تھی، جس پر بازار اور بلدیہ کی عمارت بن گئی تھی، یہاں تک کہ خاندانی قبرستان کا بھی نشان باقی نہ رہا تھا۔ اہل وعیال محلّہ ننموہیہ میں مقیم تھے۔ پٹنہ پہنچنے کے دوسرے دن اپنے مکانوں کی جگہ پہنچے اور نقشہ یک قلم منقلب نظر آیا تو وہاں کھڑے ہو کر انتہائی درد سے یہ شعر پڑھے:

یا منزلاً لعب الزمان باهله	فا بادهم بتفرّق لایجمعُ
انّ الّذین عهدتهم بك مرّةً	کان الزمان بهم یضرّ وینفعُ
اصبحت تفزع من یراك وطالما	کنّا الیك من المعادل نفزعُ
ذهب الّذین یعاش فی اکنافهم	بقی الّذین حیاتُهم لاتنفعُ (۱)

فرماتے ہیں کہ میں نے مراجعت پر شہر کا رنگ ڈھنگ، چال چلن، لباس، پوشاک اور

(۱) تذکرۂ صادق ص: ۱۷۸-۱۷۹۔ مولانا مسعود عالم مرحوم نے ان اشعار کا مفہوم اردو میں یوں ادا کیا ہے:
اے وہ منزل! جس کے رہنے والے زمانے کی دست بُرد کا شکار ہوئے اور انھیں اس طرح منتشر کر دیا گیا کہ پھر جمع ہونے کی توقع نہیں۔ وہ جنھیں کبھی تیری آغوش میں آسودہ حال دیکھا تھا، زمانہ ان کے سہارے نفع نقصان پہنچاتا تھا۔ جو تجھے اب دیکھتا ہے گھبرا اٹھتا ہے۔ کبھی یہ حالت تھی کہ مشکلات سے گھبرا کر ہم تیری آغوش میں پناہ ڈھونڈتے تھے۔ وہ لوگ تو گذر گئے جن کے سایے میں زندگی، زندگی تھی۔ اب وہ باقی رہ گئے ہیں، جن کی زندگیاں کسی بھی کام کی نہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کل طرزِ معاشرت بدلا ہوا پایا تو رہائی پر حد درجہ افسوس ہوا۔

کاش میں بھی اسی جزیرے (انڈمان) کا پیوند زمین ہو جاتا تو بہ روزِ حشر اپنے دونوں ساتھیوں (مولانا احمد اللہ اور مولانا یحییٰ علی) کے ہمراہ محشور ہوتا۔(۱)

باقی حالات

عظیم آباد پہنچتے ہی سپرنٹنڈنٹ پولیس نے پابندی عائد کر دی تھی کہ ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو کچہری میں حاضری لکھوایا کریں اور بلا اجازت شہر سے باہر نہ جائیں۔ جب کہیں جائیں تو جائے قیام کی متصلہ چوکی یا تھانے میں اطلاع بھیج دیا کریں۔ سات برس تک یہ پابندی قائم رہی۔ بعد ازاں صرف ملک سے باہر جانے کے لئے اجازت ضروری قرار دی گئی حالانکہ اس زمانے میں باہر جانے کے لئے پروانۂ راہداری لینے کا دستور نہ تھا۔ مولانا نے پہلی مرتبہ ۱۳۰۱ھ اور دوسری مرتبہ ۱۳۱۰ھ میں حج کیا۔ ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ (۲۴ اگست ۱۹۲۳ء) کو قبل مغرب تقریباً نوّے برس کی عمر میں وفات پائی۔ ''تذکرۂ صادقہ'' جس کا دوسرا نام ''**الدر المنثور فی تراجم اهل صادق فور**'' ہے، انھیں کی مرتب کی ہوئی ہے۔ حکیم محمد شریف فخری نے تاریخ وفات کہی:

ازیں کارخِ مجازی شد بہ جنت — امیرم مولوی عبدالرحیم آہ!
چو شد ہشتاد و نہ از عمر پاکش — وصال از مرگ آں فرمود ناگاہ
بہ بود آں مشعل بیت ہدایت — ز انوارش گرفتے راہ گمراہ
دم آخر نبودہ بر زبانش — بہ جز نامِ خدا اللہ اللہ
مرا کردہ اسیرِ بند ماتم — بہ زد در جنت الفردوس خرگاہ
بہ فخری پیر ملہم گفت سالش — امام پاک داں تشریف برد آہ

(۱) تذکرۂ صادقہ ص: ۱۷۸-۱۷۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا ابوالکلام آزاد بھی مولانا عبدالرحیم سے ملے تھے، فرماتے تھے کہ میں ایک مرتبہ پٹنہ گیا اور مولوی مظہرالحق بیرسٹر کے مکان پر ٹھہرا تو مولانا عبدالرحیم نے پیغام بھیجا کہ ملنے کے لئے آنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ وہ آ گئے اور کچھ دیر بات چیت کر کے چلے گئے۔ دوسرے دن میں ان کی ملاقات کے لئے گیا۔ بہت بوڑھے ہو گئے تھے۔

مولوی محمد جعفر

مولوی محمد جعفر نے ۱۸ر ذی الحجہ ۱۲۷۸ھ (۱۶ر جون ۱۸۶۲ء) سے اپنے حالات لکھنے شروع کیے تھے، یہ تلاشیوں میں حکومت کے ہاتھ آئے اور ان کا خلاصہ مقدمے کے دوران میں بھی پیش ہوا۔ ہنٹر نے بھی وہ خلاصہ اپنی کتاب میں درج کیا ہے۔ ان حالات سے واضح ہوتا ہے کہ مولوی صاحب کی ولادت ۱۸۳۷ء کے لگ بھگ ہوئی۔ دس سال کی عمر تک کوئی تعلیم نہ پائی۔ بارہ سال کے ہوئے تو ان کے والد میاں جیون کا انتقال ہوا۔ اس وقت ان کا چھوٹا بھائی محمد سعید صرف چھ مہینے کا تھا۔ پھر خود بخود تعلیم کا شوق پیدا ہوا۔ کچھ کتابیں پڑھ کر عرائض نویسی شروع کی۔ تھوڑی ہی مدت میں یہ کمال حاصل کر لیا کہ تمام عرائض نویس اور وکیل قاعدوں، ضابطوں اور قانونوں میں ان سے مشورے لیتے۔ تھانیسر میں خاصی بڑی جائیداد پیدا کر لی۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں وہ دس بارہ ہم مشربوں کو ساتھ لے کر آزادی کی جنگ کیلئے دہلی پہنچے۔ جب انگریز دہلی پر دوبارہ قابض ہو گئے اور قومی تحریک کے لئے کامیابی کی کوئی امید باقی نہ رہی تو چپ چاپ واپس چلے آئے اور معمول کے مطابق اپنا کام شروع کر دیا۔ پانی پت میں شادی کی، گرفتاری کے وقت ان کے دو بیٹے تھے اور ایک بیٹی۔ بڑا بیٹا ان کی اسیری کے زمانے میں فوت ہو گیا۔ چھوٹا بیٹا، بیٹی اور پہلی بیوی ان کی رہائی کے وقت زندہ تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انڈمان کی زندگی

جیسا کہ بتایا جا چکا ہے، وہ ۱۱ر جنوری ۱۸۶۶ء کو مولانا یحییٰ علی اور میاں عبدالغفار کے ہمراہ انڈمان پہنچے تھے۔ جہاز سے اترتے ہی سید اکبر زماں کی کوشش سے چیف کمشنر کی کچہری میں ''محرر سیکشن وار'' یا ''نائب میر منشی'' مقرر ہو گئے۔ ایک گھر رہنے کو اور ایک نوکر خدمت کو مل گیا۔ جہاں چاہتے رہتے اور جہاں چاہتے جاتے، روک ٹوک مطلق نہ تھی۔(۱)

اپنی اہلیہ کو وطن سے بلانے کی کوشش کی، اس میں ناکام رہے تو ایک کشمیری خاتون سے نکاح کر لیا جو ایک بلائے ناگہانی میں پھنس کر بہ حالتِ قید انڈمان پہنچی تھی، یہ بیوی ۳۰ر اپریل ۱۸۶۸ء کو فوت ہو گئی۔ پھر انھوں نے دوسری مرتبہ الموڑہ کی ایک برہمنی سے نکاح کیا، جس غریب کو خاندانی عداوت کے باعث بے وجہ ایک قتل میں ملزم گردان کر کالے پانی کی سزا دلوادی گئی تھی۔ مولوی صاحب نے اسے حلقہ بگوش اسلام بنایا۔ اس نکاح سے آٹھ بچے ہوئے۔ وہ اکیلے انڈمان گئے تھے، رہائی پا کر واپس ہوئے تو ایک بیوی اور آٹھ بچے کل نو افراد اُن کے ہمراہ تھے۔ ان کی پوری مدت قید ملازمت میں گذری نجی طور پر کچھ تجارت بھی کر لیتے تھے۔ ذاتی کوشش سے انگریزی سیکھ لی اور مختلف انگریز افسروں کو اردو پڑھانے لگے۔ اس زمانے میں سرکاری ملازموں کو عرضیاں اور اپیلیں لکھنے کی ممانعت نہ تھی۔ خود فرماتے ہیں:

> میں نے عرضی و اپیل انگریزی زبان میں لکھنے شروع کر دیے تھے، جس میں علاوہ ترقی استعداد علمی کے ہزاروں روپے کا فائدہ بھی مجھ کو ہوا۔ یہی دو پیشے یعنی معلمی صاحبان اور عرائض نویسی تھے، جن میں مجھ کو سو روپے ماہوار سے کم

(۱) ''کالا پانی'' ص:۵۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نہ ملتا تھا۔ چونکہ میرے سوا وہاں کوئی مسلمان انگریزی خواں نہ تھا، میں نے بڑے بڑے مقدمات اہل اسلام میں ان کو بڑی بڑی مدد دی اور بڑی بڑی آفتیں اور آلام مسلمانوں پر سے ٹلوا دیے۔ (۱)

لکھتے ہیں کہ دورانِ قیام انڈمان میں تین مرتبہ نہایت خوفناک حوادث سے محض بفضل الٰہی محفوظ رہا۔ ایک مرتبہ عید قربان کے موقع پر انھوں نے بیل ذبح کیا تھا، اس وجہ سے بعض ہندو قیدی ان کے سخت دشمن ہو گئے اور ایک سے زیادہ مرتبہ مقدمات میں الجھانے کی کوشش کی۔ خاصی مدت روس آئی لینڈ میں گزاری۔ لارڈ میو کے قتل کے بعد انھیں بھی دوسرے مقامات پر بھیجا گیا۔ مثلاً کچھ مدت ہدو میں گزاری۔

رہائی

انھوں نے رہائی کے لئے کئی کوششیں کیں جو کامیاب نہ ہو سکیں اور ایک مرتبہ اپنے بھتیجے کو بھی انڈمان بلانا چاہا، لیکن درخواست منظور نہ ہوئی۔ فرماتے ہیں: ۱۸۸۱ء سے دل میں خیال پیدا ہو گیا تھا کہ ہم جلد رہا ہو کر ہندوستان جانے والے ہیں۔ چنانچہ ۳۰ر دسمبر ۱۸۸۲ء کو ان کی رہائی کا حکم صادر ہو گیا اور یہ اطلاع سب سے پہلے پانی پت میں ان کی پہلی بیوی کو ملی۔ ۲۲ر جنوری ۱۸۸۳ء کو یہ حکم انڈمان پہنچا۔ وہ پہلے اپنی انڈمان والی اہلیہ کی رہائی کے انتظار میں بیٹھے رہے اور خود انڈمان میں ٹھہرے رہنے کی اجازت لے لی۔ اس اثناء میں اپنا سامان فروخت کیا۔ مکان کو وقف کر کے مسجد بنا دینا چاہتے تھے، ڈپٹی کمشنر نے اسے منظور نہ کیا۔ ۹ر نومبر ۱۸۸۳ء کو سترہ سال دس مہینے کے بعد انڈمان سے روانہ ہوئے۔ جہاز پر علی رضا نام کا ایک مشہور تاجر ان کی خدمت تواضع کرتا رہا۔ ۱۳ر نومبر ۱۸۸۳ء (۱۴ر محرم ۱۳۰۱ھ) کو کلکتہ پہنچے اور مولانا عبدالرحیم عظیم آبادی کے بھائی مولوی

(۱) ''کالا پانی'' ص: ۷۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عبدالرؤف کے پاس چینا پاڑا میں دو روز مقیم رہے۔ پھر الہ آباد، کان پور، علی گڑھ، سہارن پور ہوتے ہوئے ۲۱ر نومبر ۱۸۸۳ء کو رات کے نو بجے انبالہ چھاؤنی کے اسٹیشن پر پہنچ گئے۔ ۱۲ر دسمبر ۱۸۶۳ء کو تھانیسر سے فرار ہوئے تھے۔ کچھ کم بیس سال کے بعد دوبارہ وطن میں آزادی کی زندگی نصیب ہوئی۔ ایک بڑے کنبے کے علاوہ آٹھ ہزار روپے نقد ساتھ لائے تھے۔

بعد کے حالات

بعد کے حالات تفصیلاً معلوم نہیں۔ رہائی کے وقت مولوی صاحب کا ایک شاگرد کپتان ٹمپل انبالہ چھاؤنی میں ڈپٹی کمشنر تھا۔ اس نے آپ کو لکھا کہ اگر میرے پاس رہنا پسند کریں تو ضمانت دے کر حکومت سے اجازت لے سکتا ہوں۔ یہ مناسب قیام کا خدا ساز انتظام تھا۔ مولوی صاحب نے اس سے پورا فائدہ اٹھایا۔ ٹمپل نے ان کے لئے بیس روپے ماہانہ اپنی طرف سے مقرر کر دیے۔ تیس روپے انھیں بعض دوسرے انگریزوں کو پڑھانے سے مل جاتے تھے۔ جب تک ٹمپل انبالہ چھاؤنی میں رہا، مولوی صاحب کو کوئی تکلیف نہ ہوئی۔ اس کا تبادلہ ہو گیا تو ان پر پابندیاں بڑھ گئیں، لیکن فروری ۱۸۸۸ء میں حکومت نے خود بخود تمام پابندیاں اٹھا دیں۔ وہ مختلف شہروں میں جاتے آتے رہے۔ مسلمان ان کا بڑا احترام کرتے تھے۔ مولانا سید عبدالحئی رائے بریلوی نے ۱۸۹۵ء میں دہلی، پانی پت، سرہند، انبالہ، دیوبند، گنگوہ وغیرہ کا سفر کیا تھا تو وہ انبالے میں مولوی محمد جعفر کے مکان پر بھی گئے تھے، لیکن اس وجہ سے ملاقات نہ ہو سکی کہ مولوی صاحب کئی روز پیشتر کھرنولہ (ریاست پٹیالہ) چلے گئے تھے۔ (۱)

غالباً ۱۹۰۵ء میں وفات پائی۔ ان کے فرزند ارجمند مولوی محمد اسماعیل وکیل انبالہ

(۱) ارمغان احباب (رسالہ معارف مارچ ۱۹۳۹ء)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۹۴۷ء کے فساد میں غیر مسلموں کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔

تصانیف

متفرق رپورٹوں یا مجموعہ ہا ضوابط کے علاوہ مولوی محمد جعفر نے تین کتابیں لکھیں، جن کی مختصر سی کیفیت ذیل میں درج ہے:

۱- **تاریخ عجیب:** یہ جزائر انڈمان کی تاریخ ہے، جس میں جزیروں کی جغرافیائی تفصیلات کے علاوہ ان کی آبادکاری کی کیفیت عہد بہ عہد بتائی گئی ہے۔ کتاب کے آخر میں ان تمام زبانوں کی بول چال کا مختصر سا مرقع درج کر دیا ہے، جو انڈمان میں بولی جاتی تھیں، مثلاً اردو، عربی، فارسی، ترکی، ساحلی، پشتو، مکرانی، بلوچی، سندھی، نکوباری، مرہٹی، بنگالی، برمی، چینی، کشمیری، پنجابی وغیرہ۔ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ مولوی صاحب نے قیام انڈمان کے زمانے میں وہاں کی تقریباً تمام بولیاں سیکھ لی تھیں۔ یہ کتاب حکومت کی منظوری سے ۱۸۷۹ء میں مطبع نول کشور نے چھاپی تھی۔ اب بہت کم یاب ہے۔

۲- **تواریخ عجیب:** یہ کتاب زیادہ تر ''کالا پانی'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں مولوی صاحب نے اپنی گرفتاری، مقدمے، قید، سفر انڈمان، اسیری کی زندگی اور رہائی کی پوری سرگزشت بیان کی ہے۔ ضمناً اپنے رفقاء کے حالات بھی بیان کر دیے ہیں۔ چھوٹی سی کتاب ہے اور دو تین مرتبہ طبع ہو چکی ہے۔

۳- **سوانح عجیبہ:** یہ سید احمد بریلوی اور ان کے اکابر خلفاء کے حالات پر مشتمل ہے۔ پہلی مرتبہ ۱۸۹۵ء میں مطبع مجتبائی سے شائع ہوئی تھی۔ بعد ازاں اس کے دو ایڈیشن چھپے۔ اس کتاب کی حقیقی حیثیت کے متعلق ''سید احمد شہید'' میں بحث ہو چکی ہے۔ اعادے کی ضرورت نہیں۔

لاہوری احمدی جماعت کے ممتاز رکن ڈاکٹر بشارت احمد مرحوم نے ایک مرتبہ مجھ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے ذکر کیا کہ وہ انبالہ میں مولوی محمد جعفر سے ملے تھے، جب مولوی صاحب خاصے بوڑھے ہو گئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب فرماتے تھے کہ دین کے متعلق انھوں نے جتنی باتیں کیں، خاص درد اور سوز سے لبریز تھیں۔ رخصت کے وقت دعاء کی۔ وہ بھی بڑی ہی پُر تاثیر تھی۔

باقی اصحاب

اسیرانِ انڈمان میں سے حکم رہائی کے وقت مندرجۂ ذیل حضرات زندہ تھے:

۱- **میاں عبد الغفار**: ساکن عظیم آباد جو مقدمۂ انبالہ میں ماخوذ ہوئے تھے۔ مولانا یحییٰ علی اور مولوی محمد جعفر کے ساتھ ۱۱ر جنوری ۱۸۶۶ء کو انڈمان پہنچے۔ مارچ ۱۸۷۲ء میں انھوں نے درخواست دیکر اپنی اہلیہ اور دو لڑکوں کو اپنے پاس بلا لیا تھا۔ رہائی کے بعد وہ اہل وعیال کے ساتھ عظیم آباد واپس آئے اور ۱۳۳۳ھ (۱۵-۱۹۱۴ء) کے لگ بھگ وفات پائی۔

۲- **مولوی امیر الدین**: انھیں مقدمۂ مالدہ میں حبسِ دوام اور ضبطیٔ جائیداد کی سزا ہوئی تھی۔ مارچ ۱۸۷۲ء میں انڈمان پہنچے۔ اس وقت تک نئے قانون جاری ہو چکے تھے۔ ان میں قیدیوں کیلئے وہ رعایتیں باقی نہ رہی تھیں جن سے پہلے قیدی مستفید ہوتے رہے تھے، لہٰذا مولوی صاحب کو مدت تک سخت مشقت کرنی پڑی۔ پھر وہ مدرسے میں معلّم مقرّر ہو گئے۔ ۳ر مارچ ۱۸۸۳ء کو مولانا عبد الرحیم عظیم آبادی اور میاں عبد الغفار کے ساتھ ہندوستان روانہ ہوئے۔ بعد کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔

۳- **مولوی تبارک علی**: انھیں عظیم آباد کے دوسرے مقدمے میں حبسِ دوام اور ضبطیٔ جائیداد کی سزا ہوئی تھی۔ ان کے والد ماجد مولوی مبارک علی قید ہی میں فوت ہو چکے تھے۔ مولوی تبارک علی کو بھی انڈمان میں ابتدا میں سخت مشقت کرنی پڑی۔ پھر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسٹیشن محرر رہو گئے اور رہا ہو کر ۲ر مارچ ۱۸۸۳ء کو انڈمان سے روانہ ہوئے۔

۴- میاں مسعود گل یا مسعود خاں: یہ ضلع بوگرا(۱) (بنگال) کے رہنے والے تھے، مولانا مسعود عالم کے بیان کے مطابق ۱۸۶۰ء میں گرفتار ہوئے تھے۔(۲)

ان کے مقدمے کا حال بالکل معلوم نہ ہو سکا، لیکن یہ یقینی ہے کہ ۱۸۸۳ء میں رہا ہو کر ۲۸ر اپریل کو انڈمان سے رہگرائے وطن ہوئے۔

۵- ابراہیم منڈل: مقدمۂ راج محل کے سلسلے میں ان کا ذکر آ چکا ہے۔ مولوی محمد جعفر، امیر خاں، تبارک علی اور امیر الدین کی گرفتاری کے سلسلے میں لکھتے ہیں:

> ایک بوڑھے اور ضعیف شخص ابراہیم منڈل کو اسلام پور میں (گرفتار کیا گیا) اور اپنے معمولی اور پرانے گواہوں سے جو چاہا گواہی دلوا کر بے چاروں کو کالے پانی روانہ کیا۔(۳)

اس سے مترشح ہوتا ہے کہ ابراہیم منڈل کو بھی کالا پانی بھیجا گیا تھا۔ مولانا مسعود عالم نے ۱۹۴۷ء میں لکھا تھا کہ ابراہیم منڈل کے انتقال کو چالیس پینتالیس سال گذر چکے ہیں۔(۴) گویا وہ موجودہ عیسوی صدی کے آغاز تک زندہ تھے۔

اور جو اصحاب گرفتار یا قید ہوئے، ان کے متعلق کچھ علم نہ ہو سکا۔

گورنر جرنل کا حکم

آخر میں اتنا اور عرض کر دینا چاہئے کہ ''وہابی'' اسیرانِ انڈمان کی رہائی کے سلسلے میں حکومت ہند کے محکمہ داخلہ کی طرف سے ۱۱ر جنوری ۱۸۸۳ء کو مندرجہ ذیل اعلان

---

(۱) ''تذکرۂ صادقہ'' میں اسے ''بگوڑا'' لکھا گیا ہے۔(ص ۱۷۷)

(۲) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک ص: ۱۶۹-۱۷۰

(۳) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک ص: ۱۶۹-۱۷۰

(۴) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک ص: ۱۵۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بغرضِ اطلاعِ عوام شائع ہوا تھا:

مقدمہ کے تمام پہلوؤں پر کامل غور و خوض اور حکومت بنگال و حکومت پنجاب سے مشورہ کے بعد گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل نے فیصلہ صادر فرمایا ہے کہ جن لوگوں کو سلطنت کے خلاف جنگ میں شرکت و اعانت کے جرم کی بنا پر حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور کی سزا ہوئی تھی اور وہ ہنوز یہ سزا بھگت رہے ہیں، انھیں اب رہا کر کے گھروں میں آنے کی اجازت دے دی جائے، البتہ انھیں پولیس کی نگرانی قبول کرنی ہوگی نیز مقامی حکومتیں ان کی بود و ماند پر جو پابندیاں عائد کرنا مناسب سمجھیں، وہ لازماً منظور کرنی پڑیں گی۔ (۱)

یہ بتانا مشکل ہے کہ اس فیصلے پر پہنچنے اور اسے نافذ کرنے میں کون کون سے فوری محرکات بروئے کار آئے۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ ''وہابیت'' کا ہوّا ہندوستان میں کھڑا کرنے کے ذمہ دار چند انگریز افسر تھے جن میں سے ولیم ہنٹر کو سب سے بڑھ کر نمایاں حیثیت حاصل ہوئی اور اس کی کتاب ''ہمارے ہندوستانی مسلمان'' مدت تک حکومت کی پالیسی کا مبنیٰ بنی رہی۔ جب سر سید احمد خاں مرحوم اور بعض دوسرے اصحاب نے اس ''ہوّے'' کو بالکل بے بنیاد ثابت کر دیا تو اربابِ اختیار کی رائے میں تغیر پیدا ہوا۔ اس ضمن میں سب سے مؤثر اور نتیجہ خیز مساعی سر سید مرحوم ہی کی تھیں۔

تاریخ

مولوی محمد جعفر تھانیسری نے ان اسیرانِ مظلوم کی رہائی کا ایک قطعہ تاریخ بھی درج کیا ہے یعنی:

تنے چند از عظیم آباد پٹنہ کہ بودند اہل علم و فضل باہر

(۱) سول اینڈ ملٹری گزٹ لاہور۔ مورخہ ۱۰ر جنوری ۱۸۸۳ء

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بر ایشیاں باعبور بحر پُر شور — چو شد حکم دوام حبس صادر
ازیناں چند کس مردند در قید — رہا گشتند باقی ماندہ آخر
بحکم وائسرائے قیصر ہند — کہ دارد بر رعایا رحم وافر
چو کرد م فکر تاریخ رہائی — مرا بیتے خوشے آمد بہ خاطر
نظیرش کم تواند یافت آں کس — کہ باشد در فنِ تاریخ ماہر
پس از طولِ زمن الحمدللہ — رہا گشتند اسیرانِ جزائر
حروف صد بیان سال ہجری — سنین عیسوی از شعر ظاہر (۱)

(۱) سوانح احمدی طبع اول ص: ۲۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بارہواں باب:

لارڈ میو کا قتل

لارڈ میو

مجاہدین اسلام وآزادی کے زمانۂ اسیری کا ایک اہم واقعہ ہندوستان کے وائسرائے لارڈ میو کا قتل ہے، جو انڈمان میں ہوا اور اس وجہ سے ہمارے مجاہدوں کی اسیری کا دور بھی امتداد پذیر ہوا، اور ان پر سختیاں بھی بڑھ گئیں۔ مثلاً جن رعایتوں سے وہ مستفید ہو رہے تھے، چھین لی گئیں اور انھیں مرکز سے اٹھا کر الگ الگ دور دور علاقوں میں بھیج دیا گیا، بلکہ یہ کوشش بھی کی گئی تھی کہ انھیں قتل کے الزام میں الجھا کر حد درجہ سخت سزائیں دی جائیں۔ چونکہ اس واقعے کو بھی ان کی اسیری سے اک گونہ تعلق ہے، لہٰذا اسے بھی یہاں بیان کر دینا چاہئے۔

لارڈ میو ۱۸۶۹ء میں ہندوستان کا گورنر جنرل اور وائسرائے مقرر ہو کر آیا تھا۔ دوسرے معاملات کی طرح اسے انڈمان میں بھی اصلاحات جاری کرنے کا خاص خیال تھا۔ چنانچہ اس نے ایک نیا مجموعۂ ضوابط مرتب کرایا، جسے ۱۸۷۱ء سے نافذ کر دیا گیا۔ پھر اسے خیال آیا کہ خود انڈمان کو دیکھے اور تمام حالات کا جائزہ لینے کے بعد وسیع پیمانے پر اصلاحات جاری کرے۔ چنانچہ وہ کلکتہ سے رنگون گیا اور وہاں سے ۸/فروری ۱۸۷۲ء کو صبح کے وقت انڈمان پہنچا۔ لیڈی میو کے علاوہ متعدد اصحاب اس سفر میں اسکے ہمراہ تھے۔

جزیرے کا دورہ

انڈمان پہنچنے کے ساتھ ہی چیف کمشنر نے اطمینان دلا دیا کہ وائسرائے کی حفاظت

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے تمام انتظامات بخوبی کر لئے گئے ہیں، مثلاً:

۱- مشقتی قیدیوں کو حکم دے دیا گیا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی کام پر سے غیر حاضر نہ ہونے پائے۔

۲- پولیس کی گارد وائسرائے کے دائیں بائیں اور آگے پیچھے رہے گی۔ گارد کے ہر سپاہی کی بندوق بھری ہوگی۔

۳- جن جزیروں میں زیادہ سنگین مجرم رہتے ہیں، ان میں پولیس کے علاوہ مسلح فوج بھی وائسرائے کی حفاظت پر مامور ہوگی۔

غرض وائسرائے اکیس ضرب توپ کی سلامی کے بعد جہاز سے اترا۔ اس نے مختلف مقامات دیکھے۔ قیدیوں کے زنانہ اور مردانہ ہسپتال بھی ملاحظہ کیے۔ بعض بارکوں کا بھی معائنہ کیا۔ جزیرے میں ریل جاری کرنے کے متعلق بھی گفتگو کی۔ دوپہر کا کھانا چیف کمشنر کے ساتھ کھایا۔ مولوی محمد جعفر چشم دید حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ راستہ چلتے وقت پولیس کے آدمی جب وائسرائے کے بہت نزدیک ہو جاتے اور قیدیوں کو ذرا دور ہٹاتے تو وائسرائے اس پر ناراضی کا اظہار کرتا۔ خود مولوی صاحب بعض اوقات وائسرائے سے اتنے قریب ہو جاتے کہ کپڑے سے کپڑا چھونے کی نوبت آجاتی۔(۱)

قیدیوں کی خوشی

چیف کمشنر اور افسرانِ آبادکاری نے پرانے قیدیوں کو یقین دلایا تھا کہ وائسرائے کے تشریف لے جاتے ہی اچھے چال چلن والے اسیرانِ بغاوت اور دوسرے قیدی رہا کر دیے جائیں گے۔ اس وجہ سے پرانے قیدی بہت خوش تھے اور اپنے آپ کو رہا شدہ

(۱) تاریخ عجیب ص:۷۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سمجھتے تھے۔ کسی کو اندازہ نہ تھا کہ تھوڑی ہی دیر میں ایک ایسا حادثہ پیش آجائے گا، جو نہ محض اس خوشی ہی کو ختم کر دے گا، بلکہ نئی مصیبتوں کا پیش خیمہ بن جائے گا۔

انڈمان میں سال اور ساکھو کے علاوہ ایک لکڑی ہوتی ہے، جسکا رنگ خون کی طرح سرخ ہوتا ہے۔ وہ نہایت پائدار، خوش نما اور خوشبودار ہوتی ہے۔ ان لکڑیوں کیلئے ایک آرا گھر بھی بنا دیا گیا تھا۔ وائسرائے نے اسے بھی دیکھا اور وہاں اس عجیب وغریب لکڑی کا ایک بڑا تختہ ملاحظہ کیا جس سے انجام کار وائسرائے کا تابوت بنایا گیا۔ (۱)

ماؤنٹ ہیریٹ کا معائنہ

ایک گھنٹہ دن باقی رہ گیا تھا۔ پرائیویٹ سکریٹری کا اصرار تھا کہ اب باقی دورہ اگلے روز پر ملتوی کر کے جہاز پر تشریف لے چلیں۔ لارڈ میو نے کہا کہ ابھی دن باقی ہے، ٹھنڈا اور سہانا وقت ہے۔ ماؤنٹ ہیریٹ کو (۲) دیکھ لینا چاہئے۔ جہاں ایک سینٹوریم بنانے کی تجویز تھی۔ چنانچہ اس کی سواری کے لئے ایک یابو حاضر کر دیا گیا۔ نصف چڑھائی پر جا کر وائسرائے نے اصرار کیا کہ میں پیدل چلوں گا اور ساتھیوں سے کہا کہ جو چاہے یابو پر سوار ہو جائے۔ مونٹ ہیریٹ پر وائسرائے دیر تک غروبِ آفتاب کا تماشا دیکھتا رہا اور اس نے اپنے پرائیویٹ سیکرٹری سے کہا: ایسا خوبصورت نظارہ میں نے عمر بھر کبھی نہیں دیکھا۔

قاتلانہ حملہ

واپسی کے وقت اندھیرا ہونے لگا تھا، وائسرائے اور اس کے ساتھی راستے کا تین

(۱) تاریخ عجیب ص: ۷۰

(۲) جنوبی انڈمان کی یہ مشہور پہاڑی ہے، جس کی بلندی ۱۱۹۳ فٹ ہے۔ اس کا نام انڈمان کے ایک حاکم کرنیل نائٹلر (۱۸۶۲ء-۱۸۶۴ء) کی بیوی HARRIET کے نام پر رکھا گیا تھا۔ سب کا بیان ہے کہ یہ جگہ بلحاظ آب وہوا بہت خوشگوار ہے، ہوپ ٹاؤن اس کے قریب واقع ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھائی حصہ طے کر چکے تو مشعلوں والے پہنچ گئے۔ مولوی محمد جعفر لکھتے ہیں کہ اس وقت سات بجے تھے:

> لارڈ صاحب بہادر پل ہوپ ٹاؤن پر پہنچے۔ وہ مشعل والے لارڈ صاحب کے آگے، سپرنٹنڈنٹ صاحب اور پرائیویٹ سکریٹری لارڈ صاحب کے داہنے بائیں اور ایک لفٹنٹ اور ایک کرنیل فریگیٹ گلاس گیو (جس جہاز پر لارڈ میو آئے تھے) کے تھوڑے فاصلے پر پیچھے کی طرف لارڈ صاحب بہادر کے داہنے بائیں چلتے تھے اور مسلح گارد فری پولیس کا لارڈ صاحب سے پیچھے پاؤں سے پاؤں ملاتا ہوا چلتا تھا۔ لارڈ صاحب بہادر نے مع پرائیویٹ سیکرٹری کے آہستہ آہستہ چل کر گھاٹ کی سیڑھیوں کی طرف جا کر بوٹ میں اترنا چاہا۔ اس وقت یک بیک لارڈ صاحب بہادر کی طرف کچھ ضرب کے کھٹکے کی آواز سنی گئی اور جب اس طرف دیکھا تو معلوم ہوا کہ لارڈ صاحب کی پشت پر کوئی ہاتھ مع چھری کے وار کر رہا ہے اور ایک آدمی لارڈ صاحب کی پشت پر چمٹا ہوا ہے۔

دس بارہ آدمی ایک دم اس شخص پر گر پڑے۔ ارجن قیدی نے پکڑ کر چھری اس کے ہاتھ سے چھین لی۔ افراتفری میں مشعلیں گل ہو گئی تھیں۔ پرائیوٹ سیکرٹری نے قیدی کو مار پیٹ سے چھڑایا۔

وائسرائے کی وفات

لارڈ میو ضرب کھا کر سمندر میں گر گئے۔ جب دیکھا تو وہ گہرے پانی میں کھڑے اپنا منہ صاف کر رہے تھے۔ پرائیوٹ سکریٹری سے کہا "مجھے ضرب لگائی گئی، لیکن کچھ فکر نہیں، ضرب معمولی ہے" ممدوح کو گاڑی پر بٹھا دیا گیا جو پل پر کھڑی تھی۔ مشعلیں دوبارہ روشن کی گئیں۔ اس وقت دیکھا کہ ان کی پشت پر کوٹ کٹ کر ایک چھید ہو گیا ہے، جس میں سے پرنالے کی طرح خون بہتا ہے۔ اسے رومالوں سے بند کرنے کی کوشش کی گئی۔ وہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایک دو منٹ تک چپ چاپ بیٹھے رہے۔ پھر ان کے پاؤں لڑکھڑائے اور پیچھے کی طرف گر پڑے۔ آہستہ سے کہا: ''میرا سر اوپر اٹھاؤ'' ساتھ ہی ختم ہو گئے۔

جہاز پر پہنچا کر ڈاکٹروں نے دیکھا تو کہا کہ اب ہر کوشش بے سود ہے۔ دو کاری زخم مونڈھے کے پاس سے شروع ہو کر سینے تک چیرتے چلے گئے تھے۔ ان میں سے ایک بھی جان لینے کے لئے کافی تھا۔

شیر علی قاتل

قاتلانہ حملہ شیر علی قیدی نے کیا تھا، جو اصلاً تیراہ کا آفریدی تھی۔ کمشنر پشاور کے سوار اردلیوں میں بھرتی ہوا۔ اس کے خاندان کی دو شاخوں میں مدت سے شدید عداوت چلی آتی تھی اور جھگڑوں میں دونوں شاخوں کے بہت سے آدمی مارے جا چکے تھے۔ شیر علی کو بھی گھر والوں کی طرف سے بار ہا بلاوے آئے کہ آؤ اور دشمنوں سے بدلہ لو۔ ایک مرتبہ اسے خبر ملی کہ دشمنوں میں سے ایک پشاور آیا ہوا ہے۔ چنانچہ وہ اٹھا اور پشاور کے ایک باغ میں اس نے دشمن کو قتل کر دیا۔ (۱)

اس پر قتل کا مقدمہ قائم ہوا اور ۲ر اپریل ۱۸۶۷ء کو پھانسی کا حکم سنایا گیا، لیکن چونکہ اس کا عام چلن اچھا تھا، جنگ امبیلہ میں بھی وہ شریک رہا تھا اور انگریزوں کی خدمات انجام دی تھیں، لہٰذا سزائے موت کو حبسِ دوام بہ عبور دریائے شور میں بدل دیا گیا۔ ۱۸۶۹ء سے اس نے دل میں فیصلہ کر لیا تھا کہ کسی بڑے انگریز کو قتل کرے گا۔ وہ اکثر روزے رکھتا، تنخواہ اور مزدوری سے جو کچھ بچ رہتا، مہینے دو مہینے کے بعد اس کا کھانا پکا کر مسکینوں میں تقسیم کر دیتا۔ نیک کرداری کے باعث وہ بہت ممتاز ہو گیا تھا اور نگراں بھی اس کی زیادہ دیکھ بھال نہ کرتے تھے۔ مشقتی قیدیوں کے لئے اسے حجام بنا دیا گیا تھا۔

(۱) ملاحظہ ہو رنیل ٹیلر کے سوانح حیات۔ انگریزی۔ ص: ۲۶۸-۲۷۲۔ ٹیلر نے یہ حالات لارڈ میو کے قتل کے بعد ۱۳ر فروری ۱۸۷۲ء کے لندن ٹائمز میں شائع کرائے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جرم کی تفتیش

انگریزوں کو یقین تھا کہ شیر علی کا یہ فعل گہری سازش کا نتیجہ ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر پولیس کلکتہ کے علاوہ لالہ ایشوری پرشاد کو تفتیش کے لئے بھیجا گیا۔ آخر الذکر مقدماتِ سازش خصوصاً مقدمہ انبالہ اور پہلے مقدمہ عظیم آباد میں کارکردگی کے باعث سورج گڑھ میں ڈپٹی کلکٹر بن چکا تھا۔ ان لوگوں نے ممتاز قیدیوں کو الجھانے کی بڑی کوشش کی، لیکن کامیابی نہ ہوئی۔

خود شیر علی کے متعلق یہ معلوم ہوا کہ وہ دن بھر گھات میں رہا لیکن حملے کا موقع نہ مل سکا، ناامید ہو کر وہ ماؤنٹ ہیریٹ پر جا بیٹھا۔ گویا تقدیر خود اسے موقع پر لے گئی۔ بے شک بڑا شہ زور تھا۔ ایک موقع پر بھاری بیڑی اور ہتھکڑی توڑ کر اس نے بتی بجھائی اور گورے پہریدار کی سنگین چھین کر اسے زخمی کر دیا، لیکن دیکھنے میں بہت دبلا پتلا اور بدرو تھا۔ خیال میں یہ بات نہ آتی تھی کہ لارڈ میو جیسے طویل القامت اور بھاری بھرکم شخص پر وہ حملہ سکے گا۔ جب اس سے پوچھا جاتا کہ حملہ کس کے ایماء سے کیا؟ جواب دیتا: خدا کے حکم سے۔

پھانسی کی سزا

غرض اس پر مقدمہ چلا اور پھانسی کی سزا ہوئی۔ منظوری کے بعد پھانسی دینے لگے تو اس نے بلند آواز سے کہا:

> میں نے جب اس کام کا ارادہ کیا تھا تو اپنے تئیں مردہ سمجھ لیا تھا۔ مسلمان بھائیو! میں نے تمہارے دشمن کو مار ڈالا۔ اب تم شاہد رہو کہ میں مسلمان ہوں اور کلمہ پڑھا۔ دو دفعہ کلمہ ہوشیاری سے پڑھا۔ تیسری بار پھانسی کی رسّی سے گلا گھٹ کر پورا کلمہ ادا نہ ہوا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یوں لارڈ میو کے قتل سے ایک مہینہ چار روز بعد ۱۱ر مارچ ۱۸۷۲ء کو اسے پھانسی دی گئی۔ کہتے ہیں کہ ۱۸۷۱ء میں چیف جسٹس نارمن پر قاتلانہ حملہ ہوا تھا تو لارڈ میو کو بھی خبر دار کر دیا گیا تھا اور حفاظت کے بڑے انتظامات کر لئے گئے تھے، لیکن خود لارڈ میو مسکراتے ہوئے کہتے کہ مارنے والے کو یہ انتظامات روک نہ سکیں گے۔ (۱)

اس واقعے کی وجہ سے مجاہدین کو مزید دس سال قید میں بسر کرنے پڑے۔

(۱) یہ حالات مولوی محمد جعفر کی "تاریخ عجیب" سے ماخوذ ہیں (ص ۶۵-۸۲) جو اس واقعے کے عینی شاہد تھے۔ مولوی صاحب نے بعض خوفناک بے انصافیوں کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ مثلاً وہ لکھتے ہیں کہ جھنڈا شاہ نام ایک سر بھنگی فقیر ۲۱ر دسمبر ۱۸۵۸ء کو ضلع رائے بریلی سے بہ جرم ترغیب بغاوت چودہ برس کی سزا پا کر انڈمان آیا تھا اور اسے ۲۱ر دسمبر کو رہا ہو جانا چاہیے تھا لیکن "تاریخ عجیب" کی ترتیب تک وہ رہا نہ ہوا تھا۔ لارڈ میو کو مسلمانوں کا دشمن غالباً اس لئے کہا کہ اس کے عہد میں مسلمانوں خصوصاً "وہابی" مسلمانوں پر بہت سختیاں ہوئی تھیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیرہواں باب:

نظامِ عمل اور اصطلاحات

غلط فہمی اور غلط بیانی

دعوت وتبلیغ کے متعلق کچھ تفصیلات گزشتہ ابواب میں پیش کی جا چکی ہیں، انھیں دوہرانے کی ضرورت نہیں۔ یہ بھی بتایا جا چکا ہے کہ روپیہ کن کن ذریعوں سے اور کس کس طریق پر جمع کیا جاتا تھا۔ یہاں سب سے پہلے ایک غلط فہمی کا ازالہ کر دینا چاہیے، جس میں بعض اصحاب نیک نیتی سے مبتلا ہوئے۔ اس کا سرچشمہ ڈاکٹر ہنٹر جیسے متعصب، حق ناشناس اور خدا ناترس انگریزوں کی مسلسل ومتواتر غلط بیانیاں تھیں، یعنی سمجھ لیا گیا تھا کہ جماعت مجاہدین کے داعی عوام کو رات دن جہاد بالسیف کی تلقین کرتے رہتے ہیں۔ جہاں جاتے ہیں ان کا خاص مشغلہ یہی ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو بہ لطائف الحیل عساکر مجاہدین میں بھرتی کر کے سرحد پہنچا دیں، جہاں سے مراجعت بوجوہ بہت دشوار تھی۔ مقدمہ انبالہ کے بعض گواہوں نے اپنے بیانات میں یہ بھی کہا کہ وہ سرحد سے واپس آنے کے آرزو مند تھے، لیکن نگرانی ایسی سخت وشدید ہوتی تھی کہ دیر تک واپسی کی کوئی صورت نہ بنی۔

حقیقت حال پر نظر رکھی جائے تو داعیوں کا اصل کام یہ تھا کہ مسلمانوں کو دین حقہ کے پابند بنائیں۔ انکی زندگیاں شریعت کے سانچے میں ڈھالنے کیلئے ضروری معلومات بہم پہنچاتے رہیں اور جو جو عقیدے یا اعمال یا رسمیں خلاف اصولِ اسلام ہوں، انھیں ترک کرا دیں۔ البتہ وہ یہ بھی بتاتے تھے کہ جہاد اسی طرح ایک اہم اسلامی حکم ہے جس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

طرح نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج یا دوسرے اسلامی احکام ہیں۔ یہ بھی ضرور بتاتے ہوں گے کہ غیر مسلموں کے تسلط سے ہندوستان دارالحرب بن چکا ہے، اس لئے کہ اس میں اسلامی واجبات واحکام کی تعمیل آزادانہ نہیں ہوسکتی۔ بعض احکام کی بجا آوری سے یقیناً تعرض نہیں کیا جاتا، تاہم یہ برائے نام آزادی مسلمانوں کی قوت وطاقت اور حکم واختیار کا نتیجہ نہیں بلکہ حاکموں کی مصلحت شناسی اور اجازت بخشی کا نتیجہ ہے۔ حاکم جس وقت چاہیں، اسے ختم کرسکتے ہیں۔

حوصلہ سوز تغیر

گویا وہ لوگ اسلامیت کے چند تقاضوں نہیں بلکہ تمام تقاضوں کو پورا کرانے کے لئے کوشاں تھے۔ ان میں سے ایک ضروری تقاضا جہاد کا بھی تھا۔ ہنٹر وغیرہ نے اسی کو مرجع ومحور ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ صورتِ حال کے متعلق عوام کے خاصے بڑے طبقے میں غلط فہمی پیدا ہوگئی، پھر مختلف لوگ اٹھے اور انھوں نے اپنے اپنے اسلوبِ فکر کے مطابق جہاد کی قدر وقیمت گھٹانے یا ہندوستان کو اس کے دائرۂ عمل سے نکالنے کی کوششیں شروع کردیں۔ جو حضرات جہاد کے معتقد تھے، انھوں نے ایک عجیب محتاط راستہ اختیار کیا یعنی امامِ جہاد کے شرائط پر حد درجہ زور دیا اور بالآخر صاف کہہ دیا کہ آج نہ جامع الشروط امام مل سکتا ہے اور نہ جہاد کا سوال زیرِ غور آسکتا ہے۔

اس طرح سید صاحب کی جماعت کے داعیوں اور کارکنوں کی جانبازانہ کوششوں کے ایمان افروز نتائج مٹا دیے گئے، جن کیلئے انھوں نے دنیوی زندگی کی تمام راحتیں، اطمینان ودلجمعی کے تمام سامان اور فارغ البالی کے تمام وسائل بے دریغ قربان کیے تھے۔ جن زہرہ گداز مشکلات میں یہ کارنامہ انجام پایا تھا، ان کا تصوّر بھی ہمارے عہد کے دعویدارانِ دعوت شاید ہی کرسکیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مخالفانہ مساعی کا دائرہ اتنا وسیع ہو گیا کہ اس کا حصر مشکل ہے، مثلاً کہیں اختلاف عقائد کا فتنہ اٹھایا گیا، کہیں سیّد صاحب کی جماعت کے کارکنوں کا رشتہ اہل نجد سے جوڑا گیا اور اہل نجد کے متعلق غلط بیانیوں کے جو طومار قرنوں میں تیار کیے جا چکے تھے، ان سب کو سید صاحب کی جماعت کے سر پر پٹک دیا گیا۔ کہیں اسبابِ جہاد میں موشگافیاں کرتے کرتے معاملہ اس منزل پر پہنچا دیا گیا کہ اس حکم کے وجود اور عدم میں کوئی فرق نہ رہا۔ آخر میں بعض لوگوں نے جہاد کی حیثیت ہی منقلب کر دی۔

یہ نہ بھولیے کہ ان تمام مختلف الاشکال مساعی کو حکومتِ انگلشیہ کی خاص سرپرستی حاصل رہی۔ اکثر مسلمانوں کو فریضۂ جہاد سے بچ نکلنے کی سہل اور بے مشقت راہیں مل گئیں تو وہ ان راہوں پر چل نکلے۔ اس طرح اصل مقصد ہی کا انھیں کوئی احساس نہ رہا۔ اسلامی فکر و نظر میں یہ خوفناک تغیر بڑا ہی حوصلہ سوز اور ہمت فرسا تھا۔ اگر یہ فتنے نہ اٹھتے یا نہ اٹھائے جاتے تو یقیناً سید صاحب کی جماعت کے داعیوں کی کوششیں مسلمانوں کو قرنوں پہلے آزادی کی منزلِ مقصود پر پہنچا دیتیں اور ہماری بیداری کی تاریخ جنگِ طرابلس سے کم و بیش سوا سو سال پیشتر شروع ہوتی۔

ایک مثال

ہنٹر نے اپنی کتاب میں ایک واقعہ لکھا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بوڑھا آدمی سرکٹ ہاؤس میں پیپل کے نیچے بیٹھا ہوا لوگوں کو وعظ سنا رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ محرم کا مہینہ قریب آ رہا ہے، تم لوگ اس موقعے پر نئے کپڑے پہنو گے، حالانکہ اس قسم کی تمام باتیں خدا اور اس کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک نادرست ہیں۔

اس بوڑھے واعظ کی سواری کا ایک یابو تھا، جسے چرنے کیلئے چھوڑ دیا گیا تھا اور اس کے پاؤں میں گھاس کا رسّا بندھا ہوا، دو اس کے ساتھی تھے۔ وعظ کے بعد اس نے تھوڑی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دیر آرام کیا۔ پھر وہ اپنے ساتھیوں کو لے کر دوسری جگہ چلا گیا۔

وعظ سننے کے بعد سامعین نے مختلف رائیں ظاہر کیں۔ ایک بولا: یہ شخص ہمارے باپ دادا کی قبروں پر چراغ جلانے سے روکتا ہے۔ دوسرے نے کہا: یہ ہماری لڑکیوں کی شادیوں پر باجے گاجے اور ناچ رنگ کا مخالف ہے۔ تیسرے نے یہ رائے ظاہر کی کہ یہ شخص قرآن مجید سے واقف ہے اور کتاب پاک نے ہمیں یہی حکم دیا ہے کہ صرف خدا کی عبادت کی جائے۔ چوتھا اٹھا اور بے تکلف گویا ہوا: بھائیو! یہ تو ''وہابی'' ہے۔

اگر ہم رنگ آمیزیوں سے قطع نظر کر لیں تو اس واقعہ سے کیا ثابت ہوتا ہے؟ یہ کہ ایک مسکین واعظ نے مسلمانوں کو بری رسموں اور غیر شرعی مشغلوں سے باز رکھنے کی کوشش کی، نہ کسی سے کچھ مانگا، نہ لیا۔ اسی طرح وہ جا بجا وعظ کہتا پھرتا تھا۔

یہی بے غرضانہ دعوت و تبلیغ تھی، جسے ہنٹر جیسے لوگوں نے سالہا سال تک ہوّا بنائے رکھا۔ لطف یہ کہ نہ اسلام کے متعلق صحیح معلومات پیش نظر نہ تھیں، نہ یہ پتہ تھا کہ وہابیت کیا شئے ہے، بلکہ سید صاحب کی جماعت کے لوگوں کو ''وہابی'' قرار دینا ہی جہالت کی ایک بدترین مثال تھی، لیکن ہمارا مقصد غلط بیانیوں کی تردید نہیں بلکہ ہم جماعت کے نظامِ دعوت کی مختصر سی کیفیت پیش کرنا چاہتے ہیں۔

نظامِ دعوت

ہمارے سامنے نظامِ دعوت کا کوئی مرتب مرقع موجود نہیں، البتہ مختلف کارکنوں کی سرگرمیوں کے سلسلے میں جا بجا جو کچھ بیان ہوا، اسے سامنے رکھ کر ایک معقول اور زیادہ سے زیادہ قرین صحت خاکہ تیار کیا جا سکتا ہے مثلاً:

۱۔ مختلف اضلاع میں دعوت و تبلیغ کے مرکز قائم تھے۔ ہر ضلع کو سہولت کار کے لحاظ سے مختلف ٹکڑوں میں بانٹ کر جا بجا ماتحت مراکز بنا دیے گئے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۲- گاؤں سب سے چھوٹا پونٹ تھا اور شاید ہی کوئی گاؤں ہو جہاں مرکز نہ بنا دیا گیا ہو۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ بڑے بڑے دیہات میں تحصیل اموال کی غرض سے دو دو مرکز قائم کر دیے گئے تھے۔

۳- دعوتِ اصلاح اور فراہمیٔ سرمایہ کے علاوہ ہر مرکز کے ذمے ایک ضروری کام یہ تھا کہ اپنے حلقے کے تمام مقدمات کا منصفانہ فیصلہ کرے تاکہ جماعت کے کسی آدمی کو سرکاری کچہریوں میں جانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ اس انتظام کے بدیہی فوائد کا اندازہ فرمایئے:

ا۔ غیر مسلم حکومت قائم ہو جانے کے باوجود مسلمانوں کے لئے اسلامی اصول اور قوانین کے مطابق فیصلے کرا لینے کا نظام مہیا کر دیا گیا۔

ب۔ غیر اسلامی قانون کی براہِ راست تابعیت اور اس کے ضمن میں حصولِ مقاصد کے غیر اسلامی وسائل اختیار کی ضرورت جماعت کے کسی آدمی کو پیش نہ آسکتی تھی۔ اس طرح قلب میں اسلامی اقدار کی عزت و عظمت برقرار رہتی تھی۔

ج۔ افرادِ ملت زندگی کے عام کاروبار میں صرف اپنوں ہی سے وابستہ رہتے تھے۔ غیروں سے وابستگی یا ان پر انحصار کا کوئی امکان پیدا نہ ہو سکتا تھا۔

۴- نظامِ جماعت کے استحکام اور مقدموں کے فیصلوں کے لئے مساجد کی آبادی ضروری تھی۔ چنانچہ تمام دیہات میں مسجدوں کی آبادی کا خاص اہتمام کیا جاتا اور ان میں ایسے امام رکھے جاتے جو دعوت و تبلیغ کے فرائض بھی بوجہ احسن انجام دے سکتے اور فصلِ خصومات کے گراں قدر وظائف سے بھی عہدہ برآ ہو سکتے۔

۵- چھوٹی چھوٹی تبلیغی کتابیں یا اصلاحی رسالے بکثرت لکھے اور شائع کیے گئے۔ اس سلسلے میں شاہ اسمٰعیل شہید کی ''تقویت الایمان'' یا اس کا ضمیمہ ''تذکیر الاخوان'' کے علاوہ سید اولاد حسن قنوجی، مولوی خرم علی بلہوری، مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اور بیسیوں دوسرے بزرگوں کے چھوٹے چھوٹے رسالے بہ طورِ خاص قابل ذکر ہیں۔ اکثر رسالوں اور کتابوں کی زبان اتنی سہل ہوتی کہ معمولی اردو خواں بھی ان سے مستفید ہو سکتے۔ بعض اصحاب نے ضروری مسائل کو نظم کر دیا تھا، جسے یاد کر لینا بہت آسان تھا۔ جا بجا چھاپے خانے قائم کر دیے گئے تھے جن میں اس قسم کی کتابیں متواتر چھاپی جاتیں اور دو دو چار چار پیسے میں مل جاتیں۔ دینی خدمات کے علاوہ ان کے ذریعے سے اردو زبان کی جو خدمت انجام پائی وہ کسی تشریح کی محتاج نہیں۔

''قافلہ''

مولانا ولایت علی اور ان کے اخوان واعزہ کی برکت سے عظیم آباد دعوت وتبلیغ اور فراہمی مجاہدین وسرمایہ کا سب سے بڑا مرکز بن گیا تھا۔ اس لئے وہاں داعیوں اور مجاہدوں کی آمد کا سلسلہ برابر جاری رہتا۔ بعض لوگ روپیہ لے کر آتے۔ بعض شائقین جہاد کی چھوٹی چھوٹی ٹولیاں لاتے، روپے اور مجاہدین کو بہ آرام وحفاظت سرحد پہنچایا جاتا۔ بعض لوگ دعوت وتبلیغ کی تربیت حاصل کرنے کے لئے آجاتے۔ اہل عظیم آباد نے اپنے مکانوں میں ایک وسیع مقام الگ کر دیا، جہاں مہمان بھی ٹھہرتے تھے، وعظ بھی ہوتے تھے اور درس کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ اس کا نام ہی ''قافلہ'' پڑ گیا تھا۔ (۱)

یہ قابل یادگار مرکز ۱۸۶۵ء تک قائم تھا۔ جب بزرگانِ عظیم آباد کی جائیدادیں ضبط ہوئیں تو ان کے مکانوں کے علاوہ ''قافلہ'' بھی منہدم کرا دیا گیا اور اس کی جگہ بلدیہ کی عمارتیں بن گئیں۔ اب کوئی شخص پہلی حالت کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اس عمارت کا ایک خاکہ مقدمہ انبالہ میں پیش ہوا تھا۔ میں اسے شائع کر رہا ہوں تاکہ موجودہ اور آئندہ نسلیں

(۱) معلوم نہ ہو سکا کہ اس کا نام ''قافلہ'' کیوں رکھا گیا۔ ایک وجہ تو یہ ذہن میں آتی ہے کہ یہ مقام چونکہ مجاہدین کے قافلوں کے لئے وقف تھا اس لئے اسے قافلہ کہنے لگے، ممکن ہے یہ وجہ بھی ہو کہ سید صاحب کے اہل وعیال اور ساتھی سرحد سے ٹونک پہنچے تھے تو جو جگہ ان کے قیام کے لئے تجویز ہوئی تھی اسے ''قافلہ'' ہی کہتے تھے۔ اغلب ہے کہ اہل عظیم آباد نے وہی نام پسند کر لیا ہو۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس مقام کو نہ بھولیں جس کی فضا کم وبیش تیس سال تک ذکرِ حق اور دعوتِ دین کی صداؤں سے معمور رہی۔

اصطلاحات

ان بزرگوں نے مصالح اخفا کے پیشِ نظر مختلف افراد وامکنہ اور اشیاء کے مخصوص نام یا مصطلحات مقرر کر لئے تھے، جنھیں جماعت کے خاص کارکنوں کے سوا کوئی نہ سمجھتا تھا۔ خط وکتابت میں عموماً یہی اصطلاحی نام استعمال کیے جاتے تھے۔

مقدمہ انبالہ میں جو گواہ پیش ہوئے، ان میں سے بعض کی شہادتیں مصطلحہ اسماء ہی کی توضیح پر مشتمل تھیں۔ اس توضیح کے بغیر ان تحریرات ومکاتیب کی حقیقی حیثیت آشکارانہ ہوسکتی تھی، جو تلاشیوں کے دوران میں مختلف اصحاب کے مکانوں سے برآمد ہوئے تھے۔ پیش کردہ الزامات کو ثابت کرنے کے لئے مصطلحات کی توضیح بھی ضروری تھی۔

میرا خیال ہے کہ تمام گواہ ان اصطلاحات سے براہِ راست واقف نہ ہو سکتے تھے۔ پولیس کو کہیں سے کچھ سراغ مل گیا تو اس کے مطابق گواہوں سے شہادتیں دلا دی گئیں۔ مولانا مسعود عالم مرحوم نے لکھا ہے کہ راون شا نے اپنی رپورٹ میں اصطلاحات کی فرہنگ درج کر دی تھی۔(۱)

میں نے مختلف اصحاب کے موسومہ مکاتیب کا مطالعہ دقتِ نظر سے کیا تو یہ حقیقت بروئے کار آئی کہ اصطلاحات میں مکتوب الیہ کے پیشے کا خاص لحاظ رکھا جاتا تھا۔ مثلاً دہلی کے تاجرانِ جفت کو جو خط بھیجے جاتے تھے، ان میں عموماً جوتوں کا ذکر ہوتا تھا، لیکن قرینہ پیشِ نظر رکھتے ہوئے کبھی ان سے مجاہدین مراد ہوتے تھے اور کبھی روپے۔ اسی طرح جب کسی کتب فروش کے ذریعہ سے ہنڈی بھیجی جاتی تھی تو ''روپوں'' کے لئے ''کتابوں'' کی اصطلاح استعمال کی جاتی تھی۔

(۱) ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک ص:۱۲۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسمائے رجال

سب سے پہلے مختلف کارفرماؤں اور کارکنوں کے فرضی یا مصطلحہ اسماء کی فہرست درج کی جاتی ہے:

اصل نام	مصطلحہ نام
مولانا یحییٰ علی عظیم آبادی	محی الدین
مولانا فیاض علی عظیم آبادی	بصیر الدین (۱)
مولانا عبداللہ (امیر المجاہدین)	بابو صاحب
محمد شفیع ٹھیکیدار	شفاعت علی
مولانا عبدالرحیم عظیم آبادی	رحیم بیگ
مولوی محمد جعفر تھانیسری	پیر وخاں
عبدالقادر	غلام قادر
مولانا احمداللہ عظیم آبادی	احمد علی (۲)
محمد احسان	روح اللہ
معظم سردار	عبداللہ
قاضی میاں جان	محمد شاکر، عبدالرحمٰن، عبداللہ خاں
عبدالغفور	عبدالغنی

بعض لوگوں نے سرحد سے واپس آکر نام بدل لیے تھے مثلاً محمد عیسیٰ (ابن مولانا یحییٰ علی) نے یہاں آکر اپنا نام امجد علی رکھا اور عبدالقدیر (ابن مولانا احمداللہ) نے اشرف علی۔

بعض عہدوں کے ناموں کی بھی اصطلاحیں مقرر کر لی تھیں مثلاً:

---

(۱) مولانا مسعود عالم نے اس نام کو "بشیر الدین" قرار دیا، میں نے جہاں دیکھا "بصیر الدین" ہی دیکھا۔

(۲) مولانا احمداللہ کا یہ اصل نام تھا۔ سید صاحب نے بیعت کے بعد ان کا نام احمداللہ قرار دیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

منیب	امام
نائب	امیر

امکنہ واشیاء

اشیاء وامکنہ کے باب میں جو کچھ معلوم ہو سکا، اس کی کیفیت بھی ملاحظہ فرمالیجئے:


مصطلحہ نام	اصلی مقام یا شئے
قافلہ(۱)	رنگروٹوں کا جیش
بڑا گودام	مجاہدین کے سرحدی مرکز، ملکا یا ستھانہ
چھوٹا گودام	عظیم آباد (پٹنہ)
مقدمہ	جنگ
مختار	ذاتِ باری تعالیٰ
سفید پتھر، سفید دانے یا بلوری دانے	روپے اور ہنڈیاں
سنہری دانے، دہلی کے سنہری جوتے،	
سرخ پرندے	اشرفیاں

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے، اصطلاحات موقع اور حالات کے مطابق وضع کر لی جاتی تھیں۔ مثلاً محمد شفیع نے فوجوں کو گوشت مہیا کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا تھا اور وہ گائے بیل وغیرہ خرید تا رہتا تھا۔ جب اس کے خط میں مجاہدین کا ذکر کیا جاتا تھا تو ''سانڈ'' کی اصطلاح استعمال کی جاتی تھی۔ بعض تحریرات میں مجاہدین کو ''مسافر'' ''بیوپاری'' اور ''خدمت گار'' کہنے کا ذکر بھی آتا ہے۔

(۱) پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ یہ اس مکان کا بھی نام تھا جو اہل عظیم آباد نے جماعتی سرگرمیوں کیلئے وقف کر رکھا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برِصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگذشت



حصہ ششم

(جنگِ امبیلہ سے آخر تک)

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

مجاہدین پر قبائلیوں کی یورش

مجاہدین اور ساداتِ ستھانہ

جنگِ امبیلہ کے سلسلے میں بتایا جا چکا ہے کہ مجاہدین کیلئے خود اخوند صاحب سوات نے چغرزئیوں کے علاقے میں قیام کا انتظام کر دیا تھا اور زخمیوں کو بھی وہاں پہنچا دیا تھا۔ ساداتِ ستھانہ اس کے بعد بھی ہمیشہ مجاہدین کے ہمدرد اور خیر خواہ رہے۔ مجاہدین نے بھی ان سے حسن علائق کا سلسلہ برابر قائم رکھا، تاہم تیس پینتیس برس سے ان کے درمیان دائرۂ جہاد میں اشتراک وتعاون اور یکجائی و یک جہتی کی جو صورت چلی آ رہی تھی وہ جنگِ امبیلہ کے بعد قائم نہ رہی، اس لئے کہ قیام گاہیں الگ الگ ہو چکی تھیں اور بعدِ مکانی کا نتیجہ یہی ہو سکتا تھا کہ ان کی وقتی سرگرمیوں میں بھی پہلے کی سی یکجہتی باقی نہ رہی۔

سرحدی اکابر نے مصالحت کیلئے جو شرطیں انگریزوں سے طے کی تھیں بدلہٗ ان میں بھی یہ غرض مخفی تھی کہ مجاہدین اور ساداتِ ستھانہ ایک دوسرے سے بالکل الگ ہو جائیں اور ان کے درمیان مل جل کر رہنے یا ایک دوسرے کی مدد کیلئے بروئے کار آنے کا کوئی امکان نہ رہے۔ اس میں مجاہدین اور سادات دونوں کیلئے نقصان کے صریح پہلو موجود تھے۔ مجاہدین کو ہر نازک حالت میں سادات کے پاس قیام کیلئے جگہ مل سکتی تھی اور جو حالات ہم بیان کر چکے ہیں، ان سے صاف واضح ہے کہ سرحد آزاد کے جس طبقے نے نتائج وعواقب سے بالکل بے پروا ہو کر مجاہدین کو سینے سے لگائے رکھا اور اس عزیز تعلق کی پاسداری میں اپنا سب کچھ قربان کر دیا، وہ صرف ساداتِ ستھانہ تھے۔ جس جنگی قوت پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساداتِ ستھانہ ہر حال میں کامل اعتماد کر سکتے تھے، وہ مجاہدین کی قوت تھی۔ دونوں کی علیحدگی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مجاہدین کو ساداتِ ستھانہ جیسے معاون نہ مل سکے اور ساداتِ ستھانہ مجاہدین جیسے جانبازوں سے محروم ہو گئے۔ آئندہ دونوں کیلئے قدم قدم پر پریشانیاں پیدا ہوئیں اور ایک دوسرے کیلئے زیادہ سے زیادہ اخلاص و محبت کے باوجود باہم عملی امداد کی کوئی تدبیر نہ بن سکی۔ اغلب ہے کہ انگریزوں کو بھی معاہدے کے اس پہلو کا پورا اندازہ ہو۔

کرنل وائلی کا بیان

کرنل وائلی نے لکھا ہے کہ مجاہدین علاقہ چغرزئی کے علاقے میں کچھ دیر مقیم رہے جو علاقہ بونیر کی مشہور ندی برندو کے شمال میں واقع ہے، لیکن وہاں ان کیلئے امن و اطمینان کی صورت پیدا نہ ہو سکی، اس لئے کہ ان کے میزبان یعنی چغرزئی افغان اکثر اخراج کی دھمکیاں دیتے رہتے تھے:

> معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۶۸ء میں وہ (مجاہدین) علاقہ چغرزئی سے اٹھ کر باج کٹہ واقع بونیر میں منتقل ہو چکے تھے۔ یہیں اپریل ۱۸۶۸ء میں فیروز شاہ ان سے آملا جو دہلی کے آخری بادشاہ کا فرزند تھا۔ (۱)
>
> بونیر میں ہندستانی مجاہدین کی موجودگی اخوند صاحب کیلئے ناخوش گوار تھی، لہٰذا اس نے اپنے ہم مشربوں کو ترغیب دی کہ مجاہدین کو خارج کر دینے کا

(۱) شہزادہ فیروز شاہ ابوظفر بہادر شاہ کا فرزند نہ تھا، جیسا کہ وائلی نے لکھا ہے۔ بلکہ چچیرا بھائی تھا۔ یعنی یہ شاہ عالم ثانی کا پوتا اور شہزادہ ناظم بخت برادرِ اکبر شاہ ثانی کا فرزند تھا۔ ۱۸۵۶ء میں حج کے لئے چلا گیا تھا۔ اس کی واپسی کے وقت ''غدر'' شروع ہو چکا تھا۔ راستے ہی میں شہزادے نے ایک فوج کی کمان سنبھال لی اور دیر تک انگریزوں کے خلاف لڑتا رہا۔ جب انگریز ہندوستان پر دوبارہ مسلط ہو گئے تو شہزادہ آزاد علاقے میں چلا گیا۔ ۱۸۶۸ء میں مجاہدین کے پاس پہنچا۔ غالباً یہ خیال کر کے کہ اتنے تھوڑے آدمیوں سے انگریزوں کے خلاف مؤثر اقدام نہ کیا جا سکے گا، وہ چلا گیا۔ بعد کی زندگی کے متعلق دو روایتیں ہیں: ایک یہ کہ اس نے ترکستان میں سکونت اختیار کر لی اور وہیں فوت ہوا۔ دوسری یہ روایت ہے کہ مکہ معظمہ چلا گیا اور وہاں ۱۸۹۵ء میں وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فیصلہ کرلیں۔ اس فیصلے کا نتیجہ یہ نکلا کہ مجاہدین جن کی تعداد تقریباً سات سو تھی، عجلت سے ملکا چلے گئے، جہاں وہ اپنے پرانے مکان دوبارہ تعمیر کرنے لگے۔ ان میں سے بعض کو آگے چل کر بونیر میں آباد ہونے کی اجازت مل گئی لیکن اخوند صاحب کے خلاف سازشوں کا سلسلہ جاری رہنے کے باعث اخراج کا حکم دوبارہ نافذ کر دیا گیا اور انھیں شدید نقصان پہنچا کر جبراً ملک سے باہر نکال دیا گیا۔ چنانچہ انھوں نے پہلے چغرزئیوں کے پاس پناہ لی، پھر پلوسی چلے گئے۔ وہاں سے تاکوٹ منتقل ہو گئے۔ انجام کار حسن زئیوں کے علاقے میں پہنچے اور پلوسی کے قریب میدان میں کچھ زمین پٹے پر لے لی۔ وہاں وہ ۱۸۸۸ء تک رہے۔ (۱)

حقیقتِ حال

مجاہدین کے مراکز سے متعلق وائلی کا بیان فی الجملہ درست معلوم ہوتا ہے، لیکن بونیر سے اخراج کا معاملہ تھوڑی سی تفصیل کا محتاج ہے

اخوند صاحب صوات کیلئے مجاہدین سے کشمکش کی بظاہر کوئی وجہ موجود نہ تھی۔ صاحب موصوف کا اصل مرکز صوات تھا۔ بونیر کے بیشتر قبیلے انھیں مقدس بزرگ مانتے تھے۔ مجاہدین نے کوئی روحانی مسند قائم نہ کی تھی کہ اخوند صاحب سے رقابت کا سوال پیدا ہوتا، پھر یہ کیونکر تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ مجاہدین اخوند صاحب کے خلاف سازشیں کر رہے تھے؟

البتہ ملا صاحب کوٹھا عرف حضرت جی اور اخوند صاحب کے درمیان اک گونہ رنجش مدت سے چلی آتی تھی۔ چونکہ ملا صاحب بھی وقت کے عظیم القدر روحانی بزرگ تھے اور وہ بونیر وصوات کے مختلف علاقوں میں دورے کرتے رہتے تھے، اس لئے باہمی کشمکش کے ممکنات موجود تھے۔ ملا صاحب کا روحانی تعلق سید احمد شہید سے تھا۔ ہندوستان میں

(۱) ''وائلی کی کتاب'' ص: ۱۰۵-۱۰۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سیّد صاحب کے تمام نیازمندوں پر مقدمات کے سلسلے میں ''وہابیت'' کی تہمت لگ چکی تھی۔ اس کی صدائے بازگشت سرحد میں بھی پہنچی اور اخوند صاحب کے حلقۂ اثر میں ملا صاحب کے متعلق ایسی باتیں کہی جانے لگیں جن سے یہ ظاہر کرنا منظور تھا کہ ملا صاحب کوٹھا بھی ''وہابی'' ہیں۔

ملا صاحب جب دورے پر نکلتے تھے تو ہر گاؤں کے لوگ انھیں پالکی میں سوار کر کے عقیدت مندانہ خود اٹھاتے ہوئے اپنے ہاں لے جاتے تھے۔ انھیں اخوند صاحب کے حلقۂ اثر کی بات چیت اور الزامات کا علم ہوا تو دورہ کرتے ہوئے اخوند صاحب کی قیام گاہ سیدو شریف پہنچے اور موصوف سے کہا:

> آپ کی مجلس میں مجھ پر اعتقادی اور مذہبی تہمت اور الزام لگایا جاتا ہے۔ میں اس لئے آیا ہوں کہ آپ اپنے مرید علماء کو بلواویں اور میں ان کے روبرو الزامات کی تحقیق کیلئے اپنے آپ کو پیش کروں۔ اگر مجھ پر شرعی الزام ثابت ہو تو سزا دی جائے یا توبہ قبول کی جائے۔ اگر کوئی الزام ثابت نہ ہو تو بدگوئی اور اتہامات کا سلسلہ بند کر دیا جائے۔ (۱)

اخوند صاحب نے جواب دیا کہ نہ مجھے کسی بدعقیدگی کا شبہ ہے، نہ مجھے اتنا علم ہے کہ آپ سے بحث و مذاکرہ کروں۔ نہ بحث و مذاکرہ پسند ہے، نہ یہ زیبا ہے کہ میری مجلس میں آپ کے خلاف اعتراضات والزامات معرضِ بحث میں آئیں۔ جو لوگ ایسی باتیں کہتے ہیں، مجھے ان سے کوئی سروکار نہیں۔ (۲)

فتنے کا آغاز

سید عبدالجبار شاہ نے حکمرانیٔ سوات کے زمانے میں اس واقعے کی پوری چھان بین

(۱) ''کتاب العمرۃ'' مصنفہ سیّد عبدالجبار شاہ (قلمی نسخہ) ص: ۴۲۳

(۲) ''کتاب العمرۃ'' مصنفہ سیّد عبدالجبار شاہ (قلمی نسخہ) ص: ۴۲۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کی تھی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ملا صاحب عرف حضرت جی کے خلاف فتنۂ مخالفت اٹھانے کا اصل ذمہ دار علاقہ نکپی خیل کے ایک گاؤں دردیال کا معمر قاضی تھا، جس کی عمر ڈیڑھ سو سال کی ہو چکی تھی اور سید عبدالجبار شاہ نے خود پوری کیفیت اس کی زبان سے سنی۔

قاضی مذکور نے بتایا کہ میں اخوند صاحب کا مرید تھا، لیکن سوات اور سمنہ کے اکثر لوگ ملا صاحب کے ارادت مند تھے۔ یہ صورت حال مجھے بڑی ناخوشگوار معلوم ہوتی تھی۔ میں نے ایک روز اخوند صاحب سے کہا کہ صوات، سمنہ، ہشت نگر اور پشاور کے علماء کا استاد میں ہوں، جو آپ کا مرید ہو چکا ہوں۔ میرے لئے اپنے وطن میں کسی اور کی پیروی برداشت کرنا ممکن نہیں اور ایسی تدبیروں سے کام لے سکتا ہوں کہ ملا صاحب کوٹھا بدنام ہو جائیں۔ اخوند صاحب پہلے تو اس پر راضی نہ ہوئے۔ جب میں نے اصرار کیا اور انھیں بھی ایک طرح کا الٹی میٹم دیدیا تو مان گئے۔ چنانچہ میں نے ملا صاحب کے خلاف ''وہابیت'' کا فتنہ اٹھایا۔ دو ہزار عالموں کو لے کر کوٹھا کا رخ کیا۔ عالموں کو باجا بام خیل میں بٹھا دیا جو کوٹھا سے قریب ہے۔ اپنے شاگردوں کا ایک وفد ملا صاحب کے پاس بھیج دیا۔ انھوں نے کچھ سوال کیے، جن کے جوابات کو بگاڑ کر میں نے علماء کے سامنے پیش کیا اور ملا صاحب کی وہابیت کا فتویٰ لے کر سب جگہ نقارہ بجوا دیا۔ (۱)

اس افترا کی اصل بنیاد یہ تھی کہ ملا صاحب سید احمد شہید کے مرید تھے۔ سید صاحب، شاہ اسمٰعیل اور ان کے رفیقوں کے خلاف ''وہابیت'' کا فتویٰ ہندوستان کے بعض علماء صادر کر چکے تھے۔

ملا صاحب پر یورش

غالباً ۱۲۸۲ھ (۶۶-۱۸۶۵ء) کا واقعہ ہے کہ ملا صاحب معمول کے مطابق بونیر

(۱) کتاب العمرۃ (قلمی نسخہ) ص: ۴۲۶-۴۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گئے ہوئے تھے۔ وہاں کے دولت زئیوں میں سے باری خیل فرقہ ان کا بہت معتقد تھا۔ اخوند صاحب کے ارادت مندوں نے اس وقت تک ملا صاحب کے خلاف ''وہابیت'' کی آگ اس شدت سے مشتعل کر دی تھی کہ صوات و بونیر کے لشکر جمع ہو کر ان کے اخراج کیلئے جا پہنچے۔ یہاں تک کہ ملا صاحب کے ساتھ باری خیل فرقے کو بھی جلاوطنی کی سزا دے دی گئی۔ ملا صاحب بونیر سے اٹھے اور چملہ سے گذرتے ہوئے موضع چروڑی چلے گئے جو امازئیوں کا مشہور مقام تھا۔ مخالف لشکروں نے تعاقب کرتے ہوئے چروڑی کا محاصرہ کر لیا اور ملاؤں نے امازئیوں کے خلاف بھی 'وہابیت'' کی تہمت تراش کر جہاد کا فتویٰ دے دیا۔

اہل حق کی بے بسی اور عزیمت

امازئی تعداد میں بہت کم تھے اور تنہا پورے بونیر وصوات کا مقابلہ نہ کر سکتے تھے، لیکن ان کی افغانی غیرت یہ ننگ بھی گوارا کرنے کیلئے تیار نہ تھی کہ اپنے معزز اور مقدس مہمان کو مخالفوں کے حوالے کر دیں یا کسی دباؤ کے ماتحت اپنے گھروں سے نکال دیں۔ موزہ خاں رئیس چروڑی اور جبار خاں نے خود ملا صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر صاف صاف عرض کر دیا کہ نہ مقابلے کی طاقت ہے، نہ کسی تدبیر سے آپ کو محفوظ طریقے پر باہر نکال سکتے ہیں۔ ملا صاحب نے فرمایا کہ دعاء کیلئے ہاتھ اٹھاؤ۔ دیر تک دعاء میں مشغول رہے۔ پھر فرمایا کہ اگر بارہ غیور افراد اخلاص سے جانی قربانی پر آمادہ ہو جائیں تو یہ موروملخ کا سا لشکر شکست کھا جائے گا۔ یہ سنتے ہی سادات منگل تھانہ میں سے سید جبار اور ان کے بھائی نے سب سے پہلے اپنے آپ کو قربانی کیلئے پیش کر دیا۔ تھوڑی دیر میں نو مزید غیور افراد سامنے آ گئے، لیکن بارہ کا عدد پورا نہ ہوا۔ یہ گیارہ جانباز باہر نکلے تو چار سو کے قریب امازئی جوان ان کے ساتھ ہو گئے۔ اس روز سے حملہ کیا کہ صوات و بونیر کا لشکر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شکست کھا کر بھاگا۔ امازئیوں نے میلوں اس کا تعاقب کیا اور ملا صاحب بہ اطمینان چروڑی سے اٹھ کر کوٹھا پہنچ گئے۔ (۱)

مجاہدین کے خلاف اقدام

جب سیّد صاحب سے انتساب کی بناء پر ملا صاحب کے خلاف ''وہابیت'' کا الزام لگ چکا تھا تو مجاہدین اس سے کیونکر محفوظ رہ سکتے تھے، درآں حالیکہ وہ براہِ راست سیّد صاحب کی جماعت سمجھے جاتے تھے اور ان کی دینی تحریک کی تاسیس ہی سیّد صاحب نے فرمائی تھی؟ چنانچہ چروڑی کے محاصرے سے پہلے یا اس کے بعد مجاہدین کو بھی نکال دینے کا فیصلہ کر لیا گیا اور بہت بڑا لشکر اُن کے خلاف حرکت میں آیا۔ بتایا جا چکا ہے کہ وہ گلونو بوڑی (علاقہ چغرزئی) میں رہتے تھے۔ اس گاؤں سے تھوڑی دور باہر ایک گلی یا تنگنائے دو پہاڑوں کے درمیان تھی جس سے گذر کر گلونو بوڑی جاتے تھے۔ اس کا نام گلی بدہال تھا۔ امیر المجاہدین مولانا عبداللہ کو مخالفانہ اقدام کا علم ہوا تو انھوں نے ایک جمعدار کو پچاس مجاہدین کے ساتھ گلی بدہال میں بٹھا دیا، اس لئے کہ حملہ آوروں کی آمد کا وہی راستہ تھا۔ ان مجاہدین نے حفاظتی مورچے قائم کر لئے۔ مخالفین گلی کے قریب پہنچے تو جمعدار نے انھیں روکا۔ مخالفین نے تلواریں نکال لیں۔ یہ دیکھتے ہی مجاہدین نے قرابینوں سے گرابیں ماریں اور کشتوں کے پشتے لگا دیے۔ تمام مجاہدین گلی ہی میں شہید ہو گئے، لیکن مخالفین کو اتنا نقصان پہنچ چکا تھا کہ انھیں قدم آگے بڑھانے کی ہمت نہ پڑی۔ (۱)

سیّد عبدالجبار شاہ کا بیان

سیّد عبدالجبار شاہ ستھانوی کتاب العبرت میں اس خوفناک جنگ کا ذکر فرماتے

(۱) ''کتاب العبرت'' ص: ۴۲۵۔ جہاں بونیر و صوات کا لشکر نہ پہنچ سکتا تھا اس لئے کہ کوٹھا انگریز کی علاقے میں تھا۔
(۱) ''کتاب العبرت'' ص: ۴۲۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوئے لکھتے ہیں، سرحدی علماء نے جب دیکھا کہ چند کالے کالے دبلے پتلے ہندوستانی راستہ روکے بیٹھے ہیں تو ایک دم ان کی غیرت جوش میں آ گئی:

عوام کو حکم دے دیا کہ ''اللہ اکبر'' کہہ کر ان بے دینوں کو مارو۔ یہ تم کو مجاہدین کے گھر لوٹنے سے روک رہے ہیں، حالانکہ وہ (مجاہدین) کیمیا گر ہیں۔ ان کے گھر سونے چاندی سے بھرے پڑے ہیں۔ بس پھر کیا تھا ایک دم صواتی اور ان کے طرفدار بونیری ہمارے مجاہدوں پر ٹوٹ پڑے وہ سچے مومن تھے۔ سب قرابین کے ہتھیار سے مسلح تھے۔ جمعدار نے حکم دیا اور مجاہدین پینترے بدل بدل کر اور قرابین میں چالیس پچاس گولیاں ڈال کر لشکر کے ہجوم کو اڑانے لگے۔ پانچ چھ سو لشکری ڈھیر ہو گئے۔ ملکی لشکروں نے چاروں طرف سے ہجوم کر کے بھی مار کھائی۔ پھر دور سے توڑے دار بندوقوں سے پچاس نفوس کو شہید کر کے راستہ آزاد کرا لیا۔ مگر پھر کون ان بہادروں کا سونا چاندی لوٹنے جاتا۔ سب نے پوچھا کہ آگے ایسے جانباز کتنے ہیں؟ لوگوں نے کہا ہزار بارہ سو نفری ان کی ہے۔ بس یہ سنتے ہی سب واپس ہو گئے۔ (۱)

ذمہ داری کا مسئلہ

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حضرت جی صاحب یعنی ملا صاحب کوٹھا اور جماعت مجاہدین کے خلاف ہنگامہ بپا کرنے کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ سید عبدالجبار شاہ نے ذاتی تحقیقات کی بنا جو کچھ لکھا ہے، اس سے واضح ہے کہ اس فتنے کا اصل بانی قاضی دردیال تھا۔ اسی لئے حضرت اخوند صاحب کے انکار کے باوجود مخالفت کی آگ سلگائی اور اسے ہوا دینے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ حضرت اخوند صاحب قاضی کی باتوں سے متاثر نہ ہوتے تو یہ معاملہ نازک صورت اختیار نہ کرتا، یہ بھی

(۱) کتاب العمرت ص:۴۲۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ممکن ہے کہ قاضی نے حضرت اخوند کے سامنے اس مسئلے کو زیادہ سے زیادہ بڑی صورت میں پیش کر کے حسبِ منشا کارروائی کی گنجائش پیدا کر لی ہو۔ یعنی واقعی یقین دلایا ہو کہ ملا صاحب اور مجاہدین کا عقیدہ خلافِ شریعت ہے۔ ہندوستان میں بیسیوں علماء نیک نیتی سے یہی سمجھتے رہے۔ البتہ ظاہر ہے کہ ان کی رائے غلط تھی اور اس سے جو نتیجے نکلے وہ حد درجہ الم خیز اور غم انگیز تھے۔

ضروری تصریحات

یہاں یہ حقیقت بھی واضح کر دینی چاہئے کہ گلی بدہال اور گلونو بوڑی بہت قریب ہیں ان کے نزدیک ہی ٹبارا ہے۔ اس وجہ سے بعض اوقات گلونو بوڑی کی اقامت کو ٹبارا کی اقامت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ چنانچہ میں نے جب مولانا رحمت اللہ مرحوم امیر المجاہدین سے پرانے واقعات کے متعلق بات چیت کی تھی تو وہ گلونو بوڑی کے قیام کو ٹبارا ہی کا قیام قرار دیتے تھے۔ میرے استفسار پر انھوں نے گلونو بوڑی، بدہال اور ٹبارا کی جغرافیائی حیثیت واضح فرمائی۔ گلی بدہال کی لڑائی کو پالنگ کی لڑائی بھی کہا جاتا ہے، اس لئے کہ پالنگ بھی یہاں سے بالکل قریب ہے۔ امیر رحمت اللہ نے فرمایا: مخالفین کا لشکر اتنا زیادہ تھا کہ ڈگر سے میدانِ جنگ تک آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے۔ بایں ہمہ جماعت مجاہدین میں سے پچاس جانبازوں نے اس ٹڈی دل پر ایسی ہیبت طاری کر دی کہ پھر اسے آگے بڑھنے کا حوصلہ نہ ہوا۔

مجاہدین کا نقلِ مکان

اس واقعے کے بعد مجاہدین نے گلونو بوڑی کی سکونت ترک کر دی اور وہ پلوسی چلے گئے۔ ظاہر ہے کہ ملکا میں ان کی مدتِ قیام سات سال بنتی ہے (۱۸۵۸ء-۱۸۶۴ء)۔ ایک روایت کے مطابق تین سال انھوں نے گلونو بوڑی میں گزارے۔ (۱۸۶۴ء-۱۸۶۶ء)۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سیّد عبدالجبار شاہ فرماتے ہیں:

وہ لوگ گلونو بوڑی سے بونیر والوں کے حملے کے بعد نکل کر علاقہ چغرزئی میں بہ مقام ڈب سر چلے گئے۔ وہاں سے بھی کسی حادثہ ناموافقت کی وجہ سے حسن زئی قبیلے میں آ گئے اور لمبا عرصہ یہاں ان کا قیام قلعہ پلوسی میں ۱۸۸۸ء تک رہا۔(۱)

ڈب سر کابل گرام کے پاس ہے۔ امیر رحمت اللہ فرماتے تھے کہ یہاں مجاہدین نے جو قلعہ بنایا تھا اس کے کونوں پر برج تھے۔

(۱) "کتاب العمرت" قلمی نسخہ ص:۴۲۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ضمیمہ

اس سلسلے میں ایک چیز باقی رہ گئی۔ یعنی مولانا غلام رسول مرحوم عرف مولانا عبداللہ (قلعہ میہاں سنگھ والے) نے حضرت اخوند صاحب صوات اور حضرت ملاّ سید امیر صاحب کوٹھا دونوں کو دیکھا تھا اور دونوں کی صحبت میں وقت گزارا تھا۔ دونوں بزرگوں کے متعلق ان کے بیانات ذیل میں درج ہیں۔

واضح رہے کہ مولانا غلام رسول مرحوم خود وقت کے بہت بڑے عالم، مصلح اور ولی اللہ تھے اور ان کے بیانات خاص توجہ کے مستحق ہیں:

۱۔ حضرت اخوند صاحب صوات:

۱۔ مولانائے محترم جس زمانے میں کسب فیض کے لئے اہل اللہ کے جویاں تھے، اس زمانے میں کسی سے حضرت اخوند صاحب کی تعریف سنی، فوراً صوات روانہ ہو گئے:

> اخوند صاحب سے ملاقی ہوئے، آپ فرماتے کہ اخوند صاحب بڑے زاہد، عابد، متقی ہیں، لیکن سنت سے ناواقف۔ (۱)

۲۔ مولانا سید عبداللہ غزنوی مرحوم کو کتاب وسنت کی پیروی کی بناء پر افغانستان کے حق ناشناس ملاّؤں کے شور وشغب کے باعث وطن سے نکلنا پڑا تو صوات میں آ گئے تھے۔ مولانا غلام رسول لکھتے ہیں:

> آپ شہر سے نکال دیے گئے۔ بلوائے عام آپ کے سر پر ہو گیا اور ملک سوات (صوات) میں آ کر اقامت اختیار کی۔ اخوند عبدالغفور صاحب جو زہد وریاضت میں ممتاز تھے اور مجددیہ قادریہ کے طریق اور صوم الدہر کے ساتھ دم بھرنے والے، پہلے تو نہایت عمدہ مروّت کے ساتھ پیش آئے اور دلدہی

(۱) سوانح حیات (سوانح مولانا غلام رسول) ص: ۳۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ودلداری کی۔ آخر الامر جب آپ (مولانا عبداللہ غزنوی) کے حاسدوں کا نوشتہ آپ کے پاس پہنچا تو بلا تحقیق مروّت کا دامن کھینچ لیا۔ کچھ مدت وہاں رہ کر حضرت سید میر صاحب کو ٹھاوالوں کے پاس تشریف لائے۔(۱)

ب۔ حضرت ملاّ صاحب کوٹھا:

مولانا غلام رسول حضرت ملا صاحب کی خدمت میں پہنچے تو فرماتے ہیں کہ انھیں دیکھتے ہی قدرے تسکین ہوگئی۔ سلسلۂ بیعت دریافت کیا تو انھوں نے فرمایا: میں بیعت شدہ سیّد احمد صاحب بریلوی، مرشدِ مولوی اسماعیل صاحب شہید کا ہوں۔ مجھ کو انھیں سے فیض حاصل ہے:

مجھے دوبارہ زندگی حاصل ہوگئی۔ پژمردگی جاتی رہی۔ اتنا سرور ہوا کہ دنیا ومافیہا بھول گیا..... حضرت صاحب میری طرف دیکھ دیکھ کر حیران ہوتے تھے کہ یہ عجیب استعداد کا آدمی ہے۔ میرے چراغ میں رمق باقی تھی۔ روغن ڈالا گیا، جو مراد تھی وہ برآئی..... حضرت کا فیض مثل موجِ دریا تھا، کوئی بھی خالی نہیں جاتا تھا۔ جو حلقے میں بیٹھ جاتا، یک بارگی اس کے تمام لطائف جاری ہوجاتے۔ متبع سیّد الانامؐ بن جاتا..... جو شخص بیعت کیلئے جاتا اوّل اس کے عیوب سے اس کو مطلع کرکے پھر بیعت کرتے۔ آپ کے وظائف مطابق سنت تھے۔(۲)

(۱) سوانح عمری مولوی عبداللہ الغزنوی ص: ۲۸

(۲) سوانح حیات ص: ۳۹-۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

کوہ سیاہ کی مہمیں

اگرور میں فوجی چوکی

آزاد قبائل اطمینان سے بیٹھے تھے، لیکن حکومتِ انگلشیہ اپنے اثر و اقتدار کا دائرہ بڑھانے کیلئے کوئی نہ کوئی فتنہ اٹھاتی رہتی تھی۔ چنانچہ نومبر ۱۸۶۷ء میں اگرور کے مشہور مقام اوگی میں ایک فوجی چوکی قائم کر دی گئی، حالانکہ اس کی کوئی ضرورت ۱۸۵۳ء کے بعد پیش نہ آئی تھی۔ آزاد قبائل اس چوکی کا مطلب یہی سمجھ سکتے تھے کہ حکومت آہستہ آہستہ انھیں زیر اثر لانے کیلئے تدبیروں کا جال پھیلا رہی ہے۔ چنانچہ ان میں بے چینی پیدا ہوئی۔ وائلی کا بیان ہے کہ ۳۰ر جولائی ۱۸۶۸ء کو پانچ سو کے ایک لشکر نے اس چوکی پر ہلّہ بول دیا۔ اس لشکر میں آس پاس کے تمام قبیلوں کے آدمی موجود تھے، حتیٰ کہ پریاری کے سیّدوں نے بھی اس میں بہ قدرِ تناسب حصّہ لیا۔ (۱) ''ہزارہ گزیٹیر'' کے بیان کے مطابق یہ لشکر حسن زئیوں، اکازئیوں، چغرزئیوں اور پریاری سیّدوں پر مشتمل تھا۔ چوکی کے بائیس جوانوں نے جم کر مقابلہ کرلیا اور بہت سا سامان بھی اٹھا کر لے گئے۔ (۲)

حکومت کو شبہ ہوا کہ یہ حملہ عطا محمد خاں رئیس اگرور کی انگیخت پر کیا گیا ہے۔ چنانچہ لفٹنٹ کرنل رادنی (ROTHNY) فوج لے کر ۳۱ر جولائی کو آدھی رات کے وقت ایبٹ آباد سے اوگی وارد ہوا۔ گویا اس نے بیالیس میل کا فاصلہ پچیس گھنٹوں میں طے کرلیا۔ ۲ر اگست کو والیٔ امب کی فوج موقع پر پہنچ گئی۔ رئیس اگرور کو گرفتار کر کے ایبٹ آباد

(۱) ''وائلی کی کتاب'' ص: ۳۶ (۲) ''ہزارہ گزیٹیر'' ص: ۱۶۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بھیج دیا گیا اور خود کرنل رادنی وہاں بیٹھا رہا، اس لئے کہ وادی اگرور میں شدید بے چینی کے آثار نمایاں تھے۔ اس اثناء میں زبردست اقدامات کا فیصلہ کرلیا گیا۔ مختلف چھاؤنیوں سے فوجیں طلب کرلی گئیں۔ بریگیڈیئر جنرل وائلڈ کو اس مہم کا سپہ سالار مقرر کیا گیا۔ مہم کے آغاز تک قبائلی لشکر برطانوی علاقے کے بائیس گاؤں جلا چکے تھے اور ان کی یورشوں میں چونسٹھ آدمی مقتول و مجروح ہو چکے تھے۔

کوہ سیاہ کی دوسری مہم

اس مہم کے لئے جو فوج جمع کی گئی، وہ ساڑھے نو ہزار افراد پر مشتمل تھی۔ مہاراجہ کشمیر نے بھی بارہ سو آدمی انگریزی فوج کی اعانت کیلئے سرحد پر بھیج دیئے تھے، اگرچہ ان سے کوئی کام نہ لیا گیا۔

اتنی بڑی فوج کے اجتماع کا اثر یہی ہوسکتا تھا کہ مختلف طبقات پر ہیبت طاری ہو جاتی چنانچہ ٹیکری اور نندھیاڑ کے بعض حسن زئیوں اور صواتیوں نے مصالحت پر آمادگی کا یقین دلا دیا، البتہ چغرزئیوں، اکازئیوں، دیشی اور تاکوٹ کے صواتیوں اور پریاری سیّدوں سے مقابلہ درپیش رہا۔ مستند اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستانی مجاہدین اس مہم میں قبائلی لشکروں کے معاون بنے رہے، بلکہ دورانِ کشمکش میں وہی تھے، جنھوں نے ہر مقام پر جانبازانہ مقابلہ کیا۔

انگریزی فوج دو حصوں میں منقسم تھی، ایک حصّے کا سالار کرنل برائٹ (BRIGHT) اور دوسرے کا واگھن (VAUGHAN) تھا۔ ۳/اکتوبر کو دونوں جیش مختلف سمتوں سے بڑھے اور تین روز میں ان تمام مقامات پر قابض ہو گئے، جہاں سے کوہ سیاہ اور اس کے نواحی علاقے میں ہر سمت کامیاب اقدامات کیے جاسکتے تھے۔ چند روز میں باقی قبیلوں نے بھی صلح کرلی۔ پھر انگریزی فوج پریاری، ٹیکری اور نندھیاڑ میں سے گذرتی ہوئی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

واپس آ گئی۔ اس پوری مہم میں صرف ایک ناخوش گوار واقعہ پیش آیا، یعنی پریاری سیدوں نے انگریزی فوج کی ایک عقبی ٹکڑی پر حملہ کیا، جس کی سزا میں ان کا ایک گاؤں جلا دیا گیا۔ ۲۰/اکتوبر کو فوج انگریزی علاقے میں واپس آ گئی۔ اس مہم میں انگریزوں کے مقتولین و مجروحین کی کل تعداد صرف چونتیس تھی۔ (۱)

کشمکش کا امتداد

انگریزی فوج کشی اگرچہ نظر بظاہر کامیاب رہی تھی تاہم اس سے عام حالات میں کوئی خوش آئند تغیر پیدا نہ ہوا اور کشمکش کا سلسلہ بدستور جاری رہا۔ مثلاً:

۱۔ جولائی ۱۸۶۹ء میں اگرور کے دو گاؤں، برچار اور گل ڈھیری جلائے گئے۔

۲۔ اگست ۱۸۶۹ء میں جسکوٹ پر حملہ ہوا۔

۳۔ ۷/اکتوبر ۱۸۶۹ء کو ایک انگریزی جیش نے اکازئیوں کا ایک گاؤں شہتوت تباہ کر ڈالا اور اعلان کر دیا کہ حکومت کی اجازت کے بغیر اس گاؤں کو آباد نہ کیا جائے۔

۴۔ ۹/اپریل ۱۸۷۰ء کو اکازئیوں نے برچار پر حملہ کیا۔

۵۔ ۱۵/اپریل کو اکازئیوں اور خان خیل حسن زئیوں نے سنبھل بٹ جلا دیا۔

غرض دونوں جانب سے مخالفانہ سرگرمیاں جاری تھیں۔ قبائلیوں کو موقع ملتا تو وہ انگریزی علاقے پر چھاپے مارتے۔ انگریزی فوج اٹھتی تو قبائلیوں کی فصلوں اور آبادیوں کو تباہ کرتی۔ ۱۸۷۰ء میں حکومت کو احساس ہوا کہ خان اگرور کو بے وجہ معزول کیا گیا تھا۔ چنانچہ اس کی ریاست بحال کر دی گئی۔ اکازئیوں کو چونکہ شہتوت گاؤں آباد کرنے کی ممانعت تھی، اسلئے وہ وقتاً فوقتاً انگریزی علاقے میں انتقامی اقدامات کرتے رہتے تھے۔ ۱۸۷۵ء میں ان سے آخری تصفیہ ہو گیا۔

---

(۱) ''ہزارہ گزیٹیر'' ص: ۱۷۱-۱۷۲۔ نیز وائلی اور نیویل کی کتابیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فساد در فساد

۱۸۷۵ء میں عطا محمد خاں رئیس اگرور نے وفات پائی اور اس کا بیٹا گوہر خاں جانشین ہوا۔ کچھ دیر بعد حسن زئیوں اور اگروریوں کے ایک خان احمد علی خاں کو اس کے دشمن فیروز خاں نے فروری ۱۸۸۰ء میں قتل کر دیا۔ احمد علی خاں کے بھائی ہاشم علی خاں کو مدّ اخیلوں سے امداد مل گئی۔ فیروز خاں بھاگ کر علاقہ سمندر خاں کو اس بنا پر قتل کر دیا کہ وہ بھی احمد علی خاں کے قتل میں شریک تھے۔

عطا محمد خاں مرحوم رئیس اگرور کے تعلقات اپنے چچیرے بھائی اللہ داد خاں سے نہایت ناخوش گوار تھے۔ یہ عداوت ان کی اولاد کو بھی میراث میں ملی۔ اللہ داد خاں کے بیٹے عبداللہ خاں کو اگرور کے چھ گاؤں پٹے پر ملے ہوئے تھے۔ علی گوہر خاں نے وہ پٹا منسوخ کرانا چاہا۔ عبداللہ خاں اپنے مرکز دل بوڑی سے نکلا اور آزاد قبائلیوں کی امداد لے کر اس نے اگرور کے دیہات پر متعدد چھاپے مارے۔ حکومت نے اس کا مشاہرہ ضبط کرنے کے علاوہ اسے مدد دینے والے قبائل کی ناکہ بندی کر لی۔ اس طرح تادیبی اور انتقامی کارروائیوں کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا۔

عجیب امر یہ ہے کہ ہاشم علی خاں کے ایک چھاپے کے سلسلے میں چھان بین کرتے ہوئے کارکنانِ حکومت کو محسوس ہوا کہ یہ چھاپا خان اگرور کے ایما سے مارا گیا ہے۔ چنانچہ خان کو معزول کر کے لاہور میں نظر بند کر دیا گیا۔ حسن زئیوں اور پریاریوں کے خلاف زیادہ شدید اقدامات کی تجویزیں زیر غور آ گئیں۔

دو انگریز افسروں کا قتل

۱۸ر جون ۱۸۸۸ء کو ایک نیا حادثہ پیش آیا، جو حکومت کے لئے زبردست فوجی اقدامات کا بہانہ بن گیا۔ اس کی کیفیت یہ ہے:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میجر بٹی (BATTYE) اور کپتان ارمسٹن (URMSTON) ساٹھ فوجیوں اور انیس جوانانِ پولیس کے ہمراہ اوگی سے روانہ ہوکر ہر چار کے ٹیلے پر چڑھے۔ سرکاری بیانات میں بتایا گیا ہے کہ وہ گردونواح کے علاقے کا اندازہ کرنا چاہتے تھے۔ مقامی روایت یہ ہے کہ وہ شکار کھیلنے کے لئے نکلے تھے۔ بہرحال مقصد خواہ کچھ ہو، ریوڑ چرانے والے گوجروں نے ان پر گولیاں چلائیں۔ سرکاری بیانات میں بتایا گیا ہے کہ ان پر حملہ انگریزی علاقے میں ہوا، لیکن ان پہاڑوں پر کوئی ایسی واضح حد بندی موجود نہ تھی، جس سے سمجھا جاسکتا کہ انگریزی علاقہ ختم ہوکر قبائلی علاقہ شروع ہوگیا ہے۔ بندوقوں کی آواز سن کر بہت سے لوگ جمع ہوگئے۔ اس پر میجر بٹی نے اپنے ساتھیوں کو واپسی کا حکم دے دیا۔ ایک حولدار زخمی ہوگیا، جو انگریزی جمعیت کے عقبی حصے میں تھا۔ میجر بٹی اور کپتان ارمسٹن اسے بچا کر ساتھ لانے کیلئے لوٹے اور دست بدست لڑائی میں دونوں مارے گئے۔ مشہور کردیا گیا کہ پریاری سید اور خان خیل حسن زئی (بہ قیادت ہاشم علی خاں) بھی بندوقوں کی آواز سن کر مخالفانہ حملے میں شریک ہوگئے تھے۔

بہرحال چند روز بعد حسن زئی، اکازئی اور پریاری سیّد خاصی بڑی تعداد میں کوہ سیاہ کے ٹیلوں پر جمع ہوگئے۔ ۲۷ر جون ۱۸۸۸ء کو عبداللہ خاں (بن اللہ داد خاں) بھی میدان (نزد پلوسی) سے ایک سو بیس ہندستانی مجاہدوں کو لے کر آ گیا۔ (۱)

کوہ سیاہ کی تیسری مہم

اس طرح کوہ سیاہ کی تیسری مہم کا آغاز ہوا۔ انگریزوں نے اس کیلئے بھاری فوج جمع کی جس کی تعداد سرسری اندازے کے مطابق بارہ ہزار سے کم نہ ہوگی۔ اس کے ساتھ چوبیس توپیں تھیں۔ میجر جنرل میکوئین (MCQUEEN) کو اس کا سپہ سالار بنایا گیا۔

(۱) ''ہزارہ گزیٹیر'' ص: ۱۷۷-۱۷۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پوری فوج کے دو برگیڈ تھے ایک کا سالار برگیڈیر جنرل گیلبر تھ (GALBRAITH) تھا، دوسرے کا برگیڈیر جنرل چینر (CHANNER)۔ ہر برگیڈ کے دو کالم بنا دیے گئے تھے۔ جنرل میکوئین نے تین کالموں کا مرکز اجتماع اوگی قرار دیا اور چوتھے کا در بند۔ اوگی کے تین کالموں کو حکم دے دیا گیا کہ وہ کوہ سیاہ کے شمالی و مشرقی حصے سے پیش قدمی کرتے ہوئے اس کی چوٹی پر پہنچیں۔ اس طرح ان قبائل کے سر پر پہنچ جائیں جو کوہ سیاہ کی مغربی ڈھلانوں یا اس پہاڑ اور دریائے سندھ کے مابین آباد تھے۔ در بند والے کالم کو دریا کے کنارے کنارے یا اس سے قریب شمال کی طرف بڑھنا تھا۔ پہلے تین کالموں نے اکتوبر کی چوتھی اور پانچویں تاریخ کو مقررہ کام پورا کر لیا۔ ان میں سے صرف پہلے کالم کو تھوڑی سی مزاحمت سے سابقہ پڑا، لیکن چوتھے کالم کو کئی خونریز لڑائیاں پیش آئیں۔ یہ کالم در بند سے بیلہ پہنچا اور وہاں سے شنگوی پر بڑھا تو مقابلہ ہوا۔ شنگوی پر قبضہ جما لینے کے بعد پھر اس نے پیش قدمی شروع کی تو تورو اور کوٹ کئی کے درمیان سخت لڑائی ہوئی۔

تورو اور کوٹ کئی کی لڑائی

اس لڑائی کے متعلق نیویل اور وائلی نے جو حالات بیان کیے ہیں، وہ اتنے مختصر ہیں کہ ان سے اس کی اہمیت کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ (۱)

''ہزارہ گزیٹیئر'' کا بیان ہے کہ قبائلی لشکر تورو کے شمال مشرق میں کوئی آٹھ سو گز کے فاصلے پر ایک نالے کے کنارے قدم جمائے کھڑا تھا۔ اس کی دائیں جانب دریا تھا اور بائیں جانب پہاڑ جس کی ڈھلانوں میں انھوں نے مورچے قائم کر لئے تھے۔ گویا غنیم ان کے خلاف پیش قدمی کرتا تو اس پر تین طرف سے ہلاکت یا آگ برسنے لگتی۔ مجاہدین بھی اس قبائلی لشکر میں شامل تھے لیکن ان کی صحیح اور معین تعداد کا علم نہ ہو سکا۔ یہ لڑائی ایک

(۱) نیویل کی کتاب ص: ۹۴-۹۸ اور وائلی کی کتاب ص: ۴۰-۴۵۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ندی کے کنارے ہوئی تھی۔ ایک روایت کے مطابق ندی اور آس پاس کے جنگل میں کچھ آدمی چھپے ہوئے تھے۔ ایک ناظر کا چشم دید بیان ہے کہ ڈیڑھ سو آدمیوں نے ندی اور درختوں سے نکل کر انگریزی فوج پر یورش کی:

> رائل آئرش رجمنٹ نے بڑے استقلال کے ساتھی نہایت چالاکی اور جلدی سے دشمن پر گولیوں کی بارش شروع کی، جس سے غنیم کا رخ پلٹ گیا اور اکثروں نے اپنے آپ کو ندی میں گرا دیا۔ چونکہ پانی عمیق تھا بہت سے افغان غرق ہو گئے۔ بعض مارے گئے۔(۱)

''ہزارہ گزیٹیر'' سے معلوم ہوتا ہے کہ انگریزی فوج نے بڑی توپوں اور کلدار توپوں کی آتش باری کے بعد غنیم پر حملہ کیا۔ دوسرے لوگ اِدھر اُدھر منتشر ہو گئے لیکن مجاہدین مقابلے پر قائم رہے۔ وہ تلواریں لیکر نکلے اور بجلی کی تیزی سے انگریزی فوج کی طرف بڑھے، لیکن ایک ایک کر کے گولیوں سے شہید ہوتے رہے۔ صرف تیرہ بچے جو دریا کے قریب ایک جنگل میں کچھ دیر بعد موت کے گھاٹ اتار دیے گئے۔

غالباً یہی موقع ہے، جب انگریزوں نے ''گٹیلنگ گن'' استعمال کی۔ اسے کلدار توپ سمجھنا چاہیے جو گٹیلنگ نام کے ایک موجد نے بنائی تھی۔ اس کے خزانے میں بہ یک وقت ڈیڑھ سو کارتوس بھر دیتے تھے پھر اس کا منہ غنیم کی طرف کر کے ایک چرخ زور سے پھرا دیتے تھے اور اس سے علی الاتصال گولیاں نکلتی رہتی تھیں۔ غنیم کے حملے کو روکنے کے لئے یہ توپ بہت کارآمد تھی۔(۲)

---

(۱) جنگ کوہ سیاہ ص: ۳۳۔ یہ کتاب میجر نواب افسر جنگ نے مرتب کی تھی جو بعد میں سر افسر الملک بنے اور دولت آصفیہ میں سپہ سالار کے عہدے پر مامور ہوئے۔ افسر جنگ کو ایک مشن میں شامل ہونے کیلئے بھیجا گیا تھا جو کابل جا رہا تھا۔ مشن رک گیا اور افسر جنگ کوہ سیاہ کی تیسری مہم میں شریک ہو گئے جو اُن دنوں چھڑ گئی تھی۔ جنگ کے بعد حیدر آباد پہنچ کر انھوں نے یہ کتاب مرتب کر دی جو دار الطبع سرکار عالی میں چھپی۔

(۲) جنگ کوہ سیاہ ص: ۳۴-۳۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جانی نقصان

نیویل رقمطراز ہے کہ:

اس میدان میں بعد ازاں اٹھاسی نعشیں گنی گئیں، جن میں سے اڑتالیس نعشیں ہندوستانی مجاہدین کی تھیں۔(۱)

میجر افسر جنگ کا بیان ہے:

دوسرے روز جھاڑیوں میں انچاس نعشیں اور ندی کے کنارے چھبیس اور انتالیس پتھروں میں اور چھ ایک پہاڑ پر دکھائی دیں۔ ندی میں کس قدر ڈوبے، ان کا شمار معلوم نہیں ہوا۔(۲)

گویا جو نعشیں انگریزوں کو مل سکیں، وہ ایک سو بیس تھیں۔

تاہم اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ اس موقعے پر انگریزوں کا کچھ نقصان نہ ہوا۔ ان کے بڑے افسروں میں سے صوبیدار میجر چتر سنگھ اور کپتان بیلی مارے گئے۔ متعدد افسر زخمی ہوئے، مثلاً لفٹنٹ کلیو کی گردن میں گولی لگی اور مونڈھے میں رہ گئی۔ کپتان راڈ فرڈ کی چھاتی میں بائیں طرف گولی کا زخم تھا۔ کرنیل کروک شینک بھی زخمی ہوا، جو در بند والے کالم کا سالار تھا۔(۳)

غرض اس لڑائی میں انگریزوں کی کامیابی صرف اعلیٰ آتش بار اسلحہ کی فراوانی پر موقوف تھی۔ امیر رحمت اللہ مرحوم اس لڑائی کو تو روکنڈوہ کی جنگ قرار دیتے تھے۔ ان کا بیان تھا کہ کم وبیش پانسو مجاہدین شہید ہوئے۔ یہ تعداد اس بناء پر قرین صحت مانی جاسکتی

(۱) نیویل کی کتاب ص:۹۸

(۲) جنگ کوہ سیاہ ص:۳۴

(۳) ملاحظہ ہو کوہ سیاہ صفحات: ۳۰، ۳۵، ۳۶، ۳۷، ۴۷، ۴۹۔ سپاہی بھی خاصی تعداد میں مارے گئے، اگرچہ ان کی پوری کیفیت معلوم نہ ہوسکی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہے کہ پوری مہم کے قبائلیوں اور مجاہدین کے شہداء پر مشتمل ہوگی۔

بعد کے حالات

کوٹکئی پر قبضے کے بعد انگریز آگے بڑھے اور انھوں نے دریا کے مشرقی کنارے نیز دریا اور کوہ سیاہ کے درمیانی علاقے میں متعدد مقامات جلائے۔ مثلاً کنٹر، کنارکی، تلی، سیری اور کن دریا کو عبور کر کے مغربی کنارے پر پلوسی اور میدان میں مجاہدین کے قلعے اور آبادیاں جلائیں۔ ہزارہ گزیٹیر میں بتایا گیا ہے کہ مجاہدین نے غلّے اور گھاس کے جو عظیم الشان ذخیرے فراہم کر رکھے تھے، وہ بھی برباد کر دیے گئے۔ امیر رحمت اللہ فرماتے تھے کہ ہم نے اہل وعیال کو پلوسی سے نکال کر بانگیڑہ بھیج دیا تھا اور خود کابل گرام چلے گئے تھے۔ نیویل رقمطراز ہے:

> ۱۳ر اکتوبر کو دریائے سندھ کے دائیں کنارے میدان میں ہندستانی جنونیوں کا مرکز تباہ کر دیا گیا۔ گزشتہ چالیس سال میں انگریزی فوجوں سے اس بدنام گروہ کے تصادم کا یہ پانچواں موقع تھا اور پہلے کی طرح انھیں مجبور کیا گیا کہ اپنا مرکز کسی اور جگہ بنائیں۔ (۱)

قبائلیوں کا عام شیوہ تھا کہ وہ ابتدا میں بہت جوش وخروش دکھاتے تھے، لیکن جم کر مقابلہ نہ کر سکتے تھے۔ چنانچہ ۱۳ر اکتوبر کو اکازئی اور ۱۶ر کو حسن زئی انگریزوں کی پیش کردہ شرائط صلح ماننے کیلئے تیار ہو گئے اور مجاہدین مقابلے پر تنہا رہ گئے۔ پھر پریاری سیّدوں اور ٹیکری والوں نے بھی انگریزوں کی اطاعت قبول کر لی۔

افسر جنگ نے ایک عجیب قصہ لکھا ہے یعنی یہ کہ مجاہدین اور دوسرے قبیلوں کا ایک وفد حضرت اخوند صاحب صوات کے صاحبزادے کے پاس بھی گیا کہ انگریزوں کی فوج

(۱) نیویل کی کتاب ص: ۹۹۔ نویل نے پہلے چار موقعے یہ بتائے ہیں: ۱۸۵۳ء میں عثمر اور کوٹلی، ۱۸۵۷ء میں نارفجی، ۱۸۵۸ء میں ستھانہ اور منڈا، ۱۸۶۳ء میں اسمیلہ۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہمارے ملک کی طرف آرہی ہے اور مسلمانوں کو لازم ہے کہ جہاد کیلئے تیار ہو جائیں۔ صاحبزادے نے باتفاق علماء جواب دیا کہ انگریز تمہارے مذہبی معاملات میں دخل نہیں دیتے، مسجدیں مسمار نہیں کرتے، بزرگوں کے آثار کو نہیں چھیڑتے۔ پھر ان کے خلاف جہاد کیوں کر جائز ہوسکتا ہے؟

ان کی فوج کشی کا سبب یہ ہے کہ تم لوگ ان کے علاقوں میں چوریاں کرتے ہو۔ پچھلے دنوں بے وجہ ان کے دو سرداروں اور پچاس آدمیوں کو مار ڈالا۔(۱)

اغلب ہے کہ افسر جنگ نے یہ سب باتیں ذمہ دار انگریز افسروں سے سنی ہوں، لیکن ظاہر ہے کہ صاحبزادے اور علماء کا جواب سراسر غلط اور نادرست تھا۔

چوتھی مہم

۱۸۸۸ء کی جنگ کے بعد صلح کی ایک شرط یہ طے ہوئی تھی کہ قبائلی لوگ ان انگریزی فوجوں یا افسروں کو کوئی آزار نہ پہنچائیں گے، جو انگریزی اور قبائلی علاقے کے درمیان بڑے پہاڑ پر جائیں آئیں گے۔ اس میں سڑکیں بنانے کی کوئی توضیح نہ تھی۔ حکومت انگلشیہ نے مارچ ۱۸۹۰ء میں اگرور سے کوہ سیاہ کے ٹیلوں تک کئی سڑکیں بنانے کا فیصلہ کرلیا اور اکتوبر میں ایک لشکر جنرل میکوئن کی سالاری میں اوگی بھیج دیا۔ مدعا یہ تھا کہ یہ لشکر کوہ سیاہ کی چوٹی تک جا کر انگریزی تسلط کا علم نصب کردے۔ قبائلیوں کو انگریزوں کی بدعہدی بہت ناخوش گوار معلوم ہوئی۔ چنانچہ ہاشم علی خاں کے بھائی سکندر خاں نے کچھ خان خیل حسن زئی اور اکازئی جمع کیے اور برچار پہنچ کر انگریزی کیمپ پر آتش بازی کی۔ یہ کیفیت دیکھ کر حکومت نے پھر ایک مہم میجر جنرل ایلس (ELLES) کی سرکردگی میں تیار کی۔ اس کے لئے بھی دربند اور اوگی میں فوجیں جمع کی گئیں، جن کی تعداد چھ ہزار تین سو

(۱) جنگ کوہ سیاہ ص:۸۶-۹۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھی۔ ان فوجوں کے ساتھ اٹھارہ توپیں تھیں۔

مارچ ۱۸۹۱ء میں اس مہم کا آغاز ہوا۔ اکازئیوں اور حسن زئیوں نے کوئی قابل ذکر مزاحمت نہ کی۔ انگریزی فوجوں نے ان کے علاقے پامال کر ڈالے۔ ہاشم علی خاں چغرزئیوں کے علاقے میں بھاگ گیا۔ ''ہزارہ گزیٹیئر'' میں بتایا گیا ہے کہ صرف ایک جگہ شدید مزاحمت سے سابقہ پڑا، جہاں اہل بونیر، جدون، ہندوستانی مجاہدین اور بعض دوسرے قبیلے چغرزئی کے علاقے میں اور اس پہاڑ پر جمع تھے، جو علاقہ حسن زئی اور بونیر کے درمیاں واقع ہے۔ صورتِ حال میں سخت الجھاؤ پیدا ہونے کا اندیشہ لاحق ہو گیا تھا۔ اس اجتماع کے بعض حصے متعدد مقامات پر انگریزی فوجوں سے متصادم ہوئے۔ اس سلسلے میں غازی کوٹ کی لڑائی خاص طور پر قابل ذکر ہے، جہاں ہندوستانی مجاہدین کے ایک جیش نے ۱۸ر مارچ کی شب کو ڈوگروں کی چوکی پر جانبازانہ حملہ کیا، لیکن وہ شدید نقصان اٹھا کر پسپا ہو گئے۔ (۱)

وائلی رقمطراز ہے کہ غازی کوٹ دریائے سندھ کے بائیں کنارے پر واقع ہے۔ یہ ایک چھوٹا سا گاؤں ہے، جہاں نمبر چار (۴) سکھ رجمنٹ کی ایک چھوٹی سی کمپنی موجود تھی:

۱۹ر مارچ کو تین بجے صبح ..... ہندوستانی مجاہدوں کی ایک بڑی جماعت اس پر حملہ آور ہوئی۔ ۴ سکھ رجمنٹ اور ۳۲ پایونیرز نے جلد کمک موقع پر پہنچادی اور دشمن سخت نقصان اٹھا کر پسپا ہو گیا۔ (۲)

''ہزارہ گزیٹیئر'' کے مطابق غازی کوٹ کی لڑائی میں مجاہدین کا جانی نقصان پچاس سے کم نہ تھا۔ وائلی ۲۳ر مارچ کو ایک اور لڑائی کا ذکر کرتا ہے، جس میں چغرزئیوں اور ہندوستانی مجاہدین نے حصہ لیا۔ دست بدست جنگ ہوئی اور انھیں سخت نقصان پہنچا۔ (۳)

(۱) ''ہزارہ گزیٹیئر'' ص: ۱۸۱ (۲) وائلی کی کتاب ص: ۵۰

(۳) وائلی کی کتاب ص: ۵۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

امیر رحمت اللہ مرحوم نے بالتصریح بتایا تھا کہ اس مہم میں مجا کوٹ (بیوں کا پہاڑ)، غازی کوٹ اور دیدل کماچ پر سخت لڑائیاں ہوئیں، لیکن ان کی کوئی تفصیل اس مرحوم سے معلوم نہ ہو سکی۔

صلح

جنگ امبیلہ کی طرح اس جنگ کے سلسلے میں بھی قبائل جا بجا جمع ہونے لگے تھے۔ انگریزی حکومت نے ایک طرف ان قبائل کو یقین دلایا کہ کسی کو نقصان پہنچانا منظور نہیں، دوسری طرف کمکی فوجیں طلب کر لیں۔ آخر قبائلیوں نے غیر مشروط اطاعت کا اقرار کر لیا۔ حسن زئیوں، اکازئیوں مدّاخیلوں، پریاری سیّدوں اور چغرزئیوں نے عہد نامہ لکھ کر دے دیا، جس کی دو شرطیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں:

۱۔ قبائل کبھی اس امر کے روادار نہ ہوں گے کہ ہاشم علی خاں ان کے درمیان آئے اور آباد ہو جائے۔

۲۔ معاہد قبائل میں سے کوئی بھی ہندوستانی مجاہدین کو اپنے ہاں مرکز بنانے کے لئے جگہ نہ دے گا۔

امیر رحمت اللہ کے بیان کے مطابق اوپر بتایا جا چکا ہے کہ مجاہدین نے اہل وعیال کو مرکز کی تباہی سے پیشتر ہی بانگیڑہ بھیج دیا تھا۔ وہ فرماتے تھے کہ ہم لوگ پھر گلونہ بوڑی یا بٹارا میں کچھ مدت رہے۔ جب صواتیوں اور اہل بونیر سے پھر کشمکش کی صورت پیدا ہوئی تو دوسری جگہ منتقل ہونے کا انتظام کیا گیا، اس کی تفصیل آئندہ باب میں ملے گی۔

ساداتِ ستھانہ

اتمامِ بیان کی غرض سے اختصاراً یہ بھی بتا دینا چاہیے کہ جنگ امبیلہ کے بعد ساداتِ ستھانہ پر کیا گزری۔ اس خاندان کے جوانوں میں سے دو ہستیاں حد درجہ ممتاز تھیں: ایک

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شہزادہ مبارک شاہ، دوم سید شاہ محمود بن سید عمر شاہ شہید۔ شہزادہ ملکا ہی میں رہتا تھا وہ شعبان ۱۲۸۹ء (ستمبر ۱۸۷۲ء) میں اپنے بعض عزیزوں کی شادی میں شرکت کیلئے ناواگئی (وادیٔ چملہ) گیا ہوا تھا۔ شش ضربہ پستول ہر وقت بھرا ہوا ہاتھ میں رکھتا تھا۔ غالباً ایک ملازم سے کہا کہ پستول خالی کرلاؤ۔ ملازم سے تمام گولیاں نہ نکل سکیں اور اس نے پستول شہزادہ صاحب کو دے دیا جو ایک شخص سے باتوں میں مشغول تھے۔ انھوں نے پستول ران پر رکھ لیا اور باتوں میں منہمک رہے۔ عین اس اثناء میں پستول کو جھٹکا لگا اور وہ چل گیا۔ گولی شہزادہ کے زیر ناف لگی، تھوڑی دیر بعد اسی زخم سے وفات پائی۔ صرف چھتیس سینتیس سال کی عمر تھی۔

سید شاہ محمود اپنے اہل وعیال اور بھائیوں کے ساتھ گبائی میں رہتے تھے۔ پھر وہ درۂ ستھانہ میں (ستھانہ سے چار میل) بہ مقام آل رہنے لگے اور بھائیوں کو اس مقام پر آباد کردیا جہاں شہزادہ مبارک شاہ نے برج بنایا تھا یعنی سیری میں۔ ان کی کچھ جدّی زمین بانگیڑہ میں تھی جہاں سے فصلانہ لینے جاتے تھے۔ وہاں بعض لوگ اس وجہ سے مخالف بن گئے کہ مدت تک ان زمینوں کے حاصلات سادات کو نہ دیتے تھے اور سید شاہ محمود نے یہ جدی ملکیت بحال کرالی تھی۔ رمضان ۱۲۹۵ھ (۲ ستمبر ۱۸۷۸ء) کو اچانک دشمنوں نے انھیں بانگیڑہ میں شہید کرڈالا۔ صرف چونتیس سال کی عمر تھی۔ اس طرح خاندان کے دور دشن چراغ گل ہوگئے اور ان کے بعد ساداتِ ستھانہ پر جو آفتیں نازل ہوئیں ان کی اجمالی کیفیت آگے چل کر بیان کی جائے گی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

مولانا عبداللہ کا آخری دَور

انگریزوں کا جوشِ انتقام

بلا شبہ مجاہدین انگریزوں کے خلاف جہاد ضروری سمجھتے تھے، لیکن گزشتہ مہموں کی سرگزشت سے صاف واضح ہوتا ہے کہ انھوں نے کبھی پیش دستی نہ کی۔ جھگڑے ہمیشہ قبائل سے ہوتے رہے۔ مجاہدین دفاعی کارروائیوں میں برابر شریک رہے۔ انکے بنیادی عقیدے اور قبائل سے عہد تعاون کا تقاضا یہی تھا، لیکن غور کیجئے کہ انگریز ہمیشہ انھیں ہر علاقے سے خارج کرانے کی کوششیں کرتے رہے۔ یہ نکتہ خاص توجہ کا محتاج ہے کہ وہی کیوں ہر موقع پر جوشِ انتقام کا ہدف بنتے تھے؟ اسکی مختلف وجہیں ذہن میں آتی ہیں۔ پہلی اور نہایت اہم وجہ یہ ہے کہ مجاہدین ہندستان کو انگریزی تسلط سے آزاد کرانے کے علم دار تھے۔ اگر چہ ان کی تعداد اتنی نہ تھی کہ انگریزوں جیسی وسیع الاقتدار حکومت کو ان سے کوئی خاص خطرہ ہوتا، لیکن وہ آزادی کا ایک نشان تھے اور ان کی مثال ہزاروں حریت طلب ہندوستانیوں کی حمیت کے لئے مہمیز بن سکتی تھی۔ انگریزوں کے نزدیک آزادی کی اس تحریک کو دبائے رکھنے کی صحیح تدبیر یہی تھی کہ مجاہدین کو زیادہ سے زیادہ نشانہ آزار بنایا جاتا۔ دوم قبائل میں جنگی صلاحیت موجود تھی، اگر چہ تنظیم کوئی نہ تھی۔ مجاہدین قبائل کو منظم بھی کر سکتے تھے اور انھیں بہترین سیاسی و مذہبی مقاصد کیلئے لڑا بھی سکتے تھے۔ لہٰذا انگریزوں کا اوّلین مدعا یہ تھا کہ انھیں کہیں چین سے بیٹھنے اور تنظیمی کام کرنے کا موقع نہ مل سکے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نئے مرکز کی تلاش

۱۸۹۱ء کی جنگ کے بعد مجاہدین کو حسن زئیوں، اکازئیوں، مدّاخیلوں وغیرہ کے علاقوں سے نکال دیا گیا تو وہ نئے مرکز کی تلاش میں نکل پڑے۔ سید عبدالجبار شاہ نے لکھا ہے کہ امیر المجاہدین مولانا عبداللہ خود امازئی قبیلے کے پاس پہنچے اور کہا کہ ایک گاؤں اجارے پر دیدیجئے۔ ہم وہاں رہیں گے اور اجارے کی رقم باقاعدہ ادا کرتے رہیں گے۔

امازئیوں کے تعلقات ان دنوں اپنے ہمسایے مبارک خیلوں سے خوش گوار نہ تھے، وہ مجاہدین کو ایک گاؤں دے دینے کیلئے تیار ہو گئے، لیکن شرط یہ پیش کی کہ جب ہمیں کسی افغان قبیلے سے لڑائی کی نوبت آئے تو مجاہدین کا لشکر ہمارے ساتھ شامل ہو۔ اس صورت میں ہم اجارے کی رقم بھی نہ لیں گے۔ امیر المجاہدین نے یہ شرط قبول نہ کی۔ عذر یہ پیش کیا کہ مسلمانوں کی باہمی لڑائیوں میں ہم کسی کا ساتھ نہیں دے سکتے بلکہ ان لڑائیوں کو روکنے کی انتہائی کوشش کریں گے، البتہ حربی کافروں سے جنگ ہو تو ہم مقدمۃ الجیش بن کر لڑیں گے۔

مبارک خیلوں سے درخواست

امازئیوں سے فیصلہ نہ ہو سکا تو امیر صاحب مبارک خیلوں کے پاس پہنچے۔ شہزادہ مبارک شاہ اور شہزادہ سید محمود حوادث کا شکار ہو چکے تھے۔ امیر صاحب نے شہزادہ مبارک شاہ کے فرزند اکبر سید فیروز شاہ کے پاس بھی پیغام بھیجا کہ مبارک خیلوں سے ٹیلوائی کا گاؤں اجارے پر لینے میں امداد دی جائے۔ چنانچہ سید فیروز شاہ نے اپنے بھائی سید بہادر شاہ کو امیر صاحب کے پاس بھیج دیا۔ اتفاق یہ کہ مبارک خیلوں نے بھی ویسی ہی شرط پیش کر دی۔ انھوں نے کہا کہ ہم تو سب سے کمزور ہیں، خود کبھی کسی پر حملہ نہیں کیا، دوسرے زور آور قبیلے ہم پر حملہ کرتے رہتے ہیں۔ دفاعی جنگ میں تو ہمارا ساتھ ضرور دینا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چاہیے۔ اگر یہ شرط منظور نہ ہو تو ہم کوئی جگہ نہیں دے سکتے۔ گویا امیر صاحب کو مبارک خیلوں سے بھی مایوس ہونا پڑا۔

بارگاہِ الٰہی میں دعاء

سید بہادر شاہ کہتے ہیں کہ اس حالت میں امیر صاحب نے آسمان کی طرف رخ کر کے بڑے عجز سے کہا:

> ''اے عظیم الشان آسمانوں کے بنانے اور قائم رکھنے والے خدا! تیری راہ میں اب تک خلوصِ نیت کو ہاتھ سے نہیں دیا۔ صبر اور رضا بہ قضا کا دامن نہیں چھوڑا، مگر اب تو تیری زمین پر جگہ ہی نہیں ملتی۔ اب تو ہی بتا، میں کہاں جاؤں؟ تیری زمین پر بسنے والے تو مجھے اپنے پاس رکھنے کے لئے تیار نہیں''۔

یہ دعاء اردو میں تھی۔ سید بہادر شاہ کا بیان ہے کہ قبائلیوں میں سے کوئی اردو نہ سمجھتا تھا، صرف میں نے اسے سمجھا۔ مبارک خیلوں کا جرگہ اردو زبان سے تو نا آشنا تھا البتہ اس نے انداز سے معلوم کر لیا کہ امیر صاحب دعاء کر رہے ہیں۔ موصوف کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ ہم لوگ ایک ڈھیری کی بلندی پر بیٹھے تھے، جس کی ایک جانب نالہ جاری تھی۔ یہ دردناک الفاظ امیر صاحب کی زبان سے نکلے تو عین اسی وقت سب کو ایک جھٹکا سا لگا۔ ایسا معلوم ہوا کہ شدید زلزلے کا جھٹکا تھا۔ بے شک وہاں کبھی کبھی زلزلے آجایا کرتے تھے، لیکن یہ جھٹکا بالکل غیر معمولی تھا۔ گاؤں سوا سو ڈیڑھ سو گز کے فاصلے پر ہوگا۔ اہل جرگہ نے سمجھا کہ گاؤں میں کچھ مکان ضرور گر گئے ہونگے۔ چنانچہ ایک آدمی کو خبر لانے کیلئے دوڑایا۔ اس نے واپس آکر بتایا کہ وہاں کسی کو جھٹکا محسوس ہی نہیں ہوا۔

ٹیلوائی کا فیصلہ

تمام حالات پر غور کرنے کے بعد مبارک خیلوں کو یقین ہو گیا کہ یہ جھٹکا امیر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صاحب کی دعاء کا کرشمہ تھا۔ چنانچہ انھوں نے وہیں بیٹھے بیٹھے فیصلہ کرلیا کہ خدا کے ایسے نیک اور حق پرست بندے کو ناراض کرنا غضب کا موجب ہوگا۔ ٹیلوائی کا گاؤں خود منت سماجت سے امیر صاحب کو اجارے پر دیدیا۔ چنانچہ تمام مجاہدین وہیں آبسے۔ مولانا عبداللہ کی حیات مبارک کے باقی اوقات اس جگہ بسر ہوئے۔(۱) یہ مقام اس وجہ سے بھی امیر صاحب کو بہت پسند تھا کہ اس میں غلہ خاصا پیدا ہوتا تھا اور پانی کی کوئی کمی نہ تھی۔

مولانا عبدالرحیم عظیم آبادی نے لکھا ہے کہ سرحد آزاد میں ہر گاؤں کے مالک کو ایک چھوٹا سا لشکر رکھنا پڑتا ہے، ورنہ وہاں کا قیام آپس کے نفاق وشقاق اور مخالفت ومعاندت کے باعث نہایت مشکل ہے، لہٰذا مولانا نے بھی اپنے ہمراہیوں کو فنونِ سپاہ گری کی تعلیم دی۔ حاسدوں نے یہ کہنا شروع کیا کہ وہ سلطنتِ برطانیہ سے مقابلے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ حالانکہ وہ صرف اس غرض سے سرحد گئے تھے کہ محض آزادانہ زندگی بسر کریں اور کسی کے ماتحت نہ رہیں۔(۲)

بلا شبہ وہ آزاد رہنا چاہتے تھے۔ یہ بھی درست ہے کہ تھوڑی سی جمعیت سے وہ انگریزی حکومت کو شکست نہ دے سکتے تھے، لیکن ان کا اصل مقصد اس کے سوا کیا تھا کہ جمعیت فراہم کریں اور ہندوستان کو انگریزوں کے تسلط سے نجات دلائیں؟ وہ صرف تنہا آزاد نہ رہنا چاہتے تھے، بلکہ سب کو آزادی کی نعمت سے شاد کام دیکھنے کے خواہاں تھے۔

مولانا عبدالرحیم نے امیر المجاہدین کے حقیقی مقاصد پر پردہ ڈالنے کی جو کوشش کی اس کی ضرورت نہ تھی اور جس تحریر سے مجاہدین کے نصب العین پر ضرب لگے، وہ کسی شکل میں بھی زیبا نہیں سمجھی جاسکتی۔

---

(۱) یہ تمام حالات سید عبدالجبار شاہ کی کتاب العبرت سے ماخوذ ہیں۔ ص: ۴۳۰، ۴۳۱

(۲) ''تذکرۂ صادقہ'' ص: ۱۴۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سرحد ڈیورینڈ

حکومتِ ہند نے افغانستان اور ہندوستان کی درمیانی سرحد متعین کرنے کیلئے ایک کمیشن جنرل ڈیورینڈ کی سرکردگی میں امیر عبدالرحمٰن خاں فرمانروائے افغانستان کے پاس بھیجا تھا اس کی طے کردہ حد اب تک سرحد ڈیورینڈ کے نام سے مشہور ہے۔ امیر عبدالرحمٰن خاں دل سے اسے قبول کرنے کیلئے تیار نہ تھا، لیکن انگریزوں کی مخالفت بھی نہ کرسکتا تھا۔ اسے یقین تھا کہ سرحد متعین ہونے کے بعد جو آزاد علاقہ انگریزوں کی طرف چلا جائے گا، وہ انگریزی حلقہ اثر سمجھا جائے گا اور انگریز آہستہ آہستہ اسے اپنی سلطنت میں شامل کرلیں گے، مجبور ہوکر اس نے حد بندی کے معاہدے پر دستخط کردیے۔ اس کے بعد انگریزوں نے باقاعدہ حد بندی شروع کر دی، جس سے آزاد قبائل میں تشویش واضطراب کی ایک عام لہر دوڑ گئی۔

۱۸۹۵ء میں ترکی اور یونان کے درمیان جنگ ہوئی تھی اور عام مسلمان اس امر پر بے حد پریشان تھے کہ یورپی حکومتیں ترکی کی مرکزی اسلامی سلطنت ہضم کر لینے کے درپے ہیں۔ سرحدی ملاؤں نے بالکل بجا پروپیگنڈا شروع کر دیا کہ انگریز ہندوستان سے باہر اپنے معاندانہ مقاصد پورے کر رہے ہیں اور آزاد قبائل کے سرداروں کو وظیفے دے دے کر خاموش رکھنا چاہتے ہیں۔ اس طرح وہ بہ اطمینان باہر کے مسلمانوں کو خاصا نقصان پہنچالیں گے تو آزاد قبائل کی آزادی بھی محفوظ نہ رہے گی۔

بعض غلط اطلاعات بھی پھیلائی گئیں۔ اس طرح مل ملا کر سرحد آزاد میں ایک ایسے ہنگامے کا انتظام ہوگیا جسے نیویل نے اپنی کتاب میں ''نہایت خوفناک'' قرار دیا ہے۔ (۱)

(۱) ''نیول کی کتاب'' ص:۲۰۹۔ اور یقیناً ایسا ہمہ گیر جوش پہلے کبھی پیدا نہ ہوا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۸۹۷-۹۸ء کی جنگ

انھیں حالات نے سرحد کے مختلف حصوں میں معرکہ آرائی کے سامان فراہم کر دیے، جن میں سب سے بڑھ کر خونریز جنگ ملاکنڈ میں ہوئی۔ بونیر کے ایک ملّا سعداللہ خان اس جنگ میں پیش پیش تھے۔ وہ عام طور پر ''سرتور فقیر'' یعنی مستانہ فقیر کے لقب سے مشہور تھے۔ ملا صاحب ہڈّا نے مہمندوں کے علاوہ تیراہ کے آفریدیوں، وزیریوں اور مسعودوں تک میں جہاد کا زبردست جوش پیدا کر دیا، جس کے شعلے تین سال تک بھڑکتے رہے۔ اس موقع پر مولانا عبداللہ امیر المجاہدین نے بھی اعلانات شائع کیے اور مقاصدِ جہاد کو ہر ممکن تقویت پہنچائی۔ ملّا صاحب ہڈّا ان غیور حضرات میں سے تھے جو زندگی کی آخری سانس تک ہر ممکن ذریعے سے انگریزوں کے خلاف جہاد کی آگ کو ہوا دیتے رہے۔ وہ اخوند صاحب صوات سے فیض یاب تھے اور خود ان کے ارادت مندوں میں حاجی صاحب ترنگ زئی اور ملّا صاحب سنڈاکے جیسے لوگ شامل تھے۔ ان حضرات کی تدبیروں کے متعلق کسی کی رائے خواہ کچھ ہو لیکن ان کی غیرت وحمیت اور جوشِ اسلامی کے بارے میں ایک لمحے کے لئے شبہ نہیں ہو سکتا۔

مولانا سید عبدالجبار شاہ ستھانوی بھی اس جنگ میں مجاہدین کی طرف سے شریک ہوئے تھے۔ وہ خاندان کی تنہا امید گاہ تھے اور ان کی والدہ وعمّہ کسی حالت میں بھی انھیں خطرے کے کسی مقام پر بھیجنے کیلئے آمادہ نہ تھیں، لیکن رضائے الٰہی کے خیال سے انھوں نے کوئی رکاوٹ پیدا نہ کی۔ اسی موقع پر سیّد موصوف امیر المجاہدین مولانا عبداللہ اور ان کے بھائی مولانا عبدالکریم سے ملے جو اس وقت تور وسک میں مقیم تھے۔

مجاہدین نے بڑی جانبازی سے مقابلہ کیا، لیکن اعلیٰ درجے کے آتش بار اسلحہ کے سامنے ان کی جانبازی کچھ کام نہ آئی۔ چنانچہ وہ شکست کھا گئے۔ سیّد عبدالجبار شاہ کا بیان ہے کہ جس مورچے پر شدید ترین جنگ ہوئی، اس میں خود میں موجود تھا۔ مقابلہ چھ بجے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صبح شروع ہوا اور بارہ بجے کے بعد تک جاری رہا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ توپ خانے کی آتش باری نے قبائلیوں میں بہت ابتری پھیلائی۔ بونیر شروع میں پسپا بھی ہوئے۔ وہ صرف پندرہ سو تھے اور مقابلے پر انگریزی لشکر دو ہزار سے زیادہ ہی تھا۔ اس کے ساتھ توپیں بھی تھیں اور رسالہ بھی:

> پچاس ساٹھ سے زائد سوار، انگریزوں کی نعشیں اٹھالے جانے میں مارے گئے، جو بالکل مجھ سے ساٹھ یا ستر گز کے فاصلے پر تھے۔ اس موقعے پر ہمارا صرف ایک نشانچی حملہ کرتا ہوا مارا گیا۔ باقی سب اس گھمسان سے سلامت نکل آئے، جن میں ایک میں بھی تھا۔ (۱)

سیّد صاحب یہ بھی لکھتے ہیں کہ انگریزوں نے اپنے مقتول سپاہیوں کی تعداد کم بتائی ہے۔ نیویل نے اپنی کتاب میں اس جنگ کا مفصل نقشہ پیش کیا ہے۔ (۲) انگریزی فوج ملاکنڈ اور چک دَرہ سے فارغ ہو کر بونیر بھی پہنچی، لیکن ہمیں ان تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں جنھیں جماعت مجاہدین کی سرگرمیوں سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں۔ یہ تفصیلات اس عہد کی عمومی سیاسی سرگزشت کا حصّہ ہیں۔

درۂ خیبر کی سرگزشت

انگریزوں کے عہد حکومت میں درۂ خیبر سے باقاعدہ آمد و رفت کا آغاز ۱۸۷۸ء سے ہوا اور ۱۸۸۳ء سے باقاعدہ سڑک بنی۔ یہ سڑک درہ اور آس پاس کے مختلف قبیلوں نے انگریزوں سے گراں قدر رقمیں لے کر خود بنائی تھی اور وہی اس کے مختلف حصوں کی حفاظت کے ذمّہ دار بنے تھے۔ یہ مندرجہ ذیل قبیلے تھے: کوکی خیل، ملک دین خیل، زخہ خیل اور شنواری، لیکن بعض لوگ ایسے بھی تھے جنھوں نے مخالفت کا سلسلہ جاری رکھا اور

(۱) شہادت الشقلین جلد اوّل قلمی نسخہ ص: ۴۴

(۲) "نیویل کی کتاب" ص: ۲۲۳-۲۲۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انگریزوں سے تعاون قبول نہ کیا۔ ان میں سے ملک دین خیل کا ایک سردار کمال خاں بطور خاص قابل ذکر ہے۔ وہ انتہائی مردانگی اور شجاعت سے کام لے کر وقتاً فوقتاً حملے کرتا رہا، چنانچہ ایک موقع پر انگریزی رسالے کا ایک پکٹ کاٹ کر رکھ دیا صرف ایک سوار زندہ بچ کر نکل سکا۔ پھر کمال خاں نے رسالے کی ایک چوکی پر حملہ کیا۔ کمشنر کا سامان کوہاٹ جارہا تھا، راستے میں اس پر چھاپا مارا اور پورا سامان لے کر نکل گیا۔ انگریزوں نے اس کی گرفتاری کے لئے دو ہزار روپے کا انعام مقرر کیا تھا۔ کمال خاں کے ایک قبائلی دشمن نے اس جواں مرد کو اچانک گولی کا نشانہ بنایا اور وہ شہید ہو گیا۔ قاتل انعام لینے کے لئے پشاور پہنچا تو اسے جواب ملا کہ تم نے سرکاری اعلان کی بناء پر نہیں بلکہ اپنی دشمنی کی بناء پر اسے مارا ہے، لہٰذا انعام کے مستحق نہیں سمجھے جا سکتے۔ وہ ناکام واپس گیا۔ کمال خاں کا بھائی اس کی تاک میں بیٹھا تھا اور راستے ہی میں اسے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ ۱۸۹۷ء میں تیراہ اور آس پاس کے علاقے بھی میدانِ کارزار بنے، لیکن ان لڑائیوں سے مجاہدین کا براہِ راست کوئی تعلق نہ تھا، اس لئے تفصیلات نظر انداز کی جاتی ہیں۔ (۱)

وفات

مولانا عبداللہ نے ۲۷ رشعبان ۱۳۲۰ھ (۲۹ رنومبر ۱۹۰۲ء) کو وفات پائی۔ تقریباً چوہتر سال کی عمر ہوئی۔ ہوش مندی کی زندگی کا ایک ایک لمحہ رضائے باری تعالیٰ کے مطابق راہِ حق میں جہاد کرتے ہوئے صرف کیا۔ وہ اس مجاہد کبیر کے فرزند تھے، جس کا خاندان بہار کے ممتاز امراء میں شمار ہوتا تھا۔ مولانا کی والدہ حیدر آباد دکن کے ایک رئیس مرزا واحد بیگ کی صاحبزادی تھیں، لیکن مولانا نے نہ ددھیال کی امیری سے کوئی فائدہ اٹھایا، نہ ننھیال کی ریاست سے۔ سب کچھ چھوڑ کر انتہائی تکلیفوں، مصیبتوں اور پریشانیوں میں دن گزارے، اس لئے کہ حصولِ رضا کا راستہ یہی تھا۔ اس ہمت و عزیمت

(۱) ملاحظہ ہو یوسفی صاحب کی کتاب ''آزاد پٹھان''

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے بزرگ ہر قوم کے لئے عزّت و برتری کا بہترین سرمایہ ہیں۔ افسوس کہ ہم ان کے حیات آموز کارناموں کو گلدستۂ طاقِ نسیاں بنا چکے ہیں۔ مولانا کی قبر ٹیلوائی ہی میں ہے۔ میں اس کے قریب پہنچ گیا، لیکن چڑھائی کے باعث گاؤں میں نہ جا سکا۔

ازواج و اولاد

مولانا عبداللہ کا پہلا نکاح مولانا فرحت حسین (عم مکرم) کی صاحبزادی مسماۃ صالحہ سے ہوا۔ یہ خاتون مولانا عبدالرحیم ماخوذ مقدمۂ انبالہ کی حقیقی بہن تھیں۔ ان سے تین صاحبزادے ہوئے: (۱) عبدالقدوس (۲) مطیع اللہ اور (۳) امان اللہ۔ عبدالقدوس سرحد آزاد میں بہت محترم مانے جاتے تھے۔ انھوں نے پوری زندگی دعوت و تبلیغ میں گزار دی اور مولانا کی وفات سے صرف چار مہینے بعد ذی قعدہ ۱۳۲۰ھ (فروری ۱۹۰۳ء) میں فوت ہوئے۔ مطیع اللہ اور امان اللہ کے فرزند یکے بعد دیگرے امارت کے منصب پر فائز ہوئے۔ ان کا ذکر آگے آئے گا۔ پہلی اہلیہ کی وفات کے بعد مولانا نے دوسرا نکاح سرحد میں کر لیا تھا۔ اس خاتون سے صاحبزادہ عبدالسّبوح پیدا ہوا۔ مولانا کا عہد امارت تقریباً چالیس سال پر پھیلا ہوا ہے اور جماعت مجاہدین کی سرگزشت کا یہ نہایت شاندار باب ہے۔

ساداتِ ستھانہ کے حالات

یہاں ساداتِ ستھانہ کے حالات بھی اختصاراً بیان کر دینے چاہئیں:

۱۔ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ شہزادہ مبارک شاہ ایک اندوہناک حادثے میں شہید ہوئے اور سیّد شاہ محمود نے ایک معاند گروہ کے ہاتھوں اچانک شہادت پائی۔ خاندان کے یہی روشن چراغ تھے۔ شہزادے کے بال بچے ملکاہی میں مقیم رہے۔ سید شاہ محمود کے اہل و عیال کو مرحوم کے چھوٹے بھائیوں نے سنبھال لیا اور وہ درۂ ستھانہ کے اندر مقیم تھے۔

۲۔ والیٔ امب کا اس خاندان سے قریبی رشتہ تھا، خصوصاً سیّد عمر شاہ اور سیّد شاہ محمود

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے ذاتی تعلقات بہت گہرے تھے۔ سیّد شاہ محمود نے والیٔ اُمب پر ایک احسان بھی کیا تھا یعنی عشرہ کے قریب اپنی خریدی ہوئی زمین بے توقف والیٔ اُمب کے حوالے کر دی تھی، جس سے اسکے مقاصد کو تقویت پہنچتی تھی۔ والیٔ اُمب نے اب چاہا کہ سیّد شاہ محمود کے بال بچوں اور بھائیوں کے بہ اطمینان ستھانہ میں اقامت اختیار کر لینے کا بندوبست کر دے، چنانچہ یہ کوشش ایک حد تک نتیجہ خیز ثابت ہونے لگی۔ اس واقعے نے، جس سے خود سیّد شاہ محمود کے بچوں یا بھائیوں کو کوئی علاقہ نہ تھا، شہزادہ مبارک شاہ کے فرزند سیّد فیروز شاہ کے دل میں یہ خیال پیدا کر دیا کہ سیّد عرشاہ کا خاندان آبائی مسلک کے خلاف انگریزوں سے مل گیا ہے اور بہ طور خود ستھانہ کی پوری اراضی پر قابض ہو جانے کا خواہاں ہے، فیروز شاہ حد درجہ تیز مزاج اور غصہ ور آدمی تھا۔ اس نے اصل حالات کی چھان بین یا حد درجہ قریبی خونی رشتوں سے بالکل بے پروا ہو کر چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا، جن میں سیّد شاہ محمود کے بھائی اور ان کا بڑا بیٹا سیّد شاہ رسول بے دردی سے شہید کر ڈالے گئے۔ صرف ایک شیر خوار بچہ باقی رہ گیا، جسکی ابتدائی تربیت کیا (نزد کھنبل) میں ہوئی۔ پھر تعلیم اور حفاظت کی غرض سے اسے ہندوستان بھیج دیا گیا، یعنی سیّد عبدالجبار شاہ۔

۳۔ سید موصوف کی زندگی کا ابتدائی دور حد درجہ دردانگیز اور الم ناک تھا، لیکن خدا نے اپنی رحمت سے ان کیلئے ترقی و تعالی کے عجیب و غریب اسباب فراہم کر دیئے۔ چنانچہ وہ ریاستِ امب کے وزیر اعظم بنے۔ دو اڑھائی سال صوات کے بادشاہ رہے، ستھانہ کی از سرِ نو آبادی کا انتظام انھیں نے کیا اور خاندان کے تمام جھگڑوں کو مٹا کر جمعیت و یکجائی کا بندوبست بھی کر دیا۔ نیز انھوں نے متعدد تصانیف مکمل کیں، جن میں چار پانچ ایسی ہیں کہ سرحد کے متعلق مفصل تاریخی معلومات کا ان سے بہتر اور گراں تر خزینہ کوئی نہیں۔ سیّد فیروز شاہ فوت ہو گیا تو اس کے بھائیوں اور بچوں نیز خاندان کے دوسرے افراد کو بھی سیّد عبدالجبار نے اپنی سرپرستی میں لے لیا۔ (۱)

(۱) افسوس کہ اس کتاب کی طباعت کے دوران وہ بھی راہیٔ عالمِ بقاء ہوئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

مولانا عبدالکریم

ابتدائی زندگی

مولانا عبداللہ کے بعد مولانا عبدالکریم مجاہدین کے امیر منتخب ہوئے۔ وہ آٹھ نو سال کے تھے، جب اپنے والدِ ماجد مولانا ولایت علی کے ہمراہ سرحد پہنچے تھے۔(۱) بیچ میں ایک مرتبہ ہندوستان واپس آ گئے تھے، جب مولانا عنایت علی امیر مجاہدین تھے اور خاندان کے متعدد افراد کو ان سے اختلاف پیدا ہو گیا تھا۔ ۱۸۶۱ء میں مولانا عبداللہ کے ہمراہ دوبارہ سرحد گئے۔ پھر ان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ وہیں بسر ہوا۔ جنگ امبیلہ سے ۹۸-۱۸۹۷ء کی جنگ تک نیز بعد کی تمام مہموں میں برابر شریک رہے۔ تبلیغی اور تنظیمی مقاصد کے لئے وہ سرحد کے مختلف حصوں میں پہنچے۔ ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ میاں گئی (باجوڑ) بھی گئے تھے، جہاں خاصی دیر مقیم رہے۔

بہرحال مولانا عبداللہ کے بعد وہ امیر مجاہدین بنے تو خدا جانے کیا حالات پیش آئے کہ تھوڑی ہی دیر میں انھیں ٹیلوائی چھوڑ کر نئے مرکز کا انتظام کرنا پڑا اور وہ اسمست میں مقیم ہو گئے، جہاں اب تک جماعتِ مجاہدین موجود ہے۔

---

(۱) حافظ عبدالمجید (ابن مولانا عنایت علی) کی جو یادداشتیں اسمست میں میری نظر سے گذریں، ان میں مولانا عبدالکریم کی تاریخ پیدائش ۱۲۵۷ھ بتائی گئی ہے۔ ایک اور روایت سے معلوم ہوا کہ ان کی پیدائش ۱۲۵۵ھ میں ہوئی۔ بہرحال والد کے ساتھ سرحد آتے وقت مولانا کی عمر آٹھ نو سال یا دس گیارہ سال کی ہوگی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسمست

اسمست برندوندی کے عین کنارے پر واقع ہے، جو بونیر سے نکلتی ہے اور کوہستانی علاقے کے نشیبی مقامات سے گذرتی ہوئی چملہ ندی سے مل کر دریائے سندھ میں گرتی ہے۔ برندو نے اسمست کے مقام پر اردو زبان کے حرف ''د'' کی شکل اختیار کرلی ہے، یعنی اسمست کی زمین میں داخل ہونے تک یہ ندی پہاڑ کی دو دیواروں کے درمیان چلی آرہی ہے۔ ' د ' کے درمیانی گوشے پر پہنچ کر ایک دیوار ذرا پیچھے ہٹ گئی ہے اور اس نے آبادی کے لئے تھوڑا سا خلاء پیدا کر دیا ہے۔ موڑ سے گذر کر تھوڑی دور پر پھر دونوں پہاڑی دیواریں پہلے کی طرح اس قدر قریب آگئی ہیں کہ ندی کے طاس کے سوا ان میں کوئی فصل باقی نہیں رہا۔

اسمست کی آبادی اسی درمیانی خلا میں ہے، آبادی کے آس پاس جو زمین قدرے ہموار ہے اس میں کھیتی باڑی ہوتی ہے۔ اس کے جنوبی حصے میں قبرستان ہے۔ آبادی ندی کی سطح سے تقریباً دو سو فٹ کی بلندی پر ہوگی۔ چونکہ ندی میں زور کا پانی بہت کم آتا ہے اس لئے اس کے کناروں کی زمین میں بھی مجاہدین کھیتی باڑی کر لیتے ہیں اور انھوں نے کچھ پھل والے درخت بھی لگا لیے ہیں۔ اسی حصے میں پن چکیاں بھی ہیں۔ قبرستان سے نیچے ایک میدان ہے، جہاں مجاہدین ایک زمانے میں باقاعدہ پریڈ کیا کرتے تھے۔ غالباً اب بھی کرتے ہیں۔ ندی میں زیادہ پانی اُسوقت آتا ہے جب بارشوں کا زور ہو، ورنہ عموماً بارہ پندرہ گز ہی کے عرض میں پانی بہتا ہے، حالانکہ پورا طاس ڈیڑھ دو سو گز سے کم نہ ہوگا۔

آبادی کی کیفیت

آبادی کے مکان پہاڑی علاقوں کی طرح درجہ بدرجہ اوپر نیچے ہیں۔ تمام مکان دو سو سے کم نہ ہوں گے۔ یہ مختلف حصوں میں بٹے ہوئے ہیں مثلاً:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۔ ان کسانوں کے گھر جو کھیتی باڑی کرتے ہیں اور مجاہدین میں شامل نہیں، یہ مقامی لوگ ہیں۔

۲۔ عیال دار مجاہدین کے گھر۔

۳۔ مجاہدین کی بارکیں جو مختلف جماعتوں کے ناموں سے موسوم ہیں۔

۴۔ گھوڑوں اور خچروں کے اصطبل۔

۵۔ اسلحہ خانہ۔

۶۔ غلّے کا گودام جس میں مکئی، جو، گندم اور چاول کے لئے الگ الگ کوٹھیاں بنی ہوئی ہیں۔

ہر شخص کو خواہ وہ عام سپاہی تھا یا رئیس یکساں مقدار میں جنس ملتی تھی۔

جانور گرمیوں میں آس پاس کی پہاڑیوں پر چر کر پیٹ بھر لیتے ہیں۔ سردیوں کے لیے گھاس کاٹ کر خشک کر لی جاتی ہے۔ پوری آبادی کے گرد ایک دیوار کھنچی ہوئی ہے، جس میں دو دروازے ہیں۔ ایک بڑا دروازہ جس سے عام لوگ آتے جاتے ہیں، یہ جنوبی حصّے میں ہے۔ دوسرا چھوٹا دروازہ جو عیال دار مجاہدین کے مکانوں کے پاس کھلتا ہے، اس کا رخ شمالی سمت میں ہے۔ آبادی سے باہر لیکن اس سے متصل بڑے دروازے کے پاس سادہ سی مسجد ہے۔ اس کے سامنے ایک مکان ہے، جہاں باہر سے آنے جانے والے مسافر ٹھہرتے ہیں۔ آبادی کا رخ مشرق کی طرف ہے اور پشت کی طرف اس سے پیچھے پہاڑی دیوار تدریجاً بلند ہوتے ہوتے پہلی حالت پر پہنچ گئی ہے۔ شمال مغرب میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ پگڈنڈی پر چلتے چلتے آبادی سے تقریباً ایک میل باہر نکل جائیں تو پہاڑ سے دو چشمے نکلتے ہیں، جن کا پانی بہت اچھا ہے۔ پینے کا پانی ایک چشمے سے لیتے ہیں، دوسرے چشمے پر عموماً نہاتے ہیں، لہٰذا اس کے پاس غسل خانہ بنا دیا گیا ہے۔

پشتو زبان میں اسمست غار کو کہتے ہیں، چونکہ اس جگہ پہاڑ میں کئی چھوٹے بڑے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غار بنے ہوئے ہیں، شاید اسی وجہ سے مقام کا نام اسمست پڑ گیا۔ ویسے بھی پہاڑوں کے درمیان اس جگہ کی حیثیت ایک بڑے غار کی سی ہے۔ یہ پرانے اوضاع جنگ کے لحاظ سے خاصا مستحکم تھا۔ موجودہ زمانے کے اسلحہ نے اس کی محفوظیت باقی نہیں چھوڑی۔

مجاہدین کی عام کیفیت

مولانا عبدالکریم نے یہ مرکز ۱۹۰۲ء میں قائم کیا تھا۔ آج کل کی کیفیت پیش نظر رکھ کر پچاس پچپن سال پہلے کے حالات کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔ یہ امر محتاج بیان نہیں کہ مرکز جہاد ہی کی غرض سے قائم ہوا تھا اور اس میں جسمانی راحت کے سامان کم تھے، لیکن یہاں کی آب وہوا خاصی خوش گوار ہے۔ مجاہدین کی کوششوں سے سبزیوں کی کاشت بھی ہونے لگی۔

آبادی میں ہندوستان کے تمام حصوں کے باشندے موجود تھے۔ زیادہ تر مجاہدین بنگال اور بہار کے تھے۔ ان لوگوں کی بے نفسی کا یہ عالم تھا کہ اپنے وطن کے متعلق کسی کو کچھ نہ بتاتے تھے بلکہ بعض اصحاب اپنے نام بھی بدل لیتے تھے تاکہ متعلقین کو کسی ذریعے سے کچھ معلوم نہ ہو سکے اور وہ اطمینان سے رضائے باری تعالیٰ کا حق ادا کر سکیں۔

ایک صاحب سے ملاقات ہوئی، جن کے والد بنگال سے آئے تھے اور سرحد میں شادی کر لی تھی، لیکن انھوں نے اولاد کو اپنے اصل وطن کے متعلق کبھی کچھ نہ بتایا تاکہ ان کے دل میں اہل وطن سے تعلق پیدا کرنے اور واپس جانے کا کوئی امکان نہ رہے۔ ایک بنگالی امیر کا ذکر سنا جو بہت بڑا زمیندار تھا، دو مرتبہ حج کر چکا تھا۔ ہر سال ہزاروں روپے مجاہدین کی خدمت کے لئے بھیجتا تھا۔ پھر اچانک گھر بار چھوڑ کر اسمست پہنچ گیا۔ ہر وقت یہی دعاء اس کی زبان پر رہتی تھی کہ ایسی جگہ موت آئے جہاں اجنبی اقتدار کا سایہ تک موجود نہ ہو، چنانچہ وہ اسمست ہی کی آغوش میں آخری نیند سویا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عہدِ امارت

مولانا عبدالکریم کے عہدِ امارت میں چھوٹی چھوٹی کشمکشیں ضرور ہوئی ہوں گی، جن کی کوئی تفصیل ہمیں معلوم نہیں ہو سکی، لیکن اس زمانے میں ملک کے اندر خاصی سیاسی بیداری پیدا ہو چکی تھی اور ہر قابل ذکر طبقے کی آرزو یہ تھی کہ ملک اجنبی تسلط کے داغ سے پاک ہو جائے۔ گویا سیّد احمد شہید اور ان کے رفقاء و معتقدین نے جس مقصد کا چراغ سوا سو سال پیشتر جلایا تھا، اس کی روشنی عام ہونے لگی تھی۔ وہ کیفیت نہ رہی تھی کہ دردمندوں کا ایک گروہ تنہا اسلامیت و آزادی کے لئے ہر قسم کی قربانیاں کرتا رہے اور عوام کو خبر ہی نہ ہو کہ کیا ہو رہا ہے، یا جو لوگ حالات سے کسی قدر واقف ہوں، ان کے قلب بھی اجنبی حکومت کے خوف سے اس درجہ مرعوب ہو گئے ہوں کہ فدا کارانِ راہِ حق و آزادی کے سایے سے بھی دور بھاگیں۔

ہندوستان کے مسلم عوام میں جوشِ حمیت کی پہلی لہر ۱۸۹۵ء کی جنگِ یونان و ترکی کے دوران میں اٹھی، اسی وقت سے ہمہ گیر احساس کا آغاز ہوا کہ یورپی طاقتیں مختلف حیلوں بہانوں سے مسلمانوں کی آخری بڑی سلطنت کو ختم کر دینے کے درپے ہیں، جو کم و بیش چار سو سال سے حاصلِ خلافت ہونے کے باعث ہمہ گیر عقیدت کا مرکز چلی آتی تھی۔ نیز اسی کو خدمتِ حرمین شریفین کی سعادت حاصل تھی۔ پھر سیاسی بیداری کا دائرہ برابر پھیلتا اور وسیع ہوتا رہا۔ اس کی شدت بھی لحظہ بہ لحظہ بڑھتی گئی۔

پے بہ پے ایسے واقعات پیش آتے رہے، جن سے ان شعلوں کو ہوا ملتی رہی۔ اب صورتِ حال یہ نہ تھی کہ امیر المجاہدین کو مختلف ذریعوں سے کام لے کر امداد حاصل کرنی پڑتی بلکہ خود عام مسلمان حصولِ آزادی کے جوش میں ان مراکز سے وابستگی پیدا کرنے کے لئے کوشاں تھے، جن سے تحریک آزادی کو تقویت پہنچ سکتی تھی۔ اس سلسلے میں مجاہدین

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کا مرکز سب سے پہلے آتا تھا، اس لئے کہ وہ سوا سو سال سے اسلامیت و آزادی کا علمدار چلا آتا تھا۔ نیز وہ ہندوستان سے بہت قریب تھا بلکہ اس کے حواشی پر واقع تھا۔

روابط کی توسیع

پوری تفصیل معلوم نہ ہو سکی، لیکن اس حقیقت میں کوئی شبہ نہیں کہ ہندوستان میں مجاہدین کی امداد کے لئے متعدد ایسے مرکز بن گئے جو پہلے موجود نہ تھے، ان میں روپے اور جانباز آدمیوں کو فراہمی کیلئے سرگرمی سے کام ہوتا تھا، ان کے ذریعے سے سیکڑوں افراد اور ہزاروں روپے سرحدِ آزاد میں پہنچتے تھے۔ اس کام کی تفصیل کتاب کے اس حصّے میں بیان ہوگی جو ملک کی اندرونی سرگرمیوں سے متعلق ہے۔ یہاں صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ مولانا عبدالکریم کو انکے دائرۂ کار کے لحاظ سے روپے اور مجاہدوں کی قلت غالباً کبھی محسوس نہ ہوئی، اگرچہ اتفاقات کی بنا پر انھیں کوئی قابلِ ذکر کارنامہ انجام دینے کا موقع نہ مل سکا۔

۱۹۱۴ء میں جنگِ یورپ شروع ہوگئی، جس میں اکثر اہلِ ملک کی ہمدردیاں دو وجہ سے ان طاقتوں کے لئے وقف تھیں جو انگریزوں کے خلاف برسرِ پیکار تھیں۔ اول اس لئے کہ انگریز ملک پر مسلط تھے اور ان کے تسلّط سے نجات حاصل کرنے کی سہل ترین صورت یہ تھی کہ وہ جنگ میں شکست کھاتے اور شکست کی تمام مصیبتوں کا ہدف بنتے جن کا ہدف وہ مدتِ مدید تک اہلِ ہند کو بناتے رہے۔

دوسری وجہ یہ تھی کہ سلطنتِ عثمانیہ انگریزوں کی مخالف طاقتوں میں شامل تھی اور مسلمان سلطنتِ عثمانیہ کو اس سبب سے بھی اپنی نہایت بیش بہا متاع سمجھتے تھے کہ وہ آخری بڑی اسلامی سلطنت تھی اور اس سبب سے بھی کہ وہ منصبِ خلافت کی حامل تھی اور اسے مذہبی تقدّس کا درجہ حاصل تھا۔ اس زمانے میں مولانا عبدالکریم کو ہندوستان کے مختلف حلقوں سے مستحکم روابط پیدا کرنے کا موقع مل گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہندوستانی لیڈروں سے تعلّقات

مسلمانوں میں بہت سے سیاسی لیڈر بروئے کار آ چکے تھے، جن میں سے بعض کو بلند مرکزی حیثیت حاصل تھی۔ مثلاً مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی، مسیح الملک حکیم اجمل خاں، ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور مولانا ابوالکلام آزاد۔ باقی لیڈروں کی عام حیثیت سیاسی تھی، لیکن مولانا ابوالکلام آزاد نے ''الہلال'' کے ذریعے سے قرآنی دعوت کا سلسلہ ایسے دل پذیر انداز میں شروع کیا تھا کہ وہ سیاسی لیڈر ہونے کے علاوہ وقت کے یگانہ دینی رہنما بھی سمجھے جاتے تھے۔ اور آزادیٔ وطن کی تحریک میں انھیں سبقت کا وہ مقام حاصل تھا، جو عوام کی نظروں میں کسی دوسرے لیڈر کو حاصل نہ تھا۔ مجاہدین کے روابط اگرچہ سب سے تھے، لیکن مولانا ابوالکلام مخصوص دینی حیثیت کے باعث ممتاز ترین درجے پر فائز تھے۔ چنانچہ مولانا عبدالکریم ہر ضروری معاملے کے متعلق مولانا آزاد ہی سے مشورہ لیتے رہتے تھے اور جب کوئی اہم ضرورت پیش آتی تھی تو اپنے خاص قاصد کو بھیج کر اس کی تکمیل کا انتظام کرا لیتے تھے۔ مثلاً ایک موقع پر مجاہدین کو قابل ڈاکٹر کی ضرورت پیش آئی، مولانا آزاد کو یہ اطلاع ملی تو انھوں نے اپنے نیازمندوں میں سے ایک ایسے نوجوان کو بھیج دیا جو ڈاکٹری کی تعلیم کے تمام مراحل طے کر چکا تھا، اگرچہ اس نے آخری سند نہ لی تھی، چنانچہ وہ مدت تک مجاہدین کے پاس رہا۔ پھر کابل چلا گیا اور وہاں سے ہندوستان واپس آیا۔

وفات

مولانا عبدالکریم نے ۲۵ ربیع الاوّل ۱۳۳۳ھ (۱۱ فروری ۱۹۱۵ء) کو بروز پنج شنبہ نماز فجر کے وقت اسمست میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ وہ اس قافلے کے آخری فرد تھے، جس کے سرخیل مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی اور مولانا عبداللہ رہ چکے تھے، ان پر امارت کا وہ مقدّس دور ختم ہو گیا، جس کی ابتدا سیّد احمد شہیدؒ سے ہوئی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بعد میں جو سلسلہ شروع ہوا، وہ سیاسی اور مذہبی لحاظ سے خاصا مختلف اور قدرے فروتر تھا۔ خواہ یہ سمجھ لیا جائے کہ جس فضا میں مولانا عبدالکریم نے تربیت پائی تھی، وہ بعد کے لوگوں کو میسر نہ آسکی، خواہ یہ سمجھ لیا جائے کہ گردوپیش کے حالات میں خاصا تغیر پیدا ہو جانے کے باعث وہ طریقے بدل چکے تھے، جن پر مولانا عبدالکریم اور انکے پیشرو کاربند رہے۔

اولاد اور خاندان

مولانا عبدالکریم کا صرف ایک صاحبزادہ محمد حسن (۱) تھا، جوان کی زندگی ہی میں فوت ہو گیا۔ جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے، ان کے بڑے بھائی مولانا عبداللہ کے چار صاحبزادے تھے، جن میں سے ایک مولانا عبدالقدوس کو یاغستان میں انتہائی ہر دلعزیزی حاصل تھی اور انھوں نے ذی قعدہ ۱۳۲۰ھ (جنوری ۱۹۰۳ء) میں وفات پائی (۲)۔ مولانا عبدالسبوح بھی فوت ہو چکے تھے۔ صرف دو بیٹوں کی اولاد باقی تھی۔ امان اللہ کے فرزند مولانا رحمت اللہ اور مطیع اللہ کے فرزند مولانا نعمت اللہ، آخر الذکر بالاتفاق امیر منتخب ہوئے۔ ان کے حالات آئندہ ابواب میں بیان ہوں گے۔ یہاں اتنا بتا دینا چاہیے کہ مولانا مطیع اللہ (ابن مولانا عبداللہ) کی بعض تصانیف کا بھی علم ہوا، مثلاً:

(۱) اربعین فی ما علی الامیر والتابعین

(۲) احادیث استقامت بعد الہجرۃ

(۳) اربعین فی فضل الجہاد

(۴) دارالفتن سے ہجرت واجب ہے۔

---

(۱) محمد حسن کی تاریخ ولادت ۱۳۰۶ھ (۸۹-۱۸۸۸ء) ہے، تاریخ وفات معلوم نہ ہو سکی۔

(۲) ان کا ایک صاحبزادہ عبدالحسین تھا، جو ایک سال بعد یعنی ۱۳۲۱ھ میں فوت ہوا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

امیر نعمت اللہ

مسلک میں تبدیلی

جیسا کہ گذشتہ باب میں عرض کیا جا چکا ہے، امیر عبدالکریم کی وفات پر نعمت اللہ (بن مطیع اللہ بن امیر عبداللہ) جماعتِ مجاہدین کے امیر منتخب ہوئے، ہمارے سامنے جو بیانات آئے ہیں، ان سے واضح ہوتا ہے کہ انکے عہد میں انگریزی حکومت کے متعلق مسلک میں تغیر رونما ہوگیا۔ اس سے تمام مخلص متوسّلین کے دلوں میں خلش پیدا ہوگئی اور وہ سمجھنے لگے کہ جماعتِ مجاہدین اپنے اصل فرائض و وظائف کی راہ سے ہٹ گئی ہے۔

تبدیلِ مسلک کی کئی شہادتیں موجود ہیں، مثلاً ۲۱-۱۹۲۰ء میں یہاں جماعتِ مجاہدین کے بعض کارکنوں پر مقدمہ قائم ہوا تھا، جس کے تفصیلی حالات آگے چل کر پیش ہوں گے۔ اس میں مختلف اصحاب نے تبدیلِ مسلک کا عذر پیش کرتے ہوئے جماعت کا کاروبار ترک کر دینے کا اعتراف کیا۔ ایک صاحب نے خود مرکز مجاہدین میں پہنچ کر امیر نعمت اللہ سے دریافت کیا کہ آیا واقعی آپ نے انگریزوں سے صلح کر لی ہے؟ امیر نے بتایا کہ صلح تو نہیں کی، البتہ ایسا انتظام کر لیا ہے کہ انگریزی حکومت کے کارندے مجاہدین کے لئے روپیہ لانے، لے جانے والوں کو تنگ نہ کریں، تاہم امیر نعمت اللہ کے مقربین میں سے جو لوگ حقیقتِ حال سے آگاہ تھے، انھوں نے علیحدگی میں مستفسر کو یقین دلا دیا کہ امیر نے واقعی صلح کر لی ہے۔ اس کے ثبوت میں یہ واقعہ پیش کیا گیا کہ شاہ امان اللہ خاں نے دو بم پنجاب پہنچانے کی غرض سے بھیجے تھے۔ امیر نعمت اللہ نے ایک بم اپنے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پاس رکھ لیا اور دوسرے کے ارسال کا انتظام ایسے طریقے پر کیا کہ انگریزی کارکنوں کو بروقت علم ہو جائے۔ چنانچہ یہ بم راستے میں پکڑا گیا اور منزلِ مقصود تک نہ پہنچ سکا۔ گویا ارسال کے ساتھ اس کے پکڑوانے کا انتظام خود امیر موصوف نے کیا۔ (۱)

صلح کی سرگزشت

اس سلسلے میں نہایت اہم اور مستند معلومات سیّد عبدالجبار شاہ ستھانوی کی اس کتاب سے مل گئیں، جس میں انھوں نے صوات کی بادشاہی کے حالات رقم فرمائے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ ۱۹۱۷ء میں دو بڑے واقعات پیش آئے تھے۔

۱۔ مجاہدین میں سے بعض حضرات نتھیاگلی کے علاقے میں مقیم تھے، انھوں نے ریونیو کمشنر کی کوٹھی سے سامان لوٹا۔ والیٔ امب نے اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر یہ پورا سامان واپس کرا دیا۔

۲۔ اسی گروہ کے بعض افراد نے نتھیاگلی کے علاقے میں دو گورے سپاہیوں یا افسروں کو گولی سے ہلاک کر دیا۔ یہ لوگ ریاست امب میں سے گذر کر جا رہے تھے۔ والیٔ ریاست نے انھیں گرفتار کر کے انگریزی حکومت کے حوالے کر دیا۔

ان واقعات کی وجہ سے انگریزی حکومت نے مجاہدین کے خلاف دار و گیر کے انتظامات بہت سخت کر دیئے۔ ویسے بھی یورپ میں جنگ چھڑی ہوئی تھی۔ جرمنی اور ترکی کا ایک وفد کابل میں بیٹھا تھا تاکہ امیر حبیب اللہ خان کو ہم نوا بنا کر ہندوستان پر حملہ کرا دے۔ اس وجہ سے بھی سرحد آزاد میں آنے جانے والے آدمیوں کی شدید نگرانی ہوتی تھی۔ اسی دور میں مجاہدین کے دو کارندے ہندوستان سے دس ہزار روپے کے قریب رقم لے جاتے ہوئے پکڑے گئے۔ (۲)

(۱) یہ ۱۹۲۱ء کے مقدمے کے ملزم مستری ابراہیم وزیر آبادی کا بیان تھا، جو تحقیق احوال کے لئے اسمت گئے تھے۔

(۲) رولٹ رپورٹ میں مرقوم ہے کہ مارچ ۱۹۱۷ء میں دو بنگالی مسلمان گرفتار ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یہ رقم بحقِ سرکار ضبط ہوئی اور کارندے گرفتار کر لیے گئے، اس واقعے کا طبعی نتیجہ یہی ہوسکتا تھا کہ جماعت مجاہدین میں انگریزوں کے خلاف سخت اشتعال پیدا ہوتا۔ چنانچہ انھوں نے انگریزی علاقے پر یورشوں کا فیصلہ کر لیا۔ ساداتِ ستھانہ سے ان کے دیرینہ تعلقات تھے، لہٰذا اس باب میں سیّد عبدالجبار شاہ سے بھی مشورہ ضروری سمجھا گیا، چنانچہ امیر نعمت اللہ نے اس غرض سے مولوی عبدالوہاب سندھی کو صوات بھیج دیا۔ سیّد عبدالجبار شاہ نے فرمایا کہ اعتدال کا مسلک نہ چھوڑنا چاہیے۔

میں ملاکنڈ ایجنسی کی معرفت اصل حقیقت گورنمنٹ برطانیہ پر ظاہر کر دیتا ہوں، چونکہ سر جارج (۱) روس کیپل مجھ سے ذاتی طور پر ناراض ہے، لہٰذا جب میں اپنی طرف سے یہ حالات سنادوں، تب آپ لوگ نواب سر صاحبزادہ عبدالقیوم پر اپنی طرف سے ایسی ہی مشورہ طلبی کا اظہار کریں۔ اصلیت سے وہ واقف ہو چکا ہوگا، اس لئے ان کی وساطت کو رد نہ کرے گا۔ آپ کے قیدیوں اور روپے کو واپس دیدے گا۔ (۲)

سیّد عبدالجبار شاہ کا مکتوب

چنانچہ سیّد عبدالجبار شاہ نے بہ طورِ خود ایک مفصل خط اسسٹنٹ پولٹیکل ایجنٹ چک

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... ہوئے تھے جن کے پاس سے آٹھ ہزار روپے برآمد ہوئے۔ یہ مجاہدین میں شریک تھے، لیکن انھیں اپنے اپنے ضلعے سے سرمایہ فراہم کرنے کے لئے ہندوستان بھیج دیا گیا تھا۔

(سدیشن کمیٹی کی رپورٹ ۱۹۱۸ء انگریزی ص ۱۷۵)

(۱) یہ اس زمانے میں صوبہ سرحد کا چیف کمشنر تھا۔ اسے پٹھانوں میں بہت ہر دلعزیزی حاصل تھی اور انگریزی حکومت سرحدی معاملات میں اسی کی رائے پر عمل کرتی تھی۔ سیّد عبدالجبار شاہ کا مدعا یہ تھا کہ روس کیپل صوات کی بادشاہی کے سلسلے میں میرا مخالف ہے، اگر براہِ راست اسے لکھوں گا تو وہ جوشِ مخالفت کے باعث میری رائے کے خلاف عمل کرے گا۔ اگر میں اپنے طور پر ملاکنڈ ایجنسی کی معرفت صحیح رائے بھجواؤں گا اور صاحبزادہ عبدالقیوم کی طرف سے بھی اس کی تائید ہوگی تو روس کیپل مان جائے گا۔

(۲) شہادت الثقلین، حصہ دوم، قلمی نسخہ ص ۴۴۷۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

درہ کے نام بھیجا، جس میں مجاہدین کی پوری سرگزشت اختصاراً بیان کی۔ ساتھ ہی بتایا کہ زمانہ نازک ہے، ایسے اسباب موجود ہیں جو مجاہدین کو آمادۂ جنگ کرنے کے محرک ہو سکتے ہیں اور اگر جنگ چھڑ گئی تو اندیشہ ہے کہ دوسرے عناصر بھی ساتھ ہو جائیں گے اور حکومت کے لئے سرحد میں ایک نئی مصیبت کھڑی ہو جائے گی۔ مجاہدین کا گزارہ اسی رقم پر ہے جو ہندوستان سے وقتاً فوقتاً پہنچتی رہتی ہے۔ یہ رقم چھن چکی تھی، وہ لازماً برانگیختہ ہو کر مخالفانہ اقدامات کریں گے اور نفیرِ عام کی صورت میں ہزاروں آدمی اور ان کے ساتھ ہو جائیں گے۔ مناسب یہی ہے کہ ان کی ضبط شدہ رقم واپس کر دی جائے اور ان کے قیدی چھوڑ دیے جائیں۔ یہ مشورہ صاحبزادہ سر عبدالقیوم کی طرف سے بھی روس کیپل کے پاس پیش ہوا۔ سیّد عبدالجبار شاہ فرماتے ہیں۔

> میں نے ۱۲ر جون ۱۹۱۷ء کو یہ تحریک کی تھی اور معلوم نہیں کتنے ہفتے یا مہینے بعد وہ سارے مجاہد قیدی بھی رہا ہو گئے اور صلح کا وہی مجوزہ وعدہ بھی ہو گیا۔ ضبط شدہ روپے کے علاوہ غالباً دس ہزار روپیہ سالانہ بھی روس کیپل نے امیر نعمت اللہ کو دلوایا۔ (۱)

صحیح صورتِ حال

ان تفصیلات سے سب کو اتفاق ہو یا نہ ہو، لیکن اس میں شبہ نہیں کہ مصالحت یا مفاہمت کی کوئی نہ کوئی صورت پیدا ہو چکی تھی۔ اغلب ہے امیر نعمت اللہ کا خیال یہی ہو کہ اس طرح ہندوستان سے مالی امداد حاصل کرنے میں کوئی دقت پیش نہ آئے گی اور جو مجاہدین ان کے پاس تھے، وہ قلّتِ تعداد اور بے سروسامانی کے عالم میں کوئی بڑا کارنامہ انجام نہ دے سکتے تھے، ہو سکتا ہے یہ رائے عین خلوص پر مبنی ہو، تاہم ظاہر ہے کہ اصل معاملہ مجاہدین کی تعداد یا سروسامان کا نہ تھا، پیشتر جو دَور گذر چکے تھے، ان میں بھی

(۱) شہادت الشقلین حصہ دوم قلمی نسخہ ص ۴۴۷-۴۵۴۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جماعتِ مجاہدین بہ لحاظ شمار بارہ چودہ سو سے کبھی نہ بڑھی تھی اور اتنے جانباز بہتر سے بہتر سروسامان کے ساتھ بھی ہندوستان کے دامن سے محکومی کا دھبہ نہ دھو سکتے تھے۔

اس معاملے کا دوسرا پہلو یہ تھا کہ جماعتِ مجاہدین ایک سو سال سے ایک خاص مقصد اور خاص نصب العین کی حامل چلی آتی تھی۔ کروڑوں کی آبادی کے اس وسیع جنگل میں جو کراکورم سے راس کماری تک پھیلا ہوا تھا، جماعتِ مجاہدین کے سوا کون سا گروہ تھا جو اجنبی حکومت کی پرچھائیں سے بھی بیزار و متنفر ہوتا؟ امیر نعمت اللہ کے مجوزہ انتظام سے مجاہدین کے لئے اک گونہ سہولت کا بندوبست تو ضرور ہو گیا ہوگا، لیکن اس طرح اس نصب العین کی آبرو کیا باقی رہ سکتی تھی جس کے لئے ہزاروں غیور جانباز سرحدی کوہستانوں میں اپنا خونِ حیات بے دریغ بہاتے رہے۔ ہزاروں نے اہل و عیال اور اعزہ و اقارب سے دائمی مفارقت گوارا کی اور ہندوستان کے طول و عرض سے بے شمار روپیہ ہر سال سرحد پہنچتا رہا۔

مرکز چمرکنڈ

امیر عبدالکریم اور امیر نعمت اللہ کے عہد میں جماعتِ مجاہدین کے لئے ملک بھر کے اندر وسیع پیمانے پر کام ہوا۔ اس عہد میں میرے اندازے کے مطابق پنجاب کو نمایاں تقدم حاصل رہا، جو مجاہدین کے علاقے سے بہت قریب تھا، حالانکہ پہلے یہاں سرگرمیٔ عمل کا کوئی خاص ثبوت نہیں ملتا، اسی زمانے میں مولانا عبدالرحیم، جو سرحد آزاد میں محمد بشیر کے اختیاری نام سے مشہورِ عالم ہوئے، اسمست پہنچے اور انھوں نے پورے یاغستان میں مرکز اسمست کے ماتحت شاخیں قائم کرنے کا قطعی فیصلہ کر لیا۔ چنانچہ سرحد کشمیر سے وزیرستان تک ہر موزوں مقام پر چھوٹے چھوٹے مرکز قائم کر دیے گئے، جن کے مجاہدین کا وظیفہ یہ تھا کہ آس پاس کے قبائل میں جہاد کی روح تازہ رکھیں اور وقتاً فوقتاً انگریزی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

علاقوں پر حملے کراتے رہیں۔ اگرچہ ان حملوں سے کوئی بڑا مقصد حاصل نہ ہوسکتا تھا، تاہم ایک بدیہی فائدے سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا اور وہ یہ کہ انگریزی حکومت جنگِ یورپ کے محاذوں کے علاوہ سرحد پر بھی توجہ جمائے رکھنے کے لئے مجبور ہوتی، نیز ان حملوں سے ہندوستان کی انقلابی تحریک کو یقیناً تقویت پہنچتی۔

ان میں سے چمرکنڈ کا مرکز باقی رہ گیا، جسے مولانا محمد بشیر کی وجہ سے ایسی شہرت حاصل ہوئی کہ جماعتِ مجاہدین کا اصل مرکز بھی اس کے سامنے ماند پڑ گیا۔ اسمست کا نام شاید گنتی کے اصحاب کو معلوم ہو، چمرکنڈ کا نام ہر ایک کی زبان پر تھا۔ اس مرکز کے مفصل حالات آئندہ بیان ہوں گے۔

امیر نعمت اللہ ہی کے زمانے میں لاہور کے کالجوں میں سے طلبہ کی ایک جماعت مرکزِ مجاہدین میں پہنچی، وہ سب سے پہلے افغانستان گئے۔ پھر بعض وہاں سے روس یاترا کی گئے، بعض واپس آکر جماعتِ مجاہدین میں شامل ہوگئے۔ ان کے مفصل حالات موقع پر لکھے جائیں گے۔ نیز سرحد کے طلبہ وہاں گئے۔ ان کے علاوہ عام مہاجرین کی تعداد چار پانچ سو سے کم نہ ہوگی، جو نہ سب کے سب وہاں رہے اور نہ عہدِ ہجرت نباہ سکے۔

مختلف لڑائیاں

امیر نعمت اللہ کے عہد میں بہت سی چھوٹی چھوٹی لڑائیاں بھی ہوئیں، جن میں سے رستم اور چک درہ کی لڑائیاں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ رستم کی لڑائیوں کا سلسلہ حاجی صاحب ترنگ زئی کی تحریک پر شروع ہوا تھا اور مجاہدین نے ان میں سرگرم حصہ لیا تھا۔(۱) ان کی خبریں جماعت کی طرف سے بلیٹن کی شکل میں شائع ہوتی رہیں۔ ایک بلیٹن اتفاق سے مجھے مل گیا، جس کے اقتباسات ذیل میں درج ہیں۔

(۱) مولوی عبدالرزاق کے بیان سے مترشح ہوا کہ ان لڑائیوں میں سب سے بڑا حصہ واقعی مجاہدین کا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۱۔ ۵ر شوال ۱۳۳۳ھ (۶ر اگست ۱۹۱۵ء) کو مجاہدین ہندوستانی سرحد برطانیہ میں گھس گئے اور ایک پہاڑی پر مورچہ بندی کر کے مقیم ہوئے۔ یہ پہاڑی موضع سرخوئی سے ایک میل کے قریب واقع ہے اور تیرہ میل سلطنت برطانیہ کے اندر۔ اس مقام سے قلعہ رستم اور کیمپ آٹھ میل پر ہیں اور دن کو نظر آتے ہیں۔

۲۔ ۹ر شوال ۱۳۳۳ھ (۲۰ر اگست ۱۹۱۵ء) کی شب کو مجاہدین نے کیمپ رستم پر حملہ کیا۔ کیمپ سے برابر مدافعانہ توپوں اور بندوقوں کے فیر ہوتے رہے..... رستم کے باشندوں نے خبر دی کہ برطانیہ کے زخمی سولہ ڈولیوں میں مردان کو روانہ کیے گئے۔ گھوڑوں، اونٹوں اور خچروں کا بہت نقصان ہوا۔

۳۔ ۱۱ر شوال ۱۳۳۳ھ (۲۲ر اگست ۱۹۱۵ء) کی شب کو مجاہدین نے پھر حملہ کیا۔ مدافعت میں بہت سرگرمی سے توپیں اور بندوقیں تمام رات چلتی رہیں۔ رستم کے باشندوں کی زبانی معلوم ہوا کہ چالیس ڈولیاں زخمی سپاہیوں کی مردان گئیں۔

۴۔ ۱۳ر شوال ۱۳۳۳ھ (۲۴ر اگست ۱۹۱۵ء) کی شب کو مجاہدین نے پھر حملہ کیا اور چاہا کہ کیمپ میں گھس جائیں، لیکن چاروں جانب تاروں کا جنگلا لگا ہوا تھا اور خندقیں کھودی گئی تھیں، اس شب کی جنگ میں ایک انگریز افسر مارا گیا۔

۵۔ ۱۴ر شوال ۱۳۳۳ھ (۲۵ر اگست ۱۹۱۵ء) تمام رات بارش ہوتی رہی، نو بجے دن کو برطانیہ نے پانچ ہزار فوج، دو رسالوں اور اکیس توپوں کے ساتھ اچانک تین جانب سے مجاہدین پر حملہ کیا۔ مجاہدین نے جانبین کی پہاڑیاں پکڑ لیں اور گولہ باری ہونے لگی۔ نو بجے سے صبح چار بج گئے۔ آخر میں ایک کرنیل مارا گیا۔ فوج فرار ہو کر قلعہ رستم میں پناہ گزیں ہوئی۔ اس جنگ میں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کوئی اہلِ ملک (مقامی) شریک نہ تھا۔ مجاہدین کے دس شہید اور چھ زخمی ہوئے، برطانیہ کے تقریباً چھ سو مقتول اور زخمی ہوئے۔

اس سلسلے کے تمام بلیغین ہاتھ آجاتے تو سرحدی لڑائیوں کے متعلق ایک مفصل و مستند دستاویز تیار ہو جاتی۔

امیر کی شہادت

امیر نعمت اللہ نے ۱۹۱۷ء میں انگریزوں سے اک گونہ مصالحت کا جو انتظام کر لیا تھا، اس کی وجہ سے صرف مجاہدین ہی میں افسردگی پیدا نہ ہوئی بلکہ ہندوستان کے اندر جو لوگ فراہمی زر اور تیاری مجاہدین میں لگے ہوئے تھے، ان میں سے بھی اکثر اس درجہ متاثر ہوئے کہ انھوں نے اعانت سے دست کشی اختیار کر لی۔ مجاہدین میں اکثر لوگ ایسے تھے جو نہ صرف اعزہ و اقارب سے منقطع ہوئے تھے بلکہ دنیوی اطمینان و فارغ البالی کی امیدوں کے بھی تمام چراغ گل کر چکے تھے۔

جب انھیں امیر کی مصالحانہ روش میں کسی خوشی آیند تغیر کی توقع نہ رہی تو ایک نوجوان نے موصوف کو ختم کر دینے کا فیصلہ کر لیا۔ اس کا خیال یقیناً یہ ہوگا کہ یہ رکاوٹ دور ہو جائے گی تو جہاد کیلئے بہترین صورتیں نکل آئیں گی۔ اس نوجوان کا اصل نام عبدالرشید اور اختیاری نام محمد یوسف تھا۔ وہ ایک خوش حال گھرانے کا چشم و چراغ تھا اور اس کے والد غالباً ضلع مردان میں مدارس کے انسپکٹر تھے۔ محمد یوسف نے شاید بی۔ اے تک تعلیم پائی تھی۔ وہ ان چودہ طلبہ میں سے تھا جو لاہور سے اسمست پہنچے تھے۔ پہلے اپنے رفقاء کے ہمراہ کابل چلا گیا، جہاں امیر حبیب اللہ خاں کی حکومت نے ان سب کو گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا۔ پھر وہ رہا ہوا تو مولانا محمد بشیر اسے کابل سے اپنے ساتھ یاغستان میں لے آئے۔ مولانا اسے اپنے فرزند کے برابر سمجھتے تھے۔ کچھ مدت وہ انھیں کے ساتھ دوروں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں شریک رہا، پھر امیر نعمت اللہ نے اسے اپنا معتمدِ خصوصی بنا لیا۔ اس نے بتاریخ ۲۶ رشعبان ۱۳۳۹ھ (۴ رمئی ۱۹۲۱ء) بروز یک شنبہ چاشت کے وقت امیر نعمت اللہ کو شہید کر ڈالا۔ تفصیل یہ بتائی گئی کہ امیر مرحوم اپنے مردانہ مکان کی چھت پر بیٹھے تھے، تعمیر کے سلسلے میں کوئی ہدایت دینے کے لئے اٹھے اور ایک طرف کو آگے آگے چل پڑے۔ یوسف ان کے پیچھے پیچھے تھا۔ اس نے یکا یک پستول نکالا اور امیر کے سر پر دو یا تین مرتبہ فائر کیے۔ امیر گرے اور اسی وقت جاں بحق ہو گئے۔ شہادت کے وقت ان کی عمر پینتالیس سال کی تھی۔

یوسف بہ اطمینان نیچے اترا۔ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کیا کرنا چاہتا تھا۔ آیا اس کی خواہش یہ تھی کہ جماعت کو اکٹھا کر کے نئے امیر کے انتخاب و بیعت کا انتظام کرائے یا وہ اسمست سے نکل کر کسی ایسے علاقے میں پہنچ جانا چاہتا تھا، جہاں اس پر ہاتھ نہ ڈالا جا سکتا۔ لیکن مکان کے صحن میں مختلف لوگوں نے فائروں سے اسے آناً فاناً ختم کر دیا۔

مولانا محمد بشیر کے متعلق شبہات

مولانا محمد بشیر اس وقت چرکنڈ کی طرف سرحد آزاد میں تنظیم کا کام کر رہے تھے۔ چونکہ انھیں محمد یوسف سے خصوصی تعلق تھا، اس لئے جماعت کے مختلف آدمیوں کے دل میں سوءِ ظن پیدا ہوا کہ وہی واقعۂ قتل کے حقیقی محرک ہیں۔ انھیں امیر مرحوم کی فاتحہ خوانی اور نئے امیر کی بیعت کے سلسلے میں اسمست آنا تھا۔ خیر خواہوں نے مشورہ دیا کہ نہ جائیں مبادا ان پر خواہ مخواہ قتل کا مقدمہ قائم کر دیا جائے۔ انھوں نے فرمایا کہ نہ اپنے متعلق سوءِ ظن کا روادار ہو سکتا ہوں اور نہ آپ لوگوں کے مشورے پر عمل کر کے سوءِ ظن کو یقین کے درجے پر پہنچا دینا میرے لئے مناسب ہے۔ چنانچہ وہ بے باکانہ اسمست گئے اور مطالبہ کیا کہ سب سے پہلے پوری چھان بین کر لی جائے۔ اس طرح انھوں نے خود تحقیقاتی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کمیٹی مقرر کرائی۔ جب وہ ہر لحاظ سے بری الذمہ ثابت ہوئے تو نئے امیر کی بیعت کی۔

خود مولانا محمد بشیر نے کابل میں اس واقعے کا ذکر کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ یوسف بہت ہی جوشیلا نوجوان تھا۔ اسلامیت اور آزادی کے عشق میں وہ ہر قربانی کے لئے تن تنہا تیار رہتا تھا۔ بعض کارکنانِ جماعت نے امیر صاحب کے حالات اس کے سامنے ایسے انداز میں بیان کیے کہ اسے اشتعال آ گیا۔ مولانا فرماتے تھے کہ یوسف کے سامنے صورتِ حال کو اشتعال انگیز انداز میں پیش کرنے والے اصحاب میں ایک مولوی فضل الٰہی بھی تھے۔ معتمد خصوصی کی حیثیت میں اسے غالباً ایسی باتیں معلوم ہوگئی ہوں گی، جن سے دوسروں کے بیانات کی تصدیق ہوتی تھی۔ مولوی عبیداللہ نے ۱۹۲۱ء کے مقدمے میں، جس کا ذکر آگے آئے گا، بیان کیا تھا کہ اکتوبر یا نومبر ۱۹۱۹ء میں مولوی فضل الٰہی کے مکان پر وزیر آباد میں انگریزوں سے امیر صاحب کی صلح کا ذکر ہوا تھا، نیز یہ کہ جو چندہ بھیجا جاتا ہے، مجاہدین پر صرف نہیں ہوتا، پھر خود مولوی عبیداللہ اسمست پہنچے اور امیر صاحب سے یہ سوال کیا۔ انھوں نے اعتراف کیا، صرف ظاہرداری کی صلح کی ہے تاکہ جو چندہ ہندوستان سے آتا ہے اس میں رکاوٹ پیدا نہ ہو، لیکن امیر کاتب (سکریٹری) یعنی یوسف نے علیحدگی میں بتایا کہ امیر کا یہ بیان صحیح نہیں، دراصل اس نے صلح کر لی ہے، عیش میں پڑ گیا ہے اور جہاد کا کام ترک کر دیا ہے۔

غصے اور رنج کا بڑا سبب یہ تھا کہ مصلحت آمیز مصالحت کے باعث نہ صرف جہاد کے کام میں رکاوٹ پیدا ہوئی تھی بلکہ ہندوستان کے اندر نظامِ اعانت کا سلسلہ بھی درہم برہم ہو رہا تھا۔ بہرحال حقیقی اسباب خواہ کچھ ہوں اس رنجیدہ صورتِ حال میں امیر صاحب کی جان بھی گئی، جو بہت بڑے کارناموں کی صلاحیت رکھتے تھے اور ایک پرخلوص نوجوان کی زندگی بھی ختم ہوئی جو ملت کے اہم مقاصد میں بدرجہا بہتر خدمات کا موجب بن سکتا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

امیر صاحب کے شمائل وخصائل

مولوی محمد علی مرحوم قصوری کابل سے نکل کر یاغستان چلے گئے تھے تو چمرکنڈ ہوتے ہوئے اسمست بھی پہنچے تھے۔ انھوں نے امیر نعمت اللہ کو بہت قریب سے دیکھا تھا، لکھتے ہیں:

> مرحوم ایک بھاری بھرکم، خوب صورت، وجیہ اور دراز قامت جوان تھے۔ گفتگو میں نہایت شائستہ، متین اور سنجیدہ۔ بڑے زیرک اور مردم شناس آدمی تھے۔ ان کے خطبات خاصے دل نشین ہوتے تھے، خوب صورت ترشی ہوئی ڈاڑھی، سر پر خوب ستھرے پٹے رکھتے تھے۔ لباس پٹنہ اور یو، پی کا قدیم غرارہ لمبا اور تکمہ دار صدری پہنتے تھے۔ سر پر عمامہ اور ہاتھ میں نفیس چھڑی۔ (۱)

مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ مسلمان امراء ومشائخ کی طرح وہ عورتوں کے بے حد شوقین تھے۔ ایک حافظ صاحب کو اپنی جگہ امام مقرر کر رکھا تھا۔ کبھی کبھار مسجد میں تشریف لاتے تو ایک بندوق بردار سنگین چڑھائے ان کے پیچھے حفاظت کے لئے کھڑا رہتا۔ نماز ہوچکتی تو بندوق بردار امیر صاحب کو زنان خانے میں پہنچا کر واپس آتا اور خود نماز ادا کرتا۔ (۲)

بعض دوسرے مخلص کارکنوں کے بیانات سے بھی ان امور کی تصدیق ہوتی ہے (۳) لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ امیر نعمت اللہ بڑے اچھے خصائص کے حامل تھے۔ انگریزوں سے مصالحت کے باعث رائے عامہ میں ان کے متعلق انقلاب پیدا ہوا، ورنہ امید تھی کہ ان کا عہد جماعت کے لئے بہت خوش گوار ہوتا۔

حافظ عنایت اللہ صاحب (خطیب جامعہ اہل حدیث گجرات) اکتوبر ۱۹۱۵ء میں

---

(۱) مشاہدات کابل ویاغستان ص ۱۰۸۔ (۲) مشاہدات کابل ویاغستان ص ۱۰۸۔

(۳) مثلاً وہ بیانات جو مختلف اصحاب نے ۱۹۲۱ء کے مقدمے میں دیے، ان کا ذکر آگے آئے گا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسمست گئے تھے اور عیدِ قربان کی نماز امیر نعمت اللہ کی اقتدا میں پڑھی تھی۔ انھوں نے دو باتیں بطورِ خاص محسوس کیں، اوّل یہ کہ مرہم پٹی کے لئے کوئی قابلِ ذکر انتظام موجود نہ تھا، دوسرے یہ کہ خاندانِ امارت کے سب اصحاب متاہل تھے، مقامی لوگ بھی شادیاں کر لیتے تھے، لیکن ہندوستانی مجاہدین عموماً تجرد کی زندگی بسر کرتے۔ حافظ صاحب نے ان دونوں باتوں کے متعلق امیر صاحب کو توجہ دلائی، مگر کوئی اطمینان بخش جواب نہ ملا۔

اولاد

امیر نعمت اللہ کی شادی ان کے عمِ محترم مولانا امان اللہ کی صاحبزادی حکیمن بانو سے ہوئی تھی، جو ان کے جانشین امیر رحمت اللہ کی حقیقی بہن تھی۔ تین صاحبزادے یادگار چھوڑے، برکت اللہ، صبغت اللہ اور آیات اللہ۔ امیر کی وفات کے وقت تینوں بہت چھوٹے تھے۔ بڑے صاحبزادے برکت اللہ کا نکاح امیر رحمت اللہ کی دختر رضیہ سے ہوا، ان کے بڑے بیٹے کا نام نور الہدیٰ ہے۔ آگے چل کر جماعتِ مجاہدین نے ''المحرض'' اور ''المجاہد'' کے نام سے جو اخبار یکے بعد دیگرے جاری کیے، ان پر نور الہدیٰ کا نام بطور مدیر لکھا جاتا تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

کابل میں ترکی اور جرمن وفد

جرمنوں کی امیدیں

جرمنوں میں جب سے یہ خیال پیدا ہوا کہ وہ سلطنت برطانیہ کی جگہ لے لیں اور اپنے تجارتی وسیاسی روابط کو عالمگیر بنادیں، اسی وقت سے وہ ہندوستان کی سیاسی سرگرمیوں کو بھی اپنی خاص امید گاہ سمجھنے لگے تھے۔ تقسیم بنگال کے بعد یہاں دہشت انگیزی کا خاصا خطرناک دور شروع ہو گیا تھا۔ اسے پیش نظر رکھتے ہوئے جرمنی کے مشہور جرنیل اور مصنف فان برن ہارڈی نے ۱۹۱۱ء میں لکھا تھا کہ امید ہے، بنگال کے ہندو جن کی سیاسی سرگرمیاں عالم آشکارا ہیں، اپنے مسلمان ہم وطنوں سے اتحاد کرلیں۔ ان عناصر کے اتحاد سے ایک ایسا خطرہ صورت پذیر ہو جائیگا جو انگلستان کے تسلط کی بنیادیں ہلا سکتا ہے۔

حریت پرست ہندوستانیوں نے امریکہ اور یورپ کے مختلف ملکوں میں بیٹھ کر آزادیٔ وطن کے لئے کوششیں شروع کر دی تھیں۔ ان میں سے لالہ ہردیال ایم۔ اے کی ''غدر پارٹی'' کو خاصی شہرت حاصل ہوئی۔ پہلی جنگِ یورپ کے آغاز پر ایک شخص چمپا کرمن پلّائے زیورچ میں مقیم تھا۔ اس نے جرمنی میں ایک انجمن قائم کی، جس کا نام ''انڈین نیشنل پارٹی'' رکھا۔ لالہ ہردیال ایم۔ اے، مولانا برکت اللہ بھوپالی، ڈاکٹر تارک ناتھ داس، چندرا کے چکرورتی، ہرمبالال گپتا وغیرہ اس میں شریک ہو گئے۔ یہ جرمنی کی وزارتِ خارجہ سے وابستہ تھے۔ ان کی سرگرمیوں کے مفصل حالات پیش نظر موضوع سے خارج ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہندوستان میں ہنگامے کی تدبیریں

پہلی جنگِ یورپ کے دوران میں جرمنوں کی خواہش یہ تھی کہ کسی تدبیر سے ہندوستان میں ہنگامہ بپا کر دیں تاکہ انگریز ہندوستان سے باطمینان سپاہ بھرتی کر کے بیرونی محاذوں پر بھیجنے کے بجائے خود وہاں کے ہنگامے میں الجھ جائیں۔ اس مقصد کے لئے دو منصوبے مرتب کیے گئے۔ ایک یہ کہ ان بنگالیوں کو زیادہ سے زیادہ اسلحہ پہنچا دیے جائیں جو دہشت انگیز سرگرمیوں میں مشغول تھے۔ یہ عموماً ہندو تھے اور اِن کا اثر ورسوخ بھی ہندوؤں ہی تک محدود تھا۔ دوسرا منصوبہ یہ تھا کہ افغانستان سے ہندوستان پر حملہ کرادیں نیز یاغستانی قبائل کے لئے فوجی تربیت اور اسلحہ کا انتظام کر دیں۔ اس طرح ہندوستان کی شمالی ومغربی سرحد پر خونریز جنگ کی طرح ڈال دیں۔

بنگال میں اسلحہ پہنچانے کی کوشش

بنگال میں اسلحہ پہنچانے کے منصوبے کو لباسِ عمل پہنانے کا کام بٹاویہ، بنکاک اور شنگھائی کے جرمن قونصلوں سے متعلق تھا۔ چنانچہ انھوں نے فیصلہ کیا کہ ایک جہاز میں تیس ہزار بندوقیں، بے شمار کارتوس اور دو لاکھ روپیہ بھیجا جائے اور یہ جہاز خلیج بنگال کے ان جزیروں میں لنگر انداز ہو، جو نواکھالی کے قریب میگھنا دریا کے دہانے پر واقع ہیں۔ بنگالیوں کی انقلابی پارٹی نے فیصلہ کر لیا کہ جہاز کے پہنچتے ہی ہتھیار اپنے کارکنوں میں تقسیم کر دیں۔ ان ریلوں کے تمام پُل توڑ دیں، جو مختلف صوبوں سے بنگال پہنچتی تھیں۔ اس طرح بنگال کو باقی ہندوستان سے منقطع کر کے اس پر قابض ہو جائیں۔ پھر جرمنی سے فوجوں اور اسلحہ کی بہم رسانی باقاعدہ شروع ہو جائے۔

جرمنوں نے غالباً تین مرتبہ اسلحہ پہنچانے کی کوشش کی، لیکن سوءِ اتفاق سے تینوں کوششیں ناکام رہیں۔ اس اثناء میں سازش کا سراغ مل گیا اور وہ بنگالی گرفتار ہو گئے یا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مارے گئے، جو اسلحہ اتروانے کے ذمہ دار تھے۔ انگریزی حکومت نے پورے ساحلی علاقے میں ایسے انتظامات کر دیے کہ کوئی جہاز ہندوستان تک پہنچ ہی نہ سکتا تھا۔ ایک جہاز میں تھوڑا سا سامان آیا، وہ راستے ہی میں پکڑا گیا۔ (۱)

تبصرہ

یہ منصوبہ بہ لحاظِ تجویز بھی خام تھا اور اس کے لئے جو تنظیمات کی گئیں وہ بھی سراسر ناقص تھیں۔ سمندروں پر برطانوی بیڑے کو جو تسلط حاصل تھا اسے پیش نظر رکھتے ہوئے اسلحہ سے بھرا ہوا جہاز پہنچایا ہی نہ جا سکتا تھا۔ اگر جہاز پہنچ بھی جاتا تو خفیہ خفیہ اسلحہ کی اتنی بڑی مقدار اتاری نہ جا سکتی تھی۔ منصوبہ کامیاب ہو جاتا تو جب بھی بیس تیس ہزار بندوقوں اور ریوالوروں سے کچھ نہ بنتا۔ سرسری ہنگامہ تو ضرور پیدا کیا جا سکتا تھا، لیکن یہ امید نہ ہو سکتی تھی کہ منظم جنگ کرنے والوں کی بڑی جماعت مہیا کی جا سکے گی۔ بے شبہ انقلابیوں میں بڑے بڑے جانباز موجود تھے، لیکن ان کے نام انگلیوں پر گنے جا سکتے تھے۔ انھیں اپنے جیسے جانباز زیادہ تعداد میں نہ مل سکتے تھے، حقیقت یہ ہے کہ جرمنوں پر اضطرار کی حالت طاری تھی اور وہ نتائج کی طرف سے آنکھیں بند کر کے صرف اس کوشش میں لگے ہوئے تھے کہ کہیں نہ کہیں ہنگامہ پیدا ہو جائے تاکہ برطانیہ کی توجہ یورپ کے میدانوں سے دوسری طرف منتقل ہو۔ غرض یہ منصوبہ اصلاً بھی غیر موثر تھا اور اسے پورا کرنے کے لئے ٹھیک ٹھیک کوششیں بھی نہ ہو سکیں۔

ترکی اور جرمن مشن

اس سے بدرجہا زیادہ معقول و موثر منصوبہ وہ تھا جس کا تعلق افغانستان اور یاغستان

(۱) جرمن کوششوں کی تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو سیڈیشن کمیٹی کی رپورٹ ص ۱۱۹-۱۲۵۔ یہ عام طور پر رولٹ رپورٹ کے نام سے مشہور ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے تھا۔ اسے کامیاب بنانے کے لئے جرمنوں اور ترکوں کا ایک وفد کابل پہنچا۔ فان ہن ٹیگ (Von Hentig) جرمن وفد کا سرخیل اور قیصر جرمنی کا نمائندہ تھا۔ کاظم بے ترکی وفد کا قائد تھا، جسے سلطان محمد خامس عثمانی نے بحیثیت خلیفۃ المسلمین اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا تھا۔ ان کے ساتھ کچھ ہندوستانی اصحاب بھی تھے، مثلاً راجا مہندر پرتاپ، مولانا برکت اللہ بھوپالی (۱) کچھ فوجی افسر بھی تھے، جنھیں یاغستان میں عسکری تربیت کی غرض سے ساتھ لے لیا گیا تھا۔ فوجی افسروں میں ترکوں کے علاوہ پٹھان بھی تھے، جو فرانس کے جنگی میدانوں سے بھاگ کر جرمنوں کے پاس پہنچے تھے یا جرمنوں کے ہاتھ اسیر ہو گئے تھے۔ نمائندہ قیصر کا وظیفہ یہ تھا کہ امیر حبیب اللہ خاں والیٔ افغانستان کو آلات واسلحہ، فوج اور زر و مال کی زیادہ سے زیادہ امداد کا یقین دلائے۔

خلیفۃ المسلمین کے نمائندے کی ممتاز حیثیت مذہبی تھی وہ افغانستان کے امیر، وہاں کے باشندوں اور یاغستانی قبائلیوں کی مذہبی اور دینی حمیت کو بیدار کرنا چاہتا تھا۔ یاغستان میں منظم ترین جماعت مجاہدین کی تھی، جو دینی اور سیاسی دونوں حیثیتوں کی حامل تھی اور جو مجاہدانہ سعی کو کم سے کم وقت میں زیادہ کامیاب بنا سکتی تھی۔ یہ مشن اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتا اور والیٔ افغانستان انگریزوں کے خلاف اعلانِ جنگ کر کے ہندوستان پر حملہ کر دیتا تو کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ نتیجہ کیا نکلتا، لیکن اس حقیقت میں شبہ نہیں کہ اس وقت ہندوستان میں فوجی قوت گیارہ ہزار یا پندرہ ہزار سے زیادہ نہ تھی اور افغانوں یا یاغستانیوں

(۱) مولانا اصلاً فتح پور کے باشندے تھے، بسلسلۂ تعلیم بھوپال گئے، اس لئے بھوپالی مشہور ہوئے، خود بھی اپنے آپ کو بھوپالی لکھتے تھے۔ قرآن مجید اور صحاح ستہ کے حافظ تھے۔ بمبئی میں میٹرک تک انگریزی پڑھی پھر تبلیغ اسلام کے جوش میں انگلستان چلے گئے، وہاں سے امریکہ پہنچے۔ ٹوکیو یونیورسٹی میں اردو کے پروفیسر رہے۔ ہر مقام پر تبلیغ اسلام، مسلمانوں کی تنظیم اور آزادیٔ وطن کے لئے کوشاں رہتے تھے۔ امیر حبیب اللہ خاں نے انھیں بہ اصرار اپنے پاس رکھا، پھر روس چلے گئے، لینن ان کی بڑی عزت کرتا تھا۔ وہاں سے جرمنی، فرانس اور سوئٹزرلینڈ میں رہے، آخر کیلی فورنیا جا کر وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کو اسلحہ مل جاتے تو یقیناً یہاں حد درجہ نازک صورتِ حال پیدا ہو جاتی۔ اب اس پوری داستان کی حیثیت محض ''کاشکے'' کی ہے اور خدا جانے تاریخ میں ایسے کتنے ''کاشکے'' موجود ہیں:

یک کاشکے بود کہ بہ صد جا نوشتہ ایم

افغانستان کی فضا

اس وقت افغانستان کی فضا مشن کی کامیابی کے لئے سازگار نہ تھی۔ حبیب اللہ خاں مرحوم فرمانروائے افغانستان طبعاً بھی عزم و ہمت کا آدمی نہ تھا نیز اس نے اپنی زندگی کا سانچا اس نوع کا بنا لیا تھا کہ کسی ایسے اقدام کی چنداں امید نہ ہو سکتی تھی جس میں ہر قدم پر محنت، مشقت، جفاکشی، جانبازی یا چرچل کے تاریخی الفاظ کے مطابق ''خون'' اور ''آنسوؤں'' کو قبول کیے بغیر چارہ نہ تھا۔ بے شک اس اقدام کے ساتھ افغانستان کے لئے بہتری کی توقعات وابستہ کی جا سکتی تھیں، اس کے علاوہ صرف ہندوستان ہی نہیں بلکہ پورے ایشیاء کو انگریزوں کے تسلط سے نجات دلا دینے کے امکانات بھی موجود تھے، لیکن ایسے منصوبوں کو وہی جوانمرد کامیاب بنا سکتے ہیں جو:

یا تن رسد بہ جاناں یا جاں زتن برآید

کے مسلک پر عمل پیرائی کے خوگر ہوں، عشق اور بوالہوسی میں فرق و امتیاز کا مقام یہی ہے۔ غالبؔ کیا خوب کہہ گیا ہے:

با رقیباں ہم نشینم، اما دعویٰ گاہ شوق
مردن است از ما وزیں جنسِ گرانجاں زیستن

جہاں زندگی کی محبت مقاصد پر غالب آ جائے، وہاں کسی اقدام سے گراں قدر نتائج کی امید کیوں کر کامیاب ہو سکتی ہے؟

www.BestUrduBooks.wordpress.com

امیر حبیب اللہ خاں کے بھائی سردار نصر اللہ خاں کے دل میں انگریزوں کی مخالفت کا جذبہ موجود تھا، لیکن وہ بیچارا تنہا کیا سکتا تھا۔ مولانا محمد بشیر نے امیر سے بات چیت کر کے اسے ایک حد تک عمل و حرکت پر آمادہ کر لیا تھا، بلکہ وہ امیر کے لئے آزاد قبائل کے سرداروں اور ملاؤں سے بیعت نامے بھی حاصل کرلائے تھے تاہم پورے معاملے کی حیثیت ایسی تھی جیسے کسی کو بزور کھینچ کر اندر سے باہر لانے کی کوشش کی جائے۔ تھوڑی دیر تک امید بندھی رہی کہ کاروبار حسبِ مراد ہو رہا ہے، پھر یکا یک ایسے اسباب پیدا ہو گئے یا پیدا کر دیے گئے کہ امیر کی بہانہ جو اور استراحت دوست طبیعت سہارا پا کر آسودگی کے لئے وقف ہو گئی۔

اقدام کی شرط

امیر ہندوستان پر حملے کے لئے تیار ہوا تو اس نے یہ شرط پیش کر دی کہ حملے سے پہلے انڈین نیشنل کانگریس سے معاہدہ ہو جانا چاہیے اور اس کام کے لئے مولانا محمد علی یا اجمل خاں یا پنڈت موتی لال نہرو یا اس پایے کے کسی دوسرے ہندوستانی لیڈر کو کابل آنا چاہیے۔ (۱) یہ شرط اصولاً ہر اعتبار سے معقول اور درست تھی۔ اگر ہندوستان کی کوئی ایسی جماعت امیر کا ساتھ دینے پر ہمہ تن آمادہ نہ ہو جاتی، جسے یہاں کی بہت بڑی اکثریت کا اعتماد حاصل ہوتا تو افغانوں کا ہر اقدام خطرناک پیچیدگیوں کا باعث ہو سکتا تھا، لیکن ظاہر ہے کہ اوّل دورانِ جنگ میں ایسی کوئی شرط امیر کی خواہش کے مطابق پوری نہ ہو سکتی تھی۔ دوم ایسی شرطوں کی تکمیل پر وسیع جنگی اقدامات کو موقوف رکھنا سراسر غیر معقول تھا، البتہ میدانِ عمل میں اترنے اور کام کا ایک حصہ پورا کر لینے کے بعد حسب صوابدید معاہدے کیے جا سکتے تھے۔ سوم مقصد یہ نہ تھا کہ افغانستان ہندوستان پر قابض ہو جائے۔ مقصد

(۱) مشاہداتِ کابل و یاغستان ص ۳۲۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صرف یہ تھا کہ ہندوستان کیلئے آزادی کا بندوبست ہو جائے اور آزاد ہندوستان افغانستان کیلئے بدر جہا زیادہ مفید ہوسکتا تھا۔

حکومت موقّتہ کا قیام

اس زمانے میں متعدد ہندوستانی کابل پہنچے ہوئے تھے، جو مختلف ذریعوں سے امیر کو حرکت میں لانے کیلئے کوشاں تھے، مثلاً مولانا محمد بشیر جو جماعتِ مجاہدین کے وکیل اور نمائندے تھے۔ مولوی محمد علی قصوری جنھوں نے صرف مقاصد اسلامیت و آزادی کو پیش نظر رکھ کر حکومت افغانستان کی ملازمت اختیار کی تھی۔ مولانا عبیداللہ سندھی جنھیں حضرت شیخ الہند مرحوم نے جہاد آزادی کو تقویت پہنچانے کی غرض سے کابل بھیجا تھا۔ مولانا عبید اللہ کے علاوہ مولانا منصور انصاری اور مولانا سیف الرحمٰن بھی اسی مقصد کیلئے بھیجے گئے تھے۔ راجا مہندر پرتاپ اور مولانا برکت اللہ بھوپالی خود وفد کے ساتھ آئے تھے۔ نیشنل کانگریس سے معاہدے کی کوئی شکل بنتی نظر نہ آئی تو ان اصحاب نے سوچا کہ ہندوستانیوں کی ایک عارضی حکومت بنالینی چاہیے اور وہ افغانستان سے معاہدہ کر کے امیر حبیب اللہ خاں کو ہندوستان پر حملے کی دعوت دیدے۔

اس عارضی حکومت میں راجا مہندر پرتاپ کو صدر بنایا گیا۔ مولانا برکت اللہ بھوپالی وزیر اعظم مقرر ہوئے۔ مولوی قصوری کو وزارت خارجہ کا منصب سونپا گیا۔ مولانا محمد بشیر کو وزارت دفاع پر مامور کرنے کے علاوہ یاغستان سے لشکر تیار کرنے کا ذمہ دار بنادیا گیا اور حملے کی ایک منظم اسکیم تیار کرلی گئی۔ (۱) مولانا عبید اللہ فرماتے ہیں کہ حکومت موقتہ میں

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان ص ۳۴۔ مرحوم عبدالرحمٰن صدیقی نے جو شرقی پاکستان کے عارضی گورنر بھی رہے تھے لکھا ہے کہ اس سے پیشتر ایک عارضی حکومت برلن میں بھی قائم ہوئی تھی، جس میں مولانا برکت اللہ کو وزیر خارجہ بنایا گیا تھا۔ نیز جرمن اور ترکی وفد عراق ایران کے راستے آیا تھا۔ ایک مقام پر معلوم ہوا کہ شمال سے روسی فوجیں اور جنوب سے انگریزی فوجیں بڑھ رہی ہیں اور بیچ میں فاصلہ اس قدر کم رہ گیا ہے کہ وفد ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہندوستانیوں کے علاوہ ترک اور جرمن بھی شریک تھے۔(۱) یہ بات سمجھ میں نہ آئی کہ ترکوں اور جرمنوں کی شرکت کس لحاظ سے مناسب تھی؟

منصوبہ ختم

امید کی کلیاں پھر شگفتہ ہوگئیں۔ امیر نے کارگاہ اسلحہ کے تمام انگریز ملازموں کو برطرف کر دیا۔ یہ پہلا قدم تھا۔ اس اثناء میں انگریز بھی سرگرم عمل رہے۔ انھوں نے ایک بہت بڑے پیر کو ہم نوا بنا لیا، جسے افغانستان میں وسیع اثر ورسوخ حاصل تھا بلکہ خود امیر بھی اسی کا معتقد تھا۔ امیر نے غالباً دعائے خیر کیلئے ہندوستان پر حملے کے منصوبے کا ذکر کیا۔ پیر نے کہا کہ ٹھہرو، میں تین دن بعد استخارہ کرنے کے بعد جواب دوں گا۔ چوتھے روز بتایا کہ ہندوستان پر حملہ افغانستان کیلئے تباہی کا موجب ہوگا۔(۲) اس کے ساتھ ہی سب کچھ ختم ہوگیا، گویا مشن کامیاب ہونے کی کوئی صورت باقی نہ رہی۔

کہا جاتا ہے کہ اس کارکردگی کے صلے میں انگریزوں نے پیر صاحب کو پچاس لاکھ روپے دیے اور امیر حبیب اللہ خاں کو آٹھ کروڑ روپے کا لالچ دیا گیا۔(۳)

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... افغانستان نہ پہنچ سکے گا۔ مولانا برکت اللہ نے کسی رہبر کی امداد کے بغیر صرف ستاروں کو دیکھ دیکھ کر رہنمائی کی اور رات کی تاریکی میں خطرناک حصے سے وفد کو نکال لائے۔ وہ ساتھ نہ ہوتے تو وفد کبھی افغانستان نہ پہنچ سکتا۔ (ملاحظہ ہو رسالہ ''اردو'' بابت جولائی ۱۹۴۱ء۔ مولانا برکت اللہ پر مقالہ)۔

راجا مہندر پرتاپ کے بیان کے مطابق وہ خود اس وقت تک کے لئے صدر مقرر ہوئے جب تک کانگریس حکومت نہ بنالے۔ مولانا برکت اللہ وزیراعظم اور مولانا عبیداللہ سندھی وزیر داخلہ بنائے گئے۔

(میری داستانِ حیات انگریزی ص ۵۱)

(۱) کابل میں سات سال، ص ۲۱۔

(۲) مشاہدات کابل و یاغستان ص ۳۴۔ افسوس کہ مولوی صاحب نے اس پیر کا نام نہیں لکھا اور ایسے معاملات میں قیاس آرائی قطعاً غیر مناسب ہے۔ مولانا عبید اللہ سندھی کے ایک بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت صاحب چالو دماغ تھے جنھیں اس کام کیلئے مکہ معظمہ سے بلایا گیا تھا۔ (مولانا عبیداللہ کی ذاتی ڈائری)

(۳) مشاہدات کابل و یاغستان ص ۳۵۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اگر یہ درست ہے تو اس پر تعجب نہ ہونا چاہیے۔ ساڑھے آٹھ کروڑ روپے اتنے بڑے کام کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہ رکھتے تھے۔ اگر افغانستان حملہ کر دیتا اور لڑائی چھڑ جاتی تو اس سے بدرجہا زیادہ رقم حفظ و دفاع کی تدبیروں میں صرف ہو جاتی، جانی نقصان اس کے علاوہ ہوتا۔ یہ بھی غیر اغلب نہ تھا کہ ہندوستان انگریزوں کے ہاتھ سے نکل جاتا اور گزشتہ چالیس سال کی تاریخ بالکل دوسرے رنگ میں لکھی جاتی۔

مولانا عبید اللہ کا بیان

مولانا عبید اللہ مرحوم نے جرمن اور ترکی مشن کی ناکامی کے بعض دوسرے پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ مثلاً:

۱۔ جرمن اور ہندوستانی ممبر آپس میں یکجہتی قائم نہ رکھ سکے، جو ایسی مہمات کے لئے ضروری ہے۔

۲۔ ہندوستانی ممبر سارا الزام جرمنوں پر تھوپتے تھے، جرمن ممبر شکایت کرتے تھے کہ برلن اور استنبول میں جو سبز باغ دکھائے گئے تھے، ان کا عشر عشیر بھی یہاں نظر نہیں آتا۔

۳۔ مشن کا جو مقصد تھا، اس کے مطابق تیاری نہ کی گئی۔

۴۔ مولانا نے راجا مہندر پرتاپ کو بعض کوتاہیوں کی طرف متوجہ کیا تو انھوں نے کہا کہ جرمن چانسلر نے بھی توجہ دلائی تھی اور میرے لئے آسانی پیدا کرنی چاہی تھی، مگر میں نے خلافِ شان سمجھ کر انکار کر دیا۔ (۱)

ان امور پر بحث کی ضرورت نہیں، بنیادی چیز وہی ہے جس کا ذکر اوپر آچکا ہے، یعنی امیر حبیب اللہ خاں کی بے عزمی اور تن آسانی۔ اگر یہ چیز حائل نہ ہوتی تو نہ جرمنوں اور ہندوستانیوں میں اختلاف پیدا ہوتا اور نہ وہ ایک دوسرے کو ملزم قرار دینے کیلئے مضطرب ہوتے۔

(۱) کابل میں سات سال، ص ۵۲، ۵۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا عبید اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ راجا مہندر پرتاپ دراصل ہندو مہاسبھا سے وابستہ تھے۔ وہ صرف اس غرض سے ساتھ آئے تھے کہ اگر افغانستان جرمنی اور ترکی کے اتحاد میں شامل ہونے کا قصد کرے تو اسکی اطلاع پنڈت مدن موہن مالوی کو ہو جائے، نیز جہاں تک ممکن ہو ہندوستان کی سرحد سے افغانی حملے کی مصیبت کو ٹالا جائے اور جو پوزیشن امیر افغانستان کی ہو وہی مہاراجا نیپال کو دلائی جائے۔

ممکن ہے مولانا کا تاثر بالکل درست ہو، لیکن اس صورت میں صحیح راہِ عمل یہ تھی کہ وفد کو افغانستان لایا ہی نہ جاتا، کہہ دیا جاتا کہ افغانوں سے کوئی تعلق پیدا ہی نہ کرنا چاہیے اور یہ بہت آسان تھا۔ خود وفد کو افغانستان لا کر نا کام واپس لے جانا راجا مہندر پرتاپ یا کسی دوسرے ہندو کارکن کیلئے باعثِ عزت نہ تھا۔ مولانا نے تو یہ بھی لکھ دیا ہے کہ برلن کی ''انڈین نیشنل پارٹی'' نے اپنی ہندو تحریک کو ہندوستانی تحریک کا رنگ دینے کی غرض سے مولانا برکت اللہ کو برائے نام اس میں شریک کر لیا تھا، لیکن مولانا برکت اللہ اتنے سادہ لوح نہ تھے کہ اپنے ہندو رفیقوں کی فرقہ پرستی کیلئے دامِ فریب پر دہ بننا گوارا کر لیتے۔

مولانا ایک اور مقام پر فرماتے ہیں کہ وفد امیر حبیب اللہ کو جنگ میں شامل کرنا چاہتا تھا اور امیر کو انگریزوں نے بہت سی مراعات کی امید دلا رکھی تھی، نیز ارکانِ وفد کے سامنے کوئی تسلی بخش پروگرام نہ تھا اور امیر کا باہمی اختلاف سب باتوں پر مستزاد ہوا۔ مستقبل ہند کے متعلق ہمارے نظریات چونکہ مشن کے ممبروں سے پوری طرح نہ ملتے تھے، اس لئے ہمیں دربار میں جلدی بڑھنے کا موقع مل گیا۔ حکومت نے مشن کے ممبروں کو آخری جواب دینے سے پہلے ہمیں ان سے ملنے کے سامان بہم پہنچا دیے اور اس طرح ان کے خواب کو مختلف تعبیرات سے پریشان کرنے کی کوشش کی گئی۔ (۱)

(۱) ''کابل میں سات سال'' ص ۶۰۔ اس کا مطلب صرف یہ ہو سکتا ہے کہ ہندوستان کے متعلق مولانا کا نظریہ چونکہ وفد سے مختلف تھا، لہٰذا امیر افغانستان کی نظروں میں مولانا کا اعتبار بڑھ گیا اور انھوں نے اپنے نظریے کی بناء پر ارکانِ وفد سے ملاقاتیں کیں تو ان کا منصوبہ درہم برہم ہو گیا۔ مولانا زندہ ہوتے تو اپنے اس ارشاد کی تشریح فرماتے۔ اب اسے بشکل موجودہ قبول کر لینے کے سوا چارہ نہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اعلاناتِ جہاد

فان ہن تیگ تو ناکام واپس چلا گیا، لیکن خلیفۃ المسلمین کے نمائندے محمد کاظم بے نے مسلمانوں کے مختلف گروہوں کیلئے اعلاناتِ جہاد مرتب کرا دیے تھے جن پر محمد کاظم کے علاوہ مولانا برکت اللہ نے بھی شیخ الاسلام ترکیہ کے وکیل کی حیثیت میں دستخط کیے تھے۔ تمام اعلانات تو نہ مل سکے، لیکن جو اعلان باشندگانِ یاغستان کیلئے تیار کیا گیا تھا، وہ ان کاغذات میں مل گیا جو مولانا محمد بشیر نے ۱۹۳۴ء میں بہ مقام کابل میرے حوالے کیے تھے۔ چونکہ اس میں یاغستان کے بعض متفرق واقعات کا بھی ذکر ہے اور اس کی فارسی میں بھی یاغستانی وافغانی انداز نمایاں ہے، اس وجہ سے خیال ہوتا ہے کہ خود مولانا محمد بشیر اور بعض دوسرے یاغستانی کارکن اس کی ترتیب میں شریک رہے۔ یہ ایک اہم تاریخی دستاویز ہے، جسے موجودہ و آئندہ نسلوں کیلئے بہ طور یادگار محفوظ رہنا چاہیے۔ لہٰذا میں نے اسے ضمیمہ باب کے طور پر مع ترجمہ شاملِ کتاب کر دیا ہے۔

ضروری تصریحات

اس اعلان میں بعض یاغستانی واقعات کی طرف اشارے ہیں، جن کے متعلق سرسری توضیح ضروری ہے۔ خیری بے ایک ترکی افسر تھے، جنھیں یاغستانی قبائل کی تنظیم اور عسکری تربیت کیلئے بھیجا گیا تھا۔ جو طلبہ فروری ۱۹۱۵ء میں ہجرت کر کے گئے تھے، ان میں ایک صاحب محمد حسن بھی تھے، جو ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ بعد ازاں انھوں نے ''محمد یعقوب'' نام اختیار کر لیا اور اب اسی آخری نام سے معروف ہیں۔ وہ بھی کابل سے خیری بے کے ہمراہ آئے تھے، بعض مواجب خوروں نے انگریزوں کے ایماء سے ان پر حملہ کرا دیا، جس میں یاغستان کے ایک ملا عبدالحلیم شہید ہوئے، وہیں کے ملا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سید اکبر نے تادیبا مجرموں کے گھر جلوادیے اور ان کا مال واسباب لٹوادیا۔

دوسرا قابلِ تصریح واقعہ نواب دیر کا ہے۔ دیر کی ہمسایہ ریاست جندول کا رئیس عمر اخاں مدت العمر انگریزوں سے لڑتا رہا۔ اس کے بیٹے عبدالمتین خاں نے ضرورت کے وقت نواب دیر سے مدد مانگی۔ نواب موصوف نے مدد میں تامل نہ کیا، لیکن جندول کو غاصبوں سے آزاد کرا کے عبدالمتین خاں کے حوالے کرنے کے بجائے خود اس پر قابض ہو گیا۔ اس تصرف کو بھی اسلامی نقطۂ نگاہ سے نازیبا قرار دیا گیا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ضمیمہ (۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا ومصلّیًا ومسلّمًا

اعلانِ مقدّسِ دینی بہ اہالیٔ پٹھانستان

(قبائل ساکنہ میانِ افغانستان ودریائے سندھ)

استقلال کی دعوت

برادرانِ دینی! اکنوں فرصت بے بہا خداوند تعالیٰ بے شمار زانی فرمودہ است کہ مثلش دوصد ہا سال میسر نمی شود۔ اگر شما قدرے دست و پارہ بجنبانیدی توانید کہ ایں ملک وسیع را (کہ میانِ دریائے اٹک وافغانستان واقع است) بہ کم زحمت بدست آوردہ یک سلطنتے مستقل اسلامی قائم نمائید و بدونِ مزاحمت کسے بادولت ہائے دنیا علاقۂ سیاسی وتجارتی وعلمی پیدا کنید و درحمایت خلیفہ سیّد المرسلین السلطان المعظم بودہ درآیندہ از آسیبِ انگلیس ایمن شوید و بہ مددِ علمائے حقہ از دارالخلافت اولادِ خود را بہ زیورِ علوم وفنون آراستہ درمیدانِ تمدن و ترقی ہم دوشِ اقوامِ متمدنہ ومترقیہ گردید ونسل ہائے آیندہ شما در ایں محمود العاقبہ ومسعود العاقبہ باشند۔ وفی ذالك فلیتنا فس المتنا فسون۔

ترجمہ: دینی بھائیو! اِس وقت خدا نے آپ کو نہایت قیمتی مہلت عطا کی ہے، جس کی نظیر صدیوں میں نہیں ملتی۔ اگر آپ ذرا ہاتھ پاؤں ہلائیں تو ممکن

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہے کہ اس وسیع ملک کو جو دریائے اٹک اور افغانستان کے درمیان واقع ہے، تھوڑی سی زحمت سے قبضے میں لے آئیں۔ وہاں ایک مستقل اسلامی سلطنت قائم کرلیں اور کسی کی رکاوٹ کے بغیر دنیا کی سلطنتوں سے آپ کے سیاسی، تجارتی اور علمی روابط پیدا ہو جائیں۔ اس طرح آپ رسولوں کے سرتاج (صلعم) کے خلیفہ سلطانِ معظم کی حمایت میں آجائیں اور آئندہ انگریزوں کے گزند سے محفوظ ہو جائیں۔ علمائے حق کی مدد سے آپ اپنی اولاد کو دارالخلافت میں علوم وفنون سکھا سکیں گے اور متمدن وترقی یافتہ قوموں کے دوش بدوش تمدن وترقی کے میدان میں گامزن ہوسکیں گے۔ آپ کی آئندہ نسلیں دونوں جہانوں میں کامیاب ونیک بخت ہوں گی اور چاہیے کہ رغبت رکھنے والے اس کی خواہش کریں۔

جنگ اور انگریزوں کی پریشانیاں

آں فرصتِ زریں ایں است کہ انگلیس کہ دشمنِ اسلامیاں خصوصاً وشرقیاں عموماً ہست، ازسہ سال دریں جنگ عالمگیر گرفتار بودہ۔ لکوکھا نفوس انگلیسی نثراداضائع کردہ است وہمہ لشکر ہائے او در ملکِ فرانس واطالیہ وبلقان ومصر وعراق عرب دوچار جنگ ہائے ہولناک وخونریزی باشند، ہر ماہ ضائعات لشکر انگلیسی ہزار ہا می رسد۔ اکنوں مسئلہ کمک رسانیدن بہ ایں میدان ہائے جنگ ہم دشوار شدہ است۔ ملتِ انگلیس ازصدمات ونقصانات ایں جنگ بجان آمدہ است وقوت جنگی انگلیس روز بروز کم می شود۔ امادولتِ ترکی ودولتِ جرمن ورفیقانِ ایشاں مظفر ومنصوری شوند، وملک ہائے زرخیز وپہناور مثل بلجیم وپولینڈ وسرویا ورومانیا ومانٹی نگرو ساکلیتہ تسخیر کردہ اند ودو ملک۔ روس فتوحات شاں روز افزوں است۔ المختصر انگلیس ورفیقانش از شکست ہائے پے در پے شکستہ دل وخستہ تن ودرباختہ ہمت وسراسر درماندہ شدہ اند ولیکن جرمنہا وترکان و

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اطرشہا و بلغار ہا از فتح و فیروزی تازہ بتازہ قوی دل و بلند حوصلہ و مجسم بامل ہستند۔

ترجمہ: یہ سنہری موقع ہے۔ انگریز مسلمانوں کے خصوصاً اور اہل شرق کے عموماً دشمن ہیں۔ وہ تین سال سے عالمگیر جنگ میں الجھے ہوئے ہیں۔ ان کی قوم کے لاکھوں افراد ضائع ہو چکے ہیں۔ ان کے لشکر فرانس، اٹلی، بلقان، مصر اور عرب میں خوفناک و خونریز جنگ سے دوچار ہیں۔ ہر مہینے ان کے ہزاروں آدمی ضائع ہوتے ہیں۔ اب مذکورۂ بالا میدان ہائے جنگ میں کمک پہنچانا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ ان صدموں اور نقصانوں کے باعث انگریز قوم کی جان پر آبنی ہے۔ ان کی قوت روز بروز کم ہو رہی ہے، لیکن سلطنت ترکی نیز حکومت جرمنی اور ان کے حلیف ہر میدان میں کامیاب و بامراد ہیں۔ بلجیم، پولینڈ، سرویا، رومانیا اور مانٹی نیگرو جیسے وسیع و زرخیز ملک پورے مسخر کیے جا چکے ہیں۔ روس میں ان کی فتوحات روز افزوں ہیں۔ مختصر یہ کہ انگریز اور ان کے ساتھی شکستیں کھا کھا کر شکستہ دل ہو چکے ہیں۔ ان کے بدن زخموں سے چور ہیں۔ وہ ہمت ہار چکے ہیں، لیکن فتح و ظفر کے باعث جرمنوں، ترکوں آسٹرویوں اور بلغاریوں کے دل قوی اور حوصلے بلند ہیں اور وہ سراپا امید ہیں۔

حصولِ مرام کا بہترین وقت

دریں چنیں حالت پریشان و خطرناک انگلیس اگر قبائل حدود یہ متفق شدہ یکبارگی از شمال تا جنوب صرف حملہ ہائے غارت گری آغاز نمایند واز جنگ بزرگ احتراز کردہ شبخونہا و حملہ ہا را برتمام وسعت حدود بلا انقطاع مجریٰ دارند، در چند ماہ لشکر انگلیس را آں جانب دریائے اٹک خواہند راند واثر ایں حملہ ہائے متواتر برحدود در ہمہ میدان ہائے جنگ زود ظاہر شود و شکست انگلیس محقق گردد۔ وقتیکہ انگلیس شکست یافت، خلیفہ معظم بہ اتفاقِ دولت ہائے متفقہ در

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجلس صلح برائے حکومت متحدہ پٹھانستان سند استقلال و آزادی حاصل کردہ ہرگونہ مدد خواہد فرستاد۔ من بعد کسے رایارائے مدافعت در ملک پٹھانستان نہ خواہد بود۔

برآز خواب اکنوں وقت تو سخت تنگ است ایں لحظہ گر نیابی تیرت شداز انامل فرصت چونو بہائے دوعمر شخص وقومے یک بار رفتہ ناید مثلِ شباب زائل۔

ترجمہ: اگر انگریزوں کی اس پریشان اور خطرناک حالت میں سرحدی قبائل متفق ہو کر شمال سے جنوب تک بہ یک وقت غارت گرانہ حملوں کا آغاز کردیں، بڑی جنگ سے بچے رہیں اور پوری سرحد پر شبخونوں اور چھاپوں کا تانتا باندھ دیں تو چند ہی مہینوں میں انگریزوں کے لشکر کو دریائے اٹک کے پار پہنچادیں گے۔ جنگی میدانوں پر مسلسل حملوں کا اثر جلد ظاہر ہو جائے گا اور انگریزوں کی شکست میں کوئی کسر باقی نہ رہے گی۔ جب انگریز شکست کھا جائیں گے تو خلیفہ معظم مجلس صلح میں اپنی دوست حکومتوں سے متحدہ پٹھانستان کے لئے استقلال و آزادی کی سند حاصل کرلیں گے اور ہر قسم کی مدد پہنچائیں گے۔ اس کے بعد کسی کو پٹھانستان میں لڑائی کا یارانہ رہے گا۔

تو اب خواب سے بیدار ہو، وقت بہت تنگ ہے۔ اگر اس وقت بھی نہ جاگے گا تو تیر گرفت سے نکل جائے گا۔ مہلت کی حیثیت نو بہار کی سی ہے، شخصوں اور قوموں کی زندگی میں وہ ایک بار چلی جائے تو پھر نہیں آتی، جس طرح گزرا ہوا شباب دوبارہ نہیں لوٹتا۔

ترکوں کی شیر دلی

برادرانِ دینی! زیادہ از سہ سال می شود کہ برادرانِ دینی شما از ترکاں لکوکھا درعدد جان و مال خویش رابراہِ خدا نثار کردہ درمیان ہائے یورپ و آسیا و افریقہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوش بدوش باحلیفان خویش دادِ مردانگی دادہ اند و جوہرِ شجاعت و شیر دلی را اظہار نمودہ نیک نامیٔ جاوید حاصل کردہ اند و می کنند۔ اما شما اے آفریدیہا و سواطیہا و دیگر قبائل مانند زناں خانہ نشیں شدہ بچگان ترکی را یتیم و زنان عثمانی را بیوہ شدن می بینید و شمارانہ غیرتِ اسلامی و نہ عرقِ مروت بہ جنبش می آید۔

ترجمہ: دینی بھائیو! تین سال سے زیادہ مدت ہو چکی ہے کہ تمہارے ہم مذہب بھائی ترک لاکھوں کی تعداد میں اپنے جان و مال خدا کے لئے قربان کیے بیٹھے ہیں۔ انھوں نے یورپ، ایشیاء اور افریقہ کے میدانوں میں اپنے حلیفوں کے پہلو بہ پہلو مردانگی کی داد دیتے ہوئے شجاعت و شیر دلی کے جوہر آشکارا کیے ہیں اور ہمیشہ کی نیک نامی حاصل کر لی ہے اور کر رہے ہیں، لیکن آپ اے آفریدیو، صواتیو اور دوسرے قبیلوں والو! عورتوں کی طرح اپنے گھر میں بیٹھے ہو، ترک بچوں کے یتیم اور عثمانی عورتوں کے بیوہ ہونے کا تماشا دیکھ رہے ہو۔ کیا آپ کو غیرتِ اسلامی حرکت میں نہیں لاتی اور آپ کی رگِ مروّت نہیں پھڑکتی؟

خیری بے پر حملہ

وعجب تر ایں کہ تنے چند از بے ناموساں زیر ریاست زمان خاں از خدا و رسول ﷺ و مومنین شرم نہ کردہ بر عالی جناب خیری بیگ کہ از سلالہ جلیلہ ملت ترکی می آید و برائے اعانت جملہ آوردہ ملا عبدالحلیم مرحوم و مغفور را شہید نمودند۔ ازیں زیادہ تر سواد الوجہ فی الدارین نمی تواند شد۔ بدنام کنندۂ نکونامے چند۔ لمآزہے سعادت علمائے کرام و خصوصاً جناب ملا سید اکبر (۱) کہ آں بدکاراں را بہ سوختنِ خانہائے شاں و گرفتنِ مالِ تاوان بہ پاداش کیفر نافرجام

(۱) یہ وہی بزرگ ہیں جنھیں وائلی نے سرحدی ملاؤں میں "آگ کا لوکا" قرار دیا ہے۔
(کوہ سیاہ سے وزیرستان تک انگریزی ص: ۲۷۸)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شاں رسانید ند و نیز نام نامی قبیلہ کوکی خیل مانند اسم منور محسود و مہند برائے دوام بر جریدۂ عالم ثبت شد۔ مردم کوکی خیل البتہ سزاوار نام آفریدی ہستند و در حقِ شاں ایں اشعار القا شدہ است ۔

آفریدی دلاور نزد علی خیبر — برغریبانِ مدبر چوں برق آسمان است
حب وطن ہمیں است، مردانگی چنیں است — حکم الٰہ ایں است، ایں کار دینیان است

باید کہ بر مزار ملا عبد الحلیم شہید تاریخ واقعہ شہادتش نصب شود تا در قرون آتیہ یادگار بماند۔

ترجمہ: عجب بات ہے کہ زمان خاں کی ریاست کے چند بے ننگ وناموس افراد نے خدا، رسول اور مومنوں سے شرم نہ کرتے ہوئے عالی جناب خیری بے پر حملہ کیا، جو ترکوں کی جلیل القدر قوم کے فرزند ہیں اور اسلامی بھائیوں کی امداد کے لئے یہاں پہنچے ہیں۔ ان لوگوں نے ملا عبد الحلیم مرحوم کو شہید کر ڈالا۔ اس سے بڑھ کر دونوں جہانوں کی روسیاہی کا سامان کیا ہو سکتا ہے؟ بدنام کنندۂ نکونامے چند۔ علماء کرام کے لئے یہ امر کتنی خوش نصیبی کا باعث ہے کہ انھوں نے اِن بدکاروں کے گھر جلائے، ان سے مالی تاوان وصول کیا۔ اس طرح انھیں کیفر کردار کو پہنچایا۔ اس سلسلے میں جناب ملا سید اکبر خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ قبیلہ کوکی خیل کا نام بھی محسودوں اور مہندوں کے روشن نام کی طرح دین کے دفتر میں ثبت ہو گیا، بے شک کوکی خیلوں کے لئے آفریدیوں کا نام زیبا ہے، یہ اشعار ان کے حق میں القاء ہوئے۔

دلاور آفریدی درۂ خیبر کی علی مسجد کے نزدیک پیٹھ دکھانے والے مغربیوں کے لئے آسمان سے گرنے والی بجلی بن گئے۔ حب وطن کا تقاضا یہی ہے، مردانگی اسی کا نام ہے، خدا کا حکم یہی ہے اور اہل دین ایسے ہی کارنامے انجام دیتے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ضروری ہے کہ ملا عبدالحلیم شہید کی لوحِ مزار پر ان کی تاریخ شہادت کندہ کی جائے تاکہ آنے والے زمانوں کے لئے یادگار رہے۔

قبائل عرب اور قبائل سرحد

اے مسلمانانِ پٹھانستان! بحمداللہ شما خود را مسلمان پندارید ولیکن حالت موجودۂ شما بہ حالت قبائل عرب در جاہلیت قبل از اسلام می ماند۔ ہنگام ظہور خاتم النبیین (صلعم) ملک عرب مسکن قبائل چادرنشیں وکوچری وپراگندہ بود۔ چنانکہ امروز حالت قبائل شما است، آں قبائل عرب مدام در جنگ باہمی مشغول بودند چنانکہ شما نیز در خانہ جنگی مبتلائید، آں قبائل عرب حکومت منتظم وبا قانون نہ داشتند، شما ہم نہ دارید۔ ایشاں قطاع الطریق بودند، شما نیز راہ برید۔ اما از فیض الفاس طیبہ نبویہ حالت بدویت عرب بہ مدنیت مبدّل گشت، آں قبائل پراگندہ بہ رشتہ انما المؤمنون اخوۃ (ہمہ مومنین برادراند) منسلک شدہ یک حکومت جمہوری روحانی بوجود آمد۔ نماز پنجگانہ حسیات برادری وبرابری را استوار کرد۔ زکوٰۃ بیت المال اساس مادی وپشتیبانی برائے عمارت اجتماعی ملت اسلامی شد۔ صوم وروزہ داری مسلماناں را برائے مشقتِ جہاد فی سبیل اللہ تجربہ بخشید وحج بیت اللہ برائے اقوام اسلامیہ ہمہ دنیا رابطہ اتحاد سیاسی و تجارتی ودینی پیدا کرد۔

جملہ خلائق آں زماں از جہل مثل مردگاں
انفاس آں روح و رواں بہ دمید شاں جانے بہ تن
بزد ود زیشاں جاہلی، فرسودہ زیشاں کاہلی
بخشود شاں را عاقلی، بخشید شاں ملکِ زمن
کردہ پراگندہ بہم، زاں ساخت قومے محتشم
یک رشتۂ حب اتم، از بہر کردہ رسن

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ترجمہ: اے پٹھانستان کے مسلمانو! خدا کا شکر ہے کہ تم اپنے آپ کو مسلمان سمجھتے ہو، لیکن تمہاری موجودہ حالت اسلام سے پیشتر دور جاہلیت کے عرب قبیلوں کی سی ہے۔ حضرت خاتم النبیین صلعم کے ظہور مبارک کے وقت عرب خیمہ نشین، صحرا گرد اور منتشر قبائل کا مسکن تھا۔ تمہارے قبیلوں کی حالت بھی آج یہی ہے۔ عرب کے قبائل ہمیشہ باہم لڑتے رہتے تھے، تم بھی خانہ جنگی میں مبتلا ہو، عرب قبیلوں کی کوئی منتظم اور قانونی حکومت نہ تھی، تمہاری حالت بھی یہی ہے۔ وہ ڈاکے مارتے تھے، تمہارا کام بھی لوٹ مار ہے۔ لیکن حضرت رسول اکرم صلعم کے انفاس پاک کی برکت سے عرب کی بدویت مدنیت میں بدل گئی، وہ بکھرے ہوئے قبیلے (سب مومن بھائی بھائی ہیں) کے رشتے میں پروئے گئے اور ایک روحانی جمہوری حکومت وجود میں آگئی، دیکھو پانچ وقت کی نماز سب میں برادری اور برابری کے احساسات پختہ کرتی ہے۔ زکوٰۃ و بیت المال ملت کی اجتماعی عمارت کے لئے مادی بنیاد اور مالی پشتیبانی کے ضامن ہیں۔ روزے کے ذریعے سے مسلمانوں میں جہاد فی سبیل اللہ کیلئے مشقت برداشت کرنے کی عادت پکی ہوتی ہے۔ بیت اللہ کا حج دنیا بھر کی مسلمان قوموں کے درمیان تجارتی، سیاسی اور دینی رابطے پیدا کرنے کا ذمہ دار ہے۔

اس زمانے کے سب لوگ جہالت کی وجہ سے مُردوں کی مانند تھے، رسول اکرم صلعم کے انفاس پاک روح بن کر ان کے بدنوں میں دوڑ گئے۔ حضور نے ان کی جہالت کے داغ دھوڈالے، ان کی کایا پلٹ دی۔ ان کو عقل بخشی اور زمانے بھر کی حکومت دے دی۔ بکھرے ہوئے اجزا کو اکٹھا کر کے حضور نے ایک عالی شان قوم بنادی اور ایک دوسرے کے ساتھ محبت کے رشتے میں وہ سب بندھ گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عربوں کی کایا پلٹ

حالات ملاحظہ فرمائید کہ جناب رسالت مآب چگونہ قلب ہیئت ایں قبائل وحشیہ عرب نمود، چوں قبائل پیرامون مکہ قصد ہلاک پیغمبر نمودند، پیغمبر مکہ راگزاشت و بہ مدینہ منورہ رفت، دوازدہم ربیع الاول بہ مدینہ منورہ رسید و در ماہِ رمضان یعنی ہفت ماہ بعد یک بیرق برائے عم خود حمزہ رضی اللہ عنہ درست کردہ بنائے جہاد فی سبیل اللہ نہاد و در مدت دہ سال قیام آنحضرت در مدینہ غزوات یعنی جنگ ہائے پیغمبر مکہ خود حضور داشت بست و ہشت شمردہ اند و سریہ ہائے آنحضرت را یعنی جنگہائے کہ آنحضرت لشکر فرستادہ خود حاضر نبودہ پنجاہ و شش می گویند۔ از بست و ہشت جنگ کہ پیغمبر خود تشریف داشتند در نہ غزوہ ہا با دشمن مقابلہ و مقاتلہ نمود، سائرین یا متارکہ، مصالحہ یا عدم مقابلہ دشمن تمام شد۔

ترجمہ: حالات پر غور کرو، جناب رسالت مآبؐ نے کس طرح عرب کے وحشی قبائل کی کایا پلٹ کر رکھ دی۔ جب مکے کے اردگرد کے قبیلے حضرت پیغمبر صلعم کو (خاک بہ دہن) قتل کرنے کے درپے ہو گئے تو حضورؐ مکے سے نکل کر مدینے چلے گئے۔ ۱۲ ربیع الاول کو وہاں پہنچے اور سات ماہ بعد رمضان کے مہینے میں اپنے چچا حضرت حمزہ کے لئے ایک جھنڈا بنا کر جہاد فی سبیل اللہ کی بنیاد ڈال دی۔ مدینہ منورہ کے دس سالہ قیام میں آنحضرت جن لڑائیوں میں بنفس نفیس شریک رہے ان کی تعداد اٹھائیس بتائی جاتی ہے اور سریے یعنی جن جنگوں کیلئے لشکر بھیجے چھپن تھے۔ جن اٹھائیس جنگوں میں حضور صلعم بہ نفس نفیس شریک رہے ان میں نو میں دشمن سے لڑائی کی نوبت آئی۔ باقی یا تو صلح ہو گئی یا التوائے جنگ پر معاملہ طے ہو گیا، یا سرے سے مقابلے کا موقع ہی نہ آیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دعوتِ کار

آخریں سریہ ۲۶ ماہ صفر سال یازدہم ہجری بہ ریاست اسامہ بن زید در حالت مرض الموت خود جانب جبل دہل رواں فرمود، دوازدہم ربیع الاول گویا دو ہفتہ بعد جناب سید الکونین از دار فانی بہ ملک جاودانی رحلت نمود۔ تفکر باید کردن کہ ذات ختمی مآبؐ با عبادت و ہزار ہا امور معاشرت و سیاست و قضاوت در مدت دہ سال ہشتاد و چہار غزوہ و سریہ را ہم ادارہ نمود۔ ہمیں فعالیت و چست کاری و بیدار مغزی بود کہ عون ایزدی در دہ سال جریان تاریخ بشریت را تبدیل کرد و راست است: ان لیس للا نسان الا ماسعٰی ۔

ترجمہ: آخری مرتبہ ۲۶ رصفر ۱۱ھ کو آنحضرت نے مرض الموت میں ایک لشکر اسامہ بن زید کی سرکردگی میں بھیجا۔ ۱۲ ربیع الاول کو گویا دو ہفتے بعد سیّد الکونین صلعم اس جہانِ فانی سے ہمیشہ قائم رہنے والی دنیا کو تشریف لے گئے۔ سوچنا اور غور کرنا چاہیے کہ حضرت پیغمبر صلعم نے دس سال کی مدت میں عبادتوں اور ہزاروں سیاسی، معاشرتی اور قضائی معاملوں کے باوجود چوراسی جنگوں کا انتظام بھی فرمایا۔ یہی کارکردگی، یہی چستی اور مستعدی، یہی بیدار مغزی تھی جس نے خدا کی مدد سے بشریت کی تاریخ کے دھارے کا رخ بدل ڈالا۔ سچ ہے، انسان کے لئے کچھ نہیں مگر اسی قدر کہ وہ کوشش کرتا ہے۔

راہِ عمل

اے مسلمانانِ پٹھانستان! اکنوں وقت آمد کہ بہ پیغمبر علیہ السلام اقتدا نمودہ ہمہ قبائل را بہ سلک اتحاد سیاسی بیارید۔ از ہمہ قبائل وکلا را انتخاب کردہ یک حکومت متحدہ تشکیل بدہید۔ لاشک ہر قبیلہ در امور داخلیہ آزاد خواہد ماند، اما در معاملات با دولت ہائے خارجہ حکومت متحدہ جواب دہ باشد۔ دریں امر را در

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زمان جریان ایں جنگ عالمگیر بہ اتمام رسانیدہ و بہ اتفاق رائے جناب خیری بیگ صاحب یک سررشتہ و منصوبہ برائے جملہ عموی قبائل درست کردہ بر انگلیس حملہ ہائے غارت گری و جہادی آغاز کنید، و پیش از انعقاد صلح ہمہ زمین ایں جانب دریائے اٹک را بہ دست آرید تا شمار ہنگام صلح از خلیفہ معظم سند استقلال بامد دہر گونہ حاصل شود۔ اختلافاتِ پارینہ شیعہ و سنی وغیرہ را فراموش کردہ ہمہ اہل قبیلہ برادر شوید۔

شو مجتمع چو پروین برآبہ چرخ رفعت
چوں ذرہ شو پریشان خاکت اگر مکان است
شیعہ و ہم وہابی آخر مطیع قرآں
از جنگ تو نصاریٰ سلطان ایں جہان است
نور خرد بداری، حیواں صفت چرائی
ممکن ترا ہرآنچہ ممکن بہ دیگران است
انسان خلیفۂ حق، حاکم بہ ملک فطرت
برق و بخار و دریا او را ز خادمان است
اور شکل و نقل و بُعدِ اجرام علویہ را
سنجد کہ عقلِ پاکش میزان آسمان است(۱)

ترجمہ: اے پٹھانستان کے مسلمانو! وقت آگیا ہے کہ تمام قبیلے پیغمبر اسلام علیہ السلام کی پیروی میں سیاسی اتحاد پیدا کریں۔ تمام قبیلوں سے وکیل اور نمائندے منتخب کر کے ایک متحدہ حکومت بنائی جائے۔ بلاشبہ تمام داخلی امور میں ہر قبیلہ آزاد رہے گا، لیکن بیرونی ملکوں سے تعلقات و روابط کے باب میں

(۱) ان شعروں میں جو اسقام ہیں، وہ کسی تصریح کے محتاج نہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حکومت متحدہ جواب دہ ہوگی۔اس کام کو موجودہ جنگ عالمگیری کے دوران میں پورا کرلو اور جناب خیری بے کے اتفاق رائے سے تمام قبائل کے لئے ایک منصوبہ بنا کر انگریزوں پر غارت گرانہ چھاپوں اور جہاد کا آغاز کردو۔صلح ہونے سے پیشتر دریائے اٹک کے اس پار (سمت سرحد) کی زمین قبضے میں لے آؤ تاکہ آپ کو خلیفہ معظم کی طرف سے استقلال کی سند اور ہر قسم کی مدد مل سکے۔ شیعہ سنی وغیرہ کے پرانے اختلافات بھلا دو اور تمام قبیلے بھائی بھائی بن جاؤ۔

تم پرویں ستاروں کی طرح جمع ہو جاؤ اور بلندی کے آسمان پر پہنچو، اگر ذرّوں کی طرح بکھرے رہو گے تو خاک کے سوا تمہارا کوئی مکان نہ ہوگا۔شیعہ ہو یا وہابی آخر سب قرآن کے فرماں بردار ہیں۔

مسلمانو! تمہاری خانہ جنگی کا یہ نتیجہ ہے کہ نصاریٰ اس جہان کے حکمران بن گئے، تمہیں خدا نے عقل عطا کی ہے، پھر حیوانوں کی خصلتیں کیوں لئے بیٹھے ہو۔جو دوسروں کیلئے ممکن ہے تمہارے لئے کیوں ممکن نہیں؟ انسان خدا کا خلیفہ ہے، وہ اس کائنات کا حاکم ہے بجلی، بھاپ، دریا اس کے خادم ہیں۔ انسان بلندی پر نظر آنے والی ستاروں کی شکل، نقل وحرکت اور ایک دوسرے سے دوری کا اندازہ کرتا ہے، اس کی عقل آسمان کی ترازو ہے۔

نواب دیر اور خان جندول

از استماع ایں خبر کہ جناب نواب صاحب دیر اول عبدالمتین خان ابن عمرا خان رامدنمودہ دربدست آوردن ملک موروثی او موفق شد، اما پس ازاں خود غاصب شدہ برملک جندول متصرف گشت در عالم اسلامی ہیجانے پیدا شد و مسلمانان صادق راول فگار گردید زیرا کہ مسلمان چگونہ مرتکب چنیں خلاف وعدگی شود۔قرآن مجید فرماید لیس بامانیکم ولا امانی اھل الکتاب من یعمل سوءً ایجزبہ (قانونِ الٰہی) نہ حسبِ خواہش شماست (اے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مسلماناں) ونہ حسبِ خواہش مردم کتاب (یہود و نصاریٰ) بلکہ قانونِ الٰہی ایں است ہر کہ بدی کند پاداش بدی یابد۔ باید کہ نواب صاحب دیر از عادت نفاق توبہ کردہ بہ دوست و برادر دینی خود ایفائے عہد کند و با مسلمانان قبائل متفق شدہ متوقع فتوحات عظیمہ شود۔

ترجمہ: یہ خبر سن کر عالم اسلامی میں ہیجان پیدا ہوا کہ نواب دیر پہلے عمر اخاں رئیس جندول کے بیٹے عبدالمتین خاں کا مددگار بنا اور اس کے موروثی ملک کو دوسروں کے قبضے سے آزاد کرانے میں کامیاب ہو گیا، لیکن بعد میں خود غاصب بن کر جندول پر قابض ہو گیا۔ سچے مسلمانوں کے دل اس واقعے سے زخمی ہو گئے، مسلمان کس طرح یوں وعدہ شکنی کا مرتکب ہو سکتا ہے؟ قرآن مجید کا ارشاد ہے کہ اے مسلمانو! نہ تو قانونِ الٰہی تمہاری خواہش کے تابع ہے اور نہ اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ کی خواہش کے تابع۔ قانونِ الٰہی یہ ہے کہ جو کوئی برائی کرے گا، اس کی سزا پائے گا، چاہیے کہ نواب دیر نفاق سے توبہ کر کے اپنے دینی بھائی اور دوست سے عہد نبا ہے اور مسلمانوں کے ساتھ ہو، کہ بڑی فتوحات کا امیدوار بنے۔

علماء اور ملاؤں سے اپیل

اے علمائے کرام و ملایانِ عظام کہ وارث نبی علیہ السلام ہستید بہ دو دستور پیغمبر صلعم بہ دقت متلفت شوید۔ نخستیں این است کہ بنیاد اسلام بر دور کردن دشمنی از میانِ خلائق و پیدا کردن اتحاد میانِ قبائل نہادہ شود چنانکہ قرآن شاہد است: **واذکروا نعمت اللہ علیکم اذ کنتم اعداءً فالف بین قلوبکم** (یاد بکنید انعامِ خدا را کہ بر شما مبذول کردہ ہنگامیکہ شما دشمن بودید۔ پس او در میان دلہائے شما الفت پیدا کرد) دوم این است کہ چوں اخوت دینی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میان مسلمین ورابطہ اتحاد میان قبائل استوار شد، جناب پیغمبرؐ بر خلاف دشمنانِ خدا ورسول وبدخواہاں انسانیت جہاد وغزا آغاز کرد۔ نتیجہ ایں دو دستور العمل چناں شد کہ مسلماناں دارائے عالم گردیدہ، حسب فرمان واجب الاذعان **لقد کان لکم فی رسول اللّٰہ اسوۃ حسنۃ** شمارا ہم باید کہ بایں دو اصول قدیم متمسک شدہ قبائل را بہ سلک اتحاد کشیدو بر دشمنان خدا حملہ آور شدہ پٹھانستان را ملک مستقل بہ سازید و قبائل را برائے دوام از آسیب انگلیس ایمن نمائید و عنداللہ والرسول ماجور وعندالناس محبوب گردید۔

ایں جانکتہ وطن پروری ہم موجود است، درایام صلح انگلیس وروس نے گزاشتند کہ مسلماناں متفق شوند و ہمیشہ تخم خلاف ونفاق میانِ ایشاں می کاشتند۔ اکنوں ایں دشمنان دین خود در بلا مبتلا اند۔ مارا باید کہ ازیں فرصت استفادہ کنیم وغفلت ازیں فرصت غداری بوطن واہل وطن خواہد بود

مشمار مردکاں راحبِ وطن نہ باشد، ننگِ بشر ہمان است، لعنِ خدا برآنست، **اللّٰھم انصر من نصر دین محمد واجعلنا منھم، واخذل من خذل دین محمد ولا تجعلنا منھم آمین!**

ترجمہ: اے معزز عالمو اور جلیل القدر ملاؤ! آپ لوگ نبی علیہ السلام کے وارث ہیں۔ حضرت پیغمبر صلعم کے دو دستوروں پر بطورِ خاص توجہ کیجیے: اول یہ کہ آپس کی دشمنی رفع کرنا اور قبائل کو متحد کر دینا اسلام کی بنیاد ہے جیسا کہ قرآن گواہ ہے: یاد کرو خدا کا انعام جو تم پر نازل ہوا، جب تم آپس میں دشمن تھے، پس اس نے تمہارے دلوں میں محبت پیدا کر دی۔ دوسرا دستور یہ کہ جب مسلمانوں کے درمیان دینی اخوت پیدا ہو گئی اور قبیلوں کے درمیان اتحاد کا رابطہ مضبوط ہو گیا تو جناب پیغمبرؐ نے دشمنانِ خدا اور رسول اور بدخواہانِ انسانیت کے خلاف جہاد شروع کر دیا۔ ان دو دستوروں کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان جہان کے مالک بن

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گئے، اس ارشاد کے بہ موجب کہ رسول اللہ کی پیروی میں تمہارے لئے نیک نمونہ ہے، آپ لوگوں کو بھی چاہیے کہ ان دو پختہ اصول پر مضبوطی سے جم جائیں۔ قبیلوں کو اتحاد کے رشتے میں پروئیں۔ خدا کے دشمنوں پر حملہ آور ہوں، پٹھانستان کو ایک مستقل ملک بنائیں اور قبیلوں کو ہمیشہ کے لئے انگریزوں کے آسیب سے محفوظ کر دیں۔ اس جگہ وطن پروری کا نکتہ بھی موجود ہے۔ صلح کے اوقات میں انگریز اور روس مسلمانوں کو اتفاق کا موقع نہ دیتے تھے اور ہمیشہ ان کے درمیان مخالفت ونفاق کا بیج بوتے رہتے تھے۔ اب یہ دشمن خود مصیبت میں مبتلا ہیں، ہمیں چاہیے کہ فرصت سے فائدہ اٹھائیں، اس فرصت سے غفلت وطن اور اہل وطن سے غداری کے مترادف ہوگی۔

جس شخص کے دل میں وطن کی محبت نہیں اسے مرد نہ سمجھ، وہ انسانیت کے لیے باعثِ ننگ ہے۔ اس پر خدا کی لعنت ہو۔ اے خدا تو ان لوگوں کا مددگار ہو جو دینِ محمدؐ کے مددگار ہیں اور ہمیں ان میں شامل کر، اور ان لوگوں کو رسوا کر جو دینِ محمدؐ کی رسوائی کے درپے ہیں اور ہمیں ان میں شامل نہ کر۔ آمین

المحرم الحرام ۱۳۳۶ھ (اکتوبر ۱۹۱۷ء)

وکیل تقدس مآب شیخ الاسلام
(مولوی) محمد برکت اللہ

وکیل خلیفہ سید المرسلینؐ السلطان المعظم
محمد کاظم یوزباشی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ضمیمہ (۲)

راجا مہندر پرتاپ کا بیان

راجا مہندر پرتاپ نے بھی اپنی ''داستانِ حیات'' میں جرمن اور ترکی مشن کے حالات اختصاراً بیان کیے ہیں، جن کا خلاصہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے:

۱۔ راجا صاحب ۱۵ر فروری ۱۹۱۵ء کو برلن پہنچے تھے اور ۱۵ر اپریل کو وہاں سے بعزم افغانستان روانہ ہوئے۔ راستے میں وہ ویانا (آسٹریا) ٹھہرے، جہاں عباس حلمی پاشا سابق خدیو مصر اور سردار امراؤ سنگھ سے ملاقات کی، پھر استنبول میں سلطان محمد شاد خاں، غازی انور پاشا، غازی طلعت پاشا اور ولی عہد سلطنت سے ملے۔ وہاں سے روانہ ہو کر بغداد پہنچے، جہاں غازی رؤف پاشا سے ملاقات ہوئی۔ ایران کے راستے ہرات پہنچے۔

۲۔ راجا صاحب کے رفقاء یہ تھے: ڈاکٹر فان ہن تیگ (جس کا درجہ سفارت خانے کے سکریٹری کا تھا)، ڈاکٹر بیکر (Baker)، مسٹر روہر (Rohr) (ہن تیگ کا سکریٹری)، مولانا برکت اللہ، کچھ افغان آفریدی جنگی قیدی، دو بونیر کے افغان جو ریاستہائے متحدہ امریکہ سے آئے تھے۔ راستے میں کچھ اور جرمن ہمراہ ہو گئے۔ ترکوں میں سے کاظم بے کا ذکر ضروری ہے۔

۳۔ ہرات سے ان کیلئے سرکاری مہمانداری کا انتظام ہو گیا۔ ۲ر اکتوبر ۱۹۱۵ء کو کابل پہنچے۔ باغ بابر میں انھیں ٹھہرایا گیا۔ پغمان میں امیر حبیب اللہ خاں اور سردار نصر اللہ خاں سے وفد نے ملاقات کی جو صبح سے بعد دوپہر تک جاری رہی۔ پھر ان سے الگ الگ ملاقاتیں ہوئیں۔ راجا صاحب کے پاس قیصر جرمنی اور سلطان ترکی کے خطوط

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھے۔ فان ہن تیگ کے پاس جرمن چانسلر کا مکتوب تھا۔

۴۔ کابل میں حکومت موقتہ قائم کی، جس کے صدر راجا صاحب، وزیر اعظم مولانا برکت اللہ اور وزیر داخلہ مولانا عبید اللہ تھے۔ مسٹر اللہ نواز خاں، ڈاکٹر خوشی محمد (عرف محمد علی و احمد حسن) وغیرہ سکریٹری مقرر ہوئے۔

۵۔ حکومت موقتہ کی طرف سے زار روس کے پاس سفارت بھیجی گئی۔ خط سونے کے پتر پر لکھا گیا تھا، اسے ڈاکٹر خوشی محمد (محمد علی) اور ڈاکٹر متھرا سنگھ (جس کا دوسرا نام راجا صاحب نے شمشیر سنگھ لکھا ہے) روس لے گئے۔

۶۔ ۱۹۱۶ء کے اواخر میں راجا صاحب مزار شریف اور ۱۹۱۷ء میں روس گئے۔

۷۔ راجا صاحب اور مولانا برکت اللہ ہی کی کوشش سے مہاجر طلبہ رہا ہوئے جنھیں حکومت افغانستان نے افغانستان پہنچتے ہی قید کر لیا تھا۔ (۱)

(۱) My lifestory از راجا مہندر پرتاپ (ص۴۲ تا ص۵۶)۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

امیر رحمت اللہ

نیا امیر

امیر نعمت اللہ کی شہادت کے وقت ان کے بڑے صاحبزادے برکت اللہ بہت چھوٹے تھے اور جماعت مجاہدین میں مولانا رحمت اللہ (بن امان اللہ بن امیر عبداللہ) کے سوا کوئی شخص ایسا نہ تھا جس کی امارت پر سب یا اکثر اصحاب متفق ہو جاتے۔ وہ امیر شہید کے برادر عم زاد اور برادرِ نسبتی تھے اور انہیں کو جماعت میں سب سے زیادہ اثر و رسوخ حاصل تھا، چنانچہ وہی بالاتفاق امیر چنے گئے، ہمیں ان کی حربی اور انتظامی صلاحیتوں کے بارے میں کچھ معلوم نہیں، لیکن یہ واقعہ ہے کہ ان کی پوری تربیت امیر عبداللہ مرحوم اور امیر عبدالکریم مرحوم کی آغوش میں ہوئی تھی۔ ۱۸۸۸ء سے وہ آگ اور خون کے ان ہنگاموں میں شریک چلے آتے تھے جنہیں عرفِ عام میں لڑائیاں کہا جاتا ہے۔

مولوی برکت اللہ اور ان کے بھائیوں کی تربیت انہیں امیر صاحب نے کی، وہ سب ان کے حقیقی بھانجے تھے اور مولوی برکت اللہ کی شادی امیر رحمت اللہ ہی کی اکلوتی صاحبزادی سے ہوئی، برکت اللہ جوان ہوئے اور جماعت کے کاروبار میں سرگرم حصہ لینے کی صلاحیتیں ابھر آئیں تو انہیں سپہ سالاری اور مدار المہامی کے عہدے سونپ دیئے گئے۔

تلقّب کا مسئلہ

مولوی برکت اللہ ابتدا ہی سے جماعت میں ''شہزادہ'' کے لقب سے معروف

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہو گئے تھے۔ بعض محتاط حضرات نے اس تلقب کے متعلق اچھی رائے ظاہر نہیں کی۔(۱) اور یقیناً جماعت مجاہدین کے سلسلے میں اس نوع کے تلقبات کو کوئی بھی پسندیدہ یا خوش گوار نہیں سمجھ سکتا اور نہ اس کیلئے کوئی معذرت پیش کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس لقب کا آغاز یوں ہوا کہ برکت اللہ صاحب بہت کم عمر تھے، جب ان کے والد نے اچانک شہادت پائی، لوگ پیار سے برکت اللہ کو شہزادہ کہنے لگے۔ شدہ شدہ یہ مستقل لقب بن گیا، ورنہ ظاہر ہے کہ نہ جماعت مجاہدین کی امارت کا سلسلہ موروثی تھا، نہ کسی امیر جماعت کی حیثیت مستقل حاکم یا بادشاہ کی تھی کہ اس کے بچے کو شہزادہ قرار دیا جاتا، نہ کسی امیر یا مولانا ولایت علی مرحوم کے خاندان میں سے کسی فرد نے اس قسم کے انتسابات کبھی گوارا سمجھے، جن سے دنیوی بادشاہی کی بو آتی ہو۔ یہ خدا کی راہ میں انتہائی جانبازانہ خدمات کا معاملہ تھا اور منصب امارت جماعت کے اتفاق و رضامندی پر موقوف تھا، انتخاب کے سلسلے میں امیر کی مہارتِ فنِ حرب اور صلاحیتِ قیادت کے علاوہ للّٰہیت، زہد و تقویٰ اور جذبۂ خدمتِ دین کو پیش نظر رکھا جاتا تھا۔ مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی، مولانا عبداللہ اور مولانا عبدالکریم انہیں خصوصیات کی بناء پر امیر چنے گئے تھے اور ان کے جو حالات اوپر پیش کیے جا چکے ہیں، ان سے روزِ روشن کی طرح آشکارا ہے کہ انکی بیش بہا زندگیوں کا ایک ایک لمحہ صرف خدمتِ دین اور جہادِ آزادی میں صرف ہوا اور انہوں نے دنیا کی ہر متاع بے دریغ اس راہ میں قربان کر دی۔ ان میں سے بعض کو چھوٹے یا بڑے علاقوں میں حکمرانی کا موقع بھی ملا، تاہم وہ اپنے آپ کو برابر ''فقیر'' سمجھتے رہے اور ''فقر'' ہی ان کا سرمایۂ افتخار رہا، لیکن دنیوی مال و اسباب سے محرومی کا فقر نہیں، بلکہ علامہ اقبال کی اصطلاح میں ''فقر غیور'' جس کا مقصد و نصب العین خدا کی رضا کے سوا کچھ نہیں اور جو اس رضا کی خاطر دنیا کی ہر شئے کو بے دریغ ٹھکرا دیتا ہے۔

(۱) مثلاً ملاحظہ ہو مولانا مسعود عالم مرحوم کی کتاب ''ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک'' طبع دوم، ص: ۱۰۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غرض ایسے تلقبات وانتسابات دانستہ اختیار کیے گئے ہوں یا اتفاقیہ کسی کے نام کا جزو بن گئے ہوں، انہیں کسی بھی نقطۂ نگاہ سے جماعتِ مجاہدین کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں، وہاں صرف ایک ہی امتیاز مطلوب وزیبا ہے اور وہ یہ کہ کس نے مقاصدِ خدمت میں زیادہ سے زیادہ مشقتیں اٹھائیں اور زیادہ سے زیادہ قربانیاں کیں۔

اس عہد کا کام

جس حد تک مجھے علم ہے مولانا رحمت اللہ کے عہد امارت میں رزم و پیکار کا کوئی قابل ذکر واقعہ پیش نہ آیا، ممکن ہے کہیں کہیں چھوٹی چھوٹی جھڑپیں ہوئی ہوں، پہلی جنگ یورپ پر افغانستان کی تیسری جنگ کے دوران میں سرحد آزاد کے اندر جا بجا جو مرکز بن گئے تھے وہ آہستہ آہستہ ٹوٹتے رہے، صرف ایک چرکنڈ کا مرکز باقی رہ گیا، جس نے خود اسمست کے مرکز سے بھی زیادہ شہرت حاصل کرلی۔ یہ مرکز جماعت کے ایک ممتاز رکن مولوی عبدالکریم (۱) نے قائم کیا تھا جو قنوج (یوپی) کے رہنے والے تھے۔ افسوس کہ ان کے زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے، صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ مرکز قائم کر لینے کے بعد انہیں امیر نعمت اللہ کے متعلق ناخوشگوار اطلاعات ملیں تو اسمست چلے گئے۔ ہندوستان کے تمام مرکزوں کو اطلاع دیدی کہ چندہ چرکنڈ بھیجیں، واپس چرکنڈ پہنچے تو بھلے چنگے سوئے، صبح دیکھا تو فوت ہو چکے تھے۔ مولوی عبدالرزاق نے بتایا کہ خاصے سن رسیدہ تھے۔

کچھ مدت تک مولوی فضل الٰہی مرحوم وزیر آبادی یہاں عارضی طور پر امیر ہوئے پھر اس کا انتظام مستقلاً مولانا محمد بشیر شہید کے حوالے کر دیا گیا اور اپنی شہادت تک کم وبیش چودہ برس وہی اس کے نظم ونسق کے ذمہ دار رہے۔ مولانا محمد بشیر نے سرحد پہنچتے ہی حکومت افغانستان اور وہاں کے بعض اکابر سے تعلق پیدا کر لئے تھے۔ اس وجہ سے

(۱) امیر عبدالکریم نہیں بلکہ یہ جماعت مجاہدین کے ایک پرانے رکن تھے جو غالباً ۱۹۲۲ء میں فوت ہوئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جماعت مجاہدین کو افغانستان میں خاص احترام حاصل رہا۔ غالباً ایک رقم سالانہ ملتی تھی، خود مولانا محمد بشیر کو جو کچھ ملتا تھا پورے کا پورا جماعت کی نذر کر دیتے تھے۔ وہ وقتاً فوقتاً کابل جاتے رہتے تھے۔ ۱۹۳۴ء میں مولوی برکت اللہ اور جماعت کے دس بارہ اصحاب کو بھی اپنے ساتھ لے گئے تھے تاکہ اربابِ اختیار سے جماعت کا حساب اور جماعت کا رشتہ براہِ راست استوار کر دیں۔ یہ ان کا آخری سفر تھا جس سے مراجعت پر وہ شہید کر ڈالے گئے۔

''المحرض'' اور ''المجاهد''

زمانہ کا مذاق بدل چکا تھا اور اخبارات اشاعتِ مقاصد کا ایک عمدہ ذریعہ بن گئے تھے، اس وجہ سے خود جماعت نے بھی ایک معمولی دستی پریس کے ذریعے سے مختلف اوقات میں اخباروں کے اجراء کا انتظام کیا۔ ان میں سے دو اخباروں کے چند پرچے مجھے اتفاقیہ میں مل گئے، ایک کا نام ''المحرّض'' تھا۔ اس کی پیشانی پر یہ آیت درج ہوتی تھی: یٰٓاَیُّهَاالنَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ (اے نبی! مسلمانوں کو لڑائی کا شوق دلا) اس کا پہلا پرچہ ۸؍دسمبر ۱۹۳۸ء کو نکلا تھا۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اس کے کل کتنے پرچے شائع ہوئے۔ دوسرا اخبار ''المجاهد'' جنوری ۱۹۴۰ء سے نکلنا شروع ہوا۔ اس کی پیشانی پر یہ آیت ثبت تھی: وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ وَنَبْلُوَاْ اَخْبَارَكُمْ (اور ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے تاکہ جان لیں کون تم میں سے جہاد کرنے والے ہیں اور کون ثابت قدم رہنے والے، اور تمہارے احوال کو جانچیں گے) یہ مولانا محمد بشیر شہید کی یادگار میں نکالا گیا تھا، چنانچہ اس پر لکھا جاتا تھا: ''بہ یادگار شہید ملت الغازی المہاجر مولوی محمد بشیر رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں اخباروں میں عموماً فارسی اور اردو کے مضامین ہوتے تھے۔ کبھی کبھی پشتو کے مقالات بھی درج کیے جاتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جماعت مجاہدین کے عام مخاطبین یہی تین زبانیں سمجھتے تھے، میں ان دونوں اخباروں کی پیشانیوں کی تصویریں کتاب میں شامل کر رہا ہوں تا کہ یادگار کے طور پر محفوظ رہیں۔

امیر کی سیرت

مولانا رحمت اللہ کی سیرت کے متعلق مولوی محمد علی صاحب قصوری مرحوم نے ''مشاہداتِ کابل و یاغستان'' میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے میں اس کے متعلق کچھ عرض نہیں کر سکتا۔ خود میں ۱۹۴۵ء میں ان سے ملا تھا، یقین جانئے کہ مجھے وہ زہد و تقویٰ، ایثار و قربانی اور سادگی و بے نفسی کا ایک مثالی نمونہ نظر آئے۔ ممکن ہے منصب امارت پر فائز ہونے سے پیشتر ان کی عام حالت مختلف ہو اور مولوی محمد علی مرحوم نے انہیں غالباً ۱۹۱۸ء میں دیکھا تھا، جب مولانا نعمت اللہ امیر تھے۔

میں اسمست گیا تو امیر صاحب نے کھدر کی شلوار اور کھدر کا لمبا کرتا پہن رکھا تھا، سر پر کھدر کی دستار تھی جسے سیاہ رنگوالیا تھا، پاؤں میں دیسی جوتا تھا، لیکن دونوں پاؤں کے جوتوں کی شکل مختلف تھی، میں نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ ایک جوتا کسی سے بدل گیا تھا، تلاش کے باوجود نہ مل سکا تو امیر صاحب بدلا ہوا جوتا ہی پہن رہے ہیں، وہ کام دے رہا ہے اور جب کام دے رہا ہے تو اسے چھوڑ کر نیا جوتا خریدنا محض تکلف ہے یا نفس پروری۔

وہ پانچوں وقت کی نماز مسجد میں خود پڑھاتے تھے، جماعت کے کاموں سے فارغ ہوتے تو اس کھیت میں کام کاج کے لئے چلے جاتے جو امیر کے لئے مخصوص تھا۔ اس میں موسم کی سبزیاں بوتے روزانہ یا تیسرے دن سبزی اتارتے، تھوڑی سی اپنے لئے رکھ کر باقی سب کی سب مجاہدین کے گھروں میں بانٹ آتے۔ مجھے تین چار روز ان کی خدمت میں رہنے اور گھنٹوں بات چیت کرنے کا موقع ملا، وہ خود بہت کم بولتے تھے، میں کوئی سوال کرتا تو تفصیل سے جواب دیتے۔ دینی علوم امیر عبد الکریم مرحوم سے پڑھے تھے،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فنونِ حرب جماعت کے مشاق استادوں سے سیکھے تھے۔ جیسا کہ اوپر عرض کیا جا چکا ہے، وہ عنفوانِ شباب سے مختلف معرکوں میں شریک ہونے لگے تھے۔ پرانی وضع کے تمام ہتھیاروں کا استعمال بہت اچھے طریقے پر جانتے تھے۔

جہادِ کشمیر

آزادیٔ کشمیر کے جہاد میں جماعتِ مجاہدین بھی شامل ہوئی تھی، اس کے ساتھ امیر صاحب بھی کشمیر پہنچے اور جب تک لڑائی ملتوی نہ ہوئی، برابر محاذِ جنگ پر رہے۔ سرحد آزاد سے باہر آنے کا ان کیلئے یہ پہلا اور آخری موقع تھا، میرا خیال تھا کہ جماعت کے حالات مرتب کر لینے کے بعد دوبارہ ان کی خدمت میں پہنچوں گا اور کم از کم وہ حصے انہیں ضرور سنالوں گا، جن کا تعلق ان کی ہوشمندی کے زمانے سے ہے۔ لیکن افسوس میں اپنا کام پورا نہ کر پایا تھا کہ انہیں مالک حقیقی کی طرف سے بلاوا آ گیا اور وہ اس عالم میں پہنچ گئے جہاں جانے والے واپس نہیں آتے اور موت کے دروازے سے گذرے بغیر ان تک پہنچنا ممکن نہیں۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

موجودہ صورتِ حال

مولانا رحمت اللہ کی وفات کے وقت مولوی برکت اللہ نظر بند تھے اور غالباً اب تک نظر بند ہیں۔ حکم نظر بندی شاید سابقہ حکومت سرحد نے جاری کیا تھا، جس کی وجہ وعلت مجھ پر منکشف نہ ہو سکی۔ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ اب جماعت کے نظم کا کیا حال ہے اور کاروبار کس طرح چل رہا ہے۔ اس حقیقت کا اعتراف کرنا چاہئے کہ مولوی برکت اللہ نے ہوش سنبھالنے کے وقت سے ضروری انتظامات کے سلسلے میں جو سرگرمیاں دکھائیں، وہ یقیناً قابل ستائش تھیں، انہوں نے مختلف دوائر سے تعلقات پیدا کئے۔ امیر رحمت اللہ اپنی سادگی اور خلوت پسندی کے باعث وہ کام انجام نہ دے سکتے تھے جو مولوی برکت اللہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے انجام دیے۔

اب وہ حالات ہی باقی نہیں رہے جن میں جماعت کی تاسیس ہوئی تھی، ان مقاصد کی حیثیت ہی بدل چکی ہے، جن کیلئے سوا سو سال تک بے مثال قربانیوں کا سلسلہ غیر منقطع طریق پر جاری رہا۔ نئے ماحول نے جہاد فی سبیل اللہ کے مواقع بھی بدل دیئے ہیں اور اب تنظیمات بھی نئے اصول پر ہونی چاہئیں۔ اس لئے کہ وہ دور ختم ہو گیا جس کے تقاضوں کی بناء پر سید احمد شہیدؒ نے ۱۸۲۶ء میں خطۂ سرحد کو بطور مرکز منتخب کیا تھا۔

حرفِ آرزو

حکومتِ پاکستان مولوی فضل الٰہی مرحوم کی تحریک پر مزروعہ اراضی کے دو چک ان اصحاب کیلئے مخصوص کر چکی ہے، جنہوں نے جماعت مجاہدین کی اعانت کے سلسلے میں انگریزی حکومت کے ماتحت گوناگوں مختیں اور مشقتیں برداشت کیں۔ کیا جماعت مجاہدین کے وہ افراد کم از کم ایسے ہی سلوک کے مستحق نہیں جو اسمست میں بیٹھے ہیں اور حالات سے واقفیت رکھنے والے اصحاب کو علم ہے کہ انکے معمولی گزارے کا بھی کوئی قابل ذکر وسیلہ موجود نہیں۔ آخر یہی لوگ ہیں، جن کے اسلاف اسلامیت و آزادی کا پرچم سربلند رکھنے کیلئے جانیں لڑاتے رہے اور ان کے خونِ حیات سے سرحدی نوہستان کی وادیاں اور ٹیلے مزین ہوتے رہے۔ کیا سادات ستھانہ و ملکا یا سادات بونیر پر خصوصی توجہ مبذول نہ ہونی چاہئے جو سید شہید کے وقت سے مجاہدین کے بہترین معاون رہے؟ کیا پورے علاقۂ سرحد میں کوئی دوسرا گھرانا مل سکتا ہے، جس نے ان سادات کے برابر مجاہدین کی خدمات انجام دی ہوں یا اس حق پرست گروہ کی یاوری میں ویسی جانی اور مالی قربانیاں کی ہوں؟ ان حضرات کی کوئی خدمت اور کوئی قربانی کسی دنیوی منفعت کے لئے نہ تھی، وہ صرف اپنے خدا سے جزا کے آرزومند تھے، لیکن کیا کروڑوں فرزندانِ توحید کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس وسیع سرزمین میں جو آج آزادی کی نعمتِ عظمیٰ سے دلشاد و بامراد ہے، ان بزرگوں اور جواں مردوں کی قدر و منزلت اور عزت و احترام کا زیادہ سے زیادہ عملی اظہار نہ ہونا چاہئے، جنہوں نے خوفناک تاریکی میں اپنی شہ رگ کے لہو سے آزادی کے چراغ جلائے اور اس جذبۂ صادقہ کو کبھی افسردہ نہ ہونے دیا، جو قوموں اور ملتوں کی زندگی کا نقش بند اور فلاحِ دوام کا وسیلۂ ارجمند ہے؟

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

جماعتِ مجاہدین اور بزرگانِ یاغستان

روشنی کی کرنیں

جماعتِ مجاہدین کے قیامِ یاغستان کی طویل داستان من وعن سنائی جا چکی ہے، اس سے واضح ہے کہ جماعت کو بارہا نہایت رنج دہ حالات سے سابقہ پڑا اور سرحدیوں یا یاغستانیوں کے ہاتھوں ایسی خوفناک تکلیفیں اٹھائیں، جن کا ذکر بھی دل میں ناسور ڈال دینے کیلئے کافی ہے۔ جن دشمنوں کے خلاف جانبازانہ جنگ مجاہدین کا نصب العین تھا، شاید وہ بھی ان سے زیادہ تکلیفیں نہ پہنچاتے، تاہم اس تاریکی میں بھی روشنی کی کرنیں ملتی ہیں، مثلاً ساداتِ ستھانہ وملکا یا ساداتِ بونیر جن کا دامنِ وفا ہر دور میں مہتاب کی طرح اجلا اور بے داغ رہا اور جن کی اعانت ورفاقت کبھی کسی ذاتی غرض سے آلودہ نہ ہوئی۔ حضرت سید امیر ملاّ صاحب کوٹھا زندگی کی آخری ساعت تک مجاہدین کے معاون وخیر خواہ رہے، اگرچہ اس سلسلے میں انہیں حد درجہ دردناک مصائب کا ہدف بننا پڑا۔

حضرت اخوند صاحب صوات نے بھی جنگ امبیلہ کے بعد مجاہدین سے انتہائی خلوص کا برتاؤ کیا تھا، بلاشبہ بعد ازاں اس برتاؤ کی کیفیت بدل گئی، ان کے علاوہ بھی مختلف بزرگوں سے وقتاً فوقتاً جماعت کو بلاواسطہ امداد ملتی رہی۔

ملا صاحب ہڈّہ

بہ لحاظِ فضل وتقدس ان میں سے تقدم ملاّ نجم الدین صاحب کو حاصل ہے جو ملاّ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صاحب ہڈہ کے نام سے معروف ہیں۔ وہ یاغستان کے بہت بڑے عالم اور مقبول عوام پیر طریقت تھے۔ اس کے علاوہ افغانستان کے مشرقی حصوں میں بھی انہیں وسیع اثر و رسوخ حاصل تھا۔ اجنبی اقتدار کے متعلق ان کا نقطۂ نگاہ وہی تھا، جس پر جماعت مجاہدین قرنوں سے کاربند چلی آتی تھی۔ چنانچہ جب ۱۸۹۵ء میں انگریزوں نے چترال پر پیش قدمی کی تو ملائے موصوف نے اس پیش قدمی کی مزاحمت اور آزادیٔ یاغستان کی حفاظت میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا، بعد میں آپ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ اسی مقصد کی پیش بُرد میں صرف ہوا۔ مجاہدین کو چمرکنڈ میں مرکز قائم کرنے کی ضرورت پیش آئی تو ملا صاحب ہی کی مسجد کے سائے میں اس کے لئے جگہ تجویز ہوئی، تفصیلات چمرکنڈ کی جائے وقوع اور کیفیت آبادی کے سلسلے پیش ہوں گی۔

ملاّ صاحب بابڑہ

یہ ملاّ صاحب بھی تحریک آزادی کے تمام کارکنوں اور مجاہدین کو ہر ممکن ذریعے سے مدد دیتے رہے۔ مرکز چمرکنڈ کی حفاظت میں ان کے اثر و رسوخ کا بھی خاص حصہ ہے، ان کا اصل نام غالباً عبدالکریم تھا، یاغستان کے اکابر علماء و اہل طریقت میں شمار ہوتے تھے، مولوی محمد علی قصوری نے سفر یاغستان میں ان کی زیارت کی تھی، لکھتے ہیں:

> ملا صاحب سفید ریش بزرگ تھے، میرے خیال میں اس وقت (۱۶-۱۹۱۵ء میں) ان کی عمر ستر سے متجاوز ہوگی، مگر صحت، نہایت عمدہ تھی، بغیر عینک کے قرآن شریف پڑھتے تھے اور ایسے تیز رو کہ جوان بھی مشکل سے ساتھ دے سکیں، دبلے پتلے جسم کے، دراز قامت اور چہرے سے نور ایمانی اور فہم و فراست عیاں تھے، بات چیت میں نہایت سنجیدہ۔ (۱)

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۷۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملاّ صاحب سنڈا کے

ان ملاّ صاحب کا اسم گرامی علی احمد تھا۔ چکیسر کی طرف دریائے سندھ کے مغربی کنارے پر ''سنڈا کے'' نام ایک گاؤں ہے، ملا صاحب اسی کی نسبت سے مشہور ہوئے۔ زہد وعبادت میں انہیں اونچا درجہ حاصل تھا، اہل صوات نے نواب دیر کے تصرف سے آزادی حاصل کرنے کیلئے تنظیمات کا سلسلہ شروع کیا تو ملا صاحب کو اپنے ہاں لے آئے، اول اس خیال سے کہ ایک مقدس اور خدا رسیدہ بزرگ کی سرپرستی میں ضروری تنظیمات جلد پایۂ تکمیل پر پہنچ جائیں گی۔ دوم یہ خیال ہوگا کہ ملاّ صاحب، حضرت صاحب ہڈّہ کے مرید اور خلیفہ ہیں اور انکے متعدد خواجہ تاش آس پاس کے مختلف علاقوں میں موجود تھے، لہٰذا ان کی وجہ سے سب کی تائید واعانت حاصل ہوگی۔ ویسے بھی اس قسم کی تحریکات میں مقدس بزرگوں کا شمول عوام میں خاص برکات کا سرچشمہ سمجھا جاتا تھا، انہوں نے صوات میں جو تحریک جاری کی اسکے حالات آگے چل کر بیان کئے جائیں گے۔

حاجی صاحب ترنگ زئی

حاجی صاحب کا نام فضل واحد تھا، تحصیل چارسدہ کے ایک گاؤں ترنگ زئی کے باشندے تھے، یہ ان آٹھ مقامات میں شامل تھا جن کی وجہ سے زمانۂ ماضی میں علاقہ چارسدہ کا نام ہشت نگر رہا۔ سید عبدالجبار شاہ ستھانوی حاجی صاحب کے متعلق لکھتے ہیں کہ انہیں:

> میں نے دیکھا ہے، وہ ایک عابد وزاہد اور صالح شخص ہے، علم اس کا زیادہ نہیں بہت سادہ، صاف دل اور نیک بزرگ ہے۔(۱)

(۱) شہادت الثقلین حصہ دوم قلمی نسخہ، ص: ۱۴۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولانا حسین احمد مدنی فرماتے ہیں کہ حاجی صاحب نہایت متقی، پرہیز گار، صاحب علم وفضل اور مشہور پیران طریقت وسلوک میں سے تھے۔(۱) ان کا تعلق شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن کی تحریک آزادی سے بھی پیدا ہوگیا تھا۔ پہلی جنگ یورپ میں ترک انگریزوں کے خلاف جرمنی کے معاون بن گئے اور خلافت اسلامیہ کی طرف سے جہاد کا اعلان ہوگیا تو حاجی صاحب بھی دعوتِ جہاد کیلئے وقف ہوگئے۔ زمانہ بڑا نازک تھا، جب معلوم ہوا کہ انہیں گرفتار کر لینے کی تجویزیں زیر غور ہیں تو ضعف پیری کے باوجود بہت بڑی جائداد چھوڑی اور وطن مالوف سے ہجرت کر کے بونیر چلے گئے۔ اہل وعیال کو بھی ساتھ لے گئے ان کے فرزندوں میں سے فضل اکبر عرف بادشاہ گل خاص طور پر قابل ذکر ہیں، ملا صاحب بابڑہ اور ملا صاحب سنڈاکے کی طرح حاجی صاحب نے بھی حضرت صاحب ہڈہ ہی سے روحانی فیض حاصل کیا تھا۔

جنگِ رستم

بونیر پہنچتے ہی حاجی صاحب نے نفیر عام کا صور پھونک دیا، چونکہ خود امن وراحت کی زندگی اور بہت بڑی جائداد چھوڑ کر راہِ حق میں گامزن ہوئے تھے، علاوہ بریں علم و فضل اور تقدس میں خاص شہرت حاصل تھی، اس لئے بہت جلد خاصی بڑی جمعیت کو بغرض جہاد تیار کرلیا۔ جماعت مجاہدین بھی ان کے ساتھ شامل ہوگئی اور انہوں نے سدم یا رستم کے علاقے میں انگریزی چوکیوں پر ہلہ بول دیا، حکومت کو ان کی سرگرمیوں کا علم ہو چکا تھا اور مقابلے کے لئے پوری تیاری کر لی گئی تھی، حملہ آوروں کے خلاف توپوں کی گولہ باری شروع ہوگئی اور پہلے ہی حملے میں ایک سو کے قریب جانیں تلف ہوئیں۔ اس پُرزور مدافعت نے قبائلیوں کو پریشان کر دیا اور وہ منتشر ہونے لگے۔ میں بارہا عرض کر چکا ہوں

(۱) نقش حیات جلد دوم، ص:۱۸۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کہ وہ ہر دینی دعوت پر خلوص سے جانیں قربان کرنے کیلئے تیار ہو جاتے تھے، لیکن چونکہ باقاعدہ عسکری تنظیمات سے محروم تھے فوجوں کی طرح جم کر لڑنا انہیں نہ آتا تھا، اس لئے ان کی قربانیاں عموماً لاحاصل نتائج پیدا نہ کرتی تھیں، البتہ جماعت مجاہدین نے استقامت سے مقابلہ کیا اور مسلسل چھاپے مارتے رہے، اس رزم و پیکار کے سلسلے میں جماعت کا ایک بلغین امیر نعمت اللہ کے حالات میں پیش کیا جا چکا ہے۔

حاجی صاحب کی مجاہدانہ مساعی کے ساتھ ساتھ ملا صاحب سنڈاکے نے صوات میں جو اقدامات کئے ان کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ صوات کے عمومی حالات کا سرسری نقشہ پیش کر دیا جائے۔

صوات میں صورتِ حالات

صوات کے بادشاہ سید اکبر شاہ ستھانوی کی وفات عین اس دن ہوئی تھی جس دن ہندوستان میں ''غدر'' کا آغاز ہوا، یعنی ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو۔ مرحوم بادشاہ کے فرزند شہزادہ مبارک شاہ کم و بیش چھ مہینے تک نظم و نسق کے بکھرے ہوئے شیرازے کو درست کرنے میں لگے رہے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ مخالف قوتوں کا طوفان خطرناک صورت اختیار کر گیا ہے تو وہ خود باہر نکل آئے کہ اہل صوات اپنے لئے جو انتظام مناسب سمجھیں کر لیں، ان لوگوں کی عقیدت و ارادت کا سب سے بڑا مرجع حضرت اخوند صاحب صوات تھے، انہوں نے بادشاہی قبول نہ کی اور قبائل نے اپنا اپنا انتظام کر لیا۔

رؤسائے باجوڑ کی ایک شاخ جندول میں حکمران تھی، جو باجوڑ ہی کا ایک حصہ ہے، خان جندول کے ایک فرزند عمر اخان نے گزشتہ صدی کے آخری بیس سال میں خاصی شہرت حاصل کر لی، والد نے اسے اختلاف کی بنا پر باہر نکال دیا تھا، وہ ۱۸۷۸ء میں لوٹا اور ایک سال کی کشمکش کے بعد جندول پر قابض ہو گیا۔ پھر اس کی فتوحات کا سلسلہ شروع

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوا، چنانچہ اس نے ۱۸۹۰ء تک پوری ریاست دِیر کے علاوہ باجوڑ کے بڑے حصے اور جنوبی صوات پر بھی قبضہ کرلیا، پھر وہ چترال کے اس دعویدار کا حامی بن گیا جو ریاست سے جلاوطن تھا اور ایک ہی ہلے میں اس نے چترال کو بھی لے لیا، اس اثناء میں محمد شریف خاں رئیس دیر بالا صوات میں جلاوطن ہوکر بیٹھا رہا۔

۱۸۹۵ء میں انگریزوں نے چترال پر پیش قدمی کی تو فوج کو پائیں صوات اور دِیر سے گذرے بغیر چارہ نہ تھا۔ اس طرح براہِ راست عمرا خاں سے کشمکش شروع ہوگئی۔ انگریزوں نے اپنے پرانے شیوے کے مطابق دِیر کے جلاوطن رئیس محمد شریف خاں کو ساتھ لیا، قبائل دیر عمرا خاں کے حامی تھے اور وہ اپنے رئیس کے ساتھ ہو گئے، انگریزی فوج کیلئے بہ سہولت گذر کا انتظام ہوگیا اور دیر کے علاوہ صوات کا وہ علاقہ بھی جو عمرا خاں کے قبضے میں تھا، انگریزوں نے محمد شریف خاں کے حوالے کردیا۔

دیر وصوات کی کشمکش

محمد شریف خاں دور اندیش اور تجربہ کار آدمی تھا، اس نے اہل صوات کو مطمئن رکھنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی مگر اس کا جانشین اورنگ زیب خاں کانوں سے بہرا تھا، زبان میں لکنت تھی اور مرض جذام میں مبتلا ہوگیا تھا، اس نے پہلے ہی دن سے سارا کاروبار اپنے ملازموں پر چھوڑ دیا، جن کے سامنے زیادہ سے زیادہ پیسے وصول کرنے کے سوا کوئی نصب العین نہ تھا۔ پھر اورنگ زیب خاں نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ مختلف علاقے اجاروں پر دیدیتا، اور بندھی رقمیں وصول کرلیتا۔ اجارہ دار جس طرح چاہتے رعایا کا خون چوستے، اہل صوات نے دو تین مرتبہ ریاست دیر کے کارکنوں کو باہر نکال دیا، لیکن وہ فوج لے کر آتے اور قوت کے بل پر تمام بقایے وصول کرلیتے۔

تنگ آکر اہل صوات نے یہ سوچا کہ کسی کو بادشاہ بنا کر قومی قوت کی تنظیم کا انتظام

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کریں، پھر لڑ کر نواب دیر کے چنگل سے رہائی پائیں۔ اسی سلسلے میں وہ ملا صاحب سنڈاکے کو اپنے ہاں لائے تھے، اسی سلسلے میں مختلف شخصیتوں کے سامنے بادشاہی کی پیش کش کی، لیکن دیر کی زبردست جنگی قوت کے خوف سے کوئی شخص کانٹوں کا تاج سر پر رکھنے کے لئے تیار نہ ہوتا۔

سید عبدالجبار شاہ ستھانوی

آخر سب نے بالاتفاق طے کیا کہ بادشاہی کیلئے سب سے بڑھ کر موزوں سید عبدالجبار شاہ ہیں، جو ریاست امب کے وزیر کی حیثیت میں اپنی انتظامی سیاسی اور حربی صلاحیتوں کے روشن ثبوت پیش کر چکے تھے، ان کے اعزہ واقربا بونیر، چملہ، صوات اور یاغستان کے دوسرے حصوں میں جابجا موجود تھے اور یقین تھا کہ وہ سب سید موصوف کے معاون بن جائیں گے، نیز سادات کے اس گھرانے کا ایک جلیل القدر فرد (سید اکبر شاہ) ۱۸۴۷ء سے ۱۸۵۷ء تک صوات میں بادشاہی کے منصب پر فائز رہ چکا تھا، یہ سید عبدالجبار شاہ کے جد امجد سید عمر شاہ کے حقیقی بھائی تھے۔

غور ومشورہ کے بعد قرار پایا کہ سید عبدالجبار شاہ صوات میں شرعی اصول کے مطابق نظامِ حکومت قائم کریں، قومی قوت کو منظم کر کے بتدریج صوات کو دیر کے تصرف سے نجات دلائیں اور تمام رؤسا وخوانین سید موصوف کے معین ویاور رہیں۔ ۹ر جمادی الاخریٰ ۱۳۳۳ھ (۲۴ر اپریل ۱۹۱۵ء) کو دریائے صوات کے جنوبی کنارے پر بانڈی بالا میں درختہائے چنار کے نیچے سید عبدالجبار شاہ کی دستار بندی ہوئی اور وہ صوات کے حکمراں بنے، ملا صاحب سنڈاکے کو اس حکومت میں غیر رسمی طور پر شیخ الاسلام کی حیثیت حاصل ہوگئی۔

مشکلاتِ کار

پیش نظر کام بے حد کٹھن تھا اور اس کیلئے انتہائی محنت وجفاکشی کے علاوہ تمام قومی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عناصر کے دلی تعاون اور حسن تدبیر کی ضرورت تھی۔ مثلاً:

۱- دیر کی جنگی قوت سے عہدہ برآ ہونے کیلئے مناسب قوت فراہم کر لینا خاصے وقت کا محتاج تھا۔

۲- قبائل کی عام حالت ایسی تھی کہ جب تک ان سب کو نئے انتظام کے ماتحت صریح فائدہ نظر نہ آتا، امید نہ تھی کہ وہ خوش دلی سے اسکے ساتھ تعاون پر آمادہ ہوں گے۔

۳- پھر ہر قبیلے میں مختلف گروہ تھے لہٰذا دائرۂ نظم میں ان کے درمیان توازن قائم رکھے بغیر اندیشہ لگا رہتا تھا کہ وہ بگڑ جائیں گے۔

۴- صوات و دیر اگرچہ یاغستانی علاقے تھے اور یاغستانی علاقوں کے معاملات میں انگریزوں کو براہِ راست مداخلت کا حق حاصل نہ تھا، تاہم حکومتِ ہند نواب دیر کی حامی اور سرپرست تھی اور ذرا سی بھی بے احتیاطی ایسے حالات پر منتج ہو سکتی تھی کہ حکومت مذکورہ دیر کی حمایت کے لئے میدانِ جنگ میں اتر آتی۔

۵- چکدرہ کی فوجی چھاؤنی ایسے مقام پر واقع تھی کہ ہر وقت پیچیدگیوں کا خطرہ لگا رہتا تھا۔

غالباً ایسے ہی نازک حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے سید عبد الجبار شاہ نے ملا صاحب سنڈاکے سے بات چیت کے دوران میں یہ معاملہ بھی طے کر لیا تھا کہ صوات کی تنظیمات مکمل ہونے اور دیر کے تصرف سے آزادی حاصل کرنے تک کوئی ایسا قدم نہ اٹھایا جائے جس سے حکومتِ ہند کو مداخلت کا بہانہ مل جائے۔ ایک بہت بڑی وجہِ تشویش یہ تھی کہ جنگ یورپ زوروں پر تھی، ترک انگریزوں کی انتہائی کوشش یہ تھی کہ یاغستان میں کوئی ایسا ہنگامہ بپا نہ ہو جو یاغستانی قبائل کو مشتعل کر دے۔ سر جارج روس کیپل صوبہ سرحد کا چیف کمشنر تھا، اسکی خود رائی سب پر واضح تھی، حکومت سرحدی معاملات میں اسی کی رائے پر عمل کرتی تھی، وہ سید عبد الجبار شاہ کا سخت مخالف اور نواب دیر کا سرگرم حامی تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملّا صاحب سنڈاکے کا اقدام

حاجی صاحب ترنگ زئی نے بونیر میں جو اقدام کیا تھا، اس سے کوئی دلخواہ نتیجہ نہ نکلا اور قبائل بونیر ابتدائی نقصان کے بعد افسردہ ہو کر بیٹھ گئے تو حاجی صاحب نے ملا کے پاس پیغام بھیجا کہ آپ بھی کچھ کریں اور ہمیں صوات میں بلا لیں۔ یہ پیغام ملا تو ملا صاحب سنڈاکے نے براہِ راست انگریزوں کے خلاف جہاد کے وعظ کہنے شروع کیے اور اس غرض سے بڑا لشکر تیار کر لیا۔ سید عبدالجبار شاہ نے ایک خاص مجلس میں اس اقدام کے مضر پہلو واضح کیے اور لوگوں نے ان پہلوؤں کو معقول تسلیم کیا تو ملا صاحب ناراض ہو کر چلے گئے۔ یہ دیکھ کر لوگوں پر پریشانی طاری ہوگئی، انہوں نے سمجھا کہ ایک خدا رسیدہ ہستی، جس کی اپنی کوئی غرض نہ تھی ناراض ہو کر چلی گئی، یہ امر ان کے لئے غضبِ آسمانی کا موجب بنے گا۔ چنانچہ ملا صاحب کو راضی کر کے لایا گیا، ان کی تجویز کے مطابق لشکر تیار کر لئے گئے اور حملہ کر دیا گیا۔

انگریزی فوج پہلے سے تیار تھی، اس نے منظم طریق پر گولہ باری شروع کی تو قبائلی لشکر ٹھہر نہ سکے اور منتشر ہو گئے، یہاں تک کہ افراتفری میں ملا صاحب کو بھی پیچھے ہٹنا پڑا۔ انگریزوں نے اب نواب دیر کی فوج بھی طلب کر لی اور دونوں نے مشترکہ حیثیت میں صوات کے اندر پیش قدمی کا فیصلہ کر لیا۔ جو عناصر سید عبدالجبار شاہ کی تنظیمات سے دل سے متنفر تھے اگرچہ بہ ظاہر انہیں کچھ کہنے کی ہمت نہ پڑتی تھی، وہ سب یکسو ہو کر بیٹھ گئے، ملا صاحب سنڈاکے نے بونیر پہنچ کر سید علی ترمذی غوث بونیر کے مزار شریف پر ڈیرہ جالگایا، شاید ان کی خواہش یہ تھی کہ اہل صوات اگر دشمن کے مقابلے میں استقامت کا مظاہرہ نہ کر سکے تو اہل بونیر کو تیار کرنا چاہیے۔

دفاعی تدبیریں

اب سید عبدالجبار شاہ نے منتشر قومی عناصر کو فراہم کر کے ایک دفاعی منصوبہ تیار کیا،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جس کا مدعا یہ تھا کہ پیش قدمی کرنے والے انگریزی لشکر پر خفیہ پہاڑی مورچوں سے بے پناہ چھاپوں کا لامتناہی سلسلہ شروع کر دیا جائے، نیز حضرت اخوند صاحب صوات کے ایک خلیفہ صاحبزادہ بابا سے اہل دیر کے نام ایک اعلام لکھوایا جس کا مضمون یہ تھا کہ میں دنیوی معاملات اور ملکی جنگوں سے ہمیشہ الگ رہا ہوں لیکن انگریزوں نے آزاد اسلامی ملکوں پر حملے شروع کر دیئے ہیں، یہ ایسا معاملہ ہے جو مدتِ مدید سے پیش نہ آیا تھا، انگریز خلیفۃ المسلمین کے خلاف بھی جنگ کر رہے ہیں، اسی سلسلے میں وہ صوات پر لشکر لے آئے ہیں اور دیر کا لشکر بھی ان کے ساتھ ہے، اہل دیر کو میری نصیحت یہ ہے کہ اسلام اور ایمان بیچ کر صوات کو انگریزوں کے قبضے میں نہ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ واپس چلے جائیں یا آگے نہ بڑھیں اور جہاں ہوں وہیں ٹھہرے رہیں، اگر آگے بڑھے تو:

> میں بہ ذاتِ خود قتال کے لئے موجود رہوں گا، میری موت تمہارے ہاتھ شہادت کی موت ہوگی اور تمہارے مردے اہل صوات کی گولیوں سے داخل صفِ کفار ہوں گے۔ دنیا کی زندگی کا کوئی اعتبار نہیں، دو دن کی زندگی کی خاطر ایمان ضائع کر دینا سخت بدنصیبی کا باعث ہوگا۔

اس اعلام کی نقلیں اہل دیر کے علاوہ صوات کو بھی بھیج دی گئیں، اور ایسا بندوبست کر دیا گیا کہ ہر شخص اسکے مضمون سے آگاہ ہو جائے۔ یہ بھی جان لے کہ مدافعت کرنے والے لشکر کے علم دار حضرت صاحبزادہ بابا ہوں گے، ملا صاحب سنڈاکے کو بھی یہ اعلام پہنچا دیا گیا، ساتھ ہی لکھا گیا کہ دریائے سندھ سے جلال آباد (افغانستان) تک آپ کیلئے لشکر فراہم کرنے کا بندوبست ہو چکا ہے، تشریف لائیں اور جو مورچہ اپنے لئے پسند کریں، اس میں بیٹھ جائیں۔

نواب دیر اور انگریزوں کے لئے سراسیمگی

حضرت صاحبزادہ بابا لشکر لے کر اس جگہ سے قریب جا بیٹھے جہاں انگریزوں اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواب دیر کا لشکر تھا، ان کے اعلام نے ہمہ گیر سراسیمگی پیدا کر دی تھی، اس اثناء میں ملا صاحب سنڈاکے بھی بونیر سے تشریف لے آئے اور انھوں نے پائیں صوات کے جنوبی و مغربی حصہ میں شموزئی اور اون زئی کے درمیان ڈوپ نامی پہاڑ پر صاحبزادہ بابا سے بھی آگے بڑھ کر مورچہ قائم کر لیا۔ سید عبدالجبار شاہ نے عبدالواحد جمعدار کو مع ان کی نفری کے ملا صاحب سنڈاکے کے مورچے سے انگریزی لشکر پر چھاپوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ سید عبدالجبار شاہ فرماتے ہیں کہ بلا ناغہ ہر رات شبخون مارا جاتا۔ ادھر صاحبزادہ بابا کے اعلام نے اہل دیر کو بھی بے حد متاثر کیا، وہ دن کے وقت تو چپ چاپ بیٹھے رہتے، رات کے وقت خود انگریزی کیمپ پر چھاپے مارتے، ایک شب کے چھاپے میں دو تین آدمی مقتول ہوئے، صبح کے وقت سب پر آشکارا ہو گیا کہ یہ لوگ لشکر دیر سے متعلق تھے، نواب بھی پریشان ہو گیا اور انگریز بھی، آخر انگریزی فوج پیش قدمی کا ارادہ ترک کر کے چکدرہ کے پاس میدان میں خیمہ زن ہو گئی۔ (۱)

بقیہ حالات

سید عبدالجبار شاہ تقریباً دو سال صوات کے حکمراں رہے، پھر انہیں مختلف اسباب کی بناء پر وہاں سے نکلنا پڑا، جن کی تفصیل موجودہ کتاب کے موضوع سے خارج ہے، ملا صاحب سنڈاکے بالا صوات میں چلے گئے، یہ معلوم نہ ہو سکا کہ کب ان کی وفات ہوئی۔ حاجی صاحب ترنگ زئی بونیر سے صوات پہنچے، سید عبدالجبار شاہ نے ان کیلئے اتنے غلے کا انتظام کر دیا تھا جو وقت کے نرخ کے مطابق پانچ چھ ہزار روپے کا ہوگا۔ پھر حاجی صاحب بالا صوات میں اپنے ایک مرید کے ہاں جا ٹھہرے، انجام کار صوات کے قیام کو ناپسند کرتے ہوئے مہمند قبیلے میں چلے گئے، وہیں اقامت اختیار کر لی اور وہیں وفات پائی۔

(۱) یہ حالات سید عبدالجبار شاہ کی کتاب شہادۃ الثقلین حصہ دوم سے ماخوذ ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نواں باب:

شیخ الہندؒ کی تحریکِ آزادی

ایک اہم تحریک

شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندی نے آزادی کی جو تحریک منظم کی تھی، اگرچہ اسے براہِ راست جماعتِ مجاہدین سے ربط و تعلق نہ تھا، لہٰذا اس کے تفصیلی تذکرے کا یہ موزوں مقام نہیں، تاہم دونوں تحریکوں میں اشتراک کے کئی پہلو موجود تھے، دونوں کا سلسلۂ ارادت شاہ اسمٰعیل شہید اور سید احمد شہید پر منتہی ہوتا تھا، دونوں کے مقاصد میں خاصی یکسانیت تھی، دونوں مسلمانوں کی سربلندی اور ہندوستان کی آزادی کیلئے کوشاں تھیں۔ دونوں نے ابتدائی سرگرمیوں کیلئے یاغستان کو منتخب کیا اور ہندوستان کے حواشی میں یہی ایک موزوں خطہ تھا، جہاں بین المللی پیچیدگیوں سے محفوظ رہ کر تہیہ ساز و سامان، فراہمیٔ افراد اور استعدادِ عمل کے لئے جدوجہد کی جاسکتی تھی۔ پھر یہ بھی ظاہر ہے کہ حضرت شیخ الہندؒ کے مقرر فرمائے ہوئے کارکن بوقت ضرورت جماعتِ مجاہدین سے مدد لیتے رہے، دونوں جماعتوں کے کارکنوں کو جہاں ایک دائرے میں کام کا موقع ملا وہ اشتراک پر کاربند رہے، لہٰذا اس تحریک کا مجمل سا ذکر یہاں بے محل نہ ہوگا۔

ابتدائی طریقِ کار

افسوس کہ اس تحریک کے پورے حالات اب تک روشنی میں نہ آسکے، میں جانتا ہوں کہ مولانا حسین احمد مدنی اور مولانا عبیداللہ سندھی نے اپنے اپنے حلقہ ہائے عمل کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

متعلق خاصی گراں قدر معلومات فراہم کردی ہیں، لیکن جس حد تک مجھے علم ہے تحریک کے ابتدائی طریق کار کا سراغ لگانے کی کوشش نہ کی گئی۔ میرے مطالعے اور غور وفکر کا نچوڑ یہ ہے کہ حضرت شیخ الہندؒ اپنی عملی زندگی کے آغاز ہی میں ایک نقشۂ عمل تیار کر چکے تھے اور اسے لباسِ عمل پہنانے کی کوششیں انہوں نے اس وقت سے شروع کردی تھیں جب ہندوستان کے اندر سیاسی سرگرمیاں محض برائے نام تھیں۔ ملک کے حالات کسی تیز تحریک کیلئے ہرگز سازگار نہ تھے، مسلمانوں پر حیرانی اور افسردگی طاری تھی، وہ ثریا سے تحت الثریٰ میں جا گرے تھے اور کچھ سمجھ میں نہ آتا تھا کہ اپنی کھوئی ہوئی حیثیت حاصل کرنے کے لئے کونسا راستہ اختیار کریں اور کس طریقِ عمل پر گامزن ہوں۔ ایسے اصحاب بہت کم نظر آتے تھے، جن کے خلوص پر اعتماد کیا جاسکے، اور جو پیش نظر مقاصد کیلئے بے تکلف ہر قسم کی قربانیوں پر آمادہ ہوں۔ پھر حضرت شیخ الہندؒ کے سامنے ایک بڑی مصلحت یہ بھی تھی کہ دارالعلوم دیوبند کو حکومت کے عتاب کا ہدف بننے سے حتی الامکان محفوظ رکھیں۔

اسلامی درسگاہوں کی تحریک

میرے اندازے کے مطابق انہوں نے یہ طے کیا تھا کہ جن جن اصحاب میں عملی صلاحیت پائیں، انہیں جا بجا خصوصاً یاغستان کے مختلف حصوں میں دینی اور اسلامی درسگاہیں قائم کرنے کی ترغیب دیں۔ ملا صاحب سنڈاکے نے بھی حضرت شیخ الہندؒ سے ملاقات کی تھی، انہوں نے جب کام شروع کیا تو ابتداء میں ایک اہم اسلامی درسگاہ ہی قائم کرنے کی کوشش کی تھی، حاجی صاحب ترنگ زئی شیخ الہندؒ سے استفادہ کر چکے تھے، ان کے پیش نظر بھی درسگاہیں قائم کرنے ہی کا سلسلہ تھا۔

سید عبدالجبار شاہ ستھانوی لکھتے ہیں: جب مجھے نمائندگانِ صوات نے بتایا کہ ملا صاحب سنڈاکے اسلامیہ کالج پشاور کے بالمقابل ایک عالی شان اسلامی درسگاہ کی بنیاد

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رکھنا چاہتے ہیں تو میں نے ان پر صاف صاف واضح کر دیا تھا کہ یہ اصطلاح ایک خاص جماعت کا شعار ہے، جس میں مولوی صاحبان اور علماء شامل ہیں۔ اسلامی درسگاہوں کو حکومتِ برطانیہ کے خلاف تنظیمات کا پردہ بنالیا گیا ہے اور حاجی صاحب ترنگ زئی جو اپنے ضلعے میں ایسی درسگاہیں قائم کرنا چاہتے ہیں، وہ بھی اس حلقے کے ایک رکن ہیں۔

سید صاحب کہتے ہیں کہ مجھے یہ تو علم نہ تھا یہ اصطلاح کس نے ایجاد کی اور اس کا مرکز کہاں تھا، لیکن جنگ طرابلس اور جنگِ بلقان نے واضح کر دیا تھا کہ یورپ کی بڑی بڑی سلطنتیں ترکوں کے دشمن حملہ آوروں کی پشتیبانی کر کے خلافتِ اسلامیہ کو برباد کر دینے کے درپے ہیں، اس پر مسلمانوں میں ہمہ گیر بے چینی کی لہر دوڑ گئی۔ علمائے حق خلافتِ اسلامیہ اور مقاماتِ مقدسہ کی حفاظت کے لئے سرگرم ہو گئے۔ اس سلسلے میں تبلیغ و اشاعت کیلئے بہترین طریقہ یہ سمجھا گیا کہ گاؤں گاؤں اور بستی بستی میں اسلامی درسگاہیں قائم کر دی جائیں۔(۱)

صحیح تربیت

غرض شیخ الہند کا ابتدائی منصوبہ یہی تھا اور اسے حضرت کے تعلیمی مشاغل سے خاص مناسبت تھی۔ یاد رہے کہ سید احمد شہیدؒ نے جب مسلمانوں کو بہ غرضِ جہاد منظم کرنے کا قصد فرمایا تھا تو پیروں کے شیوے کے مطابق مختلف علاقوں کے دورے شروع کر دیئے تھے، جگہ جگہ وعظ بھی ہوئے، بیعت بھی لی جاتی، "توجہ" بھی دی جاتی، اس طریقے کو سید شہیدؒ کے مشاغل سے خاص مناسبت تھی۔ میرے نزدیک مولانا محمد قاسم نانوتوی اور مولانا رشید احمد گنگوہی بانیانِ دارالعلوم دیوبند کا اصل مقصد و نصب العین بھی وہی تھا، جس کے لئے کارفرمایانِ دیوبند میں سے صرف حضرت شیخ الہندؒ سرگرمِ عمل ہوئے، اس طریقے اور

(۱) شہادت التکوین حصہ دوم قلمی نسخہ، ص:۴۳

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شیوے کے مطابق جلد حسبِ مراد نتیجے برآمد ہونے کی توقع نہ رکھی جاسکتی تھی، تاہم ایک بڑا فائدہ یہ تھا کہ انقلابی مساعی کے ساتھ ساتھ عوام کی صحیح تربیت کا کام بھی انجام پاتا تھا۔ جس طرح سید شہید کی دعوتِ اصلاح میں انجام پاتا تھا، اس انقلاب سے بڑھ کر مصیبت خیز اور تباہ کن شئے کوئی نہیں ہوسکتی جسکے عوام پیشِ نظر مقاصد کی تربیت سے کاملاً بے بہرہ ہوں، دریاؤں کا پانی نہروں کے ذریعے سے کھیتوں میں پہنچتا ہے، تو زمین کی اندرونی صلاحیتیں پیداوار کے انبار فراہم کردیتی ہیں، لیکن اگر وہ پانی بے پناہ سیل کی شکل اختیار کرلے تو بستیوں کی ویرانی اور فصلوں کی بربادی کے سوا کیا نتیجہ نکلے گا؟

حوادث کا ہجوم وتواتر

مجھے یقین ہے کہ حضرت شیخ الہند مرحوم ومغفور اپنے اسی منصوبے کے مطابق کاربند رہنا چاہتے تھے، لیکن حالات کی خوفناک مخالفانہ رفتار اور حوادث کا ہجوم وتواتر اُن کے صبر وشکیب کیلئے شدید آزمائشوں کا موجب بن گیا۔ مولانا حسین احمد فرماتے ہیں کہ حضرت کی گہری نظر واقعاتِ عالم بالخصوص ہندوستان اور ترکی پر مرکوز رہتی تھی، طرابلس اور بلقان کے زہرہ گداز مظالم اور اندرونِ ہند میں انگریزوں کی روز افزوں چیرہ دستیوں نے انہیں اس قدر متاثر کیا کہ آرام اور چین تقریباً حرام ہوگیا۔ گویا وہ اپنے اختیار سے نکل گئے، نتائج وعواقب سے بے پروا ہوکر انہیں سر بہ کف اور کفن بردوش میدانِ انقلاب میں نکلنا پڑا۔ زمانے کی تاریکیاں، موسم کی کالی کالی گھٹائیں، احوال کی نزاکتیں، اہل ہند بالخصوص مسلمانوں کی ناگفتہ بہ کمزوریاں رکاوٹ بن کر سامنے آئیں اور کچھ عرصہ اسی غور وخوض میں گذرا، مگر پانی سر سے گذر چکا تھا، اس لئے خوب سوچ سمجھ کر صرف قادرِ مطلق پر اعتماد اور بھروسہ کرکے کام شروع کردیا۔ (۱)

(۱) ''نقشِ حیات'' جلد دوم، ص: ۱۳۵-۱۳۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ابھی وہ کوئی فیصلہ کن قدم نہیں اٹھا سکے تھے کہ پہلی جنگ یورپ شروع ہوگئی، دو تین ماہ بعد ترک انگریزوں کے خلاف جنگ میں شامل ہوگئے گویا اطمینان و دلجمعی سے آہستہ آہستہ کام جاری رکھنے اور نتائج کا انتظار کرنے کی مہلت ختم ہوگئی اور اس کے سوا چارہ نہ رہا کہ جو کچھ بھی ممکن ہو فی الفور کیا جائے تاکہ انگریزوں کی مشکلات میں اضافہ ہو، ترکوں کو تقویت پہنچے اور ہندوستان کی آزادی کا خواب اپنی صحیح تعبیر سے ہم آغوش ہو جائے۔

فوری کام کی ضرورت

حضرت شیخ الہندؒ ان تمام اصحاب کی طبیعتوں اور صلاحیتِ استقامت کا اندازہ فرماتے رہتے تھے، جو ان کے پاس تعلیم و استفادہ کی غرض سے آتے۔ ان میں سے بعض موزوں اصحاب کو انہوں نے اپنے کام کیلئے چن لیا تھا، انہیں حکم دے دیا کہ جلد سے جلد یاغستان پہنچ جائیں اور آزاد قبائل کو ہندوستان پر حملے کیلئے اٹھائیں۔ مولانا عبیداللہ مرحوم کو انہوں نے افغانستان بھیج دیا کہ امیر حبیب اللہ خاں والیٔ افغانستان کو اس نازک وقت میں خدمتِ اسلامیت کیلئے جانبازانہ اقدام پر آمادہ کریں، حاجی صاحب ترنگ زئی اور ملا صاحب سنڈاکے کے متعلق ہمیں قطعی طور پر معلوم ہے کہ وہ حضرت شیخ الہند کی تحریک سے وابستہ تھے۔ ان کے علاوہ مولانا سیف الرحمٰن، مولانا محمد میاں عرف منصور انصاری، مولانا فضل ربی، مولانا فضل محمود، مولانا محمد اکبر، حضرت شیخ کے خاص کارکن تھے۔ خود ہندوستان میں ان کے مخلص کارکنوں کا شمار مشکل ہے، مثلاً مولانا عبدالرحیم رائے پوری، مولانا خلیل احمد، مولانا محمد احمد چکوالی، مولانا محمد صادق (کراچی)، شیخ عبدالرحیم سندھی، مولانا محمد ابراہیم راندیری، مولانا غلام محمد دین پوری، مولانا تاج محمود (امروٹ، ضلع سکھر)، ڈاکٹر مختار احمد انصاری، حکیم عبدالرزاق انصاری وغیرہ سیکڑوں ایسے اصحاب ہیں جنکے نام بھی ہمیں معلوم نہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمد علی، حکیم اجمل خاں، نواب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وقار الملک اور وقت کے اکثر بڑے بڑے رہنما حضرت شیخ الہندؒ کے مشیر و معاون تھے۔

مولانا عبید اللہ سندھی

مولانا عبید اللہ سندھی کابل جانے کیلئے تیار ہو گئے تو اس سلسلے میں پہلا اہم مسئلہ روپے کا تھا، مولانا ابوالکلام آزاد نے اس مقصد کیلئے حاجی سیٹھ عبداللہ ہارون مرحوم سے ملاقات کی، انہوں نے بے تامل پانچ ہزار روپے پیش کر دیے، جو مولانا عبید اللہ کو دیدیے گئے۔(۱) معلوم نہیں، اس کے سوا بھی کوئی رقم ملی یا نہ ملی۔

دوسرا مسئلہ اخفا کا تھا، خفیہ پولیس مولانا مرحوم پر متعین تھی اور ان کی ہر نقل و حرکت کی نگرانی کی جاتی تھی۔ اس مصیبت سے بچنے کی تدبیر یہ سوچی گئی کہ مولانا بہاول پور اور سندھ چلے جائیں، وہاں دیہات میں اس طرح رہنے لگیں گویا کوئی کام ان کے پیش نظر نہیں، چنانچہ وہ ۱۹۱۵ء کے اوائل میں دہلی چھوڑ کر پہلے بہاول پور بعد ازاں سندھ پہنچ گئے۔ اس اثنا میں راستے کے انتظامات بھی کرتے رہے، پھر یکا یک نکلے اور ۱۵ر اگست کو سوراریک کے علاقے میں داخل افغانستان ہوئے۔ شیخ عبدالرحیم سندھی (۲) بلوچستان کی آخری حد تک ساتھ رہے۔

---

(۱) حاجی سیٹھ عبداللہ ہارون مرحوم نے پچیس روپے ماہانہ کی ملازمت سے زندگی شروع کی تھی، پھر وہ بہت بڑے تاجر بن گئے اور ان کی آمدنی لاکھوں روپے سالانہ تھی۔ وہ ہر دور اور ہر عہد میں قومی کاموں کیلئے معتد بہ رقمیں نکالتے تھے۔ موجودہ صدی کے اوائل میں سندھ کے اندر تبلیغ اسلام کے لئے جو کام جاری ہوا تھا، اس میں بھی بے شمار روپیہ خرچ کیا، خلافت، لیگ اور مسلم کانفرنس کی تنظیمات میں بھی وہ چپ چاپ گرانقدر امداد دیتے رہے۔ قابل غور امر یہ ہے کہ اجرائے کار کے سوا ان کے سامنے کوئی غرض نہ تھی، دوسرے اداروں کو جو روپیہ دیا اس کا حساب مشکل ہے، خود کراچی میں دو اداروں کا پورا خرچ ان کے ذمے تھا

(۲) یہ اچار یا کر پلانی کے بڑے بھائی تھے۔ مسلمان ہو جانے کے بعد پوری زندگی تبلیغ اسلام میں بسر کر دی، سیاسی کاموں میں بھی حصہ لیتے رہے، سرہند میں وفات پائی۔ میرے عزیز و مکرم دوست شیخ عبد المجید سندھی بھی ان کے عزیزوں میں ہیں، وہ بھی اسلام لانے کے وقت سے برابر قید کی تکلیفیں اٹھاتے رہے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قیامِ افغانستان کے حالات کا خلاصہ یہ ہے کہ قندھار ہوتے ہوئے ۱۵/اکتوبر ۱۹۱۵ء کو کابل پہنچے۔ سردار نصر اللہ خاں، امیر حبیب اللہ خاں اور ان کے فرزند اکبر سردار عنایت اللہ خاں سے ملاقاتیں کیں، ترکی اور جرمن مشن آیا اور ہندوستانیوں نے حکومت موقتہ قائم کی، تو مولانا بعض وجوہ سے اس کے ہم نوا نہ رہ سکے۔ راجا مہندر پرتاپ صدر حکومت موقتہ کے متعلق مولانا کو یقین ہو چکا تھا کہ وہ کانگریس کے بجائے ہندو مہاسبھا کے کارندے ہیں اور انہوں نے خود حکومت موقتہ کی اسکیم لالہ لاجپت رائے کو دیدی تھی۔ غالباً اسی اسکیم کی بناء پر لالہ لاجپت رائے نے جہاں افغانیوں کے حملے کا افسانہ تیار کیا تھا، حکومت موقتہ کی طرف سے روس، جاپان اور ترکی مشن بھیجے گئے۔ مولانا ان کی تجویز و ترتیب میں شریک رہے۔ افغانستان میں خدامِ خلق کی ایک جماعت بنائی جس کا نام ''جنود اللہ'' رکھا۔ امیر امان اللہ خاں کے عہد میں ایک ہندوستانی تعلیم گاہ قائم کرنے کی اجازت لی لیکن برطانوی سفیر نے زور دے کر یہ اجازت مسترد کرادی۔ ۱۹۲۳ء میں افغانستان سے نکل کر ماسکو اور استنبول ہوتے ہوئے مکہ معظمہ پہنچ گئے۔(۱) ۱۹۳۹ء میں وطن واپس آئے۔

ریشمی خطوط

مولانا نے کابل سے ایک خط ریشمی پارچے پر لکھ کر شیخ عبدالحق نومسلم کے ہاتھ شیخ

(۱) ظفر حسن صاحب ایبک نے لکھا ہے کہ مولانا ۱۰/اکتوبر ۱۹۲۳ء کو کابل سے نکلے تھے، ڈاکٹر خوشی محمد کے علاوہ خود ظفر حسن ایبک، ڈاکٹر نور محمد سندھی، اقبال شیدائی، ظفر عمر مسعود، عبدالعزیز، عبدالرشید اور ہیرنجی بنگالی ان کے ساتھ تھے۔ محمد نادر شاہ مرحوم اس زمانے میں سپہ سالار کے عہدے پر مامور تھے، لیکن امان اللہ خاں نے انہیں قطغن و بدخشاں میں رئیس ہیئت تنظیمیہ کی حیثیت میں مقرر کر دیا تھا۔ امان اللہ خاں کی خواہش یہ تھی کہ مولانا اور دوسرے اصحاب محمد نادر شاہ سے مل سکیں، لہٰذا سفر روس کیلئے درۂ پنج شیر کا راستہ تجویز کیا، جو بدخشاں سے دور اور بے حد دشوار گذار تھا۔
(ملاحظہ ہو ''چٹان'' ہفتہ وار بابت ۲۴ ستمبر ۱۹۵۶ء)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عبدالرحیم سندھی کے پاس بھیجا تھا اور تاکید کردی تھی کہ شیخ صاحب فوراً حجاز چلے جائیں یا کسی معتمد علیہ حاجی کے ذریعے سے خط حضرت شیخ الہند کو پہنچادیں، شیخ عبدالحق طلبہ کے ساتھ ہجرت کر کے کابل پہنچا تھا اور بیان کیا جاتا ہے کہ اللہ نواز خاں کا ملازم تھا، وہ شخص ہر لحاظ سے قابلِ اعتماد تھا، لیکن خدا جانے کیا حالات پیش آئے کہ اس نے خط شیخ عبدالرحیم کے حوالے کرنے کے بجائے اللہ نواز خاں کے والد خان بہادر رب نواز خاں کو دے دیا۔ ان کے ذریعے سے پنجاب کے گورنر مائیکل اوڈوائر کے پاس پہنچا، اس طرح حکومت کو حضرت شیخ الہندؒ، مولانا عبیداللہ اور دوسرے کارکنوں کی تحریک کے کچھ راز معلوم ہو گئے۔ اسی وقت سے شیخ عبدالرحیم کا تعاقب شروع ہو گیا اور شیخ الہند کو بھی مکہ معظمہ میں گوناگوں حوادث سے گذرتے ہوئے بالآخر گرفتاری ونظر بندی قبول کرنی پڑی۔

اصل خط کا مضمون غالباً یہ تھا کہ حکومت موقتہ نے افغانستان سے عہد نامہ کرلیا ہے، باقی حکومتوں کے پاس بھی سفارتیں بھیجی جارہی ہیں، اس سلسلے میں حکومت ترکیہ سے بھی ربط وضبط پیدا کرنا منظور ہے، آخر میں حضرت موصوف سے درخواست کی گئی تھی کہ ربط و ضبط پیدا کرنے اور معاہدہ کرانے میں امداد دیں، اس ریشمی خط کے ساتھ مولانا محمد میاں عرف منصور انصاری کی طرف سے بھی ایک خط تھا، رولٹ رپورٹ میں ریشمی خط کے متعلق جو کچھ مرقوم ہے وہ غلط اور ناقص معلومات پر مبنی ہے۔(۱)

حضرت شیخ الہندؒ

ہندوستان میں گرفتاریاں شروع ہو گئی تھیں، حضرت شیخ الہندؒ بہت پریشان ہو گئے تھے کہ کہیں بیٹھے بٹھائے گرفتار نہ ہو جائیں اور اس طرح ضروری جد و جہد کے اوقات تعطل میں بسر نہ ہوں، لہٰذا وہ باہر نکل جانا چاہتے تھے۔ انہوں نے اپنے دوسرے مشیروں

(۱) رولٹ رپورٹ ص: ۱۷۶-۱۷۸

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے علاوہ مولانا ابوالکلام آزاد سے بھی مشورہ کیا، مولانا آزاد کی رائے قطعی طور پر یہ تھی کہ باہر نہ جانا چاہئے، اور یہیں بیٹھ کر کام کرنا چاہئے۔ اگر اس اثناء میں گرفتاری ہو جائے تو اسے قبول کئے بغیر چارہ نہ ہوگا، وہ جانتے تھے کہ باہر جا کر کوئی کام نہ ہو سکتا تھا اور باہر رہ کر معطل بیٹھنے سے اندر رہ کر معطل ہو جانا ہر حال میں بہتر تھا۔

حضرت شیخ الہندؒ نے یہی مناسب سمجھا کہ پہلے حجاز پہنچیں وہاں سے ذمہ دار ترک وزیروں اور ماموروں سے ربط وضبط پیدا کر کے ایران وافغانستان کے راستے یاغستان جائیں، چنانچہ وہ چند رفقاء کے ساتھ حجاز چلے گئے۔

حج کیا، اس وقت ترکوں کی طرف سے غالب پاشا حجاز کا گورنر تھا، مکہ معظمہ کے مشہور تاجر حافظ عبدالجبار دہلوی کے ذریعے سے غالب پاشا کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور ان سے تین تحریریں حاصل کیں:

۱- پہلی تحریر مسلمانانِ ہند کے نام تھی۔

۲- دوسری تحریر مدینہ منورہ کے گورنر بصری پاشا کے نام تھی جس میں مرقوم تھا کہ حضرت شیخ الہند معتمد علیہ شخص ہیں، ان کا احترام کیا جائے اور انہیں استنبول پہنچا دیا جائے۔

۳- تیسری تحریر غازی انور پاشا کے نام تھی کہ انکے مطالبات پورے کئے جائیں۔

غالب پاشا نے خود حضرت موصوف کو تاکید کی کہ آپ تمام ہندوستانیوں کو آزادیٔ کامل پر آمادہ کریں، ہم ہر ممکن امداد دیں گے اور صلح کی کانفرنس منعقد ہوگی تو اس میں ہندوستان کیلئے آزادیٔ کامل کی حمایت کریں گے۔ ان میں سے پہلی تحریر ہندوستان کی تاریخ سیاسیات میں ''غالب نامہ'' کے نام سے معروف ہوئی۔

انور پاشا اور جمال پاشا سے ملاقات

حضرت شیخ الہند حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ چلے گئے اور ابھی وہ استنبول جانے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے لئے تیار نہ ہوئے تھے کہ انور پاشا، وزیر حربیہ ترکیہ اور جمال پاشا گورنر شام کے مدینہ منورہ پہنچنے کا تار آ گیا۔ چنانچہ ان سے بھی تخلیہ میں ملاقاتیں ہوئیں، جمال پاشا نے وہی مطالب دوہرائے جو غالب پاشا حضرت شیخ الہندؒ کے سامنے پیش کر چکا تھا، نیز وعدہ کیا کہ وہ شام پہنچ کر حضرت کے حسب خواہش ترکی، عربی اور فارسی میں ایسی تحریرات بھیج دے گا، جنہیں جا بجا شائع کیا جا سکے۔ حضرت نے یہ بھی کہا کہ مجھے محفوظ طریق پر حدودِ افغانستان تک پہنچا دیا جائے تا کہ میں یاغستان چلا جاؤں۔ ہندستان کے راستے گیا تو انگریز مجھے گرفتار کر لیں گے، جمال پاشا نے اس بناء پر معذوری ظاہر کی کہ روسی فوجیں ایران میں سلطان آباد تک پہنچ گئی ہیں، گویا افغانستان کا راستہ کٹ گیا ہے، فی الحال آپ کو افغانستان پہنچانا غیر ممکن ہے، واپسی میں گرفتاری کا خطرہ ہے تو حجاز یا ترکی عملداری کے کسی دوسرے مقام پر ٹھہر جائیں۔

''غالب نامہ'' کا ارسال

حضرت خود تو حجاز ہی میں ٹھہر گئے، لیکن ''غالب نامہ'' اور دوسرے ضروری کاغذات بہ طریق محفوظ ہندوستان پہنچانے کی تدبیر یہ سوچی کہ کپڑے رکھنے کے لئے لکڑی کا ایک صندوق بنوایا، اس کے تختے اندر سے کھود کر کاغذات رکھ دیے، پھر انہیں اس طرح ملا دیا کہ باہر سے دیکھنے والا کتنا ہی مبصر کیوں نہ ہو، پتہ نہ لگا سکے بلکہ شبہ بھی نہ کر سکے، یہ صندوق مولانا ہادی حسن رئیس خاں جہاں پور (مظفر نگر) اور حاجی شاہ بخش سندھی کے حوالے کر دیا گیا۔ بمبئی میں جہاز پر سی آئی ڈی بھی موجود تھی اور اہل شہر بھی بہ کثرت آئے ہوئے تھے، انہیں میں سے مولانا محمد نبی نام کے ایک مخلص نے مولانا ہادی حسن صاحب سے کہا کہ اگر کوئی چیز محفوظ رکھنی ہو تو ابھی مجھے دیدیجئے۔ چنانچہ صندوق انھیں دیدیا گیا، وہ اسے محفوظ نکال لائے اور توڑ کر تحریریں نکال لیں۔ دہلی میں حاجی احمد میرزا

www.BestUrduBooks.wordpress.com

فوٹو گرافر نے ان کے فوٹو لئے اور مولانا محمد میاں عرف منصور انصاری کے ہاتھ یہ تحریریں سرحد بھیج دی گئیں۔ بعد ازاں حضرت نے اپنے ایک عزیز کو اس خیال سے تحریروں کا راز بتادیا کہ وہ ہندوستان واپس جاکر ان کے فوٹو لینے اور جا بجا پہنچانے کا پیغام اربابِ کار تک پہنچائے۔ اسے گرفتار کرلیا گیا اور اس نے سب کچھ بتادیا جس کی بنا پر مختلف اصحاب کی تلاشیاں ہوئیں اور انہیں گوناگوں مصائب سے سابقہ پڑا۔

حضرت شیخ الہندؒ کی اسیری اور رہائی

شریف حسین نے انگریزوں سے خفیہ خفیہ عہد و پیمان کرکے ترکوں سے غداری کی اور حجاز میں جتنے ترک موجود تھے وہ سخت و شدید ظلم و جور کا ہدف بنے۔ حضرت شیخ الہندؒ اور ان کے رفیقوں کو اسیر کرکے شریف نے جدہ پہنچادیا، جہاں سے انگریز انہیں پہلے مصر لے گئے، پھر مالٹا میں نظر بند کردیا، تین برس سات مہینے کے بعد ۲۰ رمضان ۱۳۳۸ھ (۸ جون ۱۹۲۰ء) کو بمبئی پہنچا کر انہیں رہا کیا۔

زمانۂ قیامِ حجاز میں ڈاکٹر مختار احمد انصاری، حکیم عبدالرزاق انصاری، مولانا محمد ابراہیم راندیری وغیرہ نے حضرت کی جو خدمت کی، وہ انکے حسناتِ عالیہ کا گراں بہا حصہ ہے۔

چند گذارشیں

حضرت مرحوم نے جس جذبے، خلوص، ہمت اور والہیت سے کام کیا، اس کے بارے میں یہ عاجز کیا کہہ سکتا ہے، جو ان اوصاف و خصائص کا صحیح اندازہ بھی نہیں کرسکتا، لیکن صاف ظاہر ہے کہ اصل منصوبہ جن حالات میں تیار کیا گیا، وہ حد درجہ ناسازگار تھے، چھان بین اور غور و فکر کی مہلت قطعاً میسر نہ تھی، جدھر روشنی کی کوئی کرن نظر آئی اس سے استفادے میں تامل نہ کیا گیا۔ چونکہ پورا منصوبہ عالم اضطرار میں تیار ہوا تھا، اس لئے اس کا کوئی پہلو بھی پائدار ثابت نہ ہوا، لیکن میدانِ عمل کی ہر شئے کا حسن صرف جذبہ عشق اور

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وارفتگی محبِ مقاصد پر موقوف ہے، یہاں تدبیروں کی پختگی، منصوبوں کی پائداری اور عقل و خرد کی دور بینی و مصلحت اندیشی کو کون پوچھتا ہے؟

در عجائب ہائے طور عشق حکمتہا کم است عقل را با مصلحت اندیشی مجنوں چہ کار

حضرت کے تمام کارکن علم و فضل، زہد و تقویٰ، بے غرضی و بے نفسی اور جرأت و ایثار میں اپنی مثال آپ تھے۔ مولانا عبید اللہ مرحوم نے کم و بیش پچیس سال غربت میں گذارے، گویا اصل زندگی اسی کام کی نذر کردی۔ مولانا سیف الرحمٰن اور مولانا منصور انصاری نے جلاوطنی کی حالت میں وفات پائی۔ ان میں سے کسی کی حرارتِ اسلامیت و آزادی آخری سانس تک ایک لمحہ کیلئے بھی افسردہ نہ ہوئی، لیکن مجھے بہ صد ادب یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ وہ حضرات جن کاموں پر مامور ہوئے ان کیلئے ہر لحاظ سے موزوں نہ تھے، جو جرنیل خطرناک مقامات پر فوجوں کے علمدار بننے کی ہمت رکھتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ سیاسی مجالس میں بھی ویسے ہی اہم کارنامے انجام دے سکیں۔

ایک تعجب انگیز امر

مولانا حسین احمد مدنی نے اپنی کتاب ''اسیر مالٹا'' میں پورے وثوق و قطعیت سے فرمایا تھا کہ حضرت شیخ الہندؒ نے نہ غالب پاشا، انور پاشا اور جمال پاشا سے ملاقاتیں کیں نہ ان کیلئے ایسا کوئی موقع تھا، لیکن ''نقش حیات'' میں ایک ایک شئے کا تفصیلاً ذکر فرمایا۔ ساتھ ہی اس طرزِ عمل کے جواز کی دو وجہیں پیش کردیں، فرماتے ہیں:

۱- تعریض جواب دینا یعنی ایسے کلمات کو جواب میں استعمال کرنا، جن کے دو معنی ہوں، متکلم ان کے دوسرے معنی لے اور مخاطب کچھ اور سمجھے، یہ جھوٹ نہیں ہے اور ایسے موقعے پر بلاشبہ جائز ہے۔(۱)

(۱) نقش حیات جلد دوم، ص:۲۰۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۲- عام لوگ سمجھتے ہیں کہ جھوٹ ہر حالت میں برا اور حرام ہے حالانکہ جھوٹ بعض اوقات میں فرض اور واجب ہو جاتا ہے اور بعض اوقات میں مستحب اور بعض اوقات میں مباح اور بعض اوقات میں حرام اور مکروہ ہوتا ہے۔(۱)

''تعریضی جواب'' کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں، لیکن دوسری صورت کے متعلق جب مولانا حسین احمد مدنی جیسے بزرگ جواز کا فتویٰ دیں تو میرے جیسے فرومایۂ علم کیلئے کچھ عرض کرنے کی کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے، تاہم صاف صاف کہہ دینا چاہئے کہ دل اس پر مطمئن نہیں اور اگر ذاتی تحفظ کے مسئلے کو اسی انداز میں قبول کر لیا جائے، جس انداز میں اسے پیش کیا گیا ہے تو پھر مجاہدانہ کارناموں اور ان کے ضمن میں قربانیوں کا معاملہ ختم سمجھنا چاہئے، اور تسلیم کر لینا چاہئے کہ جان کو کوئی گزند نہ پہنچے، گزند کا اندیشہ ہو تو مقدم شئے جان کا تحفظ ہے، خواہ نصب العین کا حشر کچھ ہو۔ جب تک تاریخ کے صفحات سے عزیمت کے تمام واقعات دھو نہ ڈالے جائیں، اس مسلک کو دل کیوں کر قبول کر سکتا ہے، جو مولانا حسین احمد مدنی نے پیش فرمایا ہے، اگرچہ اس کے لئے دواوین فقہ میں کوئی بنیاد موجود ہو۔

(۱) نقش حیات جلد دوم، ص: ۲۰۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دسواں باب:

مولانا محمد بشیر شہیدؒ

ایک عظیم المرتبت شخصیت

مولانا محمد بشیر اگرچہ جماعت مجاہدین میں امارتِ عظمیٰ کے منصب پر فائز نہ ہوئے تاہم ان کے مجاہدانہ کارناموں کی حیثیت اتنی ہے کہ امیر نعمت اللہ اور امیر رحمت اللہ کے عہد کی پوری سرگزشت میں سب سے بڑا حصہ مولانا مرحوم ہی کا تھا۔ وہ ایک عجیب و غریب شخصیت کے مالک تھے، جن حالات میں انہوں نے وطن چھوڑا تھا، وہ غالباً بہت کم اصحاب کو پیش آئے ہوں گے، لیکن پوری مدتِ ہجرت میں ایک بھی مرتبہ یہ خیال نہ آیا کہ وطن واپس آئیں، حالانکہ ان کے لئے واپسی کے مواقع بہ سہولت پیدا ہو سکتے تھے۔

میں نے ۱۹۳۴ء میں ایک مرتبہ ان سے عرض کیا کہ اب ہندوستان سے باہر رہنے کے بجائے اندر رہ کر زیادہ مفید کام انجام دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ سنا تو بیٹھے بیٹھے کھڑے ہو گئے، میں نے دیکھا کہ آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، فرمایا: اگر مجھے یقین نہ ہوتا کہ تم خلوص سے یہ سب کچھ کہہ رہے ہو تو میں سمجھتا کہ تمہیں انگریزوں نے میرے پاس بھیجا ہے، میں جس دن گھر چھوڑ کر نکلا تھا، خدا سے عہد کیا تھا کہ جب تک ہندوستان کی سرزمین پر انگریز کا سایہ بھی موجود ہے، خواہ اس کی حیثیت کچھ ہو، کبھی واپس نہ جاؤں گا، اور اس سرزمین میں سانس لینا اپنے اوپر حرام سمجھوں گا۔ میں یہ عہد اپنے آخری دم تک نباہوں گا۔

غرض وہ ان عظیم الشان انسانوں میں سے تھے جو قرنوں کے بعد پیدا ہوتے ہیں،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں نے اپنی زندگی میں ان جیسا مخلص، دین دار، باحمیت، غیور اور آزادی و اسلامیت کا شیدائی کوئی نہ دیکھا، استقامت میں بھی وہ اپنی مثال آپ تھے۔

خاندان

ان کا اصل نام عبدالرحیم تھا، لیکن سرحد پہنچنے کے بعد محمد بشیر کے اختیاری نام کو وہ شہرت حاصل ہوئی کہ اصل نام بہت کم لوگوں کو یاد رہا۔ ان کے والد ماجد مولانا رحیم بخش ملوال (ماہلووال) ضلع فیروز پور کے باشندے تھے، وہاں سید احمد شہید کی جماعت کے ایک فرد مولوی حیدر علی آ بسے تھے، جن سے مولانا رحیم بخش کے بڑے بھائی حافظ محمد اسمٰعیل نے بیعت کی، خود مولانا رحیم بخش نے بھی ابتدائی تعلیم انہیں مولوی حیدر علی سے پائی، خود فرماتے ہیں:

> میں نے ایسا کوئی عالم متبع سنت و شریعت نہیں دیکھا، اس خاکسار پر ان مولوی صاحب کے بڑے احسان ہیں، جو کچھ علم میں نے پڑھا ہے، اس میں ان کی مدد رہی ہے، افغانانِ ملوال سلطان خاں صاحب، سکندر خاں صاحب، جمال الدین خاں صاحب آپ (مولوی حیدر علی) کی بڑی عزت کرتے، اس عاجز کے برادر حافظ محمد اسمٰعیل صاحب بجائے خلیفہ تھے۔ (۱)

مولانا رحیم بخش نے دہلی جا کر شیخ الکل میاں نذیر حسین مرحوم سے حدیث کی سند حاصل کی، پھر لاہور آ گئے اور چینیاں والی مسجد میں امام بنا دیے گئے، یہیں انہوں نے نکاح کیا، متعدد دینی کتابیں لکھیں جو اس عہد میں بہت مقبول ہوئیں۔ غالباً ان کے پانچ بچے تھے، دو بچپن میں فوت ہو گئے، تین ان کے بعد زندہ رہے، ایک مولانا عبدالرحیم عرف مولانا محمد بشیر، دوسرے مولوی عبدالرحمٰن جو اسلامیہ کالج میں ایف، اے تک تعلیم پانے کے بعد محکمۂ انہار میں ضلع دار بن گئے تھے، افسوس کہ جوانی ہی میں فوت ہو گئے،

(۱) اسلام کی دسویں کتاب مصنفہ مولانا رحیم بخش، ص:۲۳۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایک ان کی ہمشیر تھی جس کا نام زینب تھا۔

مولانا کی ابتدائی تعلیم

مولانا عبدالرحیم ۱۸۸۵ء میں پیدا ہوئے، اپنے والد سے پوری تعلیم پائی، قرآن، حدیث اور تاریخ سے خاص شغف تھا، پھر انہوں نے اپنے والد کی تصانیف کے علاوہ دوسری دینی کتابوں کے تراجم کا سلسلہ شروع کرادیا اور ایک اعلیٰ دارالاشاعت قائم کرلیا، جس کا نام ''عبدالرحیم عبدالرحمٰن تاجرانِ کتب'' قرار دیا۔ چنانچہ وہ اسی کام میں منہمک ہوگئے اور اسی کو اپنی زندگی کا مستقل مشغلہ بنالیا، یہاں تک کہ مولانا رحیم بخش کا انتقال ہوا تو ان کے منصب کی طرف بھی توجہ نہ کی اور مولانا عبدالواحد غزنوی مرحوم چینیاں والی مسجد کے امام مقرر ہوئے۔

ہجرت کے وقت مولانا عبدالرحیم کے چار بچے موجود تھے، عبدالحکیم، عبدالعلیم، عبدالعظیم، اور صفیہ بیگم۔ بڑے صاحبزادے عبدالحکیم پندرہ برس کی عمر میں پہلے فوت ہو چکے تھے، صفیہ بیگم مولانا کی ہجرت سے چند ماہ بعد فوت ہوئی اور عبدالعظیم دو سال بعد، باقی دو بچوں میں سے عبدالحلیم ایک لڑکا اور پانچ لڑکیاں چھوڑ کر ۱۹۳۹ء میں رہ گرائے عالم بقاء ہوا، ایک صاحبزادہ عبدالعلیم خدا کے فضل سے زندہ وسلامت ہے اور ایک کارخانے میں اچھی ملازمت پر مامور ہے۔

ہجرت

مولانا اوائل ہی سے جماعت مجاہدین کے کام میں حصہ لینے لگے تھے، تحقیقی طور پر معلوم نہ ہوسکا کہ روپیہ فراہم کرنے کے علاوہ وہ اور کیا کام کرتے تھے۔ انہوں نے خود مجھے بتایا کہ میں ہندوستان سے ہجرت کا ارادہ کر چکا تھا، لیکن خیال تھا کہ تجارت کے سلسلے میں باہر جاؤں گا، پھر جہاں مناسب ہوگا تو وطن اختیار کرلوں گا۔ ابھی کچھ طے نہ کر سکے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تھے کہ یورپ میں جنگ چھڑ گئی اور دھڑا دھڑ گرفتاریاں شروع ہوگئیں۔ دیکھتے دیکھتے کالجوں کے طلبہ نکل کر سرحد پہنچ گئے، ایک عزیز دوست نے مولانا کو خبر دی کہ آپ کے بھی وارنٹ جاری ہو چکے ہیں، انہوں نے فوراً اپنے دل میں ایک فیصلہ کیا، صبح اٹھتے ہی گھر والوں سے کہا کہ ایک آدمی سے روپے لینے ہیں اور میں اس کی طرف جا رہا ہوں اگر آج نہ گیا تو روپے ملنے کی امید نہیں، چونکہ کاروبار کے سلسلے میں ایسے معاملات پیش آتے رہتے تھے، اس لئے کسی کو تفصیل پوچھنے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ بھائی، بچوں اور بہن سے مل کر روانہ ہوگئے، لیکن کسی کو خبر نہ تھی کہ مستقل طور پر ہجرت کر کے جا رہے ہیں، راولپنڈی پہنچ کر خطوط لکھے، لیکن ان خطوط کے لاہور پہنچنے سے دو گھنٹہ پیشتر وہ سرحد کو عبور کر کے آزاد علاقے میں داخل ہو چکے تھے۔

مولوی محی الدین احمد قصوری نے بتایا کہ مولانا عبدالرحیم ایک سے زیادہ مرتبہ مشورے کے لئے والد محترم (مولانا عبدالقادر) کے پاس آئے، جو جماعت مجاہدین کے ایک سرگرم کارکن تھے۔ والد صاحب برابر یہ مشورہ دیتے رہے کہ باہر نہ جانا چاہئے اور یہیں کام کرنا چاہئے، لیکن مولانا فیصلہ کر چکے تھے، چپ چاپ نکلے اور سرحد جا کر وہ کام شروع کر دیا، جسے وہ اپنے عقیدے میں بہترین اسلامی، دینی اور قومی کام سمجھتے تھے۔

پابندیٔ عہد

اس زمانے میں ان کے دارالکتب کا نام بہت اعلیٰ پیمانے پر پہنچا ہوا تھا، سیکڑوں روپے کی آمدنی تھی، ان کے بچے چھوٹے تھے، بھائی نیا نیا ملازمت میں داخل ہوا تھا، بظاہر کاروبار کے جاری رہنے یا بال بچوں اور اہل خاندان کا گزارہ چلنے کی کوئی صورت نہ تھی، لیکن مولانا نے سلطانِ فرض کے مقابلے میں کسی دوسری چیز کی طرف توجہ نہ فرمائی، بعد میں انہیں برابر معلوم ہوتا رہا کہ بچوں کے گزارے کی کوئی اچھی صورت نہیں اور وہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سخت تکلیف میں ہیں، تاہم انہوں نے خدا سے جو عہد کرلیا تھا، اس کی پابندی میں فرق نہ آنے دیا: "مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ" کی جیتی جاگتی مثال بنے رہے۔

کالجوں کے طلبہ فروری ۱۹۱۵ء میں سرحد گئے تھے اور خود مولانا کے مکان پر ان کی روانگی کے مشورے ہوتے تھے۔ مولانا نے اس سے کچھ دن بعد ہجرت کی، صحیح تاریخ معلوم نہ ہوسکی، لیکن ۱۹۱۵ء مین مجاہدین کی جن جنگی کارروائیوں کا مختصر سا مرقع امیر نعمت اللہ کے حالات میں پیش کیا جاچکا ہے ان میں مولانا برابر شریک رہے، بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا کہ وہ کارروائیاں مولانا ہی کی کوششوں کے باعث عمل میں آئیں۔

سرحد آزاد میں سرگرمیاں

مولانا محمد بشیر صرف اس امر پر قناعت نہ کرسکتے تھے کہ مجاہدین کو اپنے حلقے میں وقتاً فوقتاً جو لڑائیاں پیش آتی رہتی ہیں، ان کے لئے تنظیمات زیادہ بہتر صورت اختیار کرلیں یا جماعت کے افراد میں کسی قدر اضافہ ہوجائے، وہ غیر معمولی دل و دماغ کے انسان تھے، سرحد پہنچتے ہی طے کرلیا کہ پورے آزاد علاقے میں جابجا چوکیاں قائم کی جانی چاہئیں تاکہ انگریزی مقبوضات پر ہر مقام سے مسلسل حملوں کا سلسلہ جاری ہوجائے اور یہ حملے صرف مجاہدین کی ٹولیوں تک محدود نہ رہیں جن کی تعداد ہر حال میں بہت زیادہ نہ تھی، مولانا حتی الامکان تمام آزاد قبائل کو ان سرگرمیوں میں اجتماعاً شریک کردینے کے لئے مضطرب تھے اور اس غرض سے سرحد آزاد میں دورے شروع کردیئے، جنگ یورپ شدومد سے جاری تھی، ابتدائی دور میں جرمنوں کی کامیاب ترکتازوں کے باعث محض برطانیہ ہی نہیں بلکہ تمام اتحادیوں کی حالت بہت نازک ہوگئی تھی۔ ہندوستانیوں کے لئے آزادی حاصل کرنے کا موقع اسی صورت میں پیدا ہوسکتا تھا کہ جنگ میں انگریزوں کو

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شکست ہوتی۔ جب ترک انگریزوں اور اتحادیوں کے خلاف جنگ میں جرمنی کے معاون بن گئے تو اسلامی نقطۂ نگاہ سے بھی ہندوستان میں حد درجہ ضروری کام یہ تھا کہ انگریزوں کی مشکلات میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کیا جاتا، اس کی صورت یہی تھی کہ سرحد پر جابجا خطرات کا طوفان بپا کر دیا جاتا، تاکہ انگریز اپنی فوجوں کا بڑا حصہ سرحد کی حفاظت کے لئے رکھنے پر مجبور ہو جاتے، اور باہر کسی محاذ پر کمک نہ بھیج سکتے۔ مولانا محمد بشیر کی تمام سرگرمیاں اسی مقصد کو کامیاب بنانے کے لئے وقف ہوگئیں، نتائج سے بحث نہیں، لیکن اس مقصد کی تکمیل کے لئے مولانا نے کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا، جماعت مجاہدین کی تاریخ کے آخری دور میں اتنا بڑا اور وسیع الاثر کام صرف مولانا محمد بشیر جیسی عظیم المرتبت شخصیت ہی انجام دے سکتی تھی۔

کابل میں اثر و رسوخ

اس مقصد کے لئے حکومت افغانستان سے بھی گہرے تعلقات پیدا کر لینا ضروری تھا، مولانا محمد بشیر نے یہ کام بھی بہ طریق احسن انجام دیا، جس حد تک مجھے اندازہ ہے ان کی گفتگو بہت سادہ ہوتی تھی اور انہوں نے کسی امر کی وضاحت کے لئے کبھی خطیبانہ انداز اختیار نہ کیا، لیکن ان کے اخلاص وللّٰہیت کا یہ عالم تھا کہ جس کے سامنے بھی اپنا نقطۂ نگاہ پیش کرتے وہ حد درجہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہتا۔

اس زمانے میں افغانستان پر امیر حبیب اللہ خاں حکمراں تھا، وہ انگریزوں کے ساتھ خاص تعلقات کے باعث ہر ایسے اقدام سے گریزاں رہتا تھا جو اس کے تعلقات پر برائے نام بھی اثر انداز ہو سکے۔ لیکن مولانا محمد بشیر نے امیر حبیب اللہ خاں کو بھی بے حد متاثر کر لیا۔

مرحوم مولوی محمد قصوری لکھتے ہیں کہ مولانا محمد بشیر امیر المجاہدین کے وکیل بن کر کابل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آئے تو نائب السلطنت سردار نصر اللہ خاں، پھر خود امیر حبیب اللہ خاں سے ملاقات کی۔

امیر صاحب کے مزاج میں اتنا عمل دخل پیدا کر لیا کہ موصوف نے انہیں یاغستان کی تنظیم کیلئے مامور فرمایا اور بارہ ہزار سالانہ تنظیمی اخراجات کیلئے ان کے حوالے کیا۔(۱)

یاغستان کے لئے وکیل امیر

چنانچہ وہ یاغستان چلے گئے اور تھوڑی ہی مدت میں وہاں کے اکثر ملاؤں اور سرداروں سے امیر صاحب کے نام بیعت کے خطوط حاصل کر لائے۔

اعلیٰ حضرت ان خطوط کو دیکھ کر بہت مسرور ہوئے، اور مولوی محمد بشیر صاحب کو "ملا بشیر" کا خطاب مرحمت فرمایا۔ تمام یاغستان کے لئے ان کو وکیل مختار مقرر کیا، اور ایک فرمان اسی مضمون کا مرحمت فرمایا کہ ملا بشیر امیر صاحب کی طرف سے بیعت لینے کے مجاز ہیں، اعلیٰ حضرت پر انگریزی حکومت کا اس قدر خوف طاری تھا کہ وہ علانیہ انگریزوں کے خلاف کسی سازش میں شرکت کرنے سے ڈرتے تھے، ملا بشیر کا یہ کمال تھا کہ وہ اعلیٰ حضرت کو خوف و ہراس کے اس گنبد سے نکال لائے۔(۲)

خاص طور پر قابل توجہ یہ امر ہے کہ امیر حبیب اللہ خاں کے تعلق میں ایسے کارنامۂ عظیم کا اعزاز مولانا محمد بشیر کے سوا کوئی دوسرا حاصل نہ کر سکا۔

مولانا کے معاون

مولوی محمد علی فرماتے ہیں کہ سرحد آزاد کے دو پٹھان انگریزی فوج میں صوبیدار میجر کے عہدوں پر مامور تھے، وہ فرانس کے کسی میدان سے موقع پا کر بھاگے اور جرمنوں کے پاس پہنچ گئے، پھر ترکی و جرمن مشق کے ساتھ افغانستان آئے، یہ دونوں افسر اس زمانے

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۲۹ (۲) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۳۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں مولوی صاحب مرحوم کے ساتھ ہو گئے۔ جب وہ تنظیمی کام کے سلسلے میں یاغستان آ گئے تھے:

چنانچہ انہوں نے پہلے تو یاغستانیوں کو تربیت عسکری دینی شروع کی....
بعد میں جب میں اسمست آیا تو وہ ملا بشیر کی معیت میں تیراہ اور محسود علاقے میں گئے، اس علاقہ میں ان کے اثر سے ملا بشیر کا دورہ بہت کامیاب رہا۔(۱)

غرض مولانا کو تنظیماتِ جہاد کے سوا کسی مشغلے سے کوئی دلچسپی نہ تھی، ان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ اسی کام کے لئے وقف ہو گیا۔ انہیں جہاں ڈھب کا کوئی آدمی ملا، اس سے یہی کام لیا، گویا وہ برقِ حق کی ایک زبردست رَو تھے کہ جہاں جہاں سے گذرے زندگی کی حرارت پیدا کرتے اور ایمان وحمیت کے چراغ جلاتے گئے۔

---

(۱) مشاہداتِ کابل و یاغستان ص: ۳۰۔ مولوی عبدالرزاق کا بیان ہے کہ ان میں سے ایک کا نام عبدالسبحان تھا اور دوسرے کا عبدالرحمٰن۔ بے شک یہ انگریزی فوج میں رہ چکے تھے لیکن انہیں مغرور قرار دینا درست نہ ہوگا، دونوں یاغستان کے نہیں بلکہ پشاور کے آس پاس کے تھے۔ امریکہ جا کر انہوں نے کیلی فورنیا میں اپنے ہندوستانی اور افغانی بھائیوں کے ساتھ سکونت اختیار کر لی تھی اور ''غدر پارٹی'' میں شریک ہو گئے۔ مولانا برکت اللہ نے انہیں برلین بلا لیا، جرمن مشن کے ساتھ یہ کابل آئے یاغستانیوں کو تو انہوں نے کھانے کے علاوہ مجاہدین کی تعلیم و تربیت بھی کچھ دیر کی، اس سے پیشتر مجاہدین مغلوں کے عہد کی پریڈ کیا کرتے تھے، عبدالسبحان اور عبدالرحمٰن نے انہیں نئی پریڈ کے علاوہ سگنل کا کام بھی سکھایا۔

کابل والا منصوبہ ناکام ہو جانے پر عبدالسبحان کاظم بے کے ہمراہ روس کے راستے واپس چلا گیا۔ تاشقند پہنچا تو سنا کہ امان اللہ خان نے جنگ استقلال چھیڑ دی ہے، چنانچہ لوٹ پڑا، کابل کی جنگ ختم ہو گئی تو جرمنی جا کر شادی کر لی، پھر کچھ مدت شنگھائی (چین) میں گذری، دوسری جنگ یورپ شروع ہونے سے کچھ دیر پہلے کابل آ کر بنیانیں بننے کا کارخانہ قائم کیا، سبھاش چندر بوس ہندوستان سے نکل کر کابل کے راستے جاپان چلا گیا تو کچھ معلوم نہیں کہ کس بناء پر عبدالسبحان کو قید کر دیا گیا اور چار سال قید میں گزار کر اس نے وفات پائی۔ یہ تفصیلات مولوی عبدالرزاق کو اس لئے معلوم ہیں کہ وہ خاصی مدت عبدالسبحان کے ساتھ گزار چکے تھے۔

عبدالرحمٰن نے یاغستان سے واپس ہو کر ''کوئٹہ'' میں توطن اختیار کر لیا تھا اور وہیں ۱۹۳۵ء میں انتقال کیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گیارہواں باب:

شہادت کا حادثۂ الیمہ

اک خونچکاں کفن میں کروڑوں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی

مرکز چمرکنڈ

مولانا محمد بشیر معمول کے مطابق انگریزوں کی مخالفت اور ہندوستان کی آزادی کے لئے مختلف منصوبے تیار کرنے میں مصروف تھے، اس زمانے میں ان کا مستقل مقام مرکز چمرکنڈ تھا، جس کی مختصر سی کیفیت ذیل میں درج ہے:

جلال آباد کے شمال اور شمال مشرق میں کوہ ہندوکش کی متعدد شاخیں پھیلی ہوئی ہیں ان میں سے ایک شاخ وہ ہے جو جلال آباد کے پاس سے دریائے کنڑ کے ساتھ ساتھ چلی گئی ہے، اسمار کے قریب اس میں سے ایک اور شاخ نکلی ہے جو پہلی شاخ کے متوازی مشرق میں واقع ہے۔ ان شاخوں میں یاغستان کے کئی مشہور مقام آتے ہیں، مثلاً پکشہ (بفتح شین)، چغتا سرائے، قنبر، جن بٹی، دیر وغیرہ، پشت سے تین چار میل شمال میں دریائے کنڑ کا ایک موڑ ملتا ہے، جس کے قریب مشرقی سمت میں ایک درہ واقع ہے، عین اس مقام پر سرکانی نام ایک موضع ہے، درے سے پہاڑ پر چڑھنا شروع کر دیں تو چوٹی سے مشرقی سمت اتر کر کوئی نصف میل کے فاصلے پر ایک مقام ہے، جسے بالا چمرکنڈ کہتے ہیں، اس سے آگے دو تین فرلانگ پر ایک بہت بڑی مسجد ہے جو حضرت ملّا صاحب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہڈہ نے تعمیر کرائی تھی اور آج کل مسجد صاحب مبارک کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں چھوٹے چھوٹے پہاڑی نالوں کی افراط ہے، مسجد کے پاس شیخ چرکنڈ نے اپنے رہنے کا بندوبست کرلیا، اسی مسجد سے متصل جنوبی سمت میں مجاہدین کا مرکز ہے، مسجد اور آبادی کے درمیان صرف ایک تنگ گلی واقع ہے۔

آبادی کی کیفیت یہ ہے کہ گلی کے ساتھ ساتھ چار مکان ہیں، دو میں مجاہدین رہتے تھے ایک میں غلہ وغیرہ رکھا جاتا تھا۔ چوتھے اور مغربی سمت کے مکان میں مولانا فضل الٰہی وزیر آبادی مقیم تھے، صرف اس کا دروازہ گلی میں تھا، مجاہدین کے مکانوں کا دروازہ مشرقی سمت میں تھا، مکانوں کی اس لائن کے جنوب میں مشرقی سمت ایک چھوٹا سا کمرہ تھا، جس میں مولانا محمد بشیر رہتے تھے۔ اس کے ساتھ چھوٹا سا صحن تھا، جس میں اس آبادی کے اندر آنے کا دروازہ واقع تھا، اس چھوٹے صحن کے ساتھ مشرق میں ایک بڑا کمرہ بنادیا گیا تھا، جسے مہمان خانے کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ مجاہدین کے اس مرکز کی مکانیت اتنی ہی تھی لیکن اس کے چاروں طرف کی دیواریں ایسی بنادی گئی تھیں جو ضرورت کے وقت فصیل کے طور پر استعمال ہوسکیں، آج بھی یہی کیفیت ہے اور اس میں کوئی تغیر نہیں ہوا، نماز کے لئے سب لوگ مسجد میں جمع ہوتے تھے، پائیں چرکنڈ اس مقام سے پانچ چھ میل نیچے میدان میں واقع ہے۔

ہمہ گیر شہرت

یہ چھوٹا سا مرکز تھا جو ۱۶-۱۹۱۵ء میں قائم ہوا اور مولانا محمد بشیر کی امارت کے زمانے میں اس نے ہمہ گیر شہرت حاصل کی، یہاں تک کہ مجاہدین کے اصل مرکز اسمست کی شہرت بھی اس کے آگے ماند پڑ گئی۔ دیکھئے! خدا کی راہ میں خلوص وحسن نیت سے سرگرم عمل رہنے کی برکت وکرامت کہ پانچ سات چھوٹے چھوٹے اور کچے مکانوں کی آبادی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے آزادی و اسلامیت کی تاریخ میں کتنا بلند مرتبہ حاصل کر لیا۔

یہاں یہ بھی بتا دینا چاہئے کہ مجاہدین کا یہ مرکز حکومت افغانستان کی خاص سفارش اور حضرت ملا صاحب ہڈہ کے معزز خلفاء کی سرپرستی میں بنا تھا، جن میں سے حضرت بادشاہ صاحب اسلام پور، حضرت ملا صاحب بابڑہ اور میاں صاحب سرکانی بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ بابڑہ چمرکنڈ کے شمال میں آٹھ دس گھنٹے کی مسافت پر ہے اور حاجی صاحب ترنگ زئی کا مرکز غازی آباد تقریباً سات گھنٹے کی مسافت پر۔

شہادت کا قبل از وقت احساس

مولانا محمد بشیر کا خیال مدت سے یہ تھا کہ وہ اچانک شہید کر دیے جائیں گے، ستمبر ۱۹۳۴ء میں مجھے بمقام کابل ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا تو انہوں نے اپنے اس خیال یا تاثر کا کئی مرتبہ اظہار کیا تھا، اگر میرا حافظہ غلطی نہیں کرتا تو یہ بھی فرمایا تھا کہ پہلے ان پر ایک دو مرتبہ قاتلانہ حملے ہو چکے ہیں، یاغستان کے ہر حصے میں وہ بے حد ہر دل عزیز تھے، افغانستان کے چھوٹے بڑے، غریب امیر، معمولی کارکن اور ارکانِ حکومت ان کا انتہائی احترام کرتے تھے، جماعت میں انہیں جو خاص مقام حاصل تھا، اسے پیش نظر رکھتے ہوئے وہم بھی نہ ہو سکتا تھا کہ کوئی انہیں گزند پہنچانے کی جسارت کرے گا، البتہ انگریزی حکومت اور اس کے متوسلین مولانا کے جانی دشمن تھے، اس لئے کہ جانتے تھے، جب تک مولانا زندہ ہیں، ان کا دل و دماغ اور ان کے قوائے عمل انگریزی حکومت کا تختہ الٹنے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھیں گے، لیکن انگریزوں کا ہاتھ مولانا تک پہنچنے کی نظر بظاہر کوئی صورت نہ تھی، الّا یہ کہ وہ اپنے کسی کارندے کو چمرکنڈ بھیج دیتے اور وہ جماعت مجاہدین میں شامل ہو کر موقع کا انتظار کرتا۔ سنا جاتا ہے کہ جس وقت مولانا اطراف کوہاٹ میں انگریزوں کے خلاف تنظیمات فرما رہے تھے تو انگریزوں نے ان کی جائے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اقامت کا حال معلوم کر کے ہوائی جہاز سے گولہ باری کرائی تھی، لیکن مولانا بہ فضل خدا محفوظ رہے۔

وصیت نامۂ مجمل

احساسِ شہادت کے پیشِ نظر مولانا نے ۲۶ رذی الحجہ ۱۳۵۲ھ (۱۱ راپریل ۱۹۳۴ء) کو دو وصیت نامے لکھے، ایک مجمل و مختصر، دوسرا مفصل۔ مختصر وصیت نامہ عام تھا، مفصل کی پیشانی پر مرقوم تھا: ''متعلق ابراہیم وغیرہ'' وصیت نامہ مجمل کا متن ذیل میں درج ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد سلام مسنون کے اور وداعِ آخری کے سب بھائیوں مجاہدین ہندی چرکنڈ کو معلوم رہے کہ بہ قضائے الٰہی میں اتفاقیہ مارا جاؤں یا اپنی موت جلدی مر جاؤں تو حضرت امیر صاحب کے امس سے نیا حکم یا صدر(۱) آنے تک میرے بعد جماعت چرکنڈ کے امام وصدر جناب میاں معاذ صاحب رہیں گے اور سالاریٔ جمعیت یعنی جنگ و مدافعت کے سررشتہ دار اور مشیر خاص میاں معاذ صاحب کے بھائی ایوب صاحب ہوں گے۔

خزانچی بھی بدستور میاں معاذ صاحب ہی رہیں یا بھائی ایوب صاحب، جیسا کہ ان کا اتفاق ہو، بھائی عنایت اللہ بدستور جمعدار رہیں اور ان دونوں کے حکم کو میرے حکم کے برابر جانیں۔

عزیزی ارجمند ابراہیم، غلام علی، نیز عبد القدوس خاں ان تینوں کے ہر بات میں خصوصی معاون و یاور ہو کر جماعت کو سنبھالیں، باقی سب بھائی عزیزان عبداللہ و ماہ و سمندر و اکبر و میر غلام و فیروز بھی ہوشیار اور ان سرداروں کے پورے تابعدار رہ کر خدا اور رسولؐ کو راضی کریں، میرا قاتل میری طرف سے

(۱) اشتباہ سے بچنے کے لئے جماعت چرکنڈ کے امیر کو ''صدر'' کہتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

معاف ہے، اس کا معاملہ خدا پر چھوڑ دیں، البتہ جماعت سے خارج کر دیں۔
مرقومہ ۲۶ رذی الحجہ ۱۳۵۲ھ۔

فقیر محمد بشیر بقلم خود از چرکنڈ

مفصل وصیت نامہ

اسی تاریخ کو مولانا نے ایک اور وصیت نامہ لکھا، جس میں مختلف امور کے متعلق مفصل ہدایات درج تھیں، اس کی نقل ذیل میں ملاحظہ فرمایئے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

بعد سلام مسنون سب بھائیوں خاص کر حضرت امیر صاحب اسمس اور چرکنڈ کے صدر و سالار صاحبان کو بخوبی روشن رہے کہ اس عرصہ بست سالہ قیام جمعیت میں میں نے اپنے لئے کابل یا چرکنڈ یا کسی اور جگہ ذاتی روپیہ پیسہ ورثے میں نہیں چھوڑا، نہ ایک حبہ یا ایک تار دھاگا تک نیچے اپنے کسی عزیز و رشتہ دار کو روانہ کیا اور خود بھی اپنا گزارہ اس معیار پر رکھا، جس سے کم میں میں کر نہ سکتا تھا، اس لئے آج فارغ البال خدائے متعال کی رحمت پر توکل کر کے اس کی بارگاہ میں حاضر ہو رہا ہوں۔ اگر ہو سکے اور جب کبھی یاد آ جاؤں تو دعاء سے فراموش نہ کریں۔

جب عزیزی مولوی صبغت اللہ (۱) صاحبزادہ چرکنڈ رخصت ہو کر اسمس گئے تو دو تفنگچے میں نے ان کو ہدیہ کئے، وہ میرے ذاتی ہی تھے، اور تیسرا تفنگچہ جہازی جو ابراہیم کے پاس ہے، وہ بھی میرا ذاتی ہے۔ یہ تیسرا تفنگچہ عزیزی ارجمند مثیل فرزند ابراہیم ہی کا ملک جانئے، یا جمعیت اسے اس کی قیمت دے دے۔ دراصل زمانہ انقلاب گزشتہ افغانستان (۲) کے وقت سے جمعیت

(۱) صبغت اللہ بن امیر نعمت اللہ شہید

(۲) بچہ سقا کے دور کا انقلاب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چمرکنڈ میں لگائے ہوئے تین سو روپے کابلی کے عوض میں نے یہ تفنگچہ لیا تھا۔

حضرت امیر صاحب کی خدمت میں عرض ہے کہ میرا خیال عزیزی ابراہیم کی شادی کسی موزوں جگہ کرانے کا تھا اور میں ارجمندی سے وعدہ کر چکا تھا، مگر موقع نہ پا سکا، پس اگر آپ میرے اس خیال و وعدہ کو عزیزی کے متعلق جو کہ فداکاری وصداقت کا پتلا ہے، سررشتہ کر دیں گے اور اسے اسمس میں یا چمر کنڈ میں خوش رکھیں گے اور کام لیں گے تو میرے بعد مجھ پر احسان کریں گے۔

چھوٹا ہشت ٹکہ جرمنی تفنگچہ جو خود میرے گلے میں ہوتا تھا، نیز ایک مشہدی صافہ ریشمی جو مجھے تحفتہً ملا تھا، نیز تین ریشمی دوپٹے سرکاری اور آپ کے حضور میں پیش ہونے کے ہیں دونوں گرم چیکن مسرے سیاہ دخاکی بھی آپ جسے دیں، باقی کپڑے ابراہیم کے علم میں ہیں، میرے پٹکوں میں سے ایک شاہ جی نعمت اللہ صاحب کو دیدیا جائے، سفید چیکن کام کے نہیں رہے، تاہم چھوٹا میاں صاحب معاذ اور بڑا بھائی ایوب یا حاجی صاحب عبدالعلیم لے لیں یا جسے یہ دیں، موٹا تفنگچہ بھی مع موٹے کارتوسوں کے جو غالباً میرے ٹرنک میں ہیں، سرکاری ہے، مندرجۂ فوق ہشت ٹکہ جرمنی تفنگچے کے کچھ کارتوس بھی میرے ٹرنک میں ہیں اگرچہ وہ بھی میرے ایک دوست نے تحفتہً دیے تھے، سرکاری ہی سمجھے جائیں، البتہ میری خواہش ہے کہ ان کارتوسوں کے حساب میں سے چمر کنڈ کے وفادار جمعیتی بھائیوں کو فی نفر ایک ایک روپیہ گھی کے لئے دے دیا جائے، خدائے پاک آپ کو جزائے خیر دے گا۔

میرے ٹرنک میں جو کاغذات ہیں ان میں بعض جماعت کیلئے بہت قیمتی سندات وتصدیقات خدمت اسلام پر حاوی ہیں، کسی ناقابل اعتماد اور بے پروا ہاتھ میں نہ جانی چاہئیں، امنائے خاص جمعیت دیکھیں اور محفوظ رکھیں۔

بہ فضل خداوندی چمرکنڈ کا کتب خانہ بھی خوب ہی کتب دینی وتاریخی پر حاوی ہے، اگر محفوظ رہے گا اور کبھی کبھی دھوپ لگوا کر اسے کیڑوں سے بچاتے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رہیں گے تو جب کبھی کوئی عالم جید جمعیت میں آ جائے تو اسے بہت کام دے گا، اس لئے اس کی نگہداشت وحفاظت میں پوری کوشش کی جائے۔

حدودِ افغانستان میں روغن زرد اور غلہ وتفنگ کی آزادی کا فرمان مجریہ حکومت حاضر بھی ملفوف وصیت نامہ ہے، انشاءاللہ جدید صدر کی مہر اور دستخط سے بھی حکومت اس لطف ومہربانی کو جاری رکھے گی جو خود میری مُہر سے وہ رکھتی تھی۔

عام ارکانِ جماعت سے استدعاء ہے، اُمس میں ہوں یا چمرکنڈ میں یا کسی اور جگہ، اگرچہ میں نے اپنی طرف سے طاقتِ بشری کے مطابق اس معیار پر رفتار کی کوشش کی ہے کہ چھوٹوں کو فرزندوں کی جگہ اور ہمسروں کو بھائیوں کی مانند سمجھا، تاہم میں ایک گناہگار انسان تھا اور انتظام جمعیت کی ذمہ داریوں کا تیراہ ووزیرستان تک مسئول رہا، کسی کو مجھ سے کسی قسم کی کوئی رنجش اور خفگی ہو تو معاف فرمادیں، دوسروں کی ہر قسم کی زیادتیاں جو کسی نے دیدہ ودانستہ یا سہواً میرے حق میں کیں، حسبۃً للہ معاف کر چکا ہوں، سب رخصتی ووداعی سلام قبول کریں۔ مرقومہ ۲۶ رذی الحجہ ۱۳۵۲ھ۔

فقیر محمد بشیر بقلم خود از چمرکنڈ

شہادت

مولانا غالباً اوّل ستمبر ۱۹۳۴ء میں مولوی برکت اللہ ابن امیر نعمت اللہ اور جماعت کے چھ سات آدمیوں کے ہمراہ کابل گئے تھے، وہاں سے اواخر اکتوبر میں واپس آئے، رمضان المبارک کی پہلی رات کو اپنے کمرے میں شہید کر دیے گئے، جماعت کے ذمہ دار افراد نے بتایا کہ مولانا کی شہادت ایک پنجابی طالب علم عبدالحلیم نام کے ہاتھ سے ہوئی جو پہرے پر متعین تھا۔ اس سازش میں غالباً اور لوگ بھی شامل تھے۔ مولانا اپنے کمرے میں تنہا سوتے تھے اور عادت یہ تھی کہ کواڑ بند کر کے سو جاتے تھے، اندر سے زنجیر لگاتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سحری کے لئے ایک آدمی انہیں جگانے گیا اور دروازہ کھولا تو دیکھا کہ مولانا دروازے کے سامنے ہی زمین پر چت لیٹے ہوئے ہیں، اس نے دوسرے مجاہدین کو بلایا، کمرے میں اندھیرا تھا لالٹین کی روشنی میں دیکھا گیا تو مولانا چارپائی کی پائینتی کی طرف زمین پر چت پڑے تھے اور قاتل یا قاتلوں نے انہیں بکرے کی طرح ذبح کر ڈالا تھا۔

جماعت کے دستور کے مطابق ہمیشہ رات کو تین پہرے ہوتے تھے، پہلا نماز عشاء سے ساڑھے دس بجے تک، دوسرا ساڑھے دس سے دو بجے تک، تیسرا صبح تک۔ عبدالحلیم کا پہرا دوسرا تھا، اندازہ یہ ہے کہ اسی وقت میں اس کے ساتھی آئے، سب نے مل کر بحالت خواب دبالیا، پھر چارپائی سے نیچے اتار کر گلے پر چھری پھیر دی، جسم پر زخم کا اور کوئی نشان نہ تھا، البتہ ازار بند تک کپڑے خون آلود تھے۔ مولانا کے پاس ایک کتا بھی تھا، جو رات کے وقت کسی کو مجاہدین کی بستی کے پاس نہ آنے دیتا تھا، یہ کتا چھت پر بندھا ہوا تھا، گویا عبدالحلیم نے اپنے ساتھیوں کو بلانے سے پیشتر اسے بھی قابو کر لیا تھا۔

قاتل کی سرگزشت

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے، قاتل کا نام عبدالحلیم تھا۔ وہ اس زمانے میں آیا تھا، جب مولانا کابل گئے ہوئے تھے، بالکل نوجوان تھا، داڑھی ابھی نکل ہی رہی تھی، اس نے بتایا کہ میں ضلع گورداسپور سے آیا ہوں اور مسجد میں ٹھہر گیا۔ مولانا اور مولوی برکت اللہ واپس آئے تو اس وقت بھی مسجد ہی میں رہتا تھا، مولوی برکت اللہ اسمست چلے گئے تو مولانا کو اس کا خیال آیا، اسے کھانا بھی باقاعدہ پہنچاتے اور چائے بھی اپنے ساتھ پلاتے۔ حالات دریافت کئے تو اس نے بتایا کہ ماں باپ مر چکے ہیں، کچھ انگریزی پڑھ لی تھی، اب تلاشِ معاش کے سلسلے میں افغانستان جانا چاہتا ہوں۔ پروانۂ راہ داری نہ مل سکا، لہٰذا چمرکنڈ چلا آیا، مولانا نے اسے جماعت میں رہنے پر آمادہ کر لیا، قرآن مجید پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہاتھ رکھوا کر عہد لیا کہ نہ احکامِ جماعت کی خلاف ورزی کرے گا، نہ بدعہدی اور غداری کا مرتکب ہوگا۔ مجاہدین کے دل میں اس کے متعلق شبہات تھے، لیکن مولانا نے فرمایا کہ اس نے قرآن پر ہاتھ رکھ کر میری تسلی کر دی ہے، اب شبہ کی کوئی گنجائش نہیں، اس کی تعلیم کے لئے پشاور سے کتابیں منگوائیں۔

بعض غور طلب امور

اس حقیقت میں کوئی شبہ نہیں کہ مولانا کی شہادت عبدالحلیم کی سازش اور تعاون سے ہوئی، لیکن اس سلسلے میں بعض امور ایسے تھے، جن کا کوئی اطمینان بخش حل نہ مل سکا۔ مثلاً:

۱- جماعت کا دستور یہ تھا کہ نمازِ عشاء سے پیشتر کسی کو رات کے پہرے داروں کا علم نہ ہوتا تھا، نماز کے بعد جمعدار مختلف آدمیوں کو اطلاع دے دیتا کہ تمہیں فلاں وقت سے فلاں وقت تک پہرہ دینا ہوگا، اس وقت نہ اندر کا کوئی آدمی باہر جا سکتا تھا، نہ باہر کا اندر آ سکتا تھا۔ سوال یہ ہے کہ عشاء کے بعد پہرے داری کا علم ہونے پر عبدالحلیم نے اپنے ساتھیوں کو کس ذریعے سے اطلاع دی؟

۲- وہ خود نحیف البدن اور کمزور آدمی تھا اور تنہا ایسے اقدام کی جرأت نہ کر سکتا تھا، نیز مولانا کو جس حالت میں شہید پایا گیا، اس سے صاف واضح تھا کہ یہ ایک سے زیادہ آدمیوں کا کام تھا، وہ آدمی کون تھے اور کہاں سے آئے؟

۳- مولانا کا کتا صرف عبدالحلیم سے مانوس تھا، اس لئے کہ وہ مولانا کے ساتھ رہتا تھا، کتے کو چھت پر باندھنے کا کام اسی کے ہاتھوں انجام پایا۔ اگر وہ سازش میں شریک نہ تھا تو قاتلوں کے لئے یہ آسانیاں کیوں بہم پہنچائیں؟

۴- چمرکنڈ کا گاؤں مجاہدین کے مرکز سے تین یا چار فرلانگ پر تھا۔ سوال یہ ہے کہ اگر عبدالحلیم کے ساتھی چمرکنڈ میں مقیم تھے تو اس نے اپنے پہرے کے وقت میں کس ذریعے سے انہیں اطلاع دی؟ نصف میل جانا اور نصف میل آنا وقت طلب تھا، اگر وہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہرہ چھوڑ کر خود جاتا تو دوسروں کو فوراً علم ہو جاتا، لہٰذا یہ تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں کہ خود مرکز کے اندر یا اس کے بہت قریب اس کا کوئی شریکِ کار پہلے سے موجود تھا۔

۵- اگر اس کے ساتھی چمرکنڈ میں منتظر بیٹھے تھے تو عجیب بات یہ ہے کہ اہل چمرکنڈ کو اگلے دن ظہر کے وقت تک مولانا کی شہادت کے متعلق کوئی علم نہ ہو سکا۔

مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی اگرچہ جماعت مجاہدین سے الگ تھے تاہم ان کا مکان مجاہدین کی آبادی میں داخل تھا، اور اس کا دروازہ باہر کی گلی میں کھلتا تھا۔ یعنی اس مکان کے ساکن آمد و رفت میں مجاہدین سے بے تعلق تھے، نیز اس کا ایک راستہ مولانا کے مکان کی چھت پر سے جاتا تھا، لہٰذا واقعاتی شہادت کی بنا پر شبہ کیا گیا کہ مولوی فضل الٰہی بھی اس سازش میں شریک ہیں، گویا عبدالحلیم نے ان کے کسی مقرر کئے ہوئے آدمی کے ذریعے سے ساتھی قاتلوں کو اطلاع دے کر بلایا اور اس مقدس بزرگ کو شہید کر کے وہ چپ چاپ رفو چکر ہو گئے۔ جس نے بیس سال کی زندگی کا ایک ایک لمحہ جہاد فی سبیل اللہ میں گزارا، مولوی فضل الٰہی اور مولانا محمد بشیر کے درمیان جو شدید اختلافات چلے آتے تھے، وہ اس شبہے کے لئے تقویت کا باعث بن گئے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ مولوی فضل الٰہی حادثۂ شہادت سے تین روز پیشتر گل صاحب چارمنگی کے پاس چلے گئے تھے، گویا ان کی براہِ راست شرکت کا بہ ظاہر کوئی امکان نہ تھا۔

بادشاہ گل اور دوسرے اصحاب کی آمد

جماعت مجاہدین نے شہادت کے واقعے کو چھپائے رکھا، البتہ بادشاہ گل، گل صاحب چارمنگی وغیرہ کو فوراً اطلاعات بھیج دیں کہ مولانا شہید ہو چکے ہیں آپ جلد از جلد آ کر نمازِ جنازہ میں شریک ہوں۔ ظہر کے وقت اہل چمرکنڈ کو اطلاع ملی تو انہوں نے مجاہدین کی بستی پر چڑھائی کر دی، اس اثناء میں بادشاہ گل صاحب آ گئے اور شورش دب گئی۔ یکم رمضان المبارک کو عصر کے وقت مولانا اپنے خون آلود کپڑوں میں دفن ہوئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۳ رمضان المبارک کو گل صاحب چارمنگی بھی آ گئے، بادشاہ گل نے دوسو چالیس روپے میں دو بیل خریدے، خچروں پر گیہوں منگوائے، آس پاس کے ملکوں اور خوانین کو دعوت دے کر بلایا، سب کے لئے کھانے کا انتظام کیا۔ ۴ رمضان المبارک کو نمازِ صبح کے بعد مسجد میں اجتماع ہوا، بادشاہ گل نے زبردست تقریر کی، جس میں جماعت مجاہدین کے علاوہ مولانا بشیر کے اوصاف ومحامد بیان کئے اور ان کی عظیم الشان اسلامی خدمات پر روشنی ڈالی۔ آخر میں کہا کہ یہ قتل انگریزی حکومت کی سازش اور ایماء سے ہوا ہے۔ اہل چمرکنڈ سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ تمہارے علاقے میں ایسے واقعے کا پیش آنا تمہارے لئے باعثِ ننگ وعار ہے۔

چونکہ مولوی فضل الٰہی پر بھی شبہ تھا، اس لئے اجتماع میں فیصلہ ہوا کہ وہ اپنا مال اسباب لے کر مجاہدین کی بستی سے نکل جائیں، چمرکنڈ نہ رہیں۔ یاغستان میں اور جہاں چاہیں قیام رکھیں۔

شہادت کی ذمہ داری

اب رہا یہ امر کہ مولانا کو شہید کرنے کا حقیقی ذمہ دار کون تھا، تو اس بارے میں یقینی و قطعی طور پر کچھ عرض کرنا مشکل ہے، البتہ چند امور بالکل واضح ہیں:

۱- جس گروہ نے مولانا کو شہید کیا، اس میں عبدالحلیم یقیناً شریک تھا، اور اس کے سرگرم تعاون کے بغیر یہ کام انجام نہ پا سکتا تھا۔

۲- عبدالحلیم کو اپنے پہرے کا علم رات کے نو بجے ہوا ہوگا، اس کے بعد خود اس کے لئے باہر جا کر اپنے ساتھیوں کو اطلاع دینے کا کوئی امکان نہ تھا، لہٰذا ضروری ہے کہ تسلیم کیا جائے کہ اس کے شرکاء مرکز سے بہت قریب کسی محفوظ مقام پر چھپے بیٹھے ہوں گے، یہ خیال بھی ہوتا ہے کہ ممکن ہے انہوں نے مناسب موقع کے انتظار میں اس طرح کئی راتیں گزاری ہوں اور باہم اشارے مقرر کر لئے گئے ہوں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۳- یہ اہتمام تنہا عبدالحلیم نہ کرسکتا تھا، اس کے پس پشت کوئی بڑی طاقت ہونی چاہئے جس کے وسائل بہت وسیع ہوں۔

۴- اگر یہ درست ہے کہ عبدالحلیم ہندوستان سے تلاشِ معاش کے سلسلے میں افغانستان میں جارہا تھا تو وہ چرکنڈ کیوں پہنچا؟ خیال ہوسکتا ہے کہ جو راستہ اس نے اختیار کیا تھا، چرکنڈ بھی اس میں ایک منزل تھا، لیکن وہ وہاں دیر تک کیوں ٹھہرا رہا؟ اس کے پہنچنے سے کئی روز بعد مولانا کابل سے آئے، پھر وہ آٹھ دس دن تک مولوی برکت اللہ مدارالمہام جماعت مجاہدین کی مہمانی میں لگے رہے، عبدالحلیم نے یہ پوری مدت چرکنڈ کی مسجد میں گزاری اور کہیں نہ گیا۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ کسی گہری سازش کے ماتحت وہاں پہنچا تھا، اور خود مولانا کے خلوص واعتماد نے اسے کام جوئی کی مہلت دیدی۔

۵- شہادت کے بعد عبدالحلیم کا کوئی سراغ نہ مل سکا، قرینہ یہ ہے کہ وہ ہندوستان چلا آیا، یہاں اسے دارو گیر کا کوئی خطرہ نہ ہوسکتا تھا، اس لئے کہ اس کا فعل بہ اعتبارِ نتیجہ انگریزی حکومت کی خواہش کے عین مطابق تھا۔ غیر اغلب نہیں کہ یہ سب کچھ اسی حکومت کے اہتمام وانتظام سے انجام پایا ہو۔

مولانا نے جس دن راہِ ہجرت میں قدم رکھا تھا وہ اپنی جان جاں آفریں کے حوالے کر چکے تھے، لیکن کتنے رنج وقلق کا مقام ہے کہ جو بلند پایہ شخصیت دشمنانِ اسلامیت وآزادی کے خلاف جہاد کرتی ہوئی مرنے کی آرزومند تھی، وہ اپنوں کے ہاتھوں رمضان المبارک کی پہلی رات میں بہ حالتِ بے کسی ذبح ہوئی، یقین ہے کہ مولانا کے جذبۂ فداکاری کی زبان پر آخری وقت میں بھی یہ ترانہ ہوگا۔

جانے کہ داشت کردفدا ئے تو آذری
شرمندہ از تو گشت کہ جانِ دگر نہ داشت

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بارہواں باب:

مولانا محمد بشیر کی شخصیت

قتل کی ذمہ داری

مولانا محمد بشیر کی شہادت کے متعلق جتنی تفصیلات دستیاب ہوسکیں پیش کردی گئیں، صرف ایک بات رہ گئی اور وہ یہ کہ مولانا کی شہادت سے تقریباً ایک سال قبل محمد نام ایک شخص نے بھی انہیں شہید کرنا چاہا تھا اور وہ فائر کرتے ہوئے گرفتار ہوا، حسن اتفاق سے مولانا کو کوئی گزند نہ پہنچا اور محمد کو اسی وقت جماعت سے خارج کردیا گیا۔ غالباً اس حادثے کے ساتھ ہی مولانا نے وصیت نامے مرتب کردیے تھے، اس لئے کہ انہیں خیال ہوگیا تھا، خدا جانے کب ایسا موقعہ دوبارہ پیش آجائے۔

بائیس سال کے بعد آج یہ عرض کردینا غالباً افشائے راز نہ سمجھا جائے کہ جو تفصیلات پہلے پیش کی جاچکی ہیں، یہ والا حضرت سردار شاہ محمود خان غازی نے اپنے خاص آدمیوں کے ذریعے سے مہیا کی تھیں، اس زمانے میں وہ افغانستان کے وزیر حربیہ تھے، لہٰذا ان کے مستند ہونے میں کلام کی گنجائش نہ ہونی چاہئے۔ سردار موصوف کو بھی مولانا سے خاص تعلق تھا، ظاہر ہے کہ اس پوری سازش کی روحِ رواں عبدالحلیم تھا، لیکن جیسا کہ عرض کرچکا ہے، وہ تنہا یہ کام انجام نہ دے سکتا تھا، اور جن حالات میں اس نے سازش کو لباسِ عمل پہنایا، ان میں باہر سے کوئی امداد حاصل نہ کرسکتا تھا۔ جب تک مجاہدین کی بستی کے اندر کوئی شخص اس کا پورا ہم نوا نہ ہوتا، غالباً اسی وجہ سے مولوی فضل الٰہی مرحوم کے متعلق بعض قلوب میں شبہات پیدا ہوئے۔ یہ بھی واقعہ ہے کہ مولوی فضل الٰہی اور مولانا محمد بشیر کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

باہمی تعلقات حد درجہ خراب تھے، تاہم اس زمانے میں بھی اور بعد کے دور میں بھی اکثر صائب الرائے افراد کا خیال یہی تھا کہ یہ سب کچھ انگریزوں کے ایماء اور ساز باز سے ہوا۔ اس مقصد کو پورا کرنے کیلئے انہوں نے کیا کیا تدبیریں اختیار کیں؟ اس سوال کا کوئی مفصل اور مستند جواب اب تک نہ مل سکا۔ اتنا اور عرض کر دینا چاہئے کہ مولانا کی شہادت ساڑھے دس اور ڈیڑھ دو بجے کے درمیانی وقت میں ہوئی، غالباً رات کے بارہ ساڑھے بارہ بجے اور قاتل جاتے وقت مولانا کے کمرے سے چار بندوقیں، ایک ریوالور اور ایک کابلی دُھسا بھی لے گئے۔ ان میں سے کسی کے متعلق بعد میں کچھ معلوم نہ ہو سکا اور نہ یہ بتایا جا سکتا ہے کہ عبدالحلیم زندہ ہے یا فوت ہو گیا اور زندہ ہے تو کہاں ہے؟

مولانا کی شخصیت

اس طرح وہ عظیم الشان شخصیت اس دنیا سے رخصت ہوئی، جس نے بیس سال تک جماعت مجاہدین کی رگوں میں زندگی کا نیا خون دوڑائے رکھا اور جس کا وجود مسلسل و متواتر انگریزی حکومت کے لئے انتہائی سراسیمگی و اضطراب کا باعث بنا رہا۔ مولانا ۱۹۱۵ء میں یاغستان پہنچے تھے اور جاتے ہی مجاہدانہ سرگرمیوں میں مشغول ہو گئے۔ انہوں نے یاغستان کے مختلف حصوں میں جہاد کے مرکز قائم کئے، تمام قبیلوں میں وعظ و تذکیر سے اسلامی حمیت و غیرت کی آگ بھڑکائی اور انہیں انگریزوں کے خلاف جہاد پر آمادہ کیا۔ ان کے باہمی تفرقے مٹائے تاکہ وہ متحد ہو کر موثر و نتیجہ خیز کام کر سکیں، انہیں جس خطے یا جس شخصیت سے تھوڑی یا بہت امداد کی امید ہو سکتی تھی، اس کے پاس بے تکلف پہنچے اور اپنے ساتھ ملانے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھا۔ یاغستان یا افغانستان میں جو اثر و رسوخ اور جو احترام و ہر دل عزیزی انہیں مدت العمر حاصل رہی، وہ شاید ہی کسی دوسرے ہندوستانی مجاہد کو حاصل ہوئی ہو۔ پھر انہوں نے خدا کی راہ میں ایثار و بے نفسی کے جو نمونے پیش کئے، ان کی مثالیں بھی دورِ حاضر میں بہ مشکل ملیں گی، ان کے پاس ہر عہد

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میں ہندوستان اور افغانستان سے گراں قدر رقمیں پہنچتی رہیں، ان کے بال بچوں کی مالی حالت کچھ مدت بعد بہت سقیم ہوگئی تھی، تاہم ایک حبہ بھی کسی کو نہ بھیجا اور ہر شئے جماعت مجاہدین کے کاموں کے لئے وقف رکھی۔

مولوی محمد علی قصوری نے فرمایا ہے کہ امیر حبیب اللہ خاں کے عہد میں انہیں مستقل طور پر ایک ہزار روپیہ ماہانہ ملتا تھا، وہ اس رقم میں سے صرف پانچ روپے اپنے گزارے کے لئے رکھ لیتے تھے، باقی رقم جماعت کے حوالے کردیتے تھے، بعد کے ادوار میں بھی غالباً یہ رقم بدستور جاری رہی، پھر ان کے مخلص نیازمند نذور وتحائف کی شکل میں برابر کچھ نہ کچھ دیتے رہتے تھے، لیکن مولانا اپنی ذات کی طرح ہر شئے کو اللہ کی راہ میں وقف کر چکے تھے، اور کسی ذاتی تحفے سے بھی کبھی کوئی فائدہ نہ اٹھایا، الّا یہ کہ بعض دوستوں اور نیازمندوں کے دیے ہوئے اسلحہ میں سے کوئی چیز ضرورتاً اپنے پاس رکھ لی یا کوئی کپڑا استعمال کرلیا۔ ان کا لباس بہت سادہ ہوتا تھا، معمولی شلوار، معمولی کرتا اور ایک لمبا سیاہ چوغہ، سر پر عموماً سفید پگڑی رکھتے تھے کبھی کبھی سادہ سی لنگی بھی باندھ لیتے تھے، ایک تپنچہ ہر وقت گلے میں حمائل رہتا تھا۔

محمد علی قصوری کا بیان

مولوی محمد علی قصوری کو کابل اور یاغستان میں مولانا کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا تھا، وہ بار بار ان کی تعریف کرتے ہیں۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ مولانا محمد بشیر:

> حیرت انگیز انسان تھے، ان کی انتظامی قابلیت اور سیاسی سوجھ بوجھ بے مثال تھی، انہوں نے کابل پہنچتے ہی امیر صاحب (حبیب اللہ خاں) کے مزاج میں اتنا عمل دخل پیدا کرلیا کہ امیر صاحب نے ان کو یاغستان کی تنظیم کیلئے مامور فرمایا اور بارہ ہزار روپیہ سالانہ تنظیمی اخراجات کیلئے ان کے حوالے کیا۔ (۱)

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۲۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسری جگہ فرماتے ہیں:

ملا بشیر صاحب بھی ایک بے نظیر انسان تھے، مجسم عمل، خلوص کا پتلا، انگریز کے خلاف پروپیگنڈا کرنے میں بڑے مشاق، مقرر ایسے اعلیٰ درجے کے کہ بڑے بڑے مجمعے ان کی آتش بیانی سے مسحور ہو جاتے تھے۔(۱)

پھر ایک مقام پر ارشاد ہوتا ہے:

جماعت کے بااثر حضرات میں سے امیر نعمت اللہ کے بعد ملا بشیر تھے۔ ملا بشیر واقعی حیرت انگیز شخص تھے، سلف صالح کے سچے جانشین، انتھک کارکن مجسم عمل، ایثار کا پیکر، بے غرض، صحیح معنوں میں انقلابی لیڈر تھے۔ انہیں دیکھ کر اقبال کا مشہور شعر یاد آتا تھا۔

یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی
ایسی چنگاری بھی یا رب اپنی خاکستر میں تھی

امیر حبیب اللہ خاں صاحب نے ان کے کام سے خوش ہو کر بارہ ہزار روپے سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا تھا، وہ اس میں سے قوتِ لایموت رکھ لیتے، ان کا اثر تمام یاغستان میں بے نظیر تھا، ہر قبیلے کے ملک اور شیوخ ان کی بے حد عزت کرتے تھے۔ حق یہ ہے: انہیں کہ وجہ سے تمام علاقوں میں امیر نعمت اللہ کا خاصا وقار قائم ہو گیا تھا۔(۲)

ایک قابل غور نکتہ

ایک قابل غور نکتہ یہ ہے کہ امیر مجاہدین کے جن حالات سے بعض دوسرے مخلص اصحاب پر برا اثر پڑا اور وہ نہ محض واپس چلے آئے بلکہ مجاہدین کا کام بھی چھوڑ دیا، وہ حالات مولانا محمد بشیر کے بھی سامنے آئے اور یقیناً انہیں انتہائی رنج پہنچا ہوگا، تاہم انہوں نے اپنا کام نہ چھوڑا۔ وہ جس نصب العین کے لئے اہل وعیال اور گھر بار کو ترک کرنے پر

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص:۶۱-۶۲ (۲) مشاہدات کابل و یاغستان، ص:۱۱۱-۱۱۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آمادہ ہوئے تھے، بدستور ان کے سامنے رہا۔ دوسرے لوگوں نے یہ سمجھا کہ خود ان کی طرح جماعت کے ہر فرد کو بے نفس، بے غرض اور پیکرِ ایثار ہونا چاہئے۔ یہ خواہش پوری نہ ہوئی تو وہ کام چھوڑ کر لوٹ آئے، مولانا کی خواہش بھی یقیناً یہی تھی، لیکن انہوں نے کام نہ چھوڑا اور سمجھ لیا کہ مشکلات زیادہ ہیں تو ان سے عہدہ برآ ہونے کے لئے زیادہ محنت و مشقت اور زیادہ جفاکشی و جاں فشانی کی ضرورت ہے۔ اس سے مولانا کے عشقِ مقاصد کا صحیح اندازہ ہوسکتا ہے۔

قوموں اور ملکوں کی تقدیریں بدلنا اور انہیں غلط راستے سے ہٹا کر صحیح راستے پر لگانا آسان کام نہیں، اس کے لئے غیر معمولی صبر و استقامت کی ضرورت ہے۔ مقصد و نصب العین کے سچے شیدائی مشکلات و موانع سے گھبرایا نہیں کرتے بلکہ اپنی سرگرمیوں کو تیز تر کردیتے ہیں اور اپنی ہمتوں کو استوار بنا لیتے ہیں۔ عرفی نے اپنے مشہور شعر میں اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

نوا را تلخ تر می زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی
حدی را تیز تر می خواں چو محمل را گراں بینی

مولانا کی پوری مجاہدانہ زندگی اس استقامت کی ایک عجیب و غریب مثال ہے۔ مرکز مجاہدین کی بعض خرابیوں یا کمزوریوں کی بنا پر وہ نہ اصل کام سے دست بردار ہوئے اور نہ ہمت ہاری۔ افغانستان میں امیر حبیب اللہ خاں کے تذبذب اور بے ہمتی نے ان کے ایک عظیم الشان منصوبے کو ناکام بنا دیا تھا، تاہم وہ پریشان نہ ہوئے اور اپنی زندگی کے آخری سانس تک پیش نظر مقصد کے لئے تدبیریں سوچتے اور اسباب فراہم کرتے رہے۔ نظیریؔ کیا خوب کہہ گیا ہے:

کارِ ما با گردشِ طاس است و نقشِ کعبتین
با حسابِ انجم و کج بازیِ گردوں چہ کار

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ضمیمہ

کابل میں ایک دعوت

میں کتاب مکمل کر چکا تھا کہ اتفاقیہ حاجی میر شمس الدین مرحوم معتمد انجمن حمایت الاسلام کی کتاب ''سیاحتِ افغانستان'' دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ اس میں چائے کی ایک دعوت کا ذکر ہے جو راجا مہندر پرتاپ کی طرف سے مہاجرینِ ہند کو ہوٹل مرکزی اندرابی (کابل) میں بتاریخ ۱۱ نومبر ۱۹۲۶ء بوقت تین بجے بعد دوپہر دی گئی تھی۔ اس دعوت میں حاجی میر شمس الدین اور دوسرے ہندوستانیوں کے علاوہ جماعت مجاہدین کی طرف سے بھی بعض اصحاب شریک تھے، جو وفد کی صورت میں کابل آئے تھے۔ مثلاً مولانا محمد بشیر، سید فضل اللہ شاہ، مولوی محمد اسماعیل۔

راجا صاحب کی تقریر

اس موقع پر راجا صاحب نے ایک لمبی تقریر کی، اس میں دوسرے امور کے علاوہ جماعت مجاہدین کا ذکر کرتے ہوئے کہا:

> آپ میں سے اکثر احباب کو غالباً اس صد سالہ تحریک مجاہدین ہند یہ کا پہلے سے علم ہوگا کہ کس طرح اس تحریک کے بانیوں نے جب ہندوستان میں اپنی قومی سلطنت وحکومت کے قصر کو اغیار کے ہاتھوں تباہ ہوتے پایا تو اس کی حفاظت و بحالی کے لئے املاک واوطان، خویش واقارب اور ہر قسم کی راحت و آرام کو لات مار کر بیابانوں اور سرحدِ ہند کے تنگ وتاریک پہاڑوں میں آ کر جگہ پکڑی اور دشمن کی ہر تباہ کن کوشش کے باوجود ہندوستان کی آزادی کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حصول کیلئے کسی قربانی وفداکاری سے کبھی بھی دریغ نہ کیا۔ اگر چہ ملک وملت نے اس جماعت اور اس تحریک کی طرف کما حقہٗ توجہ نہیں کی، مگر ایک زمانہ آئیگا کہ جب ہندوستان کے افق پر ان کے کارنامے سنہری حروف سے لکھے ہوئے نظر آئیں گے اور مادرِ وطن کا ایک ایک فرزند اس پر بجا فخر کرتا دکھائی دے گا۔

اس کے بعد راجا صاحب نے حاجی میر شمس الدین کی تعلیمی خدمات کا ذکر فرمایا اور یہ بھی کہا کہ قومیں ایک ہی جست میں ترقی نہیں کرتیں بلکہ مقدس مقاصد کے لئے قرنوں فداکارانہ قربانیاں کی جایا کرتی ہیں۔

مولانا محمد بشیر کے ارشادات

راجا صاحب کے بعد مولانا محمد بشیر نے اپنی طرف سے اور تمام ارکانِ وفد مجاہدین کی طرف سے راجا صاحب کا شکریہ ادا کیا اور جماعت کے نصب العین نیز بعض فداکاریوں کا بھی ذکر فرمایا، اس ضمن میں کہا:

اگر چہ گزشتہ چھ سال کے عرصے میں بعض افراد کی کوتہ اندیشیوں کے باعث ایسی سراپا فدائیت تحریک بھی شقاق واختلاف کی بھینٹ چڑھ چلی تھی اور اس کے مشہور مراکز اسمد و(۱) چرکنڈ میں تعلقات منقطع ہو چکے تھے، مگر خدائے پاک کا کمال احسان ہے کہ سالِ حال کے دوران میں یہ سب جماعت پھر ایک ہوگئی ہے اور اسمد سے لے کر وزیرستان تک کے مراکز ایک ہی سلسلے میں منسلک ہو کر ایک ہی نظام کے ماتحت خدمات مذہبی وملی بجالا رہے ہیں، اس کا یہ ادنیٰ ثمرہ ہے کہ آج آپ اپنے درمیان کل مراکز کے نمائندے اس جگہ یکجا تشریف فرما دیکھ رہے ہیں۔ پروگرام محض اس قدر ہے کہ ہندوستان کی آئندہ آزادی کے قصر کی بنیادوں کے وہ پتھر نہایت ہی مضبوطی سے نصب کر دیں جن کی بنیاد

(۱) یہ اسمست ہے غالباً سماعت کی بناء پر اسے ''اسمد'' لکھ دیا گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پر اس کی اپنی حکومت کے قصر کے ستون اور دیواریں کھڑی ہوں۔

مولوی محمد اکبر ترجمان نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ مجاہدین کے درمیان اتفاق کا سہرا مولانا محمد بشیر کے سر ہے اور یہ محض ان کی مخلصانہ مساعی کا ثمرہ ہے۔(۱)

ضروری امور

ان تقریروں سے مندرجہ ذیل امور واضح ہوتے ہیں:

۱- جماعت مجاہدین کے مرکز اسمست سے وزیرستان تک پوری سرحد آزاد میں قائم تھے۔

۲- اس کے دو بڑے مرکزوں یعنی اسمست اور چمرکنڈ میں چھ سال تک اختلاف و انشقاق کا سلسلہ جاری رہا، یہاں تک کہ ان کے درمیان تعلقات بھی منقطع ہو چکے تھے۔

۳- چھ سال کے بعد ۱۹۲۶ء میں مولانا محمد بشیر کی کوششوں سے اختلاف دور ہوا اور دونوں مرکز ایک نظام کے تحت کام کرنے لگے۔

۴- جماعت مجاہدین کے مقاصد میں آزادیٔ ہند کو نمایاں ترین درجہ حاصل تھا اور یہ مقصد آخری دور ہی میں نہیں بلکہ سید شہیدؒ کے وقت سے جماعت کے سامنے رہا۔

(۱) سیاحت افغانستان، ص:۲۶-۲۹

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیرہواں باب:

مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی

ابتدائی کام

جماعتِ مجاہدین کے ایک بہت بڑے کارکن مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی تھے، جن کا ذکر مولانا محمد بشیر کی شہادت کے سلسلے میں ایک سے زیادہ مرتبہ آچکا ہے۔ وہ کسی امیر گھرانے کے فرد نہ تھے، ان کے والد ماجد مولوی میراں بخش ریلوے کے محکمے میں ملازم ہوئے اور غالباً پلیٹیئر کے درجے پر پہنچ کر سبک دوش ہوگئے۔ تقریباً اڑھائی ہزار روپیہ انہیں بونس کے طور پر ملا۔

مولوی فضل الٰہی نے بھی اسی محکمے میں ملازمت اختیار کر لی تھی، لیکن ان کے دل میں ابتدا ہی سے دینی اور اسلامی خدمات کی تڑپ موجود تھی۔ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کس ذریعے سے جماعت مجاہدین کے ساتھ تعلق پیدا کیا۔ ۱۹۰۳ء یا ۱۹۰۴ء میں اسمست پہنچے اور امیر عبدالکریم کے ہاتھ پر بیعتِ جہاد کی۔ وہاں سے حکم ہوا کہ ہندوستان جا کر جماعت کیلئے چندہ اور آدمی فراہم کرتے رہیں۔ وہ پہلے بھی بہ طور خود یہی کام کر رہے تھے۔ ۱۹۰۶ء میں ملازمت ترک کر دی اور جماعتی کاموں کے لئے وقف ہوگئے، وہ چپ چاپ ملک کے طول و عرض میں پھرتے رہتے تھے، تمام ممتاز ملکی رہنماؤں سے گہرے تعلقات پیدا کر لئے، ان میں سے بہ طورِ خاص قابلِ ذکر مولانا ابوالکلام آزاد ہیں، جن کی دینی دعوت نے ''الہلال'' کے ذریعے سے عالمگیر شہرت حاصل کر لی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی فضل الٰہی نے اس دوران میں ہزاروں روپے فراہم کئے اور اپنے ساتھ مخلص کارکنوں کی ایک بہت بڑی جماعت پیدا کر لی، جس کے افراد، فراہم کردہ روپیہ اور آدمی اسمست پہنچاتے تھے۔ جماعت کو جس چیز کی ضرورت ہوتی تھی اس کا انتظام مولوی صاحب موصوف کر دیتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ مولانا ابوالکلام کے ذریعے سے ایک فرد کو اسمست پہنچایا جو ڈاکٹری کی تعلیم پوری کر چکا تھا۔

گرفتاری اور اسیری

یہ کام سہل نہ تھا، قدم قدم پر قسم قسم کے خطرات درپیش تھے، چنانچہ ۱۹۱۵ء میں مولوی صاحب کی بھی سرگرمیاں انگریزوں کی خفیہ پولیس کے علم میں آ گئیں اور انہیں گرفتار کر کے جالندھر کے جیل خانے میں بند کر دیا گیا۔ لیکن مولوی صاحب کا نشہ ایسا نہ تھا، جسے اسیری کی ترشی اتار سکتی، انہوں نے جیل میں ولی محمد نام ایک وارڈر کو اپنا ہم نوا بنا لیا اور اس کے ذریعے سے تمام رفیقوں کو سرگرمی کے ساتھ کام جاری رکھنے کی تحریری ہدایتیں دیتے رہے۔ سوئے اتفاق سے ایک تحریر پکڑی گئی، ولی محمد وارڈر پختہ کار نہ تھا، اس نے مصیبت سر پر آتے دیکھی تو تمام راز افشا کر دیے، اور مولوی صاحب کی تحریرات جن جن رفیقوں کے پاس جاتی تھیں ان سب کے نام بتا دیئے، چنانچہ ان لوگوں کو بھی گرفتاری کی مصیبتوں سے سابقہ پڑا۔

مولوی صاحب کے والد ماجد ۱۹۱۶ء میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے تھے اور ۱۹۱۸ء میں فوت ہو گئے۔ اس حادثے نے مولوی صاحب کے گھر بار کا نظم و نسق درہم برہم کر ڈالا، چنانچہ وہ مجبوراً ایک سال کے لئے تین ہزار روپے کی ضمانت دے کر اس شرط پر رہا ہوئے کہ وزیر آباد سے باہر نہ جائیں گے، شدید پابندی کی اس مدت میں بھی انہوں نے جماعت مجاہدین کا کام جاری رکھا اور اس میں کوئی فرق نہ آنے دیا، حالانکہ ان کیلئے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خطرات بہت بڑھ گئے تھے۔

ہجرت

ضمانت کی معیاد ختم ہوئی تو وہ معمول کے مطابق فراہمیٔ زرِ اعانت کے لئے دورے کرنے لگے، ساتھ ساتھ چھریاں، قینچیاں بھی بیچا کرتے تھے۔ جون ۱۹۲۰ء میں قاضی کوٹ سے اسلحہ برآمد ہونے کی اطلاع ملی تو مستری ابراہیم کے بیان کے مطابق مولوی صاحب نے کہا کہ اب زندگی کا خاتمہ ہے، جہاں مجھے اپنے بچاؤ کا موقع ملے گا وہاں چلا جاؤں گا، انہیں دنوں میں وہ ہجرت کر کے یاغستان چلے گئے اور اپنے بال بچوں کو بھی وہیں بلا لیا۔ معلوم نہیں، کتنی مدت اسمست میں گزاری پھر چمرکنڈ چلے گئے اور ہجرت کی بقیہ مدت وہیں بسر کی۔ چمرکنڈ کی جماعت کے رئیس مولوی عبدالکریم کا انتقال ہوا تو مولانا محمد بشیر تیراہ وزیرستان گئے ہوئے تھے۔ جماعت نے مولوی فضل الٰہی کو عارضی طور پر رئیس منتخب کرلیا، مولانا محمد بشیر اپنا کام انجام دے کر واپس آئے تو مرکز اسمست کی ہدایت کے مطابق وہ مستقل رئیس بن گئے۔ غالباً یہ امر پہلی مرتبہ مولانا محمد بشیر اور مولوی فضل الٰہی کے درمیان اختلاف کا باعث ہوا، جو آخری وقت تک قائم رہا۔

یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ دونوں میں سے کسی کو ریاست وامارت کی خواہش تھی، اس وجہ سے ان کے درمیان تکدر پیدا ہوا۔ دونوں بڑے ہی مخلص اور ایثار پیشہ تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں کے طریق کار اور لائحہ عمل میں بیّن فرق تھا، اور دونوں چاہتے تھے کہ جماعتی کاروبار اپنے ذوق، طبیعت اور صواب دید کے مطابق چلائیں۔ یہ اختلاف یقیناً حد درجہ ناخوش گوار تھا، جسے دور کرنے کے لئے بعض مخلصوں نے بارہا کوششیں کیں، لیکن یہ اس حد تک دور نہ ہوسکا، جس کی آرزو سب کو تھی، لہٰذا ایک مقام پر رہنے کے باوجود دونوں کے تعلقات میں انقطاع کا سلسلہ جاری رہا۔ اگرچہ مولانا محمد بشیر جماعت چمرکنڈ کے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مسلمہ رئیس تھے اور مولوی فضل الٰہی جماعت کے کام میں دخل نہ دیتے تھے، یہی اختلاف تھا جس کی بنا پر سمجھا گیا کہ مولانا محمد بشیر پر قاتلانہ حملہ کرانے یا انہیں شہید کرانے میں مولوی صاحب کا بھی ہاتھ تھا۔ مولانا محمد بشیر نے خود مجھ سے ایک مرتبہ ایسی باتیں کیں جن سے مترشح ہوتا تھا کہ وہ مولوی فضل الٰہی کی طرف سے مطمئن نہیں، تاہم مجھے اب تک کوئی ایسی شہادت نہ مل سکی جس سے مولوی فضل الٰہی پر عائد کردہ الزام کو خفیف سی بھی تقویت پہنچتی۔

ہجرت سے کچھ ہی مدت بعد مولوی صاحب موصوف کی والدۂ ماجدہ اور بھائی محمد الٰہی کا انتقال ہوگیا، لیکن ان حوادث پر بھی انہوں نے ہندوستان آنا گوارا نہ کیا اور اپنے فیصلۂ ہجرت پر مستقیم رہے۔

سید صاحب کے متعلق عقیدہ

حافظ عنایت اللہ صاحب امرتسری جو جامع اہل حدیث گجرات میں خطیب ہیں، فرماتے ہیں کہ اوائل میں مولوی فضل الٰہی سید احمد شہید کو شہید نہ مانتے تھے:

> میں نے ایک مرتبہ سید صاحب کو شہید بتایا تو آپ سخت ناراض ہوئے، مجھے دھکا دے کر چارپائی سے نیچے گرادیا اور فرمایا کہ وہ زندہ اور غائب ہیں عنقریب ظاہر ہوں گے۔ نیز آپ نے جماعت کا شائع کردہ ایک رسالہ بہ نام ''خلاصہ'' مجھے دکھایا جس میں یہ حدیث درج تھی کہ:
>
> اذا مضت الف و مئتان و اربعون سنة بعث اللّٰه المهدی فیبایع علی یده خلق کثیر ثم یغیبه اللّٰه فیرتد ون الی دین ابائهم الا من اتبع کتاب اللّٰه و سنت نبیه۔
>
> (جب ایک ہزار دوسو چالیس سال گذر جائیں گے تو اللہ تعالیٰ مہدی کو اٹھائے گا، بہت سی خلقت اس کے ہاتھ پر بیعت کرے گی، پھر اللہ اسے غائب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کر دے گا اور لوگ اپنے آبائی دین کی طرف لوٹ جائیں گے، سوائے ان کے جو اللہ کی کتاب اور اس کے نبی کی سنت کے پیرو ہوں) مگر یہ روایت حدیث کی کسی بھی کتاب میں نہیں، بلکہ جو ذخیرہ موضوعات کے نام سے علمائے کرام نے جمع فرمایا ہے، اس میں بھی یہ روایت نہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ سید صاحب کی شہادت کے بعد وضع کی گئی اور اس قسم کی بے سروپا حکایات سوانح احمدی میں بھی درج ہیں، مگر تقسیم ہند کے بعد مولوی صاحب مرکز چمرکنڈ سے اپنے وطن واپس تشریف لائے تو میرے روبرو آپ نے کئی بار سید صاحب کو شہید بتایا۔

گویا آخری دور میں ان کا عقیدہ بدل گیا تھا۔ میں اس مسئلے پر ''سید احمد شہید'' میں مفصل بحث کر چکا ہوں، اعادے کی ضرورت نہیں۔ سید صاحب کے زندہ اور غائب ہونے کا عقیدہ ہر نقطۂ نگاہ سے نا قابل قبول ہے۔

مولوی صاحب کی مراجعت

عام روایت یہ ہے کہ مولوی صاحب اواخر جولائی ۱۹۴۸ء میں یاغستان سے وطن واپس آئے اور انہیں گرفتار کر لیا گیا، لیکن جلد رہا ہو گئے۔ مجھے بعض ذرائع سے معلوم ہوا کہ وہ تقسیم سے پیشتر چھپ چھپا کر ہندوستان پہنچ گئے تھے۔ کچھ مدت بنگال میں رہے، جب دہلی میں تقسیم کی بحثیں ہو رہی تھیں تو مولانا ابوالکلام آزاد کے علاوہ بعض دوسرے اکابر سے بھی ملاقاتیں کرتے رہے۔ وہ جب تک یاغستان میں رہے، پکے کانگریسی تھے۔ ''نہرو رپورٹ'' کے بعد مسلمانوں میں کانگریس کے متعلق شدید بے اعتمادی پیدا ہو گئی تھی اور اکثر اکابر کانگریس کے مقابلے میں مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کو ہم رائے اور ہم آہنگ بنانے میں مصروف ہو گئے تھے۔ اس تحریک میں رئیس الاحرار مولانا محمد علی مرحوم اور مولانا شوکت علی مرحوم پیش پیش تھے۔ روزنامہ ''انقلاب'' اسلامی تنظیم کا علم دار بنا ہوا تھا، مولوی فضل الٰہی نے رمضان ۱۳۴۸ھ (جنوری ۱۹۳۰ء) میں ایک طویل

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مکتوب، جو فل اسکیپ سائز کے چار صفحات پر مشتمل تھا ''انقلاب'' کی وساطت سے مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی کو بھیجا تھا اور ایک مکتوب خود ''انقلاب'' کو لکھا تھا، ان میں انتہائی گرم جوشی سے کانگرس کے مسلک کی تائید اور ہمارے مسلک کی مخالفت کی گئی تھی۔ یہ دونوں مکتوب اب تک میرے پاس محفوظ ہیں، لیکن تقسیم ہند کے بعد وہ لاہور تشریف لائے تو کانگرس کے سخت مخالف اور لیگ کے سرگرم حامی بن چکے تھے۔

وفات

یہاں آ کر انہوں نے جہادِ کشمیر میں بھی حصہ لیا تھا، اور ''جہادِ کشمیر'' کے نام سے ایک کتاب شائع کی تھی، جماعتی حالات کے متعلق ان کے پاس بڑی بیش قیمت معلومات ہوں گی، میں نے بارہا عرض کیا کہ تھوڑی سی فرصت نکال کر ان معلومات سے مشرف فرمائیں، لیکن انہیں وقت نہ مل سکا۔ وہ خود میرے پاس آنے کے وعدے کرتے رہے، جنہیں مسلسل سفروں کے باعث پورا نہ کر سکے۔ انہوں نے ان لوگوں کے لئے مزروعہ زمین کے دو چک بھی مخصوص کرائے تھے جنہیں جماعت مجاہدین کی خدمات کے سلسلے میں گوناگوں تکلیفیں پہنچی تھیں۔ ۵ر مئی ۱۹۵۱ء کو وزیر آباد میں فوت ہوئے، وصیت کے مطابق انہیں بہ مقام بالاکوٹ اس احاطے میں دفن کیا گیا جس میں سید احمد شہید کی قبر بتائی جاتی ہے، حالانکہ سید صاحب کی قبر کا متعین نشان کوئی نہیں، موجودہ قبر کم وبیش باسٹھ سال بعد ۱۸۹۳ء میں بنائی گئی تھی۔ اگر سید صاحب اس قبر میں دفن ہوئے تو میت صرف دو تین دن وہاں رہی پھر نہنگ سکھوں نے اسے نکال کر دریائے کنہار میں بہا دیا۔

بہر حال مولوی صاحب مرحوم کی کسی رائے یا طریقِ عمل سے کسی کو کتنا ہی اختلاف ہو، وہ بڑے مخلص مجاہد اور نہایت سرگرم کارکن تھے۔ زندگی کے بیشتر اور بہترین اوقات ان مشاغل میں بسر کئے، جن کے اختیار کی توفیق ملت میں سے بہت کم آدمیوں کو نصیب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوئی اور ان بزرگوں کی عظمت کا اندازہ کون کر سکتا ہے جو اعلیٰ دینی اور سیاسی مقاصد کے لئے جانیں ہتھیلیوں پر رکھے پھرتے رہے اور جنہوں نے راحت و آسائش کی بہاریں چھوڑ کر عمریں مصیبتوں اور پریشانیوں کے شعلہ زار میں گزار دیں، اس لئے نہیں کہ خود انہیں کوئی اونچا منصب حاصل ہو جائے، صرف اس لئے کہ اسلام کا بول بالا ہو اور اس سرزمین کے سر پر آزادی کا تاج رکھا جائے۔ وہ جہاد کو ایک اہم اسلامی فرض سمجھ کر ادا کرتے رہے اور خدا کی رضا کے سوا ان کی کوئی غرض نہ تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چودھواں باب:

مولوی محمد علی قصوری

خاندان

مولوی محمد علی قصوری اس خاندان کے چشم و چراغ تھے، جس کے اکثر افراد نے دین، قوم اور ملک کی خدمت میں بہت بلند درجہ حاصل کیا۔ ان کا اصل وطن ضلع سیالکوٹ کا ایک گاؤں تھا، پھر مولوی محمد علی کے پردادا قاضی غلام حسین دلاور، ضلع گوجرانوالہ چلے آئے اور جس حد تک معلوم کر سکا ہوں ان کے فرزند ارجمند مولوی غلام احمد سب سے پہلے اہل حدیث ہوئے۔ ان کے تین فرزند تھے: مولانا عبد القادر، مولوی عبد الحق اور مولوی عبد اللہ۔ مولانا عبد القادر نے تعلیم سے فراغت کے بعد وکالت کا امتحان پاس کیا اور قصور کو پریکٹس کے لئے منتخب کیا۔ وہ غیر معمولی دل و دماغ کے انسان تھے، بہت جلد وکالت میں اتنا اونچا مرتبہ حاصل کر لیا کہ پنجاب کے مشہور و ممتاز وکلا میں شمار ہونے لگے۔ دولت کی ریل پیل شروع ہوگئی، بہت بڑی جائداد پیدا کی اور قصور ہی کو مستقل وطن بنا لیا۔ اس وجہ سے وہ خود اور خاندان کے تمام افراد "قصوری" مشہور ہوئے، وہ ان برگزیدہ انسانوں میں تھے، جن کی دینداری دنیوی وسائل کی فراوانی سے کبھی متاثر نہیں ہوتی۔ اپنی بود و ماند، وضع قطع، لباس ہمیشہ سادہ رکھا اور مال و زر دینی اور ملکی کاموں میں بے دریغ صرف کرتے رہے۔ مزید حالات آگے چل کر بیان ہوں گے۔

مولوی عبد الحق نے وکالت کے لئے گوجرانوالہ کو پسند کیا، مولوی عبد اللہ ابتداءً کابل میں ملازم رہے، بعد ازاں اسلامیہ ہائی اسکول کے ہیڈ ماسٹر بن گئے۔ پھر تبلیغ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اسلام کے لئے زندگی وقف کردی۔

مولانا عبدالقادر کے چار صاحبزادے ہوئے: بڑے مولوی محی الدین احمد، ان سے چھوٹے مولوی محمد علی جنکے حالات ہم لکھ رہے ہیں، ان سے چھوٹے مولوی احمد علی اور سب سے چھوٹے مولوی محمود علی جو آجکل ہائی کورٹ کے ممتاز بیرسٹروں میں شمار ہوتے ہیں۔

ابتدائی زندگی

مولوی محمد علی اگست ۱۸۹۱ء میں پیدا ہوئے، میٹرک تک قصور میں تعلیم پائی، گورنمنٹ کالج لاہور سے امتیازی درجے میں ڈگری حاصل کی، پھر والد ماجد نے اعلیٰ تعلیم اور بیرسٹری کیلئے ولایت بھیج دیا۔ کیمبرج سے ریاضیات کا امتحان اعزاز کے ساتھ پاس کیا۔ بیرسٹری کے لکچر بھی پورے کر لئے تھے، سند نہ حاصل کر سکے تھے کہ گھر آئے اور جنگ یورپ شروع ہوگئی اس لئے واپس نہ جا سکے۔

حافظہ غیر معمولی تھا اور اپنے عہد کے چند مخصوص طلبہ میں شمار ہوتے تھے۔ پہلی جنگ سے صرف ایک مہینہ پیشتر ہندوستان آئے تھے اور یقیناً انہیں بہتر سے بہتر سرکاری ملازمت مل سکتی تھی، لیکن قیامِ انگلستان ہی کے زمانے میں اپنی زندگی دینی، اسلامی اور ملکی کاموں کے لئے وقف کر چکے تھے۔ یہاں مختلف ملکی رہنماؤں سے مشوروں کے بعد طے کیا کہ افغانستان چلے جائیں، اس لئے کہ معلوم ہو چکا تھا برطانیہ اور روس مل کر ایران کی طرح افغانستان کو بھی زیر اثر لانے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ مولوی صاحب موصوف کا عزم یہ تھا کہ حکومتِ افغانستان کو اس خوفناک خطرے سے آگاہ کریں، اس کے سدباب کے لئے جو کچھ ممکن ہو عمل میں لائیں اور اہل افغانستان کو اسلامیت و آزادی کے مقاصد کے لئے منظم کرنے میں کوئی دقیقۂ سعی اٹھا نہ رکھیں۔ چنانچہ ان کے بیان کے مطابق ایک سرسری ''تحریک'' کے بعد امیر حبیب اللہ خاں نے انہیں حبیبیہ کالج کا پرنسپل مقرر کر دیا،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اور وہ مارچ ۱۹۱۵ء میں کابل چلے گئے۔(۱) یہ اس پیکرِ خدمت کا پہلا ایثار تھا، جس کا شرف اسے حاصل ہوا۔ اس کے ثواب میں ان کے والد ماجد اور دوسرے عزیزوں کا بھی حصہ ہے، جنہوں نے ان کی تعلیم پر ہزاروں روپے خرچ کرنے کے باوجود اس ایثار کو خوش دلی سے منظور کرلیا۔

کابل میں سرگرمیاں

افغانستان کی علمی ترقیات اور قومی تنظیمات کے متعلق انہوں نے اپنے ذہن میں جو خوشگوار تصورات قائم کر رکھے تھے، وہ کابل پہنچ جانے کے بعد سراسر غلط ثابت ہوئے۔ لیکن اہل حق مشکلات سے گھبرایا نہیں کرتے بلکہ صبر واستقلال سے پیش نظر کاموں میں منہمک ہوجاتے ہیں، منزل کی سنگلاخی اور راستے کی دشواری ان کی قوتِ رفتار پر کبھی اثر انداز نہیں ہوئی۔ مولوی محمد علی نے جلد سے جلد ایک موزوں نصاب تیار کیا اور انتہائی موانع کے باوجود اسے منظور کرا کے تعلیمی نظام کی درستی میں مصروف ہوگئے۔ ساتھ ساتھ سیاسی سرگرمیاں بھی جاری رکھیں، ان کا منصوبہ بظاہر یہ تھا کہ مختلف اصحاب کی امداد سے یاغستانی قبائل کو امیر حبیب اللہ خاں سے وابستہ کرکے اس اجتماعی قوت سے ہندوستان پر حملہ کرائیں، جیسا کہ پہلے عرض کیا جاچکا ہے، اس وقت ہندوستان میں فوج بہت کم تھی، حملہ ہوجاتا تو اس وسیع ملک کو آزاد کرالینے کے قوی امکانات موجود تھے۔ اس کام میں مولانا محمد بشیر سب سے بڑھ کر معاون ثابت ہوئے۔

پھر ترکی اور جرمن وفد افغانستان پہنچ گیا، جو امیر حبیب اللہ خاں کے لئے مزید تقویت کا باعث تھا، تاہم امیر موصوف تذبذب کی کشمکش سے نجات نہ پاسکا، آخر ایک پیر کے استخارے نے اس منصوبے کو ہمیشہ کیلئے ختم کردیا، یہ داستان اپنے موقعے پر تفصیل

(۱) مشاہداتِ کابل و یاغستان، ص:۱۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے سنائی جا چکی ہے۔

کابل سے یاغستان

پیر صاحب نے محض ہندوستان پر حملے ہی سے نہ روکا تھا، یہ بھی کہہ دیا تھا کہ محمد علی افغانستان کا دشمن ہے اور اسے فوراً نکال دینا چاہئے۔ ظاہر ہے کہ یہ سب کچھ انگریزوں کے ایماء کا کرشمہ تھا، امیر کے بھائی سردار نصر اللہ خاں اور نادر شاہ مرحوم نے جو اس زمانے میں سپہ سالار تھے، مولوی محمد علی کو نکالنے کی سخت مخالفت کی، اس لئے امیر حبیب اللہ خاں اپنے ارادے کو لباسِ عمل نہ پہنا سکا۔

تاہم خود مولوی صاحب تعطل و بے عملی کی زندگی بسر کرنے پر تیار نہ تھے، لہٰذا وہ افغانستان سے باہر جانے کی تجویزیں سوچنے لگے۔ اس میں ایک مصلحت یہ بھی تھی کہ انگریزوں کو اعتراض کی گنجائش نہ رہے۔ اس اثناء میں انہیں افغانستان کا وکیل بنا کر جرمنی بھیجنے کا فیصلہ کر لیا گیا، وہ ابھی تیاری ہی میں مصروف تھے کہ امیر کے بعض حواریوں کی خفیہ سازش سے ان کے مکان پر مسلح ڈاکہ ڈالا گیا۔ مدعا یہ تھا کہ مولوی صاحب کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے۔ وہ تو خوش قسمتی سے بچ گئے البتہ ان کا سامان اور تمام کاغذات ڈاکو اٹھا کر لے گئے۔ چند روز کے بعد امیر کے فرمان کے مطابق ایک سو آدمیوں نے ان کے مکان کا محاصرہ کر لیا، نادر شاہ مرحوم کی سعی سے ان کے لئے چھپ چھپا کر باہر نکلنے کا انتظام ہوا اور وہ اپنے ایک رفیق شیخ ابراہیم سندھی نیز بعض مہاجر طلبہ اور مولانا بشیر کی معیت میں کنڑ پہنچ گئے جہاں سید جمال الدین افغانی کے گھرانے کے ایک شخص سید عبدالقادر نے ان کا استقبال کیا۔ کنڑ ہی میں سوٹ بوٹ اتار کر ملاؤں کا لباس پہنا اور درمیانی پہاڑ کو عبور کر کے چرکنڈ چلے گئے۔ (۱)

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۳۹-۴۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

یاغستان میں کام

کابل سے وہ جون ۱۹۱۶ء میں نکلے تھے، گویا صرف سوا سال میں انہوں نے وہ تمام کام انجام دیے جن کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔ یاغستان اس غرض سے گئے تھے کہ قبائل کو منظم کر کے ہندوستان پر حملوں کیلئے تیار کر دیں۔ پھر امیر افغانستان کو ان کی تائید وحمایت میں اقدام کی دعوت دیں تاکہ جو منصوبہ پہلے ناکام ہو چکا تھا، اسے دوبارہ معرضِ نفاذ میں لائیں۔ پہلے امیر کو اٹھانے اور سرگرم عمل ہونے پر آمادہ کرنے کی کوشش کی گئی تھی اب یہ سوچا کہ قبائل کی عملی سرگرمیوں کے دلخواہ نتائج اس کے سامنے پیش کیے جائیں شاید اس کی رگِ غیرت کا منجمد خون حرکت میں آ جائے۔ چنانچہ مولوی صاحب حاجی صاحب ترنگ زئی اور ملا صاحب بابڑہ کے مراکز میں پہنچے، صوات، امب، چترال اور دوسرے خوانین وبرؤسا کے پاس قاصد بھیجے، مختلف اجتماعات میں پُرزور تقریریں کیں، سب کو جہاد کے لئے آمادہ ہو جانے کی دعوت دی۔ رزمک، پارا چنار، کوہاٹ درہ، تھل، پشاور وغیرہ کی سمت میں حملوں کا منصوبہ تیار کیا اور مولانا محمد بشیر کو امیر حبیب اللہ خاں کے پاس کابل بھیجا۔ خود فرماتے ہیں کہ اس اثنا میں ہم نے مشق کے طور پر ایک حملہ کرنے کا فیصلہ کر لیا، چنانچہ:

> میں اور حاجی صاحب ترنگ زئی، گنداب، شبقدر اور مچنی کے محاذ پر حملہ آور ہوئے، ملا صاحب بابڑہ اپنے محاذ پر ہمارے ساتھ کوئی تیس ہزار کا لشکر ہوگا، اسے مختلف ٹولیوں میں بانٹ کر ہم نے تمام درے پر قبضہ کر لیا اور انگریز کی پیش قدمی کی تمام راہیں روک دیں۔ ایک اگلے مورچے پر میں خود مع ایک سو تیس مجاہدین کے تھا، ہم سے کوئی دو سو گز پر انگریزی گورا فوج خندقیں کھود کر مورچوں میں بیٹھی ہوئی تھی۔ ان کے عقب میں شبقدر کا قلعہ تھا۔ گیارہ ہوائی جہاز ہمارے مورچوں پر پرواز کر کے لشکریوں کی نشاندہی کر رہے تھے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تا کہ قلعے کی آتش بار توپیں ہمارے مورچوں پر گولہ اندازی کریں۔ قلعے سے بہتر توپیں بہ یک دست صرف ہمارے مورچے پر گولے پھینکتی تھیں۔(۱)

یہ لڑائی تین دن اور تین رات تک جاری رہی۔ اس مدت میں کھانے کو کچھ نہ ملا، صرف پانی پی کر گزارا کیا۔ مولوی صاحب کے مورچے میں گیارہ مجاہدین شہید ہوئے، آخر انگریزی فوج پسپائی پر مجبور ہوئی۔ مجاہدین ان کی خندقوں پر پل پڑے، سیکڑوں بندوقیں اور لاکھوں کارتوس ان کے ہاتھ آئے۔(۲)

امیر حبیب اللہ کی بے ہمتی

تمام مجاہدانہ سرگرمیوں کی مثال ایک انگریزی اسلوب بیان کے مطابق شہزادے کے بغیر ہیملٹ کے ڈرامے کی تھی۔ اس قسم کے متفرق چھاپے یقیناً بہ کثرت مارے جاسکتے تھے، تزلزل کا تو ذکر ہی نہ کرنا چاہئے، منظم جنگ آزمائی امیر صاحب کی سرگرم اعانت پر موقوف تھی۔ افسوس کہ مولانا محمد بشیر کابل سے بالکل بے نیل مرام واپس آئے۔ انہوں نے بتایا کہ امیر حبیب اللہ علانیہ ملاقات پر بھی راضی نہ ہوا۔ رات کے بارہ بجے خواب گاہ میں بلایا اور سرسری بات چیت کے بعد واپس کر دیا۔ سردار نصر اللہ خاں نے مختلف طریقوں پر معذرت کی کوشش کی اور بارہ یا پندرہ ہزار روپے نیز اسلحہ دے کر رخصت کر دیا۔(۳)

مولانا عبید اللہ مرحوم کا خیال ہے کہ امیر حبیب اللہ خاں جو روپیہ قبائل پر خرچ کر رہے تھے، وہ بھی انگریزوں کا دیا ہوا تھا۔ جب انگریزوں نے دیکھا کہ یاغستانی قبائل کو چھاپوں کے لئے منظم کیا جا رہا ہے تو ان میں بہ زور یہ پروپیگنڈہ کرایا گیا کہ امیر

(۱) مشاہداتِ کابل و یاغستان، ص:۶۴

(۲) مشاہداتِ کابل و یاغستان، ص:۶۵

(۳) مشاہداتِ کابل و یاغستان، ص:۶۷

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے بغیر جہاد نہیں ہوسکتا اور قبائل کی امارت کا حق امیر افغانستان کو پہنچتا ہے۔ جب تک وہ اعلانِ جہاد نہ کرے قبائل کے لئے لڑنا از روئے شریعت درست نہیں۔ اس طرح امیر صاحب اور قبائل کو ایک رشتے میں مرتبط کر کے دونوں کو وابستہ تعطل کر دیا گیا۔ (۱)

آخری دور

مولوی محمد علی چرکنڈ سے نکلے تو صوات ہوتے ہوئے اسمست پہنچ گئے۔ وہاں بھی انہوں نے خاصی مدت گزاری۔ چونکہ امرائے جماعت کے حالات ان کے نزدیک اطمینان بخش نہ تھے اس لئے باقاعدہ جماعت سے وابستگی اختیار نہ کی۔ یعنی امیر کی بیعت کا حلقہ اپنی گردن میں نہ ڈالا۔ جب روس میں بالشویکوں نے زار کی حکومت کا تختہ الٹ دیا تو امید بندھی کہ روس جنگ سے کنارہ کش ہو جائے گا اور جرمن فوج فرانس میں اتحادی عساکر کا کچومر نکال کر رکھ دے گی۔ مولوی صاحب نے روس کے راستے جرمنی پہنچنے کی اسکیم تیار کر لی تو انتظامات مکمل ہونے کے انتظار میں سندھ کڑی کے علاقے کا دورہ کیا۔ اس اثنا میں جنگ کا پانسا پلٹنے لگا، جرمنی کی جنگی قوت میں اضمحلال کے آثار نمودار ہوئے۔ قبائل کے سرداروں نے سرحد کے چیف کمشنر سر جارج روس کیپل کے پاس جا کر مصالحت کیلئے سلسلۂ جنبانی شروع کر دی۔ مولوی صاحب نے یاغستان میں ''سلیمان'' نام اختیار کر لیا تھا اور وہ اسی نام سے مشہور تھے۔ روس کیپل نے خوانین و قبائل کے سامنے ایک تجویز پیش کی کہ مولوی ''سلیمان'' آ کر بالمشافہ بات چیت کر لیں۔

خوانین کے کہنے کے مطابق صاحبزادہ سر عبد القیوم کی طرف سے باقاعدہ دعوت نامہ بھی بھیج دیا گیا۔ چنانچہ مولوی محمد علی صاحب پشاور پہنچے۔ طویل گفتگو ہوئی۔ روس کیپل نے کہا کہ آپ واپس آ جائیں اور اطمینان سے اپنے گھر رہیں۔ چاہیں تو نہایت اعلیٰ

(۱) عبید اللہ سندھی کی ذاتی ڈائری، ص: ۱۲۵

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملازمت کا بندوبست ہوسکتا ہے، بلکہ فوری طور پر اسلامیہ کالج پشاور میں پرنسپل کا عہدہ پیش کر دیا تھا نیز کہا کہ اگر جماعت مجاہدین اور یاغستانی مہموں کے پورے حالات لکھ کر دیں تو میں خود یہ کتاب ایڈٹ کروں گا، حکومت کے خرچ سے اسے چھپواؤں گا اور آپ کو ایک لاکھ روپیہ رائلٹی کا ملے گا۔ مولوی صاحب نے اپنے اقربا اور مجاہدین کے مشورے سے واپسی منظور کر لی، باقی دونوں پیشکشیں مسترد کر دیں۔ (۱) واپسی کے وقت روس کیپل نے انہیں دوسو پونڈ کی تھیلی دی، انہوں نے یہ رقم ڈپٹی برکت علی کے حوالے کر دی، جو ایک مقدمے میں ماخوذ ہونے کے باعث سزا سے بچنے کے لئے یاغستان چلے گئے تھے۔ مولوی محمد علی کے لئے واپسی کا انتظام کر دیا تھا، مگر یہ طے ہوا تھا کہ وہ دو سال مانسہرہ میں رہیں اور اس اثناء میں ان کے فرزند ارجمند کو ہیڈ ماسٹر بنا کر مانسہرہ بھیج دیا گیا تھا۔

بقیہ زندگی

مولوی محمد علی نے مراجعت کے بعد بھی اپنے تمام سابقہ روابط بدستور قائم رکھے۔ ایک مرتبہ مولانا محمد بشیر اور ان کے بعض رفقاء نے طے کیا تھا کہ ہندوستان سے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو یاغستان بلا لیا جائے۔ مولوی محمد علی اس تحریک کو فروغ دینے کا بھی ایک بہت بڑا مرکز تھے۔ وہ بڑی سے بڑی ملازمت لے سکتے تھے، لیکن غور و مشورہ کے بعد انہوں نے تجارت کا شغل اختیار کیا۔ بمبئی اور مدراس میں کئی سال گزارے۔ یہ داستان بجائے خود بڑی اہم ہے، لیکن ہم یہاں اسے تفصیلاً پیش نہیں کر سکتے۔ اپنے بڑے بھائی مولوی محی الدین احمد اور عم محترم مولانا عبید اللہ کو جمعیت دعوت و تبلیغ کے کارفرما بنایا۔ ان کے اور جمعیت کے پورے مصارف اپنے ذمے لے لئے، چنانچہ یہ اصحاب سالہا سال ملیار،

(۱) مولانا عبید اللہ مرحوم نے لکھا ہے کہ مولوی صاحب صاحبزادہ عبدالقیوم کی معرفت کسی طرح معافی لے کر ہندوستان چلے گئے (کابل میں سات سال، ص:۴۷) یہ صحیح نہیں۔ حقیقت وہی ہے جو متن میں عرض کی گئی اور اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ مولوی محمد علی کی مجاہدانہ سرگرمیاں برابر جاری رہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پونہ اور دوسرے حصوں میں کام کرتے رہے۔ مولوی محمد علی کی طرف سے انہیں اور جمعیت کو دو ہزار ساٹھ روپیہ ماہانہ ملتے تھے۔ پندرہ سو روپے ایک اور صاحب دیتے تھے، تقسیم کے بعد مولوی صاحب نے نمک کی تجارت شروع کر دی تھی۔ آخری دور میں وہ ایک کارخانے سے وابستہ ہو گئے تھے، متعدد کتابیں چھاپیں، قیامِ لاہور کے زمانے میں قرآن مجید کا درس دیتے تھے۔ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں ان کے درس کو خاص درجۂ قبول حاصل تھا۔ تمام قومی اور مذہبی تحریکات میں پیش پیش رہے، خود کبھی کسی جماعت یا فرد کی طرف سے ایک جتّے کے بھی ممنون نہ ہوئے۔

۱۲ر جنوری ۱۹۵۶ء (مطابق ۲۷ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۵ھ) بروز پنجشنبہ صبح ساڑھے آٹھ بجے اچانک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پائی۔

شخصیت

مولوی صاحب کا قد اُن کے والد ماجد کی طرح متوسط تھا، رنگ اتنا گورا کہ انگریزی لباس پہن لیتے تو دیسی کے بجائے ولایتی معلوم ہوتے تھے۔ داڑھی مونچھوں کے بال بہت کم تھے، بایں ہمہ داڑھی ہمیشہ رکھی، اسلامی اخلاق و عادات کا ایک عجیب پیکر تھے۔ انگریزی، اردو، عربی اور فارسی کے یکساں ادیب مانے جاتے تھے، چاروں زبانوں میں بے تکلف لکھتے اور بولتے۔ مطالعے کا ہمیشہ شوق رہا، اور جو کچھ پڑھا حافظے میں پیوست ہو گیا۔ کسی مجلس میں بیٹھے بیٹھے دو چار منٹ کے لئے بھی اٹھنا پڑتا تو جب واپس آتے ''سلام علیکم'' کہہ کر بیٹھتے۔ دینی علوم سے خاص دلچسپی تھی، حدیث و تفسیر کی تقریباً تمام کتابیں دیکھ چکے تھے، حافظ ابن قیم کی تصانیف سے بہت شغف تھا۔

روپے پیسے سے کبھی محبت نہ ہوئی، مولانا عبید اللہ سندھی نے لکھا ہے کہ کابل میں ایک مرتبہ ڈاکٹر خوشی محمد کو جن کا اختیاری نام میرزا محمد علی تھا، روس بھیجنے کی ضرورت

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پڑی، روپیہ پاس نہ تھا، مولوی محمد علی سے اگر چہ سرسری تعارف تھا، لیکن جب اپنی تکلیف کا ذکر ہلکے الفاظ میں ان سے کیا تو بہت متاثر ہوئے اور دو ماہ کی تنخواہ پیشگی لے کر ہماری ضرورت پوری کر دی۔ (۱) روس کیپل نے انہیں دو سو پونڈ دیے تھے، یہ رقم انہوں نے بے توقف ڈپٹی برکت علی کی نذر کر دی۔ کابل سے روانگی کے وقت جو کچھ پاس تھا اس میں سے نصف انقلابی کام کے لئے دے دیا اور خود صرف تین پونڈ لے کر روانہ ہو گئے۔ یہ ہم بتا ہی چکے ہیں کہ لمبی مدت تک دو ہزار روپے ماہوار تبلیغ کیلئے دیتے تھے، ہزاروں روپے دوسرے ملّی کاموں کی نذر کئے۔ (۲)

(۱) کابل میں سات سال، ص:۶۵

(۲) مشاہدات کابل و یاغستان، ص:۳۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پندرہواں باب:

ایک گمنام مجاہد

یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی
ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

محمد حسین

آپ نے اب تک ان اصحاب کے حالات ملاحظہ فرمائے، جن کے ناموں سے دنیا ناآشنا نہ تھی۔ اگرچہ ان کے پورے حالات یا مجاہدانہ کارناموں سے آگاہ نہ ہو، لیکن اب ایک ایسے مجاہد کے حالات پیش کئے جاتے ہیں جس کا نام بھی کبھی منظر عام پر نہ آیا، حالانکہ وہ خلوص، سرگرمیٔ عمل، استقامت اور پیش نظر مقصد کے لئے جانفشانی میں مشہور مجاہدین کرام سے قطعاً فروتر نہ تھا۔ یہ محمد حسین تھا جس نے جماعت مجاہدین میں پہنچ کر محمد عمر نام اختیار کر لیا تھا۔

محمد حسین کا وطن کوٹ بھوانی داس (ضلع گوجرانوالہ) تھا، اس کا والد پیر محمد قوم اراعین، تھوڑی سی زمین کا مالک اور گاؤں کا نمبردار تھا۔ اور اس نے مولانا غلام رسول سکنہ قلعہ میہاں سنگھ سے فیض حاصل کیا تھا۔ کتاب وسنت کا پابند، زاہد اور عزلت پسند تھا۔ ۱۸۹۵ء میں ترکِ وطن کا خیال اس درجہ غالب ہوا کہ سب کچھ چھوڑ کر چلا گیا، پھر واپس نہ آیا، کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ باقی زندگی نام بدل کر جماعت مجاہدین میں گزاری یا کسی دوسری جگہ وفات پائی۔ قاضی کوٹ کے مقدمے میں چمرکنڈ کے ایک مجاہد عبدالصمد عرف

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پیر محمد کا ذکر آیا ہے، ممکن ہے یہ وہی پیر محمد ہو جس کا ذکر ہم کر رہے ہیں۔

محمد حسین کی پیدائش ۹۳-۱۸۹۲ء میں ہوئی، گویا والد کی ہجرت کے وقت اس کی عمر صرف دو تین برس کی ہوگی۔ اس سے بڑے دو بھائی تھے اور ایک بہن، ایک بہن اس سے چھوٹی تھی، جو والد کی ہجرت کے وقت شیر خوار بچی ہوگی۔

فیصلۂ ہجرت

۲-۱۹۰۱ء میں ضلع گوجرانوالہ اور آس پاس کے دیہاتی علاقے میں مولانا ولی محمد ساکن فتوحی والا، ضلع فیروز پور سید اکبر شاہ ساکن سکھانہ، ضلع سیالکوٹ کے دورے شروع ہوئے۔ یہ دونوں بزرگ نہایت متقی اور پرہیزگار تھے اور جماعت مجاہدین کے سرگرم مبلغ، بہت سادہ انداز میں وعظ فرماتے، تاہم وعظ ایسے پراثر ہوتے کہ جو سنتا اس کے قلب میں اسلامیت کی روح بیداری ہو جاتی، سیکڑوں اصحاب راہِ حق میں جانبازی کے لئے تیار ہو گئے۔ محمد حسین کی عمر اس وقت آٹھ نو سال کی ہوگی، لیکن کلمۂ حق کی پذیرائی، دل کی صفائی، جذبات کی پاکیزگی، اخلاق کی طہارت اور ذہن کی تنویر پر موقوف ہے، اس کے لئے یہ ضروری نہیں کہ انسان شہور وسنین کی خاصی منزلیں طے کر لے اور علوم کے دفاتر چاٹ لے۔ محمد حسین اوائل طفلی ہی سے متاثر ہوتا رہا۔ ۱۲-۱۹۱۱ء میں جب اس کی عمر اٹھارہ انیس سال کی تھی، وطن سے ہجرت کر کے جماعت مجاہدین میں شامل ہونے کا فیصلہ کر لیا، افرادِ خاندان میں سے چھوٹی ہمشیر کے سوا کوئی اس کا راز دار نہ تھا، اٹھارہ انیس سال کا سادہ دیہاتی نوجوان اتنا بڑا فیصلہ کرتا ہے اور سولہ سترہ سال کی ہمشیر اس کی مؤید و حامی ہے۔ اسی ہمشیر نے اپنا زیور زادِ راہ کیلئے نذر کیا، گویا وہ بھی اپنی زندگی بھائی کی طرح خدمتِ حق کیلئے وقف کر چکی تھی، البتہ عورت ذات ہونے کے باعث باہر نہ جا سکتی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جماعت کا کام

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے، اسمست پہنچنے کے بعد محمد حسین کا نام ''محمد عمر'' رکھا گیا اور اس کے ذمے یہ کام لگایا گیا کہ ڈاک لائے، لے جائے، نیز ہندوستان سے روپے اور آدمی مرکز میں پہنچاتا رہے۔ اس خدمت میں بعض دوسرے اصحاب بھی اس کے ساتھ شامل تھے، مثلاً خان محمد اور عبید اللہ جو ۱۹۲۱ء میں قاضی کوٹ کے مقدمہ بم کے ملزم تھے۔

یوں تو دار الجہاد میں جماعت کا کوئی کام بھی سہل نہ ہو سکتا تھا، اس لئے کہ ہر کام میں جان ہتھیلی پر رکھنی پڑتی تھی، لیکن قاصد کی خدمات انجام دینے کا مطلب یہ تھا کہ زندگی ہر لمحہ پریشانی اور سراسیمگی میں گذرے۔ ہر لحظہ راز افشا ہو جانے کا اضطراب، ہر وقت گرفتاری کا خطرہ، گرفتاری اور اسیری نظر بہ ظاہر جان دینے سے بڑی قربانی نہ تھی، تاہم جن خوش نصیبوں کے دل عشقِ مقاصد سے لبریز تھے انہیں گرفتاری موت سے بڑھ کر تکلیف دہ نظر آتی تھی۔ اول اس لئے کہ جماعت کے کام کو نقصان پہنچے گا، دوم اس لئے کہ ممکن ہے برطانوی خفیہ پولیس کے جلادوں کی باز پرس اور خوفناک اذیت رسائی میں کوئی ایسی بات زبان سے نکل جائے، جو عہد اخفا کے نقض کا باعث بن جائے۔ یا ممکن ہے اچانک جماعت کی کوئی تحریر دشمن کے قبضے میں چلی جائے اور اس سے اصل کام میں خلل پیدا ہو یا بعض اہم راز بے نقاب ہو جائیں۔ سوم اس لئے کہ زندگی کے جن اوقات کو ایک بلند نصب العین کے لئے وقف کیا تھا، اس سے طویل بے تعلقی پیدا ہو جائے گی اور خدا جانے کتنی مدت قید و بند کی بے چارگی میں گزارنی پڑے۔ یہ سب کچھ درست تھا، مگر کسی نہ کسی کو تو یہ کام انجام دینا ہی تھا اور جب محمد حسین کو اس فرض کے لئے منتخب کر لیا گیا تو اس کے لئے بساط کے مطابق بجا آوری کے سوا چارہ نہ تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شانِ عزیمت

محمد حسین کی شانِ عزیمت ملاحظہ ہو کہ رخصت ہوتے وقت چھوٹی ہمشیر کے سوا کسی کو خبر نہ کی، پھر چار سال تک ہمشیر کے سوا کسی سے ملاقات پر راضی نہ ہوا۔ اسے یہ ڈر لگا رہتا تھا کہ کہیں والدہ اور بھائی اسے ترکِ ہجرت پر مجبور نہ کر دیں۔ اتنے قریبی عزیزوں سے اس قسم کا انقطاع گوارا کر لینا کھیل نہیں۔ خدا جانے محمد حسین کے محبت پرور دل نے یہ منزل طے کرنے میں کتنی زحمت اٹھائی ہوگی لیکن عزیزوں کے حلقۂ خاص میں پہنچ کر ان کے پیہم اصرار و الحاح کا مقابلہ بہت مشکل تھا۔ اس اثناء میں اس نے اپنی ہمشیر سے خفیہ ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھا، ہمشیر نے آہستہ آہستہ والدہ اور بھائیوں کو راضی کر لیا کہ محمد حسین کو ترکِ ہجرت پر مجبور نہ کیا جائے۔ انہوں نے بھی یہ سمجھ کر اس واقعے کو بہ صبر و شکر گوارا کر لیا کہ ان کا عزیز ایک شرعی فریضے کی بجا آوری میں مشغول ہے۔ اگر خود اس میں سرگرم شرکت و تعاون کا مقامِ عزیمت حاصل نہیں کر سکتے تو کم از کم اسے روکنے کا گناہِ عظیم تو اپنے سر نہ لیں۔

اس کے بعد محمد حسین والدہ سے ملاقات پر راضی ہو گیا چنانچہ ایک سفر میں رات کے وقت ملاقات کی جگہ اور ساعت مقرر ہو گئی۔ خدا جانے کس ذریعے سے خفیہ پولیس کو بھی اس کی اطلاع مل گئی اور اس نے محمد حسین کی گرفتاری کے انتظامات مکمل کر لئے۔ دوسری طرف محمد حسین نے پولیس کی تگ و دو دیکھی تو اندازہ کر لیا کہ معاملہ خطرناک صورت اختیار کر چکا ہے، چنانچہ اپنے خاص ذرائع سے اس نے والدہ اور ہمشیر کو بھی اطلاع دے دی، پھر رات کا بڑا حصہ مقامات اور اوقاتِ ملاقات کے تغیر و تبدل ہی میں گذر گیا۔ انجام کار ایک غیر معروف راستے میں گھنٹے ڈیڑھ گھنٹے کی ملاقات کے بعد وہ پولیس کے چنگل سے بچتا ہوا، بخیریت نکل گیا۔ دیکھا آپ نے؟ یہ ایک نوجوان دیہاتی تھا جس کی تعلیم بھی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زیادہ نہ تھی، لیکن اس کے دل و دماغ کی بلندی، اس کی ہمت، عزیمت، دور اندیشی اور اندازہ شناسی ملاحظہ ہو کہ پولیس کی کوئی دام گستری اس کی سرگرمیوں پر انداز نہ ہو سکی۔

قاضی کوٹ کے مقدمے کی روئداد سے واضح ہوتا ہے کہ محمد حسین برابر یہاں آتا رہتا تھا۔ ایک مرتبہ مولوی فضل الٰہی کے یہاں آیا اور کہا کہ جو بم آپ کو پہنچائے گئے تھے انہیں استعمال کیوں نہیں کیا؟ اگر آپ کو استعمال میں تامل ہے تو مجھے دیجئے تاکہ میں استعمال کروں۔ مولوی فضل الٰہی نے جواب دیا کہ تمہاری معرفت میں یہ کام نہ کروں گا، کیونکہ اگر جماعت کا کوئی آدمی ایسا کام کرتا ہوا پکڑا جائے تو اسکی ذمہ داری مجھ پر ہوگی۔

گرفتاری اور اسیری

وہ آٹھ سال تک جماعت کی خدمات انجام دیتا رہا، اسمست کے بجائے وہ چمرکنڈ کے مرکز سے متعلق ہو گیا تھا۔ پشاور سے ضروری سامان کی خرید کا سارا کاروبار اسی کے حوالے کر دیا گیا تھا، اس لئے کہ وہ تمام خفیہ راستوں سے واقف تھا، اور اسے یہ بھی معلوم تھا کہ خطرے کے وقت بچاؤ کے لئے کیا کیا تدبیریں اختیار کرنی چاہئیں۔ یاد ہوگا کہ ۱۸۶۳ء میں روپے اور آدمیوں کی بہم رسانی کا سراغ لگانے کیلئے مردان کے ایک پٹھان نے اپنے بیٹے کو ملکا بھیج دیا تھا۔ ۱۹۲۰ء میں بھی حکومت نے اپنے ایک کارندے کو مجاہد کے بھیس میں چمرکنڈ روانہ کر دیا، جہاں وہ جماعت میں گھل مل گیا، اور بھید معلوم کرتا رہا۔ ایک مرتبہ محمد حسین اسباب خریدنے کیلئے پشاور آیا تو یہ انگریزی جاسوس بھی رکن جماعت کی حیثیت میں ساتھ آیا، اسباب خریدا جا چکا اور مراجعت کا وقت آیا تو بدبخت جاسوس نے محمد حسین سے کہا کہ ذرا ٹھہرو میں ایک آدمی سے مل آؤں۔ محمد حسین بہ اطمینان سامان کے پاس بیٹھا رہا، جاسوس نے پولیس کو خبر پہنچا دی، یوں اچانک گھیرا ڈال کر محمد حسین کو بے خبری میں گرفتار کر لیا گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

انہیں دنوں جا بجا بم گرے تھے، مثلاً ڈین ہوٹل پشاور میں، رسال پور چھاؤنی میں، ایک بم راولپنڈی میں پولیس کے ایک بڑے افسر کی کوٹھی پر گرا تھا۔ ان واقعات کو مجاہدین سے منسوب کر کے محمد حسین کو سات سال قید بامشقت کی سزا سنا دی گئی۔

مصیبت بالائے مصیبت

چونکہ محمد حسین کے پاس کوئی رقم نہ تھی اور نہ کوئی شخص اس کا شناسا تھا کہ دفاع کا خرچ برداشت کرنے کے لئے تیار ہوتا، غالباً مجاہدین کے سوا کسی کو اس واقعے کا علم بھی نہ تھا اور مجاہدین اپنے خاص حالات کی بناء پر کچھ کر نہ سکتے تھے، اس لئے عام قاعدے کے مطابق خیراتی فنڈ سے اپیل کی تجویز ہوئی۔ اس سلسلے میں ضروری تھا کہ محمد حسین کے متعلق نیک چلنی کی تصدیق گوجرانوالہ کی پولیس سے حاصل کی جاتی۔ چنانچہ کاغذات گوجرانوالہ بھیج دیے گئے، یہاں اس زمانے میں قاضی کوٹ کے بم کا مقدمہ چل رہا تھا اور پولیس کو محمد حسین عرف محمد عمر کی تلاش تھی۔ پہلی سزا کے خلاف اپیل کا معاملہ تو وہیں رُک گیا اور محمد حسین کو گوجرانوالہ لا کر قاضی کوٹ کے مقدمے میں چودہ سال قید بامشقت اور پانچ سو روپے جرمانے کی مزید سزا دے دی گئی۔ اس لئے کہ استغاثے اور سلطانی گواہ کے بیان کے مطابق جو تین آدمی بم، کارتوس وغیرہ چمرکنڈ سے لائے تھے، ان میں ایک محمد حسین عرف محمد عمر بھی تھا۔

ہمت و استقامت

اب محمد حسین کی پوری سزائے قید اکیس سال کی ہو گئی تھی اور پانچ سو روپے جرمانہ۔ اس وقت وہ زندگی کے اٹھائیسویں، انتیسویں مرحلے میں تھا اور مسلسل دس سال جماعت کی خدمت انجام دینے میں بسر کر چکا تھا، جن میں سے ہر خدمت عرفی کے اس مشہور شعر کی تصویر تھی:

www.BestUrduBooks.wordpress.com

غافل مرو کہ تا درِ بیت الحرام عشق
صد منزل است و منزلِ اول قیامت است

اس کے دل میں بھی راحت و آسایش اور فارغ البالی وکام جوئی کی وہ تمام آرزوئیں موجزن ہوں گی جو سلیم القویٰ جوانوں کے دلوں میں موجزن ہوتی ہیں۔ وہ امیر نہ سہی لیکن اتنا غریب بھی نہ تھا کہ اطمینان کی زندگی بسر نہ کرسکتا۔ پھر والدہ کے علاوہ چار ماں جائی ہستیوں کی آنکھیں اس کی راہِ محبت میں بچھنے کے لئے تیار تھیں، لیکن اس نے یہ چیزیں ایک بلند مقصد کے لئے قربان کردیں جو اس کے نزدیک شرعی فریضے کی حیثیت رکھتا تھا۔ ہر لحظہ خطرے، تگ ودو، جانبازی یا اسیری ودلگیری کی زندگی پسند کرلی، اور پوری مدتِ قید صبر واستقامت سے گزار دی۔

شیخ دین محمد صاحب نے جو مختلف عہدوں پر مامور رہنے کے بعد آج کل وزیر امورِ کشمیر ہیں۔ محمد حسین کے حالات سے متاثر ہوکر بلا معاوضہ اپیل دائر کی اور انتہائی دل سوزی سے کام کیا، تاہم نتیجہ صرف یہ نکلا کہ ہائی کورٹ نے دونوں سزائیں بیک وقت شروع کرنے کا حکم صادر کردیا، گویا مجموعی سزا بہ اعتبار حبس چودہ سال رہ گئی اور جرمانہ معاف ہوگیا۔

آخری دور

۱۹۲۳ء میں آخری فیصلہ ہوا تو اسے دور دراز کے جیل خانوں میں بھیج دیا گیا، یہاں تک کہ متعلقین کے لئے ملاقات کی بھی کوئی صورت نہ رہی۔ اس کا زیادہ تر وقت جبل پور (وسطِ ہند) کے جیل میں گذرا، چار پانچ سال کے بعد ایک کارڈ آیا کہ جبل پور میں ہوں اور بخیریت ہوں، دس سال میں ایسے کل تین چار خط آئے۔

۳۱-۱۹۳۰ء میں اس کی بائیں ران میں درد شروع ہوا اور ہڈی کا ناسور ہوگیا۔ ڈاکٹر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے علاج سے کچھ فائدہ نہ ہوا۔ دس سال میں قواعد جیل کے مطابق دو سال کی رعایت مل چکی تھی، یوں چودہ سال میں سے صرف دو سال کی قید باقی تھی کہ مئی ۱۹۳۳ء میں حکومت نے پولیس کے زیر نگرانی اسے گوجرانوالہ بھیج دیا۔ وہاں سے اسے حسب ہدایت کوٹ بھوانی داس پہنچا دیا گیا۔ گویا حکومت کو یقین ہو چکا تھا کہ اب وہ تندرست نہ ہوگا اور ناسور اس کی جان لے کر رہے گا۔ بے دردی ملاحظہ ہو کہ اس حالت میں بھی ایک پابندی یہ لگائی گئی کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس سے تحریری اجازت لئے بغیر گاؤں سے باہر نہ جائے، دوسری یہ کہ ہر ہفتہ قلعہ دیدار سنگھ میں حاضری کی رپورٹ دیا کرے۔

اگرچہ اس غریب کے لئے چلنا پھرنا سخت دوبھر تھا تاہم وہ صابرانہ ان احکام کی تعمیل کرتا رہا، کچھ مدت بعد ناسور پھٹ گیا اور نقل وحرکت بالکل ممکن نہ رہی۔ اس وقت حکم ہوا کہ چوکیدار اور نمبردار گاؤں میں محمد حسین کی موجودگی کی رپورٹ باقاعدہ دیتے رہیں۔ اواخر ستمبر ۱۹۳۳ء میں یعنی رہائی سے صرف چار ماہ بعد اس کی بوڑھی والدہ نے وفات پائی، صرف دو روز بعد مجاہد محمد حسین بھی راہ گرائے عالم بقا ہوا، پولیس کو اطلاع دی گئی، سب انسپکٹر پولیس نے موقع پر آ کر محمد حسین کی موت کی تصدیق کی، اس کے بعد اس مرحوم و مغفور کی نعش کو آغوشِ قبر میں سلایا گیا۔

جیل خانے کے زمانے کی بابت تو کچھ نہیں کہا جا سکتا، لیکن زندگی کے جو آخری چار مہینے اس نے اقربا میں گزارے، دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ بیماری کے باوجود اس کا دل ایک لمحے کے لئے بھی چمرکنڈ اور اسمست کے خیال سے غافل نہ ہوا۔ گویا انتہائی آرزو یہ تھی کہ جس طور بھی ممکن ہو وہاں پہنچ جائے کہ شاید اس حالت میں بھی کوئی خدمت انجام دے سکے۔ (۱)

(۱) یہ تمام حالات قاضی عبدالرحیم صاحب ساکن قاضی کوٹ نے لکھ کر بھیجے، جن کے لئے میں ان کا اور مولانا محمد اسماعیل ناظم اعلیٰ جماعت اہل حدیث کا ممنون ہوں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

شہیدوں کی یاد

کیا کہا جا سکتا ہے کہ ایسے کتنے بہادر و جانباز جوان تھے جنہوں نے اپنی بیش قیمت زندگیاں اسلامیت و آزادی کیلئے اس جہاد آرائی کی نذر کیں، جس کی علم داری کا شرف ایک صدی تک جماعت مجاہدین کو حاصل رہا۔ آج جو لوگ حصولِ آزادی پر فخر و مسرت کے نعروں سے فضا کو ہنگامہ زار بنا دینے کے آرزومند ہیں، کیا انہیں کبھی خیال آیا ہے کہ ان جوانمردوں کی یاد بھی تازہ کریں؟ ایک ایرانی شاعر نے اپنے وطن کے شہیدانِ حریت کی یاد تازہ رکھنے کے لئے جن روح افروز جذبات کو نظم کا لباس پہنایا تھا، وہ ملک کے کامگارانِ آزادی کے لئے ایک زندہ و پائندہ درسِ عبرت و تنبیہ ہیں:


اے مرغِ سحر چو ایں شبِ تار — بگزاشت ز سر سیاہ کاری
و ز نغمہ روح بخش اسحار — رفت از سر خفتگاں خماری
بکشود گرہ ز زلفِ زر تار — محبوبۂ نیلگوں عماری
یزداں بہ کمال شد نمودار — و اہریمنِ زشت خو حصاری

یاد آر ز شمع مردہ یاد آر

یعنی جب غلامی اور محکومی کی شبِ تاریک ختم ہو جائے، صبح کے روح افروز نغمے سونے والوں کی آنکھوں سے نیند کا خمار زائل کر دیں، آزادی کا سورج اپنی سنہری زلفوں کی گرہیں کھول دے، خدا کی رحمت ہر طرف اوجِ کمال پر نمودار ہو جائے اور شیطان کو اس کے تمام شر انگیز ہتھکنڈوں کے ساتھ قید و بند میں ڈال دیا جائے تو ان شمعوں کی یاد فراموش نہ ہونی چاہئے جو جل جل کر رات کی تاریکی میں روشنی کا سامان بہم پہنچاتی رہیں اور اسی جانفشانی میں بجھ کر رہ گئیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

برِصغیر ہند میں تحریک احیائے دین اور سرفروشانہ جدوجہد کی مکمل سرگذشت



حصہ ہفتم

اندرونِ ملک (آخری دور)

.....

www.BestUrduBooks.wordpress.com

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پہلا باب:

جماعت کی اعانت اور طریقِ کار

اسلامی حمیت کا بے پناہ سمندر

ہم بتا چکے ہیں کہ ابتدا ہی سے ملک کے اندر دعوت و تبلیغ نیز جمع مال و فراہمیٔ مجاہدین کا ایک نہایت وسیع اور مستحکم نظام قائم ہو گیا تھا جس میں سرگرمی سے کام ہوتا تھا، یہاں سے مجاہدین کی بڑی جماعت سرحد پہنچی ہو یا نہ پہنچی ہو لیکن روپیہ خاصی مقدار میں پہنچ جاتا تھا، ہر صوبے میں سیکڑوں افراد چپ چاپ اس کام میں مصروف تھے، اور ان سب کے متعلق خاص ذمہ دار اصحاب کے سوا کسی کو علم نہ تھا۔

جنگِ امبیلہ کے بعد حکومت نے اس نظام کو درہم برہم کر ڈالنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی، پے در پے مختلف کارکنوں اور کارفرماؤں پر مقدمے چلائے گئے اور عموماً ملزمین کو ضبطیٔ جائداد نیز حبس دوام بہ عبور دریائے شور کی سزائیں دی گئیں، مقصود یہ تھا کہ ان سزاؤں سے تمام لوگوں کے دلوں میں دہشت بیٹھ جائے اور آئندہ کوئی بھی بآسانی کاروبارِ اعانت میں حصہ لینے کے تیار نہ ہو سکے۔

کم و بیش آٹھ دس سال کی سختیوں اور تشدد آرائیوں کے بعد حکومت کو یقین ہو گیا تھا کہ اب ملک کی داخلی تحریک اعانت میں کوئی روح باقی نہیں رہی، لہٰذا اس کی روش بھی بدل گئی اور مزید آٹھ دس سال گذر جانے کے بعد انڈیمان کے وہ قیدی بھی رہا کر دیے گئے جن کے سفینہ ہائے حیات امواجِ تشدد کے تھپیڑے کھانے کے باوجود سلامت رہے تھے، تاہم اصل نظام بدستور قائم رہا اور اعانتی کاروبار میں کوئی خلل پیدا نہ ہوا۔ بانیانِ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تحریک کے خلوص وحسن نیت کے اس اعجاز سے کون انکار کرسکتا ہے کہ جب حکومت بزعم خود تمام ممتاز کارفرماؤں اور کارکنوں کو دارو گیر کی زنجیروں میں جکڑ چکی تھی تو خود بخود نئے افراد بروئے کار آتے رہے، اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ سید احمد شہیدؒ نے اسلامیت اور آزادی کی جو حرارت وحمیت قلوب وارواح میں پیدا کردی تھی وہ کتنی استوار و پائدار تھی، اور اس کا دائرہ کس درجہ وسیع وہمہ گیر تھا۔

کارکنوں کے لشکر

میں نے ہر چند کوشش کی کہ اس نظام کے تمام کارکنوں کی سرگزشت ہائے حیات معلوم ہوسکیں یا نہ ہوسکیں، لیکن ممتاز افراد کے پورے کام کی کیفیت تو سامنے آجانی چاہئے، لیکن دس بیس اصحاب کے سوا کسی کے بارے میں کچھ پتا نہ چل سکا اور ان کے متعلق بھی زیادہ سے زیادہ یہ بتایا گیا کہ وہ اس نظام سے وابستہ تھے، مثلاً بہار میں مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی، مولانا عبداللہ غازی پوری، پنجاب میں مولانا عبدالقادر قصوری، مولوی ولی محمد فتوحی والا، مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی، حافظ محمد صدیق، رتلام اور بمبئی میں حافظ عبدالغفور، مدراس میں کاکا عمر صاحب، دہلی میں پنجابی اہل حدیث، کلکتہ میں کپڑے اور لوہے کے اہل حدیث تاجر۔ (۱)

گویا آخری دور میں اعانتِ مجاہدین کا اکثر و بیشتر کام زیادہ تر اہل حدیث حضرات ہی نے انجام دیا، اس جماعت کے افراد کی ایک امتیازی خصوصیت یہ تھی کہ یہ ملازمتیں پسند نہ کرتے تھے اور اکثر تجارتی مشاغل میں مصروف رہتے تھے، یا کوئی صنعتی کارخانہ قائم کرلیتے تھے، زکوٰۃ پابندی سے نکالتے اور یہ روپیہ عموماً مجاہدین کی نذر کردیتے، اس کے علاوہ صدقات کی رقمیں بھی اسی مد میں دے دیتے، موقع پاتے تو کاروبار میں نفع کا اندازہ

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۱۱۹ و ۱۲۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کرتے ہوئے عطیات میں بھی کوتاہی نہ کرتے۔ مجاہدین کی اعانت کے علاوہ ان کا روپیہ اصلاحِ عقائد کی مفید کتابیں شائع کرنے میں صرف ہوتا، مثلاً ''تقویۃ الایمان'' یا بعض دوسرے رسائل وکتب۔

بعض ایسی ہستیاں بھی اس کام میں سرگرمی سے شریک رہیں جن کے متعلق کسی کو خیال بھی نہ ہوسکتا تھا کہ انہیں ایسے مشاغل سے کوئی دلچسپی ہوسکتی ہے، مثلاً مولوی عبدالحق مرحوم مالک رفاہِ عام پریس، جنہوں نے غالباً ۱۹۲۴ء میں ''مسلم آوٹ لک'' نکالا تھا، وہ لاہور میں جماعت مجاہدین کے اعانتی کام کا ایک ممتاز مرکز تھے۔ جس حد تک مجھے علم ہے وہ زندگی کی آخری ساعت تک یہ کام انجام دیتے رہے، اگرچہ اس میں ان کے لئے بڑے خطرے تھے، اور ایک مرتبہ وہ گرفتار بھی ہو چکے تھے۔

ان کے علاوہ ڈاکٹر عبدالقوی لقمان کے والد ماجد مولانا محمد احمد جو عام طور پر صوفی احمد مشہور تھے، مولانا احمد علی ناظم انجمن خدام الدین، خواجہ عبدالحئی، مولانا عبدالقادر قصوری مرحوم کا پورا خاندان، وغیرہ سب شریک تھے۔ گوجرانوالہ، وزیرآباد اور سیالکوٹ کے بہت سے اصحاب مثلاً قاضی عبدالرؤف اور قاضی عبیداللہ (قاضی کوٹ)، حافظ عنایت اللہ اثری، مستری ابراہیم حافظ آبادی، سید اکبر شاہ ملکانہ (ضلع سیالکوٹ)۔ ان میں سے بعض اصحاب اور متعدد دوسرے اشخاص کے مختصر سے حالات آئندہ ابواب میں جابجا بیان ہوں گے، پیش نظر باب میں صرف ان حضرات کے طریق کار کی نسبت کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جمع زر کا نظام

قاضی عبدالرحیم صاحب ساکن قاضی کوٹ (ضلع گوجرانوالہ) خود اس خاندان کے ایک جلیل القدر فرد ہیں جو تحریک مجاہدین سے وابستہ رہا اور اس سلسلے میں قید و بند کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مشقتیں برداشت کیں، وہ فرماتے ہیں:

مجاہدین کیلئے مالیات کے انتظام کی یہ صورت تھی کہ بنگال، ہندوستان (یوپی اور بہار) پنجاب وغیرہ تمام علاقوں سے جماعت کے افراد زکوٰۃ اور عشر باقاعدہ جمع کر کے مرکز (اسمست و چمرکنڈ) کو بھیج دیتے اور بلا اجازت مرکز اس میں سے ایک پائی بھی خرچ کرنا گناہ سمجھتے تھے۔ صدقاتِ فطر باقاعدہ جمع کر کے مقامی فقراء و مساکین پر خرچ کئے جاتے، اگر ان میں سے کچھ بچ جاتا تو مرکز کو بھیج دیا جاتا، بعض دفعہ بوقت ضرورت صدقاتِ تطوع بھی وصول کئے جاتے، چنانچہ ایک دفعہ اسی قسم کے چندے میں صرف قاضی کوٹ سے تین سو روپیہ فراہم کر کے بھیجا گیا، اس قسم کی رقمیں دوسرے تمام علاقوں سے بھی فراہم کی گئیں، ان کی صحیح مقدار اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ (۱)

اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جمع زر کا بڑا ذریعہ صرف زکوٰۃ، عشر اور صدقات کی تنظیم سے پیدا کر لیا گیا تھا، البتہ ضرورت کے وقت تمام اصحاب مزید رقمیں پیش کر دیتے تھے، قاضی کوٹ صرف ایک موضع تھا، جب وہاں سے ایک مرتبہ تین سو روپے فراہم ہو گئے تو باقی دیہات و مقامات کے چندے ملا کر یقیناً بہت بڑی رقم جمع ہو گئی ہوگی، بنگال و بہار میں ابتدا سے یہ طریقہ رائج تھا کہ روزانہ کھانا پکاتے وقت مستورات ایک مٹھی چاول ایک مٹکے میں ڈالتی جاتیں اور ہفتے یا مہینے کے بعد جنس یکجا جمع کر کے فروخت کر دی جاتی۔

قاضی کوٹ کے مقدمہ بم (۱۹۲۱ء) کے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ ایک مرتبہ پانچ ہزار روپے چمرکنڈ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا، چار ہزار روپیہ حافظ رتلام سے لے آئے تھے، ایک ہزار مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی نے فراہم شدہ رقوم میں سے دیدیا اور یہ رقم صرف ایک مرکز سے ایک مرتبہ گئی، دوسرے مراکز کی رقموں کا کچھ حال معلوم نہ ہو سکا۔

(۱) قاضی عبدالرحیم کا ایک مکتوب۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی ولی محمد نے اس مقدمے میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ تنہا میں ہر سال تین سو کے اندر رقم بھیجتا تھا، ایک مرتبہ ایک ہزار عام چندہ ہوا، تین ہزار جلال الدین ڈوگر ساکن بوڑے والے نے دیے، یوں چار ہزار چندہ بھیجا گیا۔ ۱۹۱۵ء میں اپنے اسمست جانے سے پیشتر چار ہی ہزار کی رقم مولوی فضل الٰہی کی وساطت سے بھیجی تھی۔ (۱)

ایک اور بیان مظہر ہے کہ قاضی عطاءاللہ ساکن سانگلا اور ابراہیم ساکن ضلع فیروز پور آئے اور ڈیڑھ ہزار روپے چندے کے مولوی فضل الٰہی کے مکان پر دے گئے، یہ دونوں صاحب مولوی ولی محمد کے مرید تھے۔ (۲)

روپے کی مصارف

یقیناً پورے ملک کے تمام حصوں سے روپیہ خاصی مقدار میں جاتا تھا، قاضی عبدالرحیم فرماتے ہیں:

> جو روپیہ مرکز کو بھیجا جاتا تھا وہ مرکزی جماعت کے افراد کی ضروریات سے بہت زیادہ ہوا کرتا تھا، لیکن ماحول اور سیاسی مصالح کے مدنظر اس کا بیشتر حصہ سرحدی قبائل پر صرف ہوتا تھا۔ جماعت کے مصارف میں اس کا بہت تھوڑا حصہ ہوا کرتا تھا، یہ سب کچھ مرکزی جماعت کے افراد اور اصحابِ حل وعقد کے مشورے سے ہوا کرتا تھا، اس لئے افرادِ مرکز یا عوام جماعت کو اس سے کوئی شکایت پیدا نہ ہوتی تھی اور مجاہدین مرکز تمام تکالیف خندہ پیشانی سے گوارا کر لیتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ سرحد میں جماعتِ مجاہدین کو بہت زیادہ اثر ورسوخ حاصل تھا اور قبائل بوقت ضرورت مجاہدین سے پیشتر ہی میدانِ جہاد میں کود پڑتے تھے۔ (۳)

---

(۱) روداد مقدمہ قاضی کوٹ (۲) روداد مقدمہ قاضی کوٹ

(۳) قاضی عبدالرحیم کا مکتوب۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اگر میرا اندازہ غلط نہیں تو امیر عبدالکریم مرحوم کے عہد تک یہی حالت تھی، جماعت کے مشورے اور اتفاق سے روپے کا ایک حصہ گرد و پیش کے قبائل کی نذر کیا جاتا تھا اور جماعت کی ضرورت کے لئے صرف اتنی رقم رکھی جاتی جس میں معمولی خورد ونوش اور پوشش کا انتظام ہوسکتا، البتہ اسلحہ کی خرید لوازم میں داخل تھی اور ان پر رقم خرچ کئے بغیر چارہ نہ تھا۔

دیانت وامانت

روپیہ فراہم کرنا بلاشبہ بڑی محنت، مشقت، تنظیم اور سرگرمیٔ عمل کا طلب گار تھا، لیکن اس سے بدرجہا زیادہ قابل ذکر اور مستحق صد ستایش امر یہ تھا کہ روپیہ مرکز تک پہنچانے والے تمام افراد مولوی محمد علی قصوری کے قول کے مطابق دیانت وامانت میں اپنی مثل آپ تھے۔ بعض اوقات ایسا ہوتا کہ جماعت کے قاصد روپیہ لینے کے لئے آجاتے، بعض اوقات مرکزوں سے مختلف لوگوں کو اسمست یا چرکنڈ بھیج دیا جاتا۔ چھوٹے مرکزوں سے جو لوگ رقمیں لے کر بڑے مرکزوں میں پہنچاتے وہ اصل رقموں میں سے ایک دمڑی بھی خرچ نہ کرتے، کم وبیش ایک سو سال تک یہ نظام قائم رہا لیکن پورے وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ بنگال وبمبئی کے دور افتادہ مراکز سے یاغستان تک کبھی ایک حبہ بھی ضائع نہ ہوا، اور نہ کسی کے تصرف میں آیا۔

میں اس سلسلے کی صرف ایک مثال پیش کرنے پر اکتفا کروں گا، حافظ عنایت اللہ اثری وزیر آبادی جو آج کل جامع اہل حدیث گجرات میں خطیب ہیں، اکتوبر ۱۹۱۵ء میں ایک رقم اسمست پہنچانے پر مامور ہوئے تھے جو اشرفیوں کی شکل میں دو اڑھائی سیر سے کم نہ تھی، یعنی کم وبیش چار ہزار، آمد ورفت میں جو خرچ ہوا حافظ صاحب نے اپنے پاس سے خرچ کیا، یہ رقم پہنچا کر وہ اواخر دسمبر میں واپس ہوئے تو ان کے پاس صرف اتنے پیسے تھے کہ ہری پور سے جہلم تک کا ٹکٹ خرید سکیں، جہلم پہنچ کر ایک درزی کی دوکان پر چار روز

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کام کیا، جب وزیر آباد تک کے ٹکٹ کی رقم فراہم ہوگئی تو باقی سفر طے کیا۔ کیا جماعتی رقوم میں دیانت و امانت کی ایسی کوئی مثال ہمارے عہد کی بڑی بڑی سیاسی انجمنوں اور جمعیتوں میں بھی مل سکتی ہے؟ حافظ صاحب اگر مرکز سے واپسی کا خرچ لے لیتے تو یہ ہرگز غیر مناسب نہ سمجھا جاتا، مگر انہوں نے ایک دمڑی بھی نہ لی، یہ غیر معمولی دیانت و امانت اس امر کا نتیجہ تھی کہ مجاہدین کی پوری تحریک اصل دین پر منظم ہوئی تھی اور اسی بنیادی مذہبی حیثیت نے اس میں وہ روح پیدا کر دی تھی جس کی کوئی نظیر ہمارے عہد کی کسی دوسری تنظیم میں نہیں مل سکتی۔

راز داری

جو لوگ اسمست و چرکنڈ اور مراکز وطن کے درمیان آمد و رفت پر مامور ہوتے، وہ چونکہ اکثر اہل حدیث ہوتے لہٰذا انہیں تاکید کر دی جاتی کہ راستے میں نماز پڑھتے وقت سینے پر ہاتھ نہ باندھیں، رفع یدین اور رفع سبابہ نہ کریں، آمین بلند آواز سے نہ کہیں۔ وہ کسی مخلص دوست یا رفیق پر بھی اپنا راز ظاہر نہ کرتے تھے۔ (۱) طویل تجربے کے بعد کسی کی پختہ کاری کا یقین ہو جاتا تو اسے صرف وہ باتیں بتائی جاتیں جن کا اظہار ناگزیر ہوتا۔

یہ لوگ عموماً رات کو سفر کرتے، دن کے وقت محفوظ مقامات پر اقامت اختیار کر لیتے، آنے جانے والے افراد کا علم ہندوستان کے مختلف مرکزوں کی جماعتوں کے صرف امیروں کو ہوتا، عوام کی نظروں میں ان کی کیفیت عام درویشوں یا طلبہ سے زیادہ نہ ہوتی، بلکہ بعض مقامات پر وہ سادھوؤں کا بھیس اختیار کر لیتے۔ جس علاقے میں سے گذرنا ہوتا، اسی کا لباس اور طریق کلام و معاشرت اختیار کر لیتے، یا یہ ظاہر کرتے کہ وہ بولنے سے معذور ہیں۔ (۲) یہ سب تدبیریں صرف راز داری اور اخفاء کی غرض سے ضروری سمجھی گئی تھیں۔

---

(۱) حافظ عنایت اللہ کا مکتوب۔ (۲) قاضی عبدالرحیم کا مکتوب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قاصد

مولوی محمد علی قصوری کے بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ جماعت مجاہدین میں قاصدوں کی خدمات انجام دینے کے لئے جن اصحاب کو منتخب کیا جاتا تھا وہ ایسے اوصاف کے مالک ہوتے تھے جیسے ہر شخص میں جمع نہیں ہو سکتے۔ مولوی صاحب لکھتے ہیں کہ قاصد نہایت ہوشیار، زیرک اور معتمد علیہ آدمی ہوتے تھے، وہ بہروپ بھرنے میں استاد اور اپنا حلیہ بدلنے میں مشاق ہوتے تھے۔ خفیہ پولیس اور اسپیشل پولیس کے آدمی ہر وقت ان کے تعاقب میں رہتے تھے، لیکن جماعت مجاہدین کے قاصد انہیں چکمہ دیتے اور ان کے چنگل سے بچتے ہوئے روپیہ اور پیغامات اسمست تک پہنچانے میں شراک ہومز کے افسانوں کی یاد تازہ کر دیتے تھے۔ یہ لوگ عموماً ہری پور سے ہزارہ کے دوسرے مقامات یا پشاور سے حکومت ہند کی سرحد میں داخل ہوتے اور پنجاب، دہلی، یوپی، بہار، کلکتہ، سی پی، رتلام، بمبئی، منگلور اور مدراس تک کے چکر لگا کر مختلف مراکز میں جمع شدہ رقمیں یا جماعت کے لئے نئے رنگروٹ ساتھ لے آتے تھے۔ جماعت کے کسی فرد کو کبھی معلوم نہ ہو سکا کہ کتنے اصحاب قاصدی کی خدمات انجام دیتے ہیں۔

یہ عجیب وغریب طریق پر بھیس بدلتے تھے، کبھی یورپین لباس پہن لیتے، کبھی کالج کے طالب علم بن جاتے، کبھی سرحد کے رئیس زادوں کی سی پوشاک زیب بر کر لیتے اور سر ہتھیلی پر رکھ کر کام کرتے۔ ہندوستانی مراکز ان لوگوں کی جانبازی اور اعلیٰ سیرت سے بے حد متاثر ہوتے۔(۱)

مولوی صاحب نے فرمایا کہ وہ حد درجہ امین اور بے غرض ہونے کے باوجود ''جماعت کے لئے حیرت انگیز جھوٹا پروپیگنڈہ کرتے تھے۔''(۲) موصوف نے اس کی تفصیل نہیں بتائی لیکن یہ غالباً اسی دور کا ذکر ہے جب مرکز کی حالت پہلے کی سی نہ رہی تھی، تاہم ظاہر ہے کہ کسی امیر یا اس کے مشیرانِ خاص کی حیثیت بدل جانے سے

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۱۲۰-۱۲۱ (۲) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۱۲۰-۱۲۱

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جماعت کے مقصد و نصب العین پر کوئی اثر نہ پڑ سکتا تھا، اور مخلص کارکنوں کا اولین فرض یہی تھا کہ جماعت کے نظامِ اعانت کو بگڑنے سے بچائے رکھیں اور سمجھیں کہ زود یا بہ دیر حالت ضروری پلٹے گی۔ بعض وقتی خرابیوں کی بناء پر کسی جمعیت کو بگاڑ لینا سہل ہے لیکن اس کی جگہ نئی ہیئت قائم کرنا اور اسے مقبول بنانا سہل نہیں۔

عبدالقادر

انہیں قاصدوں میں محمد حسین بھی شامل تھا، جس کا ذکر ہم ''گمنام مجاہد'' کے زیرِ عنوان کر چکے ہیں۔ ان میں متعدد دوسرے اصحاب بھی شامل تھے، جو بم، کارتوس، بندوقیں اور ریوالور یہاں پہنچاتے رہے۔ مولوی محمد علی نے اس سلسلے میں عبدالقادر، عبداللہ اور عبدالرحمٰن کا ذکر بطور خاص کیا ہے۔ عبدالقادر کے متعلق لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ وہ ہندوستان کا چکر کاٹ کر ہری پور کے راستے اسمست جا رہا تھا، دربند پہنچا تو گورے سپاہیوں نے اسے گرفتار کر لیا، اس نے اپنے کوٹ کے اندر بہت سی رقم نوٹوں کی شکل میں سلوا رکھی تھی اور ہندوستان کے بعض بڑے بڑے لیڈروں کے خطوط بھی تھے۔ گوروں نے کوٹ اتروا کر رکھ لیا اور عبدالقادر کو حوالات میں بند کر دیا، اگر وہ کوٹ کی سلائی ادھڑوا کر دیکھ لیتے تو روپیہ بھی مل جاتا اور خطوط بھی۔

مولوی صاحب اس وقت اسمست میں تھے، وہاں عصر کے وقت عبدالقادر کی گرفتاری کی اطلاع ملی، سب کو صدمہ ہوا، مولوی صاحب نے افطار کے وقت گڑگڑا کر بارگاہِ باری تعالیٰ میں عبدالقادر کی رہائی کے لئے دعاء کی۔ رات کو خواب میں بھی دیکھا کہ عبدالقادر رہا ہو گیا، وہ واقعی رہا ہو گیا اور اسمست پہنچ کر قصہ سنایا کہ تہجد کے وقت ایک بزرگ آئے، حوالات کا دروازہ کھولا، کوٹ میرے حوالے کیا اور کہا کہ یہاں سے نکال دینا میرا کام تھا، اب بھاگ کر بچ نکلنا تمہارا کام ہے، چنانچہ یہ دریا کو عبور کر کے آزاد علاقے میں داخل ہو گیا، پھر باطمینان اسمست پہنچ گیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرا باب:

قاضی کوٹ کا مقدمہ

تمہید

یہ مقدمہ ۱۹۲۰ء میں دائر ہوا تھا اور ۱۹۲۱ء میں اس کے ملزموں کو سزا کا حکم سنایا گیا تھا۔ اس زمانے میں اخباروں نے اسے بم کیس یعنی بم مقدمہ قرار دیا تھا، حالانکہ یہ موضع قاضی کوٹ سے ناجائز اسلحہ کی برآمد کا مقدمہ تھا، جن میں بم بھی تھے، رائفلیں بھی، ریولوار بھی اور کارتوس بھی۔

قاضی کوٹ ایک گاؤں ہے جو گوجرانوالہ شہر سے دس میل شمال مغرب میں واقع ہے، مغلوں کے عہدِ عروج میں ہی یہ موضع پرگنہ ایمن آباد کے قاضیوں کی جاگیر کا ایک حصہ تھا، جو غالباً کئی پشتوں تک منصبِ قضا پر فائز رہے۔ مغلوں کے عہدِ زوال میں بدامنی کا دور دورہ ہوا تو ان لوگوں نے اس موضع میں سکونت اختیار کر لی، اس کا پہلا نام شہزاد پور تھا، لیکن قاضیوں کی وجہ سے ''قاضی کوٹ'' کا نام شہرت پذیر ہوا۔

خاندان کے بعض افراد گلاب سنگھ اور رنبیر سنگھ والیانِ کشمیر کے ہاں بھی معزز عہدوں پر فائز رہے، ان میں از سرِ نو دینی ذوق و شیفتگی کا آغاز قاضی نظام الدین (بن قاضی قمر الدین بن قاضی بدر الدین) سے ہوا جنہیں سید امیر حیدر (۱) شاہ صاحب خان پوری ہزاروی

(۱) مولانا سید عبداللہ غزنوی کی ذات گرامی کو تو شہرت عام حاصل ہے اور ان کا خاندان آج بھی علوم کتاب و سنت کا ممتاز مرکز ہے، لیکن سید امیر حیدر شاہ کو بہت کم لوگ جانتے ہیں، خان پور ٹکھراں ضلع راولپنڈی ان کا آبائی مسکن تھا، انہیں شکار کا بہت شوق تھا، ایک روز شکار کھیل کر واپس آئے تو ایک لکڑہارے نے ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے عقیدت ہوگئی تھی۔ پھر سید موصوف کی وساطت سے مولانا عبداللہ الغزنوی سے رشتۂ ارادت استوار ہوگیا اور خاندان کے اکثر افراد جماعت اہل حدیث میں داخل ہوگئے۔

انگریزی حکومت سے بیزاری اور لاتعاون کا سلسلہ پہلے ہی سے جاری تھا، امیر حیدر شاہ اور مولانا عبداللہ الغزنوی کی صحبت نے ڈوگروں کی ملازمت سے بھی کراہت کا جذبہ بیدار کر دیا اور اہل خاندان نے زراعت کے علاوہ طبابت کو ذریعہ معاش بنالیا۔ میرا خیال ہے کہ قاضی نظام الدین ہی کے عہد میں جماعت مجاہدین سے اک گونہ ربط وضبط پیدا ہوگیا ہوگا، لیکن خاندان کے جن افراد کا تعلق حکومت کی دار وگیر کے سلسلے میں منظر عام پر آیا وہ دو تھے: ایک قاضی عبدالرؤف (ابن قاضی محمد حنیف بن قاضی قطب الدین بن قاضی رکن الدین بن قاضی بدرالدین) اور دوسرے عبیداللہ (بن قاضی عبداللہ بن قاضی نظام الدین بن قاضی شرف الدین بن قاضی بدرالدین)۔

ان دونوں نے اعانت مجاہدین کی تحریک میں نمایاں حصہ لیا اور میرے اندازے کے مطابق دونوں ۴-۱۹۰۳ء سے گرفتاری (جون ۱۹۲۰ء) تک انتہائی سرگرمی کے ساتھ کام کرتے رہے، یہاں تک کہ اسمست بھی گئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ خاندان کے دوسرے افراد بھی بہر حال ان کے شریک ومعاون ہوں گے، اگر چہ ان کی گرفتاری کے بعد کسی دوسرے کے ربط وتعلق کا اثبات قرین دانشمندی نہ تھا۔

مقدمے کی کیفیت

مقدمے کی سرسری کیفیت یہ ہے کہ کارکنانِ جماعت مجاہدین میں سے چار پانچ

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... کہا ذرا بیٹھ جایئے، انہوں نے پرواہ نہ کی، دوسرے روز بھی یہی ہوا، تیسرے روز اس نے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور اتار لیا۔ مصافحہ کرتے ہی شکار کا شوق ختم ہوگیا، وہیں ٹھہر گئے، چند روز کے بعد لکڑ ہارا انہیں سونا چھوڑ کر چلا گیا۔ پھر یہ اسی رہنما کی تلاش میں مولانا غلام رسول قلعہ میہاں سنگھ والے کے پاس گئے اور ان سے فیض حاصل کر کے درجہ کمال پر پہنچے۔ (سوانح حیات، ص: ۱۳۱-۱۳۲)

www.BestUrduBooks.wordpress.com

افراد یعنی یعقوب درویش، محمد حسین عرف محمد عمر، سلیمان عرف ایوب، غلام محمد عرف محمد، احمد عرف خان بہادر بم، ریوالور، بندوقیں اور کارتوس یاغستان سے لائے، یہ مولانا بشیر اور مولوی یوسف (۱) نے مرکز اسمست سے بھیجے تھے اور ہدایت کردی تھی کہ مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی کو دیدیے جائیں، یہ سب چیزیں بہ طور امانت لوہے کے ایک صندوق میں بند کر کے قاضی کوٹ میں قاضی عبدالرؤف کے مکان کی ایک کوٹھری کے اندر دفن کردی گئیں۔

۲۷ رجون ۱۹۲۰ء کو علی محمد کانسٹبل متعینہ فیروز پور صبح کے چار ساڑھے چار بجے ملتانی دروازے کو کھول کر امرتسری دروازہ کھولنے کیلئے جارہا تھا، قصوری دروازے کے قریب اس نے دیکھا کہ ایک آدمی کھیت میں بیٹھا ہے، آواز دی کون ہے؟ کچھ جواب نہ ملا، پھر آواز دی اور کانسٹبل اس آدمی کی طرف گیا، آدمی نے اٹھتے ہی پستول چلایا، لیکن گولی علی محمد کے پاس سے نکل گئی، اس نے دوسری مرتبہ پستول چلانا چاہا، نہ چل سکا، اس اثنا میں ایک شخص نے پیچھے سے آکر پستول چھین لیا، آدمی پکڑا گیا تو اس نے کچھ بتانے سے انکار کردیا۔ جب محکمہ پولیس نے پرانے کاغذات دیکھ کر فیصلہ کیا کہ یہ شخص ڈکیتی کی تین مختلف وارداتوں کا مفرور اور اشتہاری مجرم ہے تو اس نے بتادیا کہ میرا نام احمد ہے، خان بہادر کے نام سے مشہور ہوں، جماعتِ مجاہدین کا کام کرتا ہوں، میرے والد کا نام ماناں ہے ذات کا بھٹی ہوں، موضع مہتہ تھانہ جلال آباد ضلع فیروز پور کا باشندہ ہوں، میں اور میرے فلاں فلاں ساتھی مرکز مجاہدین سے اسلحہ لے کر آئے اور وہ اسلحہ قاضی عبدالرؤف کے گھر میں دفن ہے۔

(۱) یہ مولوی یوسف وہی ہیں جنہوں نے مدت بعد امیر نعمت اللہ کو قتل کیا اور خود موقع پر مارے گئے، میں نے عرف کے طور پر کارکنوں کے وہ نام لکھے ہیں جو انہوں نے جماعتِ مجاہدین میں پہنچنے کے بعد اختیار کر لئے تھے۔ ابتدائی نام ان کے اصل نام ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس کے بعد حسب ہدایت گوجرانولہ کی پولیس نے قاضی عبدالرؤف کے گھر کی دربندی کرلی، اس سے ہتھیاروں کے متعلق پوچھا گیا تو اس نے انکار کردیا، لیکن احمد عرف خان بہادر نے قاضی عبدالرؤف کے سامنے اپنا بیان دہرایا تو اقرار واقبال کے سوا چارہ نہ رہا، دفن شدہ صندوق نکالا گیا، خان بہادر کے علاوہ قاضی عبدالرؤف اور قاضی عبیداللہ بھی گرفتار ہوگئے۔ مولوی فضل الٰہی، محمد حسین عرف محمد عمر، سلیمان عرف ایوب، غلام محمد عرف محمد کا اس وقت کوئی پتا نہ تھا، قاضی عبیداللہ کو سلطانی گواہ بنالیا گیا، ان کے اور احمد عرف خان بہادر کے بیانات سے اکثر کارکنوں کے ناموں کا علم ہوگیا، ان سب کو گرفتار کرکے مقدمے میں پھانسنے کی کوشش کی گئی، مثلاً خواجہ عبدالعزیز دفتر اکاؤنٹینٹ سے، مولوی الٰہی بخش بمبانوالہ سے، محمد رمضان، مستری ابراہیم اور حافظ عنایت اللہ اثری خطیب جامع اہل حدیث گجرات وزیرآباد سے، حاجی بشیرالدین جوتے والے اور خلیفہ اسحاق دہلی سے گرفتار ہوکر آئے، ان حضرات نے بہت تکلیفیں اٹھائیں لیکن شرکتِ جرم کا کوئی ثبوت نہ ملنے کے باعث رہا کردیے گئے۔

بعض تعجب انگیز امور

اس مقدمے کے سلسلے میں بعض امور سراسر حیران کن ہیں، مثلاً:

۱- احمد عرف خان بہادر نے جو ایک مخلص کارکن تھا کس بنا پر گرفتار ہوتے ہی تمام راز افشا کردیے؟

۲- قاضی عبیداللہ کے مخلص اور صادق العہد ہونے میں کلام نہ تھا، وہ اس سے پیشتر بھی ایک مرتبہ مولوی فضل الٰہی کے زمانہ اسیری میں موصوف سے خط وکتابت کے باعث گرفتار ہوچکے تھے اور کم وبیش سولہ سال تک جماعت کا کام انجام دیتے رہے تھے۔ انہوں نے کس وجہ سے سلطانی گواہ بننا منظور کرلیا؟ اس سے بھی زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ ان کے اقبالی بیان سے کسی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دوسرے ملزم کو نقصان پہنچتا یا نہ پہنچتا، لیکن ملزموں میں قاضی عبدالرؤف بھی شامل تھے، جو قاضی عبیداللہ کے ہم خاندان ہونے کے علاوہ ان کے بہنوئی بھی تھے، کیا قاضی عبیداللہ کو یہ خیال نہ آیا کہ اپنے اتنے قریبی رشتہ دار کے خلاف ایک سنگین الزام کے اثبات میں حکومت کا معاون بننا کسی حالت میں بھی مناسب نہیں؟

۳- اس مقدمے میں استغاثے کی طرف سے شہادتیں دینے والے بعض وہ حضرات تھے جو جماعت کے سرگرم کارکن رہ چکے تھے، مثلاً تاج محمد عرف نصراللہ، اللہ دتا عرف عبدالحکیم، مولوی ولی محمد صاحب ساکن فتوحی والا بھی گواہانِ استغاثہ ہی میں شامل تھے، حالانکہ وہ سولہ سترہ سال دعوت جہاد کی مشعل لئے پنجاب کے مختلف اضلاع میں دورے کرتے اور مسلمانوں کے سینوں میں دینی حمیت کے چراغ جلاتے رہے تھے اور سیکڑوں مسلمان انہیں کے وعظ وتذکیر سے متاثر ہوکر جماعت مجاہدین میں شامل ہوئے تھے۔

میرا اندازہ

بادی النظر میں ان امور کے متعلق کوئی اطمینان بخش اور دل پذیر توجیہ ذہن میں نہیں آتی، احمد عرف خان بہادر کے متعلق میرا احساس ابتداہی سے یہ ہے کہ گرفتار ہوتے ہی اس پر گھبراہٹ طاری ہوگئی۔ جب پولیس نے اپنے خاص ہتھکنڈوں سے کام لے کر اسے تین سنگین وارداتوں کا مسلمہ مجرم قرار دے لیا تو اس نے سمجھا کہ اپنے اصلی تعلق کا اعتراف کرلے خواہ اس کا نتیجہ کچھ ہو، اور ان الزامات سے بچ جائے، جن سے اسے کوئی واسطہ نہ تھا۔ جب جماعت مجاہدین سے تعلق کا اقرار کرلیا تو پولیس نے باقی راز بھی اگلوا لئے، قاضی عبیداللہ کے سامنے احمد خان بہادر کا اقبالی بیان آیا تو انہوں نے سمجھ لیا کہ اب انکار یا سکوت بالکل بے سود ہے، لہٰذا جو کچھ معلوم تھا صاف صاف بتادیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

باقی تین اصحاب کی حیثیت خان بہادر اور قاضی عبید اللہ سے مختلف ہے، وہ خاص تصورات کی بناء پر جماعت مجاہدین سے وابستہ ہوئے تھے جو امیر عبداللہ اور امیر عبدالکریم کے عہد تک بالکل بجا و درست تھے۔ یہ زمانہ گذر چکا، نیا دور آیا اور انہیں اسمست میں طویل قیام کا موقع ملا، تو دیکھا کہ جو تصورات انہوں نے قائم کر رکھے تھے وہ ہرگز درست نہ تھے، اس طرح ان کے دل ٹوٹ گئے اور یقین ہو گیا کہ جو کچھ انہوں نے کہا اور کیا تھا وہ سراسر غلط تھا، وہ ''برو تقویٰ'' کے لئے قربانیاں کرتے اور قربانیوں کی طرف دعوت دیتے رہتے تھے، لیکن ان کا سارا عمل ''اثم وعدوان'' سے تعاون پر منتج ہوا۔ اس وجہ سے وہ جماعت کو چھوڑ کر چلے آئے۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں انہیں جماعت کی کسی مصلحت سے کوئی دلچسپی نہ ہو سکتی تھی، بلکہ یوں سمجھنا چاہئے کہ وہ اپنے خیال کے مطابق ایک شدید گناہ کے مرتکب ہوئے تھے، اور اس کی تلافی کی صورت یہی تھی کہ تمام اصحاب کو اس سے بچانے کی امکانی کوشش کرتے، چنانچہ انہوں نے بے تکلف مخالفانہ بیان دیدیے۔

پیشیاں اور سزائیں

مقدمہ ابتدائی تحقیقات کیلئے خان غلام بجسٹریٹ درجہ اول، گوجرانوالہ کی عدالت میں پیش ہوا، اس میں بہت سے اصحاب نے استغاثے کی طرف سے شہادتیں دیں، ہمارے نزدیک سب سے بڑھ کر دلچسپ شہادت میر فضل امام انسپکٹر سی آئی ڈی کی تھی۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ مقدمہ ایک بہت بڑی اور وسیع سازش کا جزو ہے، جس میں بہت سے اصحاب شامل ہیں، مثلاً: امیر امان اللہ خاں (فرمانروائے افغانستان)، جنرل نادر خاں (جو بعد ازاں نادر شاہ کے لقب سے فرمانروائے افغانستان بنے)، مولوی عبدالرحیم عرف محمد بشیر، مولانا عبید اللہ سندھی، مولوی یعقوب جو مجاہدین چمرکنڈ میں شامل ہے،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ملا نجیم (۱)، عبد الصمد عرف پیر محمد (چمر کنڈ)، ذوالقرنین عرف کرم الٰہی (چمر کنڈ)، امیر نعمت اللہ (امیر مجاہدین) وغیرہ۔

۲۳ر دسمبر ۱۹۲۰ء کو خان غلام حسن خاں نے ملزم سیشن سپرد کر دیے، ۱۴ر جنوری سے رائے بہادر گنگا رام سیشن جج کی عدالت میں سماعت شروع ہو گئی، قاضی عبد الرؤف کی طرف سے شیخ دین محمد وکیل تھے، ۲۱ر اپریل ۱۹۲۱ء کو سیشن جج نے یہ حکم سنایا:

۱- احمد عرف خان بہادر، زیر دفعہ ۱۲۰ بی ۳۰۲ تعزیرات ہند سات سال قید، ایک ہزار روپیہ جرمانہ اور زیر دفعہ ۲۰ قانون اسلحہ سات سال قید۔

۲- قاضی عبد الرؤف زیر دفعہ ۱۲۰ بی ۳۰۲ تعزیرات ہند چار سال قید، چار سو روپیہ جرمانہ اور زیر دفعہ ۲۰ قانون اسلحہ چار سال قید۔

ہائی کورٹ میں اپیل کی گئی، ۱۰ر اگست ۱۹۲۱ء کو جسٹس مارٹینو نے فیصلہ سنایا، سزائیں بحال رکھی گئیں، لیکن یہ حکم دیدیا کہ قید کی دونوں سزائیں بیک وقت شروع ہوں، چنانچہ احمد عرف خان بہادر سات سال کی سزا پوری کر کے رہا ہوا اور غالباً ۱۹۵۰ء میں وفات پائی۔ قاضی عبد الرؤف بعد انقضائے سزا رہا ہوئے، آج کل چک (۴۹) مجاہد آباد (ڈاک خانہ لودھراں ضلع ملتان) میں سکونت پذیر ہیں۔ مولوی فضل الٰہی نے اٹھائیس تیس مربعے زمین ان اصحاب کیلئے حاصل کی تھی جنہیں تحریک مجاہدین کے سلسلے میں نقصان پہنچا تھا، ان میں سے دو مربعے قاضی صاحب موصوف کو دیے گئے، اکاسی بیاسی سال کی عمر ہے، بینائی اور سماعت میں خلل آ چکا ہے، چلنے پھرنے سے معذور ہیں۔

محمد حسین عرف محمد عمر پشاور میں گرفتار ہوا، وہاں سے سات سال کی سزا ہوئی، پھر زیر غور مقدمے میں اسے چودہ سال کی سزا دی گئی، اسکے حالات پہلے پیش کیے جا چکے ہیں۔

---

(۱) معلوم نہ ہو سکا یہ کن صاحب کی طرف اشارہ ہے، میرا خیال ہے کہ اس سے مراد ملا نجم الدین عرف ملا صاحب ہڈاہیں، حالانکہ موصوف اس سے پیشتر واصل بحق ہو چکے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قاضی عبدالرؤف کا بیان

میں نے شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل اور قاضی حکیم عبدالرحیم صاحب کی عنایت سے مقدمہ قاضی کوٹ کی مثلیں دیکھ لی تھیں، مجھے ان میں قاضی عبدالرؤف اور خان بہادر کے بیانات نہ ملے، اب قاضی عبدالرؤف سے پورے واقعات معلوم کر لیے، اس بیان سے بعض ایسی باتیں روشنی میں آئیں جو پہلے معلوم نہ تھیں وہ خلاصۃً ذیل میں درج ہیں:

۱- اسلحہ قاضی عبید اللہ کے پاس بھیجے گئے تھے، وہ سرگودھا میں تھے، قاضی عبدالرؤف نے لانے والوں کو قاضی عبید اللہ کے مہمان سمجھ کر کھانا کھلایا، پھر ان کی خواہش کے مطابق مولانا فضل الٰہی کو وزیر آباد بلوادیا، خود قاضی عبدالرؤف کو اسلحہ وغیرہ کا ایک وقت تک کوئی علم نہ تھا۔

۲- وہ مولوی فضل الٰہی کے ہاتھ پر بیعت امارت کر چکے تھے، مولوی فضل الٰہی نے قرآن پر ہاتھ رکھوا کر بیعت کی تصدیق کرائی، پھر اسلحہ کے متعلق بتایا اور قاضی عبدالرؤف نے اسلحہ کا صندوق اپنے مکان میں دفن کر دیا، بعد ازاں مزید بم آئے، اس وقت قاضی عبید اللہ بھی آئے ہوئے تھے لہٰذا عبدالرؤف اور عبید اللہ دونوں نے یہ بم بھی صندوق میں رکھ دیے۔

۳- خان بہادر کی والدہ بیمار تھی، وہ مولانا فضل الٰہی سے پانچ سو روپے لیکر فیروز پور چلا گیا اور وہاں پکڑا گیا، تفصیل وہی ہے جو اوپر پیش کی جا چکی ہے۔

۴- جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے، خان بہادر نے گرفتاری کے بعد سب کچھ بتادیا اور سرکاری گواہ بننے کی کوشش کی، یہ واقعہ قاضی عبید اللہ اور قاضی عبدالرؤف دونوں کیلئے اس طرح اچانک پیش آ گیا کہ انہیں انکار و اختلاف کی گنجائش نظر نہ آئی۔ حکومت نے سوچ سمجھ کر قاضی عبید اللہ کو سرکاری گواہ بنالیا اور معافی کا وعدہ کر لیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

۵- قاضی عبدالرؤف خود گرفتار ہو چکے تھے لیکن انہوں نے مولانا فضل الٰہی کو بروقت پیغام بھیج دیا اور وہ بچ کر سرحد آزاد میں پہنچ گئے۔


ایک اہم معاملہ

قاضی عبدالرؤف نے جو سب سے بڑھ کر اہم اور بطور خاص توجہ طلب بات بتائی، یہ تھی کہ مولانا نعمت اللہ امیر جماعت مجاہدین نے ایک بم اسی سائز اور رنگ کا انگریزوں کے حوالے کر دیا تھا جیسے بم قاضی کوٹ بھیجے گئے تھے، یہ بم بطور ثبوت بھیجا گیا تھا اور سرحد سے ایک انگریز افسر نے آ کر اسے عدالت میں پیش کیا۔ شیخ دین محمد نے محمد حسین وغیرہ کے علاوہ قاضی عبدالرؤف کی وکالت بھی احسن طریق پر کی، غالباً امیر نعمت اللہ کا بم عدالت میں پیش ہونے ہی کی بناء پر مولانا فضل الٰہی نیز ان کے بعض رفیقوں اور امیر صاحب کے درمیان مخاصمت کا آغاز ہوا، یہاں تک کہ اسی وجہ سے امیر صاحب بالآخر قتل ہوئے۔

قاضی عبدالرؤف نے اپنی طرف سے مولانا ثناء اللہ مرحوم امرتسری اور مولانا محمد ابراہیم مرحوم میر سیالکوٹی کو بھی بہ طور گواہ پیش کیا، جیسا کہ اوپر بتایا جا چکا ہے قاضی صاحب کو مختلف دفعات کے ماتحت چار چار سال قید اور چار سو روپے جرمانے کی سزا ہوئی تھی، ہائی کورٹ نے قید کی دونوں سزائیں بیک وقت شروع کرنے کا حکم دیا، چنانچہ قاضی صاحب سزا پوری کر کے اکتوبر ۱۹۲۴ء میں رہا ہوئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

خاندان قاضیاں کا شجرۂ نسب



www.BestUrduBooks.wordpress.com

تیسرا باب:

مولانا عبدالقادر قصوری

مولانا عبدالقادر قصوری

اب ہم ان اربابِ عزیمت کے حالات پر پہنچ گئے ہیں جنہوں نے ملک کے اندر رہ کر جماعت مجاہدین کا کام کیا یا وہ ترکِ وطن کر کے مرکز میں پہنچے اور وہاں کچھ مدت گزار کر واپس آ گئے یا باقی عمر باہر ہی گزاری یا دوسرے مشاغل کے باوجود جماعت مجاہدین کے کام کو تقویت پہنچائی۔ ان سب کے اسماء و احوال سے آگاہی نہ ہو سکی اور فی الحال اپنی معلومات پیش کر دینے کے سوا چارہ نہیں، اس سلسلے کا آغاز مولانا عبدالقادر قصوری سے کرتے ہیں۔

مولانا کے خاندانی حالات کا سرسری ذکر ان کے فرزند ارجمند مولوی محمد علی کے تذکرے میں آ چکا ہے اور ان کے اعادے کی ضرورت نہیں۔ مولانا کے والد مولوی غلام احمد اور قلعہ میہاں سنگھ کے مشہور بزرگ مولانا غلام رسول میں گہرے دوستانہ تعلقات تھے، چنانچہ مولانا کی رسم بسم اللہ مولانا غلام رسول ہی نے ادا کی تھی، دینیات کی تعلیم گھر پر پائی، پھر اورینٹل کالج لاہور میں داخل ہوئے، اس زمانے میں اورینٹل کالج کے طلبہ بھی انگریزی خواں طلبہ کے ساتھ امتحانوں میں بیٹھ سکتے تھے، البتہ وہ جواب اردو میں لکھتے تھے۔ مولانا عبدالقادر امتحان میں سب سے اول نمبر پر آئے اور انگریزی خواں طلبہ میں سے بھی کوئی ان کے برابر نہ پہنچ سکا۔ ممتحنوں کو یقین نہ آیا کہ کوئی اردو خواں طالب علم انگریزی خواں طلبہ پر بھی سبقت لے جا سکتا ہے، پرچے واپس کئے گئے اور امتحان دوبارہ

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہوا۔ مولانا نے دوبارہ اول درجہ حاصل کیا اور انہیں سولہ روپے ماہواری وظیفہ ملا۔ مولانا کا کمال ایثار ملاحظہ ہو کہ وظیفے کی رقم پوری اپنے چھوٹے بھائی عبدالحق کی تعلیم کے لئے دے دیتے اور خود اس قلیل سی رقم میں گزران کرتے جوان کے والد بھیجتے، قانون کا امتحان بھی اعزاز سے پاس کیا۔

وکالت

وہ سوچ رہے تھے کہ کہاں وکالت شروع کریں، اس دوران میں قصور کا ایک مقدمہ مل گیا، غالباً پانچ روپے اس کی فیس تھی، مولانا ایک آدمی کو ساتھ لے کر قصور پہنچے، یہ خیال بھی تھا کہ دیکھیں قصور میں وکالت شروع کرنے کے امکانات اچھے ہیں یا نہیں۔ مختصر سا سامان ہمراہ تھا، تحصیلدار کے ہاں مقدمے کی پیشی تھی، فیصلہ مولانا کے حق میں ہوا۔ قابل ذکر واقعہ یہ ہے کہ تحصیلدار پہلے ہی مقدمے میں مولانا کی جرح سن کر حد درجہ متاثر ہوا، مقدمے کے بعد انہیں تاکیدی مشورہ دیا کہ آپ قصور ہی میں ٹھہر جائیں ماشاءاللہ بہت جلد ترقی کریں گے اور بہترین وکیلوں میں آپ کا شمار ہوگا۔

یہ پیشگوئی درست ثابت ہوئی، مولانا تھوڑی ہی دیر میں نامور وکیل بن گئے، چنانچہ قصور ہی میں توطن اختیار کر لیا، اسی مقام کی نسبت سے مشہور ہوئے۔ جائیداد بھی خرید لی اور عالی شان مکان بھی بنالیا، وفات کے بعد اسی سرزمین کی آغوش میں آسودگی پائی۔

وکیلوں اور بیرسٹروں کے خاص طبعی رجحانات ہوتے ہیں، بعض فوجداری میں کمال پیدا کر لیتے ہیں اور بعض دیوانی میں، مولانا کا کمال یہ تھا کہ وہ دیوانی و فوجداری دونوں میں یکساں درجۂ امتیاز پر پہنچے، آخر میں یہ حالت ہوگئی تھی کہ دور دور کے اضلاع سے لوگ آتے اور گراں قدر فیس دے کر انہیں ساتھ لے جاتے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بدیشی اشیاء سے احتراز

وہ طبعاً سادگی پسند تھے، اگرچہ مالی لحاظ سے امیروں میں محسوب ہوتے تھے، ہزاروں روپے خرچ کر کے اپنے دو فرزندوں اور ایک بھتیجے کو ولایت بھیجا، ہزاروں روپے قومی کاموں میں صرف کئے، دوستوں کی ضمانتوں میں ہزاروں روپے کا نقصان اٹھایا، دسترخوان پر ہمیشہ پانچ دس مہمان ضرور ہوتے، لیکن ان کا اپنا طریق بود و ماند ہر قسم کے تکلفات سے پاک رہا، عمر بھی سادہ لباس پہنا، معمولی پاجامہ جس کی وضع نیم شلوار کی سی ہوتی تھی، معمولی قمیص اور بند گلے کا لمبا کوٹ، سر پر معمولی ٹوپی، سردیوں میں گرم صدری اور کوٹ پہنتے تھے اور پاؤں میں گرگابی نما دیسی جوتا۔

بدیشی اشیاء سے پہلے بھی چنداں دل بستگی نہ تھی، ابتدائی دور ہی میں ایک خاص واقعہ پیش آیا جس کے باعث بدیشی اشیاء سے امکانی احتراز کا پختہ عہد کر لیا اور زندگی بھر اس عہد کے پابند رہے۔

ان کے والد وقتاً فوقتاً قصور آتے رہتے تھے۔ وہ روزانہ دس پارے تلاوت کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آئے تو مکان کے صحن میں دو تخت بچھے ہوئے تھے، نماز فجر سے فراغت کے بعد وہ تلاوت کے لئے ایک تخت پر بیٹھ گئے، دوسرے تخت پر مولانا مقدمات کی تیاری کرنے لگے، انہوں نے پنسل بنانے کے لئے چاقو اٹھایا تو والد کی نظر اتفاقیہ اس پر پڑ گئی، پوچھا کہ کیسا چاقو ہے؟ مولانا نے عرض کیا کہ جرمنی کی ایک فرم راجرس کا بنا ہوا ہے اور ساڑھے سات آنے میں خریدا ہے۔ یہ سنتے ہی والد بولے: کیا تمہیں اپنے ہمسایے کا بھی کچھ خیال ہے، جو چھ پیسے میں چاقو دیتا ہے اور جب چاہو اسے سان پر لگوا کر تیز کرا سکتے ہو؟ سب لوگ باہر کے چاقو خریدنے لگیں گے تو اس ہمسایے کے چاقو کون خریدے گا، اور اسے کہاں سے روزی ملے گی؟

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بس اس واقعے نے مولانا کو بدیشی اشیاء سے مزید متنفر کر دیا، چنانچہ بدیشی مال کے بائیکاٹ کی تحریک یہاں جاری ہونے سے بہت پہلے وہ دیسی اشیا کا استعمال پابندی سے شروع کر چکے تھے۔

یگانۂ استقامت

ترکِ موالات کی تحریک میں وکالت چھوڑی تو ان کی آمدنی ہزاروں روپے ماہوار تھی۔ ۲۵-۱۹۲۴ء میں ترکِ موالات کی تحریک عملاً ختم ہو چکی تھی اور ان کے بہت سے رفیق وکالت شروع کر چکے تھے۔ مسلمانوں، ہندوؤں اور سکھوں کے وفد ان کے پاس پہنچتے اور اصرار کرتے رہے کہ دوبارہ وکالت شروع کر دیں، لیکن وہ جس کام کو غیر مناسب سمجھتے ہوئے ایک مرتبہ ترک کر چکے ہیں دوبارہ اس کے اختیار پر آمادہ نہ ہوئے، اگرچہ ان کی مالی حالت ویسی نہ رہی تھی، جیسی ترکِ وکالت کے آغاز میں تھی۔ اور وہ اگر محض قانونی مشورے دینے پر بھی آمادہ ہو جاتے تو ہزاروں روپے کی آمدنی ہو سکتی تھی، لطف یہ کہ مولانا اس وقت ترکِ موالات کے پورے پروگرام کی صحت کے قائل نہ رہے تھے اور سوراج پارٹی کے ہم خیال تھے، جو کونسلوں میں جاتے اور اندر جا کر حکومت کے کاروبار میں زیادہ سے زیادہ خلل ڈالنے کی حامی تھی۔ وہ پختہ عزائم، استوار ارادوں اور بلند اصول کے بزرگ تھے، زمانے کے تغیرات ان کی استقامت پر کبھی اثر انداز نہ ہوئے۔

بے مثال دیانت

مولانا پنجاب میں خلافت اور کانگرس کی تحریک کے روحِ رواں تھے، جب تک مجلس خلافت باقی رہی اسکے صدر رہے، اصابتِ رائے اور شانِ استقامت و ایثار کی بدولت انہیں آل انڈیا مجالس میں بھی عزت و تکریم کا ممتاز درجہ حاصل تھا، اس مدت میں سیکڑوں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مرتبہ انہیں دور دراز کے سفروں اور دوروں کی ضرورت پیش آئی، اضلاع پنجاب کے دورے تو بہ کثرت ہوتے رہے، ابتداء میں وہ اپنا اور رفیقوں تک کا کرایہ اپنی جیب سے ادا کرتے تھے، جب مالی حالت زیادہ اچھی نہ رہی تو اس وقت بھی اپنے سفر یا دوسرے مصارف کا بار خلافت یا کانگرس پر کبھی نہ ڈالا، نہ کسی بھی شکل میں ان مجالس کے سرمایوں سے کبھی کوئی بڑی یا چھوٹی رقم وصول کی۔

انہیں اکثر لاہور آنا پڑتا اور بعض اوقات کئی کئی دن یہاں ٹھہرتے، دن بھر قومی کام کرتے، بیسیوں مہمانوں کیلئے دفتر خلافت میں کھانا تیار ہوتا، مولانا صبح کی نماز سے فارغ ہوتے ہی اپنے بھائی مولوی عبداللہ کے مکان سے دفتر میں پہنچ جاتے، اپنے پیسوں سے موسم کا کوئی میوہ اور دودھ منگوا کر ناشتہ کر لیتے، دونوں وقت کا کھانا اپنے بھائی کے ہاں کھاتے، مجلس کا کھانا کبھی نہ کھایا، حد یہ ہے کہ دفتر میں بیٹھے بیٹھے کوئی ذاتی خط لکھنے کی ضرورت پیش آتی تو کاغذ اور لفافہ بھی دفتر سے نہ لیتے، اپنے پیسے دیکر بازار سے منگواتے۔

وزارت کی پیشکش

حج کیلئے گئے تو سلطان عبدالعزیز آل سعود سے اصلاحِ نظامِ حکومت کے متعلق مفصل گفتگو ہوئی، سلطان مولانا کی بات چیت سے اتنا متاثر ہوا کہ اصرار کیا کہ حجاز میں وزیر یا مشیر کا عہدہ قبول فرمالیں، مولانا نے صاف انکار کر دیا، واپس آئے تو ایک مرتبہ عزیزوں اور دوستوں کی مختصر سی مجلس میں حالات سناتے ہوئے اس بات کا ذکر فرمایا، سب نے بالاتفاق کہا کہ اس پیشکش کو قبول کر لینے میں کیا مضائقہ تھا، بہر حال یہ ایک اسلامی مملکت کی خدمت تھی، یہ رائے پیش کرنے والوں میں ان کے فرزند مولوی محمد علی بھی تھے۔ مولانا نے جواب دیا:

سنو محمد علی! مجھے خدمت قبول کر لینے کا مشورے دیتے ہو تو پہلے میرے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

لئے تین ہزار روپے ماہوار کا مستقل انتظام اپنے پاس سے کردو، میں واپس جا کر خدمت اپنے ذمے لے لیتا ہوں، لیکن سلطان سے تنخواہ لیکر خدمت کرنا میرے لئے ممکن نہیں۔ اسلام و مسلمین کی بہتری یا ملکی مصالح کے پیشِ نظر جو کچھ ضروری ہوگا اسی صورت میں سلطان سے صاف صاف کہہ سکوں گا جب اس کا یا اسکی حکومت کا کوئی احسان مجھ پر نہ ہوگا۔ ورنہ ہوسکتا ہے کہ حق گوئی اور حق نمائی کے بجائے صرف اپنی ملازمت کی حفاظت میرا نصب العین رہ جائے۔ اس طرح خدمت کا حقیقی شرف کیوں کر قائم رہ سکے گا؟ یا آج خدمت قبول کر لینے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کل اسے چھوڑنا پڑے، اصل مقصد یوں بھی پورا نہ ہوگا۔

اعانتِ مجاہدین

انہوں نے ملکی اور سیاسی کاموں میں جس سرگرمی، انہماک اور جوشِ حمیت سے حصہ لیا اور جو جو کارنامے انجام دیے، ان کی تفصیل پیشِ نظر کتاب کے موضوع سے خارج ہے، یہ حالات تفصیلاً ہمارے عہد کی سیاسی تاریخ میں بیان ہوں گے جو اس وقت زیرِ تالیف ہے۔ یہاں صرف یہ بتانا ضروری ہے کہ مولانا اپنی زندگی کے ابتدائی دور ہی میں جماعتِ مجاہدین سے وابستہ ہو گئے تھے، وہ اپنی آمدنی کا خاصا حصہ اس کام میں صرف کرتے تھے اور ان کے پاس جماعت کے کارکن بھی آتے رہتے تھے۔ جو لوگ ہجرت کے آرزومند تھے وہ بھی مشورے کیلئے مولانا کے پاس پہنچتے تھے اور اب تک ایسے اصحاب موجود ہیں جو مولانا کے حکم سے مختلف آدمیوں کو سرحد آزاد میں پہنچاتے رہے۔

مولوی محمد علی مرحوم نے دو تین مرتبہ ذکر کیا کہ میری عمر زیادہ نہ تھی جب والدِ محترم کے پاس ایسے آدمی بہ کثرت آیا کرتے تھے، جنہیں جماعتِ مجاہدین ہی کے رکن سمجھا جاسکتا تھا، لیکن مولانا کے ضبط و احتیاط کا اہتمام ملاحظہ ہو کہ حقیقتِ حال کبھی اپنے عزیز فرزندوں پر بھی ظاہر نہ ہونے دی، حالانکہ انہیں تمام مشوروں میں شریک رکھتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی محی الدین احمد کو بھی ایسے کئی واقعے یاد ہوں گے۔

ایک مرتبہ انہوں نے فرمایا کہ مولوی ولی محمد (ساکن فتوحی والے) میری موجودگی میں آئے اور والد محترم سے کہا کہ اتنے پونڈ دے دیجئے (۱) میں ایک خاص رقم پوری کر کے مجاہدین کو بھیجنا چاہتا ہوں۔ مولانا نے غالباً دو مرتبہ خلافت کے سرمایے میں سے بھی خاصی بڑی رقم جماعتِ مجاہدین کو بھجوائی تھی، غالباً یہ رقم کسی ایک فرد یا مختلف افراد نے اسی غرض سے دی تھی۔

پیکرِ محاسن

مولانا کی صحت آخری دنوں میں اچھی نہ رہی تھی، لیکن وہ کاموں میں لگے رہتے تھے، مشورے لینے والے دوستوں اور نیاز مندوں کو مشورے دیتے خواہ مشورے ذاتی معاملات کے متعلق ہوتے یا قانونی معاملات کے متعلق، ہمدردی اور لطف و نوازش کا یہ عالم تھا کہ جو بھی ان کے پاس پہنچ جاتا اس کے ہر کام میں ہر ممکن مدد دیتے، خواہ سیاسی و عوامی دائرے میں اس سے کتنا ہی اختلاف ہوتا۔ وہ واحد بزرگ دیکھے جنہوں نے سیاسی اختلافات اور ذاتی تعلقات کو ہمیشہ الگ الگ رکھا اور اختلاف کی انتہائی شدت میں بھی ذاتی تعلقات کو اس شان سے نباہا گویا کبھی کوئی اختلاف پیش ہی نہ آیا تھا۔ جن لوگوں نے قومی کاموں میں تکلیفیں یا نقصان اٹھائے تھے، ان کی بے حد قدر فرماتے، جب تک اپنی مالی حالت اچھی تھی اس طریق پر ان کی امداد کرتے کہ امداد لینے والے کے سوا آج تک کوئی اس سے آگاہ نہ ہو سکا۔ غور و فکر کے بعد جو رائے قائم کر لیتے تھے اس پر مضبوطی سے قائم رہتے، وسعتِ حوصلہ کا یہ رنگ تھا کہ اختلاف رکھنے والوں کی بھی قدر کرتے، کبھی کسی کے اختلاف پر ملال نہ پیدا ہوا، اور کبھی کسی کے اختلاف کو سوءِ ظن پر حمل نہ کیا، اپنی رائے

(۱) مولوی محی الدین احمد کو صحیح رقم یاد نہ تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہر مجلس میں بے تکلف پیش کر دیتے تھے، کبھی کسی بڑے آدمی کی غیر مناسب رعایت ضروری نہ سمجھی، لیکن گفتگو کا طریقہ ایسا نہ تھا کہ کسی کو خواہ مخواہ رنج پیدا ہو، ہمیشہ رائے کو دلائل سے موثق بناتے اور دوسرے کے نقطۂ نگاہ کی تضعیف بھی دلائل سے کرتے۔ غرض سیاسی لیڈروں میں مولانا جیسا جامع اوصاف شخص بہت کم دیکھنے میں آیا۔

وفات

اگر چہ آخری دنوں میں سرگرم سیاسی مشاغل سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی، لیکن پوری زندگی وسیع دائرۂ احباب ورفقاء میں گزاری تھی، اس لئے لوگ بہ کثرت ان کے پاس آتے رہتے تھے۔ بیماری کا شدید دورہ اس زمانے میں ہوا جب وہ اپنے بھتیجے ڈاکٹر جنید کے پاس رام پور گئے ہوئے تھے۔ ذرا طبیعت اچھی ہوئی تو لاہور آ گئے اور اپنے فرزند ارجمند مولوی محمد علی بیرسٹرایٹ لا کے پاس ٹھہر گئے، جو اس زمانے میں لٹن روڈ پر رہتے تھے۔ طبیعت کمزور ضرور تھی، اس لئے لیٹے رہتے تھے یا کبھی چارپائی پر سہارا لے کر بیٹھ جاتے، لیکن یہ خیال نہ ہو سکتا تھا کہ دائمی مفارقت کا وقت اتنا قریب آ پہنچا ہے۔ میں نے اس زمانے میں کئی مرتبہ گھنٹوں ان سے باتیں کیں۔ ۱۶؍نومبر ۱۹۴۲ء (۶؍ذی قعدہ ۱۳۶۱ھ) بروز دوشنبہ پانچ بجے شام لاہور میں انتقال کیا۔ دوسرے روز صبح کے وقت میت کو قصور لے جا کر دفن کیا گیا۔

مولوی محی الدین احمد

مولانا عبدالقادر کے فرزند اکبر ۱۸۸۹ء میں پیدا ہوئے۔ بی، اے پاس کر لینے کے بعد مولانا انہیں بیرسٹری کے لئے ولایت بھیجنا چاہتے تھے، انہوں نے اس پیشے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا، ان کے چھوٹے بھائی مولوی محمد علی ولایت گئے، کیمبرج سے ڈگری لینے کے علاوہ بیرسٹری کے لکچر بھی پورے کر لئے تھے، امتحان نہ دے سکے تھے، وطن آئے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس اثناء میں جنگ یورپ چھڑ گئی اور بیرسٹری رہ گئی۔

محی الدین احمد نے کچھ مدت لاء کالج میں گزاری، انہوں نے خود ایک مرتبہ بہ طور لطیفہ سنایا کہ ہم دونوں بھائیوں میں سے کوئی بھی آبائی پیشے کے قابل نہ بنا، حالانکہ والد محترم کی خواہش یہی تھی۔ ایک مرتبہ کسی عزیز کے ہاں بیٹھے ہوئے تھے، اتفاقیہ یہی مسئلہ زیرِ گفتگو آ گیا، خواجہ حافظ کا دیوان سامنے پڑا تھا، میں نے بطور تفنن اس میں سے فال نکالی تو یہ شعر نکلا:

چند بہ ناز پرورم مہر بتانِ سنگ دل
یادِ پدر نمے کنند ایں پسرانِ ناخلف

میں نے آخری مصرع والد محترم کے سامنے بدل کر یوں پڑھا:

''کارِ'' پدر نمے کنند ایں پسرانِ ناخلف

اور کہا کہ لیجئے خواجہ حافظ بھی ہمارے ہم رائے ہیں، والد صاحب مسکرا کر خاموش ہو گئے۔

مولانا کے سب سے چھوٹے فرزند محمود علی نے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا اور آج وہ ممتاز ترین وکلاء میں شمار ہوتے ہیں۔

اخبار نویسی اور نظر بندی

مولوی محی الدین احمد کچھ مدت متفرق مشاغل میں بسر کرنے کے بعد کلکتہ چلے گئے اور وہاں سے مولانا ابوالکلام آزاد کی سرپرستی میں ''اقدام'' کے نام سے ایک عالی شان روزنامہ جاری کیا۔ جنگ کا زمانہ تھا، مولانا آزاد کے لئے بنگال سے اخراج کا حکم جاری ہو گیا اور وہ رانچی چلے گئے۔ مختلف صوبوں کی حکومتوں نے اپنے اپنے علاقوں میں ''اقدام'' کا داخلہ بند کر دیا۔ مولوی محی الدین احمد مجبوراً اخبار بند کر کے وطن واپس آئے،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قصور سے انہیں لاہور بلایا گیا اور آناً فاناً گرفتار کر کے لاہور جیل میں بند کر دیا گیا۔ پھر سی آئی ڈی کے ایک افسر کے روبرو پیشی ہوئی، اس نے چھوٹتے ہی کہا کہ ہمیں معتبر ذریعے سے سب کچھ معلوم ہو چکا ہے، اگر سچ سچ بتا دو تو خیر، ورنہ بڑی سخت سزا دی جائے گی۔ محی الدین احمد نے بے تکلف جواب دیا کہ اگر آپ کو سب کچھ معلوم ہو چکا ہے تو مجھ سے کیوں پوچھتے ہیں؟ اگر میں کوئی بات آپ کی معلومات کے خلاف کہہ دوں گا تو ظاہر ہے کہ آپ سمجھیں گے یہ معتبر ذریعے سے حاصل کردہ معلومات کے خلاف ہے۔

وہ افسر بہت جز بز ہوا اور حکم دیا کہ محی الدین احمد کے دونوں ہاتھ پیچھے کی طرف کر کے ہتھکڑی لگاؤ اور اسے تھرڈ کلاس میں سوار کر کے ہوشیار پور چھوڑ آؤ۔ اس جابرانہ حکم کی تعمیل ہوئی، محی الدین احمد کے پاس نہ کوئی پیسہ تھا نہ کسی عزیز کو اطلاع تھی کہ کیا صورت حال پیش آئی، ہوشیار پور پہنچے تو حکم ہوا کہ انہیں دسوہہ کا ٹکٹ لے دو، چنانچہ یہ دسوہہ پہنچے، وہاں کے ہیڈ ماسٹر سے ملے، اس نے گرمجوشی سے استقبال کیا۔ دوسرے روز ان کے والد کو بھی اطلاع مل گئی اور انہوں نے ایک آدمی سامان دے کر دسوہہ بھیج دیا۔ جنگ کا زمانہ مولوی محی الدین نے وہیں گزارا، فروری ۱۹۱۹ء میں رہا ہوئے، ان کی نظر بندی کے زمانہ میں مولانا عبدالقادر نے چارپائی پر سونا ترک کر دیا تھا، ایک چبوترے پر صف بچھی رہتی تھی، اسی پر لیٹ جاتے۔

قومی خدمات

قصور واپس آئے تو راؤلٹ ایکٹ کے سلسلے میں ہنگامے شروع ہو گئے، ان ہنگاموں میں مولانا عبدالقادر اور مولوی محی الدین دونوں گرفتار ہوئے، اس ابتلاء سے نجات ملی تو پونہ میں ایک یتیم خانے کا انتظام سنبھال لیا، نیز جمعیت دعوت و تبلیغ کی نظامت کے فرائض انجام دیتے رہے، اس دوران میں ان کے بھائی محمد علی ایک بندھی رقم

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ماہوار انہیں دے دیتے تھے۔

یہی زمانہ ہے جب مولانا عبدالقادر کے چھوٹے بھائی مولوی عبداللہ بھی دعوت وتبلیغ کا کام کرتے رہے، یہی دور ہے جس میں ملیبار کے ماپلوں کے متعلق ان حضرات نے عالی شان تعمیری کارنامے انجام دیے، لیکن ان کی تفصیل ہمارے موضوع سے خارج ہے۔ مولوی محی الدین احمد اور مولوی عبداللہ دونوں بقدر فرصت مجاہدین کی خدمات بھی انجام دیتے رہے، ان دونوں نے مولوی ولی محمد (فتوحی والا) کے ہاتھ پر بیعتِ جہاد بھی کی تھی۔ غرض اس خاندان کے بیشتر افراد جماعتِ مجاہدین سے کم وبیش وابستہ رہے اور دینی خدمات کی بجا آوری میں تو کسی نے بھی حتی الامکان کوتاہی نہ کی۔ مولانا عبدالقادر نے حبِ دین اور عشق آزادی کا جو چراغ روشن کیا تھا اس سے خاندان کے ہر ایک فرد نے کسبِ ضیاء کا شرف حاصل کیا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چوتھا باب:

مولوی ولی محمد

ابتدائی حالات

ضلع فیروز آپور میں دریائے ستلج کے کنارے ایک چھوٹا سا گاؤں ہے ''فتوح والا''، مولوی ولی محمد یہیں کے رہنے والے تھے۔ ذات کے سندھو جاٹ تھے، والد کا نام الٰہ دین تھا، ان کی پیدائش ۱۸۷۵ء کے آس پاس ہوئی، اس لئے قاضی کوٹ کے مقدمے میں گواہی دیتے ہوئے مولوی صاحب نے اپنی عمر پینتالیس سال بتائی تھی اور قاضی کوٹ کا مقدمہ ۱۹۲۱ء میں ہوا تھا۔

میں نے متعدد اصحاب سے پوچھا کہ مولوی صاحب نے کن کن اصحاب سے دینی تعلیم حاصل کی تھی، کوئی کچھ نہ بتا سکا۔ مولوی محی الدین احمد قصوری صاحب فرماتے تھے کہ انہوں نے ذاتی مطالعے سے دینی معلومات حاصل کی تھیں اور اندازہ ہے کہ وہ کوئی بڑے عالم نہ تھے، ان کے پاس امام احمد بن حنبلؒ کی مسند تھی جو مولوی محی الدین احمد کو دے دی تھی، اس پر جا بجا نشان لگے ہوئے ہیں اور حاشیہ پر نوٹ بھی ہیں۔

انتہائی سادگی

ان کا لباس بہت معمولی تھا، نیلے رنگ کا تہمد باندھتے، کھدر کا کرتا اور کھدر کی پگڑی، سردیوں میں معمولی لوئی یا پٹو اوڑھ لیتے، مولوی محی الدین احمد اور ان کے عم محترم مولوی عبداللہ ایک مرتبہ ان سے ملنے کیلئے فتوحی والا پہنچے۔ وہ فرماتے ہیں کہ مولوی صاحب نے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایک نہایت سادہ مسجد بنا رکھی تھی، کچھ دیواریں اور اس پر معمولی چھت، پاس اپنے رہنے کا ایک کچا حجرہ تھا، ہم نے اطلاع کرائی تو آتے ہی پوچھا: کھانا تو آپ ضرور کھائیں گے، تھوڑی دیر میں بھنا ہوا قیمہ لے آئے، اس پر تعجب ہوا کہ ایک چھوٹے سے گاؤں میں جہاں کوئی بازار نہیں، اتنی جلدی قیمہ کہاں سے حاصل کر لیا۔ مولوی صاحب نے خود فرمایا کہ قربانیوں کے موقع پر میں اپنے حصے کا گوشت خشک کر کے رکھ لیتا ہوں اور جب کوئی شہری مہمان اتفاقیہ آ جاتا ہے تو اس کی تواضع میں صرف ہوتا ہے۔ باتیں بھی انتہائی سادگی سے کرتے تھے، ان میں عالمانہ شان کا شائبہ تک نہ ہوتا، لب ولہجہ بھی ٹھیٹھ دیہاتی تھا۔

خداداد تاثیر

وعظ وتذکیر میں خدا نے غیر معمولی تاثیر عطا کی تھی، جو دینی حرارت ان کے قلب میں موجزن تھی اسے سامعین کے دلوں میں اتار دیتے۔ قاضی کوٹ کے مقدمے میں جن اصحاب نے گواہیاں دی تھیں، ان میں سے بیشتر اصحاب مولوی ولی محمد کے مرید ومعتقد تھے، ان سب نے بیان کیا کہ مولوی صاحب کے وعظ سے متاثر ہو کر انہوں نے اہل حدیث کا مسلک اختیار کیا اور انہیں کی تلقین سے وہ جماعت مجاہدین کے ساتھ وابستہ ہوئے۔ مولوی صاحب عموماً دورے کرتے رہتے تھے، گوجرانوالہ، سیالکوٹ وغیرہ اضلاع میں ہزاروں آدمی ان کے ہم نوا بنے، ان میں سے ایسے بھی تھے جو مولوی صاحب کا حکم پاتے ہی گھر بار چھوڑ کر نکل گئے اور اسمست یا چمرکنڈ میں ہر قسم کی خدمات انجام دیتے رہے، اور ایسا کوئی بھی نہ تھا جو باقاعدہ زکوٰۃ نہ نکالتا ہو، زکوٰۃ کی تمام رقمیں مولوی صاحب کے پاس یا ان کے مقرر کئے ہوئے آدمی کے پاس جمع کر دی جاتیں اور وہاں سے یہ مجاہدین کے مراکز میں پہنچا دی جاتیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

طریق وعظ وتذکیر

وعظ بھی بہت سادہ طریق پر کہتے تھے، مولوی محمد اسحاق صاحب مدیر ''الاعتصام'' نے بتایا کہ عموماً چار پائی پر کھڑے ہو کر مجمعوں میں گفتگو کیا کرتے تھے۔ یہ سن کر بے حد تعجب ہوا۔ عموماً دیکھا گیا ہے کہ مقرر اور خطیب اپنی تقریروں میں تاثیر ونفوذ پیدا کرنے کے خیال سے لباس بھی اچھا پہنتے ہیں اور جو کچھ کہنا ہوتا ہے اسے بھی پہلے ذہن میں ترتیب دے لیتے ہیں، پھر ہر مطلب کو تقویت پہنچانے کی غرض سے دلچسپ وموزوں مثالیں پیش کرتے ہیں، علاوہ بریں ان کے لئے تخت بچھتے ہیں اور ان پر قالین بچھائے جاتے ہیں، مقصود یہ ہوتا ہے کہ سننے والے تقریر کے آغاز سے پیشتر ہی ایک حد تک متاثر ہو جائیں یا اس طرح ان کے جذبۂ پذیرائی کو خوب بیدار کر لیا جائے۔ مولوی ولی محمد کا سارا طریقہ اس کے برعکس تھا۔ کیا ہمارے عہد میں کوئی شخص کسی ایسے مقرر وخطیب کو وقیع سمجھ سکتا ہے جو معمولی چار پائی پر کھڑا ہو کر مجمع کو خطاب کرے؟ مولوی ولی محمد کو تکلفات سے کوئی مناسبت نہ تھی، تاہم وہ جو کچھ کہتے دلوں میں اتار دیتے۔

ایک عجیب واقعہ

مولوی محی الدین احمد نے ایک عجیب واقعہ بیان کیا کہ ہمارے عزیزوں میں ضلع سیالکوٹ کے ایک صاحب تھے، کبھی نماز نہ پڑھی اور کسی دینی کام سے کوئی دلچسپی نہ تھی، سارا دن حقہ پیتے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ مولوی ولی محمد سیالکوٹ گئے، بہت شہرت تھی کہ ان کی بات چیت بے حد پر تاثیر ہوتی ہے۔ ہمارے عزیز کو بھی اس کا علم تھا، چنانچہ وہ تجربے اور امتحان کی غرض سے مولوی صاحب کے پاس سیالکوٹ پہنچا، مولوی صاحب نے یوں بات چیت شروع کی، کہ ہم تو ایسے آدمیوں سے ملنا بھی پسند نہیں کرتے، پھر آہستہ آہستہ سمجھانے لگے، تھوڑی ہی دیر میں ہمارے عزیز کی یہ کیفیت ہوئی کہ آنکھوں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے بے اختیار آنسو بہہ رہے تھے، اسی وقت توبہ کی، وہ نہ صرف پکا نمازی بلکہ پکا تہجد خواں بن گیا اور اس وقت سے تادمِ واپسیں حقے کو منہ نہ لگایا۔

جماعتِ مجاہدین سے تعلق

یہ نہ معلوم ہو سکا کہ جماعتِ مجاہدین سے مولوی صاحب کا تعلق کیوں کر پیدا ہوا؟ اَغلب ہے کہ جماعت کے کسی کارکن سے اتفاقیہ ملاقات ہوگئی ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ اسلامی نظام کے قیام کی تجویزیں سوچتے سوچتے وہ مجاہدین کی طرف راغب ہو گئے ہوں۔ انہوں نے قاضی کوٹ کے مقدمے میں گواہی دیتے ہوئے بیان کیا کہ میں پہلی مرتبہ انجمن حمایت الاسلام کے پندرہویں سالانہ جلسے پر یاغستان گیا تھا، گویا یہ ۱۸۹۵ء کا واقعہ تھا، جب ان کی عمر تقریباً بیس سال کی ہوگی۔ اس وقت مولانا عبداللہ مجاہدین کے امیر تھے اور ٹیلوائی میں جماعت کا مرکز تھا، اس کے بعد بھی وہ چند مرتبہ ضرور یاغستان گئے، لیکن اندازہ یہ ہے کہ چند روز سے زیادہ قیام نہ رہا۔ انہوں نے خود فرمایا کہ میں نے یکے بعد دیگرے تین امیروں کی بیعت کی، امیر عبداللہ سے تو ملاقات کا ذکر آ ہی چکا ہے، اس کے بعد امیر عبدالکریم کے عہد میں بھی وہ گئے اور بیعت کی اور امیر نعمت اللہ کے عہد میں انہوں نے خاصی لمبی مدت مرکز میں گزاری۔

ملک کے اندر کام

سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کیوں مرکز میں نہ ٹھہرے، اور بار بار واپس کیوں آتے رہے؟ اس کا سبب بالکل واضح ہے۔ وعظ و تذکیر کے ذریعے سے جماعتی کاروبار کو تقویت پہنچانے کی ان میں خاص صلاحیت تھی، لہٰذا ان کا صحیح مقام یہی تھا کہ ملک کے اندر رہ کر روپے اور آدمیوں کا بندوبست کرتے، انہوں نے یہ کام یقیناً اتنے اعلیٰ پیمانے پر انجام دیا کہ چند بڑے بڑے اور ممتاز کارکنوں کو چھوڑ کر، جیسے مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

وغیرہ، کوئی بھی مولوی ولی محمد کی برابری کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ اگر یوروپ میں جنگ نہ چھڑ جاتی، ملک کے اندر یا شمالی و مغربی سرحد پر انگریزی حکومت کے نقطۂ نگاہ سے بعض تشویشناک حالات نہ پیدا ہو جاتے اور مولوی ولی محمد کو اطمینان و دلجمعی سے کام جاری رکھنے کا موقع مل جاتا تو یقین ہے کہ وہ مسلمانوں کی بہت بڑی جماعت کو جہاد کے لئے تیار کر دیتے۔

ہجرت

جنگ چھڑ جانے کے بعد یہاں دار و گیر شروع ہوئی تو مولوی صاحب کو بھی گرفتاری کا اندیشہ لاحق ہوا، یا کم از کم یہ واضح ہو گیا کہ اب وعظ و تذکیر کا کام جاری نہ رہ سکے گا، چنانچہ انہوں نے اپنے ارادت مندوں کو بھی ہجرت کا حکم دے دیا اور خود بھی وطن چھوڑ کر اسمست چلے گئے۔ وہ امیر عبداللہ اور امیر عبدالکریم کے عہد میں جماعت مجاہدین کا جو نقشہ دیکھ چکے تھے، امیر نعمت اللہ کے عہد میں وہ باقی نہ رہا تھا، چنانچہ اسمست پہنچ کر حالات سراپا بدلے ہوئے دیکھے تو دل پر چوٹ لگی اور وہ حد درجہ پریشان ہو گئے کہ کیا کریں، جس مقصد کے پیش نظر انہوں نے اپنی اور ہزاروں مسلمانوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالی تھیں اس کے لئے مجاہدانہ سعی و کوشش کا بہ ظاہر کوئی امکان نہ تھا، اس پر انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ خوش فہمی میں جس خوفناک غلطی کا ارتکاب کر چکے ہیں، اس کی تلافی کی کوئی تدبیر اختیار کرنی چاہئے۔

مولوی محمد علی قصوری کا بیان

سرحد پہنچ کر مولوی ولی محمد نے موسیٰ نام اختیار کر لیا تھا، مولوی محمد علی قصوری لکھتے ہیں کہ ان کے ساتھ ایک سو پنجابی مجاہدین نے ہجرت کی تھی، (۱) امیر نعمت اللہ نے انہیں

(۱) خود مولوی صاحب نے اپنے بیان میں کہا کہ ہجرت کرنے والوں میں سے میرے مریدوں کی تعداد پچاس تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اپنے ہاتھ میں لینے کی غرض سے ایک خوبصورت لڑکی کے ساتھ نکاح کرادیا۔ چند ماہ بعد دوسرے نکاح کا انتظام کردیا، پہلی بیوی کے بطن سے ایک لڑکا بھی پیدا ہو چکا تھا اور مولوی صاحب پوری طرح تابلی کی زنجیروں میں جکڑے جا چکے تھے، ان کیلئے امیر صاحب کی طرف سے معقول وظیفہ مقرر تھا، ویسے بھی تمام کاموں میں ان سے مشورہ لیا جاتا تھا۔(۱)

معلوم ہوتا ہے کہ مولوی صاحب کے اکھڑے ہوئے دل کو جمائے رکھنے کی یہ تدبیریں کارگر نہ ہوسکیں چنانچہ انہوں نے تنہائی میں مولوی محمد علی قصوری سے کہا کہ امیر صاحب کو عورتوں سے شغف ہے، جہاد سے اعراض برتا جارہا ہے، جماعتی سرمایہ ذاتی اغراض کیلئے بے دریغ استعمال ہوتا ہے۔ مجھے تو شرم آتی ہے کہ پنجاب میں اتنا جھوٹا پروپیگنڈا کرتا رہا، یہاں آکر معلوم ہوا کہ پہلے خواب میں تھا اور اب آنکھیں کھلی ہیں، کاش میں ہندوستان ہی میں مارا جاتا اور یہاں نہ آتا، میرا ایمان متزلزل ہورہا ہے، کیا مذہب اسی کا نام ہے؟

ساتھ ہی اعتراف کیا کہ امیر نے شادیاں کرادیں، اچھی بیویاں مل گئیں، ان کی بدولت اب دنیاوی زندگی سے اتنی دل بستگی ہوگئی ہے کہ امیر کے خلاف زبان نہیں ہلا سکتا۔(۲)

جماعت سے علیحدگی

مولوی صاحب کی طبیعت تو عام حالات دیکھ کر ہی بیزار ہو چکی تھی، لیکن سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا وجہ پیش کر کے علیحدہ ہوں، انہوں نے خود جو کیفیت بتائی اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جماعت اسمست حضرت سید احمد کو شہید نہ مانتی تھی، کہتی تھی کہ وہ غائب ہیں، جب خراسان کی طرف سے امیر کابل انگریزوں کے خلاف علمِ جہاد بلند کریگا تو سید صاحب

(۱) مشاہدات کابل ویاغستان، ص:۱۱۲۔ (۲) مشاہدات کابل ویاغستان، ص:۱۱۳، ۱۱۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

امام مہدی بن کر ظاہر ہوں گے۔ ظہور کی تاریخ ۱۳۳۵ھ (۱۷-۱۹۱۶ء) بتائی گئی تھی۔

مولوی صاحب اسمست ہی میں تھے جب مولانا محمد بشیر کا ایک مکتوب کابل سے آیا، جس کا مضمون یہ تھا کہ جرمنوں اور ترکوں کا وفد کابل میں پہنچا ہوا ہے، امیر کابل ۱۳۳۵ھ میں ضرور انگریزوں سے لڑے گا، مجاہدین کو بھی تیار رہنا چاہئے تاکہ امیر کے ساتھ ہو جائیں اور مفتوحہ ملک میں سے حصہ لینے میں پیچھے نہ رہ جائیں۔ (۱)

۱۳۳۵ھ کا سال گذر گیا اور امام کا ظہور نہ ہوا، جنگ یورپ بھی ختم ہوگئی اور امیر کابل نے انگریزوں کے خلاف ایک قدم بھی نہ اٹھایا۔ پھر امیر حبیب اللہ خاں مارا گیا اور امان اللہ خاں فرمانروائے افغانستان بنا، انگریزوں سے لڑائی چھڑی لیکن جلد صلح ہوگئی اور امام کے ظہور کا معاملہ پیش نہ آیا، بس اسی بنا پر مولوی ولی محمد نے جماعت سے علیحدگی اختیار کر لی:

واپسی

انہوں نے خود بیان کیا کہ میں نے امیر نعمت اللہ سے اس بارے میں گفتگو کی اور کہا کہ امام مہدی کے ظہور کی پیشگوئی بالکل غلط اور جھوٹی ہے۔ تلخ کلامی بھی ہوئی، اس کے بعد مجھے یہی مناسب معلوم ہوا کہ اسمست سے نکل جاؤں۔

چنانچہ وہ نکل کر سب سے پہلے ریاست امب کے علاقے میں پہنچے جو سرحد آزاد سے متصل تھا، اور اسمست سے یہ علاقہ زیادہ دور نہ تھا، وہاں سید عبدالجبار شاہ ستھانوی سے ملاقات ہوئی، جو اس زمانے میں ریاست امب کے وزیر تھے، انہوں نے ستھانہ میں مولوی صاحب کے لئے قیام کا بندوبست کر دیا اور خود پشاور گئے، وہاں معلوم نہیں کس کس

(۱) حافظ عنایت اللہ اثری کا ایک بیان اس سلسلے میں پہلے نقل ہو چکا ہے کچھ معلوم نہیں کہ ۱۳۳۵ھ میں امام مہدی یا سید صاحب کے ظہور کی تاریخ کہاں سے پیدا ہوگئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ جماعت میں بعض غیر مستند روایات رائج تھیں، یقیناً یہ اعلیٰ مقاصد کے پیش نظر پھیلائی گئی ہونگی، لیکن ظاہر ہے کہ یہ طریقہ سراسر غلط تھا اور اس کا انجام قطعاً اچھا نہ ہوا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سے ملے اور کیا بات چیت ہوئی، واپس آئے تو مولوی صاحب کو مشورہ دیا کہ صاحبزادہ سر عبدالقیوم سے ملیے۔

وہ رخصت لیکر اپنے وطن ٹوپی میں مقیم تھے، مولوی صاحب ان سے ملے تو انہوں نے ایک مکتوب دیا جسے لے کر مولوی صاحب پشاور پہنچے۔ بائیس روز وہاں ٹھہرے رہے، سب معاملات طے ہو گئے تو انہیں لاہور آنے کی اجازت ملی، مولوی صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ مجھ پر صرف ایک شرط عائد کی گئی تھی اور وہ یہ کہ ایسا کام پھر نہ کرنا۔ (۱)

فروری ۱۹۲۱ء میں آئے تھے، پھر ہندوستان سے ہجرت کر کے مکہ معظمہ چلے گئے اور وہیں وفات پائی۔

ضروری گزارش

مولوی صاحب کے ابتدائی دورِ حیات اور آخری دورِ حیات میں بیّن تفاوت شاید بعض طبیعتوں پر شاق گذرے، مثلاً یہ بات کہ واپس آ کر انہوں نے قاضی کوٹ کے مقدمے میں ایسی گواہیاں دیں جنہیں بہر حال سرکاری گواہیاں ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ بے شک یہ طرزِ عمل کھٹکتا ہے، لیکن میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ انسانوں کی طبیعتیں مختلف ہوتی ہیں، بعض لوگ ایک خاص تصور کے ماتحت انتہائی مجاہدانہ سرگرمیوں میں پیش پیش رہتے ہیں، جب ان پر واضح ہوتا ہے کہ اصل تصور درست نہ تھا تو نیک طبعی کی بنا پر مناسب یہی سمجھتے ہیں کہ جو غلطی انہوں نے کی تھی اس کی تلافی کر دینی چاہئے اور اس سلسلے میں جائز حدود کا بھی چنداں خیال نہیں رکھتے۔ اس کے برعکس بعض طبیعتیں ایسی ہوتی ہیں کہ حالات کو خلافِ توقع سخت سے سخت ناسازگار پا کر عزم و ہمت میں اور زیادہ استوار اور کوششوں میں اور زیادہ سرگرم ہو جاتے ہیں۔ مولوی ولی محمد اپنے بعض خداداد جوہروں

(۱) یہ حالات خود مولوی صاحب کے بیان سے ماخوذ ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کے باوجود جو بالکل نادر تھے پہلے طبقے کے آدمی تھے، دوسرے طبقے کے نہ تھے۔

ہوسکتا ہے بعض اصحاب اس روش کو بہت اچھا نہ سمجھیں لیکن اس سے نہ مولوی صاحب کے نیک کام پر کوئی اثر پڑسکتا ہے اور نہ یہ سمجھنا چاہئے کہ وہ خدانخواستہ انگریزوں کے ہم نوا بن گئے تھے، یا کسی لالچ کی بناء پر انہوں نے یہ طریقہ اختیار کیا، حاشا وکلا! وہ یہی سمجھتے تھے کہ گناہ کا کفارہ اسی صورت میں ادا ہوسکتا ہے، خواہ اس رائے سے کسی کو اتفاق ہو یا نہ ہو، ان کی نیک طبعی کا یہ روشن ثبوت ہے کہ ہندوستان میں نہ ٹھہرے بلکہ مکہ معظمہ چلے گئے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

پانچواں باب:

اسلامیت کے جواہر پارے (۱)

حافظ عنایت اللہ اثری

اب مختلف اصحاب کے تذکرے یکجا ملاحظہ فرمائیے:

حافظ عنایت اللہ وزیر آباد کے رہنے والے اور حافظ عبدالمنان محدث وزیر آبادی کے شاگرد ہیں۔ غالباً ۱۹۱۳ء سے جماعتِ مجاہدین کے ساتھ آپ کی وابستگی کا آغاز ہوا، مارچ ۱۹۱۴ء میں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اجلاس بہ مقام امرتسر منعقد ہوا تھا، اس میں مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی بھی تشریف لائے۔ اجلاس کے بعد وزیر آباد کو بھی اپنے قدوم سے مشرف فرمایا۔ حافظ عنایت اللہ اس زمانے میں حافظ عبدالمنان سے پڑھتے بھی تھے اور اپنی دوکان پر درزی کا کام بھی کرتے تھے۔ مولانا رحیم آبادی نے بھی کچھ کام دیا، وہ پورا کر دیا تو مولانا رحیم آبادی بہت خوش ہوئے، دہلی پہنچ کر تار کے ذریعے سے بلا لیا، تعلیم کے لئے حافظ عبداللہ غازی پوری کے سپرد کیا جو مدرسہ ریاض العلوم میں پڑھاتے تھے اور میرزا ولی اللہ بیگ سے فرمایا کہ عنایت اللہ کو بنوٹ سکھا دیجئے۔

مولانا رحیم آبادی جب دہلی تشریف لاتے تو شیخ عطاء الرحمٰن اور شیخ عبدالرحمٰن کے ہاں پھاٹک حبش خاں میں قیام فرماتے، جمعہ پڑھاتے تو خطبے میں سورۂ ق اول سے آخر تک پڑھتے اور مختصر سی تقریر بھی فرماتے۔ پھر وہ، حافظ عبداللہ غازی پوری اور دوسرے علماء و رؤسائے دہلی اوکھلا میں جمع ہوتے، وہاں بنوٹ کے کرتب دکھائے جاتے، جنہیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

دیکھ کر بہت خوش ہوتے، انہیں اور حافظ غازی پوری کو مجاہدین سے بڑی الفت تھی اور جہاد کا بہت شوق تھا۔ اسی خیال سے وہ موزوں جوانوں کو منتخب کر کے ان کیلئے سپاہیانہ فنون کے سیکھنے کا انتظام فرمایا کرتے تھے، گھر سے آسودہ حال تھے، ہزاروں روپے جماعتی کاموں میں خرچ کئے، مولانا شبلی کی سیرۃ النعمان پر جو انتقاد انہوں نے حسن البیان کے نام سے شائع کیا اس کا جواب آج تک کوئی نہ دے سکا۔

پھر حافظ عنایت اللہ مولوی فضل الٰہی کے ذریعے سے جماعت مجاہدین کے ساتھ وابستہ ہوئے، اکتوبر ۱۹۱۵ء میں اسمست گئے، وہاں کے حالات، امیر نعمت اللہ سے گفتگو، جماعت کے بعض معتقدات کے متعلق تاثرات اور سفر آمد و رفت کی کیفیت ہم پیش کر چکے ہیں، بم کے مقدمے میں وہ بھی گرفتار ہوئے تھے لیکن ثبوت نہ ملنے کے باعث رہا کر دیے گئے، آج کل جامع مسجد اہل حدیث گجرات میں خطیب ہیں۔

مستری ابراہیم

یہ نظام آباد (متصل وزیر آباد) کے رہنے والے تھے، والد کا نام امام دین ہے۔ مقدمہ قاضی کوٹ کے وقت ان کی عمر پینتالیس سال کی تھی، مولانا حافظ عبدالسنان محدث سے فیض یافتہ تھے، مولوی ولی محمد کی تلقین سے اہل حدیث ہوئے اور مولوی فضل الٰہی کی وساطت سے جماعت مجاہدین کے ساتھ وابستگی پیدا کی۔ یہ آہنگروں کے اس خاندان میں سے تھے جسے ہنرمندی اور کاریگری میں خاص شہرت حاصل تھی۔ حکومت سے اسلحہ سازی کا لائسنس حاصل کر لیا تھا، سرکاری رائفلوں کی مرمت و درستی کا ٹھیکہ بھی انہیں مل گیا تھا، عموماً تلواریں اور بندوقیں بناتے تھے، مالی اعانت کے علاوہ حسب استطاعت جماعت مجاہدین کو اسلحہ بھی بھیجا کرتے تھے۔ مولوی فضل الٰہی انہیں انتظامی مشوروں میں شریک رکھتے تھے اور ان کے ذمے خاص کام یہ تھا کہ اسمست جانے والے

www.BestUrduBooks.wordpress.com

جتنے آدمی وزیر آباد پہنچیں، انہیں ریل پر سوار کرا دیا کریں۔ قاضی کوٹ کے مقدمے میں انہیں بھی گرفتار کیا گیا تھا، لیکن کوئی ثبوت ان کے خلاف بہم نہ پہنچا لہٰذا تفتیش کی کھینچ تانی کے سوا وہ ہر آزار سے محفوظ رہے۔ ۱۹۳۵ء کے قریب وفات پائی۔ قاضی عبدالرحیم فرماتے ہیں کہ مستری صاحب نہایت شریف انسان اور پابند احکامِ شریعت تھے۔

تاج محمد

تاج محمد ولد جلال الدین باجوہ جاٹ، ساکن موضع سکھانہ ضلع گوجرانوالہ۔ قاضی کوٹ کے مقدمے کے وقت پینتیس سال کی عمر تھی مولوی ولی محمد کی تلقین سے اہل حدیث ہوئے، پھر پورا خاندان مولوی صاحب موصوف کا مرید ہو گیا، جماعت مجاہدین سے تاج محمد کا تعلق ۱۹۱۰ء کے لگ بھگ پیدا ہوا، یہ کھیتی باڑی کرتا تھا اور ہر سال پیداوار کا عشر باقاعدہ مجاہدین کو بھجوایا کرتا تھا۔ مولوی ولی محمد ہجرت کر کے اسمست پہنچ گئے تو اپنے تمام مریدوں کے پاس پیغامات بھیجے کہ ہندوستان دارالکفر ہے وہاں سے ہجرت کر کے اسمست آ جاؤ۔ چنانچہ ۱۹۱۵ء میں تاج محمد بھی اسمست چلا گیا اور وہاں اپنا نام نصر اللہ رکھا۔ دو تین ماہ تک اسمست میں قواعد کرتا اور نشانہ بازی سیکھتا رہا، پھر اسے چمرکنڈ بھیج دیا گیا، جہاں یہ مختلف چھاپوں میں شریک رہا۔ چمرکنڈ سے دوبارہ اسمست آیا تو سنا کہ مولوی ولی محمد صاحب مرکز کو چھوڑ کر ہندوستان چلے گئے ہیں، پھر اسے چمرکنڈ بھیجا گیا تو وہاں کی جماعت کے امیر مولوی عبدالکریم صاحب، اللہ دتا اور بلال کو مولوی فضل الٰہی کے پاس روپیہ کے لئے بھیج چکے تھے، ان کی واپسی میں تاخیر ہو گئی تو امیر موصوف نے تاج محمد اور عبداللہ عرف عبدالرحمٰن ساکن وزیر آباد کو بھی روانہ کر دیا، اس اثناء میں اسمست سے عبداللہ، سلیم اللہ اور ایوب آ گئے تھے، جنہیں مولوی یوسف نے ایک خط دے کر مولوی عبدالحق مالک رفاہِ عام کے پاس بھیجا تھا کہ اگر بم پھنکواؤ تو ان کا انتظام کر دیا جائے،

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مولوی صاحب نے جواب دیا کہ میں یہ کام نہیں کرسکتا۔ تاج محمد نے مستری ابراہیم کی معرفت پانسو تیس روپے مولوی فضل الٰہی کے گھر سے منگوائے اور عبداللہ عرف عبدالرحمٰن کو یہ رقم دے کر چمرکنڈ واپس کر دیا، خود اپنے گھر چلا گیا، بارہ تیرہ روز بعد قاضی کوٹ کے مقدمہ کے سلسلے میں گرفتار ہوگیا اور اس مقدمے میں استغاثے کی طرف سے گواہی دی۔

اللہ دتا عرف عبدالحکیم

یہ بھی مولوی ولی محمد کی وجہ سے اہل حدیث ہوا اور مولوی صاحب ہی کے ہاتھ پر بیعتِ جہاد کی۔ جب موصوف کی طرف سے پیغام آیا تو ہجرت کر کے اسمست چلا گیا، وہاں سے چمرکنڈ پہنچا اور مجاہدین کی سرگرمیوں میں شریک رہا۔ امیر امان اللہ خاں کی خدمت میں پہنچانے کے لئے مولوی عبدالکریم امیر جماعت چمرکنڈ کے پاس بھیجا، وہاں سے مولوی عبدالکریم کے علاوہ مولانا محمد بشیر، مولوی حنیف اور مولوی عبدالحمید جشن میں شامل ہونے کیلئے کابل گئے تو اللہ دتا اور بعض دوسرے اصحاب بھی ان کے ہمراہ تھے۔

اس سفر میں مولانا محمد بشیر نے امیر موصوف سے یہ درخواست کی کہ اول جماعت مجاہدین کو کچھ زمین عطا کی جائے، دوم ہمیں جو امدادی رقم ملتی ہے اس میں اضافہ کیا جائے تاکہ گزارا بخوبی ہو سکے، سوم بم مہیا کیے جائیں، جنہیں ہندوستان کے مختلف حصوں میں پھنکوایا جائے، چہارم ایک مطبع کا انتظام کر دیا جائے تاکہ اشتہار چھاپ چھاپ کر ہندوستان میں تقسیم کیے جائیں، یہ درخواستیں منظور ہوگئیں۔

ان کے علاوہ امیر نے ارکانِ وفد اور چمرکنڈ و اسمست کے بعض دوسرے اکابر کے لئے چغے، لنگیاں، پوستین اور تمغے دیے، کابل سے واپسی پر مولوی عبدالکریم نے اللہ دتا اور بلال کو یہ پیغام دے کر مولوی فضل الٰہی کے پاس بھیجا کہ جلد سے جلد آدمی ارسال کیے جائیں کیونکہ لڑائی شروع ہونے والی ہے۔ مولوی صاحب نے چند روز کے توقف کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہدایت کی، اللہ دتا گھر چلا گیا، معلوم ہوا کہ اس کے خسر کا انتقال ہو چکا ہے۔ ایک چھوٹا بچہ بھی فوت ہو گیا ہے اور گھر بار کی نگرانی کرنے والا کوئی نہیں، لہٰذا وہ یہیں ٹھہر گیا۔ قاضی کوٹ کے مقدمے میں گرفتار ہوا اور استغاثے کی طرف سے شہادت دی۔ عبداللہ عرف عبدالرحمٰن ساکن سنبھلہ اللہ دتا کا برادر عم زاد تھا، جس کا ذکر جماعت کے قاصدوں میں بار بار آیا ہے۔

اللہ دتا ہی کے بیان سے واضح ہوا کہ فیروز پور کے ایک مجاہد داؤد نے چمرکنڈ سے آ کر ڈاکہ ڈالا تھا۔ احمد عرف خان بہادر بھی اس کے ہمراہ تھا، داؤد گرفتار ہو گیا، خان بہادر بچ کر نکلا اور چمرکنڈ پہنچ گیا۔

چودھری الٰہ داد

چودھری صاحب موضع سنبھلہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے، عنفوانِ شباب ہی میں ہجرت کا ارادہ کر لیا، ان کا صرف ایک بچہ تھا اسماعیل نام، جس کی عمر چھ سات سال سے زیادہ نہ ہوگی۔ اہلیہ سے اپنے ارادے کا ذکر کیا تو وہ معیت کے لئے تیار نہ ہو سکی، یہ صورت حال دیکھی تو اہلیہ کو طلاق دے دینے کا فیصلہ کر لیا، اہلیہ اور اقارب نے موصوف کو مشورہ دیا کہ طلاق نہ دو ویسے چلے جاؤ، اگر وہاں مستقل قیام کی صورت پیدا ہو جائے تو بے شک طلاق بھیج دینا، لیکن چودھری صاحب نے کہا میں ہجرت اور جہاد کی نیت سے جا رہا ہوں کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ واپس آؤں یا نہ آؤں، اور ایسی حالت میں نہیں جا سکتا کہ اہلیہ کے حقوق کا بوجھ میری گردن پر ہو، چنانچہ طلاق دے دی اور اپنے نابالغ بچے کو ساتھ لے کر چلے گئے۔ تین چار سال یاغستان میں گزارے، جب وہاں حالات کی ناسازگاری حدِ برداشت سے باہر ہو گئی تو مجبوراً واپس آ گئے۔ ۱۹۴۵ء کے لگ بھگ موضع سنبھلہ میں وفات پائی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ظاہر ہے کہ ان میں سے اکثر اصحاب معمولی دیہاتی تھے اور زیادہ پڑھے لکھے نہ تھے، انہیں سیاسیات سے بھی زیادہ آگاہی نہ تھی، آزادی اور اسلامیت کے لئے جنگ کو ایک اہم دینی خدمت سمجھ کر بے تکلف ہر قربانی کے لئے تیار ہو گئے۔ بعض کے کاروبار کو نقصان پہنچا، بعض کے گھر بار تباہ ہوئے، اور معلوم ہے کہ کامیابی کی حالت میں ان کے لئے نہ شہرت وانعام کی کوئی امید تھی اور نہ جاگیر و وظیفہ کی، نہ اس قسم کے خیالات سے ان کے دل و دماغ کا دامن کبھی ملوث ہوا، دینی حرارت کے یہ شعلے اسی آگ سے بھڑکتے تھے جو انیسویں صدی کے ربع اول میں سید احمد شہیدؒ نے سلگائی تھی، ان کے ارادت مند اس آگ پر مسلسل ومتواتر بے مثال قربانیوں کا تیل ڈالتے رہے۔

مولوی عبدالرزاق

ان کا اصل وطن رائے چک ہے، جو کلانور (ضلع گورداسپور) سے چار میل کے [illegible] ہے۔ والد ماجد جن کا نام نورالدین تھا، خاصے تعلیم یافتہ تھے، مولوی محمد حسین بٹالوی اور مولوی سید عبدالجبار غزنوی سے خاص تعلق تھا۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ وہ خود اہل حدیث ہوئے یا خاندان اس سے پیشتر ہی اہل حدیث ہو چکا تھا۔

عبدالرزاق نے ابتدائی تعلیم اپنے بڑے بھائی مولوی مولا بخش کے پاس حاصل کی جو لاہور میں چودھری شہاب الدین کے ادارہ مطبوعاتِ قانونی کے مہتمم تھے۔ مولوی مولا بخش محمد بشیر (عبدالرحیم) کے گہرے دوست تھے، اس وجہ سے عبدالرزاق بھی وہاں آنے جانے لگے، مولانا محمد بشیر نے ہجرت کی تو تاکید کر دی تھی کہ مولوی مولا بخش ان کا حساب وکتاب دیکھ لیا کریں، چنانچہ وہ خاصی دیر تک یہ کام انجام دیتے رہے، اس زمانہ میں بعض اوقات چار سو روپے روزانہ کی آمدنی تھی، آہستہ آہستہ یہ سلسلہ درہم برہم ہو گیا۔

عبدالرزاق نے کچھ اسلامی کتابیں اور رسالے پڑھے تو شوق پیدا ہو گیا کہ کسی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

طرح یاغستان پہنچیں، مولوی عبدالحق مالک رفاہِ عام پریس کے پاس مجاہدین کے قاصد آتے رہتے تھے، ان میں سے عبدالقادر کی خاص شہرت تھی، جس کا ذکر مولوی محمد علی کے حالات میں بھی آچکا تھا۔ یہ سرحد کے قریب انگریزی علاقے میں رہتا تھا، اس سے عہد و پیمان کر کے عبدالرزاق روانہ ہوئے، ہری پور سے در بند ہوتے ہوئے اسمست پہنچے، وہاں مہمان خانے میں رہے، دو تین روز کے بعد بیعت کی، اس زمانے میں بنگالی ہندوستانی تنولی وغیرہ جماعتیں الگ الگ تھیں اور ہر جماعت میں پچاس آدمی ہوتے تھے۔

جماعتی فرائض

بیعت کے بعد ان کے ذمے یہ کام لگایا گیا کہ ضرورت کی چیزیں ہندوستان سے لایا کریں یا وہاں سے آنے والے آدمیوں کو لے آیا کریں، چنانچہ انہیں تمام راستے دکھا دیے گئے۔ عبدالرزاق نے متعدد سفر کیے، مولوی ولی محمد فتوحی والا کے اکثر مریدین کو انہیں نے اسمست پہنچایا۔ یہاں سے مولانا عبدالقادر قصوری کو جب ضرورت پیش آتی تھی تو وہ بھی کسی نہ کسی آدمی کے ہمراہ انہیں بھیج دیتے تھے، مثلاً ڈپٹی برکت علی کو عبدالرزاق ہی لے کر گئے تھے۔ ایک مرتبہ راولپنڈی میں ایک مخلص فوجی جمعدار نے بندوق کا انتظام کیا اور پیغام بھیجا کہ بندوق منگوالی جائے، چنانچہ اسمست سے عبدالرزاق ہی راولپنڈی آئے۔ ایک بندوق اور دو سو کارتوس روئی کی بوری میں رکھ لئے گئے۔ در بند سے دریا عبور کر کے آزاد علاقے میں پہنچے تو روئی کی بوری کسی کو دے دی، بندوق اور کارتوس اسمست پہنچا دیے۔

ایک مرتبہ جا رہے تھے تو دیکھا کہ داروگیر بڑھ گئی ہے، چنانچہ انہیں بھی ہری پور میں روک کر واپس بھیج دیا گیا، یہاں باز پرس شروع ہوگئی، لوگوں کی گرفتاریاں ہونے لگیں، عبدالرزاق یہ حالت دیکھ کر لاہور سے روپڑ چلے گئے، وہاں سے آگے بڑھ کر ایک پہاڑی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گاؤں میں مقیم ہو گئے، اس اثناء میں ''بلوغ المرام پڑھی''۔

مستقل ہجرت

کچھ مدت کے بعد خیال آیا کہ وطن پہنچنا چاہئے، زیادہ تر فاصلہ پیدل طے کیا تا کہ پہچانے نہ جائیں، لیکن رائے چک پہنچتے ہی گرفتار ہو گئے اور انہیں لاہور پہنچا دیا گیا۔ اس جگہ غالباً دو یا تین روز حوالات میں رہے، چودھری علی گوہر نام ایک پولیس افسر کے سامنے پیشی ہوئی، وہ چودھری شہاب الدین کے عزیز تھے اور مولوی عبدالرزاق کے بھائی مولوی مولا بخش کو خوب جانتے تھے۔ انہوں نے رہا کر دیا اور یہ کچھ مدت تعلیم پاتے رہے، دل میں خدمتِ ملت و ملک کی جو حرارت بھری ہوئی تھی وہ چین نہ لینے دیتی، وقتاً فوقتاً اپنے پرانے مرکزوں میں بھی آتے جاتے رہتے تھے۔

جب مولانا محمد بشیر اور مولوی یوسف نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہندوستان سے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان بھیجے جائیں تو عبدالرزاق نے اس سلسلے میں بھی خاصا کام کیا، پھر خود بھی چلے گئے، خاصا وقت اسمست اور چمرکنڈ میں گزارا، بالآخر کابل میں مقیم ہو گئے۔ ۱۹۴۶ء میں بعض ناخوشگوار حالات سے مجبور ہو کر واپس آئے اور مدت تک خفیہ پولیس کی بے سبب آزاری کا نشانہ بنے رہے۔ آج کل لاہور میں مقیم ہیں، ان کے بعض حالات ڈاکٹر رحمت کے سلسلے میں بیان ہوں گے۔

مولوی عبدالواسع

بعض اصحاب اختیاراً نہیں بلکہ اضطراراً مرکز مجاہدین میں پہنچے اور جماعتی کاموں میں شریک رہے۔ ان میں سے ایک مولوی ولی اللہ قصوری تھے، جو ریاست فرید کوٹ میں میر منشی بن گئے تھے، بڑی دولت پیدا کی، قصوری کے رئیس سمجھے جاتے تھے، فرید کوٹ کا ایک راجا فوت ہوا تو حکومت نے اس کے جانشین کی نابالغی کے زمانے میں ایک انتظامی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مجلس بنادی جو نظم ونسقِ ریاست کی نگراں تھی۔ مولوی ولی اللہ اس مجلس کے رکن بنا دیے گئے۔ جب نئے راجا نے بالغ ہوکر عنانِ انتظام اپنے ہاتھوں میں لی تو انتظامی مجلس کے ارکان پر سختیاں شروع کر دیں، مولوی ولی اللہ پر بھی مقدمہ بنادیا گیا اور چار سال کے لئے قید کر دیے گئے۔ مولانا عبدالقادر قصوری نے بہ مشکل انہیں ضمانت پر رہا کرایا، پھر وہ راتوں رات نکل کر مولانائے مرحوم کے زیرِ انتظام اسمست پہنچ گئے، وہاں اپنا نام بدل کر عبدالواسع رکھا (۱) امیر المجاہدین نے انہیں اپنا میر منشی بنالیا تھا۔ مولوی محمد علی لکھتے ہیں:

> وہ نہایت اعلیٰ درجے کے خوش نویس تھے اور فارسی پر ایسی قدرت تھی کہ ان کے مکتوبات ابوالفضل کے انشاء کی یاد تازہ کرتے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب میں کابل میں تھا اور ان کے مراسلے امیر حبیب اللہ کی خدمت میں پہنچتے تھے تو وہ انہیں مکرر سہ کرر پڑھا کرتے تھے اور مولوی صاحب کے اعلیٰ فارسی انشاء کی داد دیتے اور ان کی خوش خطی کی تعریف کرتے۔ کابل میں اس زمانہ میں کوئی شخص ایسا نہ تھا جو فارسی میں ان کی ہمسری کر سکتا۔ (۲)

ڈپٹی برکت علی

ڈپٹی صاحب گوجرانوالہ کے رہنے والے اور پنجاب میں سینئر جج تھے، وہ پنشن پر سبک دوش ہونے کے قریب پہنچے تو بالا دست حکام کے عتاب میں آ گئے اور ان پر رشوت کے دو مقدمے بنا دیے گئے۔ دونوں میں دو دو سال قید کی سزا سنادی گئی۔ ڈپٹی صاحب مولانا عبدالقادر قصوری کے دوست تھے، مولانا نے اس سزا کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل دائر کر دی اور ڈپٹی صاحب کو پانچ ہزار کی ضمانت پر رہا کرالیا۔ قرائن کی بنا پر یقین

(۱) قاضی کوٹ کے مقدمے میں جو بیانات ہوئے، ان میں نام عبدالباسط بتایا گیا ہے، میرے نزدیک مولوی محمد علی کا بیان زیادہ مستند ہے۔

(۲) مشاہداتِ کابل و یاغستان، ص: ۱۱۵-۱۱۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہو چکا تھا کہ اپیل مسترد ہو جائے گی اور سزا بحال رہے گی، اس لئے کہ ہندو چیف جج کو ڈپٹی صاحب سے خاص کاوش تھی، مولانا عبدالقادر نے خود پانچ ہزار کا نقصان برداشت کرلیا اور ڈپٹی صاحب کو خفیہ خفیہ ہندوستان سے اسمست بھیج دیا۔ مولوی محمد علی قصوری اسمست پہنچے تو ان کی تلقین سے ڈپٹی صاحب نے قرآن مجید کا ترجمہ بھی پڑھا، حدیث کی کتابیں بھی دیکھیں اور نہایت متشرع اور تہجد گزار مسلمان بن گئے۔ (۱)

مولوی محمد علی کے لئے روس کیپل نے واپسی کا انتظام کر دیا تو انہوں نے اصرار کر کے ڈپٹی صاحب کو آزادی دلانے کی کوشش کی، حکومت پنجاب تو راضی نہ ہوئی لیکن روس کیپل نے یہ انتظام کر دیا کہ ڈپٹی صاحب میعاد وقید کے دو سال سرحد میں گزار لیں، چنانچہ مانسہرہ کا مقام ان کے لئے تجویز ہو گیا۔ اس اثناء میں ان کے صاحبزادے کو مانسہرہ ہائی سکول کا ہیڈ ماسٹر بنا دیا گیا۔ اس طرح ڈپٹی صاحب اپنے بال بچوں سے مل گئے اور دو سال کی مدت مانسہرہ میں گزار کر پنجاب آئے۔

مولانا محمد علی لکھوی

آپ پنجاب کے مشہور عالم و مفسر مولانا محمد لکھوی کے پوتے ہیں، جن کی منظوم پنجابی تفسیر ہمارے ہاں بہت متداول ہے۔ مولانا محمد کے والد حافظ بارک اللہ تھے، زہد و تقدس اور علم و فضل کی وجہ سے تمام لوگ ان کا بہت ادب کرتے تھے۔ ایک مرتبہ نواب ممدوٹ ان سے ملنے کے لئے "لکھوکے" آئے، جو ریاست ممدوٹ ہی کا ایک موضع تھا، مصافحہ کے وقت نواب صاحب کی کلائی پر ہاتھ پڑا تو معلوم ہوا کہ سونے کے کنگن پہن رکھے ہیں، حافظ صاحب بہت برہم ہوئے اور فرمایا کہ دین سے بے پروا لوگ ہمیں گوشہ تنہائی میں بھی چین سے نہیں بیٹھنے دیتے اور ناجائز چیزیں پہن کر آ جاتے ہیں۔ نواب

(۱) مشاہدات کابل و یاغستان

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سخت ناراض ہوا اور حافظ صاحب کو ریاست سے نکل جانے کا حکم دے دیا، چنانچہ وہ اہل خاندان کو لے کر ریاست بہاول پور میں جا بیٹھے، پھر دریائے ستلج میں ایسی طغیانی آئی کہ نواب ممدوٹ کے محل بھی خطرے میں پڑ گئے۔ اس وقت نواب کو احساس ہوا کہ یہ مصیبت حافظ صاحب جیسے مقدس بزرگ کو ریاست سے نکالنے کی پاداش میں نازل ہوئی ہے، چنانچہ انہیں منت والتماس سے بہ اعزاز واپس بلایا گیا۔ سید جعفر علی نقوی ۱۲۴۵ھ میں مجاہدین کا ایک قافلہ لے کر سید صاحب کے پاس سرحد گئے تھے تو ریاست بہاول پور میں سے گذرتے ہوئے حافظ بارک اللہ سے بھی ملاقات ہوئی تھی، یہ حافظ صاحب کی جلاوطنی ہی کے زمانے کا واقعہ ہے۔ (۱)

حافظ صاحب کے فرزند ارجمند حافظ محمد بہ طور مصنف مشہور ہیں، ان کی تصانیف میں سے تفسیر محمدی تو پنجاب کے لاکھوں مسلمانوں نے پڑھی اور سنی ہوگی، حافظ محمد کے ایک صاحبزادے مولانا عبدالرحمٰن تھے جنہوں نے دہلی جا کر شیخ الکل میاں نذیر حسین مرحوم سے حدیث پڑھی، مولانا محمد علی انہیں کے فرزند ہیں۔ ۱۹۳۸ء میں ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے گئے، وہیں قیام پذیر ہیں، مسجد النبی میں درس و تدریس کا سلسلہ جاری کر رکھا ہے۔

مولانا محمد علی سالہا سال چمرکنڈ میں مجاہدین کے ساتھ رہے، اس سے پہلے اور بعد مجاہدین کی مالی امداد کا سلسلہ برابر جاری رکھا۔ افسوس کہ ان کی سرگرمیوں کے مفصل حالات معلوم نہ ہو سکے اور اتنا موقع نہ مل سکا کہ کسی ذریعے سے خود مولانا کو حالات لکھ دینے کی زحمت دی جاتی، ہندوستان سے ہجرت کا سبب یہی تھا کہ وہ غیر مسلم اجنبی

(۱) ملاحظہ ہو جماعت مجاہدین، ص: ۲۰۳۔ وہاں غلطی سے حافظ صاحب کا نام تبارک اللہ لکھا گیا، مولانا نور محمد کے متعلق بھی ایسا ہی واقعہ میرے علم میں آیا، نواب بہاول پور سے ملاقات کے لئے گئے تو اس وجہ سے مصافحہ نہ کیا کہ نواب نے سونے کے کنگن پہن رکھے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حکومت کے ماتحت زندگی بسر کرنا اسلامیت حقہ کے منافی سمجھتے تھے اور انگریزی حکومت کا تختہ الٹ دینے کی جو کوششیں وہ مجاہدین کے ذریعے سے کرتے رہے تھے، ان کی کامیابی مشتبہ ہوگئی تھی، تحریک خلافت اور تحریک ترک موالات میں بھی مولانا محمد علی نے سرگرمی سے حصہ لیا تھا۔

تقسیم کے بعد مولانا کا پورا خاندان اوکاڑہ میں مقیم ہوگیا، وہاں مولانا محمد علی کے ایک صاحبزادے نے جامعہ محمدیہ کے نام سے ایک دینی درسگاہ قائم کرلی ہے۔(۱)

صوفی عبداللہ

صوفی صاحب نے خود فرمایا کہ میں مولوی ولی محمد فتوحی والا اور مولوی فضل الٰہی کی دل نواز اور ایمان افروز تقریریں سن کر جماعت مجاہدین سے وابستہ ہوا، یہ ملکہ وکٹوریا کی وفات سے بعد کی بات ہے۔ یعنی صوفی صاحب موجودہ صدی کے اوائل ہی میں اپنی زندگی مجاہدانہ خدمات کے لئے وقف کر چکے تھے، شروع میں مولوی فضل الٰہی کے ساتھ چندہ فراہم کرنے کیلئے دورے کیا کرتے تھے، مولوی فضل الٰہی قید ہو گئے تو صوفی صاحب اکیلے جماعت کی خدمات انجام دیتے رہے۔ قاضی کوٹ کا مقدمہ بم قائم ہوا اور مولوی فضل الٰہی ہندوستان سے ہجرت کر کے جلال آباد و کابل ہوتے ہوئے چرکنڈ پہنچے تو صوفی عبداللہ کا دل بھی وطن سے اچاٹ ہوگیا، چنانچہ وہ بھی چرکنڈ پہنچ کر مجاہدین میں کام کرتے رہے۔ کئی سال وہاں گزارے، جب مولانا محمد بشیر اور مولوی فضل الٰہی میں اختلافات پیدا ہوئے تو صوفی صاحب واپس آ گئے۔(۲)

---

(۱) یہ حالات مجھے مولوی محمد اسحاق مدیر "الاعتصام" سے معلوم ہوئے۔

(۲) خود صوفی صاحب نے اختلاف کی جو کیفیت بتائی اس کا خلاصہ یہ ہے کہ عبدالکریم قنوجی کی وفات پر مولوی فضل الٰہی امیر بنے، مولانا بشیر وزیرستان سے واپس آئے تو انہوں نے امارت کا دعویٰ اس بناء پر کیا کہ مولوی فضل الٰہی سے پہلے ہجرت کر کے آئے تھے۔ مولوی فضل الٰہی نے امارت چھوڑ دی، ..... باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مشکلاتِ کار

مجاہدین کا ہر کام واقعی جانبازی کا کام تھا، لیکن جن لوگوں کو ہندوستان سے چندہ لانے کیلئے بھیجا جاتا تھا، ان کا تو ایک ایک لمحہ بے اطمینانی میں گذرتا تھا۔ صوفی صاحب کو بھی چندے کی غرض سے بھیجا جاتا تھا، وہ فرماتے ہیں کہ محض ہندوستان ہی میں خطرات نہ تھے، سرحد آزاد میں بھی قزاقی کا خوف دامن گیر رہتا تھا۔ مجاہدین نے کسی ذریعے سے پشاور میں ایک مکان کرائے پر لے رکھا تھا، آنے جانے والے اس مکان میں ٹھہرتے تھے، بعض اوقات قافلے کے انتظار میں ان کا قیام ممتد ہو جاتا تھا۔

ایک مرتبہ صوفی صاحب روپے لے کر گئے اور چند روز پشاور میں ٹھہرے رہے، جب قافلے کی صورت نہ بنی تو اکیلے روانہ ہو گئے، راستے میں ڈاکوؤں سے سابقہ پڑا صوفی صاحب جھٹ پیشاب کے بہانے بیٹھ گئے اور جو رقم ان کے پاس تھی، وہ بیٹھے بیٹھے زمین میں دفن کر دی۔ ڈاکوؤں نے تلاشی لی تو کچھ نہ پایا اور انہیں رخصت کر دیا۔ جب ڈاکو خاصی دور نکل گئے تو صوفی صاحب نے رقم نکالی اور چمرکنڈ پہنچ گئے۔

ایک مرتبہ اکیلے جا رہے تھے کہ ایک پہاڑ کی چوٹی پر رات کے وقت ایک بہت بڑا سانپ ملا، جسے صوفی صاحب نے اژدہا سمجھا، چنانچہ آپ نے سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی

گذشتہ صفحہ کا بقیہ حاشیہ..... اہل چمرکنڈ نے یہ فیصلہ قبول نہ کیا، مولانا محمد بشیر اسمست گئے اور وہاں سے ایک جماعت مجاہدین کی ساتھ لائے، آتے ہی امارت سنبھال لی اور خزانچی بھی اپنا مقرر کیا۔

میرا اندازہ ہے کہ صوفی صاحب کو یا تو غلط فہمی ہوئی یا انہوں نے صرف ایک فریق کے بیانات کو درست سمجھ لیا، جس حد تک مجھے علم ہے اور یہ علم ذمہ دار افراد کے بیانات پر مبنی ہے، مولانا محمد بشیر نے کبھی امارت کی خواہش نہ کی، وزیرستان سے واپس آ کر ان کے اسمست جانے کی وجہ یہ تھی کہ امیر نعمت اللہ کے واقعے میں انہیں بھی ملزم گردانا جا رہا تھا، اس لئے کہ امیر کے قاتل یوسف سے مولانا کے خاندان کا خاص تعلق تھا۔ جب اسمست میں ان کی بے گناہی ثابت ہو گئی تو مرکز کی طرف سے انہیں امیر بنا دیا گیا، البتہ یہ درست ہے کہ ان کے اور مولوی فضل الٰہی کے درمیان کشمکش جاری رہی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اَلْعَالَمِیْنَ کا ورد شروع کر دیا، خدا نے اس بلا کو ٹالا تو صوفی صاحب آگے بڑھے پھر ایک گاؤں سے گھوڑا لے کر منزلِ مقصود پر فائز ہوئے۔

دینی درسگاہ کا قیام

صوفی صاحب کو خدا نے عمل کا پیکر بنایا ہے، چمرکنڈ سے واپس آئے تو دیکھا کہ لائل پور کے علاقے میں اہل حدیث کی کوئی درسگاہ نہیں، چنانچہ رجب ۱۳۵۷ھ (دسمبر ۱۹۳۸ء) کو خدا کا نام لے کر ایک درسگاہ کی بنیاد رکھ دی۔ آج یہ ایک کامیاب درسگاہ ہے، جس میں پنجاب کے علاوہ بنگال، مدراس، یوپی، بلوچستان اور سرحد کے طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

جماعت کے اساتین

صوفی صاحب کے بیان کے مطابق مندرجہ ذیل حضرات جماعت مجاہدین کی امداد واعانت کے ستون تھے: (۱) مولانا عین القضاۃ لکھنوی (۲) مولانا عبد العزیز رحیم آبادی (۳) مولانا زین العابدین (۴) مولانا لیاقت الوری (۵) ڈاکٹر فرید، دربھنگہ (۶) مولانا عبد اللہ سیتا مڑھی (۷) مولانا عبد السبحان جھنگڑوا (۸) حافظ شریف جھکا (۹) حافظ عبد الغفور رتلام (۱۰) حافظ اسحاق دہلی (۱۱) شیخ عطاء الرحمٰن، مدرسہ رحمانیہ دہلی (۱۲) حافظ حمید اللہ کشن گنج (۱۳) حاجی خدا بخش جودھ پوری (۱۴) محمد حنیف صاحب جودھ پوری (۱۵) مولانا ابراہیم بنارسی (۱۶) سیٹھ عبد المتین بنارسی (۱۷) سیٹھ عبد اللہ کوچین (۱۸) سیٹھ داؤد دہلی (۱۹) حاجی عطاء اللہ، اوڈانوالہ (۲۰) حاجی ابراہیم ماڑی اٹاری (۲۱) جناب محمد صاحب راوی والے (۲۱) جناب محمد صاحب راوی والے (۲۲) حافظ عبد اللہ غازی پوری (۲۳) مولانا عبد الخبیر عظیم آبادی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

چھٹا باب:

اسلامیت کے جواہر پارے (۲)

مولوی سلطان محمد

جماعت مجاہدین کے ایک خاموش اور گوشہ نشین کارکن مولوی سلطان محمد تھے، جن کے متعلق عوام میں مشہور ہو گیا تھا کہ وہ نوٹ بناتے ہیں، اور انہیں اس فن میں ایسا کمال حاصل ہے کہ تجربہ کار مبصر بھی اصل اور نقل میں تمیز نہیں کر سکتا۔ جس حد تک میں معلوم کر سکا ہوں مولوی صاحب نے خود کبھی نوٹ نہیں بنائے، البتہ انہیں کیمیا گری کا شوق تھا، غالباً چاندی بنا لیتے تھے اور سونا بنانے کے نسخوں کی تلاش میں سرگرم رہتے تھے۔

پشاور یا یاغستان کا ایک گروہ ان کا رفیق بن گیا تھا، وہ گروہ نوٹ ضرور بناتا تھا، مولوی صاحب کے پاس سو سو روپے کے نوٹوں کے صندوق بھرے آتے تھے، خود انہوں نے ان میں سے کبھی ایک حبہ تک نہ لیا اور پوری رقمیں صرف دو کاموں میں صرف کرتے رہے: اول جماعت مجاہدین کی اعانت، جو زیادہ تر اسلحہ کی شکل میں ہوتی تھی، دوم اپنے انقلابی منصوبے کیلئے اسلحہ کی فراہمی۔ مولوی صاحب کا اپنا یہ حال تھا کہ نہایت سادہ لباس پہنتے، ایک روٹی اور دو پیسے کی دال کھا کر گزارا کرتے۔

وہ ایک معزز خاندان کے فرد تھے، لاہور کے سرکاری چھاپے خانے میں کمپیوزیٹر کے طور پر ملازم ہوئے، چونکہ ابتدا ہی سے انہیں اسلامی اور وطنی کاموں کے ساتھ خاص دل بستگی تھی، اس لئے اپنے دو ہم مشرب رفیقوں کو شریک کار بنا کر نوشہرہ میں ایک پریس

www.BestUrduBooks.wordpress.com

قائم کرلیا، جس کا نام غالباً ''ملٹری پریس'' تھا۔ نوشہرہ کو کاروبار کیلئے منتخب کرنے کی اصل وجہ غالباً یہ تھی کہ سرحد آزاد کے قریب پہنچ کر اعانت مجاہدین بہتر طریق پر انجام دے سکیں، اور آس پاس مختلف مقامات پر مرکز قائم کردیں۔

جیسا کہ اوپر عرض کیا جاچکا ہے، جو کچھ انہیں ملتا تھا، اسلحہ کی خرید پر صرف کردیتے تھے، واقف حال اصحاب کے بیانات کو درست تسلیم کیا جائے تو ان کے پاس بارہا اسلحہ کے صندوق بھرے ہوئے آئے، لیکن کسی کو معلوم نہ تھا کہ یہ اسلحہ کہاں بنتے اور کس ذریعے سے آتے ہیں۔

ترکِ موالات کے ابتدائی دور میں بعض ہندوستانی لیڈر مسلح انقلاب کے آرزومند تھے، پرامن انقلاب کے حامی دوسری دلیلوں کے علاوہ یہ عذر بھی پیش کیا کرتے تھے کہ مسلح انقلاب کیلئے ہتھیار کہاں سے آئیں گے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک موقع پر مولوی سلطان محمد نے بعض ممتاز لیڈروں کی مجلس میں بمقام امرتسر اسلحہ کے دو صندوق بطور نمونہ پیش کئے تھے، اور پوچھا تھا کہ ایسے کتنے صندوق درکار ہیں تاکہ ان کا انتظام کردیا جائے۔ پھر جس خفیہ ذریعے سے یہ صندوق لائے گئے تھے، اسی خفیہ ذریعے سے محفوظ مقام پر پہنچادیے گئے۔

مولوی صاحب کا منصوبہ

مولوی صاحب نوشہرہ سے لاہور چلے آئے تھے، انہوں نے بہ طور خود انقلاب کی جو اسکیم تیار کی تھی، وہ کچھ اس قسم کی تھی کہ بہروں اور خانساموں کی ایک بہت بڑی تعداد کو اپنی جماعت میں شامل کریں، انہیں ہتھیار دے کر ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں اور چھاؤنیوں میں پھیلادیں۔ پھر بیک وقت ہر مقام کے بڑے بڑے انگریز افسروں کو قبضے میں لے لیا جائے اور نظامِ حکومت خود سنبھال لیا جائے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

اس اسکیم کی پوری تفصیلات کہیں سے معلوم نہ ہوسکیں، مولوی صاحب کی زندگی میں یہ اسکیم مکمل نہ ہوسکی اور نہ اس پر عمل کی نوبت آئی۔ اس دوران میں اچانک ان کے خلاف نوٹوں کا مقدمہ قائم ہوگیا، جس میں غالباً سات سال کی سزا پائی، رہائی کے بعد طبابت کا پیشہ اختیار کرلیا تھا، نظر بظاہر بالکل خاموشی اور گمنامی کی زندگی بسر کرتے رہے، کچھ مدت پیشتر وفات پائی۔ انہیں لوگ عام طور پر مولوی صاحب نہیں، بابو صاحب کہتے تھے۔

مولوی صاحب اگرچہ کہنے کو بے تعلق اور گوشہ نشین سے آدمی تھے لیکن اپنے دائرۂ عمل میں ان کا اثر ورسوخ بہت وسیع تھا۔ بتایا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ اچانک ان کی در بندی ہوگئی، ان کے مکان میں ایک یا دو صندوق اسلحہ سے بھرے ہوئے موجود تھے، تھوڑی ہی دیر میں اپنے کارکنانِ خاص کو تاکیدی ہدایات بھیجیں اور تلاشی باقاعدہ شروع ہونے سے پیشتر اسلحہ کے صندوق بدل کر ان کی جگہ ویسے ہی دوسرے صندوق رکھ دیے گئے، یہ سب کچھ کس طرح پایۂ تکمیل کو پہنچا کہ اس کا علم کسی کو نہ ہوسکا۔ (۱)

مولوی عبداللہ پشاوری

یہ مولوی صاحب صوات یا بونیر کے رہنے والے تھے۔ ۱۹۱۰ء کے آس پاس لاہور آئے اور یہاں "پشاوری" کی نسبت سے مشہور تھے۔ غلام حسن شیش گر کے مکان پر قرآن مجید کا درس شروع کیا، غلام حسن ہی غالباً ان کے ضروری مصارف کا کفیل تھا، وقتاً فوقتاً وعظ بھی فرمایا کرتے تھے۔

اس زمانے میں اسلامیہ کالج لاہور کی گراؤنڈ برانڈرتھ روڈ (کیلیاں والی سڑک) کی طرف سے کھلی ہوئی تھی اور انجمن حمایت اسلام نے مکانوں اور دکانوں کی جو قطار

(۱) یہ حالات مجھے اپنے عزیز دوست شمس الدین صاحب (گرینڈلے بنک لاہور) سے معلوم ہوئے، وہ مولوی سلطان محمد کے نیازمندوں میں شامل تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بنوا رکھی ہے یہ نہ بنی تھی، احمد یہ بلڈنگس کی جانب بھی صرف چند عمارتیں نظر آتی تھیں، مولوی عبداللہ کبھی کبھی نماز مغرب کے بعد گراؤنڈ میں تقریر فرماتے اور کبھی مذہبی جلسوں کی صدارت کرتے، وعظ کا طریقہ ایسا تھا جس کی مثال کبھی نہ دیکھی گئی۔ تقریر کرتے کرتے لے میں آ جاتے تو مترنم انداز میں بولنے لگتے، بعض الفاظ کے مختصر افغانی تلفظ کے ساتھ یہ ترنم بڑا مزا دیتا تھا۔ مسائل میں بڑے متشدد اور سخت گیر تھے، ایک مرتبہ معراج کے جسمانی یا روحانی ہونے کی بحث چھڑ گئی، ایک مشہور مسلمان لیڈر نے کہہ دیا کہ یہ اختلاف چنداں قابل توجہ نہیں۔ مولوی عبداللہ ایک دم جوش میں آ گئے اور فرمایا یہ غلط ہے، پھر دلائل پیش کر کے اس لیڈر سے برسرِ عام توبہ کرائی۔ کالجوں کے جن طلبہ نے فروری ۱۹۱۵ء میں ہجرت کی تھی کہا جاتا ہے کہ ان میں سے بعض مولوی صاحب ہی کے وعظ و تبلیغ سے متاثر ہوئے تھے اور انہیں ہجرت پر آمادہ کرنے میں بھی مولوی صاحب کے مشورے شامل تھے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مولوی صاحب اور اوڈوائر

۱۹۱۵ء میں انجمن حمایت اسلام کا سالانہ اجلاس ہوا تو اس میں مولوی عبداللہ پشاوری کیلئے بھی تقریر کا وقت مقرر تھا، ان کی تقریر کے دوران میں مائیکل اوڈوائر آ گیا، جو پنجاب کا گورنر تھا۔ جنگ یورپ بڑے زوروں پر جاری تھی، ترک انگریزوں کے خلاف جرمنی کے حلیف کی حیثیت میں لڑ رہے تھے۔ مائیکل اوڈوائر اگرچہ نیا نیا آیا تھا اور اس کی جابریت آشکارانہ ہوئی تھی، تاہم مشہور تھا کہ وہ بڑا سخت حاکم ہے اور پنجاب جنگی بھرتی کا خاص مرکز تھا۔ اوڈوائر اردو بخوبی سمجھتا اور بولتا تھا، کارفرمایانِ انجمن نے مولوی صاحب سے درخواست کی کہ اب اپنی تقریر ختم کیجئے، اس لئے کہ آپ کا وقت ہو چکا ہے۔ انہوں نے فرمایا، بہتر! اب صرف دعاء باقی ہے، چنانچہ فوراً ہاتھ اٹھا کر دعاء شروع

www.BestUrduBooks.wordpress.com

کردی، جو اس مضمون کی تھی:

اے اللہ مسلمانوں کو قوتِ ایمان دے، انہیں اسلام پر ثابت قدم رکھ، نیک عمل کی توفیق عطا کر، انہیں یہ دے، وہ دے۔ مجمع دعاء کے ہر ٹکڑے پر بلند آواز سے آمین آمین کہہ رہا تھا، یکا یک مولوی صاحب نے کہا:

اے اللہ! مسلمانوں کو حکومت کا مزا بھی چکھا دے، اگر انگریزوں کی حکومت نہیں دیتا نہ دے، روس ہی کی حکومت دیدے۔

اہل جلسہ نے زور شور سے آمین کہی اور مولوی صاحب ایک دم مجمع سے غائب ہو گئے۔

وہ مسلسل مجاہدین کی اعانت کا کام انجام دیتے رہے اور شاید اسی غرض سے لاہور آئے تھے۔ یہاں ان کی تمام سرگرمیاں انگریزوں کے خلاف رہیں، آخر ان کی گرفتاری کا فیصلہ ہو گیا، لیکن مولوی صاحب گرفتاری سے تھوڑی دیر پہلے چھپ چھپا کر بچ نکلے اور پشاور پہنچ گئے۔ پولیس نے شدت سے ان کا تعاقب کیا، کہا جاتا ہے کہ ایک مقام پر ان کی گرفتاری یقینی ہو گئی تھی، لیکن وہ دیوار توڑ کر نکل گئے۔ پھر معلوم نہ ہو سکا کہ زندگی کے باقی اوقات کہاں گزارے اور کب وفات پائی۔ جب وہ یہاں تھے تو مشہور تھا کہ عقیدے کے رو سے اہل حدیث ہیں۔

مولوی کرم الٰہی

مولوی صاحب ان خاموش کارکنوں میں سے تھے جن کی مثالیں ہمارے عہد میں بہت کم رہ گئی ہیں۔ اصل وطن قادر والا، تحصیل زیرہ، ضلع فیروز پور تھا۔ ۱۸۸۵ء کے قریب پیدا ہوئے، مدت دراز تک گورنمنٹ ہائی سکول لدھیانہ میں عربی کے ٹیچر رہے، مولوی عبدالرزاق صاحب ان سے کئی مرتبہ ملے تھے، وہ بتاتے تھے کہ تنخواہ میں سے تھوڑی سی رقم اپنے گزارے کے لئے رکھ لیتے باقی مجاہدین کو بھجوا دیتے۔ لدھیانہ میں حافظ نور دین

www.BestUrduBooks.wordpress.com

بھی مولوی صاحب کے معاون و رفیق تھے۔ ظاہر ہے کہ جو بزرگ ذاتی مشاہرے کا بیشتر حصہ خدا کی راہ میں دے دیتے تھے، وہ دوسرے افراد سے بھی ضرور چندہ فراہم کرتے ہوں گے، لیکن ان کے طریق کار کی کوئی تفصیل معلوم نہ ہو سکی۔ جماعت کے آدمی خفیہ خفیہ ان کے پاس آتے رہتے تھے اور وقتاً فوقتاً انہیں کے ہاتھ رقمیں بھیجی جاتی تھیں۔

مولوی صاحب کے صاحبزادے نے بتایا کہ حکومت کو موصوف کی سرگرمیوں کا علم ہو چکا تھا اور مجاہدین سے ہمدردی کے باعث ان پر کڑی نگرانی کا انتظام ہو گیا تھا، تاہم وہ جس کام کو ایک اہم دینی فرض سمجھ کر ادا کرتے تھے اسے ترک کرنے پر آمادہ نہ ہوئے اور نگرانی کے باوجود ہر ممکن ذریعے سے روپیہ مجاہدین کو پہنچاتے رہے۔

آخر ان کا تبادلہ گورنمنٹ ہائی سکول لدھیانہ سے گورنمنٹ ہائی سکول جالندھر میں ہو گیا، یقین ہے کہ جالندھر میں بھی انہوں نے خدمت مجاہدین کا کام جاری رکھا ہوگا۔ ۱۹۳۳ء میں سرکاری ملازمت سے وظیفہ لے کر قادر والا میں مقیم ہو گئے اور تقسیم تک وہیں رہے۔

فسادات شروع ہوئے تو دوسرے لاکھوں مسلمانوں کی طرح مولوی کرم الٰہی صاحب کو بھی وطن مالوف سے ہجرت کرنی پڑی۔ قصور پہنچے تو ہیضے میں مبتلا ہو گئے، بیماری ہی کی حالت میں اپنے خلف اکبر چودھری عبدالرحمٰن صاحب بی۔اے، بی ٹی کے پاس پاک پٹن پہنچ گئے، وہیں تین روز بعد وفات پائی۔ گویا یہ غالباً ستمبر ۱۹۴۷ء کا واقعہ ہے، ان کی اولاد میں چار صاحبزادے ہیں اور تین صاحبزادیاں، یہ لوگ خانیوال میں رہتے ہیں۔(۱)

(۱) ان میں سے کچھ حالات میرے عزیز دوست مولوی عبدالرزاق نے بیان کئے، بعد ازاں مولوی صاحب مرحوم کے صاحبزادے چودھری عبداللہ صاحب بی اے مالک فیروز پور خانیوال نے مولوی محمد اسحاق مدیر "الاعتصام" کے ایما پر مختصر سوانح لکھ بھیجے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حاجی نور محمد صراف

حاجی صاحب نے فیروز پور میں صرافہ کی دکان قائم کر رکھی تھی، اس سے زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے، اور نہ یہ پتہ چلا کہ ان کے کاروبار کا کیا حال تھا، صرف اتنا معلوم ہے کہ وہ ابتدائی دور ہی سے جماعت مجاہدین کیلئے رقمیں جمع کر کے بھیجتے رہتے تھے، بلکہ اپنی دکان کا ایک حصہ صرف اس غرض سے وقف کر رکھا تھا کہ جماعت کے قاصدوں یا اسمست و چمرکنڈ جانے والوں میں سے کوئی پہنچ جائے تو باطمینان ٹھہرے اور آرام کر سکے۔ حاجی صاحب ایسے مہمانوں کے لئے کھانے یا دوسری ضروریات کا انتظام کر دیتے تھے۔

مولوی محمد اسحاق صاحب مدیر ''الاعتصام'' نے بتایا کہ حاجی صاحب اگرچہ بڑے محتاط تھے لیکن حکومت کو ان کی سرگرمیوں کی اطلاع کسی ذریعے سے پہنچ گئی، اور ۱۹۱۱ء میں انہیں گرفتار کر لیا گیا، تاہم کوئی واضح ثبوت نہ مل سکا، اس لئے چھوڑ دیا گیا۔ غالباً ۱۹۳۰ء میں انہوں نے وفات پائی۔

میاں غلام حسین

یہ بزرگ مولوی ولی محمد کے ہم وطن تھے یعنی ان کا گاؤں بھی فتوحی والا تھا۔ ان کے بھی زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے، البتہ مولوی محمد اسحاق صاحب نے بتایا کہ فیروز پور اور آس پاس سے تمام روپیہ انہیں کے ذریعے سے مجاہدین کو پہنچتا تھا، کچھ پتہ نہیں کہ انہوں نے ارسالِ زر کے کیا کیا وسائل اختیار کر رکھے تھے، لیکن زندگی بھر یہ خدمت چپ چاپ انجام دیتے رہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

صوفی جلال الدین

موضع ہریہ والا ریاست فرید کوٹ اصل وطن ہے، اب چک ۵۳ گ، ب تحصیل جڑانوالہ لائل پور میں مقیم ہیں۔ یہ بھی مولوی ولی محمد فتوحی والا کی تقریروں اور وعظوں سے متاثر ہوکر جماعت سے وابستہ ہوئے اور مولوی ولی محمد کے ایک قاصد کے ہمراہ اسمست پہنچ کر امیر نعمت اللہ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ وہاں فوجی قواعد سیکھی، مولوی الٰہی بخش پیرووالا اور مولی عین الدین ساکن ساندہ (ضلع لاہور) ان کے ساتھ تھے۔ اسمست میں کعب نام اختیار کیا، مولوی الٰہی بخش کا نام عبدالاول اور مولوی عین الدین کا ابوبکر رکھا گیا۔ قواعد سیکھ چکے تو مجاہدین میں شامل ہوئے، سرکاوئی کی جنگ میں شریک رہے جس کا ذکر ہم نے رستم کی جنگ کے نام سے کیا ہے۔ انگریزی چھاؤنیوں پر شبخون بھی مارے، چار برس رہ کر امیر کی ہدایت کے مطابق واپس آ گئے۔ اس کے بعد بھی سال میں ایک مرتبہ ضرور چمرکنڈ جایا کرتے تھے۔

ان کے گاؤں میں ۹۹ فی صد سکھ آباد تھے، اس لئے جگہ محفوظ تھی، چنانچہ بنگال، بہار، یوپی سے جو حضرات خدمتِ مجاہدین کے سلسلے میں آتے تھے ان کا ایک خاص پڑاؤ صوفی صاحب کا مکان تھا، وہاں کسی جاسوس کی خبر رسانی یا پولیس کی تلاشی کا کوئی اندیشہ نہ تھا۔ بمباں والا کے مقدمہ بندوق اور قاضی کوٹ کے مقدمے سے صرف اس لئے بچ گئے کہ ان کے خلاف کوئی عینی گواہ نہ مل سکا، چنانچہ مجسٹریٹ نے یہی کہہ کر رہا کیا کہ تیری قسمت اچھی ہے، موقع کی کوئی شہادت نہیں ملی۔

معاونین جماعت

صوفی صاحب کے بیان کے مطابق مندرجہ ذیل حضرات جماعت مجاہدین کے خاص معاون تھے: (۱) مولانا عبدالقادر قصوری (۲) مولانا قاضی سلیمان منصور پوری

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مصنف ''رحمۃ للعالمین'' وغیرہ (۳) مولانا عبدالتواب ملتانی (۴) مولانا محمد علی لکھوی (۵) مولانا عطاء اللہ لکھوی (۶) مولانا عبداللہ کھسے والا، ضلع فیروز پور (۷) عبداللہ کوٹے والا، ضلع فیروز پور (۸) صوفی محمد سلیمان روڑی والا اور (۹) ان کے صاحبزادے مولانا حکیم عبداللہ (۱۰) میاں شمس الدین (ضلع لاہور) (۱۱) میاں غلام حسین فتوحی والا (۹۱۲ علمائے اہل حدیث بڈھی وال (ضلع فیروز پور)۔

صوفی صاحب وقتاً فوقتاً آدمی بھی اسمست بھیجتے رہتے تھے، چنانچہ ایک دفعہ محمد عمر نام کے ایک لوہار کو بھیجا تھا جو دس سال وہاں رہا۔

متفرق اصحاب

ان کے علاوہ بھی فیروز پور کے مختلف اصحاب نے اعانت مجاہدین کا کام سنبھال رکھا تھا۔ مثلاً:

۱- مولوی عبدالکریم صاحب جو ''گرے کنال'' میں ایس ڈی او تھے۔ تقسیم کے بعد لاہور آ گئے اور کچھ مدت لاہور اور ملتان میں اہم خدمتوں پر مامور رہے، آج کل ریٹائر ہو چکے ہیں۔ صاحب موصوف خلوص، محبت، اسلامیت اور اخوت کا ایک ایسا پیکر ہیں، جن کی مثالیں بہت کم ملیں گی۔

۲- چودھری عبدالستار خان، یہ خاص فیروز پور میں رہتے تھے۔

۳- عبدالسلام ساکن تلونڈی ضلع فیروز پور۔

۴- سلیمان ساکن ضلع فیروز پور، جس نے سرحد میں ایوب نام اختیار کر لیا تھا۔

ضلع سیالکوٹ کے بھی متعدد اصحاب کے اسماء مختلف سلسلوں میں آئے ہیں، مثلاً سلیم اللہ، غلام محمد، آخر الذکر سرحد میں ''محمد'' کے نام سے مشہور تھا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ساتواں باب:

اسلامیت کے جواہر پارے (۳)

تمہید

اب آخر میں ان طلبہ کے حالات اختصاراً لکھ دینا چاہتا ہوں جو فروری ۱۹۱۵ء میں جہاد کی نیت سے کالج چھوڑ کر گئے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ سب مجاہدین سے وابستہ نہ رہے، تاہم:

۱- انہیں سرحد آزاد میں پہنچانے کے ذمہ دار وہی اصحاب تھے جو جماعتِ مجاہدین کا کام کرتے تھے۔

۲- ان کی پہلی منزل وہی جگہ تھی جہاں مجاہدین قیام پذیر تھے۔

۳- ان میں سے بعض نے آگے چل کر جماعت مجاہدین سے وابستگی اختیار کی لی۔

۴- دوسرے اصحاب نے بھی حتی الامکان جماعت کی سرگرمیوں میں اعانت کا سلسلہ برابر جاری رکھا، یا کم از کم جماعت مجاہدین سے ان کی ہمدردیاں کم نہ ہوئیں اور بعض اوقات اس سے انتساب کی بناء پر رفع مشکلات میں بھی مدد ملی۔

۵- ان اصحاب نے قربانیوں کا جو نمونہ پیش کیا، وہی تھا جس کی مثالیں جماعت مجاہدین سے باہر شاذ ہی ملیں گی۔

کیفیت سفر

میری آرزو تھی کہ کوئی صاحب ایسے مل جائیں جن سے ان کے سفر کی کیفیت تفصیلاً

www.BestUrduBooks.wordpress.com

معلوم ہو جائے۔ اتفاقیہ ڈاکٹر رحمت علی مل گئے جو ربع صدی سے زیادہ مدت جلاوطنی میں گزار کر پاکستان آئے اور آج کل پنجاب یونیورسٹی میں فرانسیسی زبان کے پروفیسر ہیں۔ ان سے جو حالات سنے وہ اختصاراً ذیل میں درج ہیں:

ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ کل طالب علم گیارہ تھے، چار میڈیکل کالج کے، دو ایم اے کے اور پانچ بی اے کے۔ ان کے ساتھ بعض اور اصحاب بھی مل گئے تھے، جن کا ذکر موقع پر آئے گا۔

لاہور سے روانہ ہو کر یہ غیور نوجوان ہری پور پہنچے، جہاں کا اسٹیشن ماسٹر مجاہدین کا خدمت گزار تھا اور اس نے ایک مکان صرف اسی غرض سے الگ لے رکھا تھا کہ آنے جانے والے مجاہدین یا ان کے قاصدوں کی خاطر تواضع کرتا رہے۔ چنانچہ ان سب کو اسی مکان میں ٹھہرایا، کھانا کھلایا، پھر سواری کا انتظام کر دیا اور یہ اصحاب دربند پہنچے جو رئیس اسب کا مرکز تھا۔

رئیس مذکور اگرچہ انگریزی حکومت کی مرضی کے خلاف کھلم کھلا کچھ نہ کر سکتا تھا، مگر مجاہدین کے تمام آدمیوں کو عزت و اکرام سے اپنے پاس ٹھہراتا تھا۔ وہاں نہایت پر تکلف کھانا کھلایا گیا، ایک رات دربند میں گزارنے کے بعد ان کے عبور کے لئے کشتی کا انتظام کر دیا گیا، دریائے اٹک سے پار ہوتے ہی آزاد علاقہ آ گیا، وہاں سب نے انگریزی حدود سے باہر نکلنے پر خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے عہد کیا کہ جب تک انگریزوں کو ہندوستان سے نکال نہ لیں گے واپس نہ آئیں گے۔

مرکز مجاہدین

وہاں سے یہ لوگ پیادہ مرکز مجاہدین میں پہنچے، واضح رہے کہ تقریباً تمام طلبہ خاصے امیر گھرانوں کے چشم و چراغ تھے اور انہوں نے اپنی زندگی میں تکلیف و مشقت کا دور کبھی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نہ دیکھا تھا، لیکن جذبۂ آزادی و اسلامیت نے ہر مشقت بخوشی برداشت کر لینے پر آمادہ کر دیا۔ مرکز مجاہدین کی حالت دیکھ کر نظر بظاہر ان پر کوئی اچھا اثر پڑنے کی امید نہ ہو سکتی تھی، وہ درویشوں کی آبادی تھی، جن کے پاس دنیوی ساز و سامان حقیقتاً کچھ نہ تھا، نہ توپیں، نہ اسلحہ کے کارخانے، نہ عالی شان بارکیں، نہ بڑے بڑے لشکر، مسکین لوگ ایک نصب العین کی عزت و احترام کا پرچم سنبھالے بیٹھے تھے، کھانا بہت معمولی، رہنا سہنا حد درجہ سادہ (۱)، جہاں موقع مل جاتا دینی غیرت کی بناء پر جانیں ہتھیلیوں پر رکھ کر لڑنے کے لئے تیار رہتے۔

ڈاکٹر رحمت علی بتاتے ہیں کہ اگر چہ امیر مجاہدین بہت کہتے تھے، یہیں ٹھہر جایئے لیکن ہمیں یقین ہو چکا تھا کہ جو سر و سامان مجاہدین کے پاس ہے وہ انگریزوں سے جنگ کرنے اور انہیں شکست دینے کے لئے ہرگز قابل توجہ نہیں سمجھا جا سکتا، لہٰذا ہمیں یہی مناسب معلوم ہوا کہ سیدھے کابل جائیں اور امیر کابل سے مل کر اسلام کے نام پر اپیل کریں، وہ حرکت میں آ جائیں گے تو سرحد آزاد کا ایک ایک جانباز ساتھ ہو جائے گا اور ہندوستان کو آزاد کرا لینے کے دروازے کھل جائیں گے۔

امیر مجاہدین نے جب دیکھا کہ ہم رکنے والے نہیں تو ایک رہبر ہمارے ساتھ کر دیا جو ہمیں بحفاظت افغانستان لے گیا۔

جلال آباد

یہ قافلہ جلال آباد پہنچا تو پولیس نے سب کو گھیرے میں لے لیا اور سرائے کی ایک کوٹھری میں بند کر دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد سب کے لئے دو کوٹھریوں کا انتظام کر دیا گیا،

(۱) ڈاکٹر رحمت علی نے بتایا کہ ایک مرتبہ ہمارے ایک ساتھی کو غسل کی ضرورت پڑی، اندھیرے میں اسے ایک دیگ ملی، اس نے سمجھا پانی ہے، لوٹے بھر بھر کر ڈالنے لگا، بعد میں معلوم ہوا کہ دیگ میں مجاہدین کے لئے دال پکائی گئی تھی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آخر وہاں کے گورنر سے ملاقات ہوئی، اس نے سمجھا کہ اگر ان لوگوں سے کوئی نامناسب سلوک ہوا اور افغانوں کو علم ہو گیا کہ یہ ہجرت کر کے آئے ہیں اور اسلامی ملک میں انہیں تکلیف دی جارہی ہے تو ہنگامہ بپا ہو جائے گا، لہٰذا مصلحتاً سب کے لئے سواری اور بار برداری کی غرض سے یابوؤں کا انتظام کر دیا۔ راستے کے لئے خرچ دے دیا، چودہ پندرہ سپاہی ساتھ کر دیے اور حکم دے دیا کہ انہیں کابل لے جاؤ، اس طرح اگرچہ جلال آباد ہی سے اک گونہ نظر بندی کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی، لیکن خود مہاجرین کو ایسا کوئی احساس نہ تھا اور کوئی تکلیف بھی پیش نہ آئی۔

کابل

کابل پہنچے تو انہیں کوتوال کے بنگلے پر لے گئے، اس نے کہا کہ امیر صاحب کو آپ لوگوں کے آنے کی خبر ہے، اگر واپس جانا چاہو تو پورے آرام سے پہنچانے کا انتظام کر دیا جائے گا۔ مہاجرین اس پر بگڑے اور کہا کہ ہمیں کسی ذریعے سے ترکی پہنچا دو، جواب ملا کہ اس کی کوئی صورت نہیں، البتہ تمہیں اپنے پاس ٹھہراؤں گا، چنانچہ بنگلے ہی کے ایک حصے میں ٹھہرایا گیا اور پہرے لگا دیے گئے۔ اس وقت آشکارا ہوا کہ یہ آزادی نہیں قید ہے، ہر شخص کے لئے تیس روپے ماہانہ وظیفہ مقرر ہو گیا، انہوں نے کھانا پکانے کے سلسلے میں کام بانٹ لیے، کھانا پکتا، کھاتے اور بیٹھے رہتے، کبھی کبھی پولیس کے پہرے میں باہر بھی پھرایا جاتا، عین اس موقع پر سرحد کے طلبہ کی ایک جماعت بھی آ گئی، وہ ہر جگہ یہی کہتی آئی تھی کہ جہاں ہم سے پہلے آنے والے لوگ جا رہے ہیں وہیں ہم بھی جائیں گے، چنانچہ انہیں بھی نظر بند کر دیا گیا۔

جب ترکی اور جرمنی کا وفد کابل پہنچا، مولانا برکت اللہ اور راجا مہندر پرتاپ وفد کے ساتھ آئے، ان کی سفارش پر پہرے اٹھا لئے گئے اور چلنے پھرنے کی آزادی مل گئی۔ یہی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

زمانہ ہے جس میں طلبہ کے مختلف وفود باہر کے ملکوں میں بھیجے گئے، تفصیل آگے بیان ہوگی۔ مشن ناکام واپس گیا تو پھر ان لوگوں کیلئے قید کا حکم ہوگیا، چنانچہ یہ ایک الگ مکان میں پہنچا دیے گئے جس کے دروازے پر پہرے دار بیٹھے رہتے تھے، اب آپ ایک ایک کی داستان الگ الگ سنیں۔

ڈاکٹر رحمت علی

ڈاکٹر رحمت علی فرماتے ہیں کہ قید سے تنگ آ گیا، اور میں نے فیصلہ کرلیا کہ جس طرح بھی ممکن ہو یہاں سے بھاگنا چاہئے، بھاگنے میں بڑی مصیبتیں تھیں، مکان کے دروازے پر ہر وقت پہرہ رہتا تھا، رات ہی کے وقت نکلنا ممکن تھا، لیکن اس زمانے میں نو بجے شب کو توپ چلتی تھی جس کے بعد کوئی شخص خاص اجازت نامے کے بغیر گھر سے باہر نہ پھر سکتا تھا۔ سوچ بچار کے بعد مولوی عبدالرزاق (۱) کو ساتھی بنایا، یہ بھی ترکی جانے کے لئے مضطرب تھے، شہر کے کونے پر ایک مسجد تھی، اسے ملاقات کا مقام مقرر کرلیا۔

ڈاکٹر صاحب نے شب کے ساڑھے آٹھ بجے نکلنے کی ہمت کی، پہلے اپنی پوستین ایک رسی میں باندھ کر طاقچے کے راستے نیچے گرائی جو ایک گلی میں کھلتا تھا، پھر خود نکلے اور توپ چلنے سے پیشتر مسجد میں پہنچے، وہاں عبدالرزاق صاحب نہ ملے، مسجد بند تھی، چنانچہ یہ شہر سے باہر نکل کر ایک ایسی مسجد میں جا پہنچے جو بے آباد تھی، پوستین اوڑھی اور ایک کونے میں ٹیک لگا کر بیٹھ گئے۔

صبح کی نماز کیلئے توپ چلی تو یہ نماز ادا کر کے نکلے، بڑی سڑک پر پہنچے تو عبدالرزاق صاحب بھی مل گئے، انہوں نے رات پہلی مسجد میں گزاری تھی جس کے دروازے ملا نے بند کر دیئے تھے۔ دونوں نے اپنے آپ کو چرکنڈ کے درویش قرار دیا جو ملا صاحب کے

(۱) ان کے حالات پہلے بیان ہو چکے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

حکم سے بغرض زیارت مزار شریف جا رہے تھے۔ درۂ پنج شیر والا راستہ اختیار کیا جو بہت خطرناک تھا، راہداری کا ایک جعلی پروانہ تیار کر رکھا تھا، منزل بہ منزل چلتے چلتے اور شدید موسم سرما کی مصیبتیں سہتے مزار شریف پہنچے، وہاں مجاہدین چرکنڈ کا ایک محبّ موجود تھا، اس کے ذریعے سے بخارا جانے کا انتظام ہوا، بخارا میں بھی بڑی تکلیفیں پیش آئیں۔

ڈاکٹر رحمت علی نے چند سال روس میں بسر کیے، جہاں مولوی برکت اللہ کی توجہ سے ان کیلئے اچھا انتظام ہو گیا تھا، پھر یہ فرانس چلے گئے، وہاں بھی بے حد مشقتیں اٹھانی پڑیں۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ان کیلئے کشائش کا انتظام کر دیا، فرانس ہی میں شادی کی، ان کے بچے وہیں تعلیم پا رہے ہیں۔

قوموں کے لئے سرمایۂ فخر

ڈاکٹر صاحب کا قلب آج بھی آزادی اور اسلامیت کے انہیں مخلصانہ جذبات سے لبریز ہے جو انہیں نوجوانی کے عالم میں وطن سے باہر لے گئے تھے، اور جن کی وجہ سے انہوں نے عمر کا بڑا حصہ اجنبی ملکوں میں گزارا۔ جیسا کہ میں پہلے بارہا عرض کر چکا ہوں خدمتِ ملک وملت یا خدمتِ انسانیت کا راستہ بڑا ہی کٹھن ہے۔ جو لوگ وقتی جوش کی حالت میں یہ راستہ اختیار کر لیتے ہیں وہ غیر معمولی آفات وحوادث پیش آنے پر عموماً متزلزل ہو جاتے ہیں، لیکن جو جوانمرد سوچ سمجھ کر اس میدان میں قدم رکھتے ہیں انہیں مشکلات وموانع کبھی ہراساں نہیں کر سکتے۔ ڈاکٹر صاحب کو دیکھئے کہ کس طرح ہر آفت اور ہر حادثے کو مردانگی سے برداشت کیا، نہ ہمت ہاری نہ وہ نصب العین چھوڑا جس کیلئے انہوں نے زندگی بسر کی تھی۔ ایسے ہی لوگ ملکوں اور قوموں کیلئے عزت کا سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں کی بدولت زندگی کے ظلمت زار میں روشنی کی کرنیں جلوہ گر رہتی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب اور ان کے ساتھی ہمارے لئے یقیناً فخر کا سامان ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عبدالرشید

ان کے حالات پہلے بیان ہو چکے ہیں، انہوں نے یاغستان پہنچ کر اپنا نام یوسف رکھا تھا۔ مولانا محمد بشیر انہیں کابل سے اپنے ہمراہ چرکنڈ لے آئے تھے اور بیٹے کی طرح رکھتے تھے۔ غالباً یہ یاغستان کے ان دوروں میں بھی شریک رہے جو مولانا نے جا بجا مرکز قائم کرنے کیلئے اختیار کئے تھے۔ چرکنڈ سے امیر نعمت اللہ نے انہیں اسمست بلا کر اپنا کاتب خاص اور معتمد مقرر کر لیا۔ صوفی عبداللہ کا بیان ہے کہ یہ چرکنڈ کے امیر عبدالکریم قنوجی کے ہمراہ اسمست گئے تھے، کاتب خاص ہونے کے دوران میں یوسف پر یہ حقیقت منکشف ہوئی کہ امیر نے انگریزوں کے ساتھ کوئی نہ کوئی مفاہمت کر لی ہے جس کی وجہ سے جماعت کی مجاہدانہ سرگرمیاں مختل ہو رہی ہیں، نیز ہندوستان سے جو روپیہ آتا تھا وہ جماعتی کاموں میں صرف ہونے کے بجائے امیر کے ذاتی مصارف و مصالح کی نذر ہو جاتا تھا۔ اس وجہ سے مختلف اصحاب کے دل میں تکدر پیدا ہو گیا تھا اور بعض پریشان و مایوس ہو کر واپس آ گئے تھے، ان میں مولوی ولی محمد اور ان کے رفیق بھی تھے۔

یہ اطلاعات ہندوستان پہنچیں تو مختلف مرکزوں نے چندہ جمع کرنا چھوڑ دیا، یا وہ رقمیں جمع کرتے تو اسمست کے بجائے چرکنڈ بھیج دیتے۔ یوسف ان مصیبتوں سے بہت متاثر ہوئے۔ طے کر لیا کہ امیر نعمت اللہ کو موت کے گھاٹ اتارے بغیر جماعت کا نظم و وقار قائم نہیں رہ سکتا، اور اس کام کے لئے گنجائش پیدا نہیں ہو سکتی جو اس جماعت کا مقصد وحید تھا۔ جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے انہوں نے موقع پا کر امیر کو ختم کر دیا، پھر خود بھی اسی جگہ مارے گئے۔ جن اصحاب نے انہیں دیکھا تھا وہ پورے وثوق سے کہتے ہیں کہ یوسف بڑا ہی غیور، مخلص اور بہادر نوجوان تھا، مولانا محمد بشیر کی رائے بھی یہی تھی، وہ فرماتے تھے کہ شدید اشتعال کی حالت میں اس سے یہ حرکت سرزد ہوئی۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

محمد حسن

یہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں، سرحد پہنچ کر انہوں نے اپنا نام یعقوب رکھ لیا تھا اور اب تک اسی نام سے مشہور ہیں۔ پہلا نام بہت کم اصحاب کو معلوم ہے، وہ سرحد سے افغانستان پہنچے اور تمام مجاہدانہ سرگرمیوں میں نمایاں حصہ لیتے رہے۔ جب جرمن اور ترکی وفد نے خیری بے کو یاغستانی قبائل کی تنظیم پر مامور کیا تھا تو ہندوستانی کارکنوں میں سے مولوی یعقوب ہی کو خیری بے کے ساتھ بھیجا گیا تھا، یاغستانیوں میں سے جو لوگ انگریزوں کے زیر اثر تھے، انہوں نے خیری بے اور ان کی پارٹی پر حملے کرائے، پھر کھجوری میں انہیں خاصی دیر تک مخالفت کا ہدف بنائے رکھا۔ بہادر یعقوب نے تمام تکلیفوں کا مردانہ وار مقابلہ کیا، پھر وہ کابل چلے گئے اور وہیں مقیم رہے۔

بچہ سقاؤ کے دورِ فساد میں بھی یعقوب نے افغانستان کی گراں قدر خدمات انجام دیں، وہ مرحوم نادر شاہ اور ان کے بھائیوں کے ہمراہ تھے۔ قبائل کی یہ حالت تھی کہ آج نادر کے ساتھ ہو جاتے اور دوسرے دن کوئی فضول و بے بنیاد عذر پیش کر کے مخالفوں کے ساتھی بن جاتے۔ مولوی یعقوب نے آخری وقت تک تحریک اصلاح کا ساتھ دیا اور جانبازی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی، کامیابی کے بعد انہیں دارالترجمہ میں کوئی عہدہ دے دیا گیا تھا، میں ۱۹۳۴ء میں ان سے ملا تھا تو دارالترجمہ ہی میں مامور تھے۔ حضرت شیخ الہند مرحوم کے ترجمہ قرآن اور تفسیری حواشی کا ترجمہ فارسی میں کرایا گیا تو مولوی یعقوب بھی اس کام میں معاون رہے۔ سنا جاتا ہے کہ بعد میں ان کے متعلق حکومت افغانستان کو غلط فہمی پیدا ہو گئی، اب معلوم نہیں کس حال میں ہیں۔

عبداللہ اور عبدالرحمٰن

یہ دونوں حقیقی بھائی تھے، ان کے مجاہدانہ کارنامے بھی بڑے قابل قدر ہیں۔ مولوی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

عبدالرزاق نے مجھے بتایا ہے کہ عبداللہ کچھ مدت کابل میں گزارنے کے بعد چمرکنڈ آ گئے تھے اور جماعتی کاموں میں شریک رہے۔ اتفاق سے وہاں اختلافی صورت پیدا ہوگئی اور اسی میں وہ بے چارے موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ اصل معاملے کی تفصیلی کیفیت واضح نہ ہوسکی۔ ڈاکٹر رحمت علی فرماتے تھے کہ وہ جس زمانے میں یاغستانی قبائل کو منظم کررہے تھے، کوئی جھگڑا پیدا ہوا اور اس میں شہید ہوگئے۔

عبدالرحمٰن جب ساتھ گیا تو نوعمر تھا، اس نے بدستور اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں، کچھ مدت کیلئے وہ چپ چاپ میانوالی کے ضلعے میں مقیم ہوگیا تھا، پھر افغانستان واپس چلا گیا، ایک مرتبہ وہاں کسی وجہ سے قید بھی ہوگیا تھا، رہائی کے بعد وہیں وفات پائی۔

مولوی عبدالباری اور ڈاکٹر شجاع اللہ

ہماری دستور ساز اسمبلی کے رکن مولوی عبدالباری بھی ان طلبہ میں شامل تھے جنہوں نے فروری ۱۹۱۵ء میں ہجرت کی تھی۔ کابل میں یہ مہاجر نوجوانوں کی جماعت کے صدر بن گئے تھے، جب ترکی اور جرمن مشن کابل پہنچا اور مولانا عبداللہ نے اس کے ارکان سے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کیا تو مولوی عبدالباری ہی مولانا کے ترجمان کی خدمات انجام دیتے رہے۔ پھر حکومت موقتہ ہند (مقیم کابل) نے ایک وفد ترکی بھیجنے کا فیصلہ کیا، اس کیلئے مولوی عبدالباری اور ڈاکٹر شجاع اللہ مقرر ہوئے اور یہ وفد ایران کے راستے ترکی روانہ ہوا۔ مولانا عبیداللہ نے اس کے لئے ایک سو پونڈ مولانا محمد بشیر سے قرض لیے تھے، جو بعد میں ادا کردیئے گئے۔ مولانا فرماتے ہیں کہ اس وفد کو انگریزوں نے ایران میں گرفتار کرلیا اور دونوں صاحبوں کو لاہور لے آئے، یہاں ان سے حکومت موقتہ وغیرہ کے تمام حالات لکھوا لئے گئے اور انہیں کچھ عرصہ نظر بند رکھ کر رہا کردیا۔

ڈاکٹر شجاع اللہ شیخ عظیم اللہ کے بھائی تھے، افسوس کہ مدت ہوئی وہ فوت ہو چکے ہیں۔ مولوی عبدالباری نے مسلم لیگ کی تحریک میں جو کچھ کیا، اس کا ذکر یہاں غیر ضروری

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ہے، آج کل وہ مجلس دستور ساز پاکستان کے رکن ہیں۔

عبدالقادر آزر

یہ گورنمنٹ کالج لاہور کے طالب علم تھے اور جب میں نے انہیں دیکھا تھا تو بڑے خوش پوش رہتے تھے۔ نظر بظاہر کسی کو احساس نہ ہوسکتا تھا کہ ہجرت اور جہاد کی بلا انگیزیوں کے لئے تیار ہو سکتے ہیں، تاہم جب کام کا وقت آیا تو انہیں آرام وراحت کی زندگی چھوڑ کر تکلیفوں اور مصیبتوں کا لیل ونہار اختیار کرنے میں ایک لمحے کے لئے بھی تامل نہ ہوا۔ کابل سے حکومت موقتہ نے انہیں ڈاکٹر متھرا سنگھ کے ساتھ جاپان بھیجا تھا اور افغانستان سے جاپان جانے کا محفوظ راستہ روس کے سوا کوئی نہ تھا۔

جونہی ڈاکٹر متھرا سنگھ اور عبدالقادر آزر نے سرحد روس میں قدم رکھا، حکومت روس نے انہیں گرفتار کر کے انگریزوں کے حوالے کر دیا، چنانچہ وہ لاہور لائے گئے۔ مولانا عبیداللہ کے بیان کے مطابق موصوف نے بھی مولوی عبدالباری کی تیار کردہ تحریر پر دستخط کر دیئے۔(۱) کچھ دیر نظر بندرہ کر وہ بھی رہا ہو گئے۔ افسوس کہ انہوں نے جوانی ہی میں وفات پائی۔

ڈاکٹر متھرا سنگھ بم کے ایک مقدمے کا مفرور تھا، اسے پھانسی کی سزا دی گئی۔(۲)

(۱) کابل میں سات سال، ص: ۳۷۔

(۲) کابل میں سات سال، ص: ۳۷۔ مولوی محمد علی قصوری نے مشاہدات کابل و یاغستان میں ایک ڈاکٹر منگل سنگھ کا ذکر کیا ہے، جس کا یہ نام اس وجہ سے رکھا گیا کہ وہ مولوی صاحب کے پاس منگل کے دن پہنچا تھا۔ میرے دل میں بار بار شبہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ ڈاکٹر متھرا سنگھ ہی تھا۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ بنگال کی دہشت پسند جماعت کا رکن تھا، اسے جرمنی بھیجنے کی تجویز تھی، روسیوں نے گرفتار کر کے انگریزوں کے حوالے کر دیا، جب پھانسی کی سزا کا حکم سنایا گیا تو اس نے مسکرا کر کہا کہ میری آخری تمنا پوری ہوئی۔ پھانسی کے وقت تک اس کا وزن بارہ پونڈ بڑھ گیا، سزا کے نفاذ کے وقت اس سے پوچھا گیا کہ کوئی خواہش ہو تو بتا دو، اس نے جواب دیا: میری آخری خواہش یہ ہے کہ میری موت انگریزی کفن میں آخری کیل ثابت ہو۔ غرض وہ بڑا ہی جری اور نڈر کارکن تھا۔ (مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۱۲۶-۱۲۸) راجا مہندر پرتاپ نے اس کا ایک نام شمشیر سنگھ لکھا ہے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

مہاجر طلبہ میں ایک عبدالحمید صاحب بھی تھے جنہیں ماسٹر عبدالحمید کہا جاتا تھا، وہ باہر مختلف قومی و وطنی سرگرمیوں میں شریک رہے، پھر واپس آ گئے تھے، اب معلوم نہیں کہاں ہیں۔

شیخ محمد ابراہیم

شیخ صاحب سندھ کے نومسلم تھے، حبیبیہ کالج کابل میں تاریخ کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ مولوی محمد علی قصوری کے رفیق خاص اور دونوں ایک ہی مکان میں رہتے تھے۔ مولانا عبیداللہ کابل پہنچے تو اس مکان سے قریب ہی ایک مکان کرائے پر لے لیا تھا اور شیخ محمد ابراہیم ہی کی وساطت سے مولانا ان لوگوں سے ملے جن کے لئے ان کے پاس تعارفی خطوط تھے۔ مولانا فرماتے ہیں کہ ان کا تمام اندوختہ ہمارے ہی کام میں صرف ہوا۔ مولوی محمد علی کے ساتھ انہیں بھی پروفیسری سے علیحدہ ہونا پڑا تھا اور یہ یاغستان چلے آئے تھے اور پشتو سیکھ کر لوگوں کو قرآن شریف کی تعلیم دیتے رہے۔ (۱)

مولوی محمد علی قصوری لکھتے ہیں کہ شیخ محمد ابراہیم کو دو اور رفیقوں کے ہمراہ ایران کے راستے ترکی بھیجا گیا تھا، دونوں ساتھی بھی شہید کر دیئے گئے تھے۔ (۲) مولانا عبیداللہ فرماتے ہیں کہ شیخ محمد ابراہیم نے افغانستان سے گذر کر روس پہنچنے کی کوشش کی، لیکن افغانستان کے ایک گاؤں میں فوت ہو گئے۔

شبہ کیا جاتا ہے کہ ڈاکو یاغستان سے ان کے ساتھ تھا، اس نے شیخ صاحب کو شہید کر دیا۔ آخری وقت میں شیخ محمد ابراہیم نے اپنے دوسرے ساتھی کو ایک خط لکھ دیا، وہ میں نے پڑھا ہے، اس کے ایک لفظ سے شبہ ہوتا ہے کہ شیخ صاحب سمجھانا چاہتے ہیں بہت ممکن ہے وہ ڈاکو نہ ہو بلکہ انگریزوں کا کارندہ ہو۔ (۳)

(۱) کابل میں سات سال، ص: ۲۷، ۶۵، ۷۴ (۲) مشاہدات کابل و یاغستان، ص: ۱۲۸-۱۲۹
(۳) کابل میں سات سال، ص: ۷۴

www.BestUrduBooks.wordpress.com

آٹھواں باب:

اسلامیت کے جواہر پارے (۴)

سردار عبدالمجید خاں

ڈاکٹر رحمت علی نے بتایا کہ یہ غالباً میانوالی کی طرف کے تھے، مزید حالات معلوم نہ ہو سکے۔ مولوی عبدالرزاق کے قول کے مطابق مہاجر طلبہ نے انہیں اپنا سردار بنالیا تھا، انہوں نے اسیری کی تکلیفیں بڑے صبر سے برداشت کیں اور غالباً ۲۶ رجمادی الاخریٰ ۱۳۳۵ھ (۱۹ راپریل ۱۹۱۷ء) کو کابل میں وفات پائی۔ مولوی عبدالرزاق نے بتایا کہ سردار مرحوم کے رفیق عبدالقادر آزر نے ان کے لوحِ مزار کے لئے ایک قطعہ کہا تھا، جس کے صرف دو شعر یاد رہ گئے:

آہ! عبد المجید خاں مرحوم — کرد ہجرت ز ہند بہر غزا
بست و ششم جمادی الثانی — گشت راحل بہ سوئے دار بقا (۱)

میر ظفر حسین

یہ کرنال کے ایک معزز گھرانے کے چشم و چراغ ہیں، گورنمنٹ کالج لاہور کے نہایت قابل طلبہ میں شمار ہوتے تھے، اور ریاضی میں خصوصاً انہیں خاص کمال حاصل تھا۔ ہجرت کے بعد اسمست ہوتے ہوئے کابل گئے، وہاں ابتدا میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ

(۱) آخری شعر کے غیر موزوں ہونے سے بحث نہیں، یہ اشعار صرف بہ طور یادگار درج کئے جا رہے ہیں۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

تکلیفیں اٹھائیں، لیکن ان اربابِ عزیمت میں سے تھے جو مشکلات کے ہجوم اور مصائب ونوازل کے تواتر کی بناء پر اپنا سوچا سمجھا ہوا راستہ بدلنے پر کبھی آمادہ نہیں ہوتے۔ نادر شاہ مرحوم کے خاندان سے بہت اچھے روابط پیدا ہو گئے تھے اور حق یہ ہے کہ یہاں سے جتنے اصحاب ہجرت کر کے کابل گئے، ان میں سے جسکو راحت و آسائش کی چند ساعتیں نصیب ہوئیں ان میں سب سے زیادہ حصہ اسی خاندان کی توجہات ومساعی کا تھا۔

قیامِ کابل کے دوران میں میر ظفر حسن ہر اس تحریک میں شریک رہے جو ہندوستان کی آزادی اور مسلمانوں کی سربلندی کے لئے جاری ہوئی۔ افغانستان کی جنگِ استقلال میں امیر امان اللہ خاں نے نادر شاہ مرحوم کو خوست کے محاذ پر بھیجا، مرحوم کے بھائیوں میں سے سردار شاہ ولی خاں اور سردار شاہ محمود خاں ساتھ تھے، منظم اور قواعد داں فوجیں بہترین ساز وسامان کے ساتھ اس سے پیشتر ڈکہ اور چمن کے محاذوں پر بھیجی جا چکی تھیں، اس لئے امان اللّٰہی دور کے آغاز میں نادر شاہ مرحوم اور ان کا خاندان زیرِ عتاب تھا۔ جب حالات نے ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانا ناگزیر بنا دیا تو نہ تربیت یافتہ افسر باقی تھے اور نہ اچھا سامان، لیکن نادر شاہ خدا کا نام لے کر غیر قواعد داں اور غیر منظم لشکر ہی کے ساتھ حفاظت وطن کا فرض انجام دینے کے لئے نکل پڑے۔ میر ظفر حسن دیرینہ تعلقات کی بناء پر ان کے ساتھ ہو گئے۔

قابلِ فخر کام

اس فوج کے ساتھ صرف چند توپیں تھیں، لیکن ماہر توپچی کوئی نہ تھا، توپ چلانا بھی خاصی مہارت کا کام تھا، لیکن اس سے بدرجہا زیادہ یہ ضروری تھا کہ توپوں کی شست ٹھیک رہتی تاکہ گولے نشانے پر بیٹھتے۔ یہ کام اسی صورت میں بہ طریق احسن انجام پا سکتا تھا کہ فاصلے کا اندازہ کر کے توپ کا زاویہ درست کر دیا جاتا۔ اس موقعے پر میر ظفر حسن کی

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ریاضی دانی بے حد کارگر ثابت ہوئی، وہ فاصلے کا حساب کر کے بتا دیتے کہ کونسا زاویہ رکھنا چاہئے اور اسی کے مطابق گولے برسائے جاتے۔ سب سے پہلا گولہ نادر شاہ مرحوم نے خود پھینکا۔ ٹل کی فتح اسی کارنامے کا نتیجہ تھی، اصل کارنامہ نادر شاہ مرحوم کا تھا لیکن میر ظفر حسن بھی اس میں شریک تھے، اسی فتح کے بعد متار کے کا فیصلہ ہوا، بعد ازاں شرائط صلح طے ہوئیں، جن کے مطابق افغانستان کی خارجہ پالیسی مدتِ مدید کے بعد آزاد ہوئی، اور ملک کو استقلال ملا۔

مولانا عبید اللہ مرحوم فرماتے ہیں کہ ٹل کے محاذ پر میر ظفر حسن کے کارنامے بہت زیادہ تحسین کے قابل سمجھے گئے:

> سلطنتِ افغانیہ اسے (میر ظفر حسن کو) برائے نام خدمت کرنے پر مقررہ تنخواہ دیتی رہی جس سے ہمارے کئی ہندوستانی بھائی گزارا کرتے رہے۔(۱)

مطلب یہ کہ اصل تنخواہ جنگِ ٹل کی خدمات جلیلہ کے صلے میں مقرر ہوئی تھی لیکن ان سے ایک برائے نام خدمت بھی متعلق کر دی گئی تھی۔ میر ظفر حسن کی شانِ ایثار ملاحظہ ہو کہ اس تنخواہ میں سے صرف تھوڑی سی رقم اپنے گزارے کے لئے رکھ لیتے اور باقی رقم رفیقوں کے حوالے کر دیتے جن کے گزارے کی کوئی صورت نہ تھی، یا جو کچھ وہ کماتے تھے، تمام ضروریات کے لئے کفایت نہ کرتا تھا۔

افغانستان سے ترکی

جب افغانستان میں حالات ناسازگار ہو گئے تو میر ظفر حسن بھی مولانا عبید اللہ کے ہمراہ وہاں سے نکلے، وہ روس ہی جا سکتے تھے، چنانچہ ادھر ہی کا رخ کر لیا۔ مولانا کے ایک اور رفیق ڈاکٹر خوشی محمد عرف محمد علی تھے، وہ پہلے بھی روس کا سفر کر چکے تھے اور کمیونسٹ بن

(۱) کابل میں سات سال، ص:۸۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

گئے تھے۔ روس پہنچنے کے بعد ڈاکٹر خوشی محمد نے ایسی باتیں شروع کر دیں جن کا مطلب یہ تھا کہ کمیونزم کی غیر مشروط تائید کے بغیر کام نہ چل سکے گا۔ مولانا کے لئے یہ مشکل پیش آئی کہ ان کا انحصار زیادہ تر ڈاکٹر خوشی محمد پر تھا اور اس کے بغیر موصوف کے لئے گزارے کی بھی کوئی صورت نہ تھی۔ میر ظفر حسن نے اپنی تنخواہ میں سے باون پونڈ کی رقم بچا رکھی تھی، وہ بے توقف مولانا کے حوالے کر دی تا کہ اسے اپنے صرف میں لائیں اور روزمرہ کی ضروریات سے بے پروا ہو کر ارکانِ حکومت سے آزادانہ گفتگو کریں، اس سے میر ظفر حسن کی عالی ہمتی، بلند نگاہی اور اصول پروری کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

یہ معلوم نہ ہو سکا کہ کتنی مدت روس میں ٹھہرے، وہاں سے ترکی پہنچ گئے اور استنبول کے جنگی کالج میں تعلیم پا کر ترکی فوج میں معزز عہدے پر مامور ہوئے۔ پھر وہ جنگی کالج میں انگریزی کے پروفیسر مقرر ہو گئے، ترکی ہی میں شادی کی اور ظفر حسن ایبک مشہور ہوئے۔ اب پنشن لے چکے ہیں اور استنبول میں مقیم ہیں۔ ۱۹۴۹ء میں دو تین مہینے کے لئے یہاں بھی آئے تھے، گویا چونتیس سال کے بعد انہوں نے اپنا وطن دوبارہ دیکھا اور وہ اس حال میں کہ ان کے تمام اقربا اصل وطن سے ہجرت کر کے پاکستان آ چکے تھے۔

جنگی خدمات کے علاوہ انہوں نے علمی سرگرمیاں بھی جاری رکھیں، ان کا ایک بہت بڑا کارنامہ یہ ہے کہ مولانا شبلی کی شہرۂ آفاق سیرت النبیؐ کو انہوں نے ترکی زبان میں منتقل کیا، اس قسم کے جامع اوصاف آدمی بہت کم پیدا ہوتے ہیں۔

کابل میں ایک صحبت

میں ۱۹۳۴ء میں کابل گیا تھا تو میر ظفر حسن کابل آئے ہوئے تھے، نادر شاہ مرحوم نے تخت نشینی کے بعد فوجی تعلیم کا انتظام از سر نو اعلیٰ پیمانے پر کیا تو ترکی حکومت سے چند افسروں کی خدمات مستعار لی تھیں، ان میں میر ظفر حسن کو بہ طور خاص بلوایا تھا۔ انہیں

www.BestUrduBooks.wordpress.com

میرے متعلق علم ہوا تو بے تکلف آئے اور بڑی دیر تک خفگی آمیز باتیں کرتے رہے۔

واقعہ یہ ہے کہ اس زمانے میں مسلمانوں نے جو پالیسی اختیار کر رکھی تھی، اس میں کانگرس سے کشمکش پیدا ہو گئی تھی، اصل معاملہ آئندہ کے نظامِ حکومت کا تھا، مسلمان ایسے تحفظات چاہتے تھے جن میں ان کی مستقل حیثیت محفوظ ہو سکے۔ اس پالیسی کے اسباب وتفصیلات سے باہر کے بھائی پوری طرح آگاہ نہ تھے اور ان کا احساس یہ تھا کہ مسلمان ہندوستان کی آزادی میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں۔ میر ظفر حسن کی خفگی کا سبب یہی تھا۔ میں نے عرض کیا کہ اس طرح تو ہم کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکتے، پہلے مجھ سے سنیے کہ حالات کیا ہیں، مسلمانوں کے مطالبات کیا ہیں اور جو کشمکش جاری ہے اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ اس کے بعد جو رائے عالی ہو اسے توجہ سے سنوں گا اور اگر ہم لوگوں سے کوئی غلطی سرزد ہو رہی ہے تو اس کی تلافی میں تامل نہ ہوگا۔

اس کے بعد ایک مرتبہ خود ان کے بنگلے پر اجتماع ہوا، جس میں مولانا محمد بشیر، ڈاکٹر نور محمد، مولوی عبد الرزاق، مولوی یعقوب اور بعض دوسرے احباب شریک تھے، دوسری مرتبہ ڈاکٹر نور محمد کے بنگلے پر بارہ بجے دوپہر سے رات کے بارہ بجے تک مسلسل گفتگو ہوتی رہی، میں نے مسلمانوں کا نقطہ نگاہ اور موقف تفصیل سے واضح کر دیا تو میر ظفر حسن نے فرمایا کہ ہمیں قومی مصالح میں خلل ڈالنے کا خیال بھی نہیں ہو سکتا تھا، جو کچھ ضروری ہو کرو، تاہم آزادی کی تحریک کو زیادہ سے زیادہ تقویت پہنچاؤ۔

اس دلکشا صحبت کی یاد اب تک ذہن میں تازہ ہے، میر ظفر حسن جب پاکستان آئے تو آرزو تھی کہ پھر ان سے اسی طرح بات چیت کا موقع مل جائے، لیکن وہ زیادہ وقت نکال نہ سکے، صرف دو گھنٹے کے لئے غریب خانہ کو مشرف فرمایا۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com

سردار اللہ نواز خاں

یہ ملتان کے ایک امیر گھرانے کے فرزند ہیں، کابل پہنچنے کے بعد یہ بھی نادر شاہ مرحوم کے خاندان سے بہ طور وابستہ ہو گئے تھے، کچھ معلوم نہ ہو سکا کہ انہوں نے پہلے کیا کیا کارنامے انجام دیئے۔ راجا مہندر پرتاپ نے لکھا ہے کہ حکومت موقتہ میں انہیں سکریٹری کا عہدہ دیا گیا تھا، بچہ سقاؤ کے دور اقتدار میں نادر شاہ مرحوم نے افغانستان کو فوضویت کے بحران سے نجات دلانے کیلئے جہاد شروع کیا تھا تو بڑی قابل قدر خدمات انجام دیں۔ کہا جاتا ہے کہ وہی وزیریوں کے اس لشکر کو تیار کر کے لے گئے تھے جس نے سردار شاہ ولی خاں اور سردار شاہ محمود خاں کی سرکردگی میں براہ راست کابل پر پیش قدمی کی اور اسے فتح کر کے بچہ سقاؤ کا اقتدار ختم کیا۔ نادر شاہ مرحوم کو قوم نے بادشاہ منتخب کر لیا تو سردار اللہ نواز خاں کو دربار افغانستان کی طرف سے جرمنی میں سفیر مقرر کر دیا گیا۔

ریشمی خط

سردار اللہ نواز خاں کا ایک بھائی محمد نواز خاں بھی ساتھ گیا تھا لیکن وہ جلد واپس آ گیا۔ شیخ عبدالحق سردار اللہ نواز خاں ہی کے خاندان کا ملازم تھا، جس کے ہاتھ مولانا عبیداللہ مرحوم نے ایک خط ریشمی پارچے پر لکھ کر حضرت شیخ الہند مرحوم کے پاس مکہ معظمہ بھیجنا چاہا تھا۔ شیخ عبدالحق کو تاکید کی تھی کہ یہ خط شیخ عبدالرحیم سندھی کو پہنچا دیا جائے، انہیں لکھ دیا تھا کہ وہ اسے خود شیخ الہندؒ کے پاس حجاز لے جائیں یا کسی معتبر آدمی کے ہاتھ بھیج دیں۔ مولانا فرماتے ہیں:

> اس اللہ کے بندے نے وہ خطوط اللہ نواز خاں کے والد خان بہادر رب نواز خاں کو دیے، خان صاحب نے وہ سر مائیکل اوڈوائر کو پہنچا دیے، اس کے بعد کے واقعات مشہور ہیں۔ ہندوستان میں گرفتاریاں شروع ہوئیں ہم حیران

www.BestUrduBooks.wordpress.com

رہ گئے، چند روز کے بعد حضرت شیخ الہندؒ اور ان کے رفقاء مکہ معظمہ سے گرفتار ہوئے، ایک عرصے کے بعد ہمیں حقیقت معلوم ہوئی۔ یہ واقعات ہمارے لئے موت سے زیادہ ناگوار تھے۔(۱)

ڈاکٹر خوشی محمد

مولانا عبیداللہ مرحوم کے بیان کے مطابق یہ ضلع جالندھر کے تھے، میڈیکل کالج لاہور میں دوسال سے زیادہ تعلیم پا چکے تھے، دل مذہبی جذبات سے لبریز تھا، ہجرت کے بعد کابل میں رفیقوں کے ہمراہ قید کی تکلیفیں اٹھائیں، قیامِ کابل کے دوران میں مولانا عبیداللہ سے وابستگی پیدا ہوئی، انہیں حکومتِ موقتہ میں سکریٹری بنادیا گیا تھا۔

جب حکومت موقتہ (مقیم کابل) کی طرف سے ایک وفد روس بھیجنے کا فیصلہ ہوا تو راجا مہندر پرتاپ چاہتے تھے کہ ڈاکٹر متھرا سنگھ کو بھیجا جائے، جو مقدمہ بم کا مفرور تھا اور اس کا ذکر پہلے آ چکا ہے، مولانا عبیداللہ نے اصرار کیا کہ ڈاکٹر متھرا سنگھ کے ساتھ ایک مسلمان نوجوان کو بھی جانا چاہئے تاکہ وفد کی حیثیت میں جامعیت پیدا ہو جائے اور سمجھا جائے کہ یہ ہندوستان کی دو بڑی قوموں کا نمائندہ ہے۔ یہ مسئلہ سردار نصراللہ خاں نائب السلطنت کے سامنے پیش ہوا تو اس نے فریقین کے دلائل سن کر مولانا عبیداللہ کی تجویز منظور کر لی۔ چنانچہ ڈاکٹر خوشی محمد کو ڈاکٹر متھرا سنگھ کے ساتھ بھیجا گیا اور ان کا نام میرزا محمد علی رکھا گیا۔

روس میں کام

ڈاکٹر متھرا سنگھ کے لئے راجا مہندر پرتاپ نے خرچ کا انتظام کر دیا، ڈاکٹر خوشی محمد کے مصارفِ سفر کے لئے مولانا عبیداللہ نے مولوی محمد علی قصوری سے ذکر کیا اور انہوں

(۱) کابل میں سات سال، ص:۷۶

www.BestUrduBooks.wordpress.com

نے دو مہینے کی تنخواہ پیشگی حاصل کر کے مولانا کی نذر کر دی۔ ان کے ساتھ دو خادم بھی گئے ایک مسلمان اور دوسرا کابلی سکھ۔ وفد تاشقند پہنچا تو زار کی طرف سے حکم آیا کہ ارکان کو گرفتار کر لیا جائے، تاشقند کے گورنر نے مداخلت کر کے انہیں قید سے بچایا اور یہ لوگ واپس آ گئے۔ مولانا فرماتے ہیں:

> یہ مشن بے کار ثابت نہیں ہوا، روسی وانگریزی اتحاد میں یہ کسی قدر مشکلات پیدا کر سکا، جن کی تلافی کے لئے لارڈ کچنر کو خود سفر کرنا پڑا۔ روسی انقلابیوں نے ایک پمفلٹ شائع کیا جس کا نام (روسی زبان میں) ہے ''سونے کی پٹڑی'' (یہ سونے کی پٹڑی پر کندہ کرایا گیا تھا) اس میں مشن کے متعلق خط وکتابت مذکور ہے۔ (۱)

مولانا لکھتے ہیں کہ یہ وفد واپس آیا اور سردار نصر اللہ خاں نے تفصیلاتِ سفر معلوم کرنی چاہیں تو ڈاکٹر متھرا سنگھ ہر سوال کے جواب میں یہی کہتا: بخیر رفتیم وبخیر آمدیم (ہم خیریت سے گئے اور خیریت سے آئے) ڈاکٹر خوشی محمد عرف میرزا محمد نے تخلیے میں یاد داشتوں کی کتاب جیب سے نکالی اور مفصل حالاتِ سفر کے علاوہ مختلف لوگوں سے بات چیت کا خلاصہ بھی پیش کر دیا۔ (۲)

بعد کے حالات

پھر ڈاکٹر خوشی محمد نے کچھ مدت کابل میں گزاری۔ جب مولانا نے روس جانے کا فیصلہ کیا تو ڈاکٹر خوشی محمد ساتھ تھے۔ انہوں نے احمد حسن نام اختیار کر لیا تھا، معلوم ہوتا ہے کہ پہلے ہی سفر میں ان پر کمیونزم کا خاصا اثر ہو چکا تھا، دوسری مرتبہ روس پہنچے تو باقاعدہ کمیونسٹ پارٹی کے ممبر بن گئے۔ راجا مہندر پرتاپ لکھتے ہیں کہ انہیں تھرڈ انٹرنیشنل میں

(۱) کابل میں سات سال، ص: ۶۹-۷۰ (۲) کابل میں سات سال، ص: ۷۰

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ایک اہم عہدہ مل گیا تھا۔(۱) مولانا روس سے ترکی ہوتے ہوئے حجاز پہنچ گئے، احمد حسن ماسکو ہی میں مقیم ہے، غالباً شادی بھی وہیں کر لی تھی۔

میری اخبار نویسی کے ابتدائی دور میں انکی طرف سے انگریزی میں ٹائپ شدہ بیانات وقتاً فوقتاً آیا کرتے تھے، جن میں کمیونسٹ پارٹی کی سرگرمیاں درج ہوتی تھیں، اور بعض بین الاقوامی مسائل پر تبصرہ کیا جاتا تھا۔ پھر یہ سلسلہ مسدود ہو گیا۔ مولوی عبدالرزاق نے مجھے بتایا کہ ۱۹۳۴ء میں وہ کمیونسٹ پارٹی کی داخلی کشمکش کے سلسلے میں گرفتار ہوئے اور برسر اقتدار گروہ نے دوسرے ممتاز کمیونسٹوں کے ساتھ انہیں بھی موت کی سزا دی۔ اسٹالن نے مختلف اوقات میں اپنے مخالفوں کا صفایا کرنے کے جو اقدامات کیے، انہیں میں سے ایک اقدام میں ہمارے اس بلند پایہ مجاہد کی جان بھی گئی، رحمہ اللہ تعالیٰ۔

(۱) میری داستانِ حیات انگریزی، ص:۵۲

www.BestUrduBooks.wordpress.com

ضمیمہ

خواجہ اللہ دتّا اور خواجہ عبدالعزیز

جماعتِ مجاہدین کے معاونوں اور کارکنوں میں جن جن کے حالات معلوم ہو سکے بیان کر دیے گئے۔ مجھے یقین ہے کہ معاونوں کی تعداد ان سے بدرجہا زیادہ ہوگی، لیکن ان سب کے حالات یا نام معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ میسر نہ آ سکا۔ بعض دوستوں نے اپنے اپنے دائرے میں بڑی سعی فرمائی، جن میں سے مولوی محمد اسحاق صاحب مدیر الاعتصام کا ذکر ایک سے زیادہ مرتبہ آ چکا ہے، جن دو بزرگوں کے نام زیبِ عنوان ہیں ان کے حالات بھی موصوف ہی نے خواجہ عبدالعزیز کے صاحبزادے خواجہ محمد یوسف سے لکھوائے۔

خواجہ عبدالعزیز اکاؤنٹینٹ جنرل کے دفتر میں سپرنٹنڈنٹ تھے، ۱۹۴۳ء میں پنشن لی، لیکن ۱۹۴۶ء میں دوبارہ ملازمت کر لی۔ ۴۸-۱۹۴۷ء میں ریاست قلات کے فنانشل سکریٹری تھے۔ تریسٹھ سال کی عمر پا کر ۱۶ر جون ۱۹۵۲ء کو وفات پائی۔

خواجہ عبدالعزیز کے والد خواجہ اللہ دتا ریل کے محکمے میں اسٹیشن ماسٹر تھے۔ میرا خیال ہے کہ جماعتِ مجاہدین سے تعلق خواجہ اللہ دتا نے پیدا کیا، پھر یہ میراث خود خواجہ عبدالعزیز نے سنبھال لی۔ خواجہ صاحب، ان کے والد اور والدہ کے سوا کسی کو اس تعلق کا علم نہ ہو سکا اور یہ تینوں بے حد ضابط، دور اندیش اور محتاط تھے۔

مولوی فضل الٰہی وزیر آبادی سے ان کا تعلق بہت گہرا تھا۔ خود مولوی صاحب

www.BestUrduBooks.wordpress.com

موصوف نے سنایا کہ ۱۹۱۹ء میں ہجرت کر کے گھر سے نکلا تو قدم قدم پر گرفتاری کا اندیشہ تھا، پشاور پہنچا تو کوئی ایسا آدمی نظر نہ آیا جو مجھے پناہ دیتا۔ خواجہ عبدالعزیز ان دنوں پشاور میں تھے، رات کے وقت ان کے پاس پہنچا اور پورے حالات بیان کر دیئے، انہوں نے بے تکلف ٹھہرالیا۔ دفتر جاتے تو باہر سے قفل لگا جاتے، واپس آتے تو دن بھر کے حالات سنا دیتے۔ کئی روز کے بعد مختلف لوگوں سے مل ملا کر رات کے وقت مجھے سرحد سے پار کر دیا۔ وہ سرکار ملازم تھے، راز کھل جاتا تو ملازمت بھی جاتی اور اسیر بھی ہوتے، تاہم کوئی خطرہ انہیں قومی فرض سے روک نہ سکا۔

ایک واقعہ خود خواجہ صاحب نے سنایا کہ ۱۹۱۷ء میں ہم کوچہ بلوچاں مزنگ، لاہور میں رہتے تھے۔ جماعت مجاہدین کے چند کارکن قومی سرمایے کے پونڈ والد کے حوالے کر گئے، ان میں سے ایک پکڑا گیا اور خدا جانے پولیس نے کس تدبیر سے کام لیا کہ اس بے چارے نے پونڈوں کی مقدار بھی بتادی اور ہمارے گھر کا پتا بھی دے دیا۔ چنانچہ پولیس ہمارے گھر پہنچی اور پوچھا تو ہم نے انکار کر دیا، والد کو لائے اور اس کارکن کا سامنا کرادیا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں تو اس شخص کو جانتا ہی نہیں۔ پھر کہا گیا کہ اچھا آپ باہر کھڑے ہو کر گھر میں آواز دیں کہ اتنے پونڈ کی جو رقم میں نے کل رکھوائی تھی وہ دے دی جائے، حقیقت ظاہر ہو جائے گی۔ والد نے یہ بھی کیا، لیکن والدہ نے کہلا بھیجا کہ آپ نے کبھی پونڈ مجھے نہیں دیے، آخر تلاشی کی گئی، لیکن جس ڈبے میں پونڈ رکھے ہوئے تھے ہماری خوش نصیبی سے پولیس نے کھول کر ہی نہ دیکھا، اس طرح ہم محفوظ ہو گئے۔

خدا جانے انہیں زندگی میں ایسے خطرات کتنی مرتبہ قبول کرنے پڑے، لیکن مجاہدین کی اعانت کا کام بدستور جاری رکھا اور انکے پاس جماعت کے آدمی برابر آتے رہتے تھے۔

www.BestUrduBooks.wordpress.com